TEXT PROBLEM WITHIN THE BOOK ONLY

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_172239
UNIVERSAL
LIBRARY

A

# CONCISE
# LAW DICTIONARY

CONTAINING

English Words with Urdu Meanings

TOGETHER WITH

Legal Phrases and Maxims, explained both in English and Urdu

BY

DURGA PRASAD

Late Translator, N.-W. P. High Court, Allahabad

---

*THIRD EDITION*

Revised, Improved and Enlarged

---

PRICE 4 RUPEES

ALLAHABAD

RAM NARAIN LAL

LAW PUBLISHER

---

1925

# PREFACE

This work which is presented in a compact form to the public is a Concise Dictionary of the English Law terms and Latin phrases and maxims. It is concise in this sense only that there are no long discussions on different subjects to which they relate; such discussions being beyond the scope of this book and perhaps of little use to those who are likely to seek its aid; otherwise it may rightly be called a comprehensive, if not an exhaustive, lexicon of legal terminology. It contains almost all words commonly used in text-books, in judicial decisions of Indian and English courts, and in statutory law of this country. The translation of words, phrases and maxims is given in easy Urdu language and full explanation has been added, where it seemed necessary to do so.

Roman Law being the basis of almost all Western jurisprudence, particular attention has been paid to Latin words, phrases and maxims so largely used in legal parlance. These are translated not only in Urdu but for the most part also in English, and where necessary they are explained and elucidated by reference to the provisions of Indian enactments and rulings. The task of translating technical terms from one language into another specially those relating to feudal system prevailing in earlier centuries in European countries, is not free from difficulty, notwithstanding the fact that almost a similar system was in vogue in ancient India. The difference

between the thoughts, ideas, customs and manners of Western countries and those current in India is so great that the similarity in the two systems was of little avail in facilitating the translation of the English Law terms into Urdu. It is often found almost impossible to translate correctly the commonest English words into Urdu, for instance if "hat" translated as "topi" it would not represent the exact thing signified by the English word. The two things may be similar, but are not identical. It became therefore necessary to give full explanations in addition to the translation to make the book really useful.

It is hoped that this Dictionary, which consists of about 600 pages containing closely printed matter, will be a great aid to those who have to translate legal documents, and that it will also prove valuable to those legal practitioners who may not have easy access to libraries containing costly law books. It will give, it is hoped, a material help to native students of law, who will find difficult terms explained in their own language; nor can it fail to be useful to advocates when they have to explain legal matters to their clients or to address a jury consisting of native and European gentlemen. To make it a complete book of reference abbreviations used in law books and decisions are given and explained and titles of numerous Acts in force in British India with their official translation are also added.

The price fixed is so moderate as to place the book within the reach of the general public.

*1st January, 1905*

# THE CONCISE LAW DICTIONARY

## ENGLISH-URDU



## A

**Abactor**, [*Rom. law*] سارق مویشي کا

**Ab-alienate**, *v.* حق منتقل کرنا

**Abandon**, *v.* (۱) ترک کرنا - چھوڑ کر چلا جانا - دست برداري کرنا - خبر نہ لینا - حق اطاعت ادا نہ کرنا - (۲) دعوي بیمہ سے دست برداري کرنا

**Abandonment**, *n.* ترک - دست برداري (۲) ترک حق - عدم خبر گیري - ترک لوازم اطاعت (۳) جرم ڈالدینے ر چھوڑ دینے کا

**Abandum**, *n.* شے مضبوطہ - جو چیز ضبط ھوئي ھو یا بطور تاوان کے لي گئي ھو

**Abatable**, *a.* قابل رفع

**Abate**, *v. t.* - کم کرنا - ساقط کرنا - رفع کرنا - خارج کرنا * **To abate a tax.** محصول جزواً یا کلیتاً معاف کرنا

**Abatement**, *n.* (۱) حقیت دوامي پر بعد وفات مالک کے قبضہ کرلینا - (۲) سقوط - کمي (۳) رفع کرنا

**Plea in abatement.** عذر ساقط ھونے کا

**Abator**, *n.* (۱) رافع امر تکلیف عام (۲) عاقب

**Abatuda**, *or* **Abatude**, *a.* ناقص

**Moneta abatuda.** سکہ ناقص یا کم وزن یا کٹا ھوا

**Abbreviate of Adjudication**, خلاصہ ڈگري صیغہ دیوالیہ

**Abbreviature**, *n.* مسودہ مختصر

**Abbroach**, *v. i.* بازار میں جانے سے قبل کل مال خرید لینا

**Abdicate**, *v.* (۱) بادشاہ کا سلطنت ترک کرنا (۲) ترک کرنا اختیار یا کار منصبي کا - عہدہ سے دست بردار ھونا (۳) عاق کرنا - محروم الارث کرنا

**Abduction**, *n.* بھگا لیجانا (زبردستي سے) - لے بھاگنا - غایب کرنا (وارث کا)

**Aberration**, *n.* (۱) فتور عقل (۲) نشانہ میں غلطي ھونا - مثلاً گولي کا غلطي سے کسي کے لگ جانا

**Abet**, *v.t.* اعانت کرنا - ترغیب دینا - اغوا کرنا - آمادہ کرنا - مدد دینا (جرم میں) - جرم کے مشورہ میں شریک ھونا

**Abetment**, *n.* اعانت - ترغیب جرم میں

**Abetter**, } *n.* معین - ترغیب کنندہ
**Abettor**, }

**Abetted**, *n.* معاون فیہ

**Abeyance,** ممکن الحصول - معطل حق وراثت جو هنوز نه پهنچا هو ليکن جسکي اميد هو

**Abide (by),** *v.i.* انحصار کرنا - منظور کرنا * Cost to abide the result. خرچه مطابق نتيجه کے عائد هوگا *

Abide by a decision. فيصله پر انحصار کرنا

Abide by the evidence of a witness. کسي گواه کي شهادت پر حصر کرنا

**Ability,** *n.* (۱) قابليت - لياقت (۲) حيثيت استطاعت صلاحيت قانوني

**Abjudicate,** *v. t.* دلانا بذريعه ڈگري کے

**Abjuration,** *n.* حلف سے کسي چيز کو چهوڑنا

**Able,** *a* قابل - لائق - قانوناً قابل يا لائق - مجاز (۲) دي استطاعت - ذي مقدور

**Ablocation,** *n* (*Rom. law*). کرايه پر دينا

**Abode,** *n.* جاے سکونت - مسکن

**Abolish,** *v.* موقوف کرنا - مسدود کرنا منسوخ کرنا - کالعدم کرنا - فسخ کرنا (۲) تخفيف ميں لانا برخاست کرنا

**Aborticide,** *n.* جنين کا هلاک کرنا

**Abortifacient,** *n.* ساقط حمل

**Abortion,** *n.* اسقاط - حمل گر جانا

**Abortive,** *a.* بے سود - بے فائده

Abortive medicine. ادويه جنسے اسقاط حمل هو

**Above,** بالا - متذکره بالا

Above-named. مذکوره بالا - نامبرده مشار اليه

Above mentioned. - مذکور الصدر محوله بالا - مرقوم - مذکور

**Abridgement,** *n.* ڈائيجست قانوني

Abridgement of damages. هرجه ميں کمي کرنے کا اختيار

**Abrogate,** *v. i.* منسوخ کرنا - فسخ کرنا

**Abscond,** *v. i.* فرار هونا - روپوش هونا

Absconded. فراري

Absconding. روپوش

**Absentee,** *n.* زميندار يا مالک جو اپني زميندارى ميں نه رهے - غيرحاضر

**Absence,** *n.* غير حاضري-عدم موجودگي

**Absolute,** *a.* (۱) قطعي - خلاف درمياني (۲) بلاشرط - بلا قيد - ناطق

Decree absolute. ڈگري قطعي

To make a rule absolute. حکم اظهار وجه کو قطعي انکار کرنا

Absolute law. قانون الهي

**Absolution,**
**Absolvitor,** } حکم برات - بري کرنا

**Abstention,** (۱) وارث کو قبضه نه دينا (۲) وارث کا ترک بالسکوت

**Abstract,** *n.* انتخاب - خلاصه - اقتباس

Abstract of title. خلاصه شهادت متعلقه حق يا استحقاق ملکيت

**Abstract,** *v. i.* (۱) خلاصه کرنا - انتخاب کرنا (۲) چوري کرنا - نکال لينا

**Abundant,** بکثرت - بهت - وافر

Abundant proof. بخوبي ثبوت

**Abuse,** *v.* (۱) گالي دينا - برا کهنا (۲) بيجا استعمال کرنا (۳) ازاله بکارت نابالغه

Abuse of distress. قارق کا شے مقروقه کو بيجا استعمال کرنا

Abuse of law. قانون کا بيجا استعمال

Abusive language.- بدزباني - گالي کلمات دشنام آميز

**Abuttals,** *n.* حدود آراضي مندرجه دستاويزات

**Accede,** *v.* - تسليم کرنا - منظور کرنا قبول کرنا

Accelerate, *v.* جلد وقوع میں آنے کا باعث ہونا

Accelerate succession, وراثت کا قبل از وقت پہونچانا

Accept, *v. t.* منظور کرنا - قبول کرنا

To accept a bill. ہنڈي کا سکارنا

To accept service. حکمنامہ کي تعمیل کا تسلیم کرنا

Acceptance, *n.* (۱) قبول کرنا - منظوري - مقبولي (۲) ہنڈي کا سکارنا - سکاري ہوئي ہنڈي (۳) کسي اِنتخاب کا قبول کرنا (۴) تسلیم قابل پا بندي

Negotiate after acceptance. بعد سکارنے کے فروخت کرنا

Acceptilation, *n.* - زباني معا ہدہ زباني اِقرار سے ساقط کرنا

Acceptor, *n.* سکارنے والا

Acceptor for honor. بپاس خاطر سکارنے والا

Access, *n.* (۱) رسائي - گذر - دخل (۲) رسائي یا ذریعہ رسائي شوہر کي زوجہ تک - ہم بستري

Acceptation, *n.* منشا - مفہوم

Accessary, *n.* شریک جرم جو موقع پر (*See* Accessory) موجود نہو

Accessary before the fact, شریک جرم قبل وقوع * Accessary after the fact. - شریک جرم بعد وقوع جرم کا چھپانے والا

Accession, *n.* (۱) اضافہ جایداد مادي میں (۲) ایک سلطنت جو ذمہ دار معاہدہ دوسرے سلطنت کي بوجہہ حصول ملک کے ہوتي ہے (۳) تخت نشیني

Accident, *n.* اِتفاق - امر جسکا گمان نہ ہو - حادثہ - واقعہ

Unavoidable accident, اتفاق ناگذیر

Accidental, *a.* اتفاقي (مخالف اراضي)

Accommodation, *n.* (۱) مصالحت (۲) قرض (۳) رقعہ یا ہنڈي سفارشي

Accommodation bill or note, رقعہ یا ہنڈي جسکے ذریعہ سے روپیہ قرض لیا جا سکے

Accommodation works. عمارات بغرض ملازمان ریل

Accompaniments, *n.* لوازم

Accomplice, *n.* شریک جرم - معین

Accord, *n.* راضي نامہ - تصفیہ باہمي دینا - عطا کرنا

Accordance, *n.* مطابقت

In accordance with, بموجب حسب - مطابق

According to, (۱) بقول - مطابق (۲) بقدر - بلحاظ (۳) مطابق - موافق - حسب - بہ نظر - باعتبار - بمقتضاء

According to equity, justice and good conscience مطابق اصول عدل - انصاف و نیکنیتي کے (جب کسي امر کے متعلق قانون میں کوئي صریح حکم ہو تو مقدمہ مطابق اصول مذکور کے فیصل کیا جاتا ہے)

According to order. حسب الحکم

Account, *n.* (۱) حساب (۲) بہي کہاتہ کتاب حساب (۳) حال - کیفیت - بیان

A credit account. - حساب جمع لیکھا

A debit account. حساب خرچ

Account current. چلتا حساب یا لیکھا

An account of receipts and balances. فرد واصلباقي
An account of balances. توزيع بقايا
A rough account. كچي بہي
To open an account. ليكها ڈالنا
To balance an account. حساب ڈيوڑها كرنا - جمع خرچ ملانا
To post an account. كهاتا كرنا
To debit in account. خرچ ميں كرنا - لكهنا نام ڈالنا
To credit account. جمع كرنا
To keep account. حساب ركهنا
To draw up an account. جمع خرچ لكهنا
Writ of account, حكم جس كے رو سے مدعاعليه سے حساب طلب كيا جاے - حساب فهمي كي نالش
Action of account, نالش حساب
(۱) On account, على الحساب *بهي
(۱)* Take account. بہي كهاته پر حساب لينا - حساب مانگنا
Account, v. t. - (۱) وجهه بيان كرنا جواب دينا - حساب دينا
Accounts, حساب كتاب - ليكها
Adjustment of accounts. تصفيه حساب
Abstract of account. تصفيه حساب
Abstract of account. گوشوارهٔ حساب
Village accounts. - كاغذات ديهي حساب ديهي
Rendition of accounts. حساب مرتب كرنا - حساب طيار كرنا
To make up accounts. حساب كتاب درست كرنا
Written off the accounts. حساب سے خارج شده
Accountant, حساب نويس - محاسب
Accountant, (village). پٹواري
Accountant-general, اكونٹنٹ جنرل سب سے اعلي عهده دار دفتر معاينه حساب

Accredit, v. t. اختيار دينا
Accredited, معتبر - باختيار
Accredited agent. - مختار - كل مختار ذي اعتبار
Accretion, n. (۱) اضافه (۲) دريابرار (۳) كسي وارث كے حصه ميں بوجه وفات دوسرے حصه‌دار كے اضافه
Accroach, v. t. آراضي دبا لينا - كسي حق پر دست درازي كرنا
Accroachment, n. فعل آراضي دبا لينے كا - دست درازي - تصرف
Accrual, } v. i. پيدا هونا -
Accrue, } حاصل هونا
Cause of action accrued, بناء دعوى پيدا هوا
Accumulation, n. چند استحقاق كا جمع هونا - چند شهادتوں سے ايک امر ثابت هونا (۲) اجتماع
Accumulative sentence, حكم سزا جسكي تعميل بعد ختم هونے سزا اول كے شروع هو
Accuracy, صحت - درستي - باحتياط مرتب شده هونا
Accusation, n. الزام - قرار داد جرم
Accuse, (۱) الزام لگانا - جرم قرار دينا (۲) اتهام لگانا
Accused, n. ملزم - مستغاث اليه
Acknowledge, v. t. - اقرار كرنا تسليم كرنا - اعراف كرنا - قبول كرنا
Acknowledgment, - (۱)اقرار - تسليم اقبال (۲) تصديق (۳) دستاويز - رقعه (۴) قبض الوصول - رسيد
Acknowledgment of debt. اقرار صحت قرضه
To endorse acknowledgment of notice. اطلاعنامه كي پشت پر دادر لكهنا

**Acquest**, *n.* جایداد جو بجز وراثت کے خریداري یا هبہ وغیرہ سے حاصل هوئي هو

**Acquiescence**, *n.* (۱) تسلیم بالسکوت رضا (۲) ضرر پہونچانے کي نسبت رضامندي

**Acquired**, *n.* (۱) مکسوبہ (۲) محصلہ پیدا کردہ

**Acquisition**, *n.* (۱) شے مکسوبہ (۲) اکتساب - کمائي - تحصیل

**Acquit**, *v. t.* (۱) بري کرنا - بے گناہ قراردینا (۲) ذمہداري رفع کرنا - قرض ادا کرنا

**Acquittal**, *n.* (۱) برات (۲) رهائي مخلصي

**Acquittance**, *n.* (۱) فارغخطي - قبض الوصول (۲) بیباقي - ایفاف

**Acre**, ایکڑ - ۴۸۴۰ گز مربع زمین

**Act**, *n.* (۱) فعل (۲) ایکٹ - قانون - آئین - احکام واضعان قانون

**Act of God.** حکم الہي - واقعہ ناگذیر ایسا واقعہ جو پیشتر سے معلوم نہو اور جسکے لئے تدبیر نہیں کي جاسکتي تهي * **Act of grace.** حکم معافي سزا * **Act of indemnity.** قانون معافي سزا یا تاوان بابت اول افعال کے جو خلاف قانون کئے گئے هوں

**Act of bankruptcy.** افعال جنسے دیوالیہ هونے کا ثبوت هو مثلاً روپوشي وغیرہ * **Act in pais.** جو فعل کہ عدالت سے باهر کیا جاے

**Act**, *v.* (۱) کامکرنا - تعمیل کرنا - عمل کرنا (۲) سوال جواب کرنا - پیروي کرنا

**Action**, *n.* (۱) نالش - مقدمہ - استغاثہ (۲) دعوي (۳) بناے دعوي - بناے مخاصمت * **To take action.** کارروائي کرنا

**Action of adherence**, نالش اعادہ حقوق زنا شوي

**Actionable**, *a.* قابل ارجاع نالش

**Actionable claim**, دعوي قابل نالش

**Active**, *a.* مستعد - ساتهہ کے متعدي * *See* Trust. نافذ

**Actor**, *a.* (۱) ایکٹر وکیل عدالت دیواني میں (۳) مدعي - مستغیث

**Actual**, *a.* واقعي - اصلي

**Actuary**, *n.* (۱) رجسٹرار یا محرر (۲) کمپني بیمہ کا حساب کرنے والا

**Addition**, *n.* (۱) خطاب - پتہ و نشان (۲) اضافہ

**Address**, *v. t.* (۱) خطاب کرنا - عرض کرنا - گذارش کرنا (۲) پتہ و نشان لکهنا (۳) کسي شخص کے نام یا پتہ سے روانہ کرنا

**Address**, *n.* خطاب - عرضداشت - پتہ

**Adduce**, *v. t.* پیش کرنا - داخل کرنا - گذراننا - حوالہ دینا (نظیر کا)

**Adeem**, *v. t.* وصیت یا هبہ کا خارج کرنا یا اسکے بدل میں کوئي اور چیز هبہ کرنا

**Ademption**, *n.* وصیت یا هبہ کا استرداد یا انفکاک

**Adequate**, *n.* کافي - مساوي - متناسب

**Adhesive**, *a.* چسپانیدني

**Adjacent**, *n.* قرب و جوار (۱) ملحق - پیوستہ

**Adjective law**, قانون اضافي - قانون ضابطہ

**Adjoining**, *a.* متصلہ - ملي هوئي

**Adjourn**, *v.* ملتوي کرنا - تاریخ آیندہ مقرر کرنا - دوسرے دن کے لئے رکهنا

**Adjournment**, *n.* التوا - برخاستگي

**Adjourned hearing.** وہ تاریخ سماعت جو بعد التواے مقرر کي گئي هو

Adjudge, *v.* (۱) تجویز کرنا - فیصلہ کرنا (۲) دینا (۳) سزا دینا - مجرم قرار دینا

Adjudicate, *n.* فیصلہ عدالتي کرنا - تجویز کرنا - طے کرنا

Adjudication, *n.* (۱) تجویز - (۲) فیصلہ دیوالیہ قرار دینا

Adjuncts, *n.* متعلقات

Adjuration, *n.* (۱) قسم (۲) آزمایش

Adjure, *v. t.* قسم دلانا

Adjust, *v. t.* تصفیہ کرنا

Adjustment, (۱) تصفیہ (۲) تصفیہ دعوي

Admeasurement, تعین - تقرر - تقسیم رسدي

Adminicle, ثبوت ذیلي یا تائیدي

Administer, *v. t.* (۱) حلف دینا (۲) ترکہ کا اهتمام کرنا (۳) إنتظام کرنا - إهتمام کرنا

Administer, *v. i.* مهتمم ترکہ کا کام کرنا

Administration, *n.* (۱) گورنمنٹ عاملانہ - حکام جو تعمیل قانون کرتے یا کراتے هیں (۲) اهتمام ترکہ

Administration with the will annexed. چٹھیات معہ نقل وصیت نامہ

Letters of administration. چٹھیات اهتمام

Administration paper. واجب العرض

Administration of justice. عدل گستري - انتظام عدالت

Administrator, *n.* (۱) مهتمم ترکہ (۲) منتظم

Admiral, *n.* میرالبحر

Admiralty jurisdiction, صیغہ بحري

Admissible, *n.* - متعلقہ قابل ادخال قابل پذیرائي یا قابل مقبولي - لایق تسلیم

Admissibility, *n.* - قابل پذیرائي مقبولي هونا

Admission, *n.* (۱) اقبال - اقرار (۲) إجازت داخل هونے کي

Admission of claim. اقبال دعوي

Admission of guilt. اقبال - جرم

Admit, *v. t.* (۱) منظور کرنا - تسلیم کرنا اقبال کرنا (۲) داخل کرنا - ادخال

Admit such construction. یہ تعبیر ممکن نہیں ہے

Admittance, *n.* کسي حقیت ذیلي کا قبضہ دینا

Adopt, *v. t.* (۱) متبنی کرنا - گود لینا (۲) تسلیم کرنا - اختیار کرنا - پسند کرنا * Adopted, (*son*). متبنی

Adoption, *n.* تبنیت - گود لینا

Ceremonies of adoption. رسوم تبنیت - دتک بدهي

Adoptive, *a.* تبنیت کنندہ - قابل تبنیت

Adpromissor, } (*Rom. law*).
Adstipulator, } شریک معاهدہ

Adult, *n.* بالغ

Adult by majority. بالغہ بالاس

Adult by puberty, بالغہ بالعلامت

Adulteration, *n.* غیر چیز کي امیزش

Adulterine, *n.* ولدالزنا

Adulterous connection. تعلق ناجایز - آشنائي

Adultery, *n.* زنا - حرام کاري

Advalorem, *n.* مطابق مالیت کے

Advance, *n.* قرضہ - پیشگي

Advance, *v. t.* (۱) پیش کرنا (۲) پیشگي دینا - قرضہ دینا (۳) جلد ترقي کا باعث هونا - مدد دینا

Advances, زر پیشگي - تقاوي

Advances for purchase of produce. دادني

Advances for work. سائي - پیشگي

Advances to tenant. تقاوي

Advancement, n. مال جو پسر کو کار و بار کرنے کے لئے دیا جاے

Advantage, فائدہ - نفع - موقع - ذریعہ

To take advantage. کسي کي نابالغي یا کم فهمي یا ضرورت سخت سے فائدہ اٹھانا

Adventure, Bill of. تحریر جس سے مالک کے خطرہ پر مال بهیجا جاے

Adversary, n. فریق مخالف

Adversary, a. جسمیں فریق مخالف هو - نزاعي ( مقدمہ ) -

Adverse, a. مخالف

Adverse party. فریق مخالف

Adverse-possession, قبضہ مخالفانہ

Adversely, a مخالفانہ

Advert, v. توجهہ دلانا - مخاطب هونا - ذکر کرنا

Advertise, v. مشتهر کرنا - اعلان کرنا

Advertised for sale. نیلام پر چڑها هوا - مشتهرہ نیلام

Advice, خبر - اطلاع - مشورہ (۲) کسي خاص فعل خلاف قانون کا مشورہ دینا

Letter of advice. اطلاع هنڈي کرنے کي

Advice of a bill. چٹهي اطلاع

Advised, As, جهانتک کہ معلوم هے

Adviser, Legal. مشیر قانوني - مستشار قانوني

Advisable, a. قرین مصلحت - مناسب - معقول

Advocate, n. ایڈوکیٹ - وکیل - بیرسٹر

Advocate, v. وکالت کرنا - سوال و جواب کرنا جواب دهي کرنا - مقدمہ کي پیروي کرنا

Advocation, n. (S. law). مقدمہ کرنا - عدالت ادنی سے عدالت اعلی میں منتقل کرنا

Affairs, (۱) امور - مراتب (۲) کاروبار - لین دین - بیوهار (۳) معاملات

Affairs are embarrassed. کاروبار ابتر هے

Political affairs. معاملات ملکي

Human affairs کاروبار دنیاوي

Affect, v. t. موثر هونا (۲) اختیار کرنا

Affects merits. رویداد پر موثر هے

Affects injuriously. - مضر هونا نقصان پهونچانا - خلل ڈالنا

Affect ignorance لاعلمي ظاهر کرنا - انجان بننا - تجاهل کرنا

Affecting the decision of the case. جو مقدمہ پر موثر هو

Affection, n. محبت - نیک خواهي

*Opposite* Disaffection. بدخواهي

Affiant, جو شخص حلف نامہ داخل کرے

Affidavit, n. - یو ڈیوت - بیان حلفي - حلفنامہ

Affinity, n. (۱) رشتہ بذریعہ ازدواج (۲) تعلق - ربط - میل

Affiliation, n. ولدیت کا تحقیق کرنا طفل کا اوسکے والد کو حوالہ کرنا (۲) مدرسہ کو ( یونیورسٹي ) مدرسة العلوم کا تسلیم کرنا (۳) تبنیت

Affirm, v. t. (۱) اقرار صالح کرنا (۲) کسي بات کو باستحکام کهنا (۳) بحال رکهنا (فیصلہ یا حکم کو) (۴) اثبات میں کهنا - یعني خلاف انکار کے (۵) تصدیق کرنا

Affirmant, n. تصدیق کنندہ - صالح اقرار کرنے والا

**Affirmation**, *n.* (۱) اِقرار صالح
(۲) بیان اثبات میں
Solemn affirmation. اِقرار صالح
**Affirmative-pregnant.** بیاں اثباتي جس سے نفي ظاهر هو
**Affix**, *v. t.* - چسپاں کرنا - ثبت کرنا - لگانا
**Afforce**, *v. t.* بصورت اختلاف راے جوري - جوري میں اِضافه کرنا
**Aforesaid**, - مذکوره بالا - نامبرده - مسطوره
**Affranchise**, *n.* اختیار ووٹ دینے کا عطا کرنا
**Affray**, *n.* هنگامه
**Against**, *p.* (۱) بمقابله - بنام - خلاف (۲) تاوقت (۳) بناراضي
**Age**, *n.* (۱) عمر - سن (۲) سن بلوغ (۳) وه زمانه عمر کا جب احتیار یا قابلیت خاص حاصل هو
Age of discretion. سن تمیز
Age of puberty. بلوغ
**Agent**, *n.* (۱) ایجنٹ - کارنده (۲) مختار - گماشته - آڑهت
Authorised agent. مختار مجاز
Recognised agent. - مختار مقبوله مختار مجاز
**Agency**, *n.* (۱) آڑهت (۲) علاقه ایجنٹ-گورنر جنرل (۳) علاقه - وسیله - ذریعه
**Agency, Deed of.** دستاویز جسکي روسے امانت قابل الف خ واسطے اداے قرضجات واهب قایم کي جاے
**Aggravate**, *v. t.* (۱) سنگین کرنا زیاده کرنا (۲) مبالغه کرنا
**Aggravating**, *a.* - سنگین کرنے والي شدید کرنے والي
**Agrgegate**, *a.* مجموعي
Aggregate value. قیمت مجموعي
Aggregate punishment. سزاے مجموعي
**Aggressor**, باني فساد - مجرم
**Aggression**, *n.* اول حمله - زیادتي شروع کرنا - نقصان رساني بلا تحریک
**Aggrieved**, وه شخص جسکو رنج پهونچا هو - مظلوم - ناراض
**Agio**, بٹه
**Agist**, *v. t* مویشیوں کي چرائي لینا
**Agistment**, *n.* (۱) چرائي (۲) آراضي کا محصول
**Agitation**, تهلکه مچانا - جوش پیدا کرنا - منازع
Constitutional agitation. جایز طریق سے جوش پیدا کرنا
**Agnate**, *n.* یکجدي - رشته مند - سلسله ذکور میں
**Agnation**, *n.* رشته مندي - سلسله ذکور
**Agrarian**, *a.* اراضي یا زراعت کے متعلق
**Agree**, *v. t.* (۱) اِتفاق کرنا قبول کرنا (۲) منظور کرنا (۳) معاهده کرنا
**Agreement**, *n.* (۱) معاهده - قرارداد (۲) اِقرار نامه - اِقرار (زباني یا تحریري) (۳) اتفاق راے
Agreement of arbitration. اِقرارنامه ثالثي
To enter into or make an agreement. معاهده کرنا
Settlement agreement. اِقرار نامه بندوبست
**Agricultural**, *a.* متعلق زراعت - قابل زراعت * Agricultural produce. پیداوار * Agricultural land. زراعتي - آراضي قابل زراعت

Agriculturist, *n.* - زراعت کرنے والا - کاشتکار - مضارع - ( دیکھو تعریف مندرجہ ضابطہ دیوانی دفعہ ۲ )

Aid, *n.* إمداد - دادرسي

* To aid. نقص عرضیدعوی یا بیان تحریري کا بذریعہ کارروائي مزید کے رفع کرنا

In aid of execution. معاون اجراے ڈگري

* Aid prayer. کارروائي جسکے ذریعہ سے مدعاعلیہ مدد اوس شخص کي چاهتا هے جسکو حق مزید یا مستقل حاصل هو

To pray in aid. کارروائي قسم مذکور کي چاهنا

Air, purchasing of, ایسا حق خرید کرنا جسکا وجود نهو

Akin, *a.* رشتہ مند

Aleatory contract, معاهدہ جسکے نتایج کسي واقعہ غیر متعین پر منحصر هوں

Alcohol, *n.* روح شراب

Alias, *n.* عرف - دوسرا نام - فرضي نام

Alibi, *n.* عذر عدم موجودگي

To plead an alibi. یہہ عذر ملزم کا کرنا کہ وہ بوقت وقوعہ جرم موجود نہ تھا

Alien, *n.* غیر ملک کا

Alienable, قابل إنتقال

Alien enemy, اوس غیر ملک کا رعیت جسکے ساتھہ جنگ هو

Alienate, *v. t.* (۱) منتقل کرنا (۲) عقل میں فتور آجانا

Alienation, *n.* إنتقال حقیت

Alienee, *n.* منتقل الیہ

Alienor, *n.* إنتقال کنندہ

Alimony, *n.* وظیفہ جو زوجہ کو شوهر یا اوسکي جایداد سے بزمانہ نالش افتراق یا طلاق یا بعد فسخ ازدواج دلایا جاے

Aliunde, *n.* دیگر نهج پر - دوسري طرح پر

Alive, *a.* زندہ - قایم - جسکي میعاد نہ گذري هو

To keep a decree alive. ڈگري کو قایم رکھنا یعني تمادي پذیر نهونے دینا

All, *a.* جملہ - جمع - کل - تمام

Allege, *v. t.* (۱) بیان کرنا (۲) دلیل کرنا - گذارش کرنا

Alleged, إظهار پیش کردہ - مظهرہ

Allegation, *v.* بیان

Allegations of fact, بیانات متعلق واقعہ کے

Allegiance, *n.* اطاعت - فرمانبرداري رعیت هونا - تابع هونا

All fours, کلیتاً مشابہ - تهیک متعلق

Alliance, *n.* (۱) رابطہ إتحاد - رابطہ (۲) تعلق ازدواج - رشتہ - قرابت (۳) عهدنامہ

Allocate, *v. t.* تقسیم کرنا - حصہ بنانا

Allocation, *n.* کسي رقم کا حساب میں داخل کرنا یا منظور کرنا

Allocatur, *n.* کلمہ منظوري عدالت

Allodium, *n.* اراضي معافي دوام

Allograph, *n.* دستاویز جو کسي فریق کے هاتهہ کي لکھي نہ هو بلکہ دوسرے کے هاتهہ کي هو

Allot, *v. t.* - تقسیم کرنا - حصہ دینا حصہ مقرر کرنا

Allotment, *n.* حصہ - شے جو تقسیم میں آئي هو - حصہ دینا - تقسیم بذریعہ قرعہ - بٹوارہ

Allotment of revenue, - تقسیم جمع تشخیص جمع

Allow, *v. t.* منظور کرنا - دلانا - عطا کرنا - قبول کرنا - تسلیم کرنا - إجازت دینا - مجرا دینا - منها کرنا

To allow an appeal. اپیل منظور قانوناً کرنا * Allowed by law. جایز
Allow time. مہلت دینا
Allowance, n. (۱) وظیفہ - نان نفقہ - مشاہرہ تنخواہ - اُجرت - بھتا (۲) کردہ - بٹہ
To make allowance. لحاظ کرنا
Alloy, (۱) میل - ملاوٹ (۲) ٹانکا
Alluvial, دریا برار - دریا برآمد
Alluvial increment. اراضي نوبرآمد
Alluvion and deluvion. گنگ سنگیت - گنگ برار
Alluvial land, زمین جسپر دریا کي مٹي پڑ گئي ھو - آراضي دریا برار - گنگ برار
Alluvial, n. دریا برار- آراضي دریا برار
Ally, بادشاہ یا سلطنت جس سے بذریعہ عہد و پیمان رابطہ اتحاد ھو
Almanack, n. جنتري - تقویم
Alter, (۱) تبدیل کرنا - (۲) ترمیم کرنا - کم و بیش کرنا
Alterations, تبدیلي - تغیر - رد و بدل
Altered, متغیر تبدیل
Alteration, Material تبدیلي اھم جس سے حقوق فریقین میں فرق آوے
Altercation, تکرار - حجت - قیل و قال زباني جھگڑا
Alternative, n. علی سبیل البدل - ایک بجاے دوسرے کے
Alternative, دو چیزوں میں سے ایک کے پسند کرنے کا اختیار - چارہ کار
* There is no alternative. کوئي چارہ کار نہیں
Alternative plea, - عذر علی سبیل البدل ایسے دو عذرات جنمیں ایک پر قایم رھنے کا موقع ھو

Amand, تاوان یا جرمانہ معاوضہ
Ambassador, n سفیر - ایلچي معتمد الیہ
Ambidextor, اصل چوري جسنے دونوں طرف سے رشوت لي ھو
Ambiguity, n. ابہام - اشتباہ
Ambiguity, Latent. ابہام خفي
Ambiguity, Patent. ابہام جلي
Ambiguous, a. مبہم - مہمل
Ambulatory, قانوناً غیر معین جس میں تبدیلي ھو سکتي ھو
(*ambulatory*) وصیتیں تا وقت وفات موصي قابل تبدیل رھتي ھیں
Amenable, a. ذمہدار - مستوجب - تابع
Amenable to jurisdiction, متعلق علاقہ - اختیار حکومت کے تابع
—— to law قانوناً جوابدہ
Amend, v. t. ( ۱ ) اصلاح دینا ( ۲ ) ترمیم کرنا - درست کرنا - تصحیح کرنا
As amended. حسب مرمہ
Amendment, n. ترمیم - اصلاح
Amends, n. معاوضہ - تاوان
To make amends, نقصان کا معاوضہ دینا - نقصان پورا کرنا
Amerce, v. t. جرمانہ کرنا - تاوان دلانا
Amercement, n. جرمانہ اختیاري عدالت
Amicable action, n. نالش رضامندي فریقین بغرض حصول فیصلہ عدالت نسبت امر قانون
Amicable settlement, - فیصلہ باھمي صلاح باھمي کے ذریعہ سے تصفیہ نزاع
Amity, ربط ضبط - اتفاق - دوستي
Ammunition, n. سامان حرب
Amnesty, n. (۱) معافي بحکم سلطان بابت بغاوت ( ۲ ) چشم پوشي عام

Amortization, *n* فعل یا حق منتقل کرنے اراضي کا بحق کسي جداءت سند یافتہ کے

Amount, *n.* (۱) تعداد - مقدار - رقم جمع - جملہ (۲) خلاصہ - حاصل نتیجہ

Amount, *v.* نتیجہ یا اثر رکھنا - جملہ هونا - تعداد مجموعي هونا

To amount to. مساوي هونا

Do not amount to. حد تک نہ پہونچنا

Amounts to nothing, کچھہ نہیں هے - بے نتیجہ هے

Amove, *v. t.* برخاست کرنا

Amplication, *n.* التوا فیصلہ یا تجویز بغرض غور مزید

Analogy, *n.* (۱) تشبیہ - تمثیل (۲) حدیث

By analogy. قرینہ سے

Analyze, *v. t.* تشریح کرنا - جانچنا

Ancestor, *n.* مورث

Common ancestor. مورث اعلی

Ancestral, موروثي - آبائي

Ancestral property, موروثي جایداد

Ancient, *a.* * (۱) قدیم - پراني

Ancient lights, روزن یا کھڑکیاں جو ۲۰ سال سے زیادہ عرصہ سے بلا مزاحمت قایم هوں اور جس میں حق قایم هوگیا هو

Ancilliary, *a.* ضمني

And, *con.* - اور * And another, وغیرہ * یک کس دیگر * And others.

Angel, ایک قسم کا سکہ قیمتي ۱۰ شلنگ

Annals, *n.* تواریخ

Annex, *v. t.* منسلک کرنا - شامل کرنا

Annexation, *n.* (۱) ضبطي ملک (۲) شمول - اطلاق

Announce, *v.* (۱) مشتہر کرنا - اطلاع عام کرنا - اطلاع کرنا (۲) حکم سنانا

Announcement, *n.* اشتہار - اطلاع عام

Annoy, *v.* تکلیف دینا - رنج پہونچانا - ایذا پہونچانا

Annoyance, ایذا رساني - تکلیف ایذا * To cause annoyance. رنج یا تکلیف پہونچانا

Annual, سالانہ

Annual income. سالانہ آمدني

Annual lease. پٹہ یک سالہ

Annuity, *n.* وظیفہ - رقم جو سالانہ قابل ادا هو - سالانہ

Annuitant, وظیفہ دار

Annul, *v. t.* - منسوخ کرنا - فسخ کرنا کالعدم کرنا

Anomalous, *a.* بے ضابطہ - مہمل

Anomalous mortgage, رهن غیر معمولي یعني وہ رهن جو رهن سادہ یا رهن بیع بالوفا یا رهن بھوگ بندي یا رهن طریق انگریزي نہو

Anomaly, - بے ترتیبي - بے ضابطگي معمولي هونا

Anonymous, *a.* گمنام - بلانام

Answer, *n.* (۱) جواب دعوي - جوابدهي ( ۲ ) سوال کا جواب - جواب استغاثہ

Answerable, *a.* ذمہدار - جوابدہ ( ۳ ) باعث

Antecedent, *a.* ما قبل

Antecedent debts (۱) قرضہ جات ما قبل - قرضہ پدري ( ۲ ) بصورت بیوہ قرضہ جو اُسکے شوهر نے لیا هو - ایسے قرضجات جنکي بابت جایداد موروثي هندو خاندان مشترکہ جایز طورپر منتقل هو سکے

Antecedents, n. كسي شخص كے حالات ماقبل - حالات گذشتہ - كيفيت ماضيہ

Antedate, v. t. تاريخ ماقبل ڈالنا يا ثبت كرنا - آگے كي مدتي ڈالنا

Antenate, كسي واقعہ كے بعد پيش قبل مثلاً اردواج

Antenuptial, a قبل اردواج

Anthropometry, n. پيمايش جسم انساني - خصوصاً نشانات انگشت

Anticipation, كسي حق يا سرمايہ كو قبل حصول حق يا سرمايہ كے منتقل يا تصرف كرنا - (۲) پيش بندي

Anticipate, v. پيش دستي كرنا - پيش بندي كرنا

Antigraphy, نقل يا مثني دستاويز

Antiquity, n. قديم زمانہ سلف

Antimony, تناقض قانون يا مسلہ جات قانون

Antiquated, - قديم دہنہ - غير مروج متروك الاستعمال

Anvil, n. نہائي

To be on the anvil, زير بحث ہونا مثلاً كوئي تجويز يا ريزوليوشن جو پيش ہو ليكن پختہ نہو

Apart, ad. (۱) جدا جدا - علاحدہ (۲) قطع نظر - كسي امر كو نظر انداز كركے

Apartment, n. كمرہ - مكان كا قطعہ جو اور قطعات كے بذريعہ ديوار سے علاحدہ ہو

Aphorism, n. مسلہ

Apograph, n. نقل - فہرست

Apology, n. - جواب كسي الزام كا قرار قصور - اعتراف بغرض معافي - معذرت

Unconditional apology, معذرت بلا قيد يا شرط كے * To make an apology. معافي مانگنا - معذرت كرنا

Apostasy, n. انحراف سے اعتقاد راسخ

Aposteriori, واقعات حتسے نتيجہ آيندہ نكالا جاے

Appanage, n. علاقہ جو بادشاہ اپنے پسران خورد كو دے

Apparent, (۱) ظاہر - صاف - عياں - صريح (۲) ظاہري (بخلاف اصلي كے)

Apparent on the face of the record مسل سے ظاہر ھے

Apparent, Heir - (۱) ولي عہد (۲) وارث جسكا حق لازوال ہو - ابرت بند * (heir presumptive). مخالف وارث دعاسي كے

Appeal, n. (۱) اپيل - مرافعہ ثاني (۲) التجا - انصاف چاھنا (۳) درخواست درخواست اپيل (۴) مدد المدا

Cross-appeal. اپيل مخالف

Special appeal. اپيل خاص

Regular appeal. اپيل عام

First appeal. اپيل اول

Miscellaneous appeal. اپيل متفرقہ

Grounds of appeal موجبات اپيل

Appeal from or against a decision. اپيل بنا راضي فيصلہ

Appeal to Privy Council on appeal. - اپيل بحضور پريوي كونسل بري اپيل

Appeal, v. t. (۱) اپيل كرنا (۲) انصاف چاھنا - التجاكرنا - درخواست كرنا

Appealable, قابل اپيل - مرافعہ ثاني كے قابل

Appear, *v. t.* (۱) حاضر ہونا روبرو عدالت کے جانا (۲) ظاہر ہونا

To appear in person or by pleader. اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہونا

Appearance, حاضري - عدالت میں آنا * To put in an appearance. اصالتاً حاضر ہونا

Appellant, *n.* اپیلانٹ - اپیل کرنے والا مرافعہ پیش کرنے والا

Appellate, متعلق اپیل * Appellate court عدالت اپیل * Appellate jurisdiction. اختیار سماعت اپیل - صیغہ اپیل

Appellee, *n.* مدعاعلیہ اپیل - رسپانڈنٹ

Append, *v. t.* منسلک کرنا - شامل کرنا تعمیر بڑھانا

Appendent, (۱) متعلق (۲) کسي جایداد کا دوسري جایداد سے متعلق ہونا (۳) داخلي

Appendent, *n.* جایداد وامل ارث جو دوسري تري جایداد قدیم سے متعلق ہو

Appendix, *n.* تتمہ - ضمیمہ

Applicable, *a* - متعلق - قابل اطلاق چسپاں مناسب - موزون - حسب حال

Applicant, *n.* سایل - درخواست کنندہ مستغیث - مدعي

Application, *n* - درخواست - سوال عرضي - گذارش (۲) تحریر جسمیں درخواست یا سوال مندرج ہو - عرضي (۳) متعلق ہونا - اطلاق

Application for leave to appeal. درخواست استجازت اپیل

Application for amendment. درخواست ترمیم

Application for execution. درخواست اجرا

Application for restoration. درخواست پھر قایم ہوے مقدمہ کي

Application for withdrawal. درخواست دست برداري - درخواست اٹھانے مقدمہ کي

Application in aid of execution. درخواست معاون اجرا

Application to certify payment. درخواست واسطے تصدیق ادایگي زر ڈگري

Apply, *v. t.* (۱) درخواست کرنا سوال پیش کرنا (۲) گذارش کرنا - استدعا کرنا (۳) متعلق کرنا - استعمال کرنا (۴) دوجہ کرنا

Appoint, *v. t.* (۱) مقرر کرنا - نامزد کرنا (۲) تقرر کرنا - عہدہ پر قایم کرنا (۳) اختیار وصیت کرنے کا عطا کرنا

Appointment, *n* - (۱) تقرر عہدہ وصیت (۲) حکم - ڈگري - ہدایت (۳) نامزدگي - اختیار وصیت کرنیکا (۴) پروانہ تقرري کا (۵) اقرار ملاقات (۶) وہب - جو کچھہ خیرات کے لئے ہبہ کیا جاے

Apportion, *v. t.* - تقسیم حصہ رسدي تقسیم - بحصہ متناسبہ - بانٹ متعلق حصہ کے کرنا

Apportionment, *n.* تقسیم بحصہ متناسب

Appostille, *n.* اضافہ یا تشریح کسي تحریر میں

Appraise, *v. t.* تخمینہ کرنا - کنکوت کرنا - کوتنا

Appraisement, *n.* - تخمینہ - کنکوت - اندازہ

Appraiser, *n.* تخمینہ کرنے والا

Appreciate, *v. t.* قدر کرنا - اندازہ کرنا - سمجھنا - پہچاننا - تمیز کرنا

Apprehend, *a.* (۱) گرفتار کرنا - (۲) حراست میں لینا (۳) لحاظ کرنا

Apprentice, *n.* شاگرد

To bind apprentice. شاگرد کرنا - کسب اهل حرفه سے تعلیم کے لئے اُسکے سپرد کرنا

Apprentice-ship *n.* زمانه یا حالت شاگردي

Approbate-reprobate, ایک جزو دستاویز کو قبول اور دوسرے کو رد کرنا

Approbation, *n.* منظوري

Appropriate, *a.* مناسب - حسب حال - مخصوص

Appropriate, *v. t.* (۱) تصرف کرنا (۲) کسي خاص کام کے لئے علاحده کرنا - کسي خاص کام میں لگانا یا اُسکے لئے مخصوص کرنا - خود تصرف کرنا

Appropriation, *n.* تصرف - خاص طور پر لگانا یا خاص قرضه میں دینا

Wrongful appropriation. تصرف بیجا

Approve, *v. t.* اپنے کام میں مالک اعلی کي اراضي کو لانا (۲) پسند کرنا - منظور کرنا

Approver, *n.* گواه سرکاري - وه شخص جو بوجه ملنے معافي کے جرم سے إقبال کرے اور اپنے شریک جرم کے خلاف گواهي دے

Appurtenance, شے متعلق - متعلقات آراضي عمارت یا آراضي یا حقیت جو کسي جایداد سے متعلق هو

Appurtenant, متعلق - ملحق

Common appurtenant. حق مرور وغیره جو کسي آراضي سے متعلق هو

Appurtenant to a holding. متعلق کاشت

Apriori, نتایج وابعاث مفروضه سے نکالنا

Apropos, جمله معترضه - ضمناً

Arable, *a.* قابل زراعت

Arbiter, Arbitrator, } *n.* پنچ - ثالث

Arbitration, *n.* فیصله ثالثي - پنچایت ثالثي - فیصله کسي شخص واحد کا - تصفیه

Private arbitration. پنچایت دنگي - فیصله ثالثي خانگي

Arbitration through court, ثالثي بذریعه عدالت

Arbitration-bond, - اقرار نامه ثالثي پنچایت نامه

Arbitrate, *v. i.* فیصله کرنا - تصفیه کرنا پنچایت کرنا

Arbitrary, *a.* خود خواسته - خود احتیاري - بلا اصول یا قاعده

Archives, *n.* (۱) محافظ خانه - جگهه رکهنے کاغذات و دستاویز کي (۲) دستاویزات سرکاري

Ardent spirits, شراب تیز

Area, *n.* رقبه - پیمایش مربع

Assessable area. رقبه قبل تشخیص جمع

Assessed area. - رقبه بندوبستي رقبه جسپر مالگذاري تشخیص هوئي هو

Cultivated area. رقبه مزروعه

Irrigated area. رقبه آبپاشي

Argue, *v. t.* دلیل کرنا - بحث کرنا حجت کرنا - تقریر کرنا (۲) ثابت کرنا - کسي امر پر دلالت کرنا

Argument, *n.* - (۱) دلیل - حجت - مباحثه *See* Argumentum in Latin phrases. (۲) مضمون

Argumentative, *a.* مدلل - مظہر - نتایج - کسي امر کو ثابت کرنےوالي

Aristocracy, *n.* (۱) حکومت شرفا کي (۲) شرفا - ذي رتبہ و مقدرت

Arms, *n.* سلاح - اسلح - ھتیار

In arms. مسلح

Arm of the law. صولت قانوني قوت قانوني

To be at arms length. دور رھنا - بے تعلق رھنا

Arm, *v. t.* مسلح ھونا - ھتھیار باندھنا

To take arms. مقابلہ کرنا - آمادہ جنگ ھونا

Armed, *a.* مسلح - ھتھیار بند

Armistice, *n.* التوا جنگ

Arraign, *v. t* جوابدھي کے لئے عدالت میں حاضر کرنا - ماخوذ کرنا - الزام لگانا

Arrangement, *n.* تصفیہ خانگي - انتظام خانگي - انتظام (۲) ترتیب

To make an arrangement. تصفیہ کرنا - کسي نزاع کو آپس میں طے کرنا

Array, *n. v. t.* جوري - جوري کا بہ ترتیب بیٹھانا

To challenge the array. کل جوري کي نسبت اعتراض کرنا

To array a panel. جوري کو بہ ترتیب بیٹھانا

In the array of. زمرہ میں

Arrear, *a.* باقي - زر باقي

Arrears, *n.* باقیات - بقایا

In arrers. باقي دار ھونا

To fall in arrears. باقي پڑنا

Arrentation, *n.* آراضي جنگل کے محیط کرنے کي اجازت

Arrest, *v. t.* گرفتار کرنا - روکنا - بند کرنا - حراست میں لینا

Arrest, *n.* گرفتاري - حراست

In arrest of judgment. بعد اظہار راے جوري قبل صدور تجویز عذر قانوني کرنا

Motion in arrest of judgment. عذر قانون بحالت مذکور

Arrestment, *n.* قرقي قرضجات

Arret, *n.* گرفتاري قانوني

Arrier fee, *n* حقیت یا حقیت دابع حقیت اعلی

Arrogate, *v. t.* کسي اختیار یا حق کا بیجا طور پر دعوی کرنا یا استعمال کرنا

Arrogation, *n.* کسي حق کا بیجا طور پر دعوی کرنا - حق سے زیادہ لینا - (۱) کسي اختیار کا جو حاصل نہو استعمال کرنا (۲) بالغ و متبني کرنا

Arrow, *n.* تیر

Broad arrow. نشان تیر کا جو سرکاري مال پر لگایا جاتا ھے

Arsenal, *n.* سلح خانہ

Arsenic, *n.* سنکھیا

Arson, *n.* جرم آتش زني - آگ لگانا

Art and part (Scot. law.) شرکت جرم بذریعہ اعانت

Article, *n.* (۱) مد - دفعہ (۲) حکم (۳) بیان - شرایط (۴) رقم

Articles of agreement. شرایط اقرار نامہ

Articles of Association. شرایط قایم ھونے کمپني کے

Articles of war, قوانین جنگي

Articles of the peace, استغاثہ حلفي کہ سایل کو اندیشہ ضرر جسماني یا

خطرہ جان کسي شخص سے هے اور اُس سے ضمانت حفظ امن لي جاے

Article, *v*. - الزام لگانا - جرم عايد كرنا معاهدہ سے پابند كرنا

Articled, *a*. جسنے شاگرد هونے كي دستاويز لكهي هو

Artificial, *a*. مصنوعي

Artificial argument, دليل مصنوعي

Artisan, *n*. كاريگر - اهل حرفہ

Ascending line, سلسلہ صعودي

Ascendants, *n*. آبا و اجداد

Ascertain, *v. t*. دريافت كرنا - تحقيق كرنا - تعين كرنا - مقرر كرنا

Ascetic, *n*. بيراگي

Ascertained, متحققہ - مثبتہ

Ascribe, *v*.- منسوب كرنا - معمول كرنا قرار دينا

Aside, *adv*. علحدہ

To set aside. - (۱) منسوخ كرنا مسترد كرنا (۲) علحدہ ركهنا

Aspect, *n*. شكل - پهلو صورت -

Aspersion, نوعيت تهمت - الزام

Assailant, حملہ آور

Aspotation, *n*. مجرمانہ - منتقل كرنا مال اوس جگهہ سے جہاں وہ ركها هو- سرقہ

Assassination, *n*. قتل (دغا سے)

Assault, *n*. حملہ - مارپيٹ

Assault, *v. t*. (۱) حملہ كرنا - مارنا (۲) بے عزت كرنا (۳) يورش كرنا

Assay, *v. t*. پيمانوں باٹوں اور سكون كو جانچنا

Assembly, *n*. مجمع - جماعت

Unlawful assembly. - مجمع خلاف قانون

Assent, *n*. رضامندي - منظوري

Assent, *v. i*. رضامندي ظاهر كرنا منظور كرنا

Assert, *v. t*. - بيان كرنا - دعوى كرنا - حق كا ظاهر كرنا

Assertory covenant, وعدہ تحريري

Assertion, *n* بيان - اظہار حق

Assertion of one's rights, اپنے حقوق كا اظهار و اثبات

Assess, *v. t*. تشخيص كرنا - جمع مقرر كرنا - محصول عايد كرنا - تعين كرنا

Assessing officer, وہ عهدہدار جو ٹكس عايد كرے يا تشخيص كرے

Assessment, *n*. جمع - محصول - تعين تشخيص

Assessment of revenue, - جمعبندي تشخيص مالگذاري

Gross assessment. جمع خام - خام جمعبندي

Revision of assessment. ترميم جمع

Assessor, (۱) اسيسر - وہ شخص جو عدالت كو اپنے راے سے مدد دے (۲) تشخيص كنندہ

Assets, *n*. (۱) مال متروكہ جو تابع قرضجات متوفي هو- مال متروكہ (۲) ديواليہ كا مال (۳) كل مال جو كسي جماعت سند يافتہ يا كسي حقيت سے متعلق هو - اثاثہ

Personal assets. اسباب - جايداد منقولہ

Real assets, جايداد غيرمنقولہ

Assets, in the hand of, سرمايہ جو بقبضہ (فلاں) هو

Asseverate, *v. t*. حلفاً بيان كرنا - اقرار صالح كرنا

**Assign**, *v. t.* منتقل کرنا - تفویض کرنا - متعلق کرنا - سپرد کرنا

To assign dower. بیوہ کا حق یا حصہ از روے پیمایش بہ تعین حدود کے ترکہ سے دینا

**Assign**, *n.* منتقل الیہ - مفوض الیہ

**Assignee**, *n.* اسینی - منتقل الیہ مفوض الیہ -

Official assignee. عہدہ‌دار جو سرکارسے واسطے اهتمام ترکہ دیوالیہ کے مقرر هو

**Assignment**, *n.* (۱) انتقال - تفویض (۲) دستاویز انتقال

**Assignor**, *n.* انتقال کنندہ

**Assistant-judge**, *n.* اسسٹنٹ جج

**Assize**, *n.* عدالت سشن انگلستان عدالت دایر سایر - دورہ

**Assizes**, *n.* وقت و مقام عدالت سشن کا

**Assizer**, *n.* عہدہ دار جو باٹ و پیمانوں کي جانچ کرے

**Associate**, *n.* - رفیق - ساتھي - شریک - ملاپي - شریک جرم

**Association**, *n.* جماعت - انجمن

**Assume**, *v. t.* کام اپنے ذمہ لینا - خود خواستہ طور پر اختیار کرنا - (۲) فرض کرنا - قیاس کرنا

**Assumpsit**, *n.* (۱) نالش هرجہ بر بناے معاهدہ (۲) معاهدہ جسکا بدل هو

Special assumpsit, نالش هرجہ بر بناے صریح معاهدہ تحریري کے

**Assumption**, *n.* (۱) اختیار کرنا (۲) فرض کرنا (۳) شے مفروضہ - قیاس

**Assurance**, *n.* (۱) دستاویز - وثیقہ (۲) بیمہ (۳) یقین - اعتقاد - بهروسہ - قول

**Assure**, *v. t.* بیمہ کرانا - بیمہ کرنا

**Assured**, *a.* جسکے حق میں بیمہ کیا گیا هو

**Asylum**, *n.* جاے پناہ

Lunatic asylum. پاگل خانہ

**Assythment**, *n.* هرجہ جو ورثا مهلوک کو هلاک کنندہ سے دلایا جاے

**Astriction to a mill**, ذمہ داري پسرائي غلہ پیداوار اراضي خاص کي خاص کل کي چکي سے

**At arms length (putting)**, تعلق امانتي سے اوس صورت میں واپدہ نہ اوٹھانے دینا جب کہ کوئي معاهدہ مابین امین اور مامون لہ کے هو

**Atavus**, *n.* جدالجد

The ascending line of lineal an cestry runs thus :—

Pater. (باپ) Avus. (جد)

Abavus. (پدر جد) Atavus. (جدالجد) Tritavus. (پدر جدالجد)

**Ats**, (At the suit of مقصف) بمقدمہ مثلاً C. D. (deft.), ats, A. B. (pltf.)

**Atone**, *v. t.* معاوضہ کرنا - بدل دینا

**Atrocity**, *n.* افعال بیرحمي - سنگ دلي

**Attach**, *v. t.* (۱) قرق کرنا (۲) زمین کا دریا سے نکلکر ملحق هو جانا - متعلق هونا

**Attach (person)**, *v. t.* - گرفتار کرنا - حراست میں لینا

**Attache**, *n.* همراهي - ایلچي یا سفیر

**Attaching**, *n.* قارق - قرق کرنے یا کرانے والا

Attaching creditor. داین قارق

Attaching officer. اهلکار قارق

**Attachment**, *n.* (۱) قرقي یا گرفتاري بحکم عدالت (۲) حکمنامہ قرقي

Attachment before judgment. قرقي قبل فیصلہ

Liable to attachment. قابل قرقي
Temporary attachment قرق تحصيل
Attachment, removal or withdrawal of. قرقي سے وگذاشت هونا
Under attachment. زير قرقي

**Attack**, *v. t.* (۱) حملہ كرنا (۲) اعتراض كرنا

**Attack**, *n.* دعوى - (بمقابلہ جواب)

**Attain to age**, *v. i.* بالغ هونا

**Attainder**, *n.* سقوط حقوق مدني كا
Bill of attainder. آئين جسكي رو سے مجرم كي جائداد ضبط كي جاتي تهي اور اسكي جائداد اوسكے ورثا كو نهيں دهونچ سكتي تهي - اب ضبطي محض تا حيات هوسكتي هے - چونكه خون خراب هوجانے كا مسلہ اب قايم نهيں ركها گيا

**Attaint**, *n.* (۱) حكمنامہ جسكي رو سے تحقيقات اس امر كي شروع هوتي تهي كہ آيا جوري نے جهوٹي راے ظاهر كي (۲) تجويز ثبوت جرم نسبت جوري

**Attempt**, *n.* اقدام
Attempt to commit a crime. اقدام جرم - تصدارتكاب جرم كا جو ايسي تياري سے كيا جاے كہ اگر كوئي امر هارج نہوتا تو جرم وقوع ميں آتا

**Attend**, *v. t.* حاضر هونا (۲) توجہ كرنا غور كرنا - لحاظ كرنا (۳) ساتهہ رهنا

**Attendance**, (۱) حاضري (۲) خدمت - نوكري - تعناتي
Personal attendance. اصالتا حاضري

**Attendant**, *a.* متوسل

**Attentat**, *n.* كارروائي جو بعد صدور حكم عدالت اعلى كے عمل ميں آئي هو

**Attention**, (۱) توجہ - لحاظ (۲) هوشياري - احتياط - تاكيد
To draw attention. توجهہ مايل كرنا

**Attenuate**, *v. i.* خفيف كرنا - كم كرنا

**Attermining**, مهلت واسطے اداے قرضہ دينا

**Attest**, *v. t.* (۱) تصديق كرنا - گواهي كرنا - گواهي دينا

**Attestation**, *n.* تصديق - گواهي دستاويز پر مقر كے دستخط ثبت هونے كي گواهي

**Attester**, **Attestor**, } *n.* تصديق كرنے والا

**Attestation clause**, عبارت تصديق

**Attested copy**, نقل مصدقہ

**Attesting witness**, گواه حاشيہ

**Attorn**, *v. t.* اسامي بننا - رعيت هونے كا اقرار كرنا

**Attorney**, *n.* (۱) اٹرني (۲) مختار - كاركن
Power of attorney. مختارنامہ
General attorney. مختار عام
Special attorney. مختار خاص
Duly constituted attorney. مختار مجاز

**Attornment**, *n.* اسامي بننے كا قول - رعيت هونے كا اقرار

**Auban**, *n.* وراثت شخص غير جو باشندہ ملک نہ هوگيا هو

**Auction**, *n.* نيلام
Dutch auction, قيمت انتهائي قايم كركے نيلام كرنا اور رفتہ رفتہ قيمت كم كرتے جانا يهانتک كہ كوئي خريد كرے

**Auction purchaser**, خريدار نيلام

**Auctioneer**, *n.* نيلام كنندہ يا جسكو كرنے كي اجازت هو

**Audacious**, *a.* دلير - گستاخ - نڈر - بيبها

Audience, *n.* سماعت - سامعين
To give audience. سماعت كرنا - گفتگو كي اجازت دينا
Audit, *v. t.* حساب كا جانچنا
Audit, *n.* - حساب كا جانچ پرتال - حساب كي جانچ كا نتيجه - اتت
Auditor, حساب كا جانچنے والا
Augmentation, *n.* بڑهانا - ازدياد كرنا
Aunt, *n.* پهوپهي - چچي - خاله - مائيں
Authentic, *a.* مصدقه باضابطه - مستند
Authentic act. فعل مصدقه روبرو نوٹري پبلک يا رجسٹرار
Authentical, *a.* مصدقه اصلي
Authenticate, *v. t.* تصديق كرنا
Authentication, *n.* تصديق حاكم مجاز
Authentics, *n.* مجموعه قوانين جسٹينين صاحب
Author, *n.* مصنف - باني - موجد
Authoritative, *a.* مستند - حاكمانه - حكمي - يقيني
Authority, *n.* (۱) حاكم - حاكم مجاز (۲) سند - نظير (۳) اختيار - اجازت
Authorize, *v. t.* اختيار دينا - اجازت دينا
Authorised, *a.* مستند - مجاز
Authorised agent. كارندہ مجاز
Autocracy, *n.* سلطنت خود مختار
Autocrat, *n.* حاكم خود مختار
Autonomy, *n.* سلطنت خود مختار
Aval, Avalum, ضامن اداے زر
Avail, *n.* منافع اراضي
Avail, كارآمد هونا - نفع بخش هونا
The plea will not avail. عذر كار آمد نهوگا - عذر بے سود هوگا
Aventure, (Old law) اتفاق يا حادثه جس سے قتل واقع هو

Aver, *v. t.* حلفاً بيان كرنا
Avert, *n.* مويشي هل كے
Average, (۱) خدمت جو آسامي كو اپنے مويشي سے زميندار كي كرني واجب هو (۲) حصه رسدي نقصان يا خرچ كا جو تهاوان ديتي هيں (۳) كهونٹي وغيره جو كهيت ميں بعد كاٹنے فصل كے باقي رهيں (۴) اوسط قيمت
Average bond. إقرارنامه ثالثي بغرض تعين ذمه‌داري حصه رسدي
On an average. اوسط
Aversionem, Sale per, تهوک فروشي
Avitious, موروثي - متروكه مورثان
Averment, بيان صالح - بيان حلف سے
Avocation, *n.* پيشه - كام
Avoid, *v.* (۱) كالعدم كرنا - باطل كرنا (۲) بچنا - روپوش هونا - گريز كرنا
Avouch, *v. t.* تائيد كرنا - شهادت‌دينا - ثابت كرنا - بيان صالح كرنا - تسليم كرنا
Avow, *v. t.* صحت يا جوار پر استدلال كرنا
Avowry, *n.* (۱) إستقرار (۲) جواب نالش قرقي بيجا كا
Avulsion, *n.* دريا كي دهار سے ايک شخص كي آراضي كا دوسرے شخص كي آراضي سے ملجانا
Avus, *n.* جد
See Atavus.
Award, *v.* سزا دينا - تصفيه كرنا - فيصله ثالثي صادر كرنا - دلانا
Award, *n.* - (۱) حكم - تجويز خصوصاً فيصله ثالثي (۲) تحرير فيصله ثالثي
Away-going, (way going) crops. فصل جو آخر سال ميعاد كاشت ميں بوئي گئي اور بوقت اختتام ميعاد پكنے نه هوئي هو

## B

**B.** جہاں یہہ حرف بجاے نام فرضيکے اِستعمال کیا جاتا ھے تو عموماً لفظ بکر اِستعمال کیا جاتا ھے

**Bachelor, n.** (۱) کنوارا - ناکتخدا (۲) وہ شخص جسنے ڈگري یا خطاب درجہ یونیورسٹي حاصل کیا ھو (۳) ڈگري یا خطاب یونیورسٹي

**Bachelor-of-laws,** ڈگري یا خطاب قانوني

**Back, v. t.** - تائید کرنا - پیروي کرنا - تقویت دینا

To back a warrant. وارنٹ پر عبارت ظھري بغرض تعمیل تحریر کرنا

**Bad, a.** - (۱) ناقص - ناقابل پذیرائي لا حاصل (۲) کھوٹا - فاسد (۳) خام ناقص (۴) موذي - خراب - بد

**Bad character.** (۱) بدمعاش (۲) بدچلني

**Bad-in-law,** قانوناً نا قص

**Badge, n.** چپراس - نشان عہدہ کا

**Badly,** بري طرح - شدت سے - بے تحاشہ سختي سے

**Bail, v. t.** - (۱) ضمانت پر رھا کرنا ضمانت لینا - ضامن ھونا (۲) امانتاً حوالہ کرنا

**Bail, n.** (۱) ضامن - ضمانت

Admit to bail. ضمانت پر رھا کرنا

To stand bail. ضمانت کرنا یا ضامن ھونا

**Bailable, n.** قابل ضمانت

**Bailable offence,** جرم قابل ضمانت

**Bail-bond, n.** ضمانت نامہ

**Bailee, n.** - بیلي - امین - امانتدار وہ شخص جسکے سپرد کوئي مال بطور امانت کےکیا جاے اور جسکو سبب مال مذکور کے واسطے اغراض امانت کےحق ملکیت محدود و قبضہ بھي حاصل ھو

**Bailiff, n.** بیلف - قرق امین

**Bailment, n.** (۱) تحویل امانتي (۲) قول ضمانت کرنے کا - ضمانت

**Bailor, n.** امانت کنندہ - امانتاً دینے والا - بیلر

**Bailpiece, n.** مچلکہ - ضمانت نامہ

**Balance, n.** باقي - زر باقي

To balance the account. کھاتہ ڈیوڑھا کرنا

To strike balance. باقي نکالنا

**Balance of evidence,** موازنہ شہادت

Current balances. بقایا حساب رواں - بقایا حال

Doubtful balances. بقایا مشتبہالوصول

Outstanding balances. بقایا سالگنشتہ - پچھلي بقایا

**Balance, v.** - (۱) مقابلہ کرنا - ملانا وزن کرنا (۲) بدہ ملانا - حساب صاف کرنا - واصل باقي کرنا - جمع خرچ کرنا

**Balance of trade,** قیمت مال کا جو ملک سے باھر بھیجا گیا اور جو ملک کے اندر آیا برابر ھونا

**Balance-sheet, n.** واصل باقي - چٹھا

**Ballot, n.** (۱) قرعہ (۲) کل تعداد رایوں کي

**Ballot-box, n.** صندوق جسمیں قرعہ یا پرچہ اِنتخاب ڈالے جاویں

**Ballot, v. t** - راےدینا - ووٹ دینا - بذریعہ ووٹ کے اِنتخاب کرنا

**Band, n.** گروہ - مجمع - جماعت (۲) تسمہ

**Bandit, n.** غارتگر - لوٹیرا

**Banian,** بنیہ جو روپیہ کفالت مال پر جو کوٹھي میں ھو قرض دے

Banish, *v. t.* جلا وطن کرنا
ترک الوطن کرنا
Banishment, *n.* جلاوطن - ترک الوطن
Bank, *v. i.* لین دین کرنا - داد ستد
رکھنا
Bank, *n.* بنک - کارخانہ داد ستد -
کوٹھی
Banking, متعلق بنک - متعلق کوٹھی
مہاجنی یا صرافی
Banking firm. مہاجنی کوٹھی
Banking business. مہاجنی
لین دین
Bank, Savings. پس انداز جمع
کرنے کا بنک - سیونگ بنک
Bank-bill. رقعہ یا ھنڈي بنک کي
Bank-book. بنک کي کتاب
Bank-credit. تعداد زر جو کوئي
شخص بنک سے بذریعہ چک کے وصول
کرسکتا ھے
Banker, *n.* - مہاجن-لین دین کرنے والا -
کوٹھي وال
Bankrupt, *n.* دیوالیہ
Bankrupt-law, قانون دیوالیہ
Bankruptcy, *n.* - دیوالیہ - کارروائي -
صیغہ دیوالیہ
Bankruptcy, Act of, افعال دیوالیہ
ھونے کے - مثلاً روپوش ھونا - فریباً
جایداد منتقل کرنا وغیرہ وغیرہ
Baptism, Registry of, اندراج
رجسٹر اصطباغ میں
Bar, *n.* ( ۱ ) کٹھرہ (۲) عدالت میں
وکلا کے بیٹھنے کي جگہہ ( ۳ ) وکلا
و ایڈوکیٹ عدالت ( ۴ ) امر مانع -
عارض
At the bar. حاضر عدالت
For the bar. وکالت کے لئے
Legal bar. عذر قانوني

Bar association. انجمن وکلا
To be barred. ممنوع اسماعت
Bar, Case at, مقدمہ پیشي میں
Bar, Defence in, جوابدهي امر
عارض یا مانع کي
Bar, Matter in, عذر امتناع
Bar, Plea in, عذر قاطع مقدمہ
Bar, Trial at, تجویز روبرو عدالت
Bar, عارض ھونا - مانع ھونا
Barred by limitation. عادي
پذیر
Bare, محض - اکیلا - تنہا - خالي
Bare words. محض باتیں - خالي
باتیں
Bare Act, ایکٹ سادہ - (بلا شرح)
Bare, *or* dry trustee, امین جسکا
کام ختم ھو گیا ھو - اور جسکو
مامون لہ جایداد کو بنام اپنے منتقل
کرنے پر مجبور کر سکتا ھے
Bargain, *n.* - ( ۱ ) معاملہ - معاھدہ
قول و قرار (۲) معاملہ سودمند (۳)
سودا - سٹہ
In bargain. روکھہ میں مزید بران
Bargain, Catching, *see* Catching.
Bargain and sale, انتقال جسکيرو سے
انتقال کنندہ یہہ معاھدہ کرے کہ وہ
جایداد پر خریدار یا منتقل الیہ کي
طرف سے رھیگا
Bargainee, *n.* مشتري - خریدار
Bargainor, *n.* بایع
Barleycorn, بدل یا لگان براے نام
Baron, *n.* ادنی درجہ کے امر
( انگلستان )
Barratry. *n.* ( ۱ ) مقدمہ بازي کي
ترغیب - نزاع پیدا کرنے کي ترکیب
( ۲ ) رشوت لیکر تجویز صادر کرنا
Barren, *a.* اوسر زمین شور - بھوڑ

**Barring,** قطع نظر - باستثناے

**Barrister,** *n.* بیرسٹر - وہ شخص جو انگلستان میں اِمتحان وکالت میں کامیاب ہوا ہو

**Barter,** *n.* تبادلہ مال بیوپار - بیع مقایضہ

**Barton,** *n.* (Eng. law). اراضي تعلقہ دار

**Base coin,** کھوٹہ سکہ

**Base-estate,** حقیت بالعوض انجام دہي خدمت

**Base-fee,** حقیت نامرضي مالک - حقیت ناکمل

**Base,** *v. t.* مبني کرنا

**Basis,** *n.* بنیاد - بنا - مدار

**Bastard,** *n.* غیر صحیح النسب - ولدالزنا

**Bastard-eigne,** *See* Eigne.

**Bastardize,** *v. t.* ( ۱ ) غیر صحیح النسب قرار دینا ( ۲ ) بصورت غیر صحیح النصبي ثبوت پیش کرنا

**Bate,** *n.* کم کرنا

**Battery,** *n.* مار پیٹ - خفیف تشدد یا غصہ میں کسي کے جسم پر ہاتھ رکھنا ہي کي حد تک پہونچتا ہے Battery

**Bear,** *v. t.* - متحمل ہونا - برداشت ہونا - ادا کرنا * To put the interpretation which the words can bear. تعبیر کرنا جو الفاظ کي ممکن ہو

**Bear witness,**
**Bear testimony,** } گواہي دینا

**Bearing date,** - محررہ - مرقومہ - مورخہ

**Bearing signature,** - دستخطي - بہ ثبت دستخط

**Bear,** *v. i.* موثر ہونا

**Bear hard,** سختي ہونا

**Bear,** *n.* وہ شخص جو کمي قیمت کي اُمید پر خرید فروخت کرتا ہے

**Bearer,** *n.* حامل

**Bearer, Payable to,** حامل کو قابل ادا

**Bearing,** *n.* ( ۱ ) اطوار - طریق عمل ( ۲ ) معني مطلب - اثر - تعلق ( ۳ ) سمت ( ۴ ) معہ بار محصول

**Beast of chase,** جانوران شکار

**Beat,** *n.* گشت - علاقہ گشت

**Bedridden,** *a.* ضعیف - بیمار جو پلنگ سے حرکت نکرسکے

**Bedding,** بستر

**Bed and board,** کھانا اور سونا - یہہ کلمہ نالشات متعلقہ ازدواج میں بمعني طلاق جزوي یا افتراق کے استعمال ہوتا ہے

**Beg,** *v.* (۱) درخواست کرنا - گذارش کرنا (۲) بھیک مانگنا

**Beg a question,** فرض کرنا اُس امر کا جو ثابت کرنا ہو

**Beggar,** - بھیک منگا - بھکاري - فقیر - گداگر

**Beget,** *v. t.* پیدا کرنا

**Begin, Right to,** حق شروع کرنے مقدمہ کا

**Behalf,** فایدہ
In behalf of. اوسکي جانب سے
In that behalf. اوس بارہ میں

**Behaviour,** روش - طریق - چال چلن

**Beholden,** *p. a.* مقروض - ممنون

**Behind,** *a.* پیچھے - باقي
To go behind a deed or decree. دستاویز یا ڈگري سے تجاوز کرنا یا اوس سے پہلے کے حالات پر اِستدلال کرنا

**Being,** *n.* موجودگي
For the time being, موجودالوقت

**Belabour,** خوب مارنا - شدت سے مار پیٹ کرنا

**Belief**, *n*. یقین - گمان قوي - باور (۲) مذهب - اعتقاد

**Believe**, *v. t*. - یقین کرنا - باور کرنا - اعتقاد کرنا

**Believe, Reason to**, باور کرنے کي وجهه

**Belligerent**, جنگ کرنے والے

**Belong**, *v. i*. - (۱) متعلق هونا - متعلق رکهنا - ملکیت هونا (۲) باشنده هونا

**Belonging**, *n*. (۱) ملکیت - اسباب (۲) متعلقات

**Below**, *a*. (۱) تحت میں - ذیل میں (۲) ناریبا - غیر موزون

**Below, Court**, عدالت ماتحت

**Bench**, *n*. عدالت اجلاس

**Bench, Division**, چند حاکموں کي بنچ یا اجلاس

**Bench, Single**, اجلاس حاکم واحد

**Bench, Full**, اجلاس کامل

**Bencher**, *n*. اعلی درجه کا بیرسٹر

**Bench magistrate**, بنچ مجسٹریٹ

**Bench warrant**, حکم گرفتاري مصدره عدالت فوجداري بغرض گرفتاري ملزم بجرم توهین

**Benefice**, *n*. وقف مذهبي

**Beneficial**, *a*. سودمند - فایده مند

**Beneficial owner**, مالک جسکو جایداد سے مستفید هونے کا حق حاصل هو

**Beneficial interest**, *n*. حق استفاده متصرف هونے کا حق

**Beneficiary**, *n*. شخص مستحق استفاده - مامون له

**Benefit**, *n*. فایده - نفع

**Benevolences**, *n*. ناجایز محصول

**Bequeath**, *v. t*. - هبه بالوصیت کرنا وقف کرنا

**Bequest**, *n*. - هبه باوصیت - هبه - وصیت - جایداد موصي به

**Bequest, Conditional** هبه - شرطیه

**Bequest, ontingent**, هبه موقوف بوقوع دیگر امر

**Bequest, Onerous**, هبه وجوبي

**Bequest, Usufructuary**, هبه انتفاعي

**Bequest, Ulterior**, هبه بعیده یعني وه هبه جو اس شرط سے کیجاے که اگر فلاں امر غیر متحققه وقوع میں آئے یا نه آئے جیسي صورت هو تو شے موهوبه فلاں شخص غیر کو پهونچے

**Berbiage**, لگان واسطے چرانے بهیڑوں کے

**Besiege**, *v. t*. محاصره کرنا - گهیرنا

**Bespeak**, *v. i*. کسي چیز کا حکم دینا

**Best**, *a*. بهترین - بهت صحیح - درست

To the best of. حتي الوسع - جهانتک هوسکے - حتي المقدور

**Best Evidence**, سب سے بهتر شهادت

**Bestiality**, *n*. وطي بهائمي

**Bestow**, *v. t*. - (۱) بخشنا - هبه کرنا - دان دینا (۲) کنیا دان کرنا

**Bet**, *v. i*. باري بدنا - شرط لگانا

**Bet**, *n*. باري - شرط - داؤ

**Betray**, *v. t*. دهوکا دینا - گمراه کرنا

**Betroth**, *v*. – منسوب کرنا – منگني کرنا - نسبت کرنا - آینده شادي کا قول و قرار درنا

**Betrothal**, *n*. نسبت - سگائي - قرارداد ازدواج

**Betrothment**, *n*. Same as Betrothal.

**Better**, بهتر – افضل

To get the better of. کسي پر غالب آنا – کسي سے بڑه جانا

To think better of. راے کو بهتر سمجهکر قایم کرنا

**Betterments** (U. S.) *n*. ترقیات حقیت میں

Between, *n.* (۱) مابین (۲) درمیان
Beyond, *prep.* باهر - متجاوز
Beyond seas, ملک سے باهر
Biased, *a.* متعصب - طرفدار
Bid, *v. t.* حکم دینا - بولي بولنا (نیلام میں)
Bid, *n.* بولي نیلام کے وقت
Bidder, *n.* نیلام کي بولي بولنے والا
Bidding, Pretended, جهوتي بولي بغرض بڑهانے قیمت کے
Bigamy, *n.* بگمي - ازدواج مکرر بحیات شوهر یا زوجه
Bigamous, *a.* ازدواج جسپر جرم بگمي کا عاید هو
Bigoted, - متعصب - هٹ دهرمي مذهبي عقیده پر حد سے زیاده جمنے والا
Bilateral contract, معاهده جسمیں دریقین پر معاهده باهمي کا ایفا کرنا لازمي هو
Bilinguis, *n.* وه شخص جو دو زبانیں استعمال کرے
Bill, *n.* (۱) مسوده قانون (۲) عرضي دعوی - عرض داشت - استغاثه (۳) فرد حساب - بل (۴) بل آف ایکسچینج
Bill of adventure. تحریر جسمیں یهه درج هو که مال بذمهداري اور خطره مالک کے روانه کیا جاتا هے
Bill of conformity. درخواست منجانب وصي بغرض اهتمام ترکه بهدایت عدالت
Bill of cost, *n.* - یادداشت خرچه فرد حساب اخراجات مقدمه
Bill of credit, *n.* رقعه یا هنڈي سفارشي

Bill of exchange. (۱) دستاویز تحریري جسمیں حکم بلا شرط به ثبت دستخط راقم کے اس هدایت کے ساتهه هوکه ایک شخص خاص صرف ایک مبلغ معین شخص کو یا جسکو وه دلاوے یا حامل نوشته کو ادا کرے (۲) هنڈي
To accept a bill of exchange. هنڈي سکارنا
To honor a bill of exchange. سکارنے کے بعد تاریخ وجوب پر زر هنڈي ادا کرنا - سکارے پیچهے مدتي پوجے هنڈي کا دام دینا
To dishonour a bill of exchange. هنڈي کے سکارنے یااُسکے دام دینے سے انکار کرنا
——payable to bearer, دهني جوگ هنڈي - بل آف ایکسچینج جو حامل کو واجب‌الادا هو
Payable to banker. شاه جوگ هنڈي
Payable after date. میعادي هنڈي جسکے دام مدتي پوجے پر پٹے
Payable at sight. } درشني
Payable on demand. } هنڈي
پهونچے، برت پهونچے دم هنڈي
Of which payment is suspended. کهوري هنڈي - هنڈي جسکے سکارنے سے اوپر والا انکار کرے
Paid and kept as voucher. هنڈي کا کهوکها
Duplicate bill of exchange. هنڈي کي پیٹهه
Triplicate. هنڈي کي پر پیٹهه
Premium on a———— هنڈاون
Bill of exchange, acceptor of. سکارنے والا - اوپر والا - وه شخص جو زرهنڈي اداکرنے کا وعده کرے

Bill of exchange, drawer of, هنڈي كرنے والا - هنڈي لكهنے والا - لكهي وال وہ شخص جو هنڈي كے ذريعه سے كسي كو روپيه دلاے يا خود قرض لے

Bill of exchange; drawee of, وہ شخص جسكے نام هنڈي لكهي جاے - اوپر والا

Bill of exchange, payee of, پابندہ رر هنڈي ركهنے والا - جسكے ركهے هنڈي لكهي جاے - وہ شخص جسكو هنڈي كے روپيه دلائے جائيں

Bill of indictment, فرد قرارداد جرم

Bill of lading, جہاز كے مال كي بلڻي

Bill of mortality, نقشه موتي

Bill of particulars, فہرست مفصل مطالبات يا مطالبات مجري مدعاعليه ؛

Bill of right, عرضداشت حقوق رعايا

Bill of sale, بيعنامه

Bill of sight, يادداشت ملاحظه مال بغرض تشخيص محصول بحري

Bill of store, اجازت نامه ليجانے اشياے ضروري سفر كا بلا اداے محصول بحري

Bills payable, رقعه يا هنڈيات جنكا روپيه واجب‌الادا هو

Bills receivable, رقعه يا هنڈيات جنكا روپيه پانا هو

Bill, True, فرد قرارداد جرم جو جوري نے منظور كي هو

*See* Grand jury.

Bimetallism, *n.* رواج يا قانون استعمال سكه چاندي و سونے دونوں كا

Bind, *v. t.* (١) پابند كرنا (٢) ذمه دار كرنا - خدمت كے كرنے كا معاهدہ كرنا (٣) شاگرد كرانا

Bind over, حاضر ضامني لينا - مچلكه لينا

Binding, *n* قابل پابندي - لازمي - واجب‌التعميل

Binding over, مچلكه لينا

Birth, *n.* پيدايش - نسل - نسب

Birth day, سالگرہ - جنم دن

Birth-place, *n.* مقام پيدايش

Birth-right, *n.* حق پيدايش - حق جيٹھانسي - حق وراثت

Birth, Concealing of, اخفاے پيدايش

Bivouac, *n.* ميدان جہاں رات كو فوج قيام كرے

Black, *v.* سياہ - تاريک - كالا

Black deed. سنگين جرم يا قبيح فعل

Black sheep اچھے آدميوں ميں ايک برا آدمي

Black and white. لكها يا چھپا هوا

Black, Act, (E. L.) وہ ايكٹ جسكي رو سے سخت سزا اون اشخاص كو دي جاتي هے جو مويشي يا گاروں كو نقصان پہونچاويں

Black ball, *v. t.* كسي كے خلاف راے يا ووٹ دينا - خارج كرنا

Black book, *n.* كتاب بغرض اندراج بد اعمالي

Blackguard, *n.* رذيل - بد زبان

Blackguard, *v. t.* گالي دينا - برا كہنا

Black hole, *n.* (١) قيد خانه تاريک (٢) بليک هول - كوٹھري واقع قلعه كلكته جسميں انگريز بحكم سراج‌الدوله مقيد ليے گئے تھے

Black leg, *n.* مشہور جواري

Black list, *v. t.* فہرست اشخاص ديواليه يا غير معتبر ميں نام درج كرنا

Black mail, *v. t.* چوتھه لينا

Black, *n.* استحصال بالجبر

Black rent, *n.* لگان جنس

Blank, *a.* سادہ - بلا تحرير

**Blank deed,** کسي قسم کي دستاويز کا چھپا ہوا يا لکھا ہوا نمونہ جس ميں مضمون اصلي دستاويز کے لکھنے کي گنجائش ہو

**Blank form,** نقشہ

**Blank acceptance,** سکارنے کا اندراج قبل اسکے کہ ھنڈي تحرير کي جاے

**Blank-Bar,** *v. i.* نالش مداخلت بيجا ميں تخصيص مقام ارتکاب جرم کرانا

**Blank, Indorsement,** بلا نام لکھنے منتقل اليہ کے ھنڈي پر انتقال کنندہ يا تحرير کنندہ کا دستخط کرنا

**Blank, Making a cheque,** چک بلا خانہ پوري کے دينا

**Blasphemy,** *n.* (E. L) تحقير خدا يا نبي بارادہ توھين مذھب مروجہ يا بغرض بد تہذيبي کے

**Blended, fund,** مجموعي زر ثمن نيلام جايداد ھاے منقولہ وغير منقولہ مثلاً مرصي کے جايداد کا

**Blockade,** *n.* کسي راستہ کا بذريعہ فوج يا جہاز ھاے جنگ کے روکنا - ناکہ بندي

**Blood,** *n.* رشتہ - رشتہ بذريعہ نسب

**Blood, Half,** علاقي يا اخيافي

**Blood, Whole,** والدين واحد سے - رشتہ حسبي و نسبي - رشتہ حقيقي

**Blood money,** *n.* قصاص - خونبہا

**Blood-relation,** رشتہ دار حقيقي - قرابت اصلي

**Blow,** *n.* ضرب - وار - مار - چوٹ

  **Severe blow.** ضرب شديد

  **At a blow.** دفعتاً ايک ھي وار ميں - ايک ھي ھاتھہ ميں

**Blow hot and cold,** ايک ھي امر کي نسبت دو مخالف عذر پيش کرنا - مثلاً ايک ھي مقدمہ کي نسبت کبھي قابل سماعت عدالت ديواني کہنا کبھي قابل سماعت مال کہنا

**Blunt weapon,** کند آلہ

**Blue jacket,** *n.* جہازي

**Board,** *n.* کونسل - جماعت - اشخاص يا جماعت جسکے سپرد کوئي کام کيا جاے

**Board, The** حکام پريوي کونسل

  **Decisions of the board.** فيصلجات بورڈ

**Board of Control,** منتظمان ايسٹ انڈيا کمپني سابق

**Board of Examiners,** جماعت ممتحنان

**Board of Trade,** جماعت منتظمان تجارت

**Board of Revenue,** حکام اعلي صيغہ مال

**Board wages,** خوراک - خوراک و مسکن بعوض خدمت کے

**Board,** *v. t.* کھانا پينا دينا

**Boarding house,** *n.* مکان جسميں کھانے پينے کا انتظام بغرض کسي بدل کے کيا جاے - بورڈنگ ھاوس

**Bodily injury,** ضرر جسماني

**Body,** *n* (۱) جسم (۲) متن دستاويز

  **Body of a deed,** متن دستاويز

  **Legislative body.** جماعت واضعان قانون

  **In a body.** اکٹھے ھوکر - کلي - ايک ساتھہ

  **Body politic,** جماعت منتظمان مملکت اراکين سلطنت

  **Body-snatching,** گورکني-بلا اجازت مردہ نکالنا - عموماً بغرض تعليم علم

Boer, *n.* بوير - باشندگان يا كاشتكاران افريقة جنوبي

Bolster up, *v. t.* مقدمة كي جهوتهي تائيد كرنا

Bolt, *v. t.* مقدمات درضي ميں بحث كرنا

Bona, (Rom. Law), مال منقولة و غير منقولة

Bona-fide, نيك نيت - نيك نيتي سے - حقيقي

Bona-fide purchaser, خريدار نيك نيت

Bona-fides, - حقيقت ميں - نيك نيتي اصليت

Bond, *n.* ( ۱ ) دستاويز - وثيقة ( ۲ ) مچهلكة ( ۳ ) سركار يا كمپني كا نوت يا رقعة مشعر اقرار قرضة (۴) تمسك تيپ - يعني ايسي دستاويز مصدقة جسكے رو سے ايك شخص دوسرے كو روپية يا غلة يا ديگر پيداوار دينے يا حوالے كرنے كا وعدة كرے

Instalment bond. تمسك قسطبندي

Simple bond. تمسك سادة

War-bond قرضة جنگ

Mortgage-bond. گروي نامة-رهن نامة

Bond to keep the psace. مچهلكة حفظ امن

Bond for good behaviour. مچهلكة حفظ امن

Bond, conditional, - تمسك شرطية يعني ايسي دستاويز جسكي رو سے ايك شخص دوسرے شخص كو اس شرط پر روپية ادا كرے كة اگر فلاں خاص فعل عمل ميں آئے يا عمل ميں نة آئے تو وعدة مذكور فسخ هو جاويگا

Bond-creditor, *n.* داين جسكے پاس تمسك قرضة هو

Bond-debt, *n.* قرضة تمسكي

Bond-tenants, *n.* آساميان موروثي

Board of corroboration, *n.* تمسك تصديقي

Bond, Administration, اقرار نامة اهتمام تركة

Bond, Bottomry. *See* Bottomry.

Bond, Customs. *See* Customs.

Bond, Indemnity, *See* Indemnity

Bond, Respondentia. *See* Respondentia.

Bond, Security. *See* Security.

Bondage, *n.* غلامي

Bondsman, *n.* ضامن

Bonded goods, مال جسپر محصول پرمت ادا نهوا هو

Bonded-warehouse, مالخانة ايسے مال كا جسپر محصول نة ادا هوا هو

Bone of contention, - شي متنازعة بناء فساد

Bonitarian right, حق قبضة

Bonus, ( ۱ ) زر پيشگي - پيشكش ( ۲ ) منافع زايد جو كمپني اپنے حصة داران كو دے

Book, *n.* كتاب - كهاتة

Book, Account, بهي كهاتة

Suspense account book. جاكڑ بهي

Cash-book. روكڑ بهي

Waste book. كهرا

Warehouse-book. سادة بهي

Hundi or Bill-book. هنڈي بهي

Book-keeper, حساب نويس - بهي كهاتة لكهنے والا - جمع خرچ نويس

Book-keeping, - فن ترتيب حساب قاعدة حساب لكهنے كا

Book-debt, *n.* قرضة بهي كهاتة پر

Book-post, *n.* پاكٹ يا كتاب كي ڈاك

Book, *v. t.* مسافر يا مال كي روانگي درج كرنا - مال روانة كرنا

**Booty of war,** مال جو جنگ سے حاصل کیا گیا ہو

**Bord-brigch,** خلاف ورزي کفالت شے مکفولہ کا تصرف

**Border land,** زمین سرحد

**Born, Twice,** دوج - دوجنمي

**Borough, *n*.** (۱) محلہ (۲) قصبہ - شہر - قصبہ جہاں سے راے دهندگان بهیجے جائیں

**Borough English,** رواج چهوٹانسي حق چهوٹے لڑکے کے جايداد غير منقولہ پانے کا بصورت عدم وصيت

**Borough-fund,** آمدني اراضي ميونيسپلٹي

**Borrow, *v. t.*** قرض لینا - عاريت لینا

**Borrowed,** مستعار - عاريتي - منگني کا - نقلي

**Borrower, *n*.** قرض لینے والا

**Bottom, *n*.** جہاز

To be at the bottom of. باني هونا - درپردہ مددگار هونا

**Bottomry-bond, *n*.** باٹمري بانڈ - يعني وہ دستاويز جسکے رو سے سمندر میں جانےوالے جہاز کا ناخدا بمکفولي جہاز جہاز مذکور کي حفاظت يا منزل تک پهونچنے کے لئے روپيہ قرض لیتا هے

**Bought and sold notes,** ياداشت دلال نسبت خريد و فروخت مال

**Bound, *a*.** پابند لازم

**Boundary, *n*.** حد - میڑ

**Boundary case,** مقدمہ میڑ بندي - مقدمات سوانہ

**Boundary dispute,** نزاع سرحد - سوانہ کا جهگڑا

**Boundary formed by a stream,** هار دهورہ

**Boundary-marks,** نشانات حدود

**Bounty, *n*.** امداد سرکار

**Box, Witness, *n*.** کٹہرہ گواہ

**Box-days,** زمانہ تعطيل میں عرضي لینے کے دن

**Branch, *n*.** شاخ - شاخ شجرۃالنسب

**Brand, *v. t*.** داغنا - گرم دهات سے نشان لگانا

**Brawling, *v. t*.** فساد کرنا

**Brawler, Common,** مفسد - فسادي مخل آسايش همسايگان

**Breach, *n*.** (۱) نقص - خلاف ورزي - انحراف (۲) اختلاف - فرق ناچاقي - پهوٹ (۳) درز - نقب - رخنہ

**Breach of bond,** عدم تعميل مچلکہ يا دستاويز

**Breach of close,** مداخلت بیجا اندرون احاطہ

**Breach of contract,** }
**Breach of covenant,** } شکست معاهدہ - خلاف ورزي معاهدہ

**Breach of peace,** نقص امن

Apprehension of breach of peace. احتمال نقص امن

**Breach of pond,** بیڑا راس سے مويشي کا ناجايز طور پر نکالنا يا نکلوانا

**Breach of promise,** خلاف ورزي - معاهدہ ازدواج

**Breach of recognizance,** عدم تعميل مچلکہ

**Breach of trust, *n*.** خيانت

**Breach of warranty,** خلاف ورزي ذمہداري

**Bread winner.** پرورش کنندہ خاندان

**Break,** (۱) اُکهاڑنا - توڑ ڈالنا - شکست کرنا (۲) نالش کرنا - ظاهر کرنا - کسي امر يا قانون کي خلافورزي هونا

**Break open,** قفل توڑنا

Break into a house. نقب لگانا زبردستي گهر ميں گهسنا

Breaking bulk. كسي چيزكا خريدار كا استعمال كرنا - اس صورت ميں شے استعمال شده كو وه واپس نهيں كرسكتا

Breaking open. توڑ كر كهولنا مثلاً كسي بند شے كو

Breaking, House, *a*. نقب زني مداخلت بيجا بخانه

Brethren, *n*. هم پيشه هم مذهب

Breve, *n*. حكمنامه

Brevia testata, مختصر مصدقه دستاويز

Bribe, *v. t*. رشوت دينا

Bribery, *n*. رشوت ستاني - مابعلحتظاط ناجايز لينا

Bribery oath, حلف كه رشوت ليكر راے نهيں دي گئي

Brick-kiln, اينٹ پزاوه - بهٹه

Bride, دلهن - عروس

Bride-groom, دولها - نوشه - مرد جسكي شادي حال ميں هوئي هو يا هونے والي هو

Bridal, بياه كا - شادي كا

Bride-well, تاديب خانه

Brief, *n*. (۱) خلاصه مقدمه موكل جو بغرض آگاهي كونسل كو ديا جاے (۲) ياد داشت مقدمه (۳) حكمنامه چٹهي

Brief, To hold. ايك كونسل كا دوسرے كونسل كي طرف سے مقدمه كي پيروي كرنا

Briefless, *a*. بلا موكل يا مقدمه

Brigand, *n*. غارت گر - راهزن

Bring, *v*. - لے آنا - لانا - حاضر كرنا حاصل كرنا

Bring up. پرورش كرنا

Bring under. بس ميں لانا - زير كرنا

Bring over. ملا لينا - توڑ لينا سازش كرنا

Bring out. نكالا لينا - ظاهر كرنا

Bring on the record. (۱) مسل ميں آنا (۲) دريق بنانا

Bring forward. پيش كرنا

Bristoll bargain. اداے جزوي و قسط بندي رر باقي

Britain, Great. برطانيه اعظم

British India برٹش انڈيا - برٹش انڈيا سے وه قلمرو مراد هے جو باب ۱۰۶ اسٹيٹوٹ سنه ۲۱ , ۲۴ جلوس ملكه وكٹوريا كي وسے ملكه ممدوحه يا شاهنشاه ايڈورڈ هفتم كے قبضه اقتدار ميں ائي هے يا آينده آئے

British subject, رعيت برطانيه

British territory. قلمرو برطانيه

Brocard, *n*. مسله قانوني

Broker, *n*. دلال

Broker, Pawn *See* Pawn-broker.

Broker, Policy, دلال بيمه كا

Broker, Stock, *See* Stock-broker.

Brokerage, *n*. دلالي

Brother, *n*. (۱) هم جليس (۲) بهائي

Brother of the whole-blood, حقيقي بهائي - سگابهائي

Brother of the half-blood, برادر اخيافي - برادر علاتي - بهائي سوتيلا - بهائي جسكا باپ ايك هو ليكن ماں دوسري هو

Brother, step, سوتيلا بهائي

Brother, uterine, علاتي بهائي

Brother, foster, رضيع

Brother's son, بهتيجه

Brother's wife, بهاوج

Brother German, *n*. حقيقي بهائي

Brother-in law, n. شوهر یا زوجه کا بھائي بہن یازوجه کي بہن کا شوهر - سالا - بہنوئي

Brotherhood, (۱) برادري - بھائي بندي (۲) هم پیشه - هم خیال اشخاص

Brought forward, برآورده - اتارا (مثلاً رقم جو ایک صفحه سے دوسرے صفحه میں ڈالي گئي هو)

Browbeating, v. t. دهمکانا - گهڑکنا

Bruise, کهرست - وه چوٹ جو کسي کند آله سے پہونچائي جاے

Budhistic, a. متعلق مذهب بوده

Budget, n. تخمینه آمدني و خرچ

Budget, to open, تخمینه آمدني و خرچ روبرو جلسه واضعان قانون پیش کرنا

Building lease, n. پٹه تعمیر

Building society, انجمن یا جماعت واسطے امداد شرکا بغرض حصول اراضي

Bulk, n. ضخامت

Bulk, Sale by, یکمشت فروخت کرنا اکٹھا فروخت کرنا یعني بلا وزن یا ناپ کے

Bull, v. i. نرخ بڑهانا

Bull, n. (۱) جو شخص بازار کے نرخ چڑهنے کي اُمید پر معامله کرے (۲) حکم پوپ کا

Bulletin, n. مختصر خبر نسبت کسي واقعه کے جو سرکاري طور پر بغرض اطلاع عام جاري هو

Bullion, n. چاندي یا سونے کي اینٹ جو سکه زده یا غیر مضروب هو

Bulwark, n. تعمیر حفاظت

Bundle of papers, مثه - بسته - نتهي

Bundle of rights, مجموعه حقوق

Bunko, n. دغابازي بذریعه چھوٹے قرعه اندازي کے

Burden, n. بار - مواخذه

Burden of proof, بار ثبوت

Bureaucracy, n. جماعت عهده داران عامل

Burgage tenure, حقیقت اسامي کي اون مقامات میں جهاں مکانات اور آراضي مالک اعلیٰ کي تصور کي جاتي تهي

Burglary, n. نقب زني بوقت شب

Burial ground, n. قبرستان - لحد

Burke, v. t. (۱) قتل کرنا اسطرح پر که نشانات تشدد نه پائے جائیں (۲) چھپانا - دبا رکهنا

Burnt offering, n. هوم

Business. (۱) کام - عهده - پیشه (۲) بیوپار - داد ستد (۳) حق - اختیار - سروکار - واسطه (۴) امر

Place of business. کاروبار کي جگہه

In the course of business. دوران کار بار میں

Carry on the business. کاروبار کرنا - کاروبار چلانا

Bushel, n. ایک پیمانه جسمیں ۳۲ کوارٹ هوتے هیں

Butts and bound, حدود و اراضي مندرجه دستاویز

Buoy, n. پاني پر تیرنے والا نشان

Buy, v. t. خریدنا - مول لینا

Buy out, v. t. (۱) حق یا حصه خریدنا (۲) کل مال اور گاهکي خریدنا

Buy on credit, v. t. اودهار خریدنا

Buy the refusal, v. t. قیمت معینه پر آینده خریدنے کا حق رکهنا

Buyer, n. خریدار - مشتري

By-order, بحکم - حسب الحکم

By the present, بموجب اِس کے - اس تحریر کي رو سے

By, To stand, مدد دینا - مدد کرنا

By-bidder, *n.* شخص جو قیمت بڑھانے کے لئے نیلام کنندہ کے فایدہ کے لئے بولي بولے

By-election, انتخاب غیر معمولي

By-law, *n.* بائي لا۔ قانون ذیلي - قواعد مرتبہ جماعت جسکو اختیار بنانے قواعد کا دیا گیا ھو مثلاً قواعد میونیسپلٹي

By-lane, کوچہ خاص جو شاہ راہ سے الگ ھو

By-stander, *n.* شخص بے تعلق

## C.

C, (۱) اس حرف سے عدالت رومیوں میں قرعہ اندازي میں ثبوت جرم ظاھر ھوتا تھا (۲) بجاے اس حرف کے اُردو میں ( ج ) مستعمل ھوتا ھے

Cabinet, جلسہ مشیران - کونسل اعلیٰ - حاکم عامل مملکت

Cachet, *n.* مہر

Cachet, Lettre de, چٹھي مہري جو بادشاہ کي طرف سے بغرض قید کسي شخص کے صادر ھو

Cadi, *n.* قاضي

Caducial clause, وہ شرط جسکے بموجب جایداد موھوبہ واھب یا اوسکے وارث کے جانب عود کرے

Cæsarian operation, بچہ کو پیٹ سے کاٹ کر نکالنا - ایسي صورت میں شوھر قبضہ حین حیاتي اپني زوجہ کے جایداد میں بوجھہ اوس طفل کے حاصل نہیں کرسکتا

Cæterorum grant, عطیہ پروبیٹ بقیہ ترکہ

Calamity, آفت سماوي - قہر آسماني

Cahier, *n.* (۱) رپورٹ کارروائي واضعان قانون (۲) عرضداشت جماعت

Cake, Funeral, پنڈ

Cake offering, پنڈ دان

Calculate, حساب کرنا - محسوب کرنا - تخمینہ کرنا - اندازہ کرنا

Calculation, محاسبہ - شمار - حساب

Rough calculation, تخمینہ - اندازہ - کوتہ

Calendar, (۱) جنتري - تقویم (۲) کلنڈرہ (۳) سال

Call, *n.* طلبي زر حصہ داران کمپني سے

Call, *v. t.* طلب کرنا - مشتہر کرنا

Call a party, فریق مقدمہ کا نام لیکر پکارنا

Call back, منسوخ کرنا - واپس لینا

Call for (the record), طلب کرنا (مسل کا)

Call for an explanation, کیفیت طلب کرنا - جواب کرنا

Call, *n.* (۱) حکم (۲) مطالبہ - تقاضہ

Call in, (۱) تحصیل کرنا (۲) واپس لینا مثلاً سکہ کا جو خراب ھوگیا ھو واپس لینا

Call to bar, عدالت میں کار پیشہ بیرسٹري کرنے کا اختیار دینا - بیرسٹر مقرر کیا جانا

Calling, *n.* پیشہ

Calling a case, مقدمہ طلب کرنا

Calling the jury, نام نکالکر جوري کو طالب کرنا
Calling upon a prisoner, قیدي سے جواب طالب کرنا
Calumny, جهوٹا اتہام
Calumny, Oath of. حلف دربارہ نسبت صحت دیانات مظهرہ کے
Calumniate, v. t. برا کہنا-جهوٹا الزام لگانا - تہمت لگانا
Camera, n. جج کا کمرہ خاص
Camera, In. کمرہ کے اجلاس میں
Camp, n. ڈیرہ - خیمہ
Camp, In, دورہ میں
Camp fight n. فیصلہ بذریعہ جنگ باهم متخاصمین
Campbell's act, ایکٹ جسکي رو سے ورثاے متوفي کو حق نالس بمقابلہ اوس شخص کے دیا گیا هے جو باعث هلاکت متوفي کا هو
Canal, n. نہر
Canal dues. محصول نہر - آبداشي
Cancel, v. t. خط نسخ کهینچنا - منسوخ کرنا - فسخ کرنا - رد کرنا
Cancellation, n. انفساخ - فعل رد کرنے یا خط نسخ کهینچنے کا - استرداد - تنسیخ
Cancelli, n. کٹهرہ عدالت کا
Candid, a. بلا جانبداري منصفانہ
Candidate, n. اُمیدوار
Cannon, n. توپ
Cannon, n. قاعدہ یا قانون (۲) قاعدہ صادر آمد کلیسیہ جو بحکم کاربوریس کلیہ مستهر کیاگیا (۳) شریک جماعت کلیسہ
Canon of inheritance, قواعد وراثت بصورت بلا وصیتي
Canon of interpretation, اصول تعبیر
Canon law, قانون کلیسہ
Canonical punishment, سزا مطابق احکام کلیسہ - مثلاً حقوق مدني سے محروم کرنا
Canteen, n. فوج کي شراب وغیرہ کي دوکان
Cantonment, n. چهاوني - فوج کے قیام کي جگہہ
Cantonment Magistrate, مجسٹریٹ چهاوني
Canvass, v. t. جانچنا - مثلاً ووٹ کا جانچنا (۲) ووٹ کے حاصل کرنیکي کوشش کرنا (۳) بحث کرنا - جانچنا
Capacity, n. قابلیت قانوني - صلاحیت (۲) استعداد مقدور حیثیت - حالت - عہدہ درجہ - رتبہ
Capacity of, In the, بحیثیت
Official capacity بحیثیت عہدہ
Cape, n. حکمنامہ طلبي آسامي
Capias, n. حکمنامجات گرفتاري
Capita بادراس
Capital, a اهم - خاص - عمدہ
Capital, n. (۱) سرمایہ - اثاثہ (۲) دارالسلطنت - راج دهاني
Capital felonies, } جرائم کبیرہ جنکي
Capital offences, } سزا موت هے
Capital punishment, سزاے موت
Capital sentence, حکم سزاے موت
Capitalize, روپیہ تجارت میں لگانا
Capitation tax, محصول في کس یا في راس - جزیہ
Capite, Tenure in, بلا توسط بادشاہ کي طرف سے اراضي پر قبضہ
Capitulary, مجموعہ قوانین
Capitulation, n. (۱) اقرار نامہ باضابطہ (۲) شرایط قرار یادتہ پر دشمن کے سامنے هتهیار ڈال دینا (۳) دستاویز شرایط

Caption, *n.* وہ جزو دستاویز یا مسل کا جس سے یہہ ظاہر ہو کہ کہاں اور کب اور کس اختیار سے اوسکي تعميل کي گئي

Captive, *n.* قيدي

Capture, *n.* گرفتاري - ضبطي

Card, Business, وہ کاغذ جسپر پتہ و اشتہار تاجر ہو

Cards, On the, قرينہ هونا - داخل امور مجوزہ هونا - ممکن‌الوقوع هونا

Care, *n.* حفاظت - پرورش

Care of, بہ توجہ - بتوسط

Care, Ordinary, معمولي احتياط

Cargo, *n.* مال جہاز

Carnal knowledge, مباشرت

Carneage, (O. E. Law.) محصول داليسہ - محصول هل پر

Cart bote, (O. E. Law.) لکڑي جسکے لينے کا اسامي واسطے بنانے گاڑي اور آلات کشاورزي کے مستحق هے

Cart blanche, *n.* سادہ کاغذ دستخطي جو اس لئے ديا جاے کہ اوسپر لينے والا حسب مرضي شرايط تحرير کرے مراد اقرار بلا شرط سے هے

Carriage, سواري - ڈهلائي - باربرداري

Carriage, Hackney, کرايہ کي گاڑي

Carrier, *n.* حمال برندہ مال

Carry, *v.* - ليجانا - پهونچانا - چلانا جاري رکهنا - پيش ليجانا - غالب آنا

Carry-arms, (۱) مسلح نکلنا - هتيار ليکر نکلنا (۲) فوج ميں ملازمت کرنا

Carry into effect, بجالانا - جاري کرنا

Carry a point, کسي امر متنازعہ کي نسبت کامياب هونا اور اونکے مقابلہ ميں غالب آنا

Carry to an account, - سياهہ کرنا حساب پر چڑهانا

Carry on, چلانا - جاري رکهنا - ترقي دينا

Carry out, - تعميل کرنا - نظام کرنا پورا کرنا

Carncate, *n.* آراضي قابل کاشت ايک هل کے

Carve out, *v. t.* چهوٹي حقيت بڑي حقيت سے نکالنا

Case, *n.* (۱) صورت - حالت (۲) مقدمہ - نالش معاملہ - نزاع (۳) اپني عرض حال

Sessions case. مقدمہ سشن - مقدمہ قابل تجويز سشن

Summon's case. مقدمہ قابل اجراے سمن

Warrant case. مقدمہ قابل اجراے وارنٹ

To open a case ابتدا ميں مقدمہ کے حالات پيش کرنا

To close a case. مقدمہ کو ختم کرنا

Merits of the case. رويداد مقدمہ

Case-law, *n.* نظاير

Case stated, حالات مقدمہ تحريري جو بالاتفاق روبرو عدالت پيش کئے جاريں

Case, To make out, مقدمہ ثابت کرنا - بيان ثابت کرنا

Case of need, *See* Drawee in case of need.

Cash, *n.* نقد - زر نقد

Cash account, نقدي حساب - روزنہ کا حساب

Cash credit, *See* Bank credit.

Cash-keeper, تحويلدار

Cashier, *n.* خزانچي

Cast, *v. t.* مقدمہ ميں ناکامياب هونا

Cast in damages, هرجہ عايد هونا

**Caste**, *n.* قوم - ذات - برادري
High caste. اونچي ذات
Low caste. نيچ ذات
Of one caste. ايک برادري - ذات بهائي
Get back one's caste. ذات ميں پهر ملنا
Head of caste. چودهري
**Caste Disabilities Act**, قانون بغرض رفع ناقابليت متعلق ذات
**Caste, To lose**, برادري يا ذات سے خارج هونا - حقه پاني بند هونا
**Castigate**, *v. t.* سزا تازيانه دينا
**Casting lots**, قرعه اندازي
**Casting voice**, } **Casting vote**, } وه راے جس سے بصورت مساوي هونے راے يا ووٹ کے ايک جانب کثرت راے هو جاے
**Casual ejector**, نالش بيدخلي ميں مدعاعليه ترتيبي
**Casual leave**, چهٹي اتفاقيه
**Casual expenses**, اخراجات غير معمولي
**Casual pauper**, محتاج جو کسي محتاج خانه ميں داخل نهو
**Casualty**, حادثه
**Casus belli**, *n.* بناے جنگ
**Cat of nine tails**, *n.* تازيانه نو پهندے کا واسطے سزاے مجرمان
**Catalla, Catals**, مال منقوله
**Catching bargain**, معامله جو وارث عودي يا مابعد سے کيا جاے اور جسکا بدل نا کافي هو
**Catchpole**, *n.* عهدهدار شيرف
**Cattle**, *n.* مويشي
**Cattle-gate**, *n.* چراگاه ايک مويشي کا
**Cattle-shed**, *n.*- مويشي رکهنے کا مکان- گونٹه
**Cattle trespass**, مداخلت بيجا مويشيان

**Causa mortes**, بحالت مرض الموت
**Cause**, *n.* (۱) مقدمه - دعوى - نالش (۲) وجه - سبب - موجب
Small cause. مطالبه خفيفه - مقدمه خفيف
Without cause. - بلا وجه - ناحق - خوامخواه
Without reasonable and probable cause. بلا وجه معقول و قرين قياس کے
To advocate or plead one's cause. کسي کے معامله يا حجت کي پيروي يا تائيد کرنا - کسي کے پهلو کو تقويت دينا - حمايت کرنا
**Cause of action**, *n.* - بناے دعوى بناے مخاصمت
Misjoinder of causes of action. اشتمال بيجا بناے دعوى
To unite several causes of action. چند بناے دعوى کو شامل کرنا ( الگ نالس ميں )
Multifarious cause of action. تعدد دعوى
**Cause list**, *n.* فهرست مقدمات
**Cause, Order to show.** حکم اظهار وجه
**Cause**, *v. t.* پهونچا
**Caution**, } **Cautionary**, } (۱) پيش - قسم کي (۲) ضمانت - علاج که کرنا امر متعلق اراضي کے بلا مطالع دنے اوس شخص کے جس نے اشتهار جاري کيا کيا جاے
**Caution money**, *n.* زر ضمانت
**Cautioneer**, (S. Law) ضامن
**Caveat**, (لفظي) - عذرداري - اطلاعنامه - معني هشيار باش)
**Caveat emptor**, مسئله خريدار هشيار

بانس يعني يهه ٭ خريدار کو ديکهه بهال کر خريداري کرنا چاهئے

To enter a caveat. يهه اطلاع تحريري که جب تک فريق مخالف کا عذر سن نه ليا جاے کارروائي نسبت عطاے پروبيت نه کيجاے

Caveator, اطلاع عذر مذکور کا کرنے والا

Cede, *v. t.* منتقل کرنا - مفوض کرنا

Ceded provinces, ممالک مفوضه

Celebrate, *v. t.* رسوم ادا کرنا - نمايش کے ساتهه کسي کام کا بجا لانا

Celebacy, *n.* بلا ازدواج رهنا - سنياس

Cell, Prison, قيد خانه کي کوٹهري

Censor, *n.* عهده دار جسکو اختيار ملاحظه کرنے اخبارات وغيره کا قبل اونکے اشاعت کے هو

Censure, *n.* - ملامت - اظهار نا خوشي سزا - چشم نمائي

Census, *n* مردم شماري

Central Jail, بڑا جيلخانه

Century, *n.* صدي

Cepi corpus, جواب شخص که مينے گرفتار کيا

Ceremony, *n.* رسم

Religious ceremony. رسوم مذهبي

Funeral ceremony. کريا کرم - رسم تجهيز و تکفين

Adoption ceremony. رسم دتک کي - دتک کريا

Marriage ceremony. رسوم شادي

Certain, Sum, رقم معينه

Certainty, *n.* صاف هونا - صريح

Certificate, *n.* سند - سند لياقت - سارٹيفکٹ - تصديق عبارت - تصديق

Certificate of death. فوتي نامه

Certificate of clearance. چٹهي راه داري - نکاسي کي چٹهي

Certificate of despatch, چالان

Certificate of posting, رسيد ڈاک ميں ڈالے جانے کي

Certificate of guardianship, سارٹيفکٹ ولايت - يعني اس امر کي که شخص سارٹيفکٹ يافته ولي نابالغ کا مقرر کيا گيا

Certificate of succession, سارٹيفکٹ وراثت - سارٹيفکٹ اتصال قرضه (بابتي متوفي)

Certificate of sale, - سارٹيفکٹ نيلام قباله نيلام

Certificate, Trial by, تجويز بر بناے سارٹيفکٹ

Certificate cheque, چک جسکي تصديق بنک نے کي هو

Certified-copy, *n.* نقل مصدقه

Certified payment, ادائگي تصديق کرنا - ادائگي جسکي عدالت ميں حسب ضابطه تصديق هو گئي هو

Certified purchaser, خريدار سارٹيفکٹ يافته - اس سارٹيفکٹ کا يهه اثر هے که ملکيت جائداد نيلام شده کي تاريخ سارٹيفکٹ سے خريدار کو حاصل هوجائيگي نه اوس سے پهلے - سارٹيفکٹ ميں تاريخ بحالي نيلام کي درج هوگي

Certiorari, حکمنامه يا درخواست منتقل کرنے مقدمه کي عدالت ادني سے عدالت اعلى کو

Cess, *n.* ابواب - محصول

Cessation, *n.* اختتام - موقوفي

Cessation of right, موقوفي حق

Cessavit, نالش آسامي پر جسنے دو سال سے لگان بذريعه زر نقد يا خدمت کے ادا نکيا هو

Cession, *n.* تفويض - حوالگي

Cestui, } مامون له - وه
Cestui qui trust, } شخص جسکے فایده کے لئے امانت کي گئي هو

Cestui qui use, معطي له

Chafe wax, عہدهدار - مہر کننده

Chain (also called Gunter's chain) جریب - جسقدر زمین ایک جریب کي پیمائش میں آئے - ۱۰ مربع جریب کا ایک ایکڑ هوتا هے

Chair, *n.* میر مجلس - حاکم جلسه

Chair, to take, میر مجلس بننا

Chairman, *n.* میر مجلس

Challenge, *v. t.* کسي اهل جوري کي نسبت اعتراض کرنا (۲) اعتراض کرنا - کسي سے کسي امر کي نسبت مقابله چاهنا - استحقاقاً دعوي کرنا

Chamber, *n.* (۱) کمره جسمیں وکلا اپنے معاملات پیشه کرتے هیں (۲) جسمیں حاکم عدالت اوس قسم کا کام کرتے هیں جسکا کرنا عدالت عام میں ضروري نهیں هے

Chamber, To sit in. کمره میں جج کا کام کرنا

Chamber council, کونسل یا ممبران قانوني جو مسوده دیتے هیں لیکن بحث نهیں کرتے

Chamberlain, *n.* عہدهدار دربار شاهي

Chamber of commerce, بورڈ یا جماعت بغرض محفوظي حقوق تجارت

Champerty, *n.* روپیه دیکر مقدمه بازي کرنا - مقدمه اس شرط سے لڑوانا که بشرط کامیابي شے ڈگري شده سے حصه دیا جائیگا (۲) خریداري حق نالش

Chancellor, *n.* چانسلر - اعلی حاکم خزانه

Chancellor, Lord, سب سے اعلی حاکم عدالت انگلستان جو پریوي کونسل میں بهي اجلاس کرتا هے

Chance, *n.* اتفاق - موقع

Chance-medley, قتل انسان به استعمال حفاظت خود اختیاري

Chancery, *n.* عدالت اعلی ترین انگلستان

Change, *n.* (۱) خورده (۲) تبدیل مبادله

Channel, مجراے آب - نالہ - دریا کا پیٹا

Channel, Proper, بسلسله مناسب

Changer, *or* Chunger عہدهدار دارالضرب یا ٹکسال جو بجاے سونے یا چاندي کے سکه دے

Chapter, *n.* (O. E. Law.) فہرست اون مقامات کي جو روبرو عدالت پیش هونے والے هوں

Chapter, *n.* (۱) باب (۲) حصه جماعت مذهبي

Character, *n.* شہرت عام - چال چلن

Character, Bad, (۱) بد چلني (۲) بدمعاش

Character book, *n.* اعمال نامه

Character, *n.* - حرف - نشان - خط - شان خط

Characterize, *v. t.* موسوم کرنا - بیان کرنا

Chracteristic, خصوصیت - حقیت

Charge, *n.* (۱) بار کفالت (۲) شخص یا شے زیر اهتمام (۳) الزام (۴) ذمه داري - حفاظت (۵) خلاصه شہادت اور هدایت جو جج جوري کے روبرو بیان کرے

Charge sheet. *n.* فرد قرار داد جرم

Charge to Jury. جوري کو هدایت کرنا

Amended charge. فرد جرم مرمه

Formal charge. فرد جرم باضابطه

Head of a charge. فرد قرار جرم

To draw up a charge. فرد جرم مرتب کرنا

To add to a charge فرد جرم میں اضافہ کرنا ۔ فرد جرم میں جرم بڑھانا
To answer a charge. جوابدہي کرنا
To take charge. چارج لینا ۔ کسي عہدہ کا کام یا اهتمام لینا
To make over charge. تفویض کار عہدہ ۔ کسي عہدہ کا کام سپرد کرنا ۔ چارج دینا
Charges, n. (۱) اخراجات (۲) رقم جو حساب میں نام کي طرف ڈالي جاے
Contingent charges. خرچہ متفرق
Joinder of charges. اشتمال الزامات
Withdrawal of charges. الزام سے دست برداري
Charge, v. (۱) الزام لگانا ۔ جرم قایم کرنا (۲) ذمہداري عاید کرنا (۳) بار عاید کرنا ۔ کفالت قایم کرنا
Chargeable, a. واجب الاخذ
Charging order, حکم قایم کرنے بار کا جایداد مدیون پر
Charities, n. خیرات ۔ وقف
Charitable endowments, اوقاف خیراتي
Charitable society, انجمن بغرض انتظام امور وقف
Charitable use, اغراض خیراتي
Chart, n. نقشہ
Charta, n. (۱) وہ کاغذ یا پارچہ جسپر دستاویزات تحریر کي جاتي هیں (۲) دستاویز یا فرمان جسکے رو سے کوئي عطیہ کیا جاے
*See* also Magna charta.
Charter, n. (۱) فرمان (۲) شہادت دستاویزي کسي معاهدہ کي جو باهم اشخاص کے هوا هو
Charter, Royal, n. فرمان شاهي
Chartered High Court, هائي کورٹ جو بموجب فرمان شاهي کے قایم کئے گئے هیں
Charteror, n. جہاز کا کرایہ کرنے والا
Charter-land, n. جایداد مضبوطہ بذریعہ دستاویز
Charter party, n. جہاز کا کرایہ نامہ سرخط کرایہ جہاز جسکي رو سے جہاز یا کوئي خاص بڑا جزو اوسکا کرایہ لینے والے کے خاص اعراض کے لئے کرایہ پر دیا جاتا هے
Chastity, عظمت ۔ عفت
Chattel, n. مال منقولہ ۔ مال ذاتي
Chattel-mortgage, رهن یا گرو
Chattel, Personal, اسباب ۔ اشیاے منقولہ
Chattel, Real, حقوق متعلقہ شے غیر منقولہ ۔ اشیاے غیر منقولہ
Cheat, n. حصول مال بذریعہ فریب یا دغا کے
Cheating by personation, دغا بذریعہ ادعا
Cheat, v. t. دغا دینا ۔ فریب دینا
Check, v. جانچنا ۔ جایزہ دینا ۔ مقابلہ کرنا
Check, n. روک ۔ ممانعت ۔ انسداد ۔ قید (۲) جانچنا ۔ مقابلہ
Chemical analysis, تجربہ کیمیاوي
Chemical Examiner, n. کیمیکل ایگزیمنر ۔ ممتحن کیمیا
Cheque, n. چک ۔ رقعہ جو ایک خاص کوٹھي وال پر لکھا گیا هو اور اوسمیں محض عندالطلب ادا کئے جانے کا حکم هو
Chest, n. (۱) سینہ (۲) صندوق
Chicanery, n. فریب یا کارسازي مقدمہ میں

**Chief**, *n.* (۱) سردار - اعلی حاکم (۲) خاص - اهم

**Chief controlling revenue authority**, اعلی حاکم منتظم مال

**Chief, Examination in**, سوال فریق اول

**Chief-judge**, *n.* حاکم اعلی

**Chief justice**, چیف جسٹس - حاکم اعلی هائي کورت

**Chief-presidency magistrate**, چیف پریزیڈنسي مجسٹریٹ - یعني اعلی مجسٹریٹ بلدہ

**Child**, طفل - بچه

**Childless**, *a.* لاولد - جسکے اولاد ذکور نه هو - پتر هین

**Chirograph**, *n.* دستاویز دو پرتي

**Chirographer**, } *n.* دستاویزات کاتب
**Chirographist**, } تحریر کرنے والا

**Chivalry**, *n.* حقیت بغرض معاوضه اداے خدمت کسي نایت یا سپاهي کے

**Chivalry, Court of**, ایک عدالت قدیم انگلستان جو معاهدات و معاملات متعلق کار جنگ وغیرہ فیصله کرتي تهي

**Choice**, *n.* انتخاب - پسند

**Chose**, *n.* شے - جایداد ذاتي

**Chose in action**, } حق وصول
**Chose in suspense**, } قرضه یا زر بذریعه نالش

**Chose in possession**, حق معه القبضه

**Chose local**, شے متدعریه ملحقه مثلاً کہ اراضي پر

**Chose transitory**, جایداد منقوله

**Christen**, *v. t.* اصطباغ یا بپتسمه دینا

**Christian era**, سنه عیسوي

**Chronic**, مزمن - دیر تک رهنے والي

  **Chronic disease.** مرض مزمن

**Chronogram**, مادۂ تاریخ

**Chronological order**, به ترتیب تاریخ و سنه

**Church rate**, محصول واسطے اداے اخراجات گرجا

**Circle**, *n.* حلقه

**Circles of issue**, وہ مقامات جہاں سے نوبت مل سکتی هیں

**Circuit**, *n.* دورہ - علاقه دایر سایر

**Circuit-court**, *n.* عدالت سشن - عدالت دایر سایر

**Circuity of action**, *n.* تعدد نالش

**Circular**, *n.* چٹھي گشتي - سرکلر - احکام گشتي

**Circular notes**, هنڈي معه چٹھي سفارشي جسکا روپیه حامل چٹھي کے دستخط سے مل سکتا هے

**Circulate**, *v. t.* گشت کرنا

**Circulation**, *n.* گست - اجرا

**Circumcise**, *v. t.* ختنه کرنا

**Circumduce**, *v. t.* شہادت کے دبس کرنے کا وقت ختم هونا (Scotch Law)

**Circumlocution office**, دفتر سرکاري جسمیں دو حرف چند صیغوں میں کام کیے جانے کے توقف هوتا هے (طنزیه)

**Circumscribe**, *v. t.* محدود کرنا - مخصوص کرنا

**Circumstance**, *n.* حالت - صورت امر واقعه

  **Under the circumstances.** بلحاظ حالات

**Circumstantial evidence**, شهادت قرایني - شهادت قراین حالات

**Circumvention**, *n.* فریب دهي - حیله - مکر - حیله سے فائدہ اوٹھانا

**Cis-Sutlej**, ستلج کے اسطرف

**Citation**, *n.* (۱) سمن - سفینه واسطے حاضري کے (۲) حواله نظیر یا کتاب مستند کا

Cite, *v. i.* (۱) اطلاعنامہ جاري کرنا - طلب کرنا (۲) حوالہ دینا (نظایر کا)
Cited, Cases, مقدمات محولہ
Citizen, *n.* باشندہ - وہ شخص جسکو حق راے دینے کا حاصل ھو
City, *n.* شہر - قصبہ
Civic, *a.* متعلق حقوق مدني
Civil, *a.* دیواني - خلاف فوجداري
Civil action, Civil suit, } نالش قسم دیواني
Civil death, (۱) وفات قانوني - سنیاس - ترک وطن (۲) محرومي حقوق سے بوجہ بغاوت (۳) کسي وجہہ سے اُن اشخاص سے قطع تعلق ھونا - جو پابند قانون ھوں جسکي وجہہ سے وہ اشخاص نکلنے کوئي حقوق یا فواید حاصل کرنے سے محروم ھو
Civil force, پولیس
Civil jail, جیلخانہ دیواني
Civil law, (۱) قانون دیواني (۲) قانون رومیہ
Civil list, (۱) بادشاہ کے خانگي اخراجات کي فہرست (۲) فہرست عہدہ داران ملکي
Civil nature, Suit of, نالش از قسم دیواني
Civil remedy, چارہ کار قسم دیواني چارہ کار قسم دیوانيجو ھر شخص کو حاصل ہے بخلاف چارہ کار فوجداري کے جسمیں سرکار مدعي ھوتي ہے
Civil service, سول سروس - عہدہداراں متعہد
Civil servant, ملازم ملکي - عہدہداران متعہد
Civil surgeon, سول سرجن
Civil suit, نالش دیواني
Claim, *n.* دعوی - اظہار حق - نالش
Admission of claim, اقبال دعوی
Withdrawal of claim. باز دعوی
Claim, preferential. حق مرجح
Claim, whole, کل دعوی - جو ایک بناے دعوی سے پیدا ھو
Claimant, *n.* دعویدار - مدعي
Claimant by pre-emption, شفیع
Clan, *n.* قوم - فرقہ
Clandestine, *a.* چوري سے - چھپاکر - پوشیدہ طور پر
Class, *n.* طبقہ - فرقہ - درجہ - جماعت
Classification, *n.* تقسیم اقسام میں - تقسیم مدات
Clause, *n.* فقرہ - شرط - ضمن
Clean hands, بلا فریب یا دھوکہ کے
A man must come in court with clean hands. دعویدار کو عدالت میں بلا داغ فریب کے حاضر ھونا چاھئے
Clean bill of health, سارٹیفیکٹ کہ جہاز پر بیماري نہیں ھے
Clean breast, To make, اقرار جرم کرنا - سب حال کہنا
Clear days, یوم کامل - یعني پورے دن اول اور آخر یوم خارج کرکے
Clear up, *v. t.* صاف کرنا - شبہہ رفع کرنا
Clear, (used with *from* before the thing imputed). الزام یا شبہہ سے بري کرنا
Clearing, *n.* ھنڈي یا چک وغیرہ کا تصفیہ حساب کرنا
Clemency, شفقت - رحم - مجرم کے ساتھہ رحم سے پیش آنا
Clerical error, غلطي کتاب
Clerk, *n.* محرر - اھلمد
Clerk, Registration, محرررجسٹري
Clerk of the Crown, کلارک جو سشن میں کام کرے - محرر فوجداري

Clerks of the seats, محرر جو چٹھیات اهتمام و پرویبیٹ مرتب کرتے هیں
Clew, *n.* نشان - پته - سراغ
Client, *n.* موکل
Clique, *n.* سازش - بندش
Clog, *n.* روک *v.* روکنا
Clog on the equity of redemption, امر مانع حق انفکاک ایسي شرط جس سے قید هو حق انفکاک پر لگائي جاے
Close, *n.* اختتام
Close, *v. t.* بند هونا - ختم هونا
To close with. معامله طے کرنا
To close on *or* upon. - اتفاق کرنا راضي هو جانا
Close, *a.* سخت نگراني میں مثلاً
Close prisoner, قیدي جو زیر نگراني سخت هو
Close writs, فرمان شاهي سر به مهر
Closely, *n.* (۱) بوجه سے - بغور (۲) نزدیک نزدیک (۳) سنگ سنگ - سختي سے
Closely related, رشته قریبي هونا
Closure, *n.* اختتام بحث و طلب کرنا راےیا ووٹ کا (عمل درآمدپارلیمنٹ)
Cloud on title, نقص ظاهري استحقاق جو فیصله عدالت عدل سے یا فارغخطي کے حاصل کرنے سے رفع هوسکے
Clough, *n.* مجراني کمي وزن
Club, (۱) کلب - مقصد مشترک کے لئے لوگوں کا مجمع (۲) ڈنڈا-لاٹھي
Club-law, زورآوري
Coach, stage, چوپهیه گاڑي جسپر مسافر ایک شهر سے دوسرے شهر میں جائیں
Cockpit, نام سابق جوڈیشل کمیٹي پریوي کونسل
Code, *n.* مجموعه قوانین
Civil Code, مجموعه قوانین فرانس
Civil Procedure Code. مجموعه ضابطه دیواني
Coders, *n.* ڈایجسٹ قوانین
Co-defendant, *n.* مدعاعلیه شریک
Codicil, *n.* تتمه وصیت نامه
Codification, *n.* ترتیب و اجتماع قوانین
Co emptio, (*Rom. Law*). بیع زوجه بحق شوهر
Co-ercion, *n.* جبر - سختي - زبردستي
Co-ercive measures, - تدابیر تدارک تدارک
Co-eval, *a.* همعصر
Co gent, *a.* مستحکم - معقول
Co-gnates, *n.* بندهو - رشتهدار بذریعه اناث
Cognition, *n.* (۱) علم - ادراک تجویز
Cognition sale, اجازت فروخت اراضي شخص ناقابل
Cognizable, *a.* (۱) قابل دست اندازي (۲) قابل سماعت
Cognizable offence, جرم قابل دست اندازي پولیس
Cognizance, *n.* (۱) اختیار سماعت
Take cognizance, ( ۲ ) سماعت و تجویز کرنا (۳) (Eng. Law.) اقرار اداے پیشکش یا تاوان ( ۴ ) جواب عذرداري قرقي که قرقي بحیثیت ملازم یا کارنده کے عمل میں آئي
To take cognizance of a case. مقدمه کي سماعت کرنا
Cognovit, *n.* اقبال دعوی
Co-habit, *v. t.* هم خانگي کرنا - مباشرت کرنا
Co-habitation, *n.* هم خانگي - هم بستري
Co-heir, *n.* وارث شریک احدالورثه

Coif, n. ایک قسم کی ٹوپی جو بعض جج انگلستان میں پہنتے ہیں
Coin, n. سکہ
Current coin. - سکہ رائج الوقت
چلتا سکہ
False coin. کھوٹا سکہ - تلبیس سکہ
Cracked, - چھوٹا روپیہ - تیس روپیہ
Rubbed coin. گھسا روپیہ
Coin, Queen's (King's). سکہ شاہي
Coiner, n. سکہ ملتبس بنانے والا
Coinage, a. سکہ بنانا
Coition, n. مجامعت
Cold blood, بلا وجہہ حرارت - بے رحمي سے بلا اشتعال طبع
Collate, v. t. (۱) مقابلہ کرنا - دلایل و براهين پر غور کرنا (۲) یکجا کرنا - فراهم کرنا
Collateral, n. یکجدي - رشتہ‌دار طرفي
Collateral security. کفالت مزید
Collateral issues. (۱) امور تنقیح طلب ضمني (۲) مقدمات فوجداري میں عذر جو ملزم علاوہ امر زیر بحث کے پیش کرے (۳) سوال جرح کے جواب میں گواہ کا کوئي ایسا امر بیان کرنا کہ جسکي نسبت اعتراض نہیں کیا جاسکتا
Collateral relation. بھائي بند
Collaterals, n. رشتہ داران طرفي
Collation, n. مقابلہ اصل کا نقل سے
Collation of seals, مقابلہ مہروں کا بغرض دریافت اصلیت کے
Colleague, n. هم جلیس
Collect, v. t. تحصیل کرنا - وصول کرنا
Collections, n. محاصل - زر وصول شدہ - تحصیل
Collective, n. یکجائي - مجموعي
Collective note. یادداشت جسپر مختلف سلاطین کي طرف سے دستخط هوں
Collector, n. کلکٹر - تحصیل کنندہ محصولات
Collectorate, n. علاقہ کلکٹري - دفتر کلکٹري
Collegatary, n. موهوب لہ شریک
Collision, n. جہاز یا ریل کا لڑجانا تصادم
Collude, v. سازش کرنا - باهم متفق هوکر کارروائي کرنا
Collusion, n. سازش
Collusive, a. سازشي
Colony, n. ملک نو آباد
Colonize, v. t. آباد هونا (دوسرے ملک سے آکر)
Color, n. نمایش - بہانہ - حق نمایشي
Colorable, a. نمایشي
Colorable transaction, معاملہ نمایشي
Column, خانہ - مد - خانہ پوري کرنا خانہ میں سطر لکھکر رکھنے دینا
Filling up a column. خانہ پوري کرنا
Combine, a. سازش کرنا
Combination, n. سازش - داهي اتفاق (بغرض ناجایز) ایکا - جتھا
Come into force, نافذ هونا
Come to, تعدادي
Come to terms, راضي هونا - شرایط قبول کرنا - تصفیہ هونا
Comity, n. اتفاق - ارتباط
Comity of nation, قوانین ملک غیر کا تسلیم کرنا
Commandment, n. (۱) جرم حکم دینے یا ترغیب دینے ارتکاب جرم کا (۲) دس احکام الهي میں سے کوئي حکم

**Commencement**, *n.* - آغاز - شروع - اِبتدا

**Commensality**, ساجھي رهنا - شرکت بذریعۂ خورد و نوش

**Commensurate**, برابر - هم انداز - مساوي - مطابق

**Comment**, *v. t.* راے ظاهر کرنا - حاشیۂ لگانا - اعتراض کرنا

**Comentator**, *n.* شارح - ٹیکا کرنے والا

**Commentary**, *n.* (۱) شرح - ٹیکا (۲) یادداشت

**Commerce**, *n.* (۱) تجارت - لین دین - بیوهار (۲) چلن (۳) مواشرت - معاشرت

**Commercial paper**, دستاویزات قابل بیع و شرٰي

**Commissariat**, *n.* کمسریٹ - صیغۂ توشہ خانۂ

**Commissary**, *n.* وہ شخص جسکے کوئي خاص خدمت سپرد کي جاے - نائب

**Commission**, *n.* (۱) کمیشن (۲) بند کمیشن - حکم تقرر اهل کمیشن - خدمت سپرد شدہ - اختیار مفوضہ (۳) اِرتکاب (۴) دلالي (۵) جماعت و جلسۂ اشخاص بغرض انجام دهي کسي خاص کام کے

To do business on commission. آڑھت کا کام کرنا

To issue a commission. کمیشن جاري کرنا - اهل کمیشن مقرر کرنا - کسي شخص کو بغرض کرنے کسي کار عدالت کے مقرر کرنا

To execute on commission. کمیشن کي تعمیل کرنا

The return, to a commission. کمیشن کي کیفیت - رپورٹ تعمیلي کمیشن

**Commission practice**, رواج - دستور

**Commission of the peace**. کمیشن جسکي رو سے ایک یا ایک سے زیادہ جسٹس آف دي پیس مقرر کئے گئے هوں

**Commissioner**, *n.* کمشنر - اعلي عہدہ دار صیغۂ مال

Judicial Commissioner. جوڈیشل کمشنر - جج عدالت عالیہ

**Commit**, *v. t.* (۱) حوالات میں دینا (۲) سپرد سشن کرنا (۳) اِرتکاب

To commit a bill. مسودہ سپرد کمیٹي کرنا

**Commitment**, *n.* (۱) حکم سپردگي سشن یا حوالات (۲) سپردگي (۳) اِرتکاب

**Committee**, *n.* (۱) کمیٹي - جماعت جسکے سپرد کوئي کام کیا گیا هو (۲) ولي - محافظ مجنون یا فاترالعقل

**Committing magistrate**, مجسٹریٹ سپرد کنندہ

**Commodate**, *n.* قرضۂ بلا بدل

**Commodatum**, *n.* عاریت

**Common**, *a.* (۱) مجمل (۲) شرکت فواید - مثلاً حق چراگاہ و ماهي گیري وغیرہ

Common ancester, مورث متعہد

Common bar. *See* Blank bar.

Common bench, عدالت کامن پلیز

Common carrier. حمال پرندہ مال

Common law. کانون رواجي و نظایز عدالت

Common nuisance. امر یا شے باعث تکلیف عام

Common informer. مخبر

Common ground, غرض مشترک

Common pleas, عدالت اعلی دیوانی انگلستان جنکا اجلاس ویسٹ منسٹر میں هوتا هے

Common seal, مُهرِجماعت سند یافتہ

Common, tenant in, قابض بالاجمال

Commonable, n. وه شے جسکے نسبت حق مشترک حاصل هو سکتا هو مثلاً چراگاه وغیره

Commoner, n. ممبر هاؤس آف کامنس کا

Commons, عوام

House of Commons. جلسہ پارلیمنت انگلستان درجہ دویم

Commonwealth, n. سلطنت جمهوري

Commorancy, n. جاے سکونت اندر کسي ضلع کے

Commorant, a. ساکن - باشنده

Commorient, a. ایک ساتهه فوت هونا جب چند آدمي جهاز کے تیلا هوئے یا کسي اور وجهه سے ایک ساتهه هلاک هوں تو اسوقت یهه قیاس نهیں کیا جاسکتا کہ کون پیچهے مرا

Communicate, v. t. اطلاع دینا - خبر کرنا - ظاهر کرنا - مراسلت کرنا

Communication, n. مراسلت - اطلاع اظهار

Community of interest, تعلق بلحاظ حقوق - مکر معاملہ هونا - شراکت

Communication, Priviledged, مراسلت منصبي - ایسي بات جسکا عدالت میں ظاهر کرنا لازمي نهو وه امر جو موکل اپنے وکیل یا کونسل کو اوسکے پیشہ کے اعتبار سے اور جسکا ظاهر کرنا لازمي نهو

Community, n. جماعت - گروه - خاص و عام

Commutation, n. تبدیل

Commutation of rents, تبدیل لگان جنس نقدي میں

Commutation of sentences, تبدیل سزا

Commutative contract, معاهده بطریق مبادلہ

Commute, v. تبدیل کرنا - سزا شدید کا سزا خفیف قایم کرنا

Compact, a. یکجاے

Compact partition, بٹواره یکجاے تهوک بت معابلہ کهیت بت

Compact, a. یکجاے

Company, n. (۱) کمپني - جماعت - (۲) فوج کا ایک حصہ

Company Limited, *See* Limited.

Company registered, کمپني رجسٹري شده

Comparative, a. متقابل

Comparative statement, نقشہ کمي و بیشي

Comparison of hands, مقابلہ شان خط

Compass, v. t. ارادہ کرنا - قصد کرنا - مثلاً قصد هلاکت

Compatible, a. تطابق - نقیض نهونا

Compel, v. t. مجبور کرنا

Compensate, v. t. معاوضہ کرنا - معاوضہ دلانا

Compensation, n. معاوضہ - مجرائي حساب و کتاب میں

Competency, n. (۱) مجاز هونا - قابلیت قانوني (۲) اختیار

Competent, a. مجاز - قابل - کامل

Competent court. عدالت مجاز - عدالت جسکو مقدمہ کي سماعت کا اختیار هو

Competent witness, جو شہادت گوا۰ دینے دي (بلحاظ عمر و عقل وغیرہ) صلاحیت رکھتا هو - گواہ مجاز

Competition, *a.* مقابلہ - ایک هي شے کے لئے دو یا زیادہ اشخاص کي پیروي

Competitive examination, إمتحان مقابلہ کا

Complainant, *n.* - مستغیث - فریادي - نالشي

Complaint, *n.* إستغاثہ - نالش

Completion, *n.* إختتام

Compliance, *n.* تعمیل

In compliance with.- بموجب حکم حسب - بالتعمیل - حاغباغ

Complications, پیچیدگیاں

Component parts, اجزاے ترکیبي

Compose, (۱) بنانا - مرکب کرنا - شامل کرنا (۲) تسکین دینا (۳) طے کرنا - تصفیہ کرنا

Composition, *n.* معاملہ - تصفیہ بادا۔ے جزوي

Composition-deed, تصفیہ نامہ - صلحنامہ - راضي نامہ - صادي نامہ - یعني وہ دستاویز تکمیل کردہ مدیون جسکي رو سے وہ اپني جایداد واسطے فایدہ دایناں کے سپرد کردے یا جسکي رو سے کوئي حصہ رسدي یا ڈیویڈنڈ زر هاے قرضہ کا دایناں کے لئے محفوظ رکھا جاتا هے یا جسکے رو سے مدیون کے کاروبار جاري رکھنے کا بندوبست اوسکے دایناں کے فایدہ کے لئے کیا جاے

Compound, *v. t.* (۱) مصالحت بابت جرایم کے کرنا (۲) داین کي شرایط کو قبول کرکے روپیہ ادا کرنا

Compoundable offence, جرایم قابل راضي نامہ

Compound interest, سود بالاے سود - سود در سود

Comprehensive, *a.* جامع

Compromise, *n.* صلحنامہ - راضي نامہ - مصالحت

To effect a compromise. راضي نامہ کرانا - صلح کرانا

Deed of compromise. - صلحنامہ - راضي نامہ

Comprint, (O. E. L) *n.* حق تصنیف کي خلاف ورزي کرکے چھاپنا - چوري سے چھاپنا

Comptroller, *n.* - حاکم محاسب - حاکم حساب جانچنے والا

Compulsory labour, محنت جبریہ

Compulsion, *n.* جبر - زبردستي

Compurgator, *n.* حلفاً اظہار بیجرمي کرنے والا

Compurgation, *n* محضر نامہ بے گناهي حلفیہ

Compute, *v. t.* شمار کرنا - حساب کرنا

Concealment, *n.* اخفا - رازداري

Concealment, Active, اخفا بذریعہ عمل - یعني فریب میں داخل هے اور بنا انفساخ معاهدہ کي هے

Concern, *n.* کارخانہ (۲) تعلق

Concerned, Parties. فریقین متنازعین

Concession, *n.* رعایت - مراعات

Conciliate, *v.* صلح کرانا - میل کرانا

Concise statements, بیانات مختصر

Conclude, *v. t.* - (۱) ممنوع هونا - مانع هونا (۲) گنجایش نہ رهنا - قطع هونا (۳) ختم کرنا

Conclusion, *n.* (۱) اختتام (۲) نتیجہ - فیصلہ

Conclusion to the country, جوري کي طرف رجوع کرنا

Conclusion, To try, - مقابلہ کرنا - جنگ کرنا

Conclusive, *a.* قطعي

Conclusive answer, - جواب شافي
جواب اخير
Conclusive evidence, شهادت قطعي
ايسا ثبوت جسكي ترديد قانوناً جاير
نهو - ثبوت قطعي
Conclusive presumption, قياس
قطعي - قياس جسكي ترديد قانونا
نهو سكے
Conclusive proof, ثبوت قطعي
Concoct, (Evidence) *v. t.* شهادت
بنانا
Concord, *n.* (۱) اقرار باهم فريقين
نسبت پهونچنے اراضي كے
(O. E. Law.) - (۲) اتفاق راے -
راضي نامه
Concubinage, *n* زن مدخوله هونا
Concubine, *n* زن داشته - زن مدخوله
Concur, *v. t* اتفاق كرنا
Concurrent, *a.* متفق
Concurrent judgment, تجويز متفقه
Concurrent jurisdiction, عدالتوں
كا اختيار مساوي هونا
Concurrent offences, جرايم جو ايک
هي شخص نے كئے هوں
Concurrent sentences, احكام سزا
جنكي تعميل ايک ساتهه كي جاے
Concurrent writs, حكم نامجات بنام
ايک هي شخص كے مگر مختلف
مقامات كے لئے
Concuss, *v. t.* مجبور كرنا - استحصال
بالجبر
Concussion, *n.* استحصال بالجبر
Condemn, *v. t.* - (۱) مجرم قرار دينا
حكم سزا صادر كرنا (۲) جرمانه يا
هرجه عايد كرنا (۳) حكم ضبطي صادر
كرنا (۴) ناقص قرار دينا
Condign, *a.* مناسب سزاے سخت
تدارک

Condition, *n* شرط - قيد
Conditions of sale, - شرايط نيلام
وه شرايط جو نسبت نيلام جايداد كے
مقرر كي گئي هوں
Condition precedent, شرط ماقبل
Conditional, *a.* شرطيه - مشروط
Conditional promise, اقرار شرطيه
Conditional sale, بيع دالوفا
Condonation, *n.* اغماض-چشم پوشي
شوهر كي جانب سے نسبت جرايم متعلقه
ازدواج كے
Condone, *v. t.* معاف كرنا - چشم پوشي
كرنا - خصوصاً نسبت جرايم متعلقه
ازدواج كے
Conduct, *n.* (۱) طريق عمل - چال
چلن (۲) پيروي (۳) ليجانا -
همراه هونا
Conduct, *v. t.* پيروي كرنا - كام چلانا
Conducted, properly, مناسب پيروي
كي گئي
Conduct money, گواه كا سفر خرچ
Conducting the sale, كارروائي نيلام
Confederacy, *n* سازش
Confer, *v. i* - معامله كي گفتگو كرنا -
صلاح كرنا
Conferrable powers, اختيارات قابل
عطا كرنے كے
Conference, *n.* (۱) كانفرنس - جلسه
مشوره (۲) گفتگو باهم موكل و وكيل
Confess, *v.* اقبال كرنا - اقرار كرنا
تسليم كرنا
Confess guilt, اقبال جرم كرنا
Confess debt, قرضه كا اقرار كرنا
Confession, *n* اقبال جرم - اقرار
(نوٹ)— لفظ Confession خاص
طور پر اقبال جرم كے لئے استعمال كيا
جاتا هے در خلاف اسكے مقدمات ديواني

میں Admission استعمال هوتا هے
To extort confession. جبرا اقبال جرم کرانا
Confession of defence. اقبال جوابدهي کا بلحاظ واقعات جو بعد ارجاع نالش ظهور میں آئے
Confession of judgment, اقبال دعوی
Confidence, *n.* اعتماد
Confidential, *a.* پوشیده - راز دار
Confidential communication. مراسلت قابل اخفا - مراسلت منصبي
Confidential debts, قرضجات مقدم الادا
Confine, *v. t.* قید کرنا - محدود کرنا
Confinement, Solitary, قید تنهائي
Confinement, Wrongful, حبس بیجا
Confirm, *v. t.* بحال کرنا - منتقل کرنا
دحال رکهنا - منتقل کرنا ( تقرر کو ) ( ۳ ) وعده کو مضبوط کرنا - ( ۴ ) مزید هونا
Confirmation, *n.* ( ۱ ) دستاویز جسکي رو سے انتقال قابل فسخ صحیح قرار دیا جاے یا اسمیں اضافه کیا جاے ( ۲ ) چهٹیات اهتمام ( ۳ ) بحالي
Confiscate, *v.* ضبط کرنا - مال سرکاري قرار دینا
Conflict of laws, تناقض قوانین
Conflicting, مخالف - تناقض - نقیض
Conformity, Bill of, درخواست جو ایسي صورت میں پیش کي جاے جب اهتمام ترکه میں دقت هوتا که عدالت سے هدایت اور ڈگري ذیعیه مطالبات داینان صادر کي جاے
Conform, *v.* مطابق کرنا - پابندي کرنا تعمیل کرنا
Confrontation, *n.* مقدمه ازدواج میں رسپانڈنٹ کا واسطے شناخت کے عدالت میں پیش کرنا

Confusion, بے ترتیبي - ابتري - اختلاط - انتها - شورش و غوغا
Confusion of property, مخلوط هونا مال یا جایداد کا جب مال برضامندي مخلوط کیا گیا هو تو یهه قیاس کیا جاتا هے که مال بقدر حصص کے هے لیکن جب بلا رضامندي کیا گیا هو تو کل مال اوسکو دیا جاتا هے جسکے نقصان کے لئے مخلوط کیا گیا هو
Confute, *v.* - تردید کرنا - باطل کرنا لاجواب کرنا
Congeable, *a.* جایز - باجازت
Conjugal right, - حقوق زنا شوي حقوق زوجیت
Connection, *n.* تعلق - رشته
Connivance, *n.* اغماض - چشم پوشي جرم سے طرح دهي
Consanguinity, *n.* قرابت - سپند رشته بذریعه خون - وه تعلق جو باهم اون اشخاص کے هو جو ایک هي اصل یا صورت متحد کي اولاد سے هوں
Consanguinity, Collateral, قرابت طرفي ( خلاف رشته مستقیمه کے )
Consanguinity, Lineal, قرابت مستقیمه یعني ایسے دو اشخاص کي قرابت باهمي جنمیں سے ایک دوسرے کے ساتهه علاوه یا بلا واسطه راست رکهتا هو مثلاً مابین کسي شخص اور اوسکے دادا یا نانا کے مابین اوسکے اور اوسکے پوتے نواسے کے
Conjectural, قیاسي - خیالي
Conscience, Good, نیک نیتي
Conscience, Court of (E. L.) عدالت بغرض ایصال قرضجات خفیفه
Conscription, *n.* زبردستي سے فوج میں بهرتي کرنا

**Consecutive,** *a.* مسلسل - لگاتار - یکے بعد دیگرے

**Consent,** *n.* رضا (راضي هونا اوسوقت کہاجاتا هے جب که دو یا زیادہ اشخاص ایک هي امر پر ایک هي معني میں باهم راضي هوں)

Free consent. خوش خاطري رضامندي بلا اکراہ

Intelligent consent. سمجھہ بوجھکر

**Consent, Age of,** عمر اختیار رضا

**Consensual contract,** معاهدہ جو رضامندي باهمي سے کیا گیا هو مثلاً معاهدہ ازدواج

**Consequential damage,** (۱) هرجه مستلزمه (۲) هرجه بعید (۳) هرجه بعید قابل نالش اُس صورت میں هوتا جبکه وہ فعل باعث هرجه بلا وساطت نهو

**Consequential relief,** دادرسي مستلزمه - دادرسي منبتیم

**Conservancy,** *n.* متعلق حفظ صحت

**Conservator,** *n.* محافظ - نگهبان

**Consider,** *v. t.* لحاظ کرنا - غور کرنا

**Consideration,** *n.* (۱) اجر - معاوضه بدل (۲) وجهه امور قابل لحاظ - توجهه

**Mature consideration,** غور کامل

**Under consideration.** - زیر غور زیر تجویز

**Consideration, (of promise),** بدل اقرار کا بموجب قانون هند کے مقر کي خواهش پر مقوله یا نسے اور شخص کا عمل یا اجتناب یا عمل میں لانے یا اجتناب کرنے کا اقرار بدل کا اقرار کہلاتاهے لیکن بموجب قانون انگلستان کے بدل مقوله کیطرف سے هونا چاهئے

**Consideration, Good (E. Law.)** بدل جایز - بدل محبت یا قرابت - یهه بدل واسطے جواز معاهدہ کے کافي نهیں هے اب اسکے معني بدل مالیتي کے هیں

**Consideration, Executed.** *See* Executed.

**Consideration, Immoral,** بدل خلاف تهذیب

**Consideration, Sale,** - زر نیلام زر ثمن

**Consideration, Valuable,** بدل قیمتي

**Consign,** *v. t.* (۱) منتقل کرنا - تفویض کرنا (۲) ارسال کرنا

**Consign, (to the record),** داخل دفتر کرنا

**Consignee,** *n.* آڑهتیا - مرسل الیه

**Consignor,** آڑهت کرنے - فرستندہ مال والا

**Consignment,** *n.* مال شے مرسله مرسله - روانگي مال - مال جو آڑهته کے سپرد کیا جاے

**Consistory action,** نالش متعلقه اردواج

**Consolidated actions.** مقدمات ایکجائي

**Consolidated funds,** آمدني سرکاري مجموعي

**Consolidation,** *n,* (۲) نالشات یا اپیل کا یکجا کرنا - یا یکجا سماعت کرنا (۲) اجتماع

**Consol,** *n.* کاغذ - سرکاري کفالت المال سرکاري

**Consort,** *n.* شوهر یا زوجه (بادشاہ یا ملکه)

**Conspicuous place,** منظر عام - مقام نمایاں

**Constable**, *n.* كانسٹيبل - محافظ امن

Effective, *a.* کارآمد - اثر پذیر

Effectively, *ad.* دوسرے طور پر - کامل طور پر

Effects, (*pl*) مال - اسباب جائداد ورثہ

Efficient, *a.* کارگذار - لایق - کامل قطعی

Effigy, *n.* شبیہ - چہرہ - صورت

To burn an effigy, *n.* کسی شخص کے شبیہ یا شکل بناکر جلانا بغرض توہین یا اظہار حقارت کے

Efflux of time, انقضاء زمانہ

Egress, نکاس - برآمد - خروج

Eigne, *a.* (Scottish L ) اکبر - پہلوٹی

Bastard eigne. غیر صحیح النسب پسر اکبر جسکے والدین میں بعدہ بشادی ہوگئی ہو

Eject, *v. t.* بیدخل کرنا - نکالدینا

Ejectment, *n.* (۱) بیدخلي (۲) نالش بیدخلي

Ejector, *n.* بیدخل کنندہ

Ejuration, *n.* ترک اختیار یا منصب

Ejusdum-generies, ہم قسم - قسم نوعیت

Elaborate, *a.* غور اور محنت سے تکمیل شدہ

Elder, *a.* بڑا - اکبر

Elder-branch, شاخ اعلی

Elders, *n.* بزرگان دین - بزرگان قوم

Eldest son. پسر اکبر

Eldest wife or widow. زوجہ اول - زوجہ جسکي شادي سب سے پیشتر شوہر سے ہوئي ہو

Elect, *v t* انتخاب کرنا - پسند کرنا - منظور کرنا

Elect, *a.* منتخبہ - منتخب شدہ

Election, *n* (۱) انتخاب کسي شخص کا بغرض تقرر عہدہ - احتیار احدالامرین (۲) دو مختلف حقوق میں سے ایک کا پسند کرنا جبکہ واہب کي صریح یہہ نیت ہو کہ مرہب لہ دونوں نہ لے - اوس صورت میں اوسکو دو میں سے ایک پسند کرنا ہوتا ہے ورنہ اوسکو شے موہوبہ نہیں ملتي مثلاً اگر مرصي نے یہہ شرط کي ہو کہ زید اگر فلاں جایداد لے تو فلاں قرضہ ادا کرے تو مرهوب لہ کو یہہ پسند کرنا ہوگا کہ وہ جایداد کو بدمہ‌داري اداے قرضہ لیگا یا نہیں

Election judges, جج جو بغرض تحقیقات جوار انتخاب میمبر پارلیمنٹ کے مقرر ہوتے ہیں

Eleemosynary, *a.* خیراتي - محتاجوں کي پرورش کے لئے

Elegit, *n.* حکمنامہ جسکي رو سے ڈگریداران کو قبضہ قانوني ( گو واقعي نہو ) آراضیات و مکانات کا دیا جاتا ہے کہ وے جایداد پر تاوقت اداے قرضہ یا تاوقت اختتام حق مدیون قابض رہیں

Elementary, *a.* ابتدائي

**Elements**, *n.* اجزاے اصلي - ارکان

**Elicit**, *v. t.* کہلا لینا - بات کا ظاهر کرنا اصلیت دریافت کرنا

**Elisor**, *n.* منتخب کنندگان جوري مقررہ عدالت جب شیرف و کارونر ناقابل بوجهہ عذر طرفداري کے قرار دیئے گئے هوں

**Eloin**, *v. t.* مال کا منتقل کرنا یا اخفا کرنا اِس سے کہ وہ قرق نہو سکے

**Elongata**, *n.* شیرف کي کیفیت کہ مویشي ءاىدہ کردئیے گئے اسوجہ سے قرق نہیں هوسکتے

**Elope**, *v. t.* لے بھاگنا - بھگا لیجانا

**Elopement**, *n.* بھگا لیجانا پوشیدہ طور پر بغرض اردواج یا مجامعت کے

**Elucidate**, *v. t.* توضیح کرنا - تشریح کرنا

**Elude**, *v. t* بچنا - چھپکر یا دھوکے سے نکل جانا

**Emancipate**, *v. t.* آزاد کرنا - خط غلامي منسوخ کرنا

**Emancipatio**, (Rom. Law) والد کا نسبت اولاد کے اختیار حکومت ترک کرنا اور لڑکوں کو اختیار ذاتي عطا کرنا

**Emancipation**, *n.* آزادي

**Emasculation**, *n.* مخنث کرنا

**Embankment**, *n.* پشتہ - بلندہ

**Embargo**, *n.* حکم سرکاري نسبت روکنے جہازات کے

**Embargo, Civil.** حکم روکنے جہاز رعایا اوس ملک کے جس سے جنگ هو

**Embargo, Hostile.** حکم روکنے جہاز دشمن کا

**Embarass**, زیر بار کرنا (۲) پریشان کرنا

**Embarassed**, بہت زیر بار - قرضہ سے ایسا دبا هوا کہ داین کا روپیہ ندے سکے - تنگ حال

**Embassador**, Same as *Ambassador*.

**Embassy**, *n* (۱) ایلچي گري - سفارت (۲) سفیران (۳) مسکن یا دفتر سفیر کا

**Embezzlement**, *n.* خیانت - مالک کا مال تصرف کرنا (نوٹ—سرقہ اور خیانت میں یہہ فرق هے کہ صورت اول میں مال پر قبضہ مالک کا هوتا اور صورت دویم میں خود خاین قابض هوتا هے)

**Emblematic possession**, قبضہ علامتي

**Emblements**, *n.* فصل استادہ - یا منافع فصل جو بوئي گئي هو - پیداوار و گھاس اس لفظ میں داخل نہیں هیں

**Embossed**, *a.* ابهري - منقش

**Embracery**, *n.* جوري یا عدالت کو بذریعہ رشوت یا مابہ‌الاحتطاط ناجایز کے ایک فریق کي جانب مایل کرنے کي کوشش کرنا

**Embryo**, ماں کے پیٹ میں بچہ بحالت ناممکمل

In embryo, ذهن میں - ابتدائي حالت میں

**Emergency**, *n* ضرورت اشد - واقعہ ناگہاني

**Emergent-year**, *n.* تاریخ جس سے کوئي قوم سال شمار کرتي هو

**Emigrant**, *n.* تارک الوطن

**Emigration**, *n.* ترک وطن

**Eminent domain**, *See* under Domain.

**Emissary**, مخبر - خبر گیران حالات ملک دشمن

Empale, *v. t.* سولي پر چڙهانا

Empanel, *v. t* *See* Impanel.

Emperor, *n.* شاهنشاه - قيصر

Emperor of India. قيصر هند - حطاب بادشاه انگلستان به تعلق مملكت هند

Empire, *n.* مملكت - سلطنت

British Empire, سلطنت برطانيه

Employ, *v. t.* - مقرر كرنا - مامور كرنا كام ميبرد كرنا - مصروف كرنا - مشغول كرنا

Employ, *n.* ملازمت - خدمت

Employee, *n.* ملازم - مامور

Employer, *n.* مالک آقا - مقرر كرنے والا

Employment, (۱) شغل - پيشه - كاروبار (۲) عهده - منصب (۳) نوكري - روزگار - حدمت (۴) روزي - معاش

Government, employment ملازمت سركاري

Empower, *v. t.* اختيار دينا

Empowered, *a.* مجاز - ذي اختيار

Duly empowered. باضابطه طور پر اختيار ديا گيا - مختار مجاز

Empress, Queen, *n.* ملكه - قيصر هند

Emptor, *n.* حريدار

Enabling Act or Statute, قانون جسكے رو سے كوئي قيد يا ناقابليت رفع كي جاے يا كسي كام كے كرنے كا اختيار ديا جاے

Enach, *n.* بدل يا معاوضه كسي گناه يا جرم كا

Enact, *v. t.* قانون بنانا - منضبطه كرنا

Enacting clause. فقرة مشعر منظوري قانون

Enactment, *n.* ايكٹ - آئين - قانون

Encamping-ground, *n.* پڑاؤ

Enclose, *See* Inclose.

Enclosure, - احاطه - گهيرا باڑه - ميڈ ملفوف

Encounter, *v. t* - مقابله كرنا - ملنا لڑائي كرنا

Encroach, *v. i.* ناجايز طور پر دبا لينا تسلط كرنا - دست درازي كرنا - زيادتي كرنا - غصب كرنا

Encroachment, *n.* تسلط - دست درازي - كسي شے مقبوضه ميں كمي ناجايز كرنا

Encroachment (of a river), آراضي كا دريا برد هونا

Encumber, *v. t.* بار يا قيد قايم كرنا مواخذة عايد كرنا

Encumbered estates, جايداد هاے زير كفالت

Encumbrance, *n.* - مواخذة - كفالت - بار

Encumbrancer, *See* Incumbrancer.

End, *n.* - غرض - مطلب - انجام - خاتمه - سرا

Endanger, *v. t.* خطرة ميں ڈالنا

Endictment, *See* Indictment.

Endogamy, *n.* اپني ذات يا برادري ميں شادي كرنا

Endorse, *See* Indorse.

Endorsement, *See* Indorsement.

Endow, *v t.* (۱) وقف كرنا - ارپن كرنا (۲) جهيز دينا (۳) وظيفه مقرر كرنا

Endowments, *n.* اوقاف - ديوتر

Endowments, Charitable. اوقاف خيراتي

Endowments, Religious. اوقات مذهبي

Enduring, *a.* قيام پذير - مستحكم

Enemy, *n.* دشمن - مخالف

Enfeoffment, n (۱) کسي شخص کو حق یا قبضه آراضي عطا کرنا - حق دوامي دینا (۲) دستاویز جس سے حق مذکور عطا کیا جاے

Enforce, v. t. (۱) مجبور کرنا (۲) نافذ کرنا - تعمیل کرانا - جاري کرانا

Enforce the production of, حاضر کرانا - پیش کرانا

Enforce payment, دلانا - دلادانا

Enforcement, n. نفاذ تعمیل - اجرا

Enfranchise, v. t. (۱) اختیار ووٹ دینے کا عطا کرنا (۲) آراضي لگاني کو آراضي معافي کرنا (۳) حقیت آسامي کو حقیت مالک میں مبدل کرنا

Enfranchisement, n. عطیه حقوق مدني یعني حقوق دینے ووٹ کے

Engage, v. t. (۱) معاهده کرنا - قول و قرار کرنا - وعده کرنا - (۲) نوکر رکھنا - شریک کرنا (۳) ضمانت کرنا (۴) مقابله کرنا - حمله آور هونا (۵) مقرر کرنا - ازدواج کا عهد کرنا

To engage a pleader. وکیل مقرر کرنا

Engaged, a. منسوب

To be engaged. وعده ازدواج هوجانا

Engagement, n. (۱) وعده - عهد - اقرار (۲) کام - کار معهوده (۳) وعده ازدواج (۴) لڑائي

Engine, - انجن - کل - آله (۲) وسیله ذریعه - تدبیر

English, a. متعلق انگلستان

English-decision, فیصلجات عدالت هاے انگلستان

English-law, قانون انگلستان

English-mortgage, رهن انگریزي

*See* Mortgage, English.

Engraved, a. کنده - کهدا هوا

Engross, v. t. (۱) خوشخط لکهنا عموماً دستاویزات کي نسبت یهه لفظ استعمال کیا جاتا هے (۲) مال کا بغرض قیمت بڑهانے کے کثرت سے خریدنا - یهه ایک جرم تا وقت صدور ایکٹ سنه ۷, ۸ جلوس وکٹوریه تها

Engrossed bill, مسوده قانون جو بعد ترمیمات کے منظوري کے لئے مرتب کیا گیا هو

Enhance, v. t. اضافه کرنا - بڑهانا - سنگین کرنا

Enhancement, n. اضافه

Enchancement of rent or revenue, اضافه لگان یا مالگذاري

Enhancement of punishment, اضافه سزا - ازدیاد سزا

Enjoin, v. t. حکم امتناعي صادر کرنا حکم تاکیدي صادر کرنا -

Enjoy, v. t. (۱) تصرف کرنا (۲) - فایده اُٹهانا - حاصل هونا - استعمال کرنا

Enjoyment, n. تصرف - استعمال - حصول قبضه

Enjoyment, peaceful. قبضه بلا خلش

Enlarge, v. t (۱) توسیع کرنا - بڑهانا - طول دینا (۲) رها کرنا

Enlargement, n. توسیع حق بذریعه انتقال حق دعوی یا حق بقیه بنام شخص قابض

Enlargement of time, توسیع میعاد

Enlist, v. a. (۱) بهرتي کرنا (۲) فهرست میں داخل کرنا

Enlist, v. i. بهرتي هونا - فوج میں داخل هونا

Enlistment, *n.* (۱) درج مں بهرتي هونا (۲) اندراج فهرست سپاهيان

Enmity, *n.* عداوت - دشمني

Enormity, *n.* - سنگين جرم - جرم- گناه

Enquire, *See* Inquire.

Enroll, *v. t.* بهرتي كرنا درج فهرست كرنا - درج كاغذات كرنا

To get oneself enrolled, اپنا نام لكهنا (بطور وكيل مختار كے

Enrolment, *n.* (۱) بهرتي كرنا - درج فهرست كرنا (۲) رجستر

Ensign, *n.* (۱) علامت - نشان (۲) جهندا - علم (۳) عهدادار كميشن يافتد بدرجه ادنى

Enslave, *v. t.* غلام بنانا

Ensue, *v. t.* نتيجه پيدا هونا

Ensuing, *a.* آينده

Entail, *n.* (۱) حقيت مستقل جسكي توريث خاص قسم كے ورثا پر محدود كي گئي هو (۲) قاعده جسكي رو سے طريقه توريث جايداد مقرر كيا هو

Entail, *v t* كسي شخص كو يا كسي شخص يا اوسكي اولاد يا كسي خاص سلسله اولاد كو جايداد هبه كرنا

Enter, *v. t.* داخل - (۱) داخل هونا - داخل كرنا قبضه حاصل كرنا (۲) درج كرنا - نام يا تاريخ چڑهانا (۳) داخل كرنا - (عدالت ميں) (۴) شامل مسل كرنا - قلمبند كرنا

To enter appearance. عدالت ميں بذريعه كسي تحرير كے حاضري ظاهر كرنا

Enter one's defence. صفائي پيش كرنا

Enter in the order sheet, درد احكام ميں درج كرنا - درد احكام ميں چڑهانا يا داخل كرنا

Enterprising - عالي همت - عالي العزم - دلير حوصلهمند

Entertain, *v. t* سماعت كرنا منظور كرنا

Entertainment, *n.* سماعت منظوري

Entice away, پهسلا ليجانا

Entire contract, معاهده جسميں ايک طرف سے كل تعميل هوني چاهئے قبل اسكے كه دوسرے فريق سے بدل واجب هو

Entireties, Tenancy by, قبضه مشترک كل حقيت كا جبكه كوئي حقيت بحق شوهر اور زوجه كے (بوجه ازدواج) منتقل يا هبه بالوصيت كي جاے تو اونميں سے كوئي تنها منتقل نهيں كرسكتا - قابضان حقيت مذكور

Tenants by entireties. قابضان مشترک يعني كهلاتے هيں اور باهم قابضان حق پس ماندگي هوتا هے

Entitle, *v. t.* استحقاق دينا - حق يا منصب عطا كرنا - ممتاز كرنا

Entitled, *a.* (۱) موسوم - ملقب (۲) مستحق ممتاز

Entreaty, - منت - سماجت - التماس استدعا

Entry, *n.* (۱) اندراج (۲) دخل (۳) مكان كے اندر جانا جايداد پر دخل

Entry, Actual. دخل واقعي

Entry, Constructive, دخل تعبيري

Entry, writ of, پروانه دخلدهاني

Environment, *n.* صورت حالات - حالات

Enumerator, *n.* شمار كننده

Enure, *v. i.* قايم رهنا - باقي رهنا

Environs, سواد - اطراف - مضافات

Envoy, *n.* ايلچي - سفير

Epidemic, *n.* مرض وبائي

Epitome, *n.* خلاصه

**Equality**, *n.* روپیه جو واسطے برابر کرنے حصه کے بصورت تقسیم یا تبادله کے دیا جاے - مساوات هموار - برابر - باهم درجه کرنا

**Equally**, بدرجه مساوي

**Equitable**, *a.* قرین عدل (مقابله قانوني) کے قابل حصول بذریعه عدالت ایکویٹي (عدل)

**Equitable jurisdiction of a court**, عدالت کا اختیار عدل یعني وه اختیار جسکي رو سے قاعده عدل کے بموجب اور بلا لفظي تعبیر قانون کے عمل کیا جاے

In equity. انصاف کے لحاظ سے

**Equitable mortgage**, (۱) استغراق (۲) حق کا رهن - رهن ساده

**Equitable set off.** *See* Set off.

**Equity**, *n.* عدل - انصاف - حق دعوی واجب

**Equity, Courts of**, عدالت عدل - هندوستان میں عدالت هاے عدل و قانون ایک هیں

**Equity, justice and good conscience**, - عدل و انصاف و نیک نیتي (جب کسي امر کي نسبت کوئي قانون صریح نه هو تو عدالت کو مطابق عدل وانصاف و نیک نیتي کے فیصله کرنا چاهئے)

**Equity of Redemption**, حق راهني حق انفکاک

**Equity of a statute, Within**, داخل منشاے قانون گو داخل الفاظ نهو

**Equity to a settlement**, حق نسبت تملیک کے - زوجه کا حق نسبت تملیک نصف جایداد کے جو شوهر کو بذریعه زوجه کے حق کے بزمانه ازدواج پهونچے-

اب بموجب ایکٹ وراثت هند کے زوجه مالک اوس جایداد کي هوتي هے جو اوسکو پهونچے

**Equivalent**, *n.* معاوضه - بدل مساوي

**Equivocate**, *v. t.* - صاف بیان نکرنا پیچ دار بات کهنا

**Era**, *n.* سنه

**Erase**, *v. t.* چهیلنا - کاٹنا - مٹانا

**Erasure**, *n.* - لوث - چهیلنا - مٹانا قیاس قانوني یهه هے که دستاویز میں الفاظ کٹے هوئے یا چهلے قبل تکمیل کے تهے مگر وصیت نامه میں خلاف قیاس کیا جاتا هے

**Errant, Justices.** حکام عدالت دایر سایر

**Error**, *n.* غلطي

**Error, clerical.** غلطي کتابت

**Error, Material.** غلطي اهم

**Error, Writ of**, درخواست ترمیم فیصله یا ڈگري بوجه غلطي

**Error in writing**, غلطي تحریر غلطي کتابت

**Errors, Excepted, (E. E.)** یه الفاظ فرد حساب کے نیچے اس غرض سے تحریر کئے جاتے هیں که غلطي خفیف پر احاطه نه کیا جاے

**Escape**, *v. i.* (۱) بچهنا (۲) بهاگ جانا - حراست سے نکل جانا - فرار هونا

To have a narrow escape. کسي آفت یا گهاي سے بچ جانا - آئي هوئي مصیبت نکل جانا - مصیبت میں گرفتار هوتے هوتے بچ جانا

**Escheat**, *n.* - (۱) جایداد مضبوطه آراضي نزول (۲) ضبطي - آسامي کے وفات لاوارثي کي وجه سے آراضي کا مالک کي طرف عود کرنا

**Escheat**, *v. t.* ضبط کرنا - ملکیت خاص کرنا

**Escrow**, *n.* دستاویز جو سپرد شخص ثالث تاوقت بجا آوري کسي کار کے رکھي جاے اور جب وہ کام هوجاے تب حوالہ اوس شخص کے کیجاے جسکے حق میں تحریر کي گئي

**Escuage, Tenure by**, حقیت بغرض خدمت جنگ جو آسامي کے ذمہ تهي

**Esnecy**, *n.* حق انتخاب اول کا حصص میں سے سب سے بڑے شریک خاندان کو

**Espouse**, حمایت کرنا - حامي یا مدد گار بننا

To espouse a cause. کسي معاملہ میں حامي (مددگار) بن جانا

**Esquire**, *n.* خطاب جو اعلي درجہ کے اشخاص کے نام کے بعد لکھا جاتا هے

**Essence**, *n.* جزو اصلي

**Essential**, *a.* - اصلي نفس الامري نهایت اهم - لابدي - لازمي

**Establish**, *v. t.* - ثابت کرنا - قایم کرنا - مقرر کرنا - نافذ کرنا

**Establishment**, *n.* (۱) عملہ (۲) اثبات (۳) استحقاق

**Established**, *a* - مثبتہ - قرار یافتہ - معین

**Estate**, *n.* (۱) حقیت (۲) جایداد متروکہ (۳) محال (۴) ملکیت

**Estate, Absolute.** حق قطعي - حق کامل

**Estate, Contingent.** حق مشروط

**Estate, Determinable.** حق قابل القطاع یا عارضي

**Estate, Joint.** جایداد اجمالي - شراکتي محال اجمالي

**Estate, Revenue paying.** محال خالصہ

**Estate for life**, حقیت حین حیاتي

**Estate, Equitable.** حق اصلي - حق قرین عدل - حق جو قبضہ میں نہو

**Estate, Personal.** حق ذاتي یا جایداد منقولہ

**Estate, Real** جایداد غیر منقولہ

*See* Real estate.

**Estate in expectancy**, حق آیندہ

**Estate in possession**, - حق موجودہ حق مقبوضہ

**Estate in common**, حق مجمل یا مشترک

**Estate, Fourth.** اخبار و مجلون وغیرہ

**Estates of the realm**, شاجهاے جلسہ واضع قانون یعني (۱) امرا مذهبي (۲) امرا سلطنت (۳) قایمقامان عوام

**Estimate**, تخمینہ - تکدمہ - انداز

**Estimate of crop**, کہکوت

**Estimate, Rough**, کچا تخمینہ تشخیص خام

**Estop**, روکنا - مانع هونا - خارج هونا

**Estopped**, *a.* ممنوع

**Estoppel**, *n.* مانع تقریر مخالف

**Estoppel by conduct**, مانع تقریر مخالف بذریعہ طریق عمل

**Estoppel by deed**, مانع تقریر مخالف بذریعہ دستاویز

**Estoppel by matter of record**, مانع تقریر مخالف بذریعہ ڈگري یا تجویز

**Estoppel in** *pais*. مانع تقریر مخالف في نفس

**Estrover**, *n.* حق لینے لکڑي کا آسامي آراضي افتادہ زمیندار سے

**Estreat**, *n.* نفاد مچلکہ کا بوجہ خلاف ورزي کے

**Estrepement**, *a.* بربادي آراضي - منجانب آسامي بذريعه كاٹنے درختوں وغيرہ کے

**Etiquette of the bar**, آداب يا دستور رعائي قانون دیدکہ

**European British subject**, رعيت درطانيه اهل يورپ

**Evacuate**, *v. t.* خالي كرنا - چھوڑ جانا

**Evade**, *v. t.* بچنا - گريز كرنا - دھوكا دينا

To evade service. تعميل حكمنامه يا سمن سے گريز كرنا

**Evasion**, *n* گريز - كنارہ كشي - مغالطه

**Evasive**, *a.* ٹالنے يا گريز كا - مغالطه كا

**Evenhanded**, بلا رو رعايت - عادلانه

**Event**, واقعہ - نتيجہ

In the event بصورت

To abide the event. مطابق نتيجہ

**Eventual**, *a* منحصر احري

**Evict**, *v. t.* بيدخل كرنا

**Eviction**, *n.* بيدخلي

**Evidence**, *n.* شہادت - ثبوت گواهي (۱) وثيقه يا تحرير جس سے كوئي بات ثابت هو

Circumstantial evidence. شہادت قرايني

Conclusive evidence. شہادت قطعي

Crown's, King's or Queen's evidence. گواه سركار

To turn King's evidence.

اقبال جرم كرنا اور خلاف اپنے شركاے جرم کے شہادت دينا گواه سركار بننا

Evidence, Corroborative. شہادت تائيدي

Additi nal, evidence. شہادت مزيد - ثبوت جو علاوہ ثبوت موجودہ مسل کے هيں كيا جاے

Direct evidence. - شہادت صريحي ثبوت بديهي

Documentary evidence. ثبوت تحريري - كاغذات شہادت

Hearsay evidence. شہادت سماعي

Prima facie evidence. ثبوت بادي النظري

Presumptive evidence. شہادت قياسي

Evidence, False. جهوٹي شہادت

To give false evidence. حلف دروغي كرنا

Evidence, Primary. شہادت اصلي

Evidence, Secondry, شہادت منقولي

Evidence, Intrinsic. شہادت اندروني - شہادت داخلي

Evidence, Extrinsic. شہادت بيروني - شہادت خارجي

Evidence, Oral. شہادت لساني

**Evoke, the aid of law.** عدالت سے مدد چاهنا

**Exact**, *a.* (۱) ٹھيک ٹھيک واقعه کے مطابق (۲) منضبط قاعده يا حكم كا پابند

**Exact**, *v.* جبر - استحصال بالجبر كرنا - جبر سے لينا

**Exaction**, *n.* (۱) جبراً وصول كرنا (۲) زر جو ناجائز طور پر ليا گيا هو - وصول ناجائز

**Examination**, *n.* اظهار - معاينه - جانچ

**Examination in chief** سوال فريق اول - سوال اوس شخص کے جسنے گواہ پیش کیا هو

**Examination, Cross.** سوالات جرح - سوالات جو گواہ سے فريق مخالف پوچھے

**Examination, (Re)** سوال مکرر فريق اول

**Examination, Direct.** سوال فريق اول - سوال مکرر - سوال جو بغرض تصريح کسي امر کے کيا جاے جو جرح ميں بيان کيا گيا هو

**Examine,** *v. t.* اظهار لينا - سوالات کرنا

**Examiner,** *n.* ممتحن

**Examiner of accounts.** محاسب جانچ کرنے والا

**Examiner, chemical.** ممتحن کيمياي

**Examiners of the Court.** ايگزامنر جو گواهان کا اظهار عدالت سے باهر لينے کے لئے مقرر کئے گئے هوں

**Exceed jurisdiction or power,** اختيار سے تجاوز کرنا

**Excellency,** *n.* خطاب گورنر جنرل و ديگر امراے اعظم

**Except,** *v. t.* مستثني کرنا

**Except,** *v. i.* اعتراض کرنا

**Exception,** *n.* (۱) مستثني - استثنا (۲) عذر نسبت ضمانت يا مچلکه - عذر نسبت فيصله حاکم کے اثناے تجويز ميں - عذر نسبت انقضاے ميعاد و ناکافي يا نامناسب هونے بيانات کے (۳) فقرہ استثناے مندرجه دستاويز انتقال

**Exceptionable,** قابل اعتراض - قابل گرفت

**Exceptional,** *a.* صورت استثناے - حالات خاص - شاذ - غير معمولي - اعلي

**Exceptions, Bill of.** وجوہ اپيل

**Excerpt,** *v. t.* خارج کرنا - چهانٹنا - نکالنا

**Excerpt** *or* **Excerpts,** *n.* انتخابات

**Excess,** *n.* زيادہ يا باقي - زيادتي - کثرت

**Excess,** *n.* عذر زيادتي بمقدمه حمله

**Excessive,** *a.* بيجا - نامناسب زايد

**Exchange,** *n.* تبديل (۲) تبادله (۱) حقيت - اس صورت ميں جايداد هم قسم هوني چاهيئے (۳) مقام جهاں تجار و دلال و ساهوکاران وغيرہ بغرض کاروبار تجارت خاص وقت پر جمع هوتے هيں

**Exchange, Bill of.** *See* Bill.

**Exchange, Broker.** دلال جو فروخت سکه غير مروج کا اور تبادله زر کا کام کرتا هے

Course of exchange. هنڈوي کا بهاؤ

**Exchange, Deed of** دستاويز تبادله

**Exchequer,** *n.* عدالت اعلي قانون انگلستان

**Exchequer bills or bonds,** کاغذ زر سرکاري جسپر سود ملتا هے

**Excisable,** *a* قابل محصول

**Excise,** *n.* محصول آبکاري و افيون و ديگر اشياے منشي اندر ملک کے

**Excise-duty,** محصول آبکاري يا اشياے منشي وغيرہ

**Excise law,** قانون آبکاري

**Excise officer,** مهتمم آبکاري

**Excite,** *v. t.* جوش دلانا - ترغيب دينا - تحريک

**Exclude**, *v. t.* مانع هونا (۲) محروم كرنا

**Exclusion**, حجب - محروم كرنا - اخراج - مستثني كرنا

Total exclusion (M. L.) حجب حرمان

Partial exclusion (M. L.) حجب نقصان

To the exclusion of - بمحرومي - باستثنا

Exclusion of evidence. انخراج شهادت

**Exclusive**, *a.* تنها - بلا شرط - بلا شركت غيرے

**Exclusive possession.** قبضه بلا مساهمت احدے - قبضه خاص

**Exclusive right**, حق بلا شركت غيرے

**Excommunicate**, *v. t.* ذات سے خارج كرنا - حق مدني سے محروم كرنا - برادري سے خارج كرنا

**Exculpate**, *v. t.* بے گناه قرار دينا - بے گناه ثابت هونا

**Excuse**, *n.* (۱) عذر (۲) بهانه - معذرت

**Excuse**, *v. t.* (۱) معذور ركهنا - (۲) قصور معاف كرنا (۳) معاف كرنا - معاف ركهنا

**Excusable, homicide**, قتل قابل معذرت

**Excuss**, *v. t.* گرفتار كرنا اور روک ركهنا مال كا

**Execute**, *v. t.* (۱) تعميل كرنا (۲) سزاے موت دينا (۳) تحرير كرنا. دستاويز پر دستخط كرنا يا اوسكي تكميل كرنا (۴) جاري كرنا (۵) معاهده پورا كرنا يا وفا كرنا

**Executed**, *a.* تعميل شده

**Executed consideration**, بدل جو وعده پر مبني هو جسكا ايفا هنوز نكيا گيا هو - مثلاً عمر ضامن كسي شخص كے ملازم كا هو اور آقا نے بعده يهه وعده كيا كه وه نقصان ضامن كا پورا كريگا تو يهه صورت بدل معاهده تعميل شده كي هے بخلاف اسكے اگر آقا يهه وعده كرتا كه اگر وه اوسكے ملازم كي ضمانت كريگا تو وه نقصان جو عمر كو پهونچيگا ارسكا ايفا كيا جايگا - يهه صورت بدل معاهده تعميل طلب كي هے

**Executed fines.** *See* Fines.

**Executed-Trust**, - امانت مختتم (يهه اوس صورت ميں هوتي هے كه جسميں انتظام و شرايط متعلقه حق انتفاعي مكمل اور قطعي هوں)

**Execution**, *n.* (۱) اجرا - (ڈگري) (۲) حكمنامه اجرا (۳) تكميل دستاويز بذريعه دستخط و حوالگي

**Executioner**, *n.* جلاد

**Executive Government**, وه شاخ گورنمنت جو قانوناً نظم و نسق كا اختيار ركهتي هے

**Executive officer**, حاكم عامل

**Executor**, *n.* وصي تعميل كننده

**Executor of his own wrong**, وه شخص جو بلا منصب كسي كے تركه كا اهتمام كرے

**Executor by implication**, وصي اروے اقتضاے معنوي

**Executory**, *a.* تعميل طلب

Executory consideration. *See* Executed, بدل معاهده تعميل طلب

Executory interest, حق جو آیندہ بذریعہ تعمیل کے امر تعمیل طلب کے پیدا ہونے والا ہو (یہہ حق عردي اور حق مابعد سے قابل امتیاز ھے)

Executory-trust, امانت تعمیل طلب ایسي امانت جسکے قیود غیر مکمل بصورت ھدایات عام کے ھوں جنکے تعمیل کا طریقہ مفصل کسي دستاویز آیندہ یا اقرار امانت میں درج کیا جاے

Executrix, *n*. وصیہ

Exemplars نظیر - نظیري نمبران آراضي

Exemplary, *a*. تنبیہي

Exemplary damages. ھرجہ تنبیہي

Exemplification, *n*. نقل مصدقہ حکم بغرض عطاے نقل مصدقہ

Exempt, *v. t* بري کرنا - مستثنی کرنا

Exempts, *n*. اشخاص مستثنی

Exercise, *v. t*. استعمال کرنا

In the exercise of. باستعمال

Exercise mind, جانچنا - راے قایم کرنا - توجہ مایل کرنا

Exhaust, *v, t*. ختم کرنا - باقي نرکھنا

Exhaustive, *a*. جامع

Exhibit, *v. t*. دستاویز پیش کرنا

Exhibit a charge, جرم قایم کرنا - الزام لگانا

Exhibit, *n*. دستاویز یا کوئي شے جو عدالت میں پیش کي گئي ھو اور اقبال یا گواہ کے ذریعہ سے ثابت کرائي جاے

Exhibit A. کاغذ نشان حرف

To exhibit document in court. کسي دستاویز کو ملاحظہ کے لئے عدالت میں پیش کرنا

Exigency, Unforeseen. ضرورت نامعلوم - ضرورت اشد

Exigency of the case, ضرورت باعتبار حالات

Exigible dower, *n*. مہر معجل

Exile, *v. t*. جلاوطن کرنا

Existing circumstances, حالات موجودہ

Exitus, *n*. (۱) اولاد (۲) منافع یا محاصل آراضي (۳) اختتام بیانات فریقین

Ex-officio, باعتبار عہدہ

Exogamy, *n*. ذات سے باھر بیاہ کرنا

Exonerate, *v. t*. سبکدوش کرنا - بري کرنا

Exoneretur, بري کیا گیا - یہہ الفاظ ضمانت نامہ یا مچلکہ پر تحریر کئے جاتے ھیں

Exorbitant, *a*. ناواجب - بیجا - بے حد

Exordium, *n*. آغاز تقریر

Exparte, *n*. یکطرفہ

Exparte application, درخواست یکطرفہ

Exparte hearing, سماعت یکطرفہ

Expectancy, Estate in. حق جو آیندہ حاصل ھونے والا ھو

Expectant heir, امیدوار وراثت آیندہ - وراثت عودي

Expedient, *a*. قرین مصلحت

Expediment, *n*. کل مال و اسباب

Expedite, *v. t*. کام کا بعجلت کرانا

Expenses *n*. اخراجات

Experimental, *a*. بغرض حصول تجربہ - امتحاناً

Expert, *n*. (۱) مبصر - ماھر (۲) شناسندہ شان خط (۳) تشخیص کنندہ

Expiate, *v. t.* جرم کا بدل دینا - سزا کا متحمل هونا - جرم سے توبه کرنا

Expilation, *n.* اوٹنا - وارث کا مال خرد برد کرنا

Expiration, *n.* انقضا - گذرنا - ختم هونا

Expire, *v. t.* (۱) میعاد گذرنا (۲) موت هونا

Expiry, *See* Expiration.

Explain, *v. t.* وجه بتلانا - توضیح کرنا جواب دینا

Explanation, *n.* وجه - جواب - توضیح (۲) تشریح - تصفیه

To come to explanation. صفائي کرنا - طے کرنا - تصفیه کرنا

Expletia, Expleta, لگان و منافع اراضي

Explicit, صاف - واضح

Explosive, *a.* - بهک سے اوڑجانے والي آتش گیر

Export, *v. t.* مال باهر بهیجنا

Expose, *v. t.* (۱) چهوڑدینا - ڈالدینا (۲) فضیحت کرنا (۳) ظاهر کرنا

To expose a child. بچه کو چهوڑ دینا

Expost facto law, *n.* ایکٹ متعلق بزمانه ماضیه یقیني جسکا اثر زمانه گذشته پر پهونچے

Exposure, *n.* ڈالدینا - چهوڑ دینا

Express, *a* صریح

Expression, *n.* - الفاظ - جمله - اظهار طریقه اظهار

Expromission, (Rom-law.) تجدید قرضه ذریعه تبدیل کرنے داین کے

Expropriation, *n.* (۱) حصول آراضي جبریه واسطے اغراض سرکاري یا ریل کے (۲) ترک دعوي تنها مالک هونے کا

Exproprietary tenant. آسامي - ساقطالملکیت

*See* also Tenant.

Expulsion, *v.* نکالنا - خارج کرنا

Expunge, *v. t.* مصکوک کرنا - رفع کرنا

Extend, *v. t.* (۱) توسیع (۲) بڑهانا (۳) جایداد کي مالیت قایم کرنا - مهلت دینا - میعاد بڑهانا

Extension, (of time.) توسیع میعاد جو واسطے اداے قرضه کے بڑهائي جاوے

Extent, *n.* (۱) حد - تعداد (۲) وسعت (۳) ایک حکمنامه جسکي رو سے قرضه سرکار بذریعه قرقي جایداد مدیون کے وصول کیا جاسکتا هے

Extenuating circumstances, حالات جنسے تخفیف جرم هو

External, *a.* بیروني

Extinguishment, *n.* سقوط حق

Extinguishment of debt, بیباقي قرضه (بذریعه اداے زر یا بوجه قبول کرنے داین کے کسي بهتر ضمانت کو)

Extinguishment of easement, سقوط حق آسایش

Extort, *v. t.* جبراً - جبریه وصول کرنا حاصل کرنا

Ex ortion, *n.* - استحصال بالجبر استحصال ناجایز بذریعه تخویف نقصان

Extra, *a.* زاید

Extra-costs, خرچه زاید یا بیروني

Extract, *n.* انتخاب

Extradition, *n.* حوالگي مجرمان ملک غیر

Extra-judicial, - کار عدالتي سے باهر احتيار عدالتي سے متجاوز - غير سرشتة

Extra judicial opinion, اظهار راے نسبت ايسے امر کے جو فيصلة مقدمة کے لئے ضرور نهو

Extraordinary, *a*. غير معمولي

Extra-ordinary jurisdiction. احتيار غير معمولي

Extra-professional, کار پيشة يا کار و بار سے غير متعلق

Extra-territoriality, *n*. قوانين ملک سے برات مثلاً ايلچي گو وة ملک غير ميں سکونت پذير هو اوسکا مسکن اوسکے بادشاة کے ملک کا جزو سمجها جاتا هے

Extravagance, *n*. - فضول خرچي صرف بيجها

Extra vires, *See* Ultra vires.

Extreme, *a*. انتهائي

Extreme case. حالت انتهائي - (خواة وة بري هو يا بهلي)

Extreme remedy, - چارة کار اخر آخري تدبير

Extrinsic, *a*. بيروني
*See* Evidence.

Eye witness, *n*. گواة چشم ديد

Eyre, Justices in (O. E.) حاکم داير ساير

# F

F. اردو ميں F کے لئے حرف (ف) استعمال هوتا هے

Fabricate, *v. t.* جهوت بنانا - جعل بنانا

Fabrication of false evidence, جهوٹي شهادت بنانا

Face, *n*. چهرة - رو
In the face of. بموجودگي - بمقابلة بملاحظة - باوجود - مقابلة ميں
On the face of it. بادي النظر ميں ديکهنے سے

Face to face, To bring the accuser and accused. مستغيث اور ملزم کا مقابلة کرانا

Faced, Bare, *a*. - بے شرمي کے ساتهة بے حيائي کے ساتهة

Facilitate, *v. t.* آسان کرنا

Facility, سهوليت - آساني

Fac simile, *n*. هو بهو نقل - ٹهيک نقل

Fact, *n*. واقعة - امر (واقعة کي تعريف ميں ايسي هر چيز يا چيزونکي ايسي کيفيت يا چيزونکا ايسا تعلق جو حس سے محسوس هونے کے قابل هو اور هر حالت ذهني جس سے کسي شخص کے دل کو آگاهي هو داخل هے)
In fact. واقعي

Fact, Divestive, واقعة جس سے کوئي حق ختم هو مثلاً انقضاے ميعاد ٹهيکة

Fact, Investive, واقعة جس سے کوئي حق پيدا هو

Fact, Translative, واقعة جس سے کوئي حق منتقل هو مثلاً بيع

Fact, Accessory before or after. *See* under Accessory.

Fact, Attorney in, مختار مقررہ

Fact, Judgment on, تجویز متعلقہ واقعات - ایسی تجویز کا اپیل دویم نہیں ہو سکتا

Fact, Matter of. واقعی - اصلی - بلاشک

Fact, Relevent, واقعہ متعلقہ

Facts in issue, واقعات تنقیح طلب

Faction, n. (۱) جماعت مخالفین (۲) فساد

Factitious, a. نمایشی (خلاف اصلی کے)

Facto, واقعی

Factor, n. آڑھتیہ - گماشتہ - کمیشن ایجنٹ

Factorage, n. کمیشن یا اجرت آڑھتیہ کی

Factory, n. (۱) مقام جہاں تجاران اپنے کار و بار کرنے کے لئے ملک غیر میں سکونت اختیار کریں (۲) عمارت جہاں مال بنایا جاے - کوٹھی - گودام - کارخانہ

Factum, n. (۱) فعل (۲) تحریر وصیت نامہ معہ جملہ مراتب کے جو اسکے جواز کے لئے ضروری ہیں

Factum valet, جواز امر موقوعہ - یہہ مسئلہ اوس صورت سے متعلق ہے کہ جب کسی فعل ناجایز موقوعہ کے رفع یا منسوخ کرنے سے اوس سے زیادہ نقصان ہو جو اوسکے قایم رہنے سے ہے - ایسی صورت میں عدالت اوس فعل کو منسوخ یا مسترد نکریگی - یہہ مسئلہ دھرم شاستر میں بعض صورتوں میں تسلیم کیا گیا ہے

Faculty, n. جماعت اشخاص جنکو کوئی خاص حق یا منصب حاصل ہو

Faculty of advocates, انجمن ایڈوکیٹ اسکاٹ لینڈ

Fagot-vote, ووٹ یا راے ایسے شخص کی جو واسطے اغراض متخاصمین کے زمیندار بنا دیا گیا ہو

Fail, v. i. ساقط ہونا - ناکامیاب ہونا قاصر رہنا (۲) دیوالیہ ہونا

Failing of record, عذرداری میں جو بربناے کسی تحریر کے ہو اوسکے پیش کرنے سے قاصر رہنا

Failing, n. نقص - قصور - دیوالہ ہوجانا

Failure in business, دوالہ نکلنا کاروبار بگڑ جانا یا ابتر ہوجانا

Failure of consideration, سقوط بدل

Failure of crops, فصل کا نہونا یا خراب ہو جانا

Failure of justice, انصاف میں خلل واقع ہونا

Fair, n. میلہ بازار

Fair copy, نقل صاف

Fair dealing, ایمانداری سے کام کرنا

Fair price, معقول قیمت - مناسب قیمت

Faith, n اعتماد - اعتقاد - بھروسہ

Faith, Breach of. وعدہ خلافی - بے ایمانی - خیانت

Faith, Defender of. حامی ملت -

Faith, Good. نیک نیتی

Faithful, a. خیر خواہ - ایماندار

Fall, within (a provision of law) v. i. داخل منشا (قانون) ہونا

Fall into arrears, باقی پڑنا

Fall under, شامل ہونا - داخل ہونا

**Fall,** (of prices or rent ) کمي لگان (يا قيمت کم هوجانا)

**Fallacy,** *n.* غلط نتيجه

**Fallow,** *a.* افتاده - بنجر - اوسر - پرتي

**Fallow, new.** پرتي جديد

**Fallow, old.** پرتي قديم

**False,** *a.* جهوٹا - دغاباز - غلط

**False averment,** تصديق جهوٹے بيانات کي جب بد تعلق وصيت نامجات کے کي جاے تو اسکي وهي سزا هے جو جهوٹي شهادت بنانے يا دينے کي

**False charge,** جهوٹا الزام

**False claim,** جهوٹا دعوى

**False coin,** سکه قلبي

**False entry** (in books). جهوٹا بيان مندرج کرنا (يهه جرم داخل جرم جهوٹي گواهي بنانے کي هے)

**False evidence, Giving.** جهوٹي شهادت دينا

**False information, Furnishing.** جهوٹي خبر دينا (ملازم سرکاري کو) جرم قابل سزا هے

**False lights, marks or buoys, Exhibition of,** جهوٹي روشني يا جهوٹا نشان دکهانا (جرم قابل سزا)

**False imprisonment,** قيد بلا اختيار واجبي کے

**False judgment, Writ of.** درخواست نظر ثاني تجويز

**False personation,** جهوٹ صورت کوئي شخص بننا

**False pretences,** دهوکا دهي - فريب

**False report or rumour,** جهوٹي افواه

**False weights and measure,** باٹ يا پيمانه کم وزن

**Falsification of accounts.** حساب ميں جعلسازي کرنا

**Falsify,** *v. t.* جعل بنانا

**Falsify** (judgment,) *v. t.* مسترد کرنا تجويز کا

**Falsify,** *v. t.* حساب ميں کوئي رقم غلط ثابت کرنا

**Family,** *n.* خاندان

**Family custom,** رواج خاندان - کلا چار

**Family Domain,** علاقه مهاراجه بنارس

**Family, Hindu,** هندو خاندان

**Family, Joint.** خاندان مشترکه

**Family, Members of** شرکاے خاندان اهل خاندان

**Family-property,** جايداد خانداني

**Famine,** *n.* قحط - اکال

**Fanatic,** *n.* مضبوط مذهبي - مجنون

**Fancy price,** غير معمولي قيمت - خيالي قيمت

**Fang.**

A thief taken with the fang. چور جو معه مال مسروقه گرفتار هو

**Far reaching,** جسکا اثر بهت دور تک پهونچے

**Fare,** کرايه - بهاڑا - محصول - کهرا

**Fare to the ground,** ساقط هونا - رد هونا .

**Fare, Bill of.** فهرست کهانون کي معه قيمت کے

**Fare, Railway.** محصول ريل

**Farm,** *n.* (۱) کهيت (۲) پٹه يا ٹهيکه پر آراضي (۳) مستاجري (۴) ٹهيکه محصول کا

**Farm**, *v. t.* (۱) آراضي لگان پر دينا (۲) مستاجري پر دينا (۳) محصول کا ٹھيکہ دينا (۴) کاشت کرنا ۔ زراعت کرنا

**Farmer**, *n.* (۱) کاشتکار ۔ آسامي ۔ مزارع (۲) ٹھيکہ دار ۔ مستاجر

**Farmer of the Government revenue.** مستاجر مالگذاري

**Farmer, King's.** مستاجر محصولات شاهي

**Farmer-house,** مکان متعلقہ زراعت

**Farm-stead**, *n.* مکان سکونت کاشتکار جو آراضي پر هو

**Farm yard**, *n.* صحن متعلق عمارات زراعت

**Farm, Model.** کاشت نمونہ ۔ يعني وہ آراضي جہاں طريق زراعت کے تجربات کئے جائيں

**Farthing**, *n.* سکہ مسي مروجہ برطانيہ اعظم

**Fast**, *n.* روزہ ۔ برت

**Hard and fast rule.** قاعدہ ناقابل تجاوز ۔ قاعدہ نا قابل تبديل

**Faster men**, *n.* اشخاص جنسے مچلکہ بابت حفظ امن ايک دوسرے کے ضامن بنا کر لئے گئے هوں

**Fatal**, *a.* (۱) مهلک (۲) قاطع

**Fatal defect,** نقص

(A defect fatal to the case) نقص ۔ قاطع ۔ ايسا نقص جس سے مقدمہ قطعي خراب هوتا هو

**Father**, *n.* پدر ۔ پتا

**Father, Adoptive.** پدر تبنيت کنندہ

**Father of the bar,** سب سے قديم وکيل

**Father of the house,** جلسہ واضعان قانون کا سب سے قديم ممبر (يا شريک)

**Father, Natural.** پدر پسر غير صحيح النسب

**Father, Putative.** پدر مشهور (پسر غير صحيح النسب کا)

**Father, Spiritual.** گرو ۔ مرشد

**Father-in-law**, *n.* خسر

**Favour**, *n.* (۱) مهرباني (۲) رعايت ۔ طرفداري ۔ تعصب

**Favour, Challenge for,** اهل جوري کي نسبت اعتراض بہ بيان طرفداري

**Favour of, In** (۱) مفيد (۲) بحق ۔ طرف

**Favorable**, *a.* جانب مفيد ۔ مناسب

**Favoritism**, *n.* طرفداري (تقرر يا ديگر معاملات ميں) ايک فريق کي بمضرت دوسرے فريق کے

**Fealty**, *n.* اپنے مالک آراضي کي اطاعت ۔ قاعدہ جنگ جسکي رو سے قديم زمانہ ميں رعيت پابند امداد اپنے مالک اراضي کي تهي ۔ حلف اطاعت و خير خواهي

**Fear, To put in,** دهمکي دينا دهمکانا ۔ تخويف کرنا

**Feasible.** *a.* کرنے کے قابل ۔ انصرام پذير ۔ ممکن العمل

**Feather**, *n.* (To tar and feather a person.) زمانہ سابق ميں بطور تشهير سزا جرم مجرم کے جسم پر کول تار لگاکر پر جمائے جاتے تهے

**Features**, *n* (۱) شکل ۔ صورت (۲) پہلو ۔ خاصہ

**Broad features.** خاکہ ۔ ظاهري حالات

**Federal**, *a.* متعلق عهد و پيمان يا شفاعت باهم ممالک جداگانہ کے

**Federal states**, *n.* ممالک محفوظہ سلطنتیں جو تابع یا معاون سلطنت اعلی کي هوں

**Federate**, *a.* سلطنت جنمیں باهم عهد و پیمان هو

**Fee**, *n.* رسوم - محنتانه - اجرت نذرانه

**Fee, Clerks.** اجرت محرر

**Fee, Court.** رسوم عدالت

**Fee, Pleaders or lawyers,** محنتانه وکلا

**Fee for process,** طلبانه

**Fee, Landlords.** ندرانه زمیندار

**Fee**, *n.* (Feud. law.) اراضي حق الخدمت

**Fee, (E. Law.)** حقیت مستقل قابل ارث جو بلا وساطت یا به وساطت بادشاه کي طرف سے قبضه میں هو اور اوسکا شخص قابض مالک قطعي هو

**Fee, Absolute,** Same as Fee (E. Law.)

**Fee, Qualified,** حقیت مستقل جو بوقوع کسي امر کے ساقط هو سکتي هو مثلاً بوقت نهونے اولاد ذکور کے

**Fee, Simple.** Same as Fee (E. Law.)

**Fee, Base,** Same as Fee, Conditional.

**Fee, Conditional.** حقیت جو بعد قابض کے کسي شخص یا خاص اشخاص کو جو اوسکي اولاد میں سے هوں پهونچے

**Fee estate, (E. Law.)** حقیت جو بطور انعام خدمت یا کام کے دي گئي هو

**Fee farm,** حقیت لگان استمراري بلا کسي خدمت کے

**Fee farm rent. (E. Law.)** لگان جو بوقت انتقال حقیت استمراري آراضي پر قایم کیا گیا هو - یهه حقیت مشابه پتني مالک بنگال هے

**Feelings, Wounding religious.** مذهب کي نسبت کسي شخص کا دل دکهانا

**Feigned issue,** امر تنقیح طلب وافعاتي جو سابق میں جوري کے روبرو بلا دایر کرنے نالش کے واسطے فیصله کے پیش کیا جاتا تها

**Feeling, Bodily.** جسم کي قوت حس واقعات جنسے وجود حالت ذهني یا حالت جسم یا جسم کي قوت حس کا ظاهر هوتا هو شهادت میں واقعات متعلقه هیں

**Fellow**, *n.* (۱) ساتهي - شریک (۲) ممبر کسي جماعت کا (۳) طالب علم یونیورسٹي جسکو خطاب فیلو کا دیا گیا هو اور جسکو خاص اختیارات حاصل هوتے هیں

**Felo-de-se,** خود کشي

**Felon**, *n.* شخص مجرم جرم کبیره کا

**Felony**, *n.* جرایم کبیره - بموجب قانون قدیم انگلستان کے وه جرایم جنکي سزا ضبطي جایداد علاوه دیگر سزا کے تهي جرایم کبیره کهلاتے تهے مگر زمانه حال کے ایکٹو میں یهه فرق قایم نهیں رکها گیا هے - اب هر جرم سنگین کي نسبت یهه لفظ استعمال کیا جاتا هے

**Female**, *n.* عورت

**Female-line,** سلسلهٔ اناث

**Feme covert,** زن منکوحه

**Feme sole,** زن غیر منکوحه خواه بیوه هو یا اوسکے شوهر نے اوسکو طلاق دیا هو

**Feme sole trader** *or* **merchant.** زن منکوحه جو بلا تعلق اپنے شوهر کے کاروبار خود اپنے لئے کرے

**Fence** *or* **Defence months,** وه زمانه جسمیں جانوران انکے بچے دیتے هیں که اس زمانه میں اونکو مارنا قانوناً ممنوع هے

**Feoff,** *v. t.* حقیت مستقل عطا کرنا

**Feoffee,** *n.* شخص جسکو حقیت مستقل قابل ارث عطا کي گئي هو

**Feoffment,** *n.* (۱) عطیه حقیت مستقل قابل ارث (۲) هبة مع القبض آراضي یا دیگر شے مادري کا

**Feræ natural,** حیوانات جنگلي صحرائي - ایسے جانوروں کي نسبت حق مالکیت کسي کو حاصل نهیں هے

**Fermented,** *a.* مخمر

**Ferry,** *v. t.* کشتي چلانا - کشتي کے ذریعه سے پار اوتارنا

**Ferry** *n.* (۱) گهات - گذر (۲) کشتي معبر - پار اوتارنے کي کشتي (۳) گهات

**Ferry-bridge,** *n.* پل کشتیوں کا جنپر هو کر گذر داداے محصول کیا جاتا هے

**Ferryman,** *n.* - گهات والا - کشتي ران - ملاح

**Fertile,** *a.* زمین قابل پیداوار

**Fertilizer,** *n.* گهورہ یا دیگر اشیا جس سے زمین کي طاقت پیداوار درست یا بهتر هوجاے

**Festival,** *n.* تیوهار - یوم تعطیل - یوم جشن

**Fetter,** *n.* بیڑي - زنجیر پا - سلاسل

**Fetter,** *v. t.* پابند کرنا - پابه زنجیر کرنا - محدود کرنا

**Fetus,** *n.* جنین - بچه جو اندر رحم کے هو

**Feud,** *n.* - فساد عداوت - لڑائي-جهگڑا - رنجش باهمي

**Feud,** *n.* حقیت جو بغرض خدمت جنگ بقبضه آسامي هو •

**Feudal system,** قانون جسکي رو سے آسامي جنگ میں مدد دینے پر مجبور تها اور مالک پر اوسکي حفاظت لازمي تهي - یهه قاعده جزو کثیر یورپ میں چهه یا سات سو برس بیشتر جاري تها

**Feudatory,** *n.* آسامي جسنے آراضي مالک اعلی سے بشرط خدمت جنگ حاصل کي هو

**Feudatory chiefs,** سرداران یا راجگان جنپر امداد سرکار بوقت ضرورت لازمي هے

**Feudary states,** ریاست هاے معاون

**Fair,** *n.* (S. Law.) شخص مالک جایداد منقوله یا غیر منقوله تابع حق دین حیاتي آسامي

**Fiat,** *n.* ڈگري - حکم - وارنٹ مجریه حاکم عدالت یا دیگر حاکم جو باضابطه مجاز هو

**Fiat in bankruptcy,** حکم لارڈ چانسلر بنام کمشنر بابت کارروائي دیوالیه - یهه حکم سابق میں جاري کیا جاتا تها

**Fiaunt,** *n.* وارنٹ

**Fiction,** *n.* امر مفروضه امکاني جس سے دراصل قانون میں تبدیلي وقوع میں آتي هو مگر الفاظ قانون بجنسه قایم رکهے جائیں - مثلاً نظایر عدالتي که جنسے قانون میں اضافه یا ترمیم کي جاتي هے مگر ظاهر یهه کیا جاتا هے که قانون کے مطابق تجویز عمل میں آتي هے - یهه ایک مثال امر فرضي قانوني کي هے

**Fictitious,** *a.* فرضي

**Fictitious payee,** فرضي يا بندهٔ زر جب که يابندهٔ زر فرضي يا معدوم هو تو بل آف ايکسچينج حامل کو واجب‌الادا تصور کيا جاسکتا هے

**Fide jussor,** (Rom. Law.) ضامن جسکے وارث بهي پابند هوں

**Fidelity,** *n.* بجاآوري فرايض ازدواج

**Fiducia,** (Rom. Law.) معاهده جسکي رو سے کوئي شخص اپني جايداد اس شرط سے منتقل کرے که وه اسکو واپس کي جاے

**Fiduciary,** *a.* امانتي

**Fiduciary,** *n.* امين - معتمدعليه

**Fiduciary-relationship.** تعلق امانتي-تعلق اعتمادي - بموجب ايکٹ امانت کے جب کوئي امين يا وصي يا شراکت دار يا ايجنت ياڈايرکٹر کمپني کا يا مشير قانوني يا اور شخص جو دوسرے شخص کا معتمدعليه هونے سے اوسکے حقوق کے محفوظ رکهنے کا پابند هے اس اعتماد کي حيثيت کو دخل ديکر اپني ذات خاص کے لئے کوئي منافع نقدي حاصل کرے يا جب کوئي شخص جو حسب مذکور پابند هو اس صورتميں کچهه اپنا لين دين کرے جسميں‌که خود اوسکا حق اعتماد کنندهٔ کے حق کے مخالف هو يا هوجاے اور اوس لين دين سے اپني ذات خاص کے لئے کچهه نفع حاصل کرے تو ضرور هے که وه واسطے فايدهٔ اُس اعتماد کنندهٔ کے نفع مذکور پر قابض تصور کيا جاے

**Fief,** *n.* **Same as Feud.** حقيت بعوض خدمت جنگ

**Field,** *n.* کهيت

**Field-book,** *n.* خسره

**Field map,** *n.* نقشهٔ کشت وار

**Fierifacias,** (abbreviated as fifa.) حکمنامه اجراے ڈگري

**Fight,** *v. t.* لڑنا

To fight a case. مقدمه لڑانا

**File,** *n.* لغوي معني اوس تار يا رشتهٔ کے هيں جسميں کاغدات مدخله لگائے جاتے تهے - اب معني مسل يا کاغدات مقدمه هيں - فهرست - فرد

To bring a case on the file. مقدمه کو درج فهرست يا رجسٹر کرنا

To strike a case of the file. مقدمه کو فهرست سے خارج کرنا

To restore a case to the file. مقدمه کو باز يا نمبر سابق قايم کرنا

A heavy file. مقدمات کا زياده داير هونا

A light file. مقدمه کا زير تجويز کم بقايا هونا

**File, Cases on.** مقدمات متدايره

**File,** *v. t.* (۲) داخل کرنا - پيش کرنا شامل مثل کرنا

**File a suit,** *v. t.* مقدمه داير کرنا

**Filial duty,** فرض پسر يا دختر بجانب والدين مثلاً هندو پسر پر قرضجات پدر کا اکثر صورتوں ميں ادا کرنا لازم هے

**Filiation,** *n.* پسر غير صحيح‌النسب کا کسي شخص کو پدر قرار دينا

**Fill up,** *v. t.* خانه پري کرنا

**Filum,** *n.* وسط - يعني وسط سڑک يا دريا کا - يعني جب ايک محال ايک جانب سڑک يا دريا کے اور دوسرا دوسري جانب واقع هو تو حد هر ايک محال کي وسط سڑک يا دريا تک هے

**Final,** *a.* مختتم - آخر - قطعي

**Finally decided,** قطعاً طے هونا

**Finance, n.** آمدني ملک

**Finances, n.** آمدني

**Financial, a** - متعلق آمدني ملک کے - مالي - زر سرکاري کے متعلق

**Find, v. t.** - (۱) پانا (۲) دریافت کرنا - معلوم کرنا (۳) تجویز کرنا (۴) ثابت قرار دینا - دلانا - راے قایم کرنا - حاصل کرنا

To find out. چور کو پکڑنا - دریافت کرنا (کسي راز کا)

**Find, v. i.** تجویز کرنا - جوري کا نسبت کسي امر واقعاتي کے راے ظاهر کرنا

Find, issue for the plaintiff. تنقیح کي تجویز مفید مدعي کیجاتي هے

Find guilty, مجرم ثابت قرار دینا

Find sum for damages. هرجه کي بابت رقم دلانا

Find fault with. الزام لگانا - عیب لگانا

**Find, n.** سے جو زمین میں گڑي هوئي یا اور طرح ملے - دفینه

*See* Treasure trove.

**Finding,** تجویز - راے جوري - تحقیقات یا تفتیش کا نتیجه

**Finding of fact,** تجویز واقعاتي

**Fine, n.** (۱) جرمانه - تاوان (۲) پیشکش بوقت انتقال جایداد (۳) نذرانه بوقت عطاے پٹه وغیره - سلامي

**Fine v. t.** (۱) جرمانا کرنا - تاوان عاید کرنا (۲) حکم جرمانا صادر کرنا

**Fire arm, n.** سلاح آتش فشاں

**Fire ordeal,** قدیم طریقه تجویز نسبت جرم ملزم کے جسمیں ملزم گرم لوهے پر پاؤں رکهتا تها یا اسکو هاتهه سے اوٹهاتا تها - اگر ملزم نهیں جلتا تها تو وه بیگناه قرار پاتا تها ورنه مجرم

**Fire insurance,** بیمه آتش زدگي

**Fire policy,** دستاویز بیمه بابت آتش زدگي

**Firm, a.** مضبوط - مستحکم

**Firm, n.** جماعت شرکاے بحیثیت مجموعي - کوٹهي - کارخانه

**First-born, n.** - پسر اول - پسر اکبر - جیٹها

**First-class,** درجه اول

**First-class Magistrate.** مجسٹریت جسکو اختیارات درجه اول حاصل هوں یعني قید ۲ سال تک جرمانه ایکهزار روپیه تک اور سزا تازیانه حاصل هو

**First impress, Case of.** مقدمه جسمیں کوئي جدید امر قانوني پیش آوے

**First-instance, Court of.** عدالت مرافعه اولي

**Fiscal, a.** صیغه مال - مالي

**Fishery, n.** ماهي گیري - حق ماهي گیري

**Fit, a.** لایق - قابل - مناسب - حسب حال

**Fit n.** حالت جسماني یا دماغي جو تهوڑے عرصه تک رهے - دوره

Fit of insanity, دوره فتور عقل کا

Fit of passion. غصه کے جوش میں - حالت غصه میں - حالت غیض میں

**Fix, v. t.** مقرر کرنا - قایم کرنا

To fix on. قرار دینا

**Fixed, n.** مقرره

Fixed-rate tenant, آسامي بشرح معين
*See also* under Tenant.

Fixity of tenure, قبضه کا معين هونا

Fixture, n. ملحقات زمين يا اوس شے کے جو زمين سے ملحق هو - يهه لفظ اکثر اسباب ذاتي سے متعلق کيا جاتا هے جو کسي آراضي يا مکان ميں لگايا جاے مگر جسکو وه شخص جو لگاوے يا اوسکا قايم مقام زمين يا مکان سے علحده کرکے ليجا سکتا هے بشرطيکه اس طور پر علحده کرنے سے زمين يا مکان کو نقصان نه پهونچے مثلاً آسامي کولهو زمين ميں نصب کرسکتا هے اور اوسکو بوقت اختتام اپنے قبضه کے ليجا سکتا هے

Flag, n. نشان - جهنڈا
To hang out the white flag.
سفيد جهنڈا دکهاکر معافي مانگنا يا صلح کي نيت ظاهر کرنا
To hang the flag halfmast.
جهنڈے کو آدهے مستول تک کهڑا کرکے ماتم کا اظهار کرنا

Flagitious offence or crime, جرم سخت يا زبون - جرم مکروه

Flagrant, a. (offence.) - مکروه شديد - سنگين

Flaw in title, نقص حق ميں

Fleece, v. t. موڑنا - دهوکا ديکر کسي کا مال يا روپيه لينا - ظلم اور جبر سے تکليف پهونچانا

Fleet, n. جهاز کا بيڑا

Flesh and blood, قرابتدار اور قريبي - اولاد

Flexible, a. قابل ترميم و تبديل

Flimsy, a. ضعيف - بے بنياد - لاطائل

Float, v. t. کسي کمپني کے حصه فروخت کرنا تا که کمپني قايم رهے

Floating capital, روپيه جو واسطے اخراجات رواں کے رکها جاے

Floating debt, قرضه جسکے سود سالانه کے ادا کے لئے کوئي مستحکم آمدني قايم نه کي گئي هو

Flog, v. t. تازيانه سے سزا دينا - تازيانه لگانا

Flood, n. سيلاب - طغياني

Flood, v. - سيراب کرنا - سيلاب کرنا غرقاب کرنا

Floor of the court, وه جگهه جهاں فريق مقدم اصالتاً روبرو حاکم کے کهڑا هوتا هے

Flow, پاني کا بهاؤ - رواني

Florence, n. ايک قسم کا سکه قيمتي ۲ شلنگ

Flotson, n. مال جو جهاز کي تباهي سے ضايع هوا هو

Fluctuate, متزلزل هونا - تبديل هوتي رهنا - کم و بيش هونا

Fluctuation, n. کمي بيشي

Fluvial action, دريا کا زور

Flying in the face of, - توهين کرنا مقابله کرنا - تمرد کرنا

Fœtus, *Same as* Fetus.

Fold course. حق زميندار کا آراضي آسامي پر بهيڑيں چرانے کا

Folio, n. صفحه کاغذ جسميں ايک خاص تعداد الفاظ کي هو - انگلستان ميں ۷۲ لفظ ايک صفحه ميں لکهے جاتے هيں

Folkland, n. آراضي جو آسامي کے قبضه ميں تا مرضي مالک رهے

**Follow**, *v. t.* تقلید کرنا - نتیجه نکالنا کسي چیز کے بعد آنا

**Follows, As,** حسب ذیل -

**Following,** حسب ذیل - مفصلۂ ذیل

**Foment,** - ترغیب دینے (کسي نزاع کي) جھگڑا پیدا کرنا

**Foot**, *n.* تحت میں

**Foot-mark,**
**Foot-step,** } نقش پا - پاؤں کا نشان

**Foot of the fine,** آخر جزو اس اقرار کا جو روبرو عدالت کے بابت انتقال حق کے کیا جاتا تھا

**For**, *Prep.* (۱) منجانب (۲) بعوض

**Forbidden**, *a.* ممنوع - حرام

**Force**, *n.* (۱) جبر (جب کوئي شخص کسي دوسرے شخص کي حرکت یا تبدیل حرکت یا انقطاع حرکت یا کسي شے یا حیوان کا اسطرح پر حرکت یا تبدیل حرکت یا انقطاع حرکت کا باعث هو که وه شخص مذکور کے کسي پر موثر هو تو کہا جائیگا که اول شخص نے دوسرے شخص پر جبر کیا (۲) نفاذ عمل (۳) فوج (بحري و بري)

**Force, Criminal,** جبر مجرمانه یعني جبر بلا رضامندي بغرض ارتکاب کسي جرم کے یا بغرض نقصان یا رنج پہونچانے کے

**Force, Police,** فوج پولیس کي

**Force**, *v. t.* مجبور کرنا - دبانا

**Forcible detainer,** آراضي پر بذریعه مداخلت بیجا کے قبضه حاصل کرکے اوس پر قابض رهنا

**Forcible entry,** آراضي پر بیجا یا مجرمانه طور پر قبضه حاصل کرنا - اسکي چارہ جوئي عدالت دیواني و فوجداري دونوں سے هو سکتي هے

**Foreclose**, *v. t.* مانع هونا

**Foreclose a mortgage,** حقیت کا بیعبات هو جانا

**Foreclose a mortgagor,** راهن کا حق انفکاک سے بحکم عدالت محروم کیا جانا

**Foreclosure**, *n.* سقوط استحقاق انفکاک راهن - بیعبات

**Foreclosure, Right to.** استحقاق ساقط کرنے حق انفکاک کا - یهه حق اسوقت پیدا هوتا هے جب که میعاد رهن گذر گئي هو اور ڈگري انفکاک صادر نهوئي هو یا راهن نے زر رهن عدالت میں جمع نه کیا هو

**Foreclosure, Suit for,** نالش بیعبات یعني نالش بغرض حصول حکم که راهن قطعاً حق انفکاک جایداد مرهونه سے محروم هو جاے

**Forefather**, *n.* جد - مورث

**Fore-gift**, *n.* زر پیشگي جو پٹه‌دار دے

**Foregone conclusion.** نتیجه جو قبل دلایل کے نکالا گیا هو - نتیجه معلومه

**Forehand rent.** لگان جو پیشگي واجب‌الادا هو

**Foreign**, *a.* متعلق ملک غیر

**Foreign attachment,** قرقي جایداد ایسے شخص کي جو غیر حاضر یا ملک غیر میں هو

**Foreign bill,** بل آف ایکسچینج جو ایک ملک میں تحریر کیا گیا هو اور دوسرے ملک میں واجب‌الادا هو

**Foreign contract,** معاهده ملک غیر

**Foreign court,** عدالت ملک غیر

**Foreign currency,** سکه رایج ملک غیر

**Foreign domicile,** سکونت ملک غیر

**Foreign expression,** عبارات ملک غیر

**Foreign judgment,** تجویز ملک غیر
ایسي تجویز کي بنا بر نالش عدالت هاے برطانیه هند میں هوسکتي هے اور تجاویز مصدورہ ریاست واقع هند تجویز ملک غیر متصور هوتي هیں

**Foreign Jurisdiction Act,** ایکٹ مشعر اختیار تجویز بابت ایسے جرم کے جو ملک غیر میں کیا گیا هو

**Foreign plea,** عذر نسبت اختیار سماعت عدالت

**Foreigner,** *n.* باشندہ ملک غیر

**Forejudge,** *v. t.* عدالت سے کسي اهالي قانون پیشه یا عهدہدار کو بوجه کسي جرم یا بد اعمالي کے نکالدینا - بحکم عدالت کسي شے یا حق سے محروم کرنا

**Forejudger (E. Law.)** *n.* حکم جسکي رو سے کوئي شخص خارج یا کسي حق یا شے سے محروم کیا گیا هو

**Foreman,** *n.* دورمین - پیشوا کار یا سرغنه جوري یعني وہ شخص جو اهالي جوري کے طرف سے گفتگو کرے

**Foremother,** *n.* مورث قسم اناث

**Forensic,** *a.* متعلق عدالت

**Forensic medicine,** علم طب متعلقه قانون

**Forest, department,** صیغه جنگلات

**Forest officer,** عهدہدار جنگل

**Forestall,** *v. t* (E Law.) راسته روکنا - مال کا بازار تک نه پهونچنے دینا

**Forestall the market,** مال کا بازار پهونچنے سے پهلے اس نیت سے خرید کرنا که وہ قیمت زیادہ پر فروخت کیا جاے - یه انگلستان میں سنه ۱۸۴۴ع تک جرم خیال کیا جاتا تها

**Forfeit,** *n.* شے منضبطه - تاوان - زوال حق بوجه کسي جرم یا خلاف ورزي کے

**Forfeit,** *v. t.* ضبط کرنا

**Forfeiture,** *n.* ضبطي

**Forfeiture of lease,** ضبطي پٹه کي

**Forfeiture of bond,** مچلکه یا ضمانت نامه کے روپیه کا واجب الوصول هوجانا

**Forge,** *v. t.* جعل بنانا

**Forged document,** جعلي دستاویز

**Forgery,** *n.* جعلسازي - جهوٹي دستاویز جو بغرض فریب دهي یا نقصان رساني بنائي گئي هو

**Forgive,** *v. t.* معاف کرنا جرم یا قرضه کا

**Forisfamiliate,** *v. t.* حصه دیگر دعوی وراثت مزید سے خارج کرنا - لڑکے کو حکومت پدري سے آزاد کرنا

**Forisfamilate,** *v. t* وراثت پدري سے آیندہ کے لئے دستبرداري کرنا

**Form,** *n.* - (۱) نمونه - نقشه (۲) شکل - خاکه - ضابطه - دستور مستمرہ

**Form,** *v.* ترتیب - تعمیر کرنا - بنانا - دینا (۲) نکالنا - ایجاد کرنا (۳) قایم کرنا - قرار دینا - کسي بات میں کام آنا - کسي شے کا جزو خاص هونا

**Forma pauperis,** In. بصیغه مفلسي

**Formal,** *a.* باضابطه - به طریق ضابطه

**Formality,** *n.* طریق ضابطه - رسوم ضابطه

**Formally,** *adv.* ضابطه سے - حسب طریق معین - باقاعدہ

**Former,** *a.* سابق - گذاشته - اول الذکر (بمقابله latter یعني آخرالذکر کے)

Fornication, *n.* مجامعت - ناجایز جو زنا کي حد تک نه پهونچے

Forprise, *n.* (۱) استثنا یا قید (۲) وصول بیبها

Forthcoming, موجود - پیش هونے کے لئے تیار

Not forthcoming,- موجود نهیں هے- گم - غایب

Forward, *v*, - روانه کرنا - چالان کرنا ارسال کرنا (۲) حمایت کرنا - مدد دے کر آگے چلانا

Forthwith, *adv.* فوراً - جب مدعا علیه کو یهه حکم هو که اپنا عذر فوراً (Forthwith) پیس کرے تو اوسکو ۲۴ گهنٹے کے اندا پیس کرنا چاهئے معمولي طور پر اسکے معني یهه هیں که اند زمانه معقول کے

Fortification, *n.* قلعه یا تعمیر بغرض حفاظت

Fortuitous, *a.* اتفاقي

Forum, *n.* عدالت جماعت جو مجاز فیصله کرنے مقدمات کي هو

Forum originis, عدالت اوس ملک کي جو مقام سکونت بوجهه پیدایس کے هو

Foster brother, *n.* برادر رضاعي

Foster sister, همشیره رضاعي

Foster lean, (۱) اجر مقرره بغرض پرورش یا دوده پلانے طفل کے (۲) تملیک

Foster mother, *n.* مادر رضاعي - د یه

Foul bill of health, سارٹیفکٹ مشعر اسکے که جهاز ایسے ملک سے آیا هے جهاں کوي مرض ساري پهیلا تها

Foul copy, مسوده

Foundation, (۱) بنیاد - ابتدا (۲) وه خیراتي کارخانه جو بذریعه هبه کے قایم رکها جاے - وقف

Founder, واقف - باني - موجد - قایم کرنے والا

Founded, *a.* مبني - بر بناے

Foundling, *n.* (M. law.) وه لڑکا جسکے والدین نه معلوم هوں - لطیق

Fours, On all. بالکل مطابق

Four corners of a deed, To be within. دستاویز سے عیاں هونا

Fraction, *n.* حصه - کسر - جزو

Fractional-share, *n.* حصه کسراتي

Fracture, ٹوٹ جانا - هڈي کا ٹوٹ جانا

Simple fracture, هڈي کا صرف ٹوٹ جانا

Compound fracture, هڈي کا ٹوٹ کر جلد کا اس طرح پهٹ جانا اور اوپر سے اندر تک زخم هوجاے

Framing issues, امر تنقیح طلب قایم کرنا

Frame of a suit, ترتیب نالش

Franchise, *n* (۱) حق خاص جو سرکار سے عطا کیا گیا هو (۲) حق راے یا ووٹ دینے کا (۳) مقام جهاں حق مذکور استعمال کیا جاے

Frank fee, (E. L.) ایک قسم کي حقیت دوامي قابل ارث

Frank law, (E Law) حق حضوري میں منتخب کئے جانے یا گواهي دینے کا

Frank marriage, آراضي جو بطور جهیز دختر اور اوسکے شوهر کو بلا لازمه خدمت کے دي گئي هو

Frank tenement, حقیت مستقل قابل ارث

**Frater consanguineous,** برادر علاتي

**Fraternity,** *n.* بھائي چارہ - فرقہ - طايفه

**Fratricide,** *n.* برادر کشي

**Fraud,** *n.* فريب - فريب ميں بموجب قانون کے امور ذيل داخل هوں (۱) ايما کرنا بطور امر واقعه کے جو سچا نهيں هے (۲) اخفا بذريعه عمل (۳) اقرار بغير نيت ايفا (۴) اور کوئي فعل جس سے دهوکا هو سکتا هو يا جو قانوناً مبني فريب قرار ديا کيا هے

**Fraud, Actual.** فريب واقعي - مثلاً دهوکا دينا بوجهه غلط بياني ديده و دانسته وغيره کے

**Fraud, Constructive.** فريب تعبيري فريب جو نوعيت معاهده يا تعلق باهمي متعاقدين سے مستنبط هوتا هو

**Fraud Statute of,** *See* Statute.

**Fraudulently,** *adv.* - فريب سے - فريبا - کسي امر کي نسبت فريباً کيا جانا اوس وقت کها جاتا هے جب وه کسي شخص کو کسي مال يا استحقاق سے فريبه محروم يا بيدخل کرنے کي نيت سے کيا جاے

**Free,** *a.* آزاد - بلا قيد يا شرط

**Free-bench,** (E. Law.) حق بيوه اراضي شوهر ميں سے مهر پانے کا حسب رواج معاهي کے

**Free-board,** آرضي بيرون ميڑ يا احاطه کے جسکا دور ۲ ½ فت تک کيا جاسکتا هے

**Freedom,** *n.* (M. L.) حريت

**Free goods,** مال جسپر محصول عايد نهو

**Freehold,** *n.* حقيت قابل ارث يا حبس حياتي اراضي يا مکانات ميں - يهه حقيت زمانه سابق ميں بذريعه ديے دخل کے قايم کي گئي تهي

**Freeholder,** *n.* قابض حقيت مستقل

**Freewill,** *n.* برضا و رغبت - بلا اکراه واجبار

**Freight,** *n.* کرايه جهاز بابت ليجانے مال کے

**Fresh suit,** نالش جديد

**Friction,** *n.* ناچاقي

**Friend, Next,** رفيق قريب ترين - مدعاعليه نا بالغ کا ولي

**Frivolous,** - لا طايل - بيهوده - نکمي - نا قابل لحاظ

**Frivolous complaints,** نالش بغرض ايدا رساني

**Industriam,** بذريعه محنت جانوروں كا پلاؤ كرنا - بعد پكڑنے جنگلي جانوروں كے اونميں حق ملكيت پيدا هو جاتا هے - جب تک كه وہ اوسكے اختيار يا قابو ميں رهيں - يهه حق بوجهه محنت (per industriam) كے پيدا هوتا هے

**Industry,** مستعدي - محنت - مشقت

**Ineffective,** غير موثر - بے كار

**Ineligible,** *a.* ناقابل انتخاب - ناقابل پسند

**Inequality,** عدم مساوات - تفاوت - يا فرق (۲) ناكافي هونا - كمي

**Inequitable,** خلاف انصاف - خلاف عدل

**In esse,** واقعي موجود

**Inevitable,** ناگزير - لاچار

**Inexcusable,** *a.* ناقابل معافي يا معذرت

**Inexpedient,** *a.* نامناسب - خلاف مصلحت

**Inextinguishable,** *a.* ناقابل زوال

**Infamous,** *a.* بدنام - جس شخص پر پيشتر جرم ثابت قرار ديا گيا هو

**Infamy,** *n.* بدنامي - پيشتر وہ شخص جسپر كسي سنگين جرم ثابت قرار ديا گيا هو مجاز گواهي دينے كا خيال نهيں كيا جاتا تها - اب اس امر سے محض اعتبار گواہ پر فرق آتا هے

**Infancy,** نابالغي

Infant, n. طفل - نابالغ طفل جسکي عمر ۷ سال سے کم هو مقدمات فوجداري میں مجرم نهیں هوسکتا اور ۷ برس سے ۱۲ برس تک بهي وه ذمهدار اپنے افعال مجرمانه کا نهیں اگر اوسکي سمجهه اوسوقت تک پخته نهوئي هو طفل بموجب قانون کے ۲۱ سال کي عمر کے پهونچنے پر بالغ سمجها جاتاهے اس زمانے سے قبل اُسکو مجاز معاهده کرنے کا نهیں هے

Infanticide, n. طفل کشي - دختر کشي

Infantry, n. فوج پیدل

Infected places, وه مقامات جهاں امراض ساري یا وبائي پهیلے هوں

Infection, n. مال کا بوجه کرنے کسي امر خلاف قانون کے (مثلا محصول کا ادا نکرنا) قابل ضبطي هونا - مرض متعدي

Infectious diseases, امراض ساري

Infer, v. t. نتیجه نکالنا - استنباط کرنا

Inference, نتیجه - ماحصل - استنباط

Inferior court, عدالت ادنی عدالت ماتحت

Inferior right, حق ادنی

Inferiority, کم حیثیتي - کمي - خوردي

Infeudation, n. قبضه حقیت کامل کا دینا

Infidel, n. کافر

Infirmity, n. سقم عقلي یا جسماني

Infirmity of a will or note, ناجوازي رقعه یابل وغیره

Inflammatory, فتنه انگیز - خصومت یا بلوه پیدا کرنے والي

Inflame, آگ لگانا - بهڑکانا - اشتعال پیدا کرنا

Inflexible, ناقابل تغیر

Inflict, (ضرر کا) عاید کرنا - پهونچانا

Influence, n. - اثر - قابو - مقدرت داب

Influence, Undue. *See* Undue.

Influential, ذي وقعت - اثر یا داب رکهنے والے

Inform, v. t. خبر دینا - اطلاع کرنا

To inform against, شکایت کرنا استغاثه کرنا

Informal, n. بے ضابطه

Informant, n. (۱) اطلاع دینے والا (۲) اٹرني جنرل (انگلستان میں) - ایڈوکیٹ جنرل

Information, n. (۱) اطلاع (۲) استغاثه - رپورٹ پولیس - استغاثه جو ایڈوکیٹ جنرل بحضور هایکورٹ پیش کرے

In *forma pauperis*. بصیغه مفلسي

Informer, n. مخبر

Informer, Common. مخبري پیشه

Infraction, خلاف ورزي - انحراف

Infranchise, *See* Enfranchise.

Infringement, n. - (۱) خلاف ورزي شکست - (۲) - کسي حق میں دست اندازي کرنا

Ingenious argument, وه بحث جو نتیجه ذهانت هو - نئي بحث - عجیب بحث - طبع ازمائي

Ingenitas (Bom. Law.) آزادي غلام کي بذریعه خط آزادي کے

Ingredient, n. جزو - جزو اصلي

Ingress, n. حق داخل هونے کا

Inhabitable, a. قابل سکونت

Inhabitancy, n. حق باشندگي یعني حق پرورش بصورت محتاجي

Inhabitant, n. ساکن مستقل شهر یا قصبه

**Inherent,** *a.* لازمي - قدرتي - ذاتي

**Inherit,** *v. i.* وراثتاً پانا - وراثتاً پهونچنا

**Inheritable,** *a.* قابل ارث

**Inheritable-blood,** *n.* تعلق نسبي جس سے حق وراثت حاصل هو

**Inheritance,** *n.* (۱) ورثه (۲) حق وراثت (۳) جايداد قابل ارث

[نوٹ— هندو خاندان مشترکه میں جايداد موروثي بذريعه وراثت کے نهيں پهونچتي بلکه خاندان میں پيدايش کي وجه سے بهي حق جايداد میں حاصل هو جاتا هے اور بذريعه بٹوارہ کے جايداد پهونچتي هے - علاوه اسکے وراثت میں جايداد میں حق مورث کي وفات سے حاصل هوتا هے]

**Inheritance, Obstructed,** (H L.) پرت بند

**Inheritance, Unobstructed** (H. L.) اپرت بند

**Inheritance, Law.** قانون وراثت يه قانون بصورت هندوں کے دهرم شاستر هے اور بصورت مسلمانوں کے شرع محمدي - باقي صورتوں میں جب کوئي خاص قانون نهو تو ايکٹ وراثت هند متعلق هے

**Inhibition,** *n.* (۱) حکمنامه جو کسي عدالت اعلی سے ادنی کو اغرض سے بهيجا جاے که کسي مقدمه متدابره میں کارروائي مزيد ملتوي کيجاے (۲) حکمنامه جسکي روسے کوئي شخص ايسا قرضه لينے سے منع کيا جاے جو اوسکي جايداد قابل ارث پر بار هوجاے (Scot law) - (۳) ممانعت - امتناع

**Iniquitous,** *a.* ناانصاف

**Initial,** *n.* حرف يا حروف ابتدائي نام کے - ابتدائي

**Initiate,** *v. t.* - آغاز کرنا - داير کرنا - رجوع کرنا - شاگرد کرنا - سکهلانا - کسي درقه میں اوسکے رسوم سکهلانے کے بعد داخل کرنا

**Initiate, tenant by courtesy,** شوهر جو اپني زوجه کي حقيت پر بوجهه پيدايش طفل کے تاحيات زوجه کے قابض عرفي رهتا هے ليکن بعد وفات زوجه کے يهه حق واقعي هوجاتا هے

**Initiation,** *n.* کسي فرقه يا جماعت میں اوسکے اصول يا رسوم سکها کر داخل کرنا

**Initiatory,** *a.* ابتداي - ابتداي رسوم

**Injunction,** *n.* حکم امتناعي - وه حکم عدالت جسکي روسے کسي شخص کو کسي کام کے کرنے يا نکرنے کي هدايت کي جاے

**Injunction, Interlocutory,** حکم درمياني

**Injunction, Mandatory,** حکم تاکيدي يعنے جسکي رو سے کسي کام کے کرنے کي هدايت هو

**Injunction, Perpetual,** حکم يا حکم امتناعي دوامي

**Injunction, Preventive,** حکم امتناعي يعني حکم جسکي رو سے کسي کام کے کرنے کي ممانعت کي جاے

**Injunction, Provisional.** حکم چند روزه يا درمياني

**Injury,** *n.* نقصان - ضرر

**Injury, Wrongful,** ضرر بيجا بوجهه ارتکاب کسي فعل کے جو خاص طور پر قانوناً ممنوع هو يا ترک ايسے فعل کا جو قانوناً عايد کيا گيا هو

**Injustice,** *n.* بے انصافي

Inland, ملكي - جو ايک هي ملک پر محدود هو

Inland Bill, بل آف ايکسچينج جو ملک کے اندر تحرير کيا گيا اور ملک کے اندر هي قابل ادا هو

Innings, *n.* آراضيات جو سمندر سے برآمد هوئي هوں

Inn keeper, *n.* محافظ سراے يا پڑاؤ

Innocence, بے گناهي

Innocent, *a.* بے جرم - بے گناه

Innocent party, فريق جسکو حال خلاف قانون هونے کسي معامله کا معلوم نهو

Innocent purchaser. *See* Purchaser.

Inns of court, مقامات جهاں سے اجازت بيرسٹري کے پيشه کرنے کي دي جاتي هے يهه چار هيں

1. Inner Temple. 2. Middle Temple. 3. Lincolon's Inn. 4. Gray's Inn.

Innuendo, *n.* وه جز و عرضي دعوى نالش توهين جسميں يهه ظاهر کيا جاے که کسطرح حيرا بيان مظهره توهين تها اور مدعي سے متعلق تها

Inoculation, *n.* مرض کا بذريعه مواد کے خون ميں پهونچانا

Inofficious testament, وصيت جسميں اطفال بيجا طور پر ورثه سے محروم کئے جائيں

Inoperative, *a.* غير موثر

Inquest, *n.* (۱) تحقيقات عدالتي (۲) تحقيقات نسبت وجه وفات ناگهاني وفات ناگهاني کے جمع هوں - مثلا کرونر کي جوري (۳) راے جوري نسبت وجه وفات

Inquire, دريافت کرنا - تحقيقات کرنا

Inquiry, *n.* تحقيقات - (بمقابله تفتيش) يعني تحقيقات جو مجسٹريٹ يا عدالت کرے

Inquiry, Court of. عدالت فوجي بغرض تحقيقات ابتدائي نسبت جرم کے

Inquiry, Writ of, حکم تحقيقات تعداد هرجه

Inquisitor, *n.* عهده‌داران جنکا کام تفتيش کرنے کا هے - مثلاً کارونر کي جوري

Inquisition, *n.* تحقيقات عدالتي تحقيقات نسبت وجه مرگ

*In re*, بمقدمه - بمعامله

*In rem*, جايداد کے مقابله ميں

*See* Judgment *in rem*.

Insanity, *n.* جنون - فتور عقل

Inscriptio, *n.* دستاويز عطيه تحريري

Insertion, اندراج - ادخال

Insignia, *n.* نشان عهده يا مرتبه

Insignificant, خفيف - نا چيز - بے وقعت - حقير

Insinuation, *n.* خوشامد - اشاره کنايه

Insolvency, *n.* ديواله - بموجب اس قانون کے کوئي مديون ڈگري جو باجراے ڈگري زر نقد کے قيد يا گرفتار کيا گيا هو يا جسکي جايداد کي نسبت حکم قرقي باجراے ويسي ڈگري کے صادر کيا گيا هو عدالت ضلع سے درخواست واسطے دواليه قرار دئے جانے کے دے سکتا هے اور قابض ويسي ڈگري کا بهي يهه درخواست کرسکتا هے که مديون ڈگري ديواليه قرار ديا جاے

Insolvency, Acts of, وه قانون جو ايسے لوگوں سے متعلق هو جو اپنے ديون ادا نه کرسکتے هوں

Insolvency, Jurisdiction. صيغه ديواليه

**Insolvent**, *n.* ديواليه يعني وه شخص جسنے اپنے معمولي كار وبار كے چلانے ميں اپنے ديون كا ادا كرنا موقوف كيا يا اونكے ادا كرنے پر قادر نرها

**Insolvent debtor**, مديون ديواليه

**Inspect**, *v. t.* معاينه كرنا - ملاحظه كرنا

**Inspection, Trial by** (O. E. Law.) ايک قسم كي تجويز جسكا فيصله محض راے ذاتي جج پر منحصر هوتا تها

**Inspection of documents**, معاينه دستاويز - حق جو فريق نالش كو معاينه و لينے نقل دستاويز كا حاصل هوتا هے جبكه اوسپر دوسرے فريق كا قبضه هونا تسليم كيا گيا هو

**Inspector**, *n.* انسپكٹر - عهدهدار معاينه

**Inspector General**, اعلى عهدهدار معاينه كسي صيغه كا

**Inspector, Prosecuting**, پراسكيوٹنگ انسپكٹر پيشتر يهه عهدهدار كورٹ انسپكٹر كے نام سے موسوم تها - وه عهدهدار جو سركار كے جانب سے مقدمات فوجداري كي پيروي كرتا هے

**Inspector, Excise**, انسپكٹر آبكاري

**Inspectorship deed**, دستاويز تقرر انسپكٹر - دستاويز جسكي رو سے مابين مديون ديواليه اور اوسكے داينان كے انسپكٹران بغرض معاينه حساب و نگراني كارو بار مديون كے واسطے فايده داينان كے مقرر كئے جاتے هيں

**Install**, *v. t.* مقرر كرنا - قايم كرنا

**Installation**, *n.* رسم كسي عهده يارتبه پر مقرر كرنے كي - گدي نشيني

**Instalment**, *n.* قسط

**Instalment, Payment by**, ادا بذريعه قسط بندي - جزواً مختلف اوقات پر روپيه ادا كرنا

Failure to pay an instalment, قسط حلافي

**Instance**, *n.* (۱) تحريک - استدعا (۲) مرتبه - بار (۳) مثال

For instance, مثلاً

In the first instance, ابتدأ - اولاً

**Instance, Court**, *n.* عدالت بحري

**Instance, Court of First** عدالت مرافعه اولى

**Instigate**, *v. t.* ترغيب دينا - آماده (جرم) كرنا - راغب كرنا - بهكانا

**Instigator**, *n.* ترغيب دينے والا - (برائي كي) - بهكانے والا

**Institute**, *v. t.* (۱) رجوع - كرنا داير كرنا (۲) قايم كرنا - شروع كرنا

**Institute**, *n.* (۱) مجموعه قوانين يا قواعد (۲) جماعت علمي

**Institution**, *n.* (۱) جماعت واسطے كسي كار نيک كے (۲) آئين و مراسم

**Instruct**, *v. t.* (۱) هدايت كرنا (۲) حال بتلانا - مثلاً موكل كا وكيل كو (۳) كسي كو اختيار وكالت عطا كرنا

**Instruction**, *n.* هدايت - ارشاد - حكم - فرمان

**Instrument**, *n.* (۱) اوزار - هتيار (۲) باعث (۳) دستاويز - وثيقه

**Instrument of apprenticeship**, دستاويز شاگردي

**Instrument of cancellation**, دستاويز ابطال

nstrument of exchange of property. مبادلہ جایداد کي دستاویز

nstrument of further charge, مواخذہ مزید کي دستاویز یعني دستاویز مشعر قایم کرنے مواخذہ مزید کے جایداد مرهونہ پر

nstrument of trust. دستاویز استمرار امانت

nstrumental, a. ذریعہ - وسیلہ

nsubordination, n. - عدول حکمي نافرماني - سرکشي

nsufficient, a. ناکافي

nsufficient security, - ضمانت ناکافي بصورت رهن کے کفالت اوس صورت میں ناکافي هے کہ شے مرهونہ کي قیمت بقدر ایک ثلث زیادہ نہ هو اور بصورت مکانات کے ایک نصف زیادہ نہو

nsult, n. توهین

nsurance, n. بیمہ - ایک قسم کا معاهدہ جسکي رو سے ایک فریق بعوض پریمیم یعني زر پیشگي کے یہہ اقرار کرتا هے کہ وہ دوسرے شخص کا نقصان (موقوف بوقوع کسي امر آیندہ) پورا کردیگا یعني وہ معاوضہ بوقت و بشرط هونے کسي امر کے جس سے نقصان روقوع میں آئے ادا کریگا

nsurance, Policy of. پالسي آف انشیورنس یعني دستاویز بیمہ

nsurance Company, کمپني بیمہ

nsurance, Fire or Life, بیمہ آتس زندگي یا جان بیمہ

nsurgent, a. باغي

nsurrection, n. بلوہ - بغاوت - سرکسي

ntangible, ناقابل حس

Intendment, n. (۱) عرض - نیت (۲) معني اصلي - منشاے قانون یا کسي دستاویز قانوني کا

Intent, n. نیت

To all intents and purposes. واقعي - درحقیقت

Intention, n. نیت - (مقدمات فوجداري میں نیت اکثر صورت میں ایک اهم جزو جرم کا هے) انتیا - ارادہ - معني - منشا

Intentional, a. ارادي (خلاف اتفاقي کے)

Intentionally, - بالارادہ - عمداً - قصداً

*Inter alia*, منجملہ دیگر وجوہ یا امور کے

Inter parties, مابین فریقین

Intercede, v. i. سفارس کرنا - کسي کے لئے معافي مانگنا - بیچ بچاؤ کرنا - وساطت کرنا

Interceder, n. کسي کے قرضہ کا دیندار بننا

Intercept, - راستہ میں روک لینا - مزاهم هونا

Intercourse, Sexual, مجامعت

Interdict, حکم کے ذریعہ سے روک رکھنا - باز رکھنا - مانع هونا

Interest, n. (۱) حق واقع جایداد (۲) عرض - سروکار - تعلق (۳) شرکت - حصہ - نفع - (۴) سود

Interest, Rate of, شرح سود

Interest, Simple, سود سادہ

Legal rate of interest, شرح سود قانوني - یہہ عموماً ۶ فیصدي سالانہ هے

Interest, compound, سود در سود - سود سالانہ - سود

Compound interest with half yearly rest, سود اصلي ميں هر ششماهي پر شامل اصل هوکر اس پر بهي سود محسوب کيا جاے

Interested party, فريق جسکو تعلق يا غرض هو

Interested witness, تعلق کا گواه - طرفدار گواه

Interfere, (۱)- دست اندازي کرنا (۱) دخل دينا

Interference, دست اندازي

Interim order, حکم درمياني

Interlineation, n. اندراج کسي امر کا دستاويز ميں بعد تکميل دستاويز کے - دستاويز اس قسم کے اندراج سے ناجايز هوجاتي هے

Interlocutory order, حکم يا تجويز يا ڈگري جو اثناے نالش ميں صادر کيجاے اور جسکا منشا فيصله قطعي کرنے کا نهو

Intermarriage, n. ازدواج باهم دو فرقوں يا قوموں کے

Intermeddle, - دخل در معقولات کرنا - بيجادست اندازي کرنا

Internal, اندروني - في نفسه

International, متعلق راه و رسم باهمي دو ملکوں کے

International law, - قانون ملکي - قانون جسکي رو سے باهم سلاطين کے معاملات هوتے هيں

Interplead, v. t. دعوي مخالف ايک دوسرے کے کرنا مثلاً نالش امين بمراد تصفيه بين المتنازعين ميں

Interpleader, n. نالش تصفيه بين المتنازعين يعني نالش جو امين بنام دعويداران کے کسي زر قابل ادا يا جايداد کے بغرض تجويز اس امر کے دائر کرے که وه زر يا جايداد کسکو حواله کيا جاے تا که اوسکو بريت حاصل هو

Interpolation, n. دستاويز مکمل ميں الفاظ داخل کرنا

Interpretation, تعبير - توضيح

Interpretation clause, دفعه تعبيري يعني وه دفعه جسميں الفاظ ايکٹ کي تعريفات بيان کي جائيں

Interpretor, n. مترجم - ترجمان

Interregnum, n. (۱) وه زمانه که جسميں تخت سلطنت خالي رهے (۲) وه زمانه که جسکے اندر نظم و نسق مملکت ميں کسي وجه سے خلل واقع هو

Interrogatories, n. بند سوالات يهه وه سوالات هيں جو واسطے لينے اظهار کسي گواه يا فريق کے بذريعه کميشن بهيجے جاتے هيں

Interruption, n. (۱) خلس - خلل (۲) فاصله (۳) حائل اندازي

Interse, آپس ميں - باهم ايک فريق کے

Intervener, n. عذردار

Intervention, n. عذرداري شخص ثالث - شخص ثالث جو ابتدا فريق نه بنايا گيا هو ليکن جو دعويدار حق هو مجاز هے که کسي نوبت مقدمه پر باجازت عدالت اپنے حق کي جوابدهي ميں عذرداري کرے

Intestacy, n. بلاوصيت فوت هونا

Intestate, n. وه شخص جو بلا وصيت يا وصيت جايز کے فوت هو

Intimation, اطلاع - ايماء

Intimacy, n. آشنائي

Intimidation, criminal, تخویف مجرمانه - یعني تخویف جسکے ذریعه سے کوئي شخص کسي شخص سے ایسا فعل کراے جسکا کرنا اوسپر قانوناً واجب نہیں هے یا ایسا فعل ترک کرائے جسکے کرنے کا وہ مستحق هے ایک جرم قابل سزا هے

Intoxication, n. نشه - کوئي امر جو حالت نشه میں کیا جاے جرم نہیں هے بشرطیکه وہ شے جس سے نشه هوا اوس شخص کو بلا اوسکے علم اور خلاف مرضي کھلایا پلایا گیا هو

*In transitu,* اثناء راہ میں

Intrigue, n. سازش - بندش - آشنائي - ربط ناجایز

Intrinsic, a. اندروني
*See* Evidence.

Introduce, v. t. داخل کرنا - پیش کرنا - (۲) چلانا - رواج دینا

Introduction, n. تمهید - دیباچه - ملاقات کرانا - رایج یا جاري کرنا

Introductory, تمهیدي - ابتدائي

Intrude, v. t. بلا ضرورت داخل مکان هونا - بلا ضرورت راے ظاهر کرنا

Intrusion, n. کسي حقیت پر بعد اختتام قبضه حقدار سابق مداخلت کرنا قبل اسکے که اوسپر حقدار عودي قابض هو

Inundation, n. غرقي

Inure, v. t. قایم رهنا - باقي رهنا

Invade, v. t. خلل ڈالنا - دست درازي کرنا - تسلط کرنا

Invalid, a. ناجایز

Invalidate, v. t. ناجایز قراردینا - بے اثر کرنا

Invalidity, n. ناجوازي

Invasion, n. دست‌درازي (۲) حمله (۱) نسبت کسي کے حق کے - تسلط

Invention, n. ایجاد
*See* Patent.

Inventory, n. فہرست مال واسباب کي

Invest, v. t. (۱) عطا کرنا (کسي اختیار یا حق کا) (۲) روپیه کا کام میں لگانا

Investigate, تحقیقات یا تفتیش کرنا

Investigating officer, عهدہ‌دار تفتیش کننده

Investigation, n. تفتیش - کارروائي واسطے بہم پہونچانے شہادت وغیرہ کے

Investiture, n. (۱) رسم عطا کرنے کسي رتبه یا خطاب کي (۲) جنیو پہنانا - یگ و پویت کرنا (۳) قبضه دلانا بموجب قانون جنگ سابق کے

Investment, n. روپیه کا کسي قسم کي جایداد خرید کرنے میں صرف کرنا - جایداد میں روپیه لگانا

Invitation, درخواست - دعوت - نوید

Invite, درخواست کرنا - بُلانا - دعوت کرنا

Invocation, n. طلبي گواهان یا کاغذات واسطے پیش کرنے روبرو عدالت کے

Invoice, n. بیجک - چالان

Invoke, v. t. مدد چاهنا - استدعا کرنا

Involuntary, a. اضطراري - بلا اختیاري

Involve, لازم آنا - داخل یا شامل هونا

Involving, a. مبتلا کرنا - زیر بار کرنا - متضمن

I. O. U., (I owe you) میں تمهارا مقروض هوں - یهه تحریر معه دستخط و رقم زرکے پرامیسري نوٹ نہیں هے

Ipso facto, نتیجه لازمي

**Irrebutable,** *a.* ناقابل تردید - قیاسات ناقابل تردید اوس صورت میں کئے جاتے هیں جب اونکي تردید کے لئے شہادت قابل پذیراي نہو

**Irredeemable notes,** کاغذات سرکاري جنکا روپیه پیش کرنے پر ادا نهیں کیا جاتا

**Irregularity,** *n.* بےضابطگي - بےضابطه اور خلاف قانون هونے میں فرق هے - بے ضابطگي کي اصلاح ممکن هے - لیکن جو خلاف قانون هو وه کالعدم هے

**Irregularity, Material,** بے ضابطگي اهم - بے ضابطگي نفس‌الامري

**Irrelevant,** غیر متعلق

**Irrespective,** *a.* بلا لحاظ - قطع نظر

**Irrevocable,** *a.* ناقابل انفساخ

**Irrigation rates,** ابواب آبپاشي

**Irritancy,** *n.* حالت بے اثر یا کالعدم هونے کي ضبطي

**Irritant clause,** (Scot. Law), شرط جسکي رو سے بعض فعل جنکي ممانعت کي گئي اگر کئے جایں تو عہد بے اثر هوجاے

**Issuable,** *a.* (۱) قابل اجرا (۲) قابل امر تنقیح طلب قرار دئے جانے کے

**Issue,** *n.* (۱) امر تنقیح طلب (۲) اولاد (۳) آمدني و منافع (in plural)

To join issue, امر نزاعي پر قایم هونا بعد بیانات کے

**Issue,** *v. t.* جاري کرنا

Without issue. لاولد

**Item,** *n.* مد - رقم - شے

**Itinerant,** *n.* پهیري والا

## J

**Jactitation,** *n.* جهوٹے بیان کا اعاده جو بغرض مضرت کسي دوسرے کے حقوق کے کیا جاے - غلط دعوی

**Jactitation of marriage,** غلط دعوی ازدواج کا - اگر کوئي شخص جهوٹ یهه بیان کرے که اوسکا (مرد یا عورت) کسي دوسرے شخص سے ازدواج هو گیا هے تو شخص آخرالذکر نالش کر سکتا هے که جهوٹها بیان کرنے والا اس قسم کا بیان نه کرے

**Jail,** *n.* جیلخانه - قید خانه محبس

**Jail delivery,** قیدیاں کا واسطے تجویز کے جیلخانه سے نکالنا اور روبرو عدالت کے لانا

**Jedburgh justice,** انصاف جس میں (طنزیه) پہلے سزا اور پیچهے تحقیقات هو

**Jeofail,** *n.* غلطي بیانات یا دیگر کارروائي

**Jetsam,** *n.* مال جو جہاز کے باهر پهینکنے کے بعد ڈوب گیا هو - یهه مال ایکسال اور ایک دن بعد اگر اوسکا مالک دعوی نکرے سرکار میں ضبط هوجاتا هے

**Jettison,** *n.* مال کا جہاز سے بغرض هلکا کرنے کے باهر پهینکنا

*See* General Average.

**Jobbery,** *n.* طریقه ناراست - رشوت کے ذریعه سے کسي کام کا هونا

**Jobbing house,** کارخانه جسمیں اکٹها یا یکمشت مال خریدا جانے اور خورده (U. S.) فروشي کي جاے

Joinder of causes of action.
اشتمال بنا ہاے دعوی - بجز نالشات واسطے دلا پانے آراضي کے جملہ دعوی جو مدعي کو بمقابلہ مدعا علیہ کے ایک هي حیثیت سے هوں نالش واحد میں شامل کئے جاسکتے هیں

Joinder, of charges, اشتمال الزامات یا جرایم کا

Joinder of parties, اشتمال اشخاص بطور فریق-جملہ اشخاص بطور مدعیان یا مدعاعلیہم کے فریق بناے جاسکتے هیں جنکو یا جسکے مقابلہ میں کوئي حق حاصل هو

Joint-bailor, *n.* امانت کنندگان مشترک
جب کہ امانت مشترک هو تو ایک امانت کنندہ کو مال واپس دینا کافي هے

Joint debts, *n.* قرضجات مشترک

Joint family, *a.* خاندان مشترک

Joint family property, جایداد خاندان مشترکہ - خاندان مشترکہ میں جایداد بحق باقي ماندگي پہنچتي هے

Joint legates, - موهوب لہم مشترک
اگر دو شخصوں کے حق مین هبہ بالوصیت کي گئي هو اور اوسمیں سے ایک موصي کے حیات میں فوت هوجاے تو کل شے موهونہ شخص باقي ماندہ کو ملیگي

Joint liabilities, ذمہ داري مشترک
جب ایک سے زیادہ اشخاص نے کوئي عهد کیا هو تو وے تاحیات اپنے اور بعد ایک کي وفات کے اشخاص باقي ماندہ معہ قایمقام شخص متوفي ذمہ دار رهتے هیں

Joint and severally, مشترکا اور بالانفراد - اس فقرہ سے مراد یہہ هے کہ قرضہ یا کوئي اور ذمہ داري هر شخص پر اون میں سے جنهوں نے کوئي قرضہ لیا یا عهد کیا هو عاید هوگي اور وے مشترکاً بهي ذمہ دار هیں مثلاً قرضہ مشترکہ کي بابت سب مدیونان پر یکجا نالش هوسکتي هے یا اون میں سے کسي ایک پر بابت کل قرضہ کے

Joint session Judge, جنٹ سشن جج

Joint stock company, وہ کمپني جسمیں شرکا کي تعداد سات سے زیادہ هو اور جسکا سرمایا حصص میں منقسم هوتا هے اور هرشخص اپنے حصہ کو بلا رضامندي دیگر شرکاے کے فروخت کرسکتا هے

Joint tenancy, قبضہ مشترکہ حقیت
ایسي صورت میں بعد وفات کسي شریک کے باقي شرکا هوتے هیں

Joint tenant, قابض مشترک

Joint transfer, انتقال مشترک
جبکہ انتقال بحق ایک سے زیادہ اشخاص کے مشترکا کیا گیا هو اور جایداد سرمایہ مشترک سے حاصل کي گئي هو تو اون میں سے هر شخص کا حصہ اوس جایداد میں بقدر اوس حصہ کے هوگا جو اوس سرمایہ میں تها اور اگر حصہ سرمایہ میں معین نهو تو هر شخص حصہ دار مساوي تصور کیا جایگا

Joint trial, تجویز بالاشتراک

**Jointer**, *v. t.* تمليک کرنا بحق زوجہ کے

**Jointure**, *n.* تمليک بحق زوجہ جايداد جو زوجہ کو واسطے اوسکي پرورش کے اوّل درجہ تاحيات بصورت بيوہ ہونے کے ديجاے - تمليک ايسي جايداد کي باايفاے مہر کے متصور ہوتي ہے

**Journal**, *n.* (۱) سياہہ - روزنامچہ (۲) اخبار جو روز شايع ہو

**Judge**, *n.* جج - حاکم عدالت جسکو اختيار تجويز مقدمات ديواني و فوجداري کا ديا گيا ہو اور جو ايسے اختيار استعمال کرتا ہو - حاکم جسکا کام عدل گستري مابين فريقين ہو - بنچ

**Judge, Advocate,** وہ شخص جو واسطے پيروي استغاثہ کے روبرو عدالت فوجي کے مقرر کيا گيا ہو

**Judge**, *v. t.* تجويز کرنا - راے قايم کرنا

**Judgment**, *n.* تجويز - وہ بيان حاکم عدالت جسميں کسي ڈگري يا حکم کي وجوہ ہوں - ڈگري

**Judgment, Arrest of.** *See* under Arrest,

**Judgment creditor**, *n.* ڈگريدار

**Judgment debt**, *n.* قرضہ جس کي ڈگري حاصل کي گئي ہو

**Judgment debtor**, *n.* - مديون ڈگري وہ شخص جسکے خلاف ڈگري يا حکم صادر ہوا ہو

**Judgment in rem,** ججمنٹ ان رِم تجويز نسبت شے - ايسي تجويز کل جہاں پر قابل پابندي تصور کي جاتي ہے - اس قسم کي تجاويز بمقدمات عطاے پروبيٹ يا ازدواج يا ايڈمرلٹي يا ديوالہ صادر کي جاتي ہيں

**Judgment inter parties,**
**Judgment in personem,** } تجويز مابين فريقين - اس قسم کي تجويز محض فريقين پر يا شرکا پر قابل پابندي ہے ليکن اونکے خلاف يہہ تجويز ثبوت قطعي نہيں ہے بجز اسکے کہ وہ بطور امر مانع تقرير مخالف کے پيش کي جاے

**Judgeship**, *n.* عہدہ جج - علاقہ جج

**Judicature**, *n.* (۱) عدل (۲) عدل گستري (۳) اختيار سماعت

**Judicature act,** قانون ضابطہ انگلستان

**Judicial**, *a.* عدالتي - قانوني

**Judicial act,** فعل عدالتي

**Judicial Commissioner,** حکام عدالت اعلیٰ اودھہ و برما وغيرہ

**Judicial committee,** پريوي کونسل عدالت اعلیٰ انگلستان ميں واسطے سماعت مقدمات ديواني و فوجداري بنا راضي فيصلجات عدالت عاليہ ہند و ديگر ممالک ماتحت کے

**Judicial days,** ايام جنميں عدالت کھلي ہوں

**Judicial notice,** - جوڈيشل نوٹس واقفيت جو کہ جج بحيثيت اپنے منصب کے بلا داخل ہونے کسي ثبوت کے کام ميں لاوے - عدالت کا کسي واقعہ کا وجہ ثبوت ميں تسليم کرنا - ايسے واقعات کا ثبوت ضروري نہيں ہے - مثلاً (۱) کل قوانين يا قواعد جو اثر قانون کا (زمانہ ماضي يا زمانہ حال يا زمانہ مستقبل) برٹش انڈيا ميں رکھتے ہوں (۲) جملہ قوانين مصدرہ پارليمنٹ انگلستان (۳) تقرر عہدہ دار نام اور خطاب اور منصب اور دستخط اون اشخاص کے جو بوقت موجودہ کسي

سرکاري عهده پر برٹش انڈیا کے سي جزو میں مامور هوں بشرطیکه اونکا تقرر گزٹ سرکاري میں مشتهر هوا هو (۴) نام حکام و عهده داران عدالت اور اونکے ماتحتان کے اور نیز نام تمام ایڈوکیٹ و اٹرني وغیره کے

Judicial officer, عهده‌دار عدالت

Judicial proceeding,-کارروائي عدالتي- ایسي کارروائي میں هر ایسي کارروائي داخل هے جسکے اثنا میں شهادت حلفاً لیجاے یا شهادت کا حلفاً لیا جانا قانوناً جایز هے

Judicial separation, افتراق بحکم عدالت

Judicial writ, حکمنامه عدالت

Judiciary, *n.* حکام عدالت

Junior counsel, کونسل جو بمقابله senior کے کم عرصه سے بیرسٹر هو - جونیر کونسل بموجودگي سینیر کونسل کے عدالت کو خطاب نهیں کرسکتا

Junior member, حاکم ادنی کسي جماعت یا کمیٹي کا

Junior wife, زوجه جسکي شادي شوهر سے پیچھے هوئي هو

Jural, *a.* متعلق علم قانون

Jurat, *n.* یادداشت یا سارٹیفکت بیان حلفي کے تحت میں که کسوقت اور کس مقام پر اور کس کے روبرو بیان حلفي کیا گیا

Jurisdiction, *n.* (۱) اختیار سماعت (۲) علاقه اختیار سماعت - صیغه

The different jurisdictions of the High Courts of India are as follows :—

1 Ordinary original civil, اختیار سماعت ابتداے دیواني معمولي- اس اختیار کے بموجب هائیکورٹ جمله مقدمات بلده پریذیڈنسي بجز مقدمات مطالبات خفیفه سماعت کرتي هے - یهه اختیار هائیکورٹ الهآباد استعمال نهیں کرتي

2. Extraordinary original civil, اختیار سماعت ابتدائے دیواني غیر معمولي - اس اختیار کے بموجب هائیکورٹ کسي مقدمه کو کسي عدالت ماتحت سے جو تابع اوسکي نگراني کے هو طالب کرکے خود سماعت کرسکتي هے

3. Appellate jurisdiction, صیغه اپیل - اختیار سماعت اپیل

4. Criminal, صیغه فوجداري

(*a*) Ordinary, اختیار سماعت فوجداري معمولي

(*b*) Extraordinary, اختیار سماعت فوجداري غیر معمولي

(*c*) Revisional, صیغه نظرثاني فوجداري

5. Testamentary, صیغه وصیتي

6. Insolvency, صیغه دیواله

7. Matrimonial, صیغه ازدواج

8. Admiralty, صیغه بحري

Jurisdiction, Pecuniary, اختیار سماعت بلحاظ مالیت

Jurisdiction, Territorial, علاقه اختیار سماعت

Jurisprudence, *n.* علم قانون

Jurisprudence, Medical, علم طب متعلق قانون

Jurist, *n.* قانون داں - مصنف کتب قانوني

ry, n. اشخاص جو اس غرض سے منتخب کئے جاتے هیں که وه امور واقعاتي کي تجويز کريں اور اپني راے مطابق شهادت پيش شده کے ظاهر کريں

ry of matrons, جوري اناث جب کسي قسم قيدي اناث کو پهانسي کي سزا دي گئي هو اور وه يهه عذر کرے که وه حمل سے هے اسوجه سے سزا ملتوي هونا چاهئے تو جوري اناث بغرض دريافت حمل کے طلب کي جاتي هے

ıry, Mixed, جوري مشتمل يعني ايسي جوري جسميں انگريز اور هندوستاني دونوں شامل هوں

ıror, } n. اهل جوري
ıryman, }

ıst, a. (۱) ٹهيک - مناسب (۲) قريب - ٹهيک - عين

*ıs tertu,* حق فريق ثالث

ıstice, n. انصاف - عدل

ıstice, Chief. *See* under Chief.

ıstice of the peace, جسٹس آف دي پيس

ıstice, Court of, کورٹ آف جسٹس سے وه جج مراد هے جسکو قانوناً بذات واحد عدالت کے کام کرنے کا اختيار حاصل هو - يا ججوں کا وه مجمع مراد هے جسکو قانوناً بالاجتماع عدالت کے کام کرنے کا اختيار حاصل هو

Justice, equity and good conscience, عدل وانصاف نيک نيتي - عدالتوں کو يهه حکم هے که جب کوئي قانون خاص کسي باره ميں نهو تو مطابق عدل و انصاف و نيک نيتي کے عمل کريں

Justiciary, *n.* (O. E. L.) جج عدالت انگلستان

Justifiable, *a.* - جائز - قابل جواز کے - معذرت پذير

Justifiable homicide —*See* under Homicide.

Justification, *n.* وجه اس امر کي که کيوں کسي فريق نے جسپر الزام لگايا گيا جرم کيا - عذر جائز - معذرت

Justify, *v. t.* - جايز ثابت کرنا - تائيد کرنا

Justify, *v. i.* ضامنان کا يهه حلف که بعد اداے اپنے قرضجات کے اونکے پاس جايداد قريب دو گونه اوس رقم کے هے جو ضمانت ميں طلب کي گئي تاکه عدالت کو يهه اطمينان هو که ضمانت مناسب اور کافي هے

Justness, *n.* مناسب هونا - درست هونا - جواز

Juvenile offenders, - مجرمان کمسن مجرمان کم سن بجاے قيد خانه ميں بهيجنے کے تاديب خانه ميں بهيجے جاتے هيں بجز اسکے که اونکے جرايم سنگين هوں

## K

. B. *See* King's Bench.

eelage, *n.* محصول جو جهاز بندرگاه ميں رهنے کے بابت ادا کرتے هيں

Keep, اپنے قبضه اختيار ميں رکهنا (۲) قايم رکهنا - پورا کرنا - وفا کرنا - (۳) نوکر رکهنا - احاطا رکهنا - بجا لانا

To keep house. دیوالیہ کا گھر میں دایناں سے بچنے کے لئے چھپنا

To keep the peace. حفظ امن رکھنا

To keep term, انگلستان میں اون مقامات میں واسطے کھانیکے حاضر ہونا جہاں سے بیرسٹري کا خطاب حاصل ہوتا ہے

To keep down. تابع رکھنا ـ مطیع رکھنا ـ سر اُٹھانے نہ دینا

To keep appearance. ظاہر داري رکھنا

Keeper, *n*. محافظ ـ نگہبان

Keeper of the forest, محافظ جنگل

Keeper of records, محافظ دفتر سرکاري

Keeper of the privy seal (now called Lord Privy seal) ایک اعلی عہدہدار انگلستان جسکے ساتھہ سے سب فرمان جاري ہوتے ہیں

Keeper of the Great seal, ایک اعلي عہدہدار جو محافظ بڑے مہر کا ہے ـ اب یہہ عہدہ لارڈ چانسلر میں شامل کر دیا گیا ہے

Keeping the peace, Security for. *See* also Security. ضمانت حفظ امن

Kidnapping, انسان کو لے بھاگنا

Kidnapping from lawful guardianship ولي جایز کي حفاظت سے انسان کو لے بہاگنا اگر کوئي شخص کسي نابالغ کو ( یعنے بصورت لڑکے کے جسکي عمر ۱۴ برس سے کم ہو اور بصورت لڑکي کے جسکي عمر ۱۶ برس سے کم ہو ) یا کسي شخص کو جسکي عقل میں فتور ہو ولي جایز کي سپردگي میں سے بلا رضامندي اوس ولي کے لیجاے یا پھسلا لیجائے تو یہہ کہا جائیگا کہ شخص مذکور نابالغ کو لے بھاگا ـ یہہ جرم قابل سزا ہے

Kidnapper, *n*. انسان کو جبراً لے بھاگنے والا

Kill, *v. t*. قتل کرنا ـ ہلاک کرنا

Kin, *n*. (۱) رشتہ (۲) رشتہدار

Kind, (۲) قسم ـ نوعیت ـ طرز طریق نسل ـ جنس

In kind. جنسي ـ بذریعہ پیداوار (Opposed to cash, نقدي )

Kindred, *n*. رشتہدار

*See* also Consanguinity.

Kindred, Degree of, درجہ قرابت ہر پشت کا ایک درجہ متصاعدہ یا متنزلہ ہوتا ہے ـ چنانچہ ہر شخص کو اپنے باپ کے ساتھہ اور بیٹے کے ساتھہ درجہ اول کا رشتہ ہوتا ہے اور اپنے دادا یا نانا یا پوتے یا نواسہ کے ساتھہ درجہ دویم کا رشتہ ہے اور علیٰ ہذالقیاس لیکن رشتہدار طرفي کا شخص متوفي کے ساتھہ رشتہ کا درجہ دریافت کرنے میں مناسب ہے کہ شخص متوفي سے لیکر اصل مورث تک اور پھر اصل مورث سے اتر کر رشتہدار طرفي تک حساب کیا جاے اور ہر شخص کي بابت عام اس سے کہ وہ سلسلہ متصاعدہ میں ہو یا متنزلہ میں ایک درجہ سمجھا جاے

Kindred, Distant, ذوي الارحام

King, . . بادشاہ ـ شاہنشاہ

Kingdom, *n*. بادشاہت سلطنت ـ مملکت

King-Emperor, *n.* شاهنشاه قیصر هند

King's Bench, عدالت عالیه انگلستان از روے جوڈیشیل ایکٹ کے اب اسکے اختیارات هائیکورٹ کو تفویض کئے گئے هیں

King's counsel, خطاب جو کونسل کو بوجهه اعلي لیاقت قانوني کے عطا کیا جاتا هے

*See* Queen's counsel.

King's evidence, شہادت گواه سرکار

King's witness, گواه سرکار - یعني شریک جرم جو اقبال جرم کرتا هے اور خلاف اپنے شرکاے جرم کے گواهي دیتا هے

Kinsmen, حقیقي رشتهدار - قرابتدار قریبي

Kleptomania, *n.* سرقه کا خبط یهه بیماري ایسي نهیں هے جس کي وجه سے جرم سے برات حاصل هوسکے

Kleptomaniac, *n.* وه شخص جسکو سرقه کا خبط هو

Knave, *n.* چالاک - بے ایمان

Knight, *n.* - نایت - خطاب بهادري کا - قدیم زمانه میں اشخاص درجه اعلی کے گهوڑے پر سوار هوکر بغرض امداد بیچارگاں و غربا کے قسم کهاکر جایا کرتے تهے - اب یهه ایک خطاب هے جو بادشاه عطا کرتا هے - جنکو یهه خطاب عطا کیا جاتا هے اونکے نام کے پیشتر لفظ (Sir) استعمال کیا جاتا هے - بیرونیت سے اوسکا درجه کم هوتا هے - یهه لقب قابل ارث نهیں هے

Knighthood, *n.* ایک خطاب جو بیرونیت سے کم هے اور جسکو بادشاه عطا کرتا هے - اس خطاب کے حاصل هونے سے وه شخص قبل نام کے لفظ (Sir) لگاکر خطاب کیا جاتا هے

Knight of the post, چالاک - وه شخص جو اپني بسر اوقات جهوٹ گواهي دینے کے ذریعه سے یا چالاکي سے کرے

Knight of the shire, (Eng.) کونٹي یا پرگنه کي طرف سے جو بطور قایم مقام پارلیمنٹ میں داخل هو

Knight marshal, (Eng. Law), عهدهدار متعلق دربار شاهي جسکا کام یهه تها که اون مقدمات کي تجویز کرے جو محل شاهي کے اندر هوں

Knight service, (E. Feud. Law), آراضي جو بشرط خدمت جنگ کے کسي نایت کو دي جاے

Knights of labour, (U. States) جماعت پوشیده جسکي غرض یهه هے که وه حقوق کاریگران و مزدوران کي حفاظت بمقابله اون اشخاص کے جو اون کو کام میں لگاتے هیں کریں

Knight's fee, آراضي واسطے امداد نایت کے جو زمانه قدیم میں بقدر ۲۰ پونڈ سالانه کي آمدني کے هوتي تهي

Knock down, (۱) نیلام ختم کرنا (۲) دے مارنا

Knowingly, *ad.* جانکر - جان بوجهه کر - دیده و دانسته

Knowledge, *n.* علم - واقفیت بموجب قانون کے یهه قیاس کیا جاتا هے که هر شخص اپنے ملک کا قانون جانتا هے

L

Label, n. (۱) چیٹھ (۲) ٹیتھ جسپر مہر لگائي جاتي ھے اور اوس سے دستاویزات نتھي کئے جاتے ھیں (۳) تحریر زاید جو دستاویز کے ساتھہ منسلک کي جاے مثلاً تتمه وصیت نامه

Labour, n. (۱) مزدوري - محنت - مشقت (۲) درد حمل

Labour (under), قباحتوں میں پڑنا مبتلا یا گرفتار ھونا

Labour, Compulsory, جبریه محنت ناجایز طور پر کسي شخص کو خلاف اوسکي مرضي کے محنت کرنے پر مجبور کرنا جرم ھے - لیکن بموجب بعض قوانین مقامي کے محنت جسماني جبریه جایز ھے

Labor, Hard, مشقت تعزیري

Labour question, بحث محنت کرانے کي - بحث اجرت مزدوران

Labourer, n. مزدور - محنت کرنےوالا

Labourers, Breach of contract by. خلاف ورزي معاهده منجانب مزدوران ایکٹ نمبر ۱۳ ۱۸۵۹ع - ملاحظه طلب

Laches, n. توقف بیجا یا غفلت کسي چارہ جوئي قانوني میں جسکي وجهه سے توقف کرنے والے کا حق زایل ھوجاتا ھے - بموجب قانون انگلستان کے حق نوعي معاهده تعمیل مختص کا بوجه توقف بیجا کے زایل ھوسکتا ھے ایکٹ دادرسي خاص میں کوئي اس قسم کے قواعد نہیں ھیں کیونکه یهه تحریر کي گئي ھے که ھندوستان میں احکام ایکٹ میعاد سماعت کي وجه سے (مد ۱۱۳) که نالش تعمیل مختص اندر ۳ سال کے تاریخ مقررہ تعمیل مختص سے یا اگر کوئي ایسي تاریخ مقرر نه کي گئي ھوتو اسوقت سے جب مدعي کو اطلاع ھو که تعمیل سے انکار کیا گیا دایر کرني چاهئے مسله توقف بیجا اس قسم کے تنازعات سے متعلق کرنے کي ضرورت نہیں رهي

Laconic, a. مختصر

Lad, n. طفل - لڑکا

Laden, pp. لدا ھوا

Lading, n. مال جهاز

Lading, Bill of—*See* under Bill.

Lady, n. خاتون - زوجه کسي لارڈ کي

Laity, n. (۱) عوام جو کوئي خاص پیشه مثلاً ڈاکٹري یا وکالت یا پادري کا نه کرتے ھوں (۲) عوام بخلاف اشخاص مذهبي

Lambeth degrees, ڈگري یا خطاب مفوضه آرچ بشپ کینٹربري

Lamma-land, n. آراضیات جنپر دیگر اشخاص کو علاوہ مالکان کے حق چراگاہ حاصل ھے

Lampoon, n. تحریر طنزیه نسبت کسي شخص کے - عموماً ملامت تحریري بغرض رنج پہنچانے کے

Lampoon, v. t. توھین کرنا

Lacerate, ٹکڑے ٹکڑے کرنا - زخمي کرنا

Lacerating wound, زخم جسمیں گوشت پھٹ گیا ھو

Lance, n. (۱) بھالا (۲) سپاھي - نیزہ بردار

Land, n. (۱) آراضي (۲) زمین (۳) ملک (۴) حصه خشکي (۵) آراضي قابل زراعت

**Land**, *n.* وہ آراضي جو اعتراض زراعتي کے لئے اُٹھائي جاے یا قبضہ میں رکھي جاے - وسیع تر معني میں وہ آراضي بھي داخل ھے جو چراگاہ یا درخت لگانے یا پیداوار جمع کرنے کے واسطے اُٹھا دي جاے اور اونمیں ایسے آراضي کے متعلقہ مکانات اور اور تعمیرات کي زمین اور درخت اور پاني جو اوس آراضي میں یا اوسپر ھوں یا ایسا پاني جو آبپاشي کے لئے یا مچھلي کا شکار کرنے کے لئے دیا یا استعمال کیا جاے داخل ھے

**Land Acquisition Act**, ایکٹ حصول آراضي - اس ایکٹ کے رو سے گورنمنٹ ھر آراضي باداے معاوضہ واسطے اغراض عوام کے لے سکتي ھے

**Land agent**, *n.* دلال خرید و فروخت آراضي - کارندہ بغرض وصول لگان وغیرہ

**Land cess**, *n.* ابواب آراضي

**Land chain**, *n.* جریب - پیمایش کي رسي

**Landholder**, *n.* زمیندار - وہ شخص جو مستحق پانے لگان کا ھو

**Land Improvement Act**, ایکٹ ترقي حیثیت آراضي

**Landlord**, *n.* (۱) مالک مکان (۲) مالک آراضي - زمیندار بموجب قانون بنگال کے وہ شخص جسکا کوئي آسامي ماتحت بلا وساطت ھو - گورنمنٹ بھي داخل اس تعریف کے ھے

**Landmark**, *n.* نشان حدود - حدبست آراضي - سوانہ کے حد کے نشان کا مٹانا ایک جرم قابل سزا ھے

**Land measure**, پیمایش آراضي

**Land revenue**, مالگذاري

**Land tax**, محصول آراضي

**Land waiter**, عھدہدار پرمٹ

**Landed property**, جایداد قسم آراضي املاک

**Landed security**, کفالت آراضي

**Lane**, *n.* گلي - سڑک شارع عام

**Language**, *n.* زبان - بولي

**Lapse**, *n.* باقي نہ رھنا کسي حق کا بوجہ نہ استعمال کرنے کسي حق کے زمانہ معینہ میں یا بوجہ نہ واقع ھونے کسي امر مشروط کے - اسوجہ سے پہونچھنا حق کا دوسرے کو

**Lapse**, *v. i.* (۱) ایک مالک سے دوسرے مالک کو پہونچنا یا ایک موھوب لہ سے بوجہ اوسکي غفلت یا وفات عدم تعمیل شرط کے دوسرے موھوب لہ یا وارث کو پہونچانا - مثلاً اگر موھوب لہ یا منتقل الیہ بالوصیت حین حیات موصي فوت ھوجاے تو ھبہ ساقط ھوجاتي ھے اور شے موھوبہ جزو بقیہ ترکہ ھو جاتي ھے (۲) ساقط ھونا - کالعدم ھوجانا

**Lapse deposit**, زر مجتمع عدالت جو بوجہ عدم دعویداري سپاہہ سرکار ھو گیا ھو

**Lapsed devise**, } ھبہ یا انتقال
**Lapsed legacy**, } وصیتي ساقط شدہ

**Larcenous**, *a.* متعلق سرقہ

**Larceny**, *n.* سرقہ - اوٹھائي گیري

**Larceny, Compound or mixed**, سرقہ سنگین - یعني سرقہ اندر مکان سے یہ جرم سنگین ھے

**Larceny, Simple**, سرقہ محض - سرقہ خفیف

**Large**, *a.* بڑا - وسیع

To set at large. رها کرنا

At large. بلا گرفتاري

Common at large. چراگاه جوکسي خاص شخص کو دي گئي هو يا جو اوسنے بوجه قدامت يا انقضاے زمانه حاصل کي هو

**Lascar**, *n.* ديسي آدمي جو جهاز اهل يورپ ميں ملازم هو

**Lash**, *n.* تازيانه

**Last**, *a.* آخر - آخرالذکر

**Last**, *v. i.* قايم رهنا

**Last heir**, وارث آخر - وه شخص جسکو اراضي بطور ضبطاي بوجه نهونے وارث متوفي کے پهونچے - اکثر صورتوں ميں جب آسامي کا کوئي وارث نهو اوسکي حقيت قسم اراضي زميندار کو پهونچتي هے اور قسم منقوله سرکار کو

**Last resort, Court of**, - عدالت آخر - عدالت جسکي حکم کي ناراضي سے اپيل نهيں هوسکتا عدالت اخر کهلاتي هے

**Lasting**, *a.* قايم رهنے والا - دايدار - دايمي

**Latent**—*See* Ambiguity.

**Latent defects**, نقايص پوشيده - بايع پر لازم هے که نقايص پوشيده اگر وه اون سے آگاه هو تو ظاهر کرے اور اگر وه ايسا نکرے تو معاهده قابل انفساخ هوتا هے

**Latitude**, *n.* آزادي - وسعت (خلاف سخت گيري)

**Laureate, Poet.** ملک الشعرا - شاعر جسکو بادشاه سے يه خطاب ملا هو - اس عهده کي تنخواه بلا محنت دي جاتي هے

**Law**, *n.* قانون - آيين - ضابطه - شرع - شاستر - قانون کي تعريف اس طور پر کي گئي هے—قانون وه قواعد هيں جو واسطے هدايت اهل عقل کے عقل کامل نے جسکو اونپر مقدرت حاصل هے مقرر کئے هيں

To go to law. نالش کرنا - عدالت کي داد خواهي چاهنا - قانون پيشه بننا

To take the law into one's hand. اپنے هاتهه ميں قانون لينا - بغير کارروائي عدالت کسی جرم کي سزا خود دينا

To set the law in motion, عدالتي کارروائي شروع کرنا - عدالت کو تحريک کرنا

**Law, Adjective**—*See* Adjective.

**Law, Cannon**, قانون کليسيا

**Law, Civil.** قانون روم

**Law, Commercial.** - قانون تجارت - اس قانون ميں رواج اور فيصله جات عدالتي و قوانين موضوعه متعلقه تجارت داخل هيں

**Law, Common.** قانون و نظاير عدالت قانون عام - قانون شدامد و رواج

**Law, Constitutional.** قانون متعلق انتظام ملکي - جسميں حقوق و اختيار شاهي و پارليمنت داخل هيں

**Law, Criminal.** -قانون متعلق جرايم اسميں مجموعه تعزيرات و مجموعه ضابطه فوجداري و قوانين متعلقه پوليس و ديگر قوانين مختص الامر و مختص المقام متعلق جرايم داخل هيں

**Law, Customary.** - قانون - رواج دستور - يهه قانون رواج قديم پر مبني هوجاتاهے اور جب وه قانوناً منظور هو جاتا هے تو وه مثل قانون موضوعه کے اثر پذير هوتا هے

**Law, Divine.** حکم الهي
**Law, Ecclesiastical.** قانون کالیسیا
**Law, Feudal.** قانون متعلق خدمات جنگ جو سابق میں انگلستان میں اثر پذیر تها
**Law, Hindu.** دهرم شاستر
**Law, Judge made.** نظایر
**Law, Local.** قانون مختص المقام
**Law, Matritime.** قانون بحري یه ایک جزو قانون تجارت هے
**Law, Martial.** قانون جنگ - قانون جو اوسوقت نافذ هوتا هے جب ملک میں فساد هو
**Law, Merchant**—*See* Commercial law.
**Law, Military.** قانون فوجي
**Law, Moral.** قانون اخلاق یا تهذیبي
**Law, Mosaic.** قانون حضرت موسی
**Law, Mohammedan.** شرع محمدي
**Law, Municipal,** (۱) قانون موضوعه قانون جو سلطنت کے اعلی حاکم نے صادر کیا هو اور جسکے روسے کسي فرض کے انجام دینے یا کسي فعل کے نکرنے کا حکم دیا گیا هو یا جسکي رو سے کوئي حق قرار دیا گیا هو (۲) قانون میونیسپلٹي
**Law, Positive**—*See* Municipal law.
**Law, Special,** قانون مختص الامر
**Law, Statute.** قانون مصدوره و ضعان قانون
**Law-abiding,** *a.* قانون کے مطیع - قانون کے ماننے والے
**Law breaker,** *n.* قانون کے خلاف کرنے والا - مجرم
**Lawgiver,** **Law maker,** } *n.* قانون بنانے والا

Law report, رپورٹ قانوني - نظایر - لا رپورٹ
Law suit, *n.* نالس - مقدمه کارروائي قانوني
Lawful, *a.* جایز - مطابق قانون کے
Lawful age, سن بلوغ - عموماً عمر ۲۱ سال
Lawful consideration. بدل جایز معاهدات جنکا بدل جایز نهو کالعدم هیں مثلاً معاهدات قمار بازي
Lawful purpose, غرض جایز
Lawless, *a.* قانون شکن - مثلاً راهزن وغیره جرایم پیشه
Lawyer, *n.* قانون پیشه - وکیل
Laxation, Laxity, } *n* ملایمیت - کم سختي
Lay, *n.* وه شخص جو قانون پیشه وغیره نهو - معمولي آدمي
Lay, *v. t* بیان کرنا - ظاهر کرنا - دایر هوسکنا
Lay before, داخل کرنا - پیش کرنا
Lay by, پس انداز کرنا - بچا رکهنا
Lay corporation, (۱) جماعت سند یافته واسطے اعراض دنیاوي کے (۲) جماعت واسطے اغراض خیراتي کے
Lay damages, هرجه بیان کرنا
Lay down, (۱) پیش کرنا قایم کرنا (کوئي مسله یا خیال) (۲) چهوڑنا - دست کش هونا - مستعفي هونا (۳) قلمبند کرنا
Lay open, فاش کرنا
Lay out. صرف کرنا - لگانا (۲) مرتب کرنا (۳) کوشش کرنا
Lay stress, زور دینا - استدلال کرنا
Lay waste, ویران کرنا - برباد کرنا
Laying hands on, گرفتار کرنا

Laying hands on one's self, حرد کسي کرنا

Lead, *v. t.* هدايت کرنا - اول گفتگو کرنا - کسي جانب ليجانا يا مايل کرنا - راه بتانا (۲) بسر کرنا - گذرانا

Leader, *n.* (۱) هادي (۲) عمل کرنے والا (۳) اول اعلى مضمون کسي اخبار يا صحف مين

Leading case, مقدمه جس سے کوئي اصول قانوني قايم هو - مقدمه هدايتي

Leading question, سوال علي المقصود سوال هدايتي - اس قسم کے سوالات جرح ميں کئے جاسکتے هيں

Leading strings to be in. دوسروں کے هاتهه هونا - دوسروں کي هدايت ميں هونا

League, *n.* (۱) سازش (۲) بادشاهوں يا رياستوں ميں اعانت يا حفاظت باهمي کے لئے اتحاد جماعت بغرض حفظ حقوق کسي قوم يا فرقه کے

Leakage, مجري جو بوجه ٹپکنے يا چو جانے کے ديجاے

Leak out, فاش هوجانا - پوشيده امر يا خبر کا ظاهر هوجانا

Leap year, سال کبيسه - وه سال جسميں ۳۶۶ دن هوں اور ماه فروري ۲۹ دن کا هو

Learning Bill, Gains of, قانون جسکي يهه منشا تهي که وه مدني جو شرکاے هندو خاندان مشترکه اپني لياقت يا علم سے حاصل کريں گو وه تعليم جو وسيله آمدني مذکور کا هو سرمايه مشترک کے ذريعه سے دي گئي هو سرمايه مشترک نه خيال کي جاے بلکه ذاتي سرمايه خيال کيا جاے

Lease, *n.* پٹه ٹهيکه - کرايه نامه مستاجري - بموجب قانون انتقال جايداد کے پٹه يا کرايه نامه جايداد غير منقوله ايک انتقال نامه جايداد مذکور کے قبض و تصرف کے استحقاق کا هے جو کسي ميعاد صريحي يا استنباطي کے لئے يا براے دوام بعوض زر قيمت عوض آے جو ادا کي گئي يا جسکا وعده کيا گيا هو يا بعوض سے زر نقد يا حصه فصل يا کسي خدمت يا او شے ماليت دار کے قرار داده جو منتقل اليه (پٹه دار يا آسامي) بر انتقال کنده پٹه دهنده يا زميندار) کو قسط بقسط يا اوقات مقرره پر ادا کرنا يا دينا واجب هے — معمولي طور پر پٹه جسميں کوئي ميعاد درج نهو ايک سال کے لئے هوتا هے

Lease, Counterpart of - قبوليت زميندار يا پٹه دار قبوليت دلاپانے کي نالش کرسکتا هے

Lease release, سابق ميں انگلستان ميں جب کوئي آراضي بيع پر دي جاتي تهي تب ايک دستاويز واسطے ايک سال کے بطريق دستاويز فروخت لکهي جاتي تهي اور دوسري دستاويز اس مضمون کي هوتي تهي که جايداد بعد اس زمانه کے واپس کي جايگي - اب يهه طريقه غير نافذ هے - محض دستاويز پٹه کا تحرير کرنا کافي هے

Leasehold, *n.* حقيت جو بموجب پٹه کے عطا کي گئي هو

Leave, *n.* اجازت (۲) رخصت

Leave out, چهوڑنا - ترک - نظر انداز کرنا

Leave to bid, اجازت بولي بولنے کي

Lecture, لکچر - مضمون

**Ledger**, *n.* بهي كهاتهه - سياهه

**Leemans Acts**, قوانين حسكي رو سے ميونيسپلٹي كا سرمايه واسطے فايده باشندگان كے حاسه واضعان قانون كي ترديد يا تائيد كے لئے صرف كيا جاے

**Left**, *a.* باياں - چپ

To keep to the left, داياں كو بچهو يهه طريقه سڑک پر گاڑي سواري چلانے كا هے

**Leg**, پاؤں - قدیم

To have no leg to stand up on. بالكل بے بنياد - كمزور

**Legacy**, *n.* هبه بالوصيت

**Legacy, Demonstrative**, هبتهالاحد جب موصي كسيقدر نقد معين يا كسي اور شے كي ايک تعداد معين هبه كركے كسي اور سرمايه يا مجموعه كو اس طور سے حواله كرے كه نقد يا شے موهوبه اوس سرمايه يا مجموعه ميں سے دلائي جاے تو ايسا هبه هبتهالاحد كهلائيگا

**Legacy, duty**, رسوم جو شركا كو موهوبات وصيتي پر دي جاے

**Legacy, Specific**, هبه خاص

هبه جو موصي كے كسي خاص جايداد كي هو هبه خاص كهلاتي هو—فرق مابين هبه خاص اور هبتهالاخذ كے يهه هے كه جب كوئي جايداد خاص موهوب له كو دي جاے وه هبه خاص هے اور جب يهه هدايت هو كه شے موهوبه كسي جايداد خاص ميں سے دي جاے تو وه هبه هبتهالاحد هے

**Legal**, *a.* قانوني - جايز

**Legal adviser**, *n.* مشير قانوني

**Legal curator of the property**, محافظ - قانوني جايداد - ولي جايداد

**Legal disability**, نا قابليت قانوني مثلاً نابالغي - جنون يا فتور عقل

**Legal fiction**,—*See* Fiction.

**Legal interest**, (۱) حق قانوني (۲) سود قانوني يعني ۱۲ في صدي سال

**Legal practitioner**, قانون پيشه

**Legal proceeding**, كارروائي قانوني

**Legal Remembrancer**, مشير قانوني گورنمنٹ

**Legal remuneration**, اجر قانوني

**Legal representative**, قائممقام قانوني

**Legal Share.** (M. Law.) حصه ذوي الفروض

**Legal Shares**, (M. L.) ذوي الفروض

**Legal Status**, حيثيت قانوني

**Legal tender**, (۱) اظهار آمادگي قانوني - بموجب قانون معاهده كے هر اظهار آمادگي ايفاے (معاهده يا اداے زر واجب) ميں لوازمات ذيل ضروري هيں - يعني (الف) بلا كسي شرط كے هونا (ب) وقت اور جاے مناسب پر ايسے حالات ميں عمل ميں آنا كه جس شخص سے اظهار كيا جاے اوسكو موقع مناسب يهه تحقيق كرنے كا حاصل هو كه جو شخص آمادگي ظاهر كرتا هے وه اوس جگهه اور اوسوقت اوس امر كو جسكي تعميل بموجب اوسكے اقرار كے لازم هے بجميع وجوه كرسكتا هے اور اوسكے كرنے پر راضي هے (ج) اگر آمادگي كا اظهار درباب حواله كرنے كسي شے كے مقرله كو هو تو ضرور هے كه مقرله كو موقع يهه ديكهنے كا حاصل هو كه وه شے درحقيقت وهي هے جسكا حواله كرنا مقر پر اوسكے اقرار كے لازم هے (۲) سكه رايج

*See* also Tender, Legal.

**Legality**, *n.* جواز

*See* also Irregularity.

**Legalize**, *v. t.* جایز قرار دینا

**Legatee**, *n.* موهوب له وصیتي

**Legation**, *n.* قیام سکونت ایلچي یا سفیر ملک غیر

**Legator**, *n.* موصي

**Legislate**, *v. i.* قانون وضع کرنا - قانون بنانا

**Legislation**, *n.* فعل بنانے قانون کا - قانون موضوعه

**Legislative**, *n.* متعلق وضع قانون

**Legislative Council**, جد واضعان قانون

**Legislature**, *n.* واضعان قانون

واضعان قانون برطانیه اعظم میں لارڈس و کامنس معه بادشاه کے که جسکي منظوري واسطے نفاذ هر قانون کے ضروري هے داخل هیں هندوستان میں گورنر جنرل باجلاس کونسل واسطے کل هند اور برما کے قانون صادر کرتے هیں اور گورنمنٹ هاے مقامي کو معه کونسل کے اختیار صادر کرنے قانون کا بمنظوري گورنر جنرل باجلاس کونسل کے حاصل هے

**Legitimacy**, *a.* صحیح النسبي

**Legitimate**, *a.* (۱) جایز - مطابق اصول قانون کے - واجب - مناسب اصلي - (۲) - صحیح النسب

**Lend**, *v. t.* اودهار دینا - عاریت دینا

**Lender**, *n.* عاریت دینے والا - قرض دینے والا

**Length**, *See* At arms length, under *Arms*.

**Lenient**, *a.* نرم - سخت نهیں - رحم دل

**Lenient Sentence.** سزاے نرم - سزاے خفیف جو رحم کے ساتهه دیجاے

**Leper**, *n.* جذامي

**Lessee**, *n.* پٹه دار - ٹهیکیدار - کرایه دار

**Lessor**, *n.* پٹه دهنده - ٹهیکه دهنده - مالک مکان

**Let**, *v. t* کرایه پر دینا - دخل دینا

**Let off**, رها کرنا - چهوڑ دینا - سزا سے بچادینا

To let out. (۱) رها کرنا (۲) کرایه پر دینا (۳) مشهور کرنا

**Lethal**, مهلک

**Letter**, *n.* (۱) چٹهي - خط (۲) حرف

**Letter of Administration**—*See* Administration.

**Letter of Attorney**, مختار نامه

*See* Power of Attorney.

**Letter of credit**—*See* under Credit.

**Letter of license.** وه کاغذ جسکي رو سے داین نے میعاد ادا قرضه کو توسیع دي هو

**Letters close, or clause.** (E. L.) چٹهیات سر بمهر - چٹهیات یا فرامین بادشاه نسبت خاص امور کے بنام خاص اشخاص کے (خلاف فرمان شاهي عام کے)

**Letters of marque**, جو چٹهیات هنگام جنگ بنام کسي شخص کے اسغرض سے جاري کي جایں که وه جهازات بغرض گرفتاري مال و قیدیان دشمن مهیا کرے جو مال که وه اسطرحپر حاصل کرے بطور انعام اشخاص گرفتار کننده کو ملتا هے

Letters patent, فرمان شاهي (کشادہ)

Letters of safe conduct, چٹھیات محافظت یعني چٹھي بغرض اسکے کہ حامل چٹھي سے کوئی مزاحمت سفر میں نکرے

Letters testamentary, چٹھیات پروبیت - چٹھیات جسکي رو سے موصي کو احتیار اهتمام ترکہ کا دیا جاتا هے

Levee, *n.* جلسہ ملاقات

Levirate, *n.* ایک قانون زمانہ سابق کا کہ جسکي رو سے بھائي پر لازم تھا کہ بیوہ لاولد اپني برادر متوفي کے ساتھہ نکاح کرے اور جو اوس سے اولاد هو اوسکو ترکہ اپنے برادر متوفي کا دے

Levitical degrees, درجہ قرابت جسمیں اردواج ممنوع تھا

Levy, *v. t* وصول کرنا - ازروے وارنٹ وصول کرنا - تشخیص کے بعد وصول کرنا - لگانا

Levy, *n.* وصول جو بذریعہ وارنٹ دیا جاے

Lewdness, *n.* عیاشي - اگر وہ مقام عام پر کي جاے تو جرم فوجداري هے

Lexicon, لغت - فرهنگ

Liability, *n.* ذمہداري - مستوجب هونا (pl) دیون - زر ادایگي

Liable, *a.* مستوجب ذمہدار

Liaison, *n.* زنا - آشنائي

Libation, *n.* پاني - پینا شراب چڑھانا

Libel, *n* (۱) ترهین تحریري - یعني مشتهر کرنا بذریعہ تحریر یا چھاپہ یا تصاویر یا مثل اونکے کسي ایسے مضمون کا جسکے ذریعہ سے دوسرے شخص سے فعل مذموم یا فریب یا بے ایماني منسوب کي جاے یا جس سے نیک نامي ذاتي یا اعتبار دوسرے شخص کو مضرت پہونچے یا جسکي وجہ سے کسي شخص کي اوسکے تعلقات ذاتي میں تضحیک یا تحقیر هو اور بجز اسکے کہ تشهیر مذکور اوس قسم مراسلات میں داخل هو جو از نام مراسلات منصبي موسوم هیں یا بجز اسکے کہ وہ شخص جو ترهین تحریر کرے صحت ثابت کرے تحریر یا مشتهر کنندہ پر نالش هوسکتي هے (۲) جرم مشتهر کرنے ترهین تحریري کا

*See also* Slander.

Libel, *v. t.* نالش توهین دایر کرنا

Libellant, *n.* مدعي نالش توهین عدالت کلیسیا

Libellous, *a* مزیل حیثیت عرفي باعث توهین

Liberal, *a.* - وسیع - بلند - اعلي - نفع بخشش - ارادتاً - عوام

Liberal *n.* وہ شخص جو امورات ملکي یا مذهبي میں ارادانہ برتاؤ یا کارروائي کا حامي هو

Liberal interpretation, - تعبیر وسیع ایسي تعبیر جو رعایت لفظي پر مبني نہو

Liberal policy, وہ طریقہ انتظام جسمیں اعلي حوصلگي ظاهرهو جو تنگدلي پر مبني نہو

Liberate, *n.* ایک حکمنامہ بنام جیلر بغرض رهاي قیدي کے - جسنے اپنے حاضري کا مچلکا تحریر کیا هو

Liberty, *n* (۱) حالت آزادي (۲) احتیار کسي کام کے کرنے کا جو دیگر نہی پر نا جایز هوتا

Liberty, Civil, استخلاص مستثني هونا جایداد کا سرکاري دست اندازي سے

Liberty of the press, چھاپنا و شایع کرنا بلا کسي روک سرکاري کے

Liberty, Religious, آزادي مذهبي خيالات گورنمنت هند نے هر شخص کو آزادي کامل خيالات مذهبي و پرستش مذهبي ميں دي هے

License, n. اجازت - اجازت يا اختيار کسي امر کا جو ديگر نهج پر ناجايز يا خلاف قانون هوتا

License, n. حق اجازتي - جب کوئي شخص کسي اور شخص کو يا چند اشخاص معين کو اپني کسي ملکيت غير منقوله پر يا اوسکے اندر يهه حق عطا کرے که وه کسي ايسے فعل کو کريں يا کرتے رهيں جو بحالت نديئے دئے ايسے حق اجازتي کے ناجايز هوتا اور وه حق استفاده يا حق واقع جايداد کي حد تک نه پهونچے تو ايسا حق لسنس يا حق اجازتي کهلاتا هے يهه حق به صراحت عطا کيا جاسکتا هے يا دهنده کے فعل سے مستنبط هوسکتا هے

License, Accessory. حقوق اجازتي حقوق ضمني يعني وه حقوق جو کسي حق ملکيت کے تمتع يا کسي حق کے استفاده کے نفاذ کے لئے ضرور هوں

License, Liquor. ليسنس فروخت شراب

Licensed vendor. فروشنده ليسنس يافته

Licensee, n. وه شخص جسکو ليسنس عطا کيا گيا هو

Licentiate, n. وه شخص جسکو اجازت کسي کار پيشه کرنے کي عطا کي گئي هو

Lictors, n. عصابردار

Lie, v. i. داير هوسکنا - قابل سماعت هونا

Liege, n. (۱) بادشاه يا راجه جسکي اطاعت واجب هو (۲) تابع دار

Liege homage, اطاعت جو ايک حکمران دوسرے حکمران اعلي کي کرے

Liege poustie, صحت نفس و عقل جو واسطے جواز کسي فعل قانوني کے ضروري هيں

Lien, n. بار کفالت - کفالت

Lien, n (۱) حق ايک شخص کا دوسرے شخص کے مال پر جو اوسکے قبضه ميں هو اوسوقت تک قبضه رکهنے کا که مطالبه شخص قابض کا بيباق هو جاے (۲) حق کفالت جايداد مقبوضه شخص ديگر پر

Lien, General, حق کفالت عام يعني حق کفالت بابت دادو ستد هر قسم کے جو مابين فريقين کے هو بموجب قانون معاهده هند کے کوٹهي والوں - دلالوں گهاٹ والوں اور هائيکورٹ کے اٹرنيوں اور بيمه کے دلالوں کو اختيار هے که معاهده خلاف کے نهونے کي صورت ميں جو احوال امانتاً اونکي تحويل ميں هوں انکو بطور ضمانت بابت عام حساب باقيات کے اپنے پاس رکهيں - مختاران ( ايجنٹ ) بهي مستحق هيں که جو احوال اور کاغذات اور ديگر اشياے منقوله يا غير منقوله مالک کي وصول کرے اونکو تاوقتيکه وه روپيه بعلت کميشن اور اخراجات اور حق الخدمت بابت احوال مذکور کے اوسکے پانتني هوں ادا نکئے جائيں يا بيمهوا ندے جائيں اپنے پاس رکهه ليوے

Lien, Particular. - حق کفالت خاص
يعني حق کفالت جو کسي خاص شے پر هو-يهه کفالت بذريعه اقرار فريقين صريحي يا معنوي کے هوسکتي هے

Lien, Special. کفالت جو بموجب قانون کے بوجهه خاص تعلق مابين فريقين کے عايد هو

Lieu, بعوض - بجاے

Life annuity, وظيفه سالانه تا حيات

Life convict—*See* Convict.

Life estate, حقيت حين حياتي جو قابل ارث نهو

Lifehold, *n.* آراضي جو پٹه پر تاحيات پٹهدار کے دي گئي هو

Life interest, حق حين حياتي

Life insurance, جان بيمه

Life of an execution, ميعاد اجراے ڈگري

Life rate, زر چنده جو واسطے بيمه کے وقتاً فوقتاً قابل ادا هے

Life rent, لگان يا کرايه جسکا مستحق حقيتدار حين حياتي هو

Ligan, *n.* مال جو سمندر ميں ڈبويا جاے

Lieutenant-Governor, *n.* لفٹنٹ گورنر

Ligeance, *n.* (O. E. L.) ملکيت اور حقيت مالک اعلى

Likelihood, احتمال - قرينه

Light, *n.* حق روشني
*See* Ancient lights.

Light, False—*See* under False.

Lighthouse, *n.* لايٹ هوس يعني وه مکان جهاں سے جهازوں کو روشني بغرض رهنمائي دکهائي جاتي هے - لايٹ هوس کا تبديل يا تباه کرنا ايک جرم قابل سزا هے

Limit, *n.* حد ميعاد

Limitation, *n.* ميعاد - قيد - ميعاد سماعت - يعني وه زمانه که جسکے اندر تاريخ پيدا هونے بناے مخاصمت سے دعوى کيا جا سکتا هو - بعد اس ميعاد کے دعويدار اپنے دعوى کا نفاذ بذريعه عدالت نهيں کرسکتا

Limitation, Act of. قانون ميعاد سماعت-غرض اس قانون کي دو هيں-اول اوس زمانه کا محدود کرنا جسکے انقضا کے بعد حق از قسم ديواني نافذ نهيں هوسکتا دويم وه ميعاد مقرر کرنا جسکے اندر استعمال کرنے سے حق نسبت جايداد کے حاصل هوسکتا هے - منشا اس قانون کا قبضه مدت دراز کو استحکام دينے کا اور پرانے مطالبات کے روکنے کا هے

Limitation of an estate, ايک فقره دستاويز انتقال يا وصيت نامه ميں جسکي رو سے يهه قرار ديا گيا هو که کسقدر عرصه تک حقيت جو منتقل کي گئي قايم رهيگي

Limitation words, الفاظ جنسے نوعيت حقيت منتقله کي محدود کي جاے

Limited Acceptance—*See* Qualified.

Limited administration, اهتمام ترکه جو خواه بلحاظ زمانه کے يا بلحاظ آثاثه کے محدود هو

Limited company, کمپني جسکے حصه داران کي ذمهداري فرداً فرداً بقدر اونکے حصه کے هو

Limited executor, وصي به اختيار محدود

Limited liability, ذمهداري محدود

Limited owner, مالک بحق محدود خواہ حقیقت بعد اوسکے دوسرے شخص کوملنے والي ہو خواہ اوسکا زمانہ قبضہ کا اور طرح پر محدود ہو

Line, *n* (۱) سلسلہ - نسل (۲) پیشہ (۳) حد

Lineage, نسل - خاندان

Lineally, خاص نسل سے (۲) سیدھا

Lineal, *a.* سلسلہ مستقیم - متعلق خطوط - موروثي

Lineal discent, } سلسلہ وراثت بخط مستقیم
Lineal succession, }

*See* Consanguinity.

Link, *n.* (۱) کڑ (۲) وہ شے جسکے ذریعہ سے دو چیز جوڑي ہوئي ہوں

Lion's share, کل یا قریب کل کے - سب سے عمدہ یا بڑا حصہ

Liquidate, *v. t.* (۱) ادا کرنا - بیباق کرنا - نبڑانا - چکانا (۲) تصفیہ حساب کرنا (۳) کسي کمپني یا جماعت کا تصفیہ حساب کرنا اور اوسکے اثاثہ کو یکجا کرنا اور قرضہ جات کا ادا کرنا

Liquidation, Going into بغرض تصفیہ حساب اور یکجا کرنے آثاثہ کے - یا بغرض اداے قرضہ کے کل آثاثہ سپرد امناً کے کرنا

Liquidated damages, ہرجہ مشخصہ - (خلاف تاواني کے) یعني وہ رقم جو دستاویز معاہدہ میں بطور ایسي رقم کے درج ہو جو بصورت خلاف ورزي معاہدہ کے فریق قصوروار سے قابل ادا ہو

Liquidator, *n.* وہ عہدہدار جو کمپني کے حساب طے کرنے کے لئے مقرر ہو -

Liquidator, Official, عہدہدار جو بحکم عدالت بغرض طے کرنے حساب کمپني کے مقرر کیا جاے

Liquor, شراب

List, *n.* فہرست

List. Civil, اخراجات خانگي پادشاہ انگلستان (۲) فہرست عہدہداران سرکاري

Lis pendens, - مسلہ دوران مقدمہ کوئي انتقال جایداد غیر منقولہ جو برمانہ نزاع جایداد مذکور کیا جاے اور جو موثر حقوق فریقین ہو کالعدم یا ناجایز ہے - یہہ قاعدہ اطلاع تعبیري پر مبني نہیں ہے بلکہ اس اصول پر مبني ہے کہ اگر اجازت انتقال جایداد برمانہ نزاع دي جاے تو کوئي مقدمہ طے نہیں ہوسکتا

Literal, *a.* لفظي

Literal contract—*See* Contract.

Literally, *ad.* حرف بحرف - لفظي

Literary, property, (۱) ملکیت تصنیفات و تالیفات میں (۲) حق تصنیف

Literate, *a.* خواندہ - پڑہا لکھا

Lithograph, *n.* پتھر کا چھپا ہوا

Litigant, *n.* متنازعین - مقدمہ باز

Litigant, Parties, فریقین مقدمہ متنازعین

Litigate, *v t* مقدمہ لڑانا - عدالت میں مقدمہ کي پیروي یا جوابدھي کرنا

Litigation, *n.* مقدمہ بازي نزاع

Litigious, *a* مقدمہ باز - نزاع کرنےوالا - قابل بحث یا نزاع

Littleton, *n.* نام ایک جج انگلستان کا ہے جسنے ایک کتاب قانوني حقیتوں پر تصنیف کي تھي

Livelihood, *n.* ذ يعه معاش - روزي

Livelihood, Bad, بدمعاشي

Livery, *n.* (۱) دخل دهاني (۲) حکمنامه دخل دهاني (۳) وردي ملازمان (۴) جماعت اشخاص جو شرکا کسي کمپني يا انجمن کے هوں

Livery of seizen, حوالگي قبضه - پيشتر دخل دهاني بذريعه حوالگي کسي شاخ کے منتقل اليه کو هوتي تهي

Liveryman, *n.* شهر لندن کا وه شخص جو مستحق خاص حقوق کا هو - مثلاً راے دهي وغيره

Live stock, مويشي و حيوانات خانگي

Living, *n.* (۱) زنده (۲) ذريعه معاش

Lloyds, Bond, کاغدات مهري کمپني جسمين اقرار قرضه اور معاهده اداے اصل معه سود بتاريخ آينده هو يهه کاغدات واسطے اداے اجرت اور نه بغرض حصول قرضه استعمال کئے جاتے هيں

Load, *n.* بوجه - وزن - جسقدر ايک گاڑي وغيره ميں آسکے

Load line, *n.* حد انتهائي جهاں تک جهاز پاني کے اندر بوجه بوجهه کے جانا چاهيئے

Loam, چکني مٹي

Loan, *n.* قرضه - عاريت

Loan, verbal, قرضه زباني - قرضه دست گردان

Loan office, دفتر قرضجات اس دفتر ميں پراميسري نوٹ واسطے تبديل کرنے کے يا بغرض وصول روپيه کے بوقت مقرره پيش کئے جاتے هيں

Loan society, جماعت قرضه دهنده ايسي جماعتيں واسطے دينے قرضه کے اهل حرفه کو قايم کي گئي هيں اس قسم کي جماعت ميں بنک هاے ديهاتي يعني Agricultural Bank بهي داخل هيں

Local, *a.* مقامي

Local acts, *a.* ايکٹ هاے مختص المقام

Local actions, نالشات جو اندر خاص علاقه مقامي ميں قابل ارجاع هوں

Local allegiance, اطاعت جو باشنده ملک غير کو بزمانه قيام اندر سلطنت کے اوس مقام کے بادشاه کي لازم هے

Local authority, حاکم عامل مقامي

Local board, بورڈ مقامي

Local custom, رواج مختص المقام - ديسا چار

Local extent, وسعت مقامي

Local funds, سرمايه مقامي

Local Government, لوکل گورنمنٹ - گورنمنٹ مقامي بمقابله گورنمنٹ شاهي کے

Local investigation, تحقيقات مقامي - تحقيقات موقع

Local jurisdiction, علاقه اختيار سماعت

Local rates, ابواب مقامي

Local usage or custom, رواج مقامي

Locality, مقام - جگهه

Locate, کسي عمارت يا وقوعه وغيره کي جگهه يا اوسکا قايم کرنا يا نامزد کرنا

Location, *n.* (Civil law), کرايه يا لگان پر دينا

Location, *n.* (Am. law), حدود قايم کرنا مطابق نقشه يا خسره کے

**Lock up,** حوالات - حاجات

**Locke kings act,** ایکٹ جسکي بموجب موهوبله وصیتي دمهدار اداے اوس رهن یا بار کا جو جایداد موهوبه مخصوص پر هو - باب ۱۲ ایکٹ وراثت هند سنه ۱۸۶۵ع میں احکام مندرج هیں اونمیں سے بعض ایکٹ مذکور کے مطابق هیں

**Locking up jury,** جوري کا بند کرنا عدالت کو اختیار هے که جوري کو اگر ایک روز سے زیاده تجویز مقدمه میں صرف هو زیر نظر کسي عهدهدار عدالت کے رکهے یا اونکو اپنے گهر جانے کي اجازت دے اور وه دوسرے روز وقت معینه پر حاضر هوں

**Locum tenens,** قائممقام

**Locus pœnitentiæ,** موقع باز آنے کا کسي معامله سے دست برداري کرنے کا قبل اسکے که وه قانوناً منظور کیا گیا هو یا دوسرے فریق نے قبول کیا هو - موقع کسي کام سے آینده اقرار کرنے کا یا توبه کرنے کا

**Locus standi,** حق حاضر هونے اور سماعت کئے جانے کا بابت اوس معامله کے جو عدالت کے روبرو پیش هو

**Lodge,** - ٹهہرنا - جگهه دینا آنے کے لئے قیام کرنا - فروکش هونا

To lodge an information, استغاثه کرنا

Board and lodging, کهانے پینے اور ٹهہرنے کي جگهه

**Lodger,** *n* کرایهدار

**Lodging house** *n.* سراے و پڑاؤ - ٹهکانے کا مکان

**Logic,** علم مناظره - منطق

**Logical inference,** منطقي نتیجه

**Lombord street,** - ساهوکاره شهر لندن وه خاص محله لندن کا جهاں لین دین کا کام هوتا هے

**Look after,** نگهباني کرنا

**Look over accounts,** - حساب جانچنا ایک ایک کرکے دیکهنا

**Loop hole,** - بچنے یا نکلنے کا ذریعه سبیل یا گنجایش

**Lopwood,** *n.* حق کاٹنے شاخوں کا واسطے جلانے کے اون درختوں سے جو زمیندار کي آراضي پر هوں

**Lord,** *n.* (۱) زمیندار جسکي طرف سے آسامي قابض هو

*See* Landlord.

(۲) خطاب امراے انگلستان

**Lordchamberlain,** (۱) یهه عهده موروثي هے اور اوسکے متعلق خدمت انتظام مکانات شاهي و هاوس آف لارڈس برمانه اجلاس هے (۲) عهدهدار جسکو اختیار نگراني ملازمان خانگي بادشاه و ملکه کا هے (۳) وه عهده دار جو شهر کي آمدني کا روپیه اپني تحویل میں رکهتا هے اور جسکو اختیار عطاے استحقاق دینے ووٹ کا هے

**Lordchancellor,** *n.* سب سے اعلي حاکم عدالت انگلستان

**Lord, House of**—*See* House.

**Lordship,** *n.* خطاب حکام هائي کورٹ و لفٹننٹ گورنر وغیره - علاقه کسي لارڈ کا

**Lose,** *v. t.* (۱) هارنا - مثلاً مقدمه (۲) نقصان برداشت کرنا

**Loss,** *n.* قانون بیمه بحري میں نقصان دو قسم کا هوتا هے کلي یا جزوي - نقصان کلي واقعي اوس صورت میں هوتا هے جب جهاز یا مال جهاز کلیتاً تباه

هوگیا هو اور جزوي اوسـ صورت میں هوتا هے جبکه مال ایسا خراب هوگیا هو که بیمه کرانے والے کو یهه استحقاق هو که مال بیمه کرنے والے کے حواله کرے اور یهه تصور کرے که مال تباه هو گیا (۲) رقم جو بابت نقصان کے بصورت بیمه ادا کي گئي هو یا قابل ادا هو

Loss, Wrongful, زیان ناجایز

Lost bill, Holder of, قابض بل گم شده کا وهي شخص هے جو بوقت گم یا ضایع هونے بل آف ایکسچینج یا رقعه وغیره کے قابض هو اور مستحق پانے روپیه کا هو

Lost property, مال گم شده
مال گم شده کا پانے والا اگر اوسکو اپنے تصرف میں لاے تو مجرم خیانت مجرمانه کا هے

Lots, n. قرعجات
To cast lots, قرعه اندازي - قرعه ڈالنا
To draw lots, قرعه برداري - قرعه اُٹھانا

Lottery, n. قرعه اندازي

Lottery office, n. چٹھي ڈالنے کا دفتر
چٹھي ڈالنے کا دفتر بلا اجازت سرکار رکھنا جرم قابل سزا هے اور جو کوئي شخص کوئي اشتهار لاٹري کا مشتهر کرے مستوجب سزا هے

Low, نیچا - کمینه - مفلس - کم قیمت

Low caste, رذیل قوم

Lower court, عدالت ماتحت

Lowland, نشیب

Low water-mark, وه نشان جهاں که سمندر کا پاني سب سے نیچے پهونچتا هے

Lucrative post, خدمت جسکي تنخواه ملے

Lucid interval, وه وقت جسمیں خبط نهو - فاترالعقل اوسوقت میں جب فتور عقل نهو معاهده کرسکتا هے اور وصیت کرسکتا هے

Lump sum, a. بالمقطع - اکٹھا

Lunacy, n. فتور عقل

Lunatic, n. (۱) وه شخص جسکو کبهي کبهي فتور عقل هو جاتا هو - (۲) وه شخص جو ناقابل انتظام کرنے اپنے کار و بار کا هو - (۳) وه شخص جو پاگل خانه میں داخل هو

Lunatic Asylum—*See* Asylum

Lurking house trespass, مخفي مداخلت بیجا بخانه - مخفي مداخلت بیجا بخانه خاص صورتوں میں نقب زني هوجاتي هے

Lying by, تسلیم بالسکوت

Lynx law, تجویز مفجانب ایسے اشخاص کے جنکو کوئي اختیار عدالتي نهو

Loyal, a. خیر خواه - وفادار

Loyalty, n خیر خواهي

# M

M, ایک نشان یا داغ جسکي شکل مطابق حرف .M کے هوتي تهي اور جو جسم مجرمان قتل عمد پر لگایا جاتا تها

Mace, n. عصا

Mace-bearer, عصا بردار

Machiavellian, a. چالاک - مکار - علم سیاست میں حریف

Machine, n. کل - مشین

Machinery, n. (۱) کل - پرزہ (۲) ذریعہ - ذرایع انتظام - طریقہ

Mad, a پاگل - دیوانہ

Madam, n. خطاب خواتین

Made up, a (۱) بنائي هوئي - جعلي - بناوٹي (۲) مصنوعي (۳) کامل - پکا

Magazine, n (۱) مکانات جنمیں آلات و سامان حرب رکھے جائیں (۲) مخزن رسالہ

Magisterial, a. متعلق اختیارات مجسٹریٹ

Magistracy. n. (۱) عہدہ مجسٹریٹ کا (۲) جماعت مجسٹریٹان

Magistrate, n مجسٹریٹ - عہدہدار جسکو اختیارات عامل یعني نظم و نسق دئے گئے هوں

Magistrate, Bench of, - بنچ مجسٹریٹ دو یا زیادہ مجسٹریٹ جو ملکر اجلاس کریں ان مجسٹریٹوں کو وهي اختیارات هونگے جو لوکل گورنمنٹ عطا کرے

Magistrate, Cantonment, مجسٹریٹ چھاوني کا

Magistrate of the district, مجسٹریٹ ضلع - مجسٹریٹ ضلع کو اختیارات مجسٹریٹ درجہ اول حاصل هوتے هیں

Magistrate, Chief, - چیف مجسٹریٹ مجسٹریٹ اعلی بلدہ پریزیڈنسي

Magistrate, Presidency, پریزیڈنسي مجسٹریٹ - مجسٹریٹ بلدہ پریزیڈنسي

Magistrate of Police, مجسٹریٹ پولیس — ایسے مجسٹریٹ بلاد پریزیڈنسي میں هوتے هیں

Magistrate, Honorary *See* Honorary magistrate.

Magistrate, Sub-divisional, مجسٹریٹ حصہ ضلع

Magistrate of the first class, مجسٹریٹ درجہ اول

Magistrate of the second class, مجسٹریٹ درجہ دویم

Magistrate of the third class, مجسٹریٹ درجہ سوم - أن مجسٹریٹوں کو محض ایک ماہ تک کي قید اور پچاس روپیہ جرمانہ کا اختیار هوتا هے

Magna charta, *See* Charta.

Magnate, n. رئیس - عہدہدار عالي تبار

Magnitude, n. عظمت - نتیجہ کے لحاظ سے بڑا

Maid of honor, شریف خاندان کي لڑکي جو ملکہ کي خدمت میں موجود رهے

Maiden, n. (۱) کنواري - کنیا - زن غیر منکوحہ (۲) ایک اوزار واسطے قتل مجرمان کے

Maiden assize, دورہ جسمیں کوئي مجرم واسطے تجویز کے نہو

*See* Glove.

**Maiden speech,** سب سے پہلي تقرير جو کسي شريک جماعت عام نے کي هو

**Maid servant,** *n.* ملازمه - نوکرني

**Mail,** *n.* لگان - خراج

**Mail and duties,** لگان خواه کسي شکل ميں ادا کيا جاے

**Mail,** *n.* ڈاک

**Mail bag,** ڈاک کي تهيلي

**Mail cart,** ڈاک کي گاڑي

**Mail guard,** گارڈ جو بطور محافظ ڈاک کے مقرر هو

**Mail,** *v. t. (U. S.)* ڈاک ميں بهيجنا

**Maim,** لنگڑا کرنا - کوئي عضو بيکار کرنا

**Maine law,** قانون جسکي رو سے منشي مشروبات کا بنانا اور فروخت کرنا منع هو

**Mainor,** *n.* (O. E. L.) شے مسروقه جو چور کے پاس پکڑي جاے

**Mainpernor,** *n.* (O. E. L.) ضامن جو قيدي کے حاضري کے لئے ضمانت دے

**Mainprise,** *n* (۱) حکمنامه رهائي سابق حسکي رو سے هدايت هوتي تهي که قيدي سے ضمانت ليکر قيدي رها کيا جاے (۲) رهائي قيدي بعد ضمانت حاضري قيدي بروز مقرره

**Maintain,** *v. t.* (۱) قايم رکهنا (۲) پرورش کرنا - (۳) دليل کرنا - استدلال کرنا (۴) جگهه پر قايم رهنا

**Maintainable,** *a.* قابل پذيرائي

**Maintainor,** *n.* وه شخص جو روپيه ديکر غيروں کا مقدمه لڑاوے

**Maintenance,** *n.* (۱) پرورش نان و نفقه - وظيفه - بموجب قانون فوجداري کے مجسٹريت هر شخص کو اوسکي زوجه اور اطفال کي پرورش کے لئے مجبور کرسکتا هے - بموجب دهرم شاستر کے بزرگ خاندان پر پرورش شرکاے خاندان اور اونکے زوجگان اور اطفال کي لازم هے - وه اشخاص جو بوجه کسي ناقابليت کے ورثه پانے کے مستحق نهيں هيں مستحق پرورش کے معه زوجگان و اطفال کے هيں - بيوگان خاندان اور والدين بهي مستحق پرورش هيں - بهن کي بهي جبتک کنواري رهے پرورش خاندان سے هوني چاهئے بموجب شرع محمدي کے زوجه مطلقه کو استحقاق نفقه تا زمانه عدت هے (۲) غيروں کے مقدمه کو روپيه ديکر لڑانا - بموجب قانون انگلستان کے يه جرم هے - ليکن هندوستان ميں نهيں هے

**Maintenance clause,** وه فقره وصيت نامه جسميں يه هدايت هو که منافع حصه آمدني نابالغان سے جو اونکو آينده ملنے والا هے اوسوقت تک پرورش کريں که جب تک وه بالغ هوکر اپنے حصه پر قابض هوں

**Majesty,** *n.* خطاب بادشاه و ملکه کا

**Major,** *n.* بالغ - عهده فوجي

**Major offence,** جرايم کبيره جسميں جرايم صغيره داخل هوں - مثلاً سرقه بالجبر ميں حمله داخل هے

**Major premise, (Logic),** کبري

**Majority,** *n.* (۱) سن بلوغ - بموجب قانون عام هند کے سن بلوغ ۱۸ سال کے پهونچنے پر شروع هوتا هے ليکن جن اشخاص کا ولي بحکم عدالت مقرر کيا گيا هو يا جو تحت کورٹ آف وارڈز

هوں وه ۲۱ سال کے احتلام پر بالغ تصور هوتے هیں - بموجب قانون انگلستان کے بهي بعد ۲۱ سال کے سن بلوغ شروع هوتا هے - بموجب شرع محمدي کے سن بلوغ احتلام ۱۵ سال پر شروع هوتا هے اور بموجب دهرم شاستر کے ۱۶ سال سے شروع هوتا هے - نابالغ بموجب قانون انگلستان اپني ۲۱ سالگره کے ایک روز قبل بالغ سمجها جاتا هے (۲) کثرت راے

**Make**, *v. t.* بنانا

To make account. حساب بنانا

To make away. (۱) هلاک کرنا (۲) منتقل کرنا - علحده کرنا

To make default. قاصر رهنا - حاضر نه هونا - باقیدار هونا

To make good. کمي پورا کرنا - معاوضه دینا

To make no difference. کوئي فرق نهونا - کوئي نتیجه نه نکلنا

To make oath. حلف لینا

To make one's law. اپني برات کرنا بے جرمي ثابت کرنا

To make out. (۱) ثابت کرنا (۲) دریافت کرنا - نکالنا - سمجه جانا - (۳) پورا کرنا - مهیا کرنا - دستیاب هونا

To make over. سپرد کرنا - تفویض کرنا - حواله کرنا

To make up, (۱) جمع کرنا (۲) صلح کرنا - (۳) کمي پورا کرنا - (۴) مرتب کرنا - بنانا - جهوتا بنانا (۵) معاوضه کرنا - (۶) حساب واسطے تصفیه کے درست کرنا (۷) نتیجه مقامي کو قایم کرانا - پکا کرنا

**Make shift**, حکمت عملي - وقت کي تدبیر

**Make weight**, پاسنگ

**Maker**, *n.* پر امیسري نوتِ تحریر کرنے والا

*See* Drawer.

**Mala-fide**, بدنیتي کا - فریبي - بدنیتي سے

**Mala fides**, *n.* بدنیتي

**Mala in** *Se*, فعل جو بذ نفسه جرم هو خلاف اوس فعل کے هے جو از روے قانون منع کیا گیا هو

**Mala prexis**, بد تدبیري - اگر کسي مریض کو طبیب کے غفلت یا بدلیاقتي کي وجهه سے ضرر پهونچے تو وه نالش هرجه کرسکتا هے

**Mala prohibita**, وه افعال جو قانوناً منع کئے گئے هیں

**Maladministration**, *n.* بد نظامي - بد انتظامي

**Male**, قسم ذکور - نر - نرینه

**Malefactor**, *n.* مجرم - گنهگار

**Malevolence**, *n.* عداوت - کینه

**Malfeasance**, *n.* فعل بیجا - فعل جو قانوناً ناجایز هو - فعل جسکے کرنے کا استحقاق نهو

**Malice**, *n.* عداوت قانوني معني لفظ اس کے صرف عداوت ذاتي پر محدود نهیں هیں بلکه اوسکے معني دیده و دانسته خلاف ورزي قانون هیں جس سے دوسرے کو مضرت پهونچے

**Malice in law**, عداوت استنباطي - اوس صورت میں نهي جاتي هے جب کوئي فعل ناجایز بالاراده بلا وجه یا حیله جایز کے کیا جاے - اسوجه سے بعض افعال قانوناً همیشه عداوتي بلا ثبوت بد خواهي یا عداوت کے سمجهے جاتے هیں

**Malice in fact,** عداوت اصلي - ديهه عداوت بمقابلہ کسي شخص کے الفاظ مستعملہ يا بہ اظہار کسي امر يا طريق عمل عام سے جس سے دشمني کسي خاص شخص سے پائي جاے ثابت هو سکتي هے

Malice prepense, Same as malice in fact,

Malicious, *a.* ايذا رساں - عداوتي

Malicious abandonment, ترک زوجہ يا شوهر بلا وجهہ يا سبب معقول کے

Malicious mischief, کسي کي جايداد کو بلا وجهہ نقصان پهونچانا

Malicious prosecution, استغاثہ يا مقدمہ فوجداري بغرض ايذارساني داير کرنا - اسکي بابت ديواني و فوجداري دونوں سے چارہ جوئي هوسکتي هے

Maliciously, عداوت سے - بغض سے - نقصان پهونچانے کي نيت سے

Malign, بد خواہ - بد باطن - زبون

Malingerer, *n.* وہ سپاهي (خصوصاً) يا نوکر اور شخص جو اپنے کام سے بچنے کے لئے بيماري کا بہانہ کرے

Mall, *n.* عدالت

Malpractice, بد وضعي - بد کاري - بد معاملگي - خلاف عملدرامد يا رواج کے

Malversation, *n.* بداعمالي - رشوت

Man, انسان - مرد - بالغ شخص

Man of straw, بے وقعت شخص - حقير آدمي

Manacle, *n.* هتکڑي

Manage, *v. t.* انتظام کرنا - اهتمام کرنا

Manager, *n.* منتظم - کارکن

Manager (of Court of Wards). سربراہ کار

Managing Member, منتظم خاندان کرتا

Management, اهتمام - انتظام - بندوبست

Manicipatory will, (Rom. law.) وصيت جو بشکل بيع کے کي جاتي تهي اور جو قابل منسوخي نہ تهي - اس وصيت کي رو سے کل ترکہ هبہ کيا جاتا تها اور اسغرض سے کہ وصيت منسوخ نکي جاے براے نمايش ترازو لائي جاتي تهي اور اوسکے ايک پلہ ميں روم کا سکہ ڈالا جاتا تها - يهہ علامت بيع کي تهي

Mandamus, *n.* حکمنامہ بنام کسي حاکم کے واسطے کرنے امر متذکرہ حکمنامہ کے - حکمنامہ بغرض لينے اظہار کے

Mandamus, Peremptory, حکمنامہ ثاني جو بصورت ناکافي تعميل حکمنامہ اول کے جاري کيا جاے

Mandarin, *n.* اعلى عهدہ دار ملک چين

Mandate, *n.* (۱) حکم عدالتي
(Scot. law) (۲) معاهدہ جسکي رو سے کوئي شخص دوسرے شخص کو اپني طرف سے انتظام کرنے کے لئے مقرر کرے - بموجب قانون روم کے يهہ بلا معاوضہ هونا چاهئے

Mandator, *n.* (Rom. Law.) وہ شخص جو دوسرے کو انتظام کرنے کے لئے مقرر کرے

Mandatory, *n.* وہ شخص جسکے سپرد کوئي خدمت کي جاے

**Mandatory,** *a.* تاکیدي

**Mania,** خبط - جنون

**Maniac,** مجنون - دیوانہ - پاگل

**Manifest,** *n.* ایک دستاویز جسمیں مال و کل اسباب جہاز کا اور وہ مقام درج ہو جہاں جہاز جاتا ھے

**Manifest,** صاف - ظاہر - واضح - اظہرمن‌الشمس

**Manifesto,** بادشاہ کي جانب سے ارادوں کا اعلان

**Manner,** طرز - طریق - چال - ڈھنگ

**Manufacture,** بنانا - کل یا صنعت کے ذریعہ سے ساخت کرنا

**Manor,** *n.* (E. Law). حقیت جو کسي لارڈ کي ہو - یہہ حقیتیں قبل سنہ ۱۲۹۰ع سرکار نے لارڈس‌کو عطا کي تھیں - تعلقہ

**Mansion-house,** *n.* (۱) مسکن تعلقہ‌دار (۲) مسکن لارڈ میر کا

**Manslaughter,** *n.* قتل انسان

**Manslaughter, Voluntary,** قتل انسان جو کسي فعل خلاف قانون کے کرنے سے عمل میں آوے - جبکہ ھلاکت عمل میں آوے اور یہہ نیت نہ ہو اور نہ علم اور نہ احتمال اس امر کا ہوکہ ضرر کے پہونچنے سے ھلاکت عمل میں آئیگي یا عمل میں آسکتي ھے تو جرم بالارادہ ضرر شدید پہونچانے کا حسب قانون تعزیرات ھند یا قتل انسان حسب قانون انگلستان ہوگا

**Manslaughter, Involuntary.** قتل انسان بوجہہ اشتعال طبع

**Man trap,** *n.* مداخلت بیجا کنندگان کے پکڑنے کي کل

**Manufactory,** *n.* کارخانہ بنانے کسي شے کا - کارخانہ

**Manumission,** *n.* (Rom. Law.) خط آزادي دینا

**Manure,** *n.* کھاد - گھورہ - (یہہ قابل ترقي نہیں ھے)

**Manuscript,** *n.* ہاتھہ کا لکھا ہوا - قلمي

**Map,** *n.* نقشہ

**Map field,** *n.* خسرہ - نقشہ‌کشوار

**Map survey,** نقشہ سروے کا

**March,** *n.* حد

**Marchet** (O. E. Law.) نذرانہ جو آسامي بوقت ازدواج اپني دختر کے زمیندار کو دیتا تھا

**Margin,** *n.* منافع - بچت - گنجایش (۱) روپیہ جو بطور ضمانت مزید کے دلال کے پاس اِس غرض سے چھوڑا جاے کہ خرید و فروخت حصص وغیرہ میں اگر نقصان ہو تو زر مذکور سے ادا کیا جاے (۲) حاشیہ - کنارہ

**Marginal notes,** ایکٹوں کے عنوان یا حاشیہ کي عبارت یہہ جزو احکام واضعان قانون نہیں ھے اور نہ اوسپر استدلال کیا جا جاسکتا ھے - حاشیہ کي عبارت

**Marginal witness,** گواہ حاشیہ

**Marine,** *a.* بحري

**Marital,** *a.* متعلق شوہر کے

**Maritime lien,** کفالت جہاز پر

**Maritime loan,** قرضہ جو بذریعہ دستاویز باٹمري لیا جاے

**Mark,** *n.* نشان - علامت تجارت

*See* Trade-mark, Land-mark,

**Sea mark,** (۱) نشان - (۲) ثبوت (۳) حد

**Mark**, *v. t.* نشان کرنا
To mark out, منتخب کرنا - نامزد کرنا - علحدہ کرنا
A marked man, بدنام
**Market**, *n.* (۱) بازار - پینٹھہ (۲) حق بازار لگانے کا
**Marketable**, قابل فروخت - بکري کے قابل
**Market overt**, کھلا بازار - یہہ قاعدہ ہے کہ جو کوئي چیز کھلے بازار میں فروخت کي جاے اوسکا بایع شے مبیعہ میں حق کامل حاصل کرتا ہے گو بایع کے حق میں کوئي نقص ہو یعني گوشے مسروقہ بھي ہو - لیکن یہہ قاعدہ اوس صورت میں متعلق نہیں ہے جب اصل مالک چور پر مقدمہ قایم کرکے اوسکي سزا کرادے - اس صورت میں مال اصل مالک کو پہونچتا ہے ایکٹ معاہدہ مجریہ ہند میں اس قسم کا کوئي قاعدہ نہیں ہے
**Market value**, ارز بازار - قیمت بازاري
**Marksman**, *n.* وہ شخص جو دستاویز پر نشان بنائے مگر اپنا نام نہ لکھہ سکے
**Marque**, *n.* *See* Letters of marque.
**Marriage**, *n.* ازدواج - شادي - بیاہ تعلق مابین مرد عورت بطور شوہر و زوجہ - بموجب قانون انگلستان کے ازدواج ایک معاہدہ ہے اور واسطے جواز ازدواج کے رضامندي فریقین ضروري ہے - بموجب دھرم شاستر کے یہہ محض معاہدہ نہیں ہے بلکہ سنسکار ہے یعني ایک حکم مذہبي ہے جسکي تعمیل بغرض نجات ضروري ہے - بموجب شرع محمدي کے بھي نکاح ایک معاہدہ خیال کیا جاتا ہے

**Marriage, articles**, شرایط ازدواج
**Marriage brocade**, وہ بدل جو شادي ٹھہرانے کے لئے دیاجاے - یہہ بدل خلاف قانون ہے
**Marriage portion**, *n.* جہیز
**Marriage, Forms of.** شادي کي اقسام بموجب دھرم شاستر کے آٹھہ ہیں
**Marriage settlement** (ante nuptial). تملیک - اس تملیک کي غرض یہہ ہے کہ بصورت وفات شوہر کے بیوہ کو ذریعہ معاش حاصل ہو اور اطفال کو بھي امداد ملے
——(Post nuptial) تملیک بعد ازدواج - اس قسم کي تملیک اختیاري ہوتي ہے
**Marriage, Civil**, ازدواج قانوني - ایکٹ ملاحظہ طلب ایکٹ ۳ سنہ ۱۸۷۲ع
**Marriageable age**, بموجب قانون کے شوہر کي عمر ۱۸ سال سے کم اور زوجہ کي ۱۴ سال سے کم نہوني چاہئے
**Married woman**, *n.* منکوحہ - بیاہي ہوئي - عورت منکوحہ ولي دوران مقدمہ نہیں بنائي جاتي ہے
**Married women's property Act**, ایکٹ متعلق جایداد عورات منکوحہ اس ایکٹ میں معمولي حقوق قانوني شوہر کے نسبت جایداد اور زر مکسوبہ اوسکي زوجہ کے ترمیم کئے گئے ہیں اور ذمہداري شوہر کي بابت قرضہ اپني زوجہ کے محدود کي گئي اور ذمہداري جدید زوجہ پر بابت اپنے قرضہ اور معاہدوں کے اور پرورش اپنے شوہر اوو اطفال کے عاید کي گئي ہے - دیکھو اسٹیٹیوٹ سنہ ۴۵ و ۴۴ جلوس وکٹوریہ باب ۷۵

Marshal (judges), عہدہ‌دار جو بحیثیت سکریٹری یا کاتب حاکم دورہ کے ساتھہ رہتا ھے اور جج کو تحریر یادداشت وغیرہ میں مدد دیتا ھے

Marshalling of assets, ترتیب ادائے زر ترکہ

Marshalling of securities, ترتیب وصول زر کفالت - اگر کوئي شخص دو قطعہ جایداد ایک شخص کے پاس رھن کرے اور اونمیں سے ایک قطعہ دوسرے شخص کے پاس جسکو رھن سابق کي اطلاع نہو رھن کرے تو مرتہن ثاني مستحق ھے کہ مرتہن اول کا دین اوس جایداد سے ادا کرائے جو مرتہن ثاني کے پاس رھن نہیں ھے

Martial law, *See* Law.

Massacre, *n.* قتل عام

Master, *n.* (۱) مالک - (۲) آقا (۳) اوستاد

Master of Rolls, چیف جج چانسري ڈویژن - اب یہہ جج عدالت اپیل میں اجلاس کرتا ھے

Master, Taxing, عہدہ‌دار تشخیص کنندہ - وہ عہدہ‌دار جو نسبت رسوم اسٹامپ کے فیصلہ کرے

Match, همسر - برابر والا (۲) مقابلہ باري (۳) عقد - ازدواج - جسکا ازدواج ھونے والا ھو

Material, *a.* اھم - ضروري - اصلي

Material error, غلطي - اھم - یعني ایسي غلطي جس سے (ملزم کو) دھوکا یا غلطي ھوئي ھو

Material irregularity, بیضابطگي نفس الامري

Material alteration, تبدیلي اھم کسي دستاویز قابل بیع و شري میں تبدیل اھم کرنے سے دستاویز بمقابلہ فریق دستاویز مذکور کے جنسے رضامندي ظاھر نکي ھو کالعدم ھوجاتي ھے

Material evidence, شہادت اھم وہ اشیا جو عدالت یا جوري یا اسیسر کے روبرو بغرض ثبوت یا عدم ثبوت کسي واقعہ یا امر تنقیح طلب کے پیش کي جاے

Material particulars, مراتب اھم یعني ایسے امور جنسے قیدي کو صریحاً جرم سے تعلق ظاھر ھو - شریک جرم کي تائید مراتب اھم میں ھوني چاھئے

Maternal, مادري

Maternal uncle, ماموں

Maternal brother, ماموں زاد بھائي

Matrimonial rights, حقوق یا فرایض بہ تعلق ازدواج

Matrimonial, *a.* ازدواج کے متعلق

Matrons, *n.* *See* Jury of,

Matter, *n.* امر - مراد - معاملہ

Matter of law,. امر قانوني

Matter in bar, *See* Bar.

Matter of fact, *See* Fact.

In the matter of. بمعاملہ

Matter, of record. امر مبني بر دستاویز یا مندرجہ تجویز اعلے

Matter, Subject, شے مدعابہا شے منشاے نالش

Matter, Upon the whole. بلحاظ جملہ امور

Mature, *a.* کامل - درست - بروقت پختہ - کامل - طیار (۲) بالغ

**Maturity**, *n*. میعاد کا پورا هونا - متي کا پوجنا - پرامیسري نوٹ یا بل آف ایکسچینج میں میعاد کا پورا هونا اوس تاریخ پر سمجها جاتا هے جسپر نه وه واجب‌الادا هو - اس میعاد کے محسوب کرنے میں سکارنے کا دن یا معاینه کے لئے پیش کرنے کا دن یا نه سکارے جانے کے صورت میں پروٹسٹ کا دن شمار میں نه لیا جائیگا

**Maxim**, *n*. مسله قانوني
*See* Latin Phrases and maxims.

**Maximum**, *n*. انتهائي - درجه غایت

**May**, *n*. جایز هے - قانون میں جهاں حکم اجارتي هوتا هے وهاں یهه لفظ استعمال کیا جاتا هے

**Mayhem**, *n*. اوس عضو انساني سے محروم کرنا جو واسطے محفوظي کے ضروري هو - مثلاً - بازو - پاؤں - چشم - یا دانت - پیشتر عدالت اون اشخاص کو جنکو اعضا مذکور میں ضرر پهونچتي تهي زیاده هرجه دلاتي تهي لیکن اب قانون میں کوئي اس قسم کا فرق نهیں رکها گیا هے

**Meagre**, کمزور - لچر (۲) کمزور - ارسر - بنجر

**Mean**, *v. t.* معني - جهاں یهه لفظ استعمال هوتا هے وهاں تعریف حاوي خیال کرني چاهئے

**Mean**, *a*. اوسط - متوسط درمیاني

**Means**, *n*. ذرایع آمدني - تدبیر

**Meaning**, *n*. معني - منشه - مراد

**Measure**, *n*. (۱) پیمانه - حد (۲) تخمینه - مقیاس (۳) تدبیر چاره - علاج - تجویز

**Measure of damages**. مقیاس هرجه
*See* Damages.

**Measure and Legislative**, کارروائي یا تجویز

**Measure, Political**. واضعان قانون ملکي تدبیریں

To take measures, تدبیر کرنا - درستي کا انتظام کرنا

Effectual measure. - تدبیر کارگر - تدبیر موثر

**Measure**, *v. t.* - پیمایش کرنا - ناپنا - بذریعه پیمایش کے علحده کرنا

**Mechanical process**, بذریعه کل کے - بذریعه اشیاے مادي نه بذریعه عقل و راے کے
*See* Secondary evidence.

**Mechanically**, *ad*. بلا صرف عقل یا فهم کے

**Medal**, *n*. تمغه

**Mediate testimony**. شهادت منقولي

**Mediator**, *n*. صلح کرانے والا

**Mediately**, بتوسط - کسي کے درمیان میں

**Medical jurisprudence**, *See* Jurisprudence.

**Medico examination**, معاینه طبي - مدعاینه ڈاکٹري

**Medical certificate**, سارٹیفکٹ ڈاکٹر یا سول سرجن

**Medical officer**, عهده‌دار طبي

**Medico-legal**, واقعات طبي - قانون کے ساتهه تعلق رکهنے والا

**Meet**, ملنا - پانا - ملاقي هونا

To meet half way, آپس میں صلح کرنا

To meet an argument, دلیل کا جواب دینا - بحث کي تردید کرنا

Meeting, *n.* جلسه انجمن

Meeting, Ordinary, جلسه معمولي

Meeting, Extraordinary, جلسه غیر معمولي - بموجب قانون کمپني کے ایسا جلسه واسطے اغراض خاص کے منعقد کیا جاتا هے

Meeting, General, جلسه عام - بموجب قانون کے کمپني کا ایک جلسه عام هر سال هونا لازمي هے

Member, *n.* (۱) عضو (۲) شریک - شریک جماعت - بموجب قانون کمپني کے شریک کمپني وهي شخص هے جسکا نام رجسٹر شرکاے کمپني میں درج هوگیا هو

Member of the family, شریک خاندان - بموجب قانون کے ملازم شریک خاندان نهیں هے

Member of council or parliament, ممبر کونسل یا پارلیمنٹ - ان لوگوں کو خطاب آنریبل حاصل هے

Membership, ممبري - شرکت جلسه

Membrane, جهلي

Memorandum, *n.* یادداشت

Memorandum of agreement, یادداشت اقرار نامه

Memorandum of appeal, یادداشت اپیل - یادداشت اپیل میں مختصراً وجوه اپیل بلا دلیل یا بیان کے درج هوني چاهئیں

Memorandum of association, یادداشت شراکت - بموجب قانون کمپني کے جب کوئي کمپني قایم هو تو ایک دستاویز یادداشت شراکت مرتب هوني چاهئے - اس میں نام کمپني و اغراض کمپني و مقام دفتر کمپني درج هونا لازمي هے - علاوه اسکے اگر کمپني لمیٹڈ هو تو یهه بهي تحریر هونا چاهئے که شرکا کمپني کي ذمه‌داري سرمایه میں کسقدر هے

Memorandum of alteration, دست برداري بصورت پیٹنٹ کے کسي ایجاد سے جسکا پهلے اوسنے دعوی کیا هو

Memorandum check, چک بطور یادداشت - چک جو بطور اقرار قرضه کے اس غرض سے دیا جاے که وه ایک خاص تاریخ تک پیش نه کیا جاے بعد اسکے که کاتب اوس تاریخ کو جب روپیه واجب هو چک مذکور کو واپس نه لے

Memorial, *n.* (۱) عرضداشت (۲) یادگار

Memorialist, *n.* سایلان - عرضداشت پیش کرنے والا

Memory, *n.* یادداشت - حافظه

Memory, Refreshing of, تازه کرنا یاد کا - گواه مجاز هے که جب اوسکا اظهار هوتا هو تو کسي ایسي تحریر کو جو خود اوسنے عین وقت معامله کے جسکے بابت اوس سے سوال کیا جاے یا اوسکے بعد ایسے عرصه قلیل میں کي هو که وه اوسکو خوب یاد هو بغرض یاد کرنے مضمون کے معاینه کرے - گواه کو ایسے نوشته کے معاینه کا بهي اختیار هے جو کسي اور شخص نے کیا هو اور اوس گواه نے زمانه مذکوره بالا کے اندر پڑها هو اور پڑهنے کے وقت اوس کو صحیح جانتا هو

Memory, Time of legal, قانوناً وه زمانه که جسکي یاد هو سکتي هے عموماً ۳۰ سال هے

**Men of straw,** *n.* (۱) سابق میں اون اشخاص کو کہتے تھے جو عدالتوں کے گرد رہتے تھے اور جھوٹي گواهي دیتے تھے - (۲) اشخاص بے استطاعت

**Menace,** *v. t.* دهمکي دینا

**Mendacious,** *a.* جهوٹا - دغا باز

**Mendacity,** *n.* - جهوٹ بولنے کي عادت دغا بازي

**Menial,** *n.* ملازم درجه ادنی

**Mental alienation,** فتور عقل

**Mental distress,** دماغي پریشاني

**Mental reservation,** استثناے ذهني یعني کسي عهد یا اقرار میں جو بالفاظ عام کیا گیا هو کسي امر کا جو مستثنی کیا گیا هو ظاهر نکرنا خواه بوجهه اوس استثنا کے عموما مفهوم هونے کي وجهه سے یا اس غرض سے که کسي ذمهداري سے محفوظ رهیں

**Mercantile agency,** ایجنسي بغرض دریافت کرنے اس امر کے که سوداگران مختلف ممالک کس عرصه سے کار و بار کرتے هیں اور کسقدر استطاعت رکھتے هیں یهه اطلاع واسطے وایده اون اشخاص کے هوتي هے جو اونکے هاتهه مال فروخت کرنا چاهتے هیں

**Mercantile law,** *See* Law.

**Mercantile firm.** کوٹھي تجارت

**Mercantile paper,** (۱) رقعه یا تحریر سکارنے کي بابت مال کے جو اونکے نام ارسال کیا گیا یا جو اونکے پاس پهونچا - (۲) هنڈي مال پر

**Merchandise marks, Act.** ایکٹ نشانات تجارت

**Mercantile usage,** رواج تجارت

**Mercy, Prerogative of,** اختیار معافي مجرمان - یهه اختیار صرف بادشاه اور گورنمنٹ کو حاصل هے

**Merger,** *n.* ادغام - سقوط حق ادنی بوجه حصول حق اعلی - ایک معاهده یا حق کا دوسرے معاهده یا حق میں داخل هوجانا - جرم صغیره کا جرم کبیره میں داخل هونا

**Merger of torts in felony,** داخل هونا فعل ناجایز کا جرم کبیره میں - انگلستان میں یهه ضرورت هے که جب کسي فعل ناجایز (Tort) سے جو جرم کبیره بهي هو کسي شخص کو نقصان پهونچے تو وه نالش دیواني اوسوقت تک نهیں کرسکتا که استغاثه فوجداري هوکر مجرم سرایاب نهو جاے مگر هندوستان میں کوئي ایسي قید ظاهرا نهیں هے - یهان چاره کار دیواني و فوجداري ایک ساتهه یا ایک بعد دوسرے کے حاصل کیا جاسکتا هے

**Merger of easement,** ادغام حق آسایش جبکه مالک حقیت غالب حقیت تابع کا بهي مالک هو جاے تو حق ادنی حق اعلی میں داخل هوکر ساقط هو جاتا هے

**Merger of right or action,** کسي بناے مخاصمت یا دعوی کا مبدل به ڈگري هو جانا - مثلاً جب که مرتهن بر بناے رهننامه نالش کرکے بیعبات کراے تو اوسکا حق مرتهني ساقط هو جاتا هے اور وه مالک کامل هوجاتا هے اور اوسکا حق مرتهني باقي نهیں رهتا بجز اسکے که وه اوس حق کو واسطے اپني محفوظي قایم رکهنے کي نیت ظاهر کرے - اسي طرحپر جب کسي بل آف ایکسچینج کا قابض سکارنے والا هو تو اوسکا حق بطور سکارنے والے کے ساقط هوجاتا هے

Merit, *n.* (۱) رویداد - صورت حالات
(۲) قابلیت - لیاقت - ثمرہ

Meritorious consideration, بدل اخلاقي - مثلا محبت قدرتي - یہہ بدل جایز هے لیکن یہہ بدل قیمتي سے قابل امتیاز هے

Merits, Affidavit of, (E. L.) بیان حلفي نسبت رویداد کے اوس صورت میں پیس کیا جاتا هے که جب تجویز ترجیهہ قصور یا عدم پیروي کے صادر هوئي هو - بس ار روے بیان حلفي کے اوسکو یہہ ثابت کرنا هوتا هے که مقدمه بر بناے رویداد قطع نظر بحث قانوني کے قابل پذیرائي هے اگر ایسا حلف نامه داخل نه کیا جاے تو عدالت درخواست کو نامنظور کریگي

Mesne-process, *n.* احکام درمیاني (بخلاف احکام قطعي یا اخر کے)

Mesne profits, واصلات جایداد سے وہ منافع مراد هے جو جایداد کے قابض ناجایز نے في الحقیقت جایداد سے وصول کیا هو یا معمولي کوشش سے اوسے وصول کرسکتا تها مع سود منافع مذکور بر

Message, *n.* خبر - پیغام

Messenger, *n.* پیغام بر - چپراسي

Messuage, *n.* مکان سکونت مع صحن و دیع و حاته باغ

Metayer system, طریقه قبضه اراضي جسکي رو سے آسامي زمیندار کو ایک حصه پیداوار کا بجاے لگان کے دیتي هے

Metes and bounds, تفریق حصه بذریعه پیمایش و حدود کے

Metecorn, *n.* غله جو زمیندار آسامي کو واسطے ترغیب کاشت کے دے

Metropolis, *n.* دارالسلطنت - دارالخلافت

Mid stream, *n.* وسط دریا - اکثر صورت میں وسط دریا حد مواضع واقعه کنارہ هوتي هے

Middle class, (۱) اشخاص درجه اوسط - (۲) درجه متل

Middle-man, *n.* مقدم کوئي شخص جو مابین دو فریق کے کام کرے

Midwife, *n.* دایه

Migration, *n.* ایک ملک سے دوسرے ملک میں آباد هونے کے لئے جانا - نقل وطن

Mileage, *n.* سفر خرچ یا بهته جو بحساب في میل کے دیا جاتا هے

Military, *a* جنگي - فوجي

Military, tenure, حقیت جو بشرط انجام دهي خدمت جنگ عطا کي جاے

Military testament, وصیت زباني جو سپاهي بوقت جنگ کرسکتا هے

Militia, *n.* فوج - باشندگان ملک - وہ لوگ جنکو قواعد سپاهگري سکهاے جائیں لیکن جنسے کام بجز اشد ضرورت لیا جاے

Mill, *n.* چکي - کل

Mind, *n.* ذهن - عقل - فهم

Mine, *n.* کان - پٹهدار کو یہہ اختیار نهیں هے که آراضي پٹه میں بجز اسکے که خاص معاهدہ هو کان کهودے

Mineral, *n.* لفظ (منرل) شے معدني میں هر شے جو زمین کے سطح کے نیچے هو اور جسکے نکالنے سے فایدہ هوسکتا هو داخل هے

Mineral, Royal کان سونے و چاندي کي

**Minimum,** کم سے کم - قلیل ترین حقدار

**Minister,** *n.* (۱) عہدہ‌دار عامل (۲) پادري پروهت

**Minister, Prime.** وزیر اعظم - دیوان

**Ministerial,** *a* عاملانہ (خلاف عدالتانہ کے)

**Ministerial Benches, (The)** ممبران هاوس آف کامنس

**Ministry,** *n.* زمانہ عمل کسي وزیراعظم کا - حکومت

**Minor,** *n* نابالغ

**Minor,** *a.* قلیل - ضعف - چهوٹي

*See* Majority.

**Minority,** .. زمانہ نابالغي

**Mint,** *n.* ٹکسال - دارالضرب

**Minute,** *n.* (۱) یادداشت یادداشت تحریر کسي جلسہ یا معاملہ کي (۲) یادداشت کسي حکم یا تجویز کي - یعني کونسل ایک جانب کا طیار کرکے دوسرے جانب کي کونسل کو دیتا هے تاکہ معلوم هوجاے کہ کن امور پر اتفاق هے اور عام طور پر حکم مرتب هوجاے بعد ازاں مفصل حکم رجسترار مرتب کرتا هے - هندوستان میں حکم اور ڈگریات ڈگري نویس طیار کرتا هے اور قبل اسکے کہ اوسپر دستخط اور مہر هو دستخط وکلا هو دو فریق کے کرتے هیں

**Minute,** *a.* بہت چهوٹا - باریک - جنمیں وہ باریکي نکالي جاے یا نکتہ چیني کیجاے - باریک بیني جسمیں خفیف باتوں پر لحاظ کیا جاے

**Minute observer** باریک بیں

To take minutes, of. یادداشت یا خلاصہ تحریر کرنا

**Minute-book,** یادداشت کي کتاب

**Minute,** *a* مفصل کیفیت

**Minute gun,** توپ کا هر منٹ چلانا علامت تکلیف یا ماتم کي هے

**Misadventure, Homicide by.**

*See* Excusable, Homicide.

**Misalliance,** *n.* نکاح ازدواج مابین ایسے اشخاص کے جو هم درجہ نہوں

**Misapplication,** استعمال بیجا - اطلاق بیجا

**Misappropriation,** *n.* متصرف بیجا - تغلب

**Misapprehension,** *n.* غلط فہمي

**Misappropriation, Criminal.** تصرف بیجا مجرمانہ - بموجب قانون هند کے اگر کوئي شخص کوئي مال جو کسي کے قبضہ میں نہو پالے اور اوس مال کو اپنے کام کے لئے تصرف میں لائے جبکہ وہ اوسکے مالک کو جانتا هو یا اوسکے دریافت کرنے کے لئے وسیلہ رکھتا هو یا اوس سے پہلے کہ وہ مالک کے دریافت کرنے اور اوسکے مطلع کرنے کے معقول وسیلے کام میں لاچکا هو مجرم خیانت مجرمانہ کا هے

**Misbehaviour,** *n.* بداطواري - بدچلني

**Miscarriage,** *n.* (۱) اسقاط حمل (۲) طریق بیجا

**Miscarriage of justice,** انصاف میں خلل واقع هونا

**Miscarriage, Causing,** اسقاط حمل کرانا - یعني اگر نیک نیتي سے عورت کي جان بچانے کے لئے نکیا گیا هو جرم قابل سزا هے - وہ عورت جو خود اپنے اسقاط حمل کي باعث هو مجرم هے

Miscarry, - مقام مقصود کو نه پهونچنا تلف هوجانا - کار گر نه هونا - رایگاں هونا - ساقط هونا

Miscellaneous, متفرق

Miscellaneous proceeding, کارروائي متفرقه

Mischief, n. نقصان رساني - نقصان رساني بذریعه تلف یا تبدیل مال یا مال کي جگهه کي ایسے تبدیل سے هوسکتي هے جس سے اوسکي مالیت یا کام میں آنے کي قابلیت معدوم هوجاے یا کم هوجاے یا اقراراً اوسپر مرثر هو جرم نقصان رساني کے لئے یهه ضروري نهیں هے که اوس مال کے مالک کو جس سے نقصان پهونچا زیان یا مضرت پهونچانا مجرم کي نیت میں هو - یهه جرم اپنے هي مال کو نقصان پهونچانے سے بهي هوسکتا هے

Mischief of a Statute or Act, وه نقص یا خرابي جسکے رفع کرنے کے لئے ایکٹ بنایا گیا هو

Mischief makes, - نقصان کرنے والا - فتنه پرداز - مفسد

Misconduct, n. بد اعمالي

Misconduct, Gross, بداطواري فاش

Misconduct, Professional, بد اعمالي کار پیشه میں

Misdemeanor, n. (E. L.) جرم صغیر جو فیلني یعني جرم کبیره کي حد تک نه پهونچے

*See* Felony.

Misdescription, n. بیان غلط - اگر وه بیان غلط کسي معاهده میں نسبت امر اهم کے هو تو ایسا معاهده حسب مرضي اوس فریق کے جسکو غلطي هوئي هو قابل انفساخ هوگا

Misdirection, n. جج کا جوري کو هدایت غلط کرنا - یهه ایک غلطي قانوني هے

Mise, n. (۱) خرچه (۲) امر تنقیح طلب به تعلق کسي محکمهٔ کے

Misfeasance, n. فعل ناجایز - کسي فعل جایز کا بیجا طور پر انجام دینا

Misfeasor, n. مرتکب فعل ناجایز - غاصب

Misgiving, n. شبهه - اندیشه

Misgovernment, n. بد نظمي

Mishap, n. حادثه سواے اتفاق

Misinterpretation, n. تعبیر غلط

Misjoinder, n. اشتمال بیجا - تعدد دعوی

Misjoinder of causes of action. اشتمال بیجا بنا هاے دعوی - یهه اوس صورت میں واقع هوتا هے جب دو بنا هاے دعوی جو باعتبار اپني نوعیت کے جداگانه هوں وه ایک نالش میں شامل کي جائیں - مگر مدعي جب اوسکو چند بنا هاے مخاصمت بمقابله ایک هي مدعاعلیه کے ایک هي حیثیت سے حاصل هوں انکو شامل کرسکتا هے بجز بصورت نالسات متعلقه جایداد غیر منقوله کے

Misjoinder of charges, اشتمال بیجا الزامات کا - مقدمات فوجداري میں هر جرم جداگانه کي بابت علحده الزام قایم کرنا چاهئے اور اوسکي تجویز علحده علحده عمل میں آني چاهئے بجز خاص صورتوں کے مثلاً جب کسي شخص نے ایک هي قسم کے جرم اندر ۱۲ ماه کے کئے هوں تو ایسي صورت میں ۳ جرائم کي بابت یکجا تجویز هو سکتي هے

Misjoinder of Parties, اشتمال بیجا اشخاص مقدمه - یهه اوس صورت میں هوتا هے مثلاً جبکه کسي مدعاعلیه کو دل دادرسي مطالبه سے تعلق نہو

Mislay, بیجا قایم کرنا - بیجا لگانا

Mislead, *v. t.* دهوکا هونا - دهوکا دینا - غلط فهمي هونا

Mismanagement, *n.* بدانتظامي

Misnomer, *n.* (۱) کسي شخص کا غلط نام کسي کارروائي عدالتي میں تحریر کرنا - اس قسم کي غلطي کي اصلاح بذریعه ترمیم هوسکتي (۲) غلط نام رکهنا یا هونا

Misplaced, بیجا - نامناسب - جہاں نهونا چاهئے

Mispleading, عدرات کي پیشي میں غلطي

Misprint, غلطي طبع - چهپائي کي غلطي

Misprision, *n.* غفلت یا توهین

Misprision of felony, کسي جرم کبیره کا چهپانا یا اوسکے چهپانے میں مدد دینا

Misprision, Positive, بد انتظامي سے اهتمام کرنا اور زر سرکاري یا عام کو تغلب کرنا

Misprision of treason, اطلاع بغاوت کي ندینا

Misrepresentation, *n.* غلط بیاني - اس میں غلط بیان کرنا اور صحیح حال کو چهپانا دونوں داخل هیں

*See* Misdescription.

Missing, کهویا هوا هونا - گم - اپني جگهه پر نهونا

Missing person, شخص گم شده - شخص مفقودالخبر

Mission, (۱) فرض یا کام جسکے انجام کے لئے کوئي بهیجا جاے - پیغام - رسالت - سفارت - وه کام جسکي تعمیل سپرد کیجاے - (۲) جماعت اشخاص جو کسي خاص کام کے انصرام کے لئے متعین کئے جائیں (۳) پادریوں کا گروه

Missionary, وه اشخاص جنکا کام مذهب پهیلانے کا هو

Misstatement, غلط بیاني

‡Missive, *See* Letters missive.

Mistake, *n.* غلطي - سهو

Mistake of law, غلطي قانوني - معاهده اسوجهه سے قابل انفساخ نهیں هو جاتا که وه کسي ایسے قانون کي غلطي کي وجهه سے کیا گیا تها جو برٹش انڈیا میں نافذ تها - بموجب قانون فوجداري کے کوئي امر جرم نهیں هے جسکو وه شخص کرے جو کسي امر وقوعي کي غلط فهمي نه قانون کي غلط فهمي کے سبب سے نیک نیتي کے ساتهه یهه باور کرتا هو که اس امر کا کرنا اوس پر قانوناً واجب هے

Mistress, *n.* (۱) زن مدخوله-آشنا (۲) مالکن - خاندان یا مدرسه کي افسر

Misunderstanding, *n.* غلط فهمي - اگر هائیکورٹ کو یهه معلوم هو که جوري کو نسبت اس قانون کے جو جج نے جوري سے بیان کیا غلط فهمي هوئي تو فیصله منسوخ یا تبدیل کرسکتي هے - نااتفاقي - بدمزگي - اختلاف

Mistrial, *n.* جهوٹي یا غلط تجویز مقدمه

Misuse, بیجا استعمال - نامناسب استعمال - بیجا اطلاق (۲) بدسلوکي

Misuser, *n.* ناجایز طور پر استعمال حق کا جس سے حق قابل ضبطي هوجاے

Mitigate, کم کرنا - گھٹانا

Mitigation, *n.* کمي هرجه یا سزا

Mitigation, Address in. خطاب یا تقریر جو مدعاعلیه یا اوسکا وکیل روبرو جج کے بعد راے مجرم هونے کے کرے

Mittimus, *n.* (۱) حکمنامه بغرض منتقل کرنے مسل کے ایک عدالت سے دوسري عدالت کو (۲) وارنٹ واسطے بهیجنے قیدي کے جیلخانه میں

Mixed actions, (O. E. L.) نالشات جسمیں دعوی ذاتي و دعوی متعلق جایداد دونون شامل هوں - نالش ببدحلي غاصب اس قسم کي نالش میں داخل تصور کي جاتي تهي کیونکه اسمیں دلا پانے قبضه اور هرجه دونوں کا دعوی کیا جاتا تها

Mixed contract, (Rom. Law.) معاهده جسمیں ایک فریق دوسرے کو کوئي فایده عطا کرے اور اوسکے عوض میں شخص مذکور سے کم مالیت کا بدلا چاهے مثلاً واهب

Mixed Fund, *See* Blended Fund,

Mixed jury, وه جوري جسمیں اهل یورپ اور اهل هند دونوں شامل هوں

Mixed larceny, *See* Larceny,

Mixed personality, *See* Personality.

Mixed questions of law and fact. مقدمه جنمیں بحث واقعاتي و قانوني شامل هوں - وه مقدمات جنمیں جوري خاص واقعات کي نسبت تجویز کرے اور عدالت نسبت نتیجه قانوني واقعات مذکور کے بمدد اصول قانون کے فیصله کرے

Mixed subjects of property, جایداد قسم مخلوط مثلاً حصص کسي شے کے متعلق آراضي کے - یا فصل استفاده وغیره

Mixture of goods, مخلوط کیا جانا مال کا

Model, *n.* نمونه

Moderate, *a.* اوسط - بیچ کا - معتدل - مناسب

Moderation, اعتدال

Moderator, *n* وه عهدهدار جو کسي جلسه پر بغرض انتظام کرنے اور ووٹ شمار کرنے کے اجلاس فرما هو

Modern, *a.* زمانه حال

Modest, (۱) معتدل - واجب - جسمیں زیادتي نهو (۲) عاجز - مسکین - شرمیلا - (۳) پاکدامن - با عفت

Modesty, Insulting women's توهین شرمساري عورت - یهه جرم قابل سزا هے

Modification, *n.* ترمیم

Modify, ترمیم کرنا - گھٹانا - کم کرنا

Modus, *n.* (O L.) (۱) طریقه اظهار شرایط معاهده یا انتقال - (۲) کوئي شرط جس سے کسي عام قاعده میں تعرض عمل میں آوے - مثلاً کسي وصیت نامه میں کوئي انتظام مابین فریقین کے

Modus operandi, طریق عمل - طرز کارروائي

Mohammedan, *See* Law.

Moiety, *n.* (۱) نصف (۲) دو حصه مساوي

Molestation, *n.* جرم کسي شخص کو تکلیف دینے کا اسغرض سے که اوس سے کوئي کام کرالیا جاے - رنج پہونچانا

Monarch, *n.* بادشاه

Monarchy, بادشاهت - سلطنت مطلق

Money, *n.* زرنقد - زرنقد وه شے هے جس کے ذریعه سے تبادله هوسکے - معیار اسکا ده کوئي دهات (بغرض اسکے که وه اصلي هو) زر نقد هے یا نہیں یہه هے که وه دهات بازار میں چل سکتي هے یا نہیں اور اسکے تبادله میں هر قسم کا مال ملسکتا هے یا نہیں اسلئے اوس کي مالیت متحقق اور مشہور هوني چاهئے چنانچه اگرچه سکه زمانه شاه اکبر زر نقد نہیں هے تاهم سکه کلدار جسکي مالیت مشہور هے زر نقد هے

Money bill, قانون بغرض اضافه مالگذاري

Money broker, دلال

Money counts, دعاوي متعلقه قرضه زر

Money decree, ڈگري زر نقد - ڈگري ساده

Money had and received, روپیه جو مدعي کے فایده کے لئے وصول هوا هو یا جو اوسکو ملنا چاهئے تها

Money-lender, بہوره - ساهوکار - قرض دهنده

Money order, *n.* مني آرڈر - حکم واسطے اداے زر - خصوصاً حکم سرکاري واسطے اداے زر

Money, Ready, زر نقد - نقد

Monetary, روپیه پیسه کے متعلق

Monogamy, ایک زوجه سے شادي کرنا

Monopolize, بازار کے کل مال کا اسغرض سے خریدنا که جس قیمت پر چاهے فروخت کرے (۲) حق بلا شرکت دوسرے کسي چیز کي فروخت کا حاصل کرنا کسي شے کو کلیاً اپنے اختیار میں کرنا

Monopoly, *n.* حق قطعي بلا شرکت غیرے کسي چیز کے فروخت کا - حق کسي خاص بازار میں فروخت کا

Monster, *n.* وه طفل جسکي انسان کي سي شکل نهو ایسا لڑکا وراثت نہیں پاسکتا

Month, *n.* ماه - مہینه - قانون میں مہینه کا شمار مطابق کلندره انگریزي کے کرنا چاهئے - مطابق شرح محمدي کے هر مہینه میں ۳۰ دن هوتے هیں

Month, Calendar. جنتري کا مہینه انگریزي مہینه

Monthly, *a.* ماهوار

Moot, *n.* ایک جلسه خصوصاً واسطے بحث نسبت کسي معامله قانوني کے

Moot case or moot point, امر جسپر بحث هوسکے

Moral, *n* نتیجه

Moral, *a.* تہذیبي - اخلاقي

Moral certainty, یقین جو عقلي دلایل سے حاصل هو

Morality, تہذیب - اخلاق

Morally certain, to be, دلي یقین هونا - عقل یا دل کا گواهي دینا

Moral obligation, ذمهداري اخلاقي

**Moral precept,** - نصیحت اخلاقي - صلاح - دوقسم کے احکام دهرم شاستر اور دیگر کتب مذهب میں پائے جاتے هیں اول وه جو واجب التعمیل هیں اور قابل پابندي هیں اور قانوناً دادن کرائے جاسکتے هیں - یهه احکام (Positive law) هیں بعض احکام ایسے هیں که جنکي تعمیل اختیاري هے اور جو حکم هے وه صلاح نیک کا اثر رکھتا هے ایسے احکام قانوناً دادن نهیں کرائے جاسکتے - اون احکام کو (Positive morality) هي کهتے هیں

**Morbid,** مریض - بگڑا هوا - صحیح سالم نهیں

**Morganatic marriage,** ازدواج مابین کسي اعلی مرتبه یا شاهي خاندان کے آدمي کے اور ردیل یا کم درجه کي عورت کے جسکي رو سے زوجه اور نه اوسکے لڑکے کوئي حق یا خطاب سوهر کے حاصل کرتے هیں

**Morman Marriage,** بموجب اس ازدواج کے ایک سے زیاده زوجه رکھنا جایز هے - بموجب قانون هند کے ایک سے زیاده زوجه رکھنا بجز اون اقوام کے جنمیں یهه جایز هے جرم هے

**Mortal blow,** ضرب مهلک

**Mortgage,** *n.* رهن لفظ رهن سے مراد انتقال حقیت واقع کسي خاص جایداد غیر منقوله سے هے جو بعوض اداے اوس روپیه کے جو بطور پیشگي یا بطور قرضه کے دیا گیا هو یا آینده دیا جانے والا هو یا جسکے دینے کا اقرار هوا هو یا باطمینان تعمیل کسي معاهده کے جس سے کوئي ذمه‌داري زر پیدا هو کیا گیا هو

**Mortgage by conditional sale,** رهن بیع بالوفا - خط قباله - گهن لهن مدت کریام - رهن بیع بالوفا وه رهن هے جسمیں راهن بظاهر جایداد مرهونه کو بیع کرے اس شرط پر که اگر زر رهن ایک تاریخ مقرره پر ادا نکیا جائیگا تو بیعبات هو جائیگي یا جب زر رهن بتصریح صدر ادا هو جاے تو بیع فسخ هوجائیگا یا زر رهن کے ادا هونے پر بیعدار جایداد بایع کو منتقل کردیگا

**Mortgage deed,** دستاویز رهن - رهننامه - دستاویزات

**Mortgage, English,** - رهن انگلشیه رهن انگلشیه یعني ایسا رهن جسمیں راهن یهه اقرار کرے که کسي تاریخ مقرره پر رهن ادا کیا جاویگا اور جایداد مرهونه کو قطعي مرتهن کے پاس منتقل کردے مگر بحفظ اس شرط کے که جسوقت زر رهن حسب اقرار ادا کردیا جاے تو مرتهن جایداد مذکور پهر راهن کے پاس منتقل کردیگا

**Mortgage, Equitable** - استغراق - دستاویز استحقاق کا رهن - یهه ایک قسم کا رهن ساده تصور کیا جا تا هے

**Mortgage, Legal** رهن قانوني یعني جسمیں حقیت جایداد مرهونه مرتهن منتقل کردي جاے - مثلاً رهن انگلسیه و رهن بیع بالوفا

**Mortgage, Simple** رهن ساده - جب بلا دخل دهي جایداد مرهونه کے راهن اپني ذات کو اسبات کا پابند کرے که زر رهن ادا کریگا اور صریحاً اور معناً اقرار کرے که در صورت ادا نکرنے زر

رهن مطابق معاهدہ کے مرتهن مستحق هوگا کہ جايداد مرهونه کو نيلام کرائے تو يهه معاملہ رهن سادہ هے

Mortgage statutory, رهن حسب قانون مثلاً جب بار بلا کسي دستاويز انتقال عايد هوتا هے

Mortgage, Usufructuary, رهن انتفاعي - رهن بهوگ بندک - رهن دخلي - جب راهن جايداد مرهونهپر مرتهن کو قابض کرادے او اوسکو اختيار دے کہ تا ادائے رهن وہ اسپر قابض رهے اور زر لگان اور منافع جو اس جايداد سے پيدا هو ليتا رهے اور زر لگان کو بجائے سود يا بجائے اصل يا زر رهن کے محسوب کرے تو يهه معاملہ رهن بهوگ بندک يا رهن انتفاعي هے

Mortgage, Anamolous رهن مخلوط

*See* Bottomry Bond, Equitable Mortgage-deed, Mortgage of a crop, Respondentia Bond and Security Bona.

Mortgaged debt, قرضہ جو بغرض اطمينان ادا قرضہ موجودہ يا آيندہ کے منتقل کيا جائے

Mortgage money, زر رهن - يعني وہ اصل روپيه معہ سود جسکے ادا کے اطمينان کے لئے جايداد کسي ايام تک مکفول کي جائے زر رهن کهلاتا هے

Mortgagee, *n.* مرتهن

Mortgagee, (in simple mortgage) مرتهن سادہ

Mortgagee by conditional sale, مرتهن بيع بالوفادار

Mortgagee, Usufructuary, مرتهن بهوگ بندک - مرتهن قابض و قرض دخلي

Mortgagor, *n.* راهن

Mortis causa, مرض الموت

Mortification, (Scot, Law,) Same as Mortmain.

Mortmain, *n.* اس قسم کي ملکيت آراضي جس سے وہ نا قابل انتقال هو جائے - يهه اوس صورت ميں هوتي هے جب آراضي کسي جماعت کي ملکيت هوجاتي هے

Mortnary, *a.* موتي - متعلق وفات

Mortion, *n.* تحريک - درخواست - درخواست جو معہ بيان حلفي کے عدالت سے بغرض حصول کسي حکم يا اظهار وجهه کے کي جائے

Motive, *n.* وجهه تحريک باعث کرنے کسي فعل کے

Movable, *n.* مال - اسباب - مال منقولہ بموجب ايکٹ رجسٹري کے مال منقولہ ميں درختان و فصل وغيرہ داخل هيں

Move, *v. t.* تحريک کرنا - درخواست کرنا - پيش کرنا - عرض کرنا

Mover, *n.* پيش کنندہ - وہ شخص جو کوئي امر واسطے لحاظ کرنے کے پيش يا گذارش کرے

Mulct, *n.* تاوان - سزا - جرمانہ ضبطي

Mulier, *n.* پسر صحيح النسب

Mulierty, *n.* حيثيت صحيح النسب

Multifariousness, *n.* اشتمال بيجا *See* Joinder.

**Multipartite**, *a.* جسمیں چند حصص هوں

**Multiplicity**, *n.* کثرت - تعدد - ایک سے زیادہ نالش بابت ایک هي بناے دعوی کے

**Multitude**, *n.* مجمع جسمیں ۱۰ سے زیادہ اشخاص هوں

**Municipal corporation**, جماعت میونیسپلٹي - جماعت منتظم شهر

**Municipal Commissioner**, میونیسپل کمشنر - میونیسپل کمشنر (ملازم سرکار نہیں هے) یعنی وہ شخص جو شریک جماعت انتظام شهر هو

**Municipal Fund**, چنگي کا نقد یا روپیه

**Municipality**, *n.* میونیسپلٹي

**Municipal law**, قانون ملک یعنی جو محض باشندگان سلطنت سے متعلق هو یهہ قانون قانون متعلق ممالکت سے قابل امتیاز هے

**Muniments**, *n.* دستاویزات حقیت

**Munition**, اسباب جنگ - سامان حرب

**Murder**, *n.* قتل عمد - قتل عمد میں (۱) رہ فعل داخل هے جسکے باعث سے هلاکت واقع هوئي اور جو بہ نیت مذکور کیا گیا هو - (۲) وہ فعل داخل هے جس سے ایسي ضرر جسماني پہونچانے کي نیت هو جس سے شخص متضرر کے هلاک هونے کا احتمال هو - (۳) یا وہ ایسي ضرر جسماني هو جو عادت معهودہ کے موافق هلاک کرنے کو کافي هو

*See* Culpable Homicide.

**Murderer**, *n.* قاتل

**Murdurum**, *n.* خفیه قتل کسي شخص کا

**Mutable**, *n.* قابل تبدیل

**Mutation of names**, داخل خارج اسماے

**Mutatis-mutandis**, به تبدیل امر تبدیل طلب

**Mute**, *n.* وہ شخص جو جواب فرد قرار داد جرم کا ندے-اوسوقت جوري کو یهہ تجویز کرنا هوتا هے که آیا وہ از خود خاموش یا قدرتي طور پر گونگا هے

**Mutilate**, اعضا سے محروم کرنا - قطع عضو کرنا - کسي شے کو توڑنا یا خراب کرنا - قطع مزید کرنا

**Mutilation**, *n* اعضا سے محروم کرنا

**Mutineer**, *n.* باغي

**Mutiny**, *n.* بغاوت - غدر

**Mutiny, Indian** غدر ۱۸۵۷ - بغاوت هند

**Mutiny Act** قانون جو انگلستان میں هرسال واسطے سزاے باغیان اور اون اشخاص کے جو فوج سے کام چهوڑ کر بهاگ جائیں صادر هوتا هے

**Mutual**, *a.* باهمي

**Mutual Insurance Company**, کمپني بیمه جسمیں شرکا یعني وہ اشخاص جنکا بیمه کیا گیا هو مطابق حصه رسدي کے منافع یا نقصان برداشت کریں

**Mutual promises**, *See* Reciprocal promises.

**Mutual testament**, وصیت جو دو اشخاص ایک دوسرے کے حق میں کریں که اون دونوں میں سے جو زندہ رهے وہ جایداد پاوے

**Mutuality, n.** معاهدات جو کوئي شخص دوسرے کے فایدہ کے لئے اور دوسرا اوس شخص کے فایدہ کے لئے کرے

**Mutuality of assent,** رضامندي باهمي اوس صورت میں هوتي هے جب هر ایک اونمیں سے ذمہداري کو سمجهہ کر معاملہ کرتا هے

**Mutuality of remedy,** چارہ کار بمقابلہ ایک دگر - یہہ صورت جب هوتي هے کہ هر فریق معاهدہ بمقابلہ ایک دوسرے کے نافذ کرا سکے

**Mutuary, n.** وہ شخص جو مال منقولہ بغرض صرف ذاتي کے اس شرط سے لے کہ یا تو وہ اوس چیز کو واپس کردیگا یا اوسي قسم کي چیز دیگا

**Mutuum, (Rom. Law.)** اودهار یا عاریت دینا کسي شے کا واسطے استعمال کے اس شرط سے کہ اوس هي قسم کي چیز اودهار لینے والا واپس دیگا

# N

**Nail,** کیل گاڑنا - بند کرنا - کسي بات پر قایم کرنا - گرفت کرنا - پهندے میں ڈالنا

**Nam, Namium,** قرقي و ضبطي جایداد و مال منقولہ

**Name, n.** نام

**Name, Calling of.** نام پکارنا

In name, براے نام

To call names, بُرا کہنا - گالیاں دینا

In the name of, از نام - اسم فرضي بحکم

**Name, Christian.** وہ نام جو بوقت اصطباغ رکها جاتا هے

**Narcotic, a.** نشہآور - لیکن جو زیادہ خوراک میں باعث بیهوشي و غفلت و هلاکت هو

**Narrated, a.** مد دعوی والزام کي

**Narration,** کیفیت معاملہ - حکایت

**Narrative, a.** بیان - بیانیہ

**Narrative form,** مسلسل بیان

**Narrow circumstances,** تنگ حالي

**Narrow inspection,** معاینہ کامل - معاینہ سخت - معاینہ جسمیں هر بات پر لحاظ کیا جاے

**Narrow secret,** جستجو کامل - تلاشي

**Narrow escape,** بال بال بچ جانا

**Narrow interpretation,** تعبیر محدود تعبیر سخت

**Nation, n.** قوم - فرقہ - باشندگان ملک

**Nation, Law of.** *See* International Law.

**National, a.** متعلقہ کسي قوم یا ملک کے

**National debt,** قرضہ سرکاري انگلستان جسپر سرکار سود دیتي هے

**National Congress,** جماعت ملکي بغرض ترقي و حصول حقوق باشندگان

**Nationality, n.** قوم - حقوق ملکي جو بوجہ پیدایش یا اختیار کرنے سکونت کسي ملک کے - اس سے یہہ دریافت هوتا هے کہ کس سلطنت کا کوئي شخص رعیت هے

Native, *a.* دیسي

Native Christian, دیسي عیسائي
ان اشخاص کا وراثت کا قانون ایکت وراثت هند سنه ۱۸۶۵ع میں مندرج هے

Native Courts, عدالت هاے واقع ریاست هاے هندوستاني

Native Indian subject, رعایا اهل هند

Native states, ریاست هاے هند

Nativity, پیدایش - ولادت - جنم - مولد

To cast nativity. زایچه یا جنم پتر بنانا

Natural affection, محبت خلقي

Natural conclusion, اصلي نتیجه

Natural love and affection, محبت و الفت نطري - وه عهود جو بلا بدل کئے جائیں کالعدم هیں بجز اسکے که بوجه محبت اور الفت فطري کے اون اشخاص میں کئے گئے هوں جو باهم قرابت قریبه رکهتے هوں - ایسے عهود کا تحریري اور رجستري شده هونا لازمي هے

Natural born subject, وه اشخاص جو سرکار انگلشیه کے ملک میں پیدا هوئے هوں

Natural child, طفل غیر صحیح النسب

Natural person, شخص واحد بخلاف جماعت کے جو بطور شخص واحد کے تصور کي جاتي هے

Natural rights, حقوق ذاتي جو هر شخص کو بلحاظ اپنے موقع یا حالت کے حاصل هیں

Natural stream, ندي قدرتي یعني وه ندي جو زمین کي سطح پر یا زیر زمین واقعه هو اور جو صرف به قدرت الهي سے ایک راسته طبعي اوو معین سے بهتي هو

Naturalization, *n.* حقوق باشندگان ملک اشخاص غیر کو عطا کرنا - رعیت جسنے حقوق ملک غیر حاصل کئے هوں اون ذمه داریوں سے اپنے آپ کو بري نهیں کرسکتا جو اوس مملکت سے جسکا وه پیشتر باشنده تها متعلق تهیں

Naval court, عدالت بحري جو بعض صورتوں میں ملک کے باهر قایم کي جاتي هے

Navigable, *a.* قابل کشتي راني

Navigation, *n.* جهاز راني - مرکب تري چلانا - بے احتیاطي یا غفلت سے مرکب تري چلانا جرم هے

Near, قریب - نزدیک

Near relation, رشته دار قریبي

Nearness, نزدیکي یا قریبي هونا

Nearness in space, قرابت بلحاظ حقیت

Nearness in blood. قرابت رشته کي

Neat cattle, بیل اور گاے

Necessaries, *n.* مایحتاج - اشیاے ضروري - اس میں وه چیزیں داخل هیں جو نه صرف واسطے قیام زندگي کے ضروري هیں بلکه بلحاظ حیثیت اور مرتبه کے درکار هیں - اگر کوئي شخص ایسے شخص کو جو معاهده کرنے کے ناقابل هو یا ایسے شخص کو جسکي پرورش قانوناً اوس شخص ناقابل پر

واجب ھو مایحتاج بہم پہونچانے تو مایحتاج کا پہونچانے والا اوس شخص ناقابل کے جایداد سے مستحق وصول یابي کا ھے

Necessity, Easement of حقوق استفادہ یا آسایش ضروري - ان حقوق میں نہ صرف وہ حقوق داخل ھیں جو قطعاً واسطے تصرف جایداد کے ضروري ھیں بلکہ وہ حقوق بھي داخل ھیں جو ظاھر اور علي الاتصال اوسي طرح پر تصرف جایداد کے لئے ضروري ھوں جیسا کہ تقسیم اثر پذیر ھونے کے وقت اوسپر تصرف تھا

Need, ضرورت - احتیاج - تنگدستي - غربت

*See*—Drawee in case of need.

Nefarious, نہایت بد - سخت قبیح

Negation, انکار

By way of negation, تردیداً

Negative, انکاریہ - نفي - منفي

Negative, *v.* تردید کرنا - نفاذ یا منظوري سے انکار کرنا

Negative agreement, عہد نکرنے کسي کام کا - عدالت حکم تعمیل عہد نکرنے کسي کام کا عطا کرسکتي ھے

Negative Easement—*See* Easement.

Negative pregnant, انکار ظاھري

Negotiate, معاملہ گفتگو باھمي کے عہد طےکرنا - فروخت کرنا - ھنڈي کام- انتقال کرنا

Neglect, *n.* غفلت - عدم خبر گیري

Negligence, *n.* غفلت

There are three degrees of negligence, *viz.*,

(1) Ordinary. معمولي

(2) Slight. خفیف

(3) Gross. شدید

یہہ فرق معاملات امانت یا تحویل یا عاریت میں اھم ھے کیونکہ اگر کوئي چیز کرایہ پر کسي شخص کو دي گئي تو وہ محض معمولي غفلت کے ھونے سے ذمہدار ھوتا ھے اور اگر شے مذکور محض امانتدار کے واسطے دي گئي ھو تو امانتدار ذرا سي ھي غفلت کي وجہہ سے ذمہدار ھوجاتا ھے اگر محض امانت کنندہ کے فایدہ کے لئے شے مذکور حوالہ کي گئي ھو تو بصورت شدید غفلت کے امین ذمہدار ھوتا ھے

Negligence, Contributory—*See* Contributory.

Negligent, negligently, غفلت سے - اس سے مراد یہہ ھے کہ کوئي فعل بلا اس علم کے کیا جائے کہ اوس سے کسي کو مضرت پہونچیگي مگر اوس احتیاط سے نکیا جائے جو باضابطہ نوعیت اور نتایج قرین قیاس اوس فعل کے محتاط شخص اپنے معمولي کاروبار میں ملحوظ رکھتا ھے

Negotiable, *a.* قابل بیع و شري قابل خرید و فروخت

Negotiable instruments, دستاویزات قابل بیع و شري یعني وہ دستاویزات جو بذریعہ بیع یا حوالگي یا عبارت ظھري کے قابل انتقال ھوں یعني بل آف ایکسچینج - پرامیسري نوٹ و چک ( نوٹ ) ان دستاویزات میں گورنمنٹ کرنسي نوٹ داخل نہیں ھے

Negotiation, *n.* فروخت کرنا و ھنڈي وغیرہ کا منتقل کرنا - ( ۲ ) معاملہ کرنا - خرید فروخت کي بات چیت کرنا عہد و پیماں کرنا - جب کوئي دستاویز قابل بیع و شري کسي شخص کے نام

اس طور پر منتقل کي جاے که وه شخص اوسکا قابض هو جاے تو کها جائيگا که نوشته معرض خريد و فروخت ميں آيا پراميسري نوٹ يا بل آف ايکسچينج يا رقعه جسکي عبارت سے روپيه حامل کو دلايا گيا هے صرف حواله هونے سے بيع و شري کے لايق هوجائيگا ليکن اگر دستاويزات مذکور ميں ادا حسب الحکم لکها هو تو بذريعه منتقل هونے بنام دارنده اور اوسکو حواله هونے کے وه قابل بيع و شري هوجائيگي

Neife, *n.* عورت جو غلامي ميں بيدا هوئي هو

Neighbour, *n.* پڑوسي

Neighbourhood, *n.* پڑوس

Neighbouring, *a.* قرب وجوار ميں

Nephew, *n.* بهتيجا اس لفظ ميں محض پسران برادران يا همشيرگان داخل هيں

Net income, آمدني خالص (بعد منهاي اخراجات)

Net price, اصلي قيمت - جسميں کوئي کميشن محسوب نهو

Net profit, *n.* منافع قرار واقعي - منافع خالص منافع بعد منهائي جمله اخراجات کے

Neutral, *n.* وه شخص جسکو کسي فريق سے تعلق نهو

Neutrality, *n.* وه حالت ملک کي جب وه کسي جنگ ميں جو باهم دو سلاطين کے هو شرکت نکرے

New, *a.* نئي - جديد

New trial, تجويز جديد - تجويز جديد بصورت (۱) فرد قرار داد جرم کے ترميم هونے يا جديد قايم کئے جانے کے (۲) يا بصورت غير حاضري اهل جوري عدم قابليت جوري کي نسبت سمجهنے شهادت کے (۳) يا بصورت غير حاضري جمله اميسران کے (۴) يا بصورت رهائي جوري کے هوسکتي هے - مقدمات ديواني ميں بصورت نا مناسب ادخال يا خارج کرنے شهادت کے تجويز جديد هوسکتي هے

New moon, ماه نو - دوييج کا چاند

New Year's Day, *n.* نوروز - يعنے بتاريخ يکم جنوري هوتا هے - اور يوم تعطيل مندرجه قانون هے

Newspaper, اخبار

Next, (۱) قريب تر (۲) سلسله ميں ايک دوسرے سے ملا هوا - آينده

Next friend, رفيق قريب تر هو نالس منجانب نابالغ کے اوسکے نام سے رفيق قريب تر داير کريگا - اور اوسکو حکم اداے درجه نالس دبا جاسکتا هے

Next of kin, قرابت دار - قريبي

Nice, رقيق - داريک

Nice point, باريک مسله - نکته

Nice distinction, امتياز نفيس - دور باريک

Niece, بهتيجي - بهانجي

Night, *n.* شب - مداخلت بيجا دوقت شب نقب زني هو جاتي هے - بموجب قانون انگلستان کے شب ۹ بجے سے (بعد دوپهر کے) اور ۶ بجے صبح تک متصور هوتي هے

Nihil dicit, انکار مدعا عليه پيروي کرنے سے

Nihil debit, (he owes nothing), عام امر تنقيح طلب بعض نالشات قرضه ميں

ill, *n.* نادارد

imious, *n.* (Scot. Law.) - شديد ناجايز

isi (Unless), بجز اسکے - قانون میں اس لفظ سے مراد یہہ ھے کہ کوئي حکم ایک خاص وقت سے اثر پذیر هوگا بجز اسکے کہ حکم مذکور قبل اوسوقت کے ترمیم کیا جاے یا اورکوئي ایسا امر کیا جاے جس سے حکم مذکور نافذ نہ هو

ise, Decree, ڈگري شرطیہ یعني ڈگري جو بجز اسکے قابل نفاذ هوکہ ق جسکے خلاف ڈگري مذکور صادر کي جاے اندر ایک وقت معینہ کے وجہہ ظاهر کرنے سے قاصر رهے کہ کیوں حکم یا ڈگري مذکور نہ نافذ کي جاے

Tolle prosequi, استغاثہ نہیں کرنا چاهتا - اس اندراج سے یہہ ظاهر هوتا هے کہ مدعي اپني نالش کي پیروي نہیں کرنا چاهتا یا ایڈوکیٹ جنرل استغاثہ کلیتاً نہیں کرنا چاهتا یا کسي خاص مد فرد قرارداد جرم کي بابت کارروائي فوجداري نہیں کرنا چاهتا یا نسبت کسي ملزم کے مقدمہ قایم نہیں کرنا چاهتا

Tollo Contender, میں جوابدهي نہیں کرنا چاهتا - اس جواب سے ملزم بلا اقبال جرم کے اپنے آپکو اون نتایج کا پابند کرتا هے جو اقبال جرم سے عاید هوتے هیں

Tominal, *a.* براے نام

Tominal balance, فرضي باقي

Tominal difference, نہایت خفیف فرق - فرق براے نام

Nominal damage, *See* Damage.

Nominal partner, وہ شریک جسکو کوئي حق واقعي کارخانہ یا نفع میں حاصل نہو لیکن جسنے اپنا نام بحیثیت شریک مشہور کیا هو

Nominate, *v. t.* مقرر کرنا - تقرر کرنا منتخب کرنا - نامزد کرنا

Nominating and reducing, طریقہ انتخاب جوري خاص - اول ۴۸ جوري کے نام بذریعہ قرعہ اندازي نکالے جاتے هیں اون میں سے هر فریق ۱۲ نام جوري خارج کرتا هے - باقي ۲۴ جوري کا کام کرتے هیں - اس قسم کا انتخاب صرف بحکم عدالت هوسکتا هے

Nomination, *n.* - انتخاب - نامزدگي تقرر - اختیار نامزدگي

Nominee, اشخاص مزد شدہ - شخص صحت شدہ

Nonability, *n.* ناقابلیت مدعي قانوناً پیروي کرنے مقدمہ کي

Nonaccess, *n.* عدم رسائي - جب کہ شوهر بوجہہ عدم موجودگي کے معمولي طور پر اپني زوجہ کے طفل کا پدر نہو سکتا هو توا طفل غیر صحیح النسب هوگا - اثناے قیام ازدواج میں یہہ قیاس کیا جاتاهے کہ طفل صحیح النسب هے

Non acceptance, عدم ایجاب - نہ سکارنا

Nonage, *n.* نابالغي

Non-appearance, *n.* - عدم حاضري عدم پیروي

Non-assumpsit, (He did not promise.) عذرداري نالش هرجہ کہ اوسنے معاهدہ نہیں کیا

*See* Assumpsit. خلاف ورزي معاهدہ میں

Non-bailable, *a.* ناقابل ضمانت

Non-claim, *n.* حق یا دعوی کا فروگذاشت کرنا

Non-cognizable case, مقدمہ جسمیں عہدہدار پولیس بلا وارنٹ کے گرفتار نکرسکے

Non-cognizable offence, جرم ناقابل دست اندازي

Non-compliance, عدم تعمیل

Noncompos mentis,- مجنون فاترالعقل مخمور

Non-est factum, عذر مدعاعلیہ کہ دستاویز جسکي بنا پر مدعي نالس کرتا ہے مدعاعلیہ کي تحریري نہیں ہے

Non-est inventus, جواب شیرف کہ مدعاعلیہ علاقہ میں نہیں پایا جاتا

Non-feasance, جرم نکرنے کسي کام کا جسکا کرنا قانوناً لازمي ہو

Non-fulfilment, *n.* عدم ایفا

Non-intervention, *n.* عدم دست اندازي ایک سلطنت کي دوسرے سلطنت کے کاموں میں

Non-issuable plea, وے امور جنکے فیصل کرنے سے نالش بر بناے رویداد فیصل نہو

Non-joinder, *n.* عدم اشتمال - کسي شخص کا مقدمہ میں جو شامل کیا جانا چاهئے تھا

Non-liquet, صاف ظاہر نہیں ہے اظہار راے جوري کہ شبہ ہے

Non-obstante, ایک فقرہ جو فرمان شاهي سابق انگلستان میں ہوتا تھا کہ جسکے ذریعہ سے اجازت کرنے کسي کام کي باوجود اوسکے احکام قانون کے خلاف ہونے کے دي جاتي تھي

Non-obstante verdicto, باوجود راے جوري کے - عدالت کا بحق مدعي حکم صادر کرنا باوجود اسکے کہ جوري نے بحق مدعاعلیہ راے ظاہر کي ہو

Non-occupancy tenant, آسامي غیر دخیلکار

Non-pros, *v. t.* عدم پیروي تسمسي دعوی (مدعي) عدم پیروي میں

Non-prosequitor, *n.* عدم پیروي میں مقدمہ کا تسمس ہونا

Non-resident cultivator, آسامي پاهي کاشت

Non-suit, *n.* مقدمہ کا عدم پیروي میں خارج ہونا - یا جج کا یہہ راے ظاہر کرنا کہ بشکل موجودہ کا مقدمہ نہیں چلسکتا

Non-suit, *v. t.* مقدمہ کا خارج ہونا

Non-tenure, *n.* عذر مدعاعلیہ کہ وہ آراضي مناط نالش پر قابض نہیں ہے

Non-term, *n.* تعطیل درمیان دو زمانہ افتتاح عدالت کے - تعطیل کلاں

Non-user, *n.* عدم استعمال - حق جو بوجہہ استعمال کے حاصل ہوسکتا ہے بوجہہ عدم استعمال کے ضایع ہوتا ہے - کام عہدہ میں غفلت کرنا کہ جس سے برخاستگي عہدہ سے لازم آتي ہے

Normal, معمولي - قرینہ کے مطابق

North-Western Provinces, ممالک مغربي و شمالي - اب اس ملک کا نام بشمول اودہ کے ممالک متحدہ آگرہ و اودہ ہوگیا ہے

Notable, *n.* نامور شخص-مشہور شخص

Notable, Council of کونسل مشہور اشخاص کي - کونسل روسا کي

Notable, *a.* قابل لحاظ - مشہور - معروف

Not found, ثابت نہيں هے

Not guilty, *a.* بے جرم بے عذر عام معلوم که وه مجرم نہيں هے - ايسي صورت ميں مستغيث کو هر امر مظہره ثابت کرنا چاهئے

Not proven, ثابت نہيں هے

Notarial act, نوٹري پبلک کا عمل يعني هر ايک نوشته يا تحرير طهري يا يادداشت يا تصديق يا سارٹيفکٹ يا داخله جسکو کوئي نوٹري پبلک اپني منصبي خدمت کي تعميل ميں يا کوئي اور شخص (رجسٹرار) جو قانوناً نوٹري پبلک کا کام کرتا هو مرتب کرکے دستخط کرے

Notary public, *n.* ايک عہدهدار جو يادداشت اُن امور کي لکھتا هے جس سے عوام کو تعلق هو - وه تصديق دستاويزات و تحريرات کي کرتا هے اور وه دستاويزات کو اس غرض سے تصديق کرتا هے که دوسرے ملک ميں پيش کي جائيں وه هنڈي يا بل آف ايکسچينج در يهه تحرير کرتا هے که اونکے سکارنے يا ادا کرنے سے انکار کيا گيا

Note, *n.* (۱) تحرير جو کسي دلال کي طرف سے اوسکے مالک کے پاس باطلاع اس امر کے بهيجي جاے کد کچهه مال يا سرمايه يا کفالت نامه قابل خريد و فروخت مالک مذکور کي طرف سے خريد و فروخت کيا گيا هے - ايسي تحرير پر اسٹامپ واجب‌الاخذ هے (۲) نشان - (۳) شرح - (۴) عنوان (۵) چٹهي (۶) تحرير مشعر اقرار قرضه و اداے زر قرضه مذکور مثلاً پراميسري نوٹ

Note of hand, *n.* پراميسري نوٹ
*See*—Promissory Note.

Note of Protest, اطلاع نامنطوري

Note, *v. t.* (۱) لحاظ کرنا - غور کرنا (۲) قلمبند کرنا - تحرير کرنا - يا - داشت لکهنا - ياد رکهنا

Noting a bill, کسي بل آف ايکسچينج کي پشت پر انکار لکهنا - يهه نوٹري پبلک لکهتا هے

Notice, *n.* (۱) نوٹس - اطلاع - (۲) - خبر (۳) اطلاعنامه - کسي شخص کو کسي واقعه کا اطلاع هونا اوس وقت کہا جائيگا جب وه في‌الحقيقت اوس واقعه کو جانتا هو يا جب يهه حال هو که اگر وه اوس تحقيقات سے عمداً حذر نه کرتا جو اوسپر کوئي واجب تهي يا غفلت نکرتا تو اوس واقعه سے مطلع هوجاتا يا جب اطلاع اوس واقعه کي اوسکے ايجنٹ يعني کار پردار کو دي گئي هو يا اُسنے حاصل کي هو

To give notice, اطلاع دينا خبر دينا

To take notice, کُئي مد پر لحاظ کرنا - خبر لينا

Notice, Constructive, اطلاع تعبيري

Notice, Express. اطلاع صريح

Notice, Judicial—*See* Judicial.

Notice, Statutary, اطلاع قانوني

Notice of action, اطلاع نالس بعض نالشات کے داير کرنے کے لئے اطلاع (عموماً ايک ماه کي) ضروري هے

Notice of dishonor, اطلاع انکار کي سکارنے یا ادا کرنے سے - جب کوئي پرامیسري نوٹ یا بل آف ایکسچینج یا رقعه نه سکارے جانے یا ادا کئے جانے سے نا منظور هو تو اوسکے قابض کو لازم هے که اوس نوشته کے نا منظور هو جانے کي اطلاع تمام دوسرے فریقوں کو دے جنهوں قابض اوسکي بابت جدا جدا مواخذهدار کرنا چاهتا هو

Notice of motion, اطلاع تحریک

Notice of trial, اطلاع تجویز مقدمه بعد ادخال بیانات تحریري کے اطلاع شروع هونے تجویز مقدمه کي دیجاتي هے

Notice to admit, اطلاع نامه بغرض اسکے که فریق ثاني بعض واقعات یا دستاویزات کو تسلیم کرے اور ضرورت انکے ثبوت کرنے کي نه هو تاکه اسطرحپر خرچ مزید نهو اگر وه فریق جسکو اطلاع دیگئي تسلیم رنے سے انکار کرے یا اس امر میں غفلت کرے تو خرچ ثبوت کا اوس کے ذمه هوگا

Notice to produce, اطلاع پیش کرنے دستاویزات کي اگر وه فریق جسکو اطلاع دي گئي دستاویز نه پیش کرے تو وه دستاویزات مذکور پهر اپني طرف سے نهیں پیش کرسکتا

Notice to quit, اطلاعنامه بیدخلي

Notice to third party, اطلاعنامه بنام شخص ثالث

Notice to treat, اطلاعنامه واسطے کرنے معامله کے یعني اطلاعنامه جب که آراضي کسي جماعت عام کو درکار هوتي هےدي جاتي هے - ازروے قانون حصول آراضي جبریه خرید کرنے آراضي کے اختیارات دئے گئے هیں

Notice of protest, اطلاع پروٹسٹ کي
*See* Protest.

Notification, *n.* اشتهار

Notify, *v. t.* اطلاع دینا - خبر دینا

Notion, *n* خیال - راے - تجویز

Notorious, *a* مشهور - وه امور جنکا ثابت کرنا ضروري نهیں هے - بدنام

Novation, *n.* تجدید - یعنی اوس صورت میں واقع هوتا هے جب بجاے مدیون سابق کے کسي اور شخص کو داین بطور مدیون کے قبول کرے - اس صورت میں مدیون سابق بري هو جاتا هے

Novel, *a.* عجیب - نئي غیر معمولي

Novelty, *n.* اختراع
*See*—Patent.

Novice, *n.* نوآموز - - ناآزموده کار

Noxal action, نالش هرجه جو فعل حیوانات سے هوا هو

Noxious, مضر - ضرر رساں - تندرستي کو نقصان پهونچانے والا

Noxious food, غدا مضر یا نقصان رساں

Nucleus, وه شے جسمیں اور دوسري اشیا جمع هوں

Nucleus of fund, - ابتدائي سرمایه اصلي پونجي جسمیں اور اثاثه اضافه هوا هو

Nudum pactum, معاهده بلا بدل

Nugatory, *a.* باطل - غیر نافذ

Nuisance, *n.* امر باعث تکلیف

Nuisance, Common or Public. امر باعث تکلیف عام

Nuisance, Private, وہ امر جس سے نقصان یا تکلیف خاص شخص کو پہونچے مثلاً کسي همسایہ کو بوجهہ بدبو یا مضر صحت هونے کسي کارخانہ کے یا انسداد روشني سے

Null, *a.* کالعدم - باطل - ناجایز - دیکہو

Nullify, *v. t.* باطل کرنا - کالعدم کرنا

Nullity of marriage, (۱) کالعدم قرار دینا ازدواج کا - ڈگري واسطے حصول ڈگري استقرار اس امر کے کہ ازدواج کالعدم هے - یہہ ڈگري اوس صورت میں صادر هوتي هے جب ازدواج بوجهہ رشتہداري کے ممنوع هو (۲) جب کہ احد الزوجین میں سے ایک نے رضامندي اپني طاهر نکي هو یا کسي اور طرح پر نا قابل بجاآوري فرایض ازدواج هو

Nullity, باطل - ناجایز - وہ امر جو قانوناً باطل هو

Number, نمبر - عدد - تعداد - شمار

Nuncupative will, وصیت زباني جو دو گواهوں کے روبرو کي گئي هو اور بعد ازاں معرض تحریر میں آئي هو

Nuptial, *a.* متعلقہ ازدواج

Nuptial rites, رسم شادي

Nuptials, ازدواج - نکاح - شادي

Nurse, عورت جو بچوں کي خبرگیري کرے - دائی - عورت جو بیماري کي خبرگیري کرے - دودہ پلانے والي

Nurture, Guardian by باپ یا ماں نابالغ کے یہہ ولایت بموجب قانون انگلستان کے ۱۴ سال کے بعد ختم هو جاتي هے

---

# O

Oath, *n.* حلف صدهبي - بموجب قانون هند کے اقرار صالح مساوي حلف کے هے بجز عیسایوں کے اور سب سے اقرار صالح کرایا جاتا هے - بصورت حصر ایک فریق کے دوسرے فریق پر عدالت کو اختیار هے کہ اوس فریق کو جسپر حصر کیا گیا هو بشرط اوسکي رضامندي کے کسي قسم کا حلف صدهبي دے اور جو وہ حلف سے بیان کرے وہ فریق حصر کنندہ کے مقابلہ میں قطعي سمجها جائیگا

On oath, حلف سے - حلفاً

To administer oath, حلف دینا

Oath of allegiance, حلف اطاعت بادشاہ کي

Obdurate, سخت خراب - بد - سختدل

Obedience اطاعت - فرمانبرداري - تعمیل حکم

In obedience to, بہ تعمیل

Obedient servant, تابعدار - فدوي

Obediential obligation, فرایض جو بلحاظ درجہ اشخاص کے پیدا هوتے هیں

Obey, *v. t.* حکم ماننا - فرمان برداري کرنا

Obiter dictum, اظهار راے - راے جج نسبت کسي امر کے جو متعلق فیصلہ مقدمہ نہو

Obituary, *n.* متعلق وفات

Object, *n*. (۱) منشا - غرض - (۲) شے

Object lawful, منشا جايز كسي عهد كے جايز هونے كے لئے ضروري هے كه وه (۱) بموجب قانون كے منع نهو - (۲) اس قسم كا نهو كه اگر اوسكي اجازت دي جاے تو احكام قانون سے گريز هو - (۳) فريبي نهو (۴) كسي دوسرے كے ذات يا جايداد كو نقصان نه پهونچے (۵) خلاف تهذيب يا خلاف مصلحت عامه نهو

Object, *v. t.* اعتراض كرنا - عذر كرنا - حجّت كرنا

Objection, *n* عذر - اعتراض

Objection, Cross اعتراض مخالف - اپيل كي نسبت اعتراض

Objectionable, *a* قابل اعتراض ناپسنديده

Objector, *n*. عذردار

Oblation, *n*. پنتّ دان

Obligation, *n*. (۱) ذمه‌داري (۲) قرضه (۳) تمسك (۴) وه جزو تمسك كا جسميں بصورت عدم ايفا معاهده كے تاوان دينے كي شرط درج هو

Obligatory, *a*. لازمي - واجب‌التعميل

Oblige, *v. t.* (۱) مجبور كرنا (۲) احسان كرنا - مشكور كرنا - ممنون كرنا

Obligee, *n* وه شخص جسنے قرض ديا هو - داين

Obligor, *n* مديون

Obliterate, *v. t.* مٹانا - چهيلنا - بگاڑنا

Obnoxious, *a*. (۱) مضر - مكروه (۲) مستوجب سزا يا الزام

Obscene, *a*. فحش - فحش تحرير يا تصوير فروخت كرنا يا دكهلانا جرم هے فحش گيت گانا بهي جرم هے

Obscene language, فحش الفاظ - مغلظات

Obscene pictures, فحش تصويرات

Obscure, *a* مبهم - مهمل - تاريك (۲) گمنام

Obsequy, *n*. تجهيز و تكفين - كريا كرم - رسوم ميت

Observance, *n*. تعميل - احاطا - پابندي

Observation, *n* وه باتيں جنكي تعميل ضروري هو - رسميات - ضابطه اظهار راے - نتيجه غور راے توجه - احاطا

Observe, *v. t* (۱) لحاظ كرنا - غور كرنا (۲) راے ظاهر كرنا (۳) تعميل كرنا - مذهبي رسوم بجا لانا

Obsolete, *n*. غير مروج - غير نافذ

Obstacle, *n*. هرج - مزاحمت سد راه

Obstinacy, *n* ضد - استدلال بيجا - ناقابليت علاج يا اصلاح

Obstruct, *v. t.* روكنا - سدراه هونا مزاحم هونا

Obtain, *v. t.* حاصل كرنا

Obtain, *v. i.* رايج هونا

Obtrude, *v. t.* (۱) كسي بات كا خلاف مرضي كسي شخص كے كهنا (۲) كسي كے مكان ميں دهاڑكنا بيجا مداخلت

Obtrusive, دخل در معقولات كرنے والا - گهس پيٹهه

Obverse, *n* وه طرف سكه كي جسپر تصوير شاهي هو

**Obversion**, *n.* صورت معکوس
**Obviate**, *v. t.* رفع کرنا - دور کرنا - نکال دینا - سدراہ رفع کرنا
**Obvious**, *a.* ظاہر - صریح
**Occasion**, *n.* (۱) موقع - واقعہ - سانحہ (۲) وجہہ - نسبت - ضرورت
**Occasion**, *v.* موجب ہونا - کرنا - پیدا کرنا
**Occasional**, *a.* اتفاقي - گاہ گاہ - عارضي - حسب ضرورت
**Occidental**, *a.* مغربي
**Occupancy**, *n.* دخیلکاري
**Occupancy, Right of** حق دخیلکاري
یہہ حق بارہ سال کے ( اور اودہ میں سات سال کے ) قبضہ مسلسل سے پیدا ہوتا ہے یہہ حق اسامي شکمي اور ٹھیکہدار وغیرہ کو حاصل نہیں ہو سکتا نہ کسي شے پر قبضہ ابتدائي کرنے سے اوس صورت میں حاصل ہوتا ہے کہ وہ کسي کي ملکیت نہو
**Occupancy, Tenant**—*See* Tenant
**Occupant**, *n.* دخیل - قابض - سکونت پذیر
**Occupation**, *n.* (۱) قبضہ - (۲) پیشہ (۳) سکونت - (۴) دشمن کے ملک پر عارضي قبضہ کرنا
**Occupy**, *v. t.* جگہہ گھیرنا - قابض ہونا - دخیل ہونا
**Occur**, *v.* دل میں آنا - خیال گذرنا - ملنا - واقع ہونا - سرزد ہونا - وقوع میں آنا
**Occurrence**, *n.* واردات
**Ocular**, *a.* چشم دید
**Octroi**, *n.* چنگي
**Odd**, (۱) کوئي - کچھہ - کسر سے زاید (۲) فرد - طاق
**Odds**, فرق - کمي بیشي - تفاوت
To set at odds, جھگڑا کرا دینا
**Odds and ends**, بچا بچایا - ریزہ پرزہ
**Offence**, *n.* (۱) ناراضگي (۲) جرم - جرم قابل سزا
To give offence, ناراض کرنا - خفا کرنا - رنجیدہ کرنا
To take offence, ناراض ہونا - ناخوش ہونا
**Offence, Unnatural**—*See* Unnatural.
**Offend**, *v. t.* خلاف ورزي کرنا - تکلیف دینا - نقصان پہونچانا
**Offender**, *n.* مجرم
**Offender, Proclaimed**, مجرم اشتہاري
**Offensive**, رنجیدہ - ناگوار - حملہآور
**Offensive weapons**, اسلحہ حملہ کرنے کے
**Offer**, *n.* اظہار آمادگي - وعدہ
*See*—Legal Tender.
**Offer**, *v. t.* (۱) پیش کرنا (۲) اظہار آمادگي کرنا ( ۳ ) نذر کرنا - ( ۴ ) دام لگانا
**Offering**, *n.* چڑھاوا - صدقہ
**Offering, Burnt**, ہون
**Off-hand**, *a.* سرسري طور پر
**Office**, *n.* (۱) عہدہ - کام - خدمت ( ۲ ) دفتر - محکمہ - کاروبار کي جگہہ
**Office bearer**, *n.* عہدہدار
**Office copy**, *n.* نقل مقدمہ جو دفتر سے حاصل کي گئي ہو یا نقل جو دفتر میں رکھي جاے
**Office-holder**, *n.* عہدہدار - خصوصاً عہدہدار ملک
**Officer**, افسر - عہدہدار - منصبدار
**Officer, Revenue** حاکم مال

Officer, Excise حاکم آبکاري
Officer, Judicial حاکم عدالت ديواني
Officer, Police عہدہدار پوليس
Officer, Taxing عہدہدار تشخيص کنندہ استامپ رسوم
Officer, Sub-divisional حاکم پرگنہ
Officer, District حاکم ضلع
Officer, Superior حاکم بالا
Official, *a.* سرکاري - متعلق عہدہ - متعلق دفتر
Official, *n.* عہدہدار خصوصاً عہدہدار عامل ملازمت
Official assignee, اپيشل ايسنی وہ عہدہدار کہ جسکے سپرد اهتمام جايداد ديواليہ وغيرہ کا کيا جاتا هے
Official communications, مراسلات سرکاري - مراسلات سرکاري منصبيهوتي هيں اور کوئي شخص کو مجاز اوسکے انشا کرنے کا نہيں هے
Official liquidator, منصرم سرکار يعني وہ عہدہدار جو واسطے تصفيہ حساب کمپني کے بحکم عدالت مقرر کيا جاتا هے
Official receiver, *n.* *See*—Receiver.
Official secrets, امور رازداري سرکاري
Official trustee, *n.* امين سرکاري جايداد واسطے اغراض خيرات کے اوفيشل ٹرسٹي کو تفويض کي جاسکتي هے
Official statement, راے جو سرکار کي طرف سے ظاهر کيجاے - بيان جو بحيثيت حاکم يا عہدہدار سرکاري کيا جاے
Official use, امانت جس سے کوئي فرض لازم آوے

Officially, *ad.* باضابطہ طور پر - سرکاري طور پر - دفتر سے
Officiate, *v. i.* (۱) خدمت انجام دينا - (۲) بجاے کسي کے عہدہ پر کام کرنا - پوجا کرانا
Officiating, *a.* قايمقامي - قايمقام - عيوض
Officious, *a* گستاخ - بيجا دخل دينے والا
Offset, *n.* رقم جو مجرا دي جاے
Offspring, *n.* اولاد
Old offender مجرم پختہ کار - پرانا مجرم
Old land آراضي مزروعہ قديم
Old law, پرانا قانون - قانون قديم
Old ruling, نظير منسوخ نظير سابق شدہ
Omission, *n.* ترک بموجب قانون تعزيرات هند کے فعل ميں ترک فعل بهي داخل هے
Onerous, *a* سخت - زيربار کرنے والي پٹہ يا معاهدہ کے نسبت يہہ لفظ اوس وقت استعمال کيا جاتا هے جب دخلداران بمقابلہ نفع کے زيادہ هوں - گراں بار - عظيم
Onerous cause, (Scot. Law). بدل جايز و قانوني
One-sided, *a.* يکطرفہ - طرفداري کے ساتهہ - تعصب کے ساتهہ
Onus probandi, بار ثبوت -
Open, *a.* (۱) کهلا - کشادہ - عام (۲) يعني جہاں عوام جاسکيں - (۳) آزادانہ صاف - صريح (۴) ظاهر - عياں (۵) بحث طلب (۶) اختيار ميں هونا

Open, *v. t.* (۱) آغاز کرنا - شروع کرنا (۲) ظاهر کرنا (۳) کهولنا

Open court, کهلي کچهري - اجلاس عدالت جسمیں عوام کو جانے کي ممانعت نهو

Open secret, راز کشاده - ایسا راز جو سب پر افشا هوگیا هو

Open meadow *or* field, کهیت جو مالکیت چند اشخاص کي هو اور جسمیں وے چرانے کے لئے شریک هوں لیکن هر ایک اپنے علحده جزو میں کاشت کرتا هو

Open policy, بیمه جسمیں مالیت شے بیمه شده کي بصورت نقصان کے تحقیق طلب هو

Open question, امر بحث طلب - امر قابل تحریر

Opening an account, حساب کهولنا - کهاته سروع کرنا - ڈالنا

Opening a case, مقدمه شروع کرنا - حق شروع کرنے مقدمه کا

Operate, *v. i.* اثر پذیر هونا - نافذالعمل هونا - اثر رکهنا

Operation, *n* عمل - تاثیر - نفاذ (۲) عمل جراحي - چیر پهاڑ

Operative part, وه دفعات کسي دستاویز انتقال سے جس سے اصل منشا دستاویز حاصل هو

Opinion, *n.* راے فیصله نسبت کسي امر کے جج یا پنچ یا کونسل کا

Favorable opinion, مفید راے - اچها خیال کسي شخص یا امر کي نسبت

Private opinion, ذاتي راے

Opponent, *n.* مخالف - فریق مخالف - فریق ثاني

Opportunity, *n* موقع - وقت

Oppose, *v. t* (۱) اعتراض کرنا - مزاحمت کرنا - جوابدهي کرنا - عذر کرنا (۲) مقابله کرنا - مخالفت کرنا (۳) مانع هونا

Opposer, *n* فریق مخالف - فریق ثاني جواب دینے والا

Opposite, *a.* (۱) مخالف (۲) سامنے مقابله میں

Opposite side, فریق ثاني - فریق مخالف

Opposition, *n* اعتراض - مخالفت - مخالفین کي جماعت - وه جماعت جو ممبران سرکار کے خلاف هوں

Oppression, *n* ظلم - تعدي زیادتي

Oppressive, *a* سخت - باعث ظلم

Option, *n* مرضي - اختیار - انتخاب

Optional, *a* اختیاري (خلاف لازمي یا جبریه کے)

Optional writ, حکمنامه جسمیں یهه تحریر هو که - وه مدعاعلیه حسب محکومه عمل کرے یا اوسکے خلاف وجهه ظاهر کرے

Oral, *a.* زباني

Orator, *n.* مستدعي - سایل - مدعي یا مستغیث - نقار

Oratory, *n* علم تقریر

Orchard, *n.* میوه باغ - باغ درختان پهلدار (بمقابله پهول باغ یا ترکاري باغ garden کے)

Ordain, *v. t.* اروروے ڈگري یا قانون کے حکم دینا یا مقرر کرنا پادري بنانا

Ordeal, *n* ایک طریقه تجویز مجرمان کا جو زمانه سابق میں رایج تها یهه چار قسم کا هوتا تها (۱) متخاصمین میں جنگ (۲) گرم لوهے پر چلنا (۳)

گرم پاني میں هاتهه ڈالنا (۴) سرد پاني میں هاتهه ڈالنا - اگر ملزم ان طریقوں سے محفوظ رهتا تها تو وه بے جرم متصور هوتا تها

Order, *n.* (۱) حکم - (۲) حکم عدالتي-حکم (یعني باضابطه ظاهر کرنا کسي فیصله عدالت دیواني کا) ڈگري سے قابل امتیاز هے - ڈگري سے مراد هے فیصله نسبت کسي دعوی استحقاق یا جواب دهي کے جو کسي عدالت دیواني میں رجوع یا پیش کي جاے- جب ایسے فیصله سے جهانتک اوسکو تعلق عدالت صادر کننده سے هو کوئي مقدمه ابتدائي یا اپیل طے هوجاے (۳) انتظام (۴) ترتیب (۵) فرمایش (۶) آرڈر حکم قانون (۷) طالبي (۸) طبقه - درجه - رتبه

Order, Payable to حکم سے واجب‌الادا بل آف ایکسچینج یا رقعه جو حسب‌الحکم واجب‌الادا اوس صورت میں هوتا هے جب موسوم علیه کو اختیار منتقل کرنے حق وصول کرنے زر کا بذریعه عبارت ظهري کے حاصل هو

Order and disposition, اختیار و تصرف

Order of discharge, (۱) حکم رهائي (۲) حکم برایت دیوالیه کا جماعه دیون سے

Order, Final حکم قطعي

To make the order final, حکم قطعي کرنا

To make the order absolute, حکم اظهار وجه قطعي کرنا

Order, Religious مذهبي فرقه - مذهبي جماعت

Ordinance, *n.* هدایت - حکم - قاعده مذهبي

Orderly, *n.* اردلي

Orderly room, *n.* عدالت افسر فوج

Ordinary, *n.* (E. L) جج معاملات کلیسا - جج جسکو اختیار سماعت ابتدائي عام طور پر حاصل هو (Rom Law.)

Ordinary, *a.* معمولي

Ordinary, Jurisdiction—*See* Jurisdiction.

Ordnance department, توپ خانه کا محکمه

Oriental language, دیسي زبان ممالک شرقي

Origin, Domicile of مقام سکونت پیدایشي

Original, *a.* (۱) ابتدائي (۲) اصلي

Original charter, سند یا فرمان ابتدائي بمقابله اوس سند کے جو قائم‌مقامان کو دي جاے

Original estate, حق ابتدائي بمقابله حق ذیلي کے )

Original jurisdiction, اختیار سماعت ابتدائي یعني اختیار جهانتک که عدالتهاے هائي کورٹ کو تعلق هے صرف هائیکورٹ هاے پریزیڈنسي کو رقبه محدود میں حاصل هے مگر اختیار غیر معمولي هر هائي کورٹ کو حاصل هے

Original plaintiff or defendant, مدعي یا مدعاعلیه) ابتدائي (بمقابله قائم‌مقام مدعي یا مدعاعلیه کے)

Original writ, سمن یا حکم ابتدائي جو کسي معامله میں عدالت سے جاري هو

Ornaments, n. زیور - اشیاے آرایش
Orphan, n. یتیم
Orphan's court, عدالت جسکو اختیار جایداد و ذات یتیمان و نابالغان پر حاصل هو
Orthodox, مذهبي عقیدہ میں پختہ - پابند مذهب
Ostensible, a. ظاهري - علانیہ
Ostensible means, معاش ظاهري
Ostensible owner, مالک ظاهري (خلاف مالک اصلي کے)
Oust, v. t. بیدخل کرنا
Ouster, n. بیدخلي
Ousterlemain, n. (۱) حکم نامہ جسکي رو سے وارث اراضیات مقبوضہ سرکار پر بوقت بلوغ قبضہ حاصل کرتا تھا (۲) حوالگي جایداد منجانب ولي وارث کو بوقت سن بلوغ کے
Out of mind, وہ زمانہ جسکي کسي کو یاد نہو
Out of question, لاممکن - ناقابل خیال
Out and out sale, بیع قطعي
Outbreak, n. بلوہ - فساد
Outbid, دوسرے کے مقابلہ میں زیادہ قیمت دینے پر آمادہ هونا - زیادہ بولي بولنا
Outcast, a. ذلیل - ذات سے خارج - ہتیت
Outcome, n. نتیجہ
Outerbar, n. بیرسٹران درجہ اولی
Outgoing, a. خارج شدہ
Outhouse, n. مکان - شاگرد پیشہ
Outlaw, n. مجرم اشتہاري
Outlawry, n. محرومي حقوق قانون سے
Outlay, n. خرچ - صرف
Outlet, مخرج - نکاس - موري
Outline, خاکہ
Outline, n. خاکہ - نقشہ - مختصر حال یا تاریخ
Outlook, منظر
Outlying, هم سرحد - فاصلہ پر - بعید
Output, n کُل تعداد اوس شے کي جو کسي دل یا چکي سے ایک وقت معینہ میں بنائي یا نکالي گئي هو
Outrage, بدعت کرنا - سختي سے یا بیجا طریق سے پیش آنا
Outset, ابتداً آغاز
Outsider, n. شخص غیر - اجنبي
Outstanding, n. باقي جو هنوز واجب‌الادا هو - زر غیر مودي
Outvoted, a. جسکے خلاف کثرت راے هو
Outweigh, بڑہ جانا - فوقیت رکھنا - ترجیح رکھنا
Ovation, n. تعریف عام اظہار خوشي
Overbearing, مغرور - حکومت ظاهر کرنے والا
Overbid, قیمت مناسب سے زیادہ دینا
Overcharge, n. اور چارج - محصول جو حساب سے زاید کیا گیا هو - رقم زاید
Overdraw, رقم یا ہنڈي سے زیادہ بذریعہ ہنڈي یا چک کے طلب کرنا - جسقدر رقم کسي بنک میں یا مہاجن کے پاس جمع هو اوس سے زاید کي بابت ہنڈي یا رقعہ لکھنا
Overhear, اتفاقیہ سُن لینا - پوشیدہ طور پر سُن لینا

**Overboard**, *adv.* جہاز پر

**Overcharge**, *v. t.* - زیادہ محصول لینا - رقم زیادہ طلب کرنا

**Overcome**, *v. t.* غالب آنا

**Overdue**, *a.* مطالبہ جو بعد گذرنے وقت ادا کے باقي هو

**Overhaul**, *v. t.* تفتیش کرنا - جانچنا

**Overlook**, (۱) نظر ثاني کرنا - (۲) چشم پوشي کرنا - اغماز کرنا - در گزر کرنا (۳) نظر انداز کرنا

**Overreach**, *v. t.* دھوکا دینا

**Overreaching clause**, فقرہ جو دستاویز تملیک یا انتظام مکرر میں بہ توضیح اس امر کے تحریر هوتا هے کہ اختیارات جو قابض حین حیاتي کو ابتدائي تملیک سے دئے گئے تھے اونمیں کوئي خلل واقع نہو

**Override**, *v. t.* غالب آنا - منسوخ کرنا

**Overrule**, *v. t.* (۱) منسوخ کرنا - مسترد کرنا - ناپسند کرنا (۲) خلاف فیصلہ کرنا - باطل کرنا - نامنظور کرنا

**Overseer**, *n.* اوورسیر - نگران

**Oversight**, غفلت - غلطي

**Overstay**, *v. t.* وقت معینہ سے زیادہ ٹھہرنا - ایام رخصت سے زیادہ رهنا

**Overtax**, حد سے زیادہ ٹھہرنا - محصول لگانا

**Overt**, *a.* ظاهر - کھلا
*See*—Market overt.

**Overtime**, *n.* وہ وقت جسمیں زاید کام کیا جاے

**Overvaluation**, تخمینہ مالیت یا تعین زیادہ کرنا

**Overwhelming (evidence)**, غالبہ (شہادت)

**Owe**, *v. t.* (۱) واجب هونا (۲) مقروض هونا

**Owelty**, *n.* مساوي هونا (بٹوارہ میں حصص کا)

**Owing**, *n.* قرضہ

**Owner**, *n.* مالک

**Ownership**, *n.* ملکیت - حق قطعي قبضہ

**Ownership of corporation**, ملکیت جماعت کي - اس قسم کي ملکیت ملکیت بالاجمال سے قابل امتیاز هے - اگر کوئي عمارت یا آراضي کسي جماعت (کمپني) کي هو تو حصہداران کو اوسمیں کوئي حق کسي قسم کا نہوگا لیکن قبضہ بالاجمال میں خود شرکا مالک هوتے هیں گو هر ایک حقوق دیگر شریک کے حقوں سے محدود هوتے هیں

**Oyer**, *n.* کسي دستاویز یا وثیقہ کا باواز بلند اس غرض سے پڑھا جانا کہ مدعاعلیہ اوسکے مضمون سے آگاہ هوجاے

**Oyer and terminer**, کمیشن یا حکم بنام جج دایر سایر بغرض سماعت و فیصلہ مقدمات فوجداري جو اوسکے روبرو پیش کئے جائیں

**Oyez**, *intj.* سنو - مخاطب هو - یہہ فقرہ اشتہارات و فرمان سنانے سے پہلے کہا جاتا هے

## P

**Pace**, قدم - فاصلہ جو ایک قدم کا هو

**Pacify**, ساکن کرنا - تسکین دینا - امن کرنا

**Pack,** *v. t.* سازش کرنا
**Package,** گٹھري - گٹھه - مال کو بکس وغیرہ میں بند کرنے کا صرفه
**Packed jury,** جوري سازش
**Pact,** *n.* إقرار - معاهدہ - سازش
**Paid,** *a.* (۱) مشاهرہ یاب - تنخواہ یاب (۲) محصول ادا شدہ
**Pain,** *n.* سزا - تکلیف
**Pains and Penalties, Bills,** قانون خاص بغرض سزا دهي بغاوت بلا تجویز بعدالت هاے معمولي
**Painstaking,** محنتي - جفاکش
**Pair off,** جلسه واضعان قانون میں دو مختلف الراے ممبروں کا آپس میں اتفاق کرکے جلسه سے روانه هونا
**Pais,** *n.* ملک
**Pais, Trial by,** تجویز جوري
**Pais, Matter in,** معاملات متعلق معاهدہ
**Palliate,** *v. t.* کمي کرنا - خفیف هوجانا - عذر معذرت کے ذریعه سے جرم یا قصور کو دبا دینا
**Palliation,** *n.* جاے معذرت - وجهه معذرت
**Pallio co-poperire,** رواج قدیم رومیون کا اوس صورت میں که اطفال قبل ازدواج کے پیدا هوں اونکو بذریعه ایک رسم کے متبني کرنا - پهه اطفال بموجب قانون روم کے صحیح النسب هو جاتے تهے لیکن بموجب قانون رواجي کے نهیں
**Palm of,** *v. t.* دهوکه دینا - دهوکه سے کسي شخص سے کوئي شے منسوب کرنا
**Palpable,** *a.* صریح - قابل حس
**Pamphlet,** *n.* رساله - چهوٹي کتاب کسي مضمون دلچسپ پر
**Pandects,** *n.* ڈایجست قانون روم پهه ۵۰ کتب سے مرکب هوا تها اور ۶ صدي میں مرتب کیا گیا تها
**Pander,** *n.* عیاشي میں مدد دینے والا - کٹني
**Panel,** *n.* فهرست جوري - جوري
**——, (Scot. Law),** ملزم زیر تجویز
**Panic,** هول - خوف جو دفعتا اور بلا کسي سبب کے پیدا هو
**Pannier man,** *n.* ملازم جو بیرسٹران کو کهانے کے لئے بلاتا تها
**Paper,** *n.* (۱) کاغذ (۲) مضمون تحریري (۳) اخبار - (۴) فهرست مقدمات (۵) کاغذ قابل بیع و شري مثلاً بل و رقعه وغیرہ کے
**Paper book,** *n.* کاغذات مقدمه
**Paper currency,** کاغذ زر مثلاً کرنسي نوٹ
**Paper money,** کاغذات زر مجریه سرکار یا بنک
**Paper office,** محافظ خانه - کاغذات عدالتي
**Par,** *n.* مساوي قیمت
  At par, قیمت مندرجه کاغذ
  Above par, قیمت مندرجه سے زیادہ قیمت هونا - بیشي پر
  Below par, قیمت مندرجه سے کم قیمت هونا
  On a par, مساوي هونا
**Par value,** *n.* قیمت اصلي
**Parage,** *n.* (O. E. L.) ورثا کا مساوي الدرجه هونا
**Paragraph,** *n.* فقرہ - دفعه - مد - حصه تحریر
**Parallel,** *a.* هم مضمون - مثالي - مثل متوازي

**Paramount**, *a.* اعلی ترین
**Paramount, Lord** مالک اعلی ترین
**Paramount power**, سلطنت اعلی ترین (بمقابلہ سلطنت ادنی)
**Paramour**, *n.* آشنا (خواہ مرد ہو یا عورت)
**Paraphernalia**, *n.* زیورات پارچہ وغیرہ زن منکوحہ علاوہ جہیز یا مہر کے
**Paravail tenant**, اسامي ذيلي
**Parcel**, *n.* (۱) قطعہ - جزو (۲) پلندہ
**Parcenary**, *n.* - شے موروثي - شراکتي پٹي داري وراثت میں حصہ - شرکت
**Parcener**, *n.* وارث شریک - خاندان مشترکہ میں شریک
**Parchment**, *n.* کاغذ چمڑا کا جسپر دستاویز تحریر کي جاتي ھے
**Pardon**, *n.* (۱) معافي (۲) حکم سرکاري تحریري مشعر معافي سزا (۳) معافي بحکم سرکار قبل تجویز جرم
**Pardon, Conditional** معافي شرطیہ
**Pardon, Free** معافي مطلق
**Parentage**, *n.* ولدیت
**Pari passu**, صورت ہم شکل
**Parlance, Legal**, *n.* محاورہ قانوني
**Parliament**, *n.* جماعت مدبران مملکت - اس جماعت میں امراے سلطنت دیني و دنیوي قائمقامان رعایا داخل ھیں - اور اونکے سپرد کام وضع قانون منجملہ دیگر امور کے ھے
**Parliamentary train**, ریل گاڑیاں جو ریلوے کمپني کم محصول پر بموجب ایکٹ پارلیمنٹ تیسرے درجہ کے مسافروں کے لئے چلاتي ھیں

**Parol**, *n.* اقرار زباني
**Parol arrest**, گرفتاري بحکم زباني
**Parol debt**, قرضہ زباني و قرضہ دستگرداں
**Parol evidence**, شہادت زباني جملہ واقعات بجز مضمون دستاویزات کے شہادت زباني سے ثابت کئے جاسکتے ھیں لیکن شہادت مذکور صریح یعني اوس شخص کي ھوني چاھئے جسنے خود اپنے خواھش سے شے یا واقعہ کو جانا ھو
**Parricide**, *n.* قتل پدر
**Part**, *n.* جزو - حصہ - باب
**Part**, *v. t.* (۱) تقسیم کرنا - (۲) جدا کرنا - علحدہ کرنا
**Part and parcel**, جزو ضروري
**Part owner**, مالک شریک
**Part payment**, اداے جزوي
**Partake**, *v.* شریک ھونا
**Partial**, *a.* (۱) متعصب - طرفدار (۲) جزوي
**Partiality**, *n.* - جانبداري - طرفداري تعصب
**Partible**, *a.* قابل تقسیم
**Partibility**, قابل تقسیم ھونا
**Participate**, *v i.* شریک ھونا - داخل ھونا
**Particular**, *a.* خاص - مخصوص
In particular, خصوصا
**Particular average**—*See* Average.
**Particular estate**, حق خاص یعني وہ حقیت جو حقیت اعلی سے علحدہ کرکے کسي شخص کو عطا کي جاتي ھے اور وہ حقیت بعد ازاں پھر عود کرتي ھے

**Particular lien,** حق خاص یعني مالک کا حق روک رکھنے مال کا اوسوقت تک کہ ایک خاص دعوی اوسکي بابت ادا نہوجاے

*See*—Line.

**Particularly,** *n.* تخصیص - تفصیل

**Particulars,** *n.* تفصیل دعوی یا وجوہ دعوی

**Particulars, Bills** تفصیل رقوم متدعویہ مدعي یا رقوم جو مدعا علیہ مجراکرنا چاهے

**Particulars, Full** مفصل کیفیت

**Particulars of sale,** امور متعلقہ جیداد جو نیلام هونے والي هو

**Partition,** *n.* تقسیم - بٹوارہ جب کوئي جایداد بشراکت یا بالا جمال قبضہ میں هو تو هر شریک کو اختیار هے کہ اپنا حصہ علحدہ کراے اور اوسپر علحدہ قابض اور متصرف هو - یہہ بہ رضامندي بذریعہ نالش تقسیم هوسکتا هے - هندوستان میں تقسیم اراضیات مالگذاري کي معرفت حکام مال کے عمل میں آتي هے اور ایکٹ خاص واسطے تقسیم مکانات وغیرہ کے هے جسکي رو سے حصص بنائے جاتے هیں اور اگر جایداد قابل تقسیم نہو تو وہ ایک حصہدار کے هاتھہ فروخت کرکے زر رسدي باقي سرکار کو دیا جاتا هے - تقسیم بذریعہ ثالثي بھي عمل میں آتي هے

**Partition by arbitration,** تقسیم ذریعہ ثالثي

**Partition by apportionment of fields.** کھیت پٹ

**Partition by metes and bounds,** بٹوارہ بذریعہ پیمایش و حد بندي

**Partition case** مقدمہ بٹوارہ

**Partition, Imperfect** بٹوارہ غیر مکمل - ایسے بٹوارہ کي صورت میں جسمیں کسیقدر جایداد تقسیم هوتي هے اور کسیقدر غیر منقسمہ رهتي هے ذمہداري مشترک مالگذاري کي تابع بعض شرایط کے قایم رهتي هے

**Partition, Perfect** بٹوارہ مکمل سے مراد یہہ هے کہ هر شریک کے حصہ کا ایک جدا کاغذ محال بنایا جاتا هے اور ذمہداري مشترک ختم هو جاتي هے

**Partition private,** تقسیم خانگي

**Partition proceeding,** روبکار طرز تقسیم

**Partition, Instrument of** دستاویز تقسیم

**Partner,** *n.* شریک - حصہدار

**Partner, Dormant** شریک جو کارخانہ میں کام نکرتا هو

**Partners Quasi** *See* Quasi-partners.

**Partnership,** *n.* شراکت یعني وہ تعلق جو مابین اُن اشخاص کے هوتا هے جو اپني جایداد یا محنت یا هنر کو کسي کاروبار میں بالاتفاق لگانے اور اوسکے منافع کو آپس میں تقسیم کرنے کا اقرار کریں

**Partnership, Limited** شراکت محدود یہہ اوس صورت میں هوتي هے جب دو یا دو سے زیادہ ایسے شریک هوں جو بلا انفراد اور بالاشتراک ذمہدار هوں اور باقي ایسے شریک هوں جنکي ذمہداري تعداد زر اونکے حصص پر منحصر هو

**Partnership, Silent** تعلق شراکت اوس شخص کا جسنے صرف روپیہ کارخانہ میں لگانے کے لئے دیا هو

**Party,** (۱) فریق - (۲) جماعت (۳) شریک - یعني وہ شخص جو کسي معاملہ قانوني میں شریک ھو مثلاً کسي معاھدہ یا دستاویز یا کارروائي قانوني میں

**Parties to a deed,** متعاقدین دستاویز

**Party jury,** جوري جسمیں دو ملک کے اشخاص ھوں

**Party spirit,** *n.* تنازعہ کي آمادگي - تعصب

**Party to a suit,** فریق ناش - فریق مقدمہ

**Party, interested** فریق ذي غرض

**Party, opposite** } فریق مخالف -
**Party, adverse** } فریق ثاني - طرف ثاني

**Party wall,** دیوار جو دو مکانون میں مشترک ھو - دیوار فاصل

**Pass,** *n.* (۱) گذر (۲) اجازت نامہ ٹکٹ جس سے بلا اجازت روک جانے آنے کے ملے مثلاً ریل کا پاس یا کسي شے کے لیجانے کي اجازت

**Pass,** *v. i.* (۱) منتقل ھونا - (۲) گذر جانا - صرف ھونا (۳) منظوري واضعان قانون حاصل کرنا - جواز حاصل کرنا (۴) کسي امتحان یا میعار میں کامیاب ھونا یا پورا اوترنا (۵) منظور کرنا (۶) صادر کرنا - چلجانا

**Pass,** *v. t.* (۱) منتقل کرنا - (۲) ختم کرنا (۳) گذرنے دینا - (۴) جواز عطا کرنا - منظوري قانوني عطا کرنا - منضبط کرنا (۵) چلانا - جاري کرنا

**Pass off,** دھوکہ دیکر کسي کے حوالہ کرنا - فریب سے گلے منڈھنا

**Pass over,** درگذر کرنا - نظر انداز کرنا

**Passable,** گذر کے قابل - عبور کے قابل - رایج - چلنے یا جاري ھونے کے قابل

**Pass-book,** *n.* (۱) وہ کتاب جس میں تاجر وہ اشیا جو اودھار خریدي گئیں درج کرتا ھے

*See*—Bank book.

**Passage,** *n.* (۱) گذر - راستہ (۲) فقرہ (۳) مسودہ قانون کا ایک نوبت سے دوسرے نوبت میں پھونچنا - منظوري

**Passenger,** *n.* مسافر

**Passive debt,** قرضہ بلا سودي

**Passive obedience,** اطاعت بلا تعرض

**Passive resistance,** تعرض متحملانہ کسي قانون کي خلافورزي اس نیت سے کرنا کہ اوسکے نسبت اعتراض ظاھر ھو اور اوسکے نتایج تحمل کے ساتھہ برداشت کرنا

**Passive trust,** امانت جسکے متعلق کام ختم ھوچکا ھو

**Passport,** *n.* اجازت (تحریري) بلا دلش سفر کرنے کي ایک مقام سے دوسرے مقام تک ملک غیر میں - رونہ

**Passturage,** *n.* (۱) چراگاہ - (۲) حق چرائي

**Patent,** *n.* سند جو بابت اختراع و ایجاد کے موجد کو عطا کي جاتي ھے - بموجب قانون انگلستان کے اول مرتبہ سند ۱۴ سال کے لئے عطا کي جاتي ھے اور شخص سند یافتہ خواہ اوس کام کو خود کرے یا لیسنس یعني اجازت اوس کام کے کرنے کي اوروں کو دے اور جو کچھہ اشخاص مذکور شخص سند یافتہ کو دیں وہ رایلٹي یعني نذرانہ اختراع کہلاتا ھے

**Patent**, *a.* ظاهر - جلي

*See* Ambiguity.

**Patent, Letters**—*See* Letters.

*See* Latent defects.

**Patent**, *v. t.* سند کا عطا کرنا - سند کا حاصل کرنا

**Patentee**, *n.* وہ شخص جسکو سند اختراع عطا کي گئي هو

**Paternal**, *a.* پدري

**Patient**, مريض

In patient, مريض جسکا شفاخانہ ميں رهکر علاج کيا جاے

Out patient, مريض جسکو شفاخانہ سے صرف دوا ملتي هو

**Patrimony**, *n.* ترکہ پدري - ميراث

**Patriotism**, حب الوطني

**Patrol**, *n.* پٹرول - نام عہدہ دار کا جسکا کام گشت کرنے کا هے

**Patrol**, *v. i.* گشت کرنا - سنتري يا گارڈ کا هر چہار طرف بغرض محافظت گشت کرنا

**Patron**, پٹرن - مربي - سرپرست

**Patronage**, *n.* اختيار دينے عہدہ کا - عنايت مربيانہ - سرپرستي - حمايت- دستگيري

**Pattern**, نمونہ

**Paucity**, کمي - قلت

**Pauper**, *n.* مفلس - يهہ لفظ اوس اس شخص کي نسبت استعمال کيا جاتا هے جو رسوم عدالت نہ ادا کرسکتا هو اور جسکے پاس مال ايکسو روپيہ سے زيادہ کا نہو - مفلس نالشات ديواني بابت توهين و حملہ اور بابت ذات سے خارج کئے جانے کے نہيں کرسکتا

**Pawn**, *v. t.* گروي رکهنا - اسکي تعريف يهہ هے کہ يهہ ايک کفالت واسطے اطمينان اداے قرضہ يا ايفاے وعدہ کے هے - رهن اور گرو ميں يهہ فرق هے کہ رهن بلا قبضہ کے قايم رهتا هے مگر بعد زايل هونے قبضہ مال گرو شدہ کے گرو قايم نهيں رهتا

**Pawn-broker**, وہ شخص جو روپيہ چيز گرو رکهکر قرض دے

**Pawnee**, *n.* گرودار

**Pawnor**, *n.* گرو کنندہ

**Pay**, *n.* تنخواہ اجرت - مزدوري - مشاهرہ

**Pay**, *v. t.* ادا کرنا - (خواہ نقد خواہ جنس ميں خواہ بذريعہ خدمت کے)

**Pay bill**, فرد دادئي - چٹها - فرد تنخواہ

**Pay off**, *v. t.* بے باق کرنا

**Payable**, *a.* واجب الادا

**Payee**, *n.* يابندہ زر - پانے والا - يعني وہ شخص جسکو بموجب هنڈي يا رقعہ وغيرہ کے روپيہ ديا گيا هو يا دوسرا شخص جسکو شخص اول الذکر دلائے

**Payer**, دينے والا - وہ شخص جسکے اوپر هنڈي لکهي جاے اور جس سے اوسکے اوپر قابض هنڈي کو دلائے جائيں

**Pay for**, معاوضہ دينا - تاوان دينا - تلافي کرنا - کسي شے کا بدل دينا

**Paymaster**, *n.* بخشي - وہ شخص جو تنخواہ يا پنشن تقسيم کرتا هے

**Payment**, *n.* ادايگي - ادا رقم يا معاوضہ جو ديا جاے

**Payment at law,** اداے قانوني
جب روپیہ بذریعہ مجري یا اور طرح پر بیباق هوجاے تو یهہ اداے قانوني کهلاتا هے

**Payment, absolute,** بیباقي

**Payment, conditional,** بیباقي شرطیہ - ایسي صورت میں جبکہ هنڈي یا چک بغرض روپیہ کے دیا جاے تو یهہ اداے شرطیہ هے کیونکہ ممکن هے کہ چک یا هنڈي کا روپیہ وصول نہو

**Payment for honor,** جب وہ شخص جسپر ادا کرنا زر هنڈي وغیرہ کا لازم نہو بلحاظ عزت اوس شخص کے جسپر ادا کرنا لازم هے زر مذکور ادا کرے ایسا اداے زر ادا بہ پاس خاطر کهلاتا هے

**Payment in court,** عدالت میں روپیہ جمع کرنا

**Payment in due course,** ادا بہ سبیل جایز سے مراد ادا هونا روپیہ کا مطابق ظاهر مضمون نوشتہ کے بہ نیک نیت اور بلا غفلت اوس شخص کو هے جو اوسکا قابض هو - ایسے حالات میں کہ وجهہ معقول اس شبهہ کي نہو کہ وہ شخص زر مندرجہ کي وصولیابي کا مستحق نهیں هے

**Peace,** *n.* (۱) امن (۲) قانون متعلقہ انتظام عام (۳) صلح (۴) اطمینان - دلجمعي

To keep the peace, حفظ امن رکهنا

To break the peace, نقض امن رکهنا

**Peace, Bill of,** درخواست امن - قبل جوڈیکیچر ایکٹ کے انگلستان میں بغرض انسداد نزاعات غیر ضروري جب کسي استحقاق کا نفاذ بمقابلہ متعدد اشخاص کے ضروري هوتا تها تو عدالت حکم امتناعي جاري کرتي تهي تاکہ سائل کے قبضہ میں خلل اندازي نہو

**Peace, Breach of** نقض امن هر شخص پر لازم هے کہ نقض امن کے انسداد میں مدد کرے

*See also*—Security.

**Peace, Commission of the** حکم مشعر تقرر جسٹس آف دي پیس

**Peace, Justice of the** جسٹس آف دي پیس - باعتبار عهدہ گورنر جنرل و ممبران معمولي کونسل گورنر جنرل و حکام هائیکورٹ و ریکارڈر رنگون جسٹس آف دي پیس کل برٹش انڈیا کے لئے هیں - سشن جج اور مجسٹریٹ ضلع کل قلمرو اوس گورنمنٹ میں جسٹس آف دي پیس هیں جسنے اونکو مقرر کیا - گورنر جنرل و لوکل گورنمنٹ رعایا برطانیہ اهل یورپ کو جسٹس آف دي پیس مقرر کرسکتي هے جسٹس آف دي پیس کو اختیار تجویز کرنے کا نسبت ملازمان اهل یورپ رعایہ برطانیہ کے هے

**Peaceful,** صلح جو - موجب امن

**Peasant,** *n.* کاشتکار درجہ ادنی

**Peculate,** *v. i.* غبن کرنا - سرکاري مال کا غبن یا تصرف بیجا کرنا

**Peculiar,** *a.* (۱) عجیب - نادر - خاص قسم کا (۲) مخصوص

**Peculium,** *n.* (Rom. Law.) مال ذاتي - استري دهن

**Pecuniary,** *a.* از قسم زر یا مال

**Pecuniary gain or loss,** فایدہ یا نقصان مالي

**Pecuniary jurisdiction,** اختیار سماعت بلحاظ مالیت

*See also* Jurisdiction.

**Pecuniary,** هبه بالوصیت زر نقد

**Pedigree, *n*** شجرۃالنسب - نسب نامه
انگلستان میں شهادت غیر صحیح النسب کي معاملات متعلق نسب نامه میں قابل پذیرائي نه تهي - بموجب قانون هند کے مظهر کو خاص ذریعه دریافت هونے حال نسب کا ضروري هے اور یهه که بیان قبل پیدا هونے نزاع کے کیا گیا هو لهذا هندوستان میں بیانات ملازمان و دوستان و همسایگان نسبت رشته کے اور بیانات شخص متوفي کے نسبت اپنے غیر صحیح النسب هونے کے شهادت میں قابل پذیرائي هیں

**Peer, *n*.** (۱) همدرجه - قانون انگلستان کا یهه مسله هے که هر شخص کي تجویز اوسکے همسر یا برابر والے کریں (۲) ممبر هاؤس آف لارڈس

**Pelfe, *n*.** سرقه - چوري - خیانت

**Pen of, With the** بقلم فلاں

**Penal, *a*.** تعزیزي - تاواني

**Penal action, *n*.** نالش واسطے سزا یا تاوان قانوني کے

**Penal clause,** شرط تاوان

**Penal Code,** مجموعه تعزیرات

**Penal laws or statutes,** قوانین جنکي رو سے کسي فعل کي ممانعت هو اور سزا بصورت ارتکاب مقرر هو

**Penal servitude,** مشقت تعزیري یهه سزا بجاے حبس به عبور دریاے شور کے هے یهه سزا مجرمان اهل برطانیه کو دي جاتي هے

**Penalty, *n*.** تاوان - سزا - ڈنڈ - جبکه معاهده میں کوئي رقم قابل ادا بصورت عدم ایفا معاهده کے مندرج هو تو وه رقم عموماً تاواني سمجهي جاتي هے - اور یهه ضرور نهیں هے که کل رقم جو بلحاظ هرجه واقعي کے جو خلاف ورزي معاهده سے هوا هو دلائي جاسکتي هے - بهر حال وه رقم مندرجه سے زیاده نهیں هوسکتي

*See* Liquidated damage.

**Pendency, *n*.** دوران مقدمه

**Pendente lite,** بزمانه دوران مقدمه یا نزاع - انتقالات شے متنازعه یا جزو شے متنازعه بزمانه دوران نالش جایز نهیں هیں

**Pending, *a*.** غیر منفصله - زیر تجویز

**Pending, *p*.** دوران میں

**Pending the decision,** تا فیصله

**Penetrating wound,** زخم جو گهستے هوے آله سے پیدا هوا هو

**Penetration, *n*.** (۱) دخول (۲) تیزي عقل یا فهم

**Penitent,** توبه کرنے والا - پشیمان

**Penitentiary houses,** محبس جهاں قیدیوں سے مشقت تعزیري لي جاتي هے

**Penny,** ایک سکه انگریزي جو شلنگ کا ۱/۱۲ حصه هوتا هے اور جو ایک آنه کے برابر هوتا هے - پیسه - خفیف رقم

**Pension, *n*.** پنشن - وظیفه جو بعوض خدمت زمانه گذشته کے دیا جاتا هے - پنشن جو اون لوگوں کو دي جاتي هے جو بوقت ضرورت خدمات جنگ کے لئے بلائے جاسکتے هیں

**Pension, Political** وظیفه ذي حقي

**Pensioner, *n*.** پنشنر - وظیفه دار

Peon, *n.* چپراسي - سپاهي - مذكوري
People, *v. t.* آباد كرنا - بسانا
People, *n.* باشندگان ملک - رعايا - عوام الناس
Perambulation, *n.* تبدل حدود
Per annum, في سال - سالانه
Per bearer, بدست حامل رقعه
Per capta. بالراس - يعني هر واحد شخص كو ايک فرقه ميں سے
Per cent, في صد
Percentage, كميشن يا كوئي رقم جو في صدي كے حساب سے ديجاے - اوسط فيصدي
Perception of profits, لينا يا پانا منافع كا
Per curia, از عدالت
Per diem, يوميه
Per mensem, ماهواري - في ماه
Per pais, Trial تجويز بذريعه جوري
Per stirpes, بالنسب يعني باعتبار مورث
Per se, بنفسه
Per testes, گواهوں سے
Per totam curiam كل عدالت سے - اجلاس كامل سے
Perduellion, *n.* (Rom. Law.) بغاوت
Perdurable, *a.* حقيت استمراري يا دوامي
Peremption, *n.* ساقط هونا مقدمه كا بوجهه سكونت وغيره كے - حق اپيل كا زايل هونا
Peremptory, *a.* (١) قطعي (٢) لازم التعميل
Peremptory paper, فهرست مقدمات ضروري جو اول طے كئے جائينگے
Peremptory plea, عذر نسبت حق نالش كے

Perfect, *v.* (١) پكا كرنا - ماهر كرنا (٢) كمال كو پهونچانا - مكمل كرنا
Perfect, *a.* مكمل
Perfect bail, ضمانت نامه يا مچلكه جنكي شرايط كي تعميل هوگئي هو
Perfect partition—*See* Partition.
Perfect trust, امانت جسكا كام ختم هوگيا هو
Perform, *v. t.* بجا لانا - انجام دينا - كرنا
Performance, *n.* معاهده يا شرط كي تعميل - جب كوئي شخص اپنے جزو معاهده كي تعميل كرليتا هے تو اوسكي ذمهداري مزيد باقي نهيں رهتي
Performance, Specific تعميل مختص
*See*—Specific.
Perfunctory, *a.* بے احتياطي كے ساتهه
Periculum, *n.* (Rom. Law.) خطره حادثه
Period, *n.* زمانه - وقت
Period of gestation, زمانه حمل
Period of limitation, ميعاد سماعت
Periodical, *n.* موقت اشيوع - دوري جو وقت معين پر هو
Perishable goods, مال جو جلد خراب هوجاے
Perjure, *v.* حلف دروغي كا مرتكب هونا
Perjury, *n.* حلف دروغي جس صورت ميں كه حلف ايسے شخص نے ديا هو جسكو اختيار هو اور كارروائي عدالتي ميں گواه كوئي بيان جهوٹا حلفاً جو امر تنقيح طلب مقدمه سے متعلق هو كرے تو وه مستوجب سزا هے
*See*—False evidence.

Permanent, *a.* - دوامي - استمراري - مستقل

Permanent appointment, تقرر مستقل - عہدہ مستقل

Permanent settlement, بندوبست استمراري - يہہ بندوبست بموجب آئين سنہ ۱۷۹۵ع کيا گيا تھا اور ۱۱۹۷ فصلي مطابق ستمبر سنہ ۱۷۹۸ سے اثر پذير ہوا

Permanent tenure-holder, حقداران قبضہ مستقل

Permanently settled districts, اضلاع بندوبست استمراري

Permissible, *a.* جايز - روا رکھنے کے لايق - مناسب

Permission, *n.* اجازت

Permissive possession, قبضہ اجازتي - قبضہ عايتي - قبضہ عاريتي اگر اس قسم کا قبضہ ہو تو قبضہ مخالفانہ تصور نہيں رہتا گو کسيقدر عرصہ کا ہو

Permissive waste, غفلت مرمت کرنے ميں

Permit, *n.* اجازت نامہ - پرمٹ ليسنس يا کاغذ جو عہدہدار مسکرات بہ تصديق اداے محصول دے - اجازت گذرنے کي کسي ملک يا کسي خاص جگہہ سے

Permutation, *n.* تبادلہ يا بدلنا مال کا

Pernancy, *n.* وصول کرنا لگان و منافع کا

Pernicious, *a.* مضر

Pernor, *n.* وصول کنندہ

Perpetration, *n.* ارتکاب جرم يا فعل ناجايز

Perpetrator, *n.* مرتکب جرم يا فعل

Perpetual, *a.* دوامي

Perpetual injunction, حکم امتناعي دوامي - يہہ حکم صرف بذريعہ ڈگري کے بوقت سماعت مقدمہ بربناے رويداد کے صادر ہو سکتاہے اور اسکي رو سے مدعا عليہ کو دواماً حکم ہوجاتا ہے کہ کسي حق کے کرنے سے يا کسي فعل کے ارتکاب سے جو خلاف حقوق مدعي ہو باز رہے

Perpetual lease, پٹہ دوامي

Perpetual estate, حقيت دوامي

Perpetuities, *n.* (۱) تعداد سال جب سود مساوي زر اصل کے ہوجاے (۲) اوسقدر روپيہ جسکا سود اسلئے کافي ہو کہ زر سالانہ مقرر ادا ہوتا جاے (۳) وظيفہ سالانہ دوامي (۴) حقوق کا محدود کرنا يا جايداد کا اسطور پر منتقل کرنا کہ کوئي شخص اوسکا انتقال قطعي نہ کرسکے - مصلحت قانون يہہ ہے کہ ايسے حقوق قايم نہوں اسلئے قانون ميں ممانعت ہے کہ کوئي ايسا حق قايم کيا جاے جو بعد حيات ايک شخص يا چند اشخاص کے جو موجود ہوں اور ۱۶ سال بعد اوسکے وفات سے زيادہ کے واسطے ہو ديکھو ايکٹ وراثت مصدرہ سنہ ۱۸۶۵ دفعہ ۱۰۱

Perpetuating testimony, شہادت کا دوامي کرنا جبکہ کبھي کسي گواہ کے سن رسيدہ ہونے يا ملک سے باہر جانے والے ہونے سے يہہ انديشہ ہوکہ اوسکي شہادت اوسوقت نہ مل سکيگي جب مقدمہ عدالت کے روبرو واسطے تجويز کے پيش ہوگا تو اظہار اوسکا پيشتر سے لے ليا جاتا ہے تاکہ اوسکي شہادت

نہ ہونے کي وجہ سے انصاف میں خلل واقع نہو

Perplex, *a.* پیچیدہ

Perquisites, *n.* اشیاے جو محنت ذاتي یا زر ذاتي سے حاصل کي جائیں

Persecution, *n.* پیچھا کرنا - تکلیف دینا کسي مذہب کي تائید کي وجہہ سے تکلیف دینا

Persistent, مستقل مزاجي کے ساتھہ - متواتر - برابر - ثابت قدم

Person, *n.* شخص - بموجب قانون کے لفظ شخص میں جماعت بھي داخل ہے اور مورت بھي جبکہ رسم مذھبي کے ساتھہ اوسکے استھپنا عمل میں آئي ھو

Person, Artificial جماعت

Person, juridical, شخص بہ نظر قانون مورت ایسا شخص ہے

In person. اصالتاً

Personal, *a.* ذاتي

Personal action, نالشات بابت ہرجہ ذاتي کے مثلاً حملہ یا توھین وغیرہ - ایسي نالشات خواہ اوس جگہہ جہاں مدعاعلیہ سکونت رکھتا ھو یا جہاں ضرر پہونچا ھو ھوسکتي ہے

Personal appearance, اصالتاً حاضري

Personal injury, ھرجہ ذاتي

Personal interest, (۱) حق ذاتي (۲) غرض ذاتي

Personal property, مال اسباب

Personal representative, قائمقام قانوني - موصي

Personal right, حق حفاظت ذاتي

Personal service, ذاتي تعمیل (کسي حکم نامہ کي)

Personal service, Right of حق خدمت ذاتي کا - یہہ حق قابل قرقي کے نہیں ھے - مثلاً حق شبیت نسبت پرستش مورت کے

Personable, *a.* قابلیت عطیہ لینے کي

Personality, Impure or mixed رر رھن وغیرہ

Personality, *n.* وہ قانون جو کسي شخص کي ذات یا حیثیت سے متعلق ھو کسي بات کا نہنا جو ذات کسي شخص سے متعلق ھو

Personally, ذاتي - اصالتاً - خود خاصکر

Personalty, *n.* مال منقولہ - مال ذاتي

Personation, *n.* کسي کي صورت بنا کر دھوکا دینا - یہہ جرم قابل سزا ھے

Personnel, وہ اشخاص جو کسي ملازمت سرکاري میں ھوں

Persuade, *v. t.* راغب کرنا - ترغیب دینا

Persuasion, عقیدہ - دین - بت (۲) ترغیب دھي

Perverse verdict, راے جوري کي جو خلاف شہادت کے ھو

Pertinent, مناسب - موزوں - برجستہ

Perversion, اصلي منشا کے خلاف کارروائي - بیجا تعبیر (۲) بیجا تصرف یا استعمال

Perversion of property, جایداد کا تصرف بیجا

Pesage, *n.* تولائي

Petit—same as Petty.

Petitio principii—Same as Begging.

Petition, *n.* عرضي- درخواست تحریري واسطے دادرسي کے

Petition of right, (۱) درخواست حصول قبضہ سرکار سے (۲) وہ حقوق

رعایا کے جو بموجب حکم پارلیمنٹ کے قرار پاے

**Petitioner**, *n*. سایل - درخواست دهندہ

**Petitioning creditor**, داین جسنے مدیون کے دیوالیہ قرار دئے جانے کي درخواست کي هو

**Petitory actions** (Scot. Law). نالشات جن میں مدعي مستدعي کسي خاص کام کے مدعاعلیہ سے کرانے کا هوتا هے

**Petty constable**, کانسٹیبل - درجہ ادنی

**Petty items**, خفیف رقم

**Petty jury**, جوري معمولي - (بمقابلہ گرانڈ جوري کے)

**Petty larceny**, سرقہ مال کا جسکي مالیت ایک شلنگ سے کم هو

**Petty treason**, (O E. L.) جرم قتل ایسے شخص کا جسکا مجرم ملازم هو - اب یهہ جرم قتل عمد میں داخل هے

**Phrase**, فقرہ - عبارت - اصطلاح

**Phraseology**, محاورہ - عبارت

**Physical**, (۱) مادي اصلي (۲) جسماني - خارجي (۳) علم طبعیات سے تشخیص

**Picketing**, *n*. جب کوئي شخص آدمیوں کو اسغرض سے کسي کارخانہ کے باهر مقرر کرے کہ جو لوگ اوس کارخانہ میں کام کرتے هیں اونکو تکلیف دے یا اونکو خوف دلاے تاکہ وہ ملازمت ترک کریں - یهہ ایک جرم هے

**Pickpocket**, جیب تراش

**Piece**, *n*. (۱) ٹکڑا - (۲) بندوق - توپ (۳) سکہ

**Piece goods**, *n*. کپڑا - تهان

**Piece work**, ٹهیکہ پر کام

**Piety**, *n*. دهرم خصوصاً عبادت الهي یا اطاعت والدین

**Pilgrim**, *n*. زائر - زیارت کرنے والا

**Pilgrimage**, جاترا - تیرتهہ جاترا - زیارت

**Pin-money**, *n*. روپیہ جو شوهر زوجہ کے خرچ ذاتي کے لئے قبل ازدواج کے مقرر کرے

**Pioneer**, وہ لوگ جو فوج میں آگے جاکر راستہ صاف کرتے هیں

**Pious duty**, فرض مذهبي - ایسے فرایض جن کا کرنا نہ صرف قانوناً بلکہ بموجب خیال مذهبي سے بهي لازمي هے مثلاً فرض اداے قرض پدري

**Piracy**, *n*. (۱) ڈاکہ سمندر میں (۲) حق تصنیف کي خلافورزي

**Pirate**, *n*. سمندر کا ڈاکہ زن

**Pittance**, وظیفہ خفیف - روزینہ

**Place**, *n*. جگہہ - مقام - موقع - عهدہ - درجہ

**Place, take** واقع هونا - سرزد هونا

**Place, Public**—*See* Public.

**Placitum**, *n*. مقدمہ - کارروائي - دفعہ - فقرہ

**Plagiarism**, *n*. تصنیف کي چوري

**Plague**, *n*. طاعون - وبا

**Plain**, صاف - صریح - عیاں - آسان - سلیس

**Plain-meaning**, عیاں معني - صاف مطلب

**Plain-dealing**, راست معاملگي - سچائي کا بیوهار

**Plaint**, *n*. عرضي دعوی - عرضي نالش - عرضي دعوی میں اول نام عدالت جسمیں نالش رجوع کي جاے معہ نام و پتہ فریقین هونا چاهئے اور صاف اور مختصر بیان اون مراتب کا جو بناے

دعوی هوں معه استدعا دادرسي مستدعیه کے هونا چاهئے

Plaint, Amendment of ترمیم عرضیدعوی - عرضیدعوی کي ایسي ترمیم نه کي جائیگي جس سے نالس کي حیثیت تبدیل هو جاے جسکو اوس سے کچهه مناسبت نهو

Plaint, Rejected, عرضي دعوی نامنظور کیا گیا - عرضي دعوی خارج کیا گیا

Plaintiff, *n.* مدعي - دعویدار

Plane-table تختهٔ مسطح

Plane surveying, پیمائش معمولي

Plant, *n.* کل و دیگر اشیاے جو کسي کارخانه میں مستعمل هوں یا لگائي گئي هو

Plant, (trees) *v. t.* درخت لگانا

*See* Trees

Plantation, *n.* آراضي شجرالمقدار واسطے زراعت اجناس خاص درجه اعلی حس پر ملازمان کاشت سکونت رکهتے هوں

Planter, *n,* مالک یا قابض کارخانه کاشت - زراعت اعلی - مثلاً نیل و چاے وغیرہ

Tea planter. مزارع چاے

Indigo planter. مزارع نیل

Plausible, *a.* نمایشي - ظاهرا درست مگر درحقیقت غیر صحیح

Plea, *n.* (۱) جواب باضابطه مدعاعلیه کا نسبت دعوی مدعي کے - عذر (۲) بیان تحریري

Pleas, Common مقدمات دیواني

Pleas, Dilatory عذر بغرض توقف مثلاً عذر اختیار سماعت کا - یا عذر بغرض التوا کارروائي یا سقوط نالش بوجهه نقص کارروائي کے

Pleas peremptory—*See* Peremptory.

Pleas of the crown, استغاثه فوجداري

Pleas of guilty, اقبال جرم

Plead, *v.* (۱) جوابدهي (۲) عذر بے جرمي کرنا - (۳) عدالت کے روبرو مقدمه میں بحث کرنا - حجت کرنا - عذر کرنا

Plead limitation, عذر تمادي پر استدلال کرنا - یعني تمادي مانع دعوی

Pleader, *n* (۱) وکیل - سوال و جواب کنندہ هر شخص جو کسي دوسرے کي طرف سے عدالت میں حاضر هونے اور سوال و جواب کرنے کا مستحق هو - اس لفظ میں ایڈوکیٹ اور وکیل اور اٹرني داخل هیں (۲) وکیل عدالت هاے ماتحت - پلیڈر

Pleader, Government وکیل سرکار

Pleadings, *n* بیانات فریقین - عرضي دعوی سے امور تنقیح طلب قرار دئے جانے تک کارروائي اس میں بیان تحریري فریقین بهي داخل هیں - بموجب قانون هند کے کسي بیان کي بجز عرضي دعوی کے تحریري هونا لازمي نهیں هے - پیشتر حسب ذیل پلیڈنگس هوتي تهیں :—

The plaint or the declaration of the plaintiff. عرضي نالس یا بیان دعوی

The plea of the defendant in reply. جوابدعوی

The replication of the plaintiff. جوابالجواب

The defendant's rejoinder. ردجواب

The plaintiff's sur-rejoinder. حد جواب

*See*—Written statement.

Please, *v.* خوش کرنا

May it please your honor. حضور سے

التماس يهه هے ( يهه فقره بحث كے آغاز ميں كيا جاتا هے )

Pleasure, At تامرضي

Pledge, n. (۱) گرو - (۲) شے گروي شده (۳) ضامن

*See*—Pawn.

Pledged Deed n. رهن نامه

To hold in pledge. بطور ضمانت كے گروي ركهنا

Pledgee, n. وه شخص جسكے پاس مال گروي ركها جاے

Pledgor, n. گرو كننده

Plenary, a. قطعي - كامل

Plena probatio, (Rom. Law,) ثبوت دو گواهوں كا

Plenepotentiary, n. ايلچي يا سفير ملک غير جسكو پورے اختيارات معامله كرنے كے هوں - مختار كامل - وكيل مطابق

Plot, n. (۱) قطعه (۲) سازش - فريب - بندش ( كسي فعل ناجايز كے لئے )

Plot v. سازش كرنا - بندش كرنا - بندش باندهنا (۲) نقشه بنانا

Plough, v. t. جوتنا - هل چلانا

Plough-bote, n. لكڑي جسكے لينے كي آسامي كو واسطے مرمت آلات كشاورزي كے اجازت هو

Plough-land, n. آراضي جو ايک هل سے كاشت هوسكے

Plunderage, n. تغلب مال جهاز پر

Poaching, n. ناجاير طور پر شكار پكڑنا يا مارنا

Poacher, n. شكار پكڑنے والا چوري سے

Pocket-defendant, n. مدعاعليه جو مدعي كے ساتهه سازش ميں هو

Pocket-judgment, n. تحرير جو بر بناے تمسک خاص كے صادر كي جاے اور جو بلا كارروائي مزيد فوراً نافذ هو سكے

Pocket sheriff, n. شيرف جو بلا نامزدگي خاص حكم گورنمنٹ سے مقرر كيا گيا هو

Poinding, (Scot. Law) - قرقي كرنا مويشي خانه ميں بند كرنا

Point, n. - نقطه - امر - واقعه - معامله مراد - بحث - بات

In point.
To the point. } متعلق

To make a point of. كسي امر پر استدلال كرنا

In point of fact. واقعي

On the point. قريب - بهت هي نزديک

To strain a point. كسي امر كي نسبت حد سے تجاوز كرنا

Point (out), v. t. — نشان دينا - بتانا - شناخت كرنا

Point blank, صاف

Pointed, تيز - سخت

Poison, v. t. - (۱) زهر دينا (۲) خراب كرنا - ناقص كرنا

Police, n. (۱) انتظام عدالتي و عملي بغرض نظم و نسق ديار و امصار و بغرض حفاظت حقوق و نفاذ قانون و انسداد جرايم وغيره (۲) پوليس - ملازمان سركاري جنكا كام انتظام ركهنا انسداد جرائم و نفاذ قانون هے

Police constable, سپاهي پوليس

Police court, عدالت پوليس

Police diary, روز نامچه پوليس

Policeman, *n.* کانسٹیبل

Police, Punitive—*See* Punitive,

Police report, رپورٹ پولیس - (یعني نالش یا استغاثہ ھے)

Police station, تھانہ - کوتوالي

Police supervision, نگراني پولیس - پولیس کا کسي شخص کا زیر نظر رکھنا - مجرمان عادي اندر زیر نگراني رکھے جاتے ھیں اور اونپر لازم ھے کہ اپني جاے سکونت کي پولیس کو اطلاع دیں اور ایک عرصہ معینہ کے اندر روبرو پولیس کے حاضر ھوں

Police surveillance, نگراني پولیس

Policy, *n.* معاھدہ - بیمہ

Policy Domestic, تدابیر انتظام ملکي

Policy, Foreign, تدابیر انتظام بہ تعلق ملک غیر

Policy of statute or law, منشا یا مقصود قانون

Policy, Open بیمہ جسمیں مال یا جایداد جسکا بیمہ دیا گیا درج نہو

Policy, Wager, بیمہ از قسم قمار بازي جبکہ اوس شخص کو جو بیمہ کراے کوئي حق مال سے جسکا بیمہ کرایا جاے نہو تو ایسي صورت میں یہہ معاھدہ از قسم قمار بازي ھے

Policy, Public—*See* Public,

Politic, *a.* (۱) قرین مصلحت - معقول (۲) دور اندیش - چالاک (۳) ملکي - سیاست کے متعلق

Political, *a.* متعلق مصلحت ملکي پولیٹکل سرکاري

Politics, *n.* علم انتظام ملک و مصلحت عام

Politician, علم سیاست میں ماھر

Polity, ریاست کا انتظام - انتظام کا طریقہ

Poll, *n.* (۱) رجسٹر نام اون اشخاص کا جو کسي انتخاب میں راے یا ووٹ دے سکیں (۲) انتخاب - ووٹ ڈالنا

Poll, *v. t.* راے یا ووٹ لینا یا حاصل کرنا

Polled deed, دستاویز یکطرفہ یعني جسمیں کوئي دوسرا فریق نہو

Polling a jury, ھر اھل جوري سے دریافت کرنا کہ وہ اوس راے سے اتفاق کرتے ھیں کہ جو جوري کي طرف سے ظاھر کي گئي

Poll tax, جزیہ - محصول في راس

Pollicitatio, *n.* (Rom. Law). ایجاب - عہد بلا قبول

Pollute, *v. t.* گندہ کرنا - کثیف کرنا - خراب کرنا (۱) بے عزت کرنا - بگاڑنا

Polyandry, *n.* عورت کا چند شوھر رکھنا

Polycrasy, *n.* حکومت متعدد اشخاص کي

Polygamy, *n.* ایک سے زیادہ زوج یا زوجہ رکھنا

Polygamous marriage, ازدواج ایسے مرد یا عورت کا جسکا زوجہ یا شوھر زندہ ھو خصوصاً ایک سے زیادہ زوجہ رکھنا

Pontage *n.* (O. E. L.) محصول پل

Poor, *a.* مفلس - محتاج

Poor excuse, }
Poor apology, } عذر بے وقعت یا بیکار معذرت ناکافي

Poor crops, خراب فصل

Poor law, قوانین متعلق پرورش و خبرگیري محتاجان

Poor, soil کمزور زمین - اوسر

Poor, The وہ لوگ جو سرکاري خیرات پر بسر کریں

Poor rate, محصول جو غربا کي پرورش یا امداد کے لئے کیا جاتا ھے

Poor house, *n.* محتاج خانہ

Poppy, *n.* درخت لالہ یا خشخاش

Popular, *a.* عوام کا - عام - پسندید
ہر دلعزیز

Popular action, نالس جو ہر شخص
بعرض لئے جانے تاوان کے جو قانونا
مقرر ہو دایر کرسکتا ہو

Popularity, ہر دلعزیزي

Population, *n.* آبادي - تعداد
باشندگان کسي خاص مقام کے

Port, *n.* بندرگاہ - خصوصاً وہ بندرگاہ
جہاں محصول پرمٹ لیا جاے - کسي
شخص کو اجازت نہیں ہے کہ مال
محصولي کسي جگہ بجز بندرگاہ کے
اُتارے

Porter, *n* (۱) دربان (۲) باربردار-پلہدار

Port charges, (۱) محصول جو بندرگاہ
میں رکھنے کي بابت لیا جاتا ہے
(۲) محصول بھیجنے پارسل کا

Portfolio, *n.* (۱) مقوہ - کھلے کاغذات
رکھنے کے لئے طباق (۲) ریاست کي
وزارت

Port toll, *n.* محصول جو بابت لانے
مال کے بندرگاہ میں لیا جاتا ہے

Port, Free (۱) بندرگاہ جہاں بلا
محصول مال اوتارا یا چڑھایا جاسکتا
ہے (۲) بندرگاہ جہاں ہر ملک کے
مال پر یکساں محصول لیا جاے

Porteur of a bill, قابض یابندہ زر
کسي بل آف ایکسچینج کا

Portion, *n.* (۱) جزو - حصہ - سرمایہ
بغرض بہبودي اطفال (۲) وہ حصہ
جایداد کا جو پسر یا دختر کو دیا
جاے یا چھوڑا جاے - عموماً زر نقد
جو چھوٹے اطفال کو دیا جاتا ہے جو
انکو ۲۱ برس کي عمر پر یا بوقت
ازدواج ملتا ہے - جہیز - استري دھن
(۳) حصہ جو تقسیم پر ملے - بھاگ

Portion, *n.* - انش تقسیم کرنا - بانٹنا
(۲) جز دینا

Portrait, *n.* تصویر - شبیہ

Portsale, *n.* نیلام عام جو سب سے
زیادہ بولي بولنے والے کے نام ختم کیا
جاے

Position, *n.* (۱) حالت (۲) رتبہ -
درجہ - حیثیت (۲) دعوی وہ بات
جسپر استدلال کیا جاے - مقدمہ

Position, to be in a false, جس امر
پر استدلال ہو اوسکا غلط ہونا - غلط
دعوی کرنا - حالت متغیرہ میں ہونا

Position, to define one's, دعوی کو
صراحت کے ساتھہ قائم کرنا

Positive, *a.* صریح یا مثبت خلاف منفي
اصلي

Positive law—*See* Law.

Positively, (۱) صریحي-یقیني (۲) تاکید
کے ساتھہ - دراصل - فيالحقیقت

Posse (comitatus), *n.* جماعت
باشندگان جو مدد دیتے ہیں - اس
میں کل مرد جنکي عمر ۱۵ برس سے
زیادہ ہو بجز امراے ملقب اور
پادریوں کے داخل ہیں

Possession, (۱) دخل قبضہ - اقتدار
مال یا شے پر (۲) شے مقبوضہ

Possessions, *n.* شے مقبوضہ - ممالک
مقبوضہ

Possession, Actual, قبضہ واقعي -
قبضہ نفس شے پر

Possession, Adverse, قبضہ مخالفانہ -
قبضہ مخالفانہ کا ہونا بغرض حصول
حق ملکیت بموجب قانون حد سماعت
کے ضروري ہے

Possession, Constructive, قبضہ

تعبيري - قبضہ تعبيري اوس صورت ميں هوتا هے کہ جب حق نسبت شے کے حاصل هو

Possession, Deed of دخل نامہ

Possession, Delivery of حوالگي قبضہ - دخل دهاني

Possession, Derivative قبضہ دوسرے شخص کے جانب سے

Possession in law, قبضہ قانوني - جس صورت ميں کہ قبضہ واقعي نهو

Possession, Judicial قبضہ قانوني مثلاً قبضہ مورث کا جسکو جايداد وقف کي گئي هو

Possession, Naked قبضہ بلا اظهار حق کے

Possession, Physical—same as Actual possession.

Possession, Representative قبضہ بذريعہ قائممقام

Possession, Symbolical قبضہ علامتي - مثلاً مکان کا قبضہ بذريعہ حاصل کرنے تالي يا کنجي کے

Possession of stolen property, قبضہ مال مسروقہ سے خصوصاً جب وہ زمانہ حال کا هو يهہ قياس پيدا هوتا هے کہ قابض چور هے

Possession, Without enjoyment قبضہ بلا تصرف يا تمتع - قبضہ بيجا يعني امانت دار يا تحويلدار کا

Possession is nine tenth of the law, قبضہ جزو اعظم حق کا قانوناً هے اس مسئلہ کے يهہ معني هيں کہ دعويدار صرف بذريعہ استحکام اپنے خاص حق کے کامياب هوسکتا هے مگر اسوجہ سے حق فريق مخالف قابض هے اوسکو ثبوت حق لازم آتا هے - شخص قابض بمقابلہ جملہ اشخاص کے بجز حقدار کے بيدخل نهيں کيا جاسکتا

Possession money, فيس عهدہدار قارق جسکو پاؤنڈج بهي کهتے هيں

Possession, Writ of حکمنامہ دخل دهاني

Possessory action or suits, نالشات قبضہ آراضي - ايسي نالشات ميں ثبوت استحقاق ضروري نهيں هے - اگر کوئي شخص بجز بطريق قانوني بيدخل کيا جاے تو وہ ۶ ماہ کے اندر نالش دخليابي داير کرسکتا هے

Possibility, *n.* (۱) امکان (۲) حق آيندہ جو وقوع کسي امر پر منحصر هو - ايسا حق منتقل نهيں هوسکتا

Possibility on a possibility, امکان بعيد - مثلاً اگر کوئي جايداد عمر کے پسر مسمي زيد کو (جو هنوز پيدا نهوا هو) بطور باقي ماندہ جايداد کے دي جاے تو يهہ هبہ کالعدم هوگي کيونکہ اس ميں دو امر امکاني داخل هيں يعني يهہ کہ عمر کے کوئي پسر هو اور يهہ کہ اوس پسر کا نام زيد هو

Post, *n.* (۱) ستون - (۲) مقام - خصوصاً (الف) مسافروں کے ٹهرنے کي جگهہ (ب) يا پهرہ کي چوکي - (۳) ڈاک - ڈاک ليجانے والا - (۴) جگهہ - عهدہ

Post, *v.* (۱) کسي منظر عام پر چسپاں کرنا-يا آويزاں کرنا (۲) تعينات کرنا - مامور کرنا - ٹهرا دينا - (۳) ڈاک کے ذريعہ سے روانہ کرنا - کهاتے ميں چڑهانا - هانا کچي بهي کا ياد داشت سے پکي بهي ميں اتارنا

Post office, *n.* ڈاک خانہ

Post mark, ڈاک گهر کي مهر يا نشان

Postage stamp, استامپ محصول ڈاک

قبل ۱۸۶۹ کے اسٹامپ محصول ڈاک کا بطور رسید کے ٹکٹ کے استعمال کیا جاتا تھا

Postal, *a.* متعلق ڈاک

Post date, *v. t.* - تاریخ ما بعد ڈالنا بل آف ایکسچینج یا چک یا پرامیسری نوٹ پر ٹکمیل کے بعد کی تاریخ ڈالی جاسکتی ہے

Post dated, *a.* تاریخ مابعد پڑی ہوئی

Post disseisin, *n.* (O. E. L.) (۱) بیدخلی منجانب غاصب کے جو بیشتر بیدخل کردیا گیا ہو (۲) حکم نامہ بیدخلی

Postea, *n.* رجسٹر جسمیں تحویر جوری اور هدایت اور احکام جج کے لکھے جاتے هیں

Post-entry, *n.* اندراج مابعد - حساب میں پیچھے سے لکھنا

Post-Mortem Examination, معاینہ نعش

Post natus, (۱) پسر دویم (۲) وہ شخص جو اسکاٹ لینڈ میں بعد جلوس جیمس اول کے پیدا ہو اور اسوجہ سے وہ انگلستان میں ساکن ملک غیر تصور نکیا جائیگا

Post-note, *n.* بنک کا نوٹ جو حسب الحکم قابل ادا ہو

Post-nuptial settlement, تملیک بعد ازدواج

Post-obit bond, تمسک جسمیں یہہ شرط ہو کہ برطبق وفات کسی اور شخص کے اگر روپیہ ادا کیا جاے تو وہ تمسک خارج ہو جائیگا

Posthumous child, طفل جو بعد وفات پدر کے پیدا ہو یا جو مری ہوئی ماں کے پیٹ سے نکالا جاے

Postliming, *n.* حق جسکے رو سے وہ اشخاص یا اشیاء جو لڑائی میں دشمن نے گرفتار کئے ہوں بعد واپس ملنے کے اپنی اصلی حالت پر آجاتی هیں

Postman, *n.* (۱) حامل ڈاک (۲) بیرسٹر کورٹ آف ایکسچیکر جسکو استحقاق مرجح پیشی مقدمات میں ہوتا تھا

Postpone, *n.* ملتوی کرنا - ڈال دینا

Postponement, *n.* التوا

Postscript (Abbreviated into P. S.) مکرر آنکہ عبارت جو بعد ختم ہونے خط کے تحریر کی جاے

Potwallers or Potwallopers, *n.* وہ اشخاص جو اپنا کھانا اپنےگھر پکاویں- گرهست - ایسے شخصوں کو بعض مقامات میں استحقاق دینے ووٹ کا انگلستان میں حاصل تھا

Pound, *n.* (۱) احاطہ جسمیں مویشی جنہوں نے نقصان پہونچایا ہو بند کئے جاتے هیں - (۲) وزن جو قریب نصف سیر کے ہوتا ہے (۳) سکہ زر جسکو ساورن کہتے هیں مساوی ایک گنّی کے ہوتا ہے

Pound, *v. t.* بیزہ راس کرنا - مویشی خانہ میں رکھنا

Poundage, *n.* فیس بحساب ایک شلنگ فی پونڈ بابت قرقی وغیرہ

Poundage, *n.* (۱) مویشی وغیرہ کا احاطہ میں بند کرنا - (۲) فیس بابت چھوڑانے مویشی کے بیزہ راس سے

Pound breach—*See* Breach.

Pound-keeper, *n.* بیزہ راس کا محافظ

Pourparty, *n.* بٹوارہ - تقسیم

Pourparty, Making بٹوارہ کرنا

Pourpresture,—*See* Purpresture.

Poursuivant—*See* Pursuivant.

Powder, *n.* باروت
Power, *n.* - (۱) اختيار - (۲) طاقت برداشت - (۳) فوج
Power, *n.* مختارنامه يعني ايسي دستاويز جسمين ايک شخص مخصوص کو اختيار ديا گيا که وه اوسکي تکميل کرنے والے کي طرف سے اوسکے نام سے کام کرے
Power of attorney, مختارنامه
Power of attorney, General مختارنامه عام - يعني جسکي رو سے جمله معاملات ميں پيروي کرنے کا اختيار ديا گيا هو
Power of attorney, Special مختارنامه خاص يعني دستاويز جسکي رو سے مختار کو کسي خاص کام کے کرنے کا اختيار ديا گيا هو
Power, Private وه اختيار جو ايک شخص دوسرے شخص کو دے - اِس اختيار کي رو سے اوس شخص کو جسکو اختيار ديا گيا اپني جانب سے يا اپنے مال - کي جانب سے اختيار کرنے کام کا هوتا هے مثلاً اختيار تحرير کرنے کسي دستاويز کا يا بعد اوسکي وفات کے انتظام کرنے اوسکے ترکه کا
Power, Public وه اختيارات جو سرکار کي طرف سے واسطے اغراض عام کے عطا هوں
Power of appointment, اختيار کسي شخص کے حق ميں وصيت کرنے کا
Practicable, *a.* هونے کے لايق - قابل امکان
Practical, *a.* عملي - کارآمد واجبي کام کا
Practical purposes, اغراض عملي
Practically, *ad.* عملاً - دراصل - في الواقع
Practice, *n.* صادر آمد - وه جزو قانون جو متعلق کارروائي ضابطه کے هے - (۱) کثرت کار - (۲) حرف - مهارت
Practise, *v. i.* کار پيشه کرنا - مختاري يا وکالت کرنا
Practitioner, *n.* پيشه‌ور مثلاً وکيل يا ڈاکٹر
Præcipe, *n.* حکمنامه
Prædium, *n.* حقيت آراضيات متصلات
Præmunire, *n* (E. L) غير ملک کے اختيار کو ملک انگلستان ميں نافذ کرنے کا فعل - يهه ايک جرم خلاف بادشاه کے هے او اسکي سزا ضبطي جايداد وغيره تهي
Prænomen, (Rom. Law) نام جو بوقت اصطباغ رکھا جاے
Præpwitus, *n.* مورث
Pray, *v. i.* استدعا کرنا - درخواست کرنا دادرسي چاهنا
Prayer for relief, درخواست دادرسي
Prayer in aid, درخواست جو عدالت ميں بغرض طلب کرنے يا شامل کرنے کسي شخص حقدار کے پيس کي جاے
Preamble, *n.* - تمهيد - بيان ابتدائي - تمهيد ايکٹ ميں منشا ايکٹ يا ضرورت رفع نقض يا مضرت بيان کي جاتي هے
Pre-audience, *n.* حق سماعت ماقبل عدالت قانوني ميں يهه بصورت ايسے درخواستوں کے حاصل هوتا هے جو فهرست مقدمات روزانه ميں به ترتيب درج نهيں هوتيں - اٹرني جنرل ( ايڈوکيٹ جنرل ) کو اول استحقاق پيش کرنے کا حاصل هے
Precarious, *a.* - غير اختياري - رعايتي - غير مستقل - ناقابل اميد
Precatory words, الفاظ اظهار خواهش

یا اُمید ( بمقابلہ ہدایت صریح ) بعض صورتوں میں ایسے الفاظ سے امانت قائم ہو جاتي ہے

Precaution, n. احتیاط

Precautionary, n. پیش بندي کي نظر سے - مقتضاے احتیاط

Precedence, n. پیش روي - تقدم - درجہ اعلی

Precedent condition, شرط ماقبل - کسي امر کا پہلے وقوع میں آنا واسطے حاصل ہونے کسي استحقاق کے ضروري ہونا

Precedents, n. نظایر عدالت جنکي پابندي عدالت ہاے ماتحت اور عدالت ہاے ہم درجہ پر لازم ہے

Precedents in conveyancing, نمونہ جات منتخبہ قضیان تجربہ کار واسطے تحریر دستاویزات انتقال ہر قسم کے

Precept, n. (۱) حکم حاکم اعلی بنام حاکم ادنی حکمنامہ تحریري (۲) امر باعث اشتعال طبع

Preus (Prase), خلاصہ انتخاب

Precinct, n. (۱) احاطہ (۲) حدود گشت - (۳) قرب و جوار محل شاہي یا عدالت

Precise, a. ٹھیک - درست

Preclude, v. t. - خارج کرنا - ممنوع ہونا محروم کرنا

Precognition, n. (Scot. Law)

اظہار ابتداءي بیرون عدالت گواہ کا قبل آغاز تحویر ملزم کے عدالت میں

Precognosce, n. (Scot. Law) پیشتر سے گواہ یا شہادت کو جانچنا

Precontract, n. معاہدہ ازدواج جب ایسا معاہدہ ہو جاتا تھا تو بموجب قانون مذہبي کے یہہ معاہدہ مانع ازدواج دوسرے شخص سے ہوتا تھا

Pre-date, v. i. تاریخ ماقبل ڈالنا

Predecessor, n. پیشرو استحقاق

Predecessor in title, پیشرو استحقاق

Predial, a. متعلق آراضي

Predicament, n. حالت کیفیت - بري حالت

Predilection, جانب داري - کسي شے کي نسبت پیشتر سے راے قائم کرنا

Predominate, v. i. غلبہ حاصل ہونا

Pre-empt, v. t. حق شفع کا دعوی کرانا

Pre-emption, n. (۱) شفع - حق شفع - بموجب شرع محمدي کے حق شفع سے وہ حق مرحمہ زیرداري آراضي کا مراد ہے جس سے دوسرے شخص کو باداے زر ثمن استحقاق لینے جایداد کا بمقابلہ خریدار حاصل ہوتا ہے - ہندوستان میں حق شفع چند بنیاد پر ہوتا ہے (۱) بربناے شرع محمدي (۲) بربناے رواج (۳) بربناے معاہدہ خاص (۴) بربناے احکام قوانین خاص - قسم اخیرالذکر نیلام سے متعلق ہے اور بموجب قانون اودھ حق شفع بیعباب اور فروخت کي صورت میں نسبت حقیت مالکیت اور حقیت مالکیت ذیلي کے جماعت موضع کو خواہ وہ مالک اعلی یا ادنی ہوں حاصل ہوتا ہے (۱) یہہ حق انگلستان میں از روے قانون اوس مالک آراضي کو دیا گیا ہے جسکو کسي کمپني نے جبریہ حاصل کیا ہو جبکہ اوس آراضي کي ضرورت کمپني کو باقي نہ رہے - استحقاق خریداري اوس شخص کو حاصل ہے جس سے آراضي لي گئي تھي ( ۲ ) بموجب

قانون باہمي ممالک کے بحالت جنگ سامان جنگ جو کسي بندرگاہ ملک میں لایا گیا ہو اِس عرض سے خرید کیا جاسکتا ہے کہ وہ دشمن کے ہاتھ میں نہ پہونچے

Pre-emptor, *n.* شفیع بموجب شرع کے تین قسم کے حقدار شفع کے مجاز ہیں :—

(1) Pre-emptor by vicinage, جار ملاصق

(2) Partner in the property sold, خلیط فيِ نفس المبیع شفیع شریک

(3) Participator in appendages, شفیع خلیط

Pre emptory, *n.* متعلق شفع

Preface, *a.* دیباچہ

Prefect, *n.* (Rom. Law.) عہدہدار (Fr. Law) کسي صیغہ کا عہدہدار - اعلی پولیس

Prefer, *v. t.* (۱) ترجیح دینا (۲) پیش کرنا - گذراننا - داخل کرنا

Preferable, قابل ترجیح - مستحسن

Preference, *n.* ترجیح

Preference, Fraudulent ترجیح فریبي - جب کوئي مدیون اپنا قرضہ ادا نکرسکتا ہو اور ایک داین و بمضرت دیگر داینان کے ترجیح دے تو یہہ فریبي کہلاتي ہے

Preference shares, - حصص مرجح وہ حصص کمپني جنکي بابت تقسیم منافع بہ ترجیح دیگر حصص کے ایک حد معین تک عمل میں آتا ہے

Pregnancy, - حاملہ ہونے کي حالت (ایسي حالت میں عورات کو سزاے موت نہیں دیجاتي)

*See* Jury of matrons.

Pregnant, (۱) حاملہ - (۲) معني خیز

Prejudge, Prejudicate, } *v. t.* پہلے سے کسي معاملہ کي نسبت راے قائم کرنا

Prejudication, *n.* (Rom Law.) (۱) تحقیقات اِبتدائي نسبت کسي امر متنازعہ کے (۲) نظیر

Prejudice, *n.* (۱) تعصب - ایک جانب میلان طبع (۲) مضرت - نقصان

Prejudice, *v.* متعصب بنا دینا - ایک جانب راے مایل کر دینا - (۲) ضرر پہونچانا

Prejudicial, مضر - نقصان رساں

Prejudice, Without گفتگو معاملہ جو ما بین متنازعین کے ہو وہ اکثر اوقات بلا مضرت کے کي جاتي ہے - یعني اگر معاملہ طے نہو تو جو کچہ کہ اوسوقت کہا جاے یا تحریر کیا جاے وہ مضر کسي فریق کے نہیں ہوسکتا اور اوسکي بابت شہادت نہیں دي جاسکتي

Preliminary, *a.* - ابتدائي - تمہیدي کاغذ اِبتدائي

Preliminary act. جب کوئي جہاز لڑ جاتا ہے تو ایک کاغذ ہردو فریق کي جانب سے سربمہر ہر ایک فریق کا سالیسٹر اون نالشات ہرجہ میں پیش کرتا ہے جو لڑ جانے سے ہوا ہو اوسمیں تفصیل حالت درج ہوتي ہے

Preliminary measure, مراتب ابتدائي

Preliminary articles to a treaty, شرایط جو کسي عہد و پیمان کے قبل طے پائیں

Preliminary enquiry, تحقیقات اِبتدائي

Preliminary order, حکم اِبتدائي نالشات تصفیہ حساب وانفساخ شراکت

و اهتمام درکه میں عدالت قبل صدور ڈگري کے حکم ابتدائي صادر کرسکتي هے

**Preliminaries of pre-emption,** امور ابتدائي شفع يعني مواثبت و استشهاد

**Premature,** *a.* قبل از وقت

**Premature injunction,** حکم امتناعي نسبت ايسے امر کے جس سے آينده نقصان کا انديشه هو - مثلاً حکم نه لگانے ايسے پودوں کے جنسے اونکے بڑهنے پر کهيت کو نقصان هوگا

**Premeditated,** بالعمد - پيشتر سے خيال کيا هو

**Premise,** *n.* (۱) امر مندرجه بالا (۲) جايداد جسکے حالت دستاويزات ميں تحرير هوچکے هوں (۳) وه جزو دستاويز جو قبل فقرات انتقال کے تحرير کيا جاتا هے - عنوان دستاويز

**Premises,** *n.* مکانات و اراضيات وه شے جو کسي وثيقه کي رو سے منتقل کي جاے

**Premium,** (۱) زر پيشگي - نذر جو پٹه دار پٹه‌دهنده کو بطور معاوضه دينے پٹه کے دے - نذر سلامي (۲) وه رقم جو بيمه کرنے والوں کو دي جاے (۳) اضافه - اضافه جو اصل قيمت کے اوپر هو - بيشي - بڑهتي

**Prender,** *n.* حق يا اختيار لينے کسي شے کا قبل اسکے که وه دينے کے لئے حاضر کي جاے مثلاً حق زميندار دوباره وصول لگان حق دوسرے کي جايداد سے کسي فايده کے حاصل کرنے کا

**Pre-occupancy,** *n.* حق يا فعل قبضه حاصل کرنے کا قبل کسي دوسرے کے

**Preparation,** *n.* طياري - سامان - بندوبست (۲) ادويه مرکبه

**Preparatory,** ابتدائي - تمهيدي - وه جس سے کارروائي آينده ميں مدد ملے

**Prepare,** *v.* - طيار کرنا - درست کرنا - طيار هونا - مستعد هونا

**Prepayment,** *n.* اداے پيشگي

**Prepense,** *a.* امر پيشتر سے خيال کيا هوا

**Preponderance,** *n.* - کثرت - زيادتي - غلبه

**Prerogative,** *n.* اختيار قطعي اختيارات خاص سرکار - افتخار

**Prerogative court,** عدالت جسکو پيشتر اختيار بمعامله اهتمام ترکه حاصل تها جب که متوفي پانچ پاؤنڈ کي ماليت کي جايداد چهوڑے

**Prescribe,** *v. i.* (۱) مقرر کرنا - مرتب کرنا - بتانا - نسخه تجويز کرنا - (۲) دعوے بوجه قدامت کے کرنا - حکم دينا

**Prescription,** *n.* - شد آمد - قدامت - حق جو شدآمد کے تصرف سے حاصل هو - دعوي بر بناي حق مذکور يهه ايک حق هے جو بوجهه گذر جانے اس قدر زمانه کے جسکي کسي کو ياد نهو پيدا هوتا تها - اور جس اصول پر که يهه حق قايم کيا گيا يهه هے که حق مذکور کسي وقت پر عطا کيا گيا هوگا گو عطيه کي شهادت اب موجود نهيں هے يهه حق ازروے قانون چند صورتوں ميں بعد انقضاے ميعاد معينه قانون حاصل هوجاتا هے - مثلاً ۲۰ برس کے بلا خلش استفاده روشني و هوا سے يهه حق حاصل هوجاتا هے که همسايه اپني آراضي پر مکان اسطرح نهيں بنا سکتا که وه مخل ان چيزوں کے يا باعث تکليف پهونچنے کا هو

Prescription, Affirmative حصول حق بوجهہ متداد زمانہ - یہہ متعلق جایداد هاے مادي قابل ارث سے هے

Prescription, Extinctive or negative, یہہ حق بوجهہ زایل هوجانے حق چارہ کار مالک اصلي کے پیدا هوتا هے

Prescriptive right, - حق قدیمي - حق جو بوجہہ قدامت یا شد آمد کے حاصل هو

Presentation, n. پیش کرنا کسي چک یا نوٹ کا - چک یا نوٹ بغرض سکارنے یا بغرض ادا پیش کیا جاتا هے پیش کرنا کسي کاغذ کا - پیشي - پیش هونا

Presentee, n. وہ شخص جسکو بل آف ایکسچینج یا پرامیسري نوٹ واسطے ادا کے دیا جاے

Presentment, n. (۱) رپورٹ جوري کي نسبت اسے امر کے جسکے اطلاع اوسکو دي گئي هو (۲) اطلاع استعغا حقیت موروثي کي

Presents, These - یہ تحریر دستاویز ان الفاظ سے حوالہ خود اوس دستاویز کا دیا جاتا هے جو زیر تحریر هو—معمولي طور پر دستاویزات دربان انگریزي ان الفاظ سے شروع هوتي هیں :—

Know all men by these presents, اس تحریر کي رو سے سب کو واضح هو کہ

Preservation, n. محفوظي

Preserve, شکار گاہ - وہ جگہہ یا جنگل جہاں جانوران کے شکار کي حفاظت رکهي جاے

Presidency, n. - پریزیڈنسي - احاطہ - صوبہ

(۲) میر مجلسي - زمانہ میر مجلس یا صدر نشیني

Presidency town, بلدہ پریزیڈنسي

President, - پریسیڈنٹ - میر مجلس کسي جماعت یا کمپني کا افسر اعلی

Press, n. (۱) کل جسمیں کوئي شے دبائي یا کسي یا پیري جاوے - مثلاً کولهو Oil press—تیل نکالنے کي کل - کولهو Cane press—رس نکالنے کي کل روئي دبانے کا کل Cotton press (۲) مطبع - (۳) کثرت زیادتي - کثرت کار

Press Act, قانون مطبع - قانون جس کي رو سے کتب و اخبارات کي اشاعت پر کوئي قید لگائي جاے

Press, Liberty of the - آزادي مطابع چهاپنے کي آزادي - کتاب یا اخبار کي بلا کسي قید یا پابندي شرائط کے شایع کرنے کا حق

Press, v. (۱) دبانا - (۲) مجبور کرنا (۳) کوئي قبول کرنے کے لئے مجبور کرنا (۴) تاکید کرنا - تقاضہ کے ساتهہ کسي کام کے لئے مجبور کرنا

Pressure, دباو - سختي

Pressure of business, کثرت کار

Prestige, رعب داب

Presume, قیاس کرنا - فرض کرنا - بموجب قانون شہادت کے بعض اُمور کے قیاس کرنے کا عدالت کو اختیار هے بعض اُمور کا قیاس کرنا اوس پر لازم هے بجز اسکے کہ اوسکي تردید هو

Presumption, قیاس یعني نتیجہ متعلق قانون یا واقعات کے جو دیگر واقعات مثبتہ سے اخذ کیا جاے

Presumptions of fact, قیاس واقعاتي قیاسات واقعاتي اوس صورت میں هوتے هیں جبکہ کسي خاص امر کا

هونا تجربه معمولي طريقه عام سے يا
انساني معاملات يا سلوک باهمي سے
يا عام معمولي طبيعت و خواهشات
انساني سے اخذ کيا جاے يا انساني
خيالات سے جنکا اثر دل پر پهونچتا هے
اخذ هوسکتا هو ايسے قياسات کي
نسبت ايکت شهادت هند ميں يهه
حکم هے که عدالت کو اونکو مثبته
خيال کرنے کا اختيار هے

Presumption of law, قياسات قانوني
وه قياسات هيں جو انساني تجربه اور
ظن عام سے اخذ کئے گئے هيں - صرف
فرق يهه هے که قياس واقعاتي بوجهه
حکم قانون کے قياسات قانوني هوگئے
هيں - مثلاً ايک طفل جسکي عمر ۷
سال کي هو مرتکب جرم کبيره کا
نهيں هوسکتا يا دستاويز قديم جو
صحيح تصور کي جاتي هے

Presumptions of law, Absolute
قياسات قانوني قطعي - يعني ثبوت
قطعي

Presumption of law, Rebuttable
قياسات قانوني لازمي - بموجب قانون
هند کے اس قسم کے قياسات کي نسبت
يهه تحرير هے که عدالت ايسے واقعات
کو مثبته خيال کريگي الا اوس حال
ميں اور اوسوقت تک که استرداد هو

Presumption of death, قياس وفات
جب کسي شخص کي خبر ۷ سال سے
نه ملي هو تو اوسکا فوت هونا قياس
کيا جاسکتا هے

Presumption of survivorship,
قياس باقي ماندگي کا

Presumptive evidence, شهادت
قياسي - يعني ايسي شهادت جو قراين
حالات سے پيدا هو

Presumptive heir—See Heir.

Presumptive title, قياس جو محض
قبضه سے استحقاق کا پيدا هو

Pretended title, استحقاق جسکا
دعوي هو

Pretended biddings, جهوتي بولي
بغرض قيمت بڑهانے کے ايسي بولي
سے بيع قابل انفساخ هوجاتا هے

Pretensions, *n* دعاوي - خواه سچ
هوتا يا جهوت

Preterition, *n.* متروکي کلي وارث کے
نام کي وصيت نامه ميں هے - ايسي
صورت ميں وصيت نامه کالعدم هوجاتا
هے وراثت سے محروم کرنا روا هے ليکن
نام کا متروک کرنا انهيں هے

Pretext, *n* بهانه - حيله - عذر

Prevalent, *a* جاري - مستعمل - غالب

Prevaricate, *v. i* (۱) به سازش
مدعاعليه نمايشي کا استغاثه کرنا
(۲) کسي کام کا دريباً اس غرض
سے کرنا که وه سرانجام کو نه پهونچے

Prevarication, *n.* (۱) بات بنانا
(۲) ده اعمالي عهده‌داران (۳) سازش
مدعا عليه سے بغرض ارجاع استغاثه
نمايشي کے (۴) کسي کام کا اس غرض
سے کرنا که وه انجام نهو جهوتا يا
مبهم بيان کرنا

Prevention, *n.* انسداد - روکنا

Preventive relief, - دادرسي امتناعي
دادرسي بذريعه منع کرنے کسي فريق
کے ايسے کام کرنے سے جو وه بموجب
معاهده کے نهيں کرسکتا هے

Previous acquittal, - برائت سابق
برائت سابق مانع اسکي هے که بابت
اوسي جرم کے پهر استغاثه کيا جاے

Previous conviction, سزايابي سابق

Price, قیمت - مول - نرخ

Price current, نرخ - قیمت بازار

Pricking for sheriff, انتخاب شیرف منجانب صاحبان جج

Priest, *n.* پوجاري - شبیت

Prima facie, بادي النظر

Prima facie evidence, شهادت جو واسطے اثبات کسي واقعه کے بجز اسکے کافي هو که اوسکي تردید کي جاے

Primary, *a.* اصلي - ابتدائي

Primary conveyance, دستاویزات - انتقال ابتدائي یعني جو بلا کسي دستاویز سابق کے اثر پذیر هوں مثلاً پٹه جات و دستاویز بٹوارہ وغیرہ

Primary evidence, شهادت اصلي - شهادت اصلي سے مراد في نفسه دستاویز هے جو عدالت کے معاینه کے لیئے پیش کي جاے

Prime minister, *n.* وزیر اعظم

Primer fine, (O E. Law) نذرانه جو بادشاه کو درطبق اجرا حکمنامه انتقال حقیت دیا جاتا تها

Primitise, *n.* اول مرتبه کي مهلت

Primeval, *a.* زمانه سلف کا - ابتدائي

Primogeniture, Right of حق جیٹهانسي حق انسي پسر اکبر کا وراثت پانے کا بمحرومي دیگر پسران کے هندوستان میں جایداد ناقابل تقسیم مثلاً راج و تعلقه‌داري و زمینداري قدیم سے یهه قاعدہ اکثر متعلق هوتا هے مگر دیگر اهالي خاندان کي پرورش اور وظیفه کا انتظام کیا جاتا هے

Prince, *n.* (۱) شاهزادہ - راج پتر راجه - سلطان

Prince of Wales, بادشاه انگلستان کا سب سے بڑا لڑکا

Princess, Royal سب سے بڑي لڑکي بادشاه کي

Principal, *n.* (۱) مالک وہ شخص جو کارندہ یا مختار کو اختیار دے (۲) ارتکاب جرم میں اصل شخص - سرغنه - (۳) زر اصل (بمقابله سود نفع کے) - (۴) اصل قرضدار یا معاهدہ (بمقابله ضامن کے) - (۵) اسباب ذاتي جو بموجب رواج خاص کے وارث کو پهونچے - هبه جو بوقت وفات کے کسي گرجا یا مندر کو کیا جاے

Principal challenge, عذر نسبت اهالي جوري کے منجانب اوس عهدہ‌دار کے جسنے جوري مجتمع کي هو

Principal defendant, مدعاعلیه ابتدائي یا اصلي

Principality, *n.* راج دهاني ریاست

Principle, *n.* (۱) اصل - جز (۲) مسئله - اصول

Printer, *n.* چهاپنے والا - بر مطبوعه کتاب یا اخبار چهاپنے والے کا نام هونا لازمي هے کیونکه وهي بموجب قانون کے ذمه دار قرار دیا گیا هے

Printing, *n.* چهاپنا - طبع کرنا

Printing Press, *n.* مطبع

Prior, مقدم

Prior patens, سایل اول (پروبیت میں)

Priority, *n.* حق مرجح - حق ماقبل

Priority of debts, دعوی وصول قرض قبل دیگر قرضجات

Prisage, *n.* (O. E. L.) (۱) حق بادشاه انگلستان کے نسبت وصول کرنے محصول کے شراب پر جو غیر ملک سے آتي هو (۲) حصه بادشاه یا امیرالبحر کا نسبت مال جنگ کے

Prison, *n.* قید خانه - جیلخانه

**Prison-breach**, *n*. جرم جیلخانہ سے نکل بھاگنے کا

**Prisoner**, *n*. قیدی

**Prisoners of war**, قیدیان جنگ

**Privacy**, *n*. پوشیدگی - پردہ - (هندوستان میں حق پردہ مطابق رواج کے مسلم هے اور اوس حق کا نفاذ عدالتوں نے کیا هے)

**Private**, *a*. خانگی - ذاتی - خاص

**Private act or statute**, قانون خاص واسطے تصفیہ حقوق ذاتی کے (بمقابلہ عام کے)

**Private person**, خانگی شخص بخلاف عہدہ‌دار

**Private nuisance or wrong**, باعث تکلیف خاص - هرجہ یا نقصان ذاتی

**Private affairs**, امور خانگی

**Private way**, حق گذر خاص کسی دوسرے کی اراضی پر

**Private defence, Right of** حق حفاظت خود اختیاری - یهہ حق جان اور مال دونوں سے متعلق هے

**Private document**, دستاویزات خانگی بمقابلہ دستاویزات سرکاری

*See* Public documents.

**Privateer**, *n*. جهاز جنگ جسکو سرکار نے اختیار مقابلہ دشمن کا دیا هو

**Privilege**, *n*. منصب - رعایت - حق استحقاق - افتخار - فایدہ

**Privilege leave**, رخصت رعایتی - یهہ رخصت عموماً بعد ۱۱ ماہ کی ملازمت کے یکماہ کی حاصل هوسکتی هے

**Privileged communications**,
(۱) مراسلت منصبی - بیانات منصبی - بیانات جو بلا رضامندی اون اشخاص کے جسنے وہ بیان کیئے ظاهر نہیں کیئے جاسکتے مثلاً مراسلات مابین موکل و وکیل (۲) بیانات جنکے کرنے سے وہ شخص جسنے بیانات کیئے مستوجب سزا یا تاوان کا نہیں هوتا گو وہ مضر حق کسی شخص کے هوں

**Privileged debts**, قرضجات استحقاقی مثلاً اخراجات میت و تنخواہ ملازمان کہ یهہ ترکہ میں سے اول ادا کیئے جاتے هیں اور اونکو تقدم حاصل هے - شرع محمدی کے بموجب جملہ قرضجات کو موهوبات وصیتی ارث پر تقدم هے

**Privileged documents**, دستاویزات منصبی - مثلاً مراسلت مابین شوهر و زوجہ وغیرہ کاغذات جنکو فریق ثالث اس غرض سے پیش نہیں کرسکتا کہ اونکی بنا پر نالش توهین یا ازالہ حیثیت عرفی کرے جنسے فریق ثالث مستوجب سزا یا تاوان هو

**Privileged will**, وصیت نامہ رعایتی ایسی وصیت سپاهی یا جهازی کرسکتے هیں

**Privileged witnesses**, گواهان منصبی - گواهان جو بعض امور کی نسبت گواهی دینے پر مجبور نہیں کیئے جاسکتے - مثلاً وکلا نسبت اون امور کے جو اون سے موکل نے بطور راز کے بیان کیئے هوں - عہدہ‌داران نسبت امور رازداری مملکت کے

**Privileged writ of**, حکمنامہ واسطے نفاذ کسی حق یا رعایت کے

**Privity**, *n*. شرکت - رازداری - تعلق

**Privity in deed**, تعلق دستاویزی یعنی تعلق برضا باهمی

**Privity of blood**, تعلق نسبی

**Privity of contract**, شرکت معاهدہ

**Privity of estate**, تعلق جایداد

جایداد جیسا کہ منتقل کنندہ اور منتقل الیہ میں ہوتا ہے

Privy, n. شریک - جو شخص کسي دوسرے کي حقیت میں حق رکھے - وہ شخص جو کسي ایسے معاملہ میں حق رکھے جسمیں وہ فریق نہو

Privy council, n. جلسہ مشیران شاہي - یہ اعلی ترین عدالت انصاف ہے

Privy seal, مہر شاہي جو فرمانون پر جسپر بادشاہ کے دستخط ہوتے ہیں لگائي جاتي ہے

Prize, n. مال دشمن جو جنگ میں حاصل کیا جاے - انعام

Prize fighting, انعام کے لئے لڑنا - بموجب قانون انگلستان کے یہہ داخل ہنگامہ کے ہے

Pro and cons, - قصیہ و خلاف باتیں - نفع و نقصان کي باتیں - دو طرفہ حالات

Probabilities, n. قیاسات - قراین قوي

Proabte, n. پروبیٹ - نقل مصدقہ وصیت نامہ

Probate, Court of وہ عدالت جو وصیت نامہ کا ثبوت لیکر نقل مصدقہ وصیت نامہ کي معہ چٹھي عطا کرتي ہے

Probate duty (E. L.) رسوم جو اوس جایداد پر لیجاتي ہے جو بذریعہ وصیت نامہ کے منتقل کي گئي ہو

Probation, n. امتحان - آزمایش

Period of probation, (M. Law), زمانہ عدت

Probationer, n. وہ شخص جو امتحاناً کام پر مقرر کئے گئے ہیں

Probationary, امتحاني

Probator, (O. E. L.) گواہ سرکار

Probatory term, وہ زمانہ جسکے اندر شہادت ثبوت لیجا سکتي ہے

Procedendo, n. (۱) حکمنامہ جسکي روسے عدالت ماتحت کو فوراً کرنے کارروائي اور صدور فیصلہ کي ہدایت کیجاتي ہے (۲) حکمنامہ واپسي مقدمہ عدالت ادنی کو جب وہ بغیر وجہ کافي کے عدالت اعلی میں اوٹھا لیا گیا ہو

Procedure, n. ضابطہ کارروائي - طریق کارروائي

Proceed, v. i. شروع کرنا - دایر کرنا کارروائي کرنا

Proceedings, n. - (۱) کارروائي - مقدمہ معاملہ روبکار - مسل - (۲) روئداد مقدمہ

Proceeds, n. زر ثمن - آمدني - منافع

Proceeds, Gross نکاسي خام - پیداوار خام

Proceeds Net پکي نکاسي - پیداوار پختہ

Proceeds, Sale زر نیلام

Process, n. (۱) حکمنامہ - (۲) کارروائي (۳) ترکیب - ترتیب

Process fee, طلبانہ

Process server, مذکوري - عہدہ دار تعمیل کنندہ حکمنامہ

Process verbal, (Fr. Law.) یادداشت باضابطہ کسي تحریر سرکاري کي

Proclaim, v. t. مشتہر کرنا

Proclaimed offender, مجرم اشتہاري

Proclamation, n. اشتہار - اعلان

Proclamation by beat of drum, منادي ڈھنڈورا

Proctor, n. نام عہدہ دار عدالت بحري کا ہے جو مثل اٹرني کے ہے

Procuration, *n.* مختار نامه

Procuration money, دلالي قرضه دلانے کي

Procurator, *n.* کارندہ - مختار

Procurer, *n.* دلال عورتوں کا - کٹنا یا کٹني

Produce, *n.* پیداوار - پهلت - آمدني

Produce of tress, پهلت - پهادر

Produce of forest, بنکر

Produce of tanks lakes, جلکر

Production, *n.* (۱) پیداوار (۲) تصنیف (۳) پیش کرنا

Production of documents, پیش کرنا دستاویزات کا - دستاویزات جو کسي دوسرے فریق مقدمه کے قبضه میں هوں بحکم عدالت پیش کرائي جاسکتي هیں - دستاویز استحقاق اگر وہ محض قابض کے حق سے متعلق هوں منصبي هیں اور انکے پیش کرنے پر کوئي مجبور نهیں کیا جاسکتا

Productive power, طاقت پیداوار

Profert, *n.* پیشي دستاویز کي بموجب قانون انگلستان کے جو کوئي فریق کسي دستاویز پر استدلال کرتا تها اوسپر لازم تها که واقعي بوقت استدلال دستاویز کو پیش کرے یا اوسکے پیش کرنے کا کسي طرح پر اظهار کرے

Profession, - (۱) پیشه - روزگار - کام (۲) اقبال دعوي - کسي بات کا اظهار

Professional, متعلق پیشه

Professional character, پیشه کي حیثیت سے

Professional conduct, طریق عمل باضابطا کار پیشه

Prefessional privilege, استحقاق بارسٹر یا سالسٹر کا که اپنے موکل سے مراسلات یا گفتگو کرے

Proffer, *v. t.* پیش کرنا - دینے لیئے کے لیئے پیش کرنا

Proficiency, *n.* قابلیت علمي - استعداد - فضیلت

Profit, *n.* نفع - آمدني - زر آمدني - آارضي - مواصلات

*Note*—In the latter sense, آمدني آراضي (the word is used in plural )

Profit and loss, نفع و نقصان

Profit case, نالش منافع

Profits a prender, منافع جو دوسرے کي آراضي سے بہ تعلق اپني آراضي کے حاصل هو - یه ایک حق آسایش هے

Pro forma, ترتیبي

Proforma defendent, مدعاعلیه ترتیبي مدعاعله جو بغرض تکمیل ضابطه کے لئے فریق نالش لیا جاے

Progeny, اولاد-نسل - بال بچه

Progress, ترقي - پیش روي - بڑهنا

In progress, چل رها هے

Progressive rent or revenue, لگان یا مالگذاري جسمیں اضافه بتدریج هوتا جاے

Prohibit, *v. t.* منع کرنا - روکنا - باز رکهنا

Prohibited degrees, رشته مانع ازدواج

Prohibition, Writ of حکمنامه امتناعي - یهه حکمنامه عدالت هائي کورٹ سے عدالت ادنی کے نام واسطے نکرنے سماعت یا کارروائي یا تجویز کسي معامله کے جو اوسکے اختیار سماعت سے باهر هو جاري کیا جاتا هے یهه حکمنامه قطعي یا عارضي یا محدود کسي خاص فعل پر هوتا هے

Prohibitory laws, قوانين امتناعي

Project, *n.* تجويز مهم

Prolicide, *n.* قتل اطفال خورد
حواله جنين كا قبل يا بعد پيدايش

Prolixity, *n.* طوالت بيانات ميں

Prolong, دوران بڑهانا - طول كرنا

Prominent, *a.* (۱) نماياں - ظاهر - عياں (۲) مشهور - ممتاز

Prominent features of a case مقدمه كے واقعات نماياں

Promise, *n.* عهد - اقرار
بموجب ايكٹ معاهده كے جب وه شخص جسكو ايجاب ديا جاے اوسكي نسبت اپني رضامندي ظاهر كرے تو كها جائيگا كه اوسنے ايجاب كو قبول كيا اور جب وه ايجاب قبول كرليا جاے تو وه اقرار هوجاتا هے

Promise, *v.* وعده كرنا - اقرار كرنا - قول كرنا - زبان دينا

Promise, Breach of خلاف ورزي معاهده

Promisee, *n.* مقوله - معاهده

Promisor, *n.* مقر - معاهد

Promissory note, *n.* پراميسري نوٹ
وه دستاويز تحريري هے (بجز بنک نوٹ يا كرنسي نوٹ) جسميں بلا شرط بدستخط اوسكے لكهنے والے كے وعده ادا كرنے صرف ايك تعداد معين كے زر نقد كا اِس طور پر كيا گيا هو كه ايك شخص خاص كو يا جسكو وه دلائے اسكو يا اوس دستاويز كے حامل كو ديا جائيگا

Promote, *v.* ترقي كرنا - بڑهانا - اعانت كرنا - اعلي رتبه يا درجه كو پهونچانا

Promoters, *n.* بنا ڈالنے والے كسي كمپني يا كار خانه كے باني

Promotion, *n.* ترقي

Prompt, *a.* مستعد - طيار مستعدي كے ساتهه - جلدي سے - برجسته

Prompt dower, مهر معجل

Prompt, *v.* ترغيب دينا - مدد دينا تحريك كرنا

Property, joint, undivided جائداد مشتركه غير منقسمه - مال مشتركه

Promulgate, *v. t* مشتهر كرنا كسي آئين قانون يا قاعده كا

Pronounce, *v. t.* صادر كرنا - بيان كرنا

Pronounced, *a.* صريح - بالاستدلال - قطعي

Pronouncement, *n.* اظهار - استقرار - اعلان

Proof, *n.* (۱) ثبوت (۲) شهادت (۳) ناقابل اثر پذير هونے كے

Proof conclusive, ثبوت قطعي

Propagate, *v. t.* مشتهر كرنا - پهيلانا - زياده كرنا

Proper, *v* مناسب - درست صحيح

Proper care and caution, مناسب احتياط اور هوشياري - يعني اس قسم كي احتياط اور توجه جو معمولي احتياط كا آدمي اپنے معمولي كاروبار ميں كرتا هے

Proper court, عدالت مناسب

Property, *n.* (۱) جائداد - وه شے جو كسي كي ملكيت هو يا جسپر كسي كا حق هو - (قانون هند ميں لفظ جائداد سے جائداد واقع برٹش انڈيا متصور هوتي هے)-(۲) حق ملكيت-(۳) ملك-حقيت - (۴) مال نقد - جنس

Property, General حق ملكيت - حصه

Property, Immovable *See*—Immovable.

Property, Literary. *See*—Literary.

Property mark, نشان ملکیت - یعني وہ نشان جو اِس امر کے ظاھر کرنے کے لیئے کام مین لایا جاے کہ مال منقولہ کسي خاص شخص کا ھے جھوتے نشان ملکیت کا کام میں لانا جرم قابل سزا ھے

Property, Movable *See*—Movable.

Property, Perishable مال قابل خراب ھو جانے کے - مال جو جلد ناقص ھو جاے

Property, Personal *See*—Personal.

Property, Real *See*—Real property.

Property, Special - حق ملکیت خاص- مثلاً بصورت جنگلي جانورون کے

Property, Stolen, - مال مسروقہ - بموجب قانون ھند کے وہ مال جسکا قبضہ سرقہ یا استحصال بالجبر یا سرقہ یا بالجبر کے ذریعہ سے منتقل ھوا ھو اور وہ مال جو تصرف بیجا مجرمانہ میں لایا گیا ھو - یا جسکي نسبت جرم خیانت مجرمانہ کا اِرتکاب ھوا ھو مال مسروقہ کہا جایگا لیکن وہ مال اگر بعدہ اوس شخص کے قبضہ میں آجاے جو اوسکے قبضہ کا جوازاً مستحق ھے تب وہ مال مسروقہ نہوگا

Property tax,—same as Income-tax,

Property, Transfer of اِنتقال جایداد

Prophet, *n.* نبي

Propinquity, *n.* قربت - رشتہ مندي

Propitious, *a.* سعید - نیک - شبہ

Proponent, *n.* (۱) جس شخص نے کسي امر کي توضیح کي ھو - موضح (۲) پیش کنندہ

Proportion, *n* نسبت

In proportion, حصہ رسدي - مناسب - بقدر -

Out of proportion, بے اندازہ نامناسب

Prosecuting with due diligence, پیروي بہ تندھي قرار واقعي

Prosecuting Inspector, پراسیکیوتنگ انسپکٹر - کورت انسپکٹر - وہ عہدہ دار جو سرکار کي طرف سے مقدمات فوجداري کي پیروي کرے

Proportionate, } *a.* حصہ رسدي
Proportionately, } بقدر متناسب

Proposal, *n.* (۱) اِیجاب - بموجب قانون معاھدہ کے جب ایک شخص دوسرے سے کسي امر کے عمل میں لانے یا اوس سے اجتناب کرنے کے باب میں اپني مرضي اس مراد سے ظاھر کرے کہ اوس پر دوسرے شخص کي منظوري اوس عمل یا اجتناب دي نسبت حاصل ھو تو کہا جایگا کہ اوس شخص نے ایجاب کیا (۲) تجویز- استدعا - درخواست

Propose, *v. t.* (۱) تجویز کرنا - خواستگاري کرنا (۲) خواھش کرنا

Proposer, *n.* ایجاب کنندہ - وہ شخص جو کوئي امر پیش کرے

Proposition, *n.* (۱) مسلہ (۲) تجویز

Propositus, *n.* وہ شخص جس سے سلسلہ توریث شمار کیا جاے

Propound, *v. t.* کوئي امر واسطے لحاظ کے پیش کرنا

Proprietary, (۱) جماعت مالکان

(۱) مالک جو کسي شے کي نسبت حق قطعي رکھے

Proprietary, *a.* (۱) مالکانه

Proprietary articles, وہ اشیاء جنکے بنانےاور فروخت کرنے کا قطعي اختیار خاص شخص یا اشخاص کو حاصل هو

Proprietary interest, حق ملکیت

Proprietary right, حق ملکیت
جب اراضي معافي پر بچاس برس سے اور اصل عطیهدار ( معافیدار ) کے دو جانشینوں کا قبضه رها هو تو ایسي آراضي میں قابض کو حق ملکیت حاصل هو جاتا هے

Proprietor, *n.* مالک

Proprietor, Under مالک ادنی
مالک ادنی سے اودهه میں ایسا شخص مراد هے جو حق قابل ارث اور قابل انتقال اراضي میں رکهتا هو اور جو اوس اراضي کي بابت لگان ادا کرنے کا ذمه دار هو

Proprietate Probanda, حکمنامه بنام شیرف بغرض دریافت اِس امر کے که جائداد جو قرق کي گئي کسکي تهي

Propriety, *n.* مناسب هونا - جواز

Pro rata, حصه رسدي - بحصه متناسب

Prorogation, *n.* التوا کارروائي
اختتام سشن پارلیمنٹ

Prorogated jurisdiction (Scot. Law), اختیار سماعت جو بذریعه رضامندي باهم فریقین کے عدالت کو عطا کیا گیا هو اور جو عدالت کو دیگر نهج پر حاصل نهو

Pros and cons, وجوهات طرفین

Proprietor de facto, - مالک حقیقي
مالک قابض

Proprietor de jure - مالک شرعي
مالک از روے قانون

Proscribe, *v. t.* مجرم قرار دینا

Prosecute, *v. t.* (۱) پیروي کرنا
( ۲ ) مقدمه فوجداري قائم کرنا - استغاثه دائر کرنا

Prosecution, *n.* (۱) کسي مقدمه یا استغاثه کا پیش یا دایر کرنا
(۲) مقدمه فوجداري دایر کرنا
کارروائي فوجداري منجانب سرکار
(۳) فریق جو مقدمه فوجداري یا استغاثه دایر کرے - پیروي

Prosecution, Malicious استغاثه عداوتي

Prosecution witnesses, گواهان ثبوت

Prosecutor, *n.* پیروکار مقدمات فوجداري میں

Prosecutor, Public - پیروکار سرکاري
پبلک پراسکیوٹر

Prospect, *n* امید اینده

Prospective, *n.* متعلق بزمانه اینده
( بمقابله متعلق بزمانه گذشته )

Prospectus, *n.* پراسپکٹس - وہ تحریر جو بغرض قائم کرنے کمپني یا کسي جماعت کے شایع کي جاتي هے اور جسمیں منشا اور غرض اوسکي بیان کي جاتي هے اور عوام سے خریداري حصص کي یا شرکت کي اِستدعا کي جاتي هے - ایسي تحریر میں اگر غلط بیاني کي جاے تو معاهده لینے حصه کا قابل انفساخ هو جاتا هے اشتهار - اطلاع

Prosperity, بهبودي - ترقي - اقبال مندي

Prostitute, *n.* کسبي - رنڈي

Prostitution, *n.* کسب - بدکاري - معاوضه لیکر برا کام کرنا

Protect, *v.* - حفاظت کرنا - محفوظ رکھنا - خطرہ سے بچانا - پناہ میں رکھنا

Protection, *n.* - حفاظت - خبرگیری - امان پناہ

Protection order, (E. Law) درجہ جسکو شوہر کو چھوڑ کر چلا گیا ہو مجسٹریٹ یا جج سے حکم حفاظت ایسی جایداد کا حاصل کرسکتی ہے جو اوسنے بعد چھوڑ جانے کے حاصل کی ہو اور حکم حفاظت کی رو سے وہ مستحق اسکی ہوتی ہے کہ وہ بطور زن غیر منکوحہ کے نالش دایر کرے یا نالش اوسپر دائر کی جاے

Protection, Writ of حکمنامہ محفوظی - حکم عدالت جو بغرض حفاظت گواہ یا اہل جوری کے گرفتاری سے عطا کیا جاتا ہے

Protest, *n.* پروٹسٹ - عذر جب کہ پرامیسری نوٹ یا بل آف ایکسچینج نہ سکارے جانے یا نہ ادا کیئے جانے کے باعث سے نامنظور ہو گیا ہو قابض کو جایز ہے کہ عرصہ معقول کے اندر اوس نامنظور ہونے کی یادداشت تصدیق کرائے تو وہ تصدیق پروٹسٹ کہلاتی ہے

(۱) عذر نسبت اعتبار سماعت (۲) تحریر مصدقہ جہاز کے کپتان کی مشعر بیان اون حالات کے جنمیں جہاز یا اوسکے مال کو نقصان بہونچا ہو (۳) عذر نسبت محصول یا مطالبہ قبل یا وقت روانگی کے

Protest for better security, تصدیق پروٹسٹ بابت بہتر ضمانت جب بل آف ایکسچینج کا سکارنے والا دیوالہ ہو جاے یا اوسکے اعتبار میں قبل گذرنے میعاد بل مذکور کے کمی ہوجاے تو قابض کو جائز ہے کہ عرصہ معقول کے اندر نوٹری پبلک کی معرفت سکارنے والے سے بہتر ضمانت طلب کرائے اور جب اوسماس انکار کیا جاے تو اوسے جائز ہے کہ عرصہ معقول کے اندر حالات مذکورہ صدر کی یادداشت کی اور تصدیق حسب مرقومہ بالا کرائے - ایسی تصدیق پروٹسٹ بہتر ضمانت کہلاتی ہے

Protestation, *n.* بیان فریق جو بغرض بچنے اقبال صریح کے کیا جاے اب اس قسم کا بیان کالعدم ہے

Protestor, *n.* عذردار

Protocol, *n* (۱) اصل کسی دستاویز یا سند یا صلحنامہ کی (۲) وہ دستاویز جسکی بناء پر معاملات ملکی طے پاویں

Protracted trial, مقدمہ جو عرصہ تک قائم رہا ہو

Protuberance, اماس - گلٹی

Prove, *v. t.* - (۱) ثابت کرنا - (۲) تصدیق کرنا (۳) صحت دریافت کرنا

Not proven, (Scot. Law) اظہار راے جوری کہ ملزم پر جرم ثابت نہیں کیا گیا

Proved, *a.* مثبتہ

(proved) - نوٹ - الفاظ مثبتہ (Not Proved) اور غیر مثبتہ اور مستردہ (Disproved) میں فرق ملحوظ رہنا چاهئے - مثلاً ملزم پر جب مقدمہ ثابت ہوتا ہے سزا دی جاتی ہے - جب مقدمہ مستردہ ہوتا ہے ملزم بری کیا جاتا ہے جب غیر مثبتہ رہتا ہے رہا کیا جاتا ہے

Provide, *v. t* محکوم ہونا - داخل ہونا - مشروط ہونا - حکم دینا - انتظام کرنا

Provide, *v. t.* - (۱) بہم پہونچانا -

مہیا کرنا (۲) پرورش کرنا (۳) داخل کرنا - مشروط کرنا

Provided, *conj.* بشرطیکہ

Provisionally, انتظاماً - عارضي - چندروزہ

Provident societies, جماعت ھاے انتظام اوقات بسري آیندہ

Province, *n.* (۱) صوبہ - حصہ - ملک (۲) اختیار - کام

Provincial, *a.* مفصلات (بمقابلہ بلاد پریزیڈنسي)

Provincial revenue, آمدني صوبہ یا حصہ ملک کي

Provincialism, *n.* زبان بیرون جات کي

Provision, *n.* (۱) شرط - حکم (۲) سامان بسر اوقات آیندہ یا کسي خاص کام کا (۳) اشیاے خورد و نوش (۴) انتظام - بندوبست

Provisional, *a.* عارضي - چندروزہ

Provisional arrangement, انتظام یا بندوبست عارضي

Provisional government, گورنمنٹ عارضي جو بوجہ بلواے یا کسي اور حادثہ کے بغرض انتظام قایم کي جاے

Provisions for an army, رسد

Provident fund, پراویڈنٹ فنڈ - سرمایہ جو آیندہ کے لئے اکٹھا کیا جاے یہہ سرمایہ گورنمنٹ ملازمان کي تنخواہ سے کچھہ فیصدي لیکر اونکے لئے جمع کرکے قایم کرتي ھے

Proviso, *n.* شرط - فقرہ شرطیہ - فقرہ استثنائیہ

Provocation, Grave and Sudden, اشتعال طبع سخت و ناگہاني - (عذر اشتعال طبع کے قابل پذیرائي ھونے کے لئے ضروري ھے کہ مجرم خود اوس باعث اشتعال طبع کا طالب نہوا ھو یہہ کہ وہ باعث اشتعال طبع ایسے امر کے سبب سے نہ لایا گیا ھو جو قانون کي تعمیل میں کیا گیا ھے یا جسکو کسي سرکاري ملازم نے اپنے سرکاري ملازمي کے اختیارات جایز میں کیا ھو یا یہہ کہ وہ باعث استعمال طبع کسي ایسے امر کے سبب سے نہ لایا گیا ھو جو حفاظت خود اختیاري کے نفاذ جائز میں کیا گیا ھو

Provoke, *v. t.* اشتعالک دینا - تحریک کرنا - باعث اشتعال طبع ھونا

Provoking, اشتعال انگیز - جس سے غصہ پیدا ھو

Provost, *n* عہدہدار منتظم

Proximate, *n.* قریب ترین

Proximate cause, وجہہ اصلي

Proximo, *n.* ماہ آیندہ

Proxy, *n* (۱) قائممقام (۲) پراکسي یعني راے دینے کا اختیار نامہ جو کسي بورڈ یا جماعت میونیسپل کمشنران کے ممبروں کے کسي انتخاب کے وقت یا کسي کمیٹي کے جلسہ میں راے دینے کے لیئے ھو

Prudent, *a.* ھوشیار - محتاط - کفایت شعار

Pseudonym, *n.* اسم فرضي - نام جو خاص وقت کے لیے جھوڑا رکھہ لیا گیا ھو

Puberty, *n.* سن بلوغ - وہ سن کہ جب اشخاص جسماني طور پر اور قانوناً قابل ازدواج کرنے کے تصور کئے جاتے ھیں

**Public**, *a.* (۱) عام (۲) مشہور - سرکاري

**Public Act, or Statute,** ايکٹ يا قانون متعلق عام اشخاص

**Public auction,** نيلام عام - نيلام سرکاري

**Public book and registers,** رجسٹر و بہي کھاتہ سرکاري

**Public charges,** رسوم سرکاري

**Public charities,** خيرات عام

**Public convenience,** آسايش عوام

**Public credit,** اعتبار گورنمنٹ کے معاهدات زر پورا کرنے پر

**Public curator,** محافظ سرکاري

**Public document,** (۱) دستاويزات سرکاري - بموجب قانون شهادت کے دستاويزات سرکاري ميں (۱) دستاويزات مشتمل ايکٹ يا کاغذات متعلقہ ايکٹ مصدرہ سلطان وقت يا مصدرہ سرکاري جماعت يا عدالتوں کے يا مصدرہ واضعان قانون اور حاکمان اور عاملان برٹش انڈيا يا کسي اور قلمرو ملکہ معظمہ ملک غير کے اور (۲) سرکاري دفاتر خانگي دستاويزات کي داخل هيں

**Public duties,** سرکاري خدمات

**Public functionaries,** عہدہداران سرکاري

**Public funds,** اِسٹاک و پراميسري نوٹ و ڈبينچر سرکاري جسپر سود اوقات مقررہ پر ملتا هے

**Public good,** فايدہ عامہ خلايق اتہام لگانا کسي امر کا جو کسي شخص کي نسبت سچ هو ازالہ حيثيت عرفي نهيں هے اگر عامہ خلايق کا فايدہ اوسميں هو کہ اتہام مذکور لگايا جاے

**Public holidays,** تعطيلات عام

**Public house,** *n.* سراے

**Public justice,** معدلت عامہ

**Public law,** *see*—Law and International.

**Public nuisance,** امر باعث تکليف عام يعني ايسا فعل يا ترک فعل جس سے عامہ خلايق کو يا عموماً اون لوگوں کو جو قرب و جوار ميں رهتے هوں يا کسي زمين يا مکان ميں دخل رکهتے هوں کوئي نقصان عام يا خطرہ عام يا رنج عام پہونچے - امر باعث تکليف عام کرنا جرم قابل سزا هے اور اسوجہ سے درگذر کے لايق نہوگا کہ اوس سے کچهہ نفع يا آسايش ظهور ميں آتا هے

**Public office,** عہدہ سرکاري - عہدہ سرکاري قابل انتقال نهيں هے

**Public officer,** - عہدہدار سرکاري (ملاحظہ طلب تعريف مندرجہ ضابطہ ديواني)

**Public performance,** عمل جو عام خلايق کے پيش نظر کيا گيا هو - ايسے عمل کے نسبت نيک نيتي سے راے ظاهر کرنا ازالہ حيثيت عرفي نهيں هے

**Public place,** مقام عام

**Public policy,** مصلحت عامہ - معاهدات جو خلاف مصلحت عامہ هوں کالعدم هيں

**Public property,** جايداد سرکاري

**Public prosecutor,**—*See* Prosecutor.

**Public road,** شارع عام - سڑک سرکاري

Public spirited, خیرخواہ عوام - رفاہ عام کا حامي

Public functions, کارسرکاري - کار ملکي

Public servant, ملازم سرکاري - نسبت تعریف الفاظ مذکور ملاحظہ طلب دفعہ ۲۱ مجموعہ تعزیرات ہند

Public tranquillity, عافیت عامہ خلایق

Public worship, پرستش عام

Public works department, صیغہ تعمیر سرکاري عمارات

Publication, n. (۱) مشتہر کرنا - (۲) شایع کرنا (۲) کتاب یا رسالہ جو مشتہر کیا جاے

Publication of a libel, توهین کا مشتہر کرنا یا کسي شخص کو (سواے مدعي کے) تحریر توهین سے واقف کرنا قانوناً مشتہر کرنا ہے

Publication of a will, وصیت نامہ کي مستہري - موصي کا وصیت نامہ کو بطور اپنے وصیت نامہ آخر کے گواهوں کو واسطے تصدیق کے دینا

Publish, v. t. مستہر کرنا - شایع کرنا - اعلان کرنا - جاري کرنا

Publisher, n. شایع کنندہ

Publishing a will, اقرار کرنا روبرو گواهوں کے کہ یہ وصیت نامہ موصي کا وصیت نامہ آخري ہے

Puffer, n. وہ شخص جو نیلام میں بولي بڑھانے کے لیئے مقرر کیا جاے

*See* Pretended bidding.

Puisne, n. کم باعتبار عہدہ یا امتداد زمانہ یا بلحاظ استحقاق

Puisne judge, جج (کل حکام هائي کورت بجز چیف جسٹس کے اِس نام سے موسوم ہوتے ہیں)

Puisne incumbrancer, کفالت دار مابعد

Puisne mortgagee, مرتہن دویم - مرتہن مابعد

Punch, v. t. اِستامپ یا ٹکٹ کا کاٹنا یا بگاڑنا تاکہ وہ پھر اِستعمال نہ کیا جاے

Punctual, a. بر وقت - ٹھیک وقت پر

Punish, v. t. سزا دینا - تنبیہ کرنا

Punishable, a. قابل سزا - مستوجب سزا

Punishment, n. سزا - تعزیر جو عدالت مجرم کو دیتي ہے - بموجب قانون ہند کے حسب ذیل سزائیں مقرر ہیں

(۱) سزاے موت (۲) حبس دوام بعبور دریاے شور (۳) مشقت تعزیري (۴) قید - (قید سخت اور قید محض) (۵) ضبطي جایداد (۶) جرمانہ (۷) تازیانہ

Punitive Police, پولیس جو بغرض سزا دهي باشندگان کسي مقام کے تعنات کیجاے

Pupil, n. مرید - شاگرد (Rom. Law) طفل جو سن بلوغ کو نہ پہونچا ہو یعني لڑکا جو ۱۴ برس سے اور لڑکي جو ۱۲ برس سے کم عمر کي ہو

Pupillarity. (Scot. Law.) زمانہ قبل بلوغ کے

Purchase, n. خریداري - اِسمیں هر طرح کا طریقہ حاصل کرنے جائداد کا داخل ہے بجز بذریعہ وراثت یا مورث پہونچنے کے

Worth (so many) years purchase خریداري بعوض منافع یا سود اوسقدر سال کے مثلاً اگر جایداد کا منافع ایکسو روپیه سال هو اور وه دو هزار روپیه کو خرید کي جاے تو کها جائیگا که وه ۲۰ سال کے منافع پر یعني خرید (twenty years purchase) کي گئي - ۸ آنه سیکڑا پر خریداري مساوي ۱۲ ۳/۸ سال کے خریداري کے هے

Purchase-money, زر ثمن

Purchaser, *n.* خریدار - مشتري

Purchaser, Auction خریدار نیلام

Purchaser, Certified خریدار سارٹیفکٹ یافته

*See* Certified,

Purchaser, Bonafide خریدار نیک نیت - یعني جسنے خریداري بلا علم فریب کے کي هو

Purchaser, Innocent خریدار بے گناه

Purely, *v.* مطلقاً - کلیاً

Purge, *v. t.* الزام یا جرم سے بري کرنا

Purification, *n.* اپنے آپکو پاک کرنا - پوتر کرنا - شده هونا

Purificatory ceremonies, رسمیات شدهي

Purity, صفائي - معصومیت - پاکیزه

Purloin, چورانا - چوري سے لینا - کتاب یا نوشته سے چرانا

Purparty, *n.* حصه کسي شریک یا حصه دار کا

To hold in purparty. حصه دار بننا - شریک هونا

Purpose, *n.* منشا - غرض - مقصد

Purposely, *ad.* اراده کرکے - عمداً - قصداً

Purpose, Public, اغراض سرکاري

Purse, Public, خزانه سرکاري

Pursuance of, In به تعمیل - حسب الحکم

Pursue, *v. t.* تعقب کرنا - بدهوا کرنا

Pursue, *v. t.* پیروي کرنا - بطور مستغیث کے کارروائي کرنا (۲) تعاقب (۳) مشغول هونا

Pursuer, *n.* (Scot. Law.) مدعي

Pursuit, *n.* (۱) تعقب - پیچها - پیروي - کوشش (۲) شغل

Purveyance, *n.* (E. Law). خریداري اشیا کي بادشاه کے لئے خاص قیمت اور نیز بلا رضامندي بائع کے - اب یهه اختیار منسوخ کیا گیا هے

Purview, *n.* منشاے قانون - متن قانون یا ایکٹ (جو تمهید سے قائل استیار هے) وسعت - حد اختیار

Put in, داخل کرنا - پیش کرنا

Put on or upon, دادخواهي کرنا

Put off, ملتوي کرنا - ٹال دینا - دور کرنا - کناره کرنا

Put up, پبس کرنا

Put a case, مقدمه کے حالت بیان کرنا - کوئي امر واسطے تجویز کے پیش کرنا

Put up with, قبول کرنا - برداشت کرنا - نباهنا - طرح دینا

Put to trial, تجویز کے لئے پیش کرنا - یا پیش هونا

Put out (۱) بیدخل کرنا - خارج کرنا سود پر لگانا (مثلاً روپیه کا) (۲) ناراض کرنا - خفا کرنا - مشتعل کرنا

Put down, رفع کرنا - بند کرنا - مغلوب کرنا

Putative, *n.* مشهور

Putative father, پدر مشهور

Pyx, *v. t.* (Eng.) سکه کا وزن یا مالیت جانچنا

# Q

Qua, *conj.* بحيثيت

Quack, *n.* - نيم حكيم - كچها طبيب - كسي فن كے ماهر هونے كا جهوٹا دعوى كرنے والا

Quack-medicine, عطاروں كي دوا

Quadrennial, چہار سالا

Quantum valeat, بقدر - بقدر حيثيت ماليت

Qualification, *n.* - (۱) لياقت - استعداد احتيار قانوني قابليت كسي عهده كي (۲) قيد - كمي - شرط

Qualified fee—*see* Base fee.

Qualified endorsement. تحرير ظهري جسكي وجه سے ذمهداري تحرير كننده كي ساقط يا محدود هو جاتي هے

Qualified acceptance, سكراي شرطيه - سكراي شرطيه اوسوقت سمجهي جاتي هے جب اوسميں يهه شرط ظاهر كي گئي هو كه روپيه كسي امر كے وقوع پر ادا كيا جائيگا - يا جب اوسمين صرف ايک حرو رر مندرجه كے ادا كا وعده هو - يا جب دستاوير ميں كوئي خاص مقام ادا كا نه لكها هو اور وعده يهه هو كه روپيه ايک خاص مقام پر ادا كيا جائيگا يا جب مقام ادا كي تخصيص هو اور يهه وعده هو كه كسي غير مقام پر روپيه ادا كيا جائيگا يا جب اوسميں وعده ايسے وقت پر ادا كرنے كا كيا جاے جس وقت دستاوير كے بموجب روپيه قانوناً واجب‌الادا نهو

Qualified negative, (Legislation.) نامنظوري شرطيه - جب كه كوئي قانون واضعان قانون صادر كيا اور اوسكي منظوري گورنر جنرل اجلاس كونسل سے نهوئي هو تو وه نافذ نهيں هوسكتا بجز اسكے كه اوسپر دو باره لحاظ كيا جاے

Qualified property, ملكيت محدود يا عارضي حيسي به صورت تحويل هوتي هے

Qualify, *v. t.* (۱) قابل هونا ياقابل كرنا - لايق كرنا كسي عهده يا جگهه (۲) محدود كرنا (۳) مشروط كرنا - تخصيص كرنا

Quality, *n.* (۱) نوعيت حقيت بلحاظ اوسكے آغاز يا اوسكے قيام كے (۲) نوعيت - درجه - مرتبه - حيثيت (۳) خاصيت (۴) تادير

Quantity, *n.* مقدار

Quantity of estate, مقدار حق بلحاظ زمانه يا درجه كے مثلاً حقيت اعلى و حقيت ادنى

Quantum, *n.* تعداد مقدار

Quantum merit, نالش منجانب فريق معاهده بر بناے وعده ضمني ادا كرنے معدر اوس محنت كے جو مدعي نے كي هو

Quantum valebant, نالس واسطے دلا پانے قيمت مال مبيعه كے خواه وه خريدار نے ليا هو اور واپس نكيا هو يا قيمت مال كي نه ٹههري هو

Quarantine, *n.* (E. Law) (۱) ميعاد ۴۰ روز كي بيوه كو استحقاق هے كه اپنے شوهر كے مكان ميں ۴۰ يوم تک بعد وفات اپنے شوهر كے رهے (۲) وه زمانه كه جسميں جهاز جسپر شبهه مرض وبائي كا هو كناره سے عليحده ركها جاتا هے - نيز وه مقام جهاں اِس قسم كے جهاز ٹههرتے هيں

Quarrel, *n.* - (۱) نزاع - خواه نسبت -

جایداد منقولہ یا غیر منقولہ کے
(۲) لڑائي - جھگڑا - تکرار قضیہ - ناچاقي

To pick a quarrel, لڑائي کرنا - دھگڑا پیدا کرنا - جھگڑا خریدنا

Quarrelsome, *a.* جھگڑالو - فسادي - زود رنج

Quarry, *n.* (۱) کان پتھر وغیرہ (۲) شکار

Quart, *n* کوا ٹ چوتھائي گیلن

Quarter, *n.* (۱) چوتھائي (۲) ۲۸ پاونڈ یعني ۱۴ ثار وزن (۳) محلہ - ٹولہ

Quarters, *n.* مقام قیام - وہ مقام جہاں لڑائي میں سپاہ اور افسر تعینات کئے جائیں

Quarter, حفاظت کي جگہہ دینا - تھوڑے عرصہ کے لئے رہنے کا سامان مہیا کرنا

To give quarter, ہارے دشمن کو پناہ دینا

Quarter days, ۲۵ مارچ و ۲۴ جون و ۲۹ ستمبر و ۲۵ دسمبر

Quarter sessions, عدالت دورہ انگلستان جو ہر سہ ماہي پر مقدمات کي سماعت کرتي ہے

Quarterly, سہ ماہي - (۲) رسالہ جو ہر سہ ماہي پر شایع ہو

Quash, *v. t.* (۱) منسوخ کرنا - مسترد کرنا (۲) رفع کرنا - بند کرنا

Quasi, *a.* مثل - ایک طرح کا

Quasi contract, معاہدہ ضمني - معاہدہ بلا صریح اقرار کے - معاہدہ جو قانوناً مستنبط کیا جاے - معاہدہ استنباطي

Quasi corporation, وہ جماعت جو مثل جماعت سند یافتہ ہو مگر کل صفات جماعت آخرالذکر کي اوسمیں نہوں

Quasi delict, فعل بیجا

Quasi easement, حق آسایش صریح اور نہ منصبي

Quasi entail, حقیت محدود یعني جبکہ حق کسي شخص کا اوسکے ذات اور اوسکے ورثاے نسلي پر محدود کیا جاے

Quasi personality, وہ اشیا جو قانوناً منقولہ ہیں گو وہ اشیاے غیر منقولہ سے متعلق ہوں - مثلاً اشیاے جو زمین سے یا کسي اور شے سے جو زمین سے ملي ہوئي یا ملحق ہوں

Quasi possession, استعمال حق بلا قبضہ خاص شے کے

Quasi reality, وہ اشیاے جو قانوناً غیر منقولہ ہیں مگر در اصل وہ منقولہ ہیں مثلاً یادگار مورث و دستاویزات استحقاق مورث

Quasi tort, ٹارٹ یا فعل بیجا جسکي بابت کوئي شخص ذمہدار ہو گو اُسنے خود وہ فعل نکیا ہو مثلاً آقا ذمہدار فعل بیجا اپنے ملازم کا ہے جو اُسنے بانجام دہي خدمت اپنے مالک میں کیا ہو

Quasi trustee, وہ شخص جسنے خلافورزي امانت سے فائدہ اوٹھایا ہو اور اسوجہ سے ذمہدار مامون لہ کا ہو

Queen, *n.* ملکہ - سلطانہ

Queen's bench, کوینس بنچ - سابق میں انگلستان میں ایک عدالت اعلی نگران عدالت ہاے ماتحت تھي جواب ہائي کورٹ میں شامل ہوگئي

Queen's coin, سکہ ملکہ معظمہ -

سکه جو ملکه معظمه یا گورنمنت هند یا کسي پریزیڈنسي کي گورنمنت یا کسي اور گورنمنت واقع قلمرو ملکه ممدوحه کے حکم کي رو سے ٹهپه کیا اور جاري کیا گیا هو ملکه معظمه کا سکه کها جائیگا

Queen's counsel, یهه خطاب بیرسٹروں کو بوجهه قدامت یا خاص لیاقت کے عطا کیا جاتا هے اور اونکو تقدم گفتگو کرنے کا بمقام دیگر بیرسٹران کے حاصل هوتا هے - یهه بیرسٹر صرف باجازت خاص خلاف سرکار کے مقدمات لے سکتے هیں

Queen consort, بادشاه وقت کي بیگم

Queen dowager, بادشاه مرحوم کي بیگم

Queen's evidence, گواه سرکار

To turn Queen's (or King's) evidence, گواه سرکار بننا

Queen's printer, The مطابع سرکاري

Queen's remembrancer, مسیٹر معاملات عدالتي سرکاري هندوستان میں لیگل ریممبرنسر کے نام سے یهه عهده‌دار مشهور هے

Queen regent, } ملکه جو باستحقاق
Queen regnant, } خود حکمران هو

Querele, n. (O. E. Law) - فریاد - استغاثه عدالت میں

Querent, n. (O. E. Law) - مدعي - مستغیث

Query, n. سوال

Question, n. (۱) سوال (۲) بحث امر تنقیح طلب - (۳) امر تحقیقات طلب یا دریافت طلب

In question, بحث طلب - زیر بحث - متنازع

Out of the question, ناقابل لحاظ امر محال

Beyond all question, } بلا شبه - لا کلام -
Past question, } ناقابل - اعتراض

Question of fact, امر متعلقه واقعات

Question of law, امر متعلقه قانون جج کا کام هے که امر متعلقه قانوني کا فیصله کرے اور جوري پر امر متعلقه واقعات کي تجویز چهوڑ دے

Question, Begging. *See* Begging.

Questions, Criminating. سوال منجر به جرم - کوئي گواه سوالات منجر به جرم کے جواب دینے سے معاف نهیں هو سکتا

Questions, Indecent or Insulting. - سوالات فحش یا هتک آمیز - عدالت کو مختار هے که اس قسم کے سوال کرنے کي گو وه متعلق بهي هوں ممانعت کرے

Question, Leading - سوال هدایتي - سوال موصل علي المقصود

Question, v. - سوال کرنا - دریافت کرنا - (۲) اعتراض کرنا - شبه کرنا - کسي در شک یا شبه کرنا

Quibble, اصل بحث سے گریز - حیله بازي

Questionable, a. - قابل اعتراض - مشتبه - غیر صحیح

Quiet, - بلا خلش - بے خرخشه - امن کي

Quiet enjoyment, قبضه بلا مداخلت احدے - تصرف بلا خلش

**Quit**, *v. t.* چھوڑنا - ترک کرنا - استعفا دینا
**To quit cost**, - ادا کرنا - واپس دینا
معاوضہ کرنا - حساب خرچ بھرنا
**To quit scores.** حساب ڈیوڑھا
کرنا - بیباق کرنا
**Quit claim**, *n.* دستاویزات دست برداری
دستاویز ترک دعوی
**Quit claim**, *v. t.* دعوی ترک کرنا - دست
برداری کرنا .
**Quit rent**, *n.* لگان مقررہ
**Quittance**, *n.* - دارعطی
**Quoad**, بہ نسبت - بہ لحاظ
**Quoad Hove**, اسکی نسبت - تعلق کسی
امر کے
**Quota**, حصہ - حصہ رسدی -
برتہ

**Quondam**, *a.* - سابق
**Quorum**, *n.* کورم - سب سے کم تعداد
اشخاص کی جو جلسہ میں بغرض کرنے
کام کے ہونی چاہئے
**Quotation**, *n.* (۱) نقل کسی جزو
تحریر کی یا تقریر کی - قیمت بازار -
اسٹاکس و حصص کمپنی وغیرہ کی
**Quote**, *v.* کسی مصنف کی کتاب کا
حوالہ دینا - کسی نظیر سے کسی عبارت
کا پیش کرنا
**Quo warranto**, حکمنامہ جو کوینس
بنچ ڈویزن سے اسغرض سے جاری کیا
جاتا ہے کہ کس اختیار سے کوئی جماعت
عمل کرتی ہے - اب برطبق اطلاع اس
قسم کا حکم عدالت سے جاری ہوتا
ہے

---

# R

**Rabies**—*See* Hydrophobia.
**Race**, *n.* (۱) اولاد ایک مورث اعلی
نسل بنسل قوم - (۲) گھوڑ دوڑ -
دوڑ -
**Rack**, *v.* - شکنجہ پر کھینچنا
سخت تکلیف دینا - جبر ستانی
**Rack-rent**, *n.* اوسقدر زاید لگان کہ جس
سے اسامی کو کوئی منافع باقی نہ
بچے - بیجا یا بے اندازہ لگان
**Radical**, *n.* وہ شخص جو تبدیلات
اہم معاملات کرنا چاہتا ہے - خصوصاً
اوس قسم کی تبدیلات جنسے درجہ اعلی
اور ادنی کا تفاوت کم ہوجاے یا باقی
نرہے
**Radical**, *a.* - قطعی - انتہائی
اصلی
**Raid**, *n.* دوڑ - حملہ

**Railing**, *v.* جنگلہ کٹہیرہ
**Railway**, *n.* ریلوے - لفظ ریلوے سے ہر
ایسی ریلوے (ریل کی سڑک) یا ریلوے
کا کوئی جزو مراد ہے جو مسافروں
یا جانوروں یا مال کے عام طور در لانے
یا لیجانے کے لئے مستعمل ہو اور اوسمیں
نیچے کی لکھی ہوئی چیزیں بھی داخل
ہیں یعنی (وقت) تمام اراضی جو
ایسے باڑوں یا اور نشانات سرحد کے
اندر ہوں جنسے ایسے اراضی کے حدود
ظاہر ہوتی ہوں جو کسی ریلوے سے
متعلق ہوں اور ریل کی تمام لاین یا بغلی
راہیں یا شاخیں جو کسی ریلوے کی
غرضوں کے لئے یا کسی ریلوے کے علاقہ
میں کام میں آئیں اور تمام اسٹیشن
اور دفتر خانے اور مال خانے وغیرہ اور
تمام گذارے کے گھاٹ اور جہازات

اور کشتیاں وغیرہ داخل ہیں

**Railway administration,** منتظم
ریلوے - منتظم سے جبکہ ریلوے کا
انتظام گورنمنٹ یا کسي دیسي ریاست
کي طرف سے ہو ریلوے کا منیجر مراد
ہے اور اسمیں گورنمنٹ یا دیسي ریاست
مذکور بھي داخل ہے اور جبکہ ریلوے
کا انتظام کسي ریلوے کمپني کي طرف
سے ہو تو ریلوے کمپني مراد ہے

**Railway Company,** ریلوے کمپني -
اس لفظ میں ایسے اشخاص داخل
ہیں جو عام اس سے کہ داخل جماعت
متعدد ہوں یا نہوں کسي ریلوے کے
مالک یا اجارہ دار یا ریل چلانیکے
عہد و پیمان کے فریق ہوں

**Railway servant,** ملازم ریل یعني
ملازم مقررہ ریلوے کمپني

**Rainfall,** بارش

**Raise,** *v. t.* (۱) پیش کرنا - گذارش
کرنا (۲) پیدا کرنا (۳) تعمیر کرنا -
بنانا - (۴) پیدا کرنا - اٹھا کرنا -
جمع کرنا - وصول کرنا - فراہم کرنا
(۵) ترقي دینا - بڑھانا - (۶) زیادہ
کرنا - قیمت بڑھانا - (۷) پیدا کرنا -
(۸) تحریک کرنا - بر انگیختہ کرنا -
برپا کرنا (۹) زور سے کہنا - بلند آواز
سے کہنا

**Raise a cheque, note or bill,** فریب
دہي کي غرض سے قیمت چک یا نوٹ
کي بذریعہ تبدیل ہندسوں وغیرہ کے
زیادہ کرنا

**Raise a siege,** محاصرہ اوٹھانا

**Rancour,** *n.* سخت عداوت - دلي
دشمني

**Range,** *n.* صف - پانت (۲) وسعت
گنجایش - پہونچ - دیہات - وہ زمین
جہاں تک مویشي چریں

**Ranger,** *n.* محافظ جنگلات

**Rank,** *a.* بے اندازہ - بے حد

**Rank,** *n.* درجہ - رتبہ - مرتبہ

**Rank, Persons of** اشخاص ذي رتبہ
امرا

**Rank and file,** جماعت سپاہ معہ
افسران

**Rank of, To take** درجہ میں اعلی
ہونا

**Ransom,** *n* خون بہا

**Ransom bill,** معاہدہ جنگ حر باہم
سلاطین ملک کے ہے کہ مال جہاز جو
گرفتار کیا گیا ہو بادا ے زر رہا
کیا جاے اور بندرگاہ میں پہونچایا
جاے

**Rape,** *n.* زنابالجبر - مرد کا اپني زوجہ
سے جسکي عمر ۱۲ سال سے کم ہو
مجامعت کرنا قابل سزا ہے

**Rare,** *a* (۱) جو شاذ ہو - غیر معمولي -
(۲) کم یاب

**Rash,** *a* بے احتیاطي سے اس لفظ سے یہہ
ظاہر ہوتا ہے کہ کوئي کام اس علم سے
کیا گیا کہ ایسا کرنے سے نتایج تکلیف
دہ اور خلاف قانون پیدا ہو سکتے
ہیں لیکن یہہ امید ہو کہ شاید ایسے
نتایج وقوع میں نہ آئیں اور فاعل کو
یہہ خیال بھي ہو کہ اوسنے کافي تدابیر
اوسکے وقوع میں نہ آنے کي کرلیں
ہیں

**Rash driving,** بے احتیاطي سے چلانا
کسي گاڑي یا مرکب تري کا (ایک جرم
قابل سزا ہے)

**Rashly,** *a* بے احتیاطي سے (۲) عجلت
سے

**Rasure,** *n* وہ لفظ یا نشان جس سے
کوئي جزو تحریر یا نفس کا بگاڑا
جاے

**Rate,** *n.* (۱) محصول - ٹکس (۲) قیمت مالیت - شرح - نرخ

**Ratable,** *a.* (۱) حصہ رسدي کے مطابق پرتہ کے مطابق (۲) قابل تشخیص قیمت یا محصول

**Ratable distribution,** تقسیم بہ حساب رسدي

**Rate, Fixed** شرح معین

**Rate of distribution,** باچھہ - حساب تقسیم

**Rate, Enchanced** لگان اضافہ شدہ

**Rate of exchange,** بھاؤ اکسچینج وہ قیمت جسپر کوئي بل آف ایکسچینج جو کسي ملک میں بنام کسي شخص باشندہ ملک غیر کے تحریر کیا گیا هو بملک غیر مذکور فروخت هوسکے گورنر جنرل باجلاس کونسل نے حسب ذیل ایکسچینج کا بھاؤ غیر ملک کے سکہ کو سکہ برٹش اِنڈیا میں تبدیل یا محسوب کرنے کے لئے مقرر کیا ھے ایک ساورن برطانیہ ۱۵ روپیہ کے برابر ھے لیکن بصورت بل آف ایکسچینج کے محض ۱۰ روپیہ

ایک فرانک - ملک فرانس = ۳/۵ روپیہ

ایک مارک ملک جرمني = ۱۲ آنہ

یعني ۳/۴ روپیہ یعني ۲۰ مارک = ۱۵ روپیہ

ایک ڈالر - ممالک متحدہ امریکہ = ۳ روپیہ

ایک تیل - ملک چین = ۲ روپیہ

ایک ین - ملک جاپان = ۱ روپیہ ۸ آنہ

ایک کرن فارس = ۴ آنہ

**Rate-payer,** *n.* محصول ادا کرنے والا

**Ratification,** *n.* منظوري - جایز قرار دینا - ازروے ایکٹ معاھدہ منظوري بطور ایک ایسے فعل کے تصور کي گئي ھے کہ جسکے ذریعہ سے وہ کام جو دوسرے نے کیا هو منظور کرنے والے پر قابل پابندي هو جاتا ھے

**Ratify,** *v.t.* منظور کرنا - جایز قرار دینا

**Ratio,** *n.* مناسب - انداز - مقدار

**Ratiodecidendi,** وجہہ فیصلہ کي

**Ration,** *n.* مقدار معینہ - اشیاے خوراک سپاہ - رشن

**Rationes,** *n.* بیانات فریقین نالش

**Rational,** *a.* معقول - عقلي - (۲) ناطق صاف عقل

**Rattening,** *v.* کاریگر کے اوزار پیشہ اس غرض سے چھین لینا کہ وہ کسي جماعت کاریگران میں داخل هو

**Ravish,** *v. i.* ازالہ بکارت کرنا - بھگا لیجانا

**Ravishment,** *n.* بھگا لیجانا زوجہ کا شوھر کے پاس سے یا نابالغ کا ولي کي حراست سے

**Raw,** *a.* کچا - خام - جو ابھي اصلي حالت میں هو

**Raze,** *v.* مسمار کرنا - ڈھا دینا - منہدم کرنا

**Reactionary,** *a.* خلاف کرنا اثر پذیر

**Reach,** *n.* پھنچ - رسائي - دست رس (۲) بندش - پیچ - داو

**Read with** ساتھہ پڑھکر - بشمول

As one section read with another Section of the Act. ایک دفعہ کا بشمول دوسرے دفعہ قانون کے

**Reader,** *n.* پیشکار کسي اجلاس عدالت کا (۲) لکچرار کسي مدرسہ کا

**Reading,** نظر ثاني - مطالعہ (۲) عبارت کي تعبیر

**Readiness,** آمادگي - طیاري (۲) خوشي

Re-admission, n. پھر داخل کرنا
پھر منظور کرنا

Ready money, زرنقد

Reaffirm, v. t. پھر منظور کرنا -
پھر بحال کرنا

Reafforest, v. t. دوبارہ جنگل بنانا

Real, a (۱) اصلي - واقعي
(۲) غير منقوله

Real chattels, حق قبضه جايداد
وغيره منقوله

Real action, نالشات واسطے دلا پانے
جايداد غير منقوله کے

Real assets, آراضيات بقبضه وارث
جنپر بار قرضه مورث کا هو

Real estate, See Estate.

Real right, حق جو نسبت جايداد غير
منقوله کے هو

Real servitude, بار جو کسي جايداد
پر بہ تعلق کسي دوسري جايداد
کے هو

Reality, n. *See* Realty.

Realize, v. t. (۱) وصول کرنا
حاصل کرنا (۲) جايداد غير منقوله
ميں تبديل کرنا (۳) صحيح سمجھنا -
واقعي جاننا (۴) پورا کرنا

Realize, v. t. سي قسم کي جايداد
کو خصوصاً حصص کمپني وغيره کو زرنقد
ميں تبديل کرنا

Realm, n. بادشاهت

Realty, n. جايداد - غير منقوله

Rearrest, n. گرفتاري دو باره

Reason, - وجه - سبب - دليل - باعث
انصاف

By reason of, به سبب - بوجهه

Reasonable, a. معقول - مناسب

Reasonable and probable cause,
وجه معقول و قرين قياس - استغاثه
جو بلا ايسي وجهه کيا گيا هو قابل
نالش هرجه هے

Reasoning, n. دليل - بحث

Reassurance, same as Re-insurance.

Rebate, n. کمي - تخفيف -
کمي سود ميں بوجهه ادا کرنے زر اصل
کے قبل وقت کے تسکاونت

Rebel, n. باغي

Rebel, v. i. بلوه کرنا - غدر کرنا

Rebellion, n. بغاوت غدر

Rebellious assembly, (E. L)
مجمع باره سے زياده اشخاص کا خلاف
قانون کے عمل کرنے کي نسبت سے -
مجمع خلاف قانون

Rebuke -لعنت ملامت کرنا - سرزنش کرنا
چشم نمائي کرنا

*See* also Unlawful assembly.

Rebut, v. t. ترديد کرنا - اعتراض کرنا

Rebut, v. i. مدعي کے عذرداري کا
جواب پيش کرنا

Rebuttal, n. مدعي کي طرف سے
شهادت خلاف شهادت مدعاعليه کے
پيش کرنا

Rebutter, n. مدعي کے عذرداري کا
جواب

Recall, v. t. - گواهوں کا پھر طلب کرنا
ياد کرنا

Recapitulate, v. t. مختصراً بيان کرنا

Recaption, n. اپنا مال يا اسباب زوجه
يا اطفال کا اس شخص سے جو لے گيا
هو اور ناجايز طور پر روکے هو بلا جبر
يا تشدد کے واپس لينا

Recaption, Writ of حکمنامه
نه اوس شخص کے لئے هرجه وصول

کیا ہے جسکا مال درباره کچھه گمان کی بابت قرق ہوا ہو

Recapture, *v. t.* جبراً اوس مال کا لینا جو دشمن نے گرفتار کیا ہو

Recede, *v. t.* پیچھے ہٹ جانا - دعوی سے دست بردار ہونا - باز آنا

Receipt, قبض الوصول - رسید - داخله

رسید کی تعریف ایکٹ اسٹامپ میں حسب ذیل کی گئی ہے - لفظ رسید میں ہر ایک چٹھیا یا یادداشت یا نوشته داخل ہے - جسکے ذریعه سے کسی نقد روپیه یا بل آف ایکسچینج یا پرامسری نوٹ کے وصول ہونے کا اقرار کیا جاے یا جسمیں کسی اور جایداد منقوله کے بطریق وصول دینے والے کا اقرار کیا جاے یا جس میں کسی قرضه یا مطالبه کے کسی جزو کے ادا یا بیباقی ہونے کا اقرار کیا جاے یا جسکی عبارت سے کوئی ایسا اقرار مفہوم یا ترشح ہوتا ہو - اور عام اس سے که اوسپر کسی شخص کے دستخط ثبت ہوں یا نہوں (۲) آمدنی آمد -

Receipt and Disbursement, آمدنی و خرچ

Receivable, Bills. *See* Bills.

Receive, *v. t.* (۱) وصول کرنا (۲) لینا مال مسروقه کا (۳) استقبال کرنا (۴) پانا - پہونچنا - (۵) اپنا شریک بنانا - (۶) اخذ کرنا - قبول کرنا (۷) کسی راے کے) منظور کرنا

Receiver, *n.* وه شخص جو عدالت کی طرف سے اپنے قبضه میں لینے اور امانتاً رکھنے کو نقد یا دیگر جایداد زیر نزاع کے دوران نالش میں مقرر کیا جاے

Receiver of stolen property, مال مسروقه کا رکھنے والا - وه شخص جو یه جانکر که مال مسروقه ہے مال مذکور لے یا اپنے قبضه میں رکھے

Receiver, Official *See* Official.

Receiving order, حکم مشعر مقرر کئے جانے آفیشل رسیور کے بغرض مضبوطی جایداد دیوالیه

Recent, *a.* حال کا - تازه

Receptacle, وه جگہه یا ظروف جسمیں کوئی شے رکھی جاے

Reception, *n.* استقبال - خاطرداری

Recess, *n.* وقفه - مہلت - (۲) ہٹ جانا

(Of a river), کناره چھوڑنا - ریتی دینا

Recession, *n.* عطیه مکرر

Recipient, *n.* معطی له - عطیه‌دار - یابنده

Reciprocal, *a.* باہمی آپس کا - جانبین سے

Recital, *n.* (۱) مضمون توضیح دستاویز میں اون امور کا ذکر جنسے وه وجوه معامله ظاہر ہوتے ہوں (۲) بیان تمہید - بیان صریح

Recite, *v.* بیان کرنا -

Recklessly, بے پرواہی سے

Reckon, *v. t.* حساب کرنا شمار کرنا - حساب کرنا

Reckon on, بھروسه کرنا - کسی پر امید قایم کرنا

Reckon with, حساب طے کرنا

Reckoning, حساب - شمار

Reclaim, *v.* درست کرنا - افتاده یا غیر حرث زمین کو اچھی حالت میں کرنا - کاشتکاری کے لایق بنانا (۲) (زمین کو) سیدھی راه پر لانا (۳) واپسی کا دعوی کرنا

Reclaim, *v. t.* (Scot. Law) اپیل کرنا

Reclaimed animals, جانوران جو بذریعہ تعلیم یا محنت کے پلاؤ بنائے گئے ہوں اور جنمیں ملکیت محدود حاصل ہو جاتی ہے

Reclaimable, درستی کے لایق جسے کاشتکاری کے لایق بنا سکیں - قابل اصلاح

Recluse, *n.* سنیاسی - گوشہ نشین

Recogniter, *n.* اہل جوری دایر سایر

Recognizance, *n.* مچلکہ - دستاویز جسکی رو سے مقر روبرو عدالت مجسٹریٹ کے یہہ وعدہ کرے کہ وہ کوئی خاص کام متعلق اپنے فرایض کے عمل میں لائیگا - مثلاً حفظ امن رکھیگا یا عدالت میں حاضر ہوگا

Recognize, *v. t* شناخت کرنا.تسلیم کرنا

Recognize, *v. i.* مچلکہ تحریر کرنا

Recognised agents, (۱) ایجنٹان معبولہ - ایجنٹان معبولہ جو اہالی مقدمہ کی طرف سے عدالت میں حاضر ہوسکتے ہیں - یعنی اشخاص جنکے پاس اہالی مقدمہ کی طرف سے جو علاقہ میں نرہتے ہوں مختار نامہ عام ہو (۲) مختاران سارٹیفکٹ یافتہ (۳) اشخاص جو کاروبار تجارت منجانب فریق ہاے مقدمہ بیرون علاقہ کرتے ہوں

Recognizor, *n.* مچلکہ تحریر کرنے والا

Recollection, *n.* یاد - یادگاری

Recommend, *v. t.* سفارش کرنا

Recommendation, *n.* سفارش

Recompensation, *n.* (Scot. Law). مقدمہ جس میں مدعاعلیہ کے عذر مجرائی پیش کرنے پر مدعی نے بھی عذر مجرائی پیش کیا ہو

Recompense, *n.* - معاوضہ - اجر - سزا - تاوان

Reconcile, *v.* (۱) صلح کرانا - راضی کرنا - مطابق کرنا - موافق کرنا - (۲) طے کرنا - تصفیہ کرنا

Reconciliation, *n.* صلح - میل - مصالحت

Reconvey, *v. t.* پھر منتقل کرنا - واپس کرنا

Reconveyance, *n.* مرتہن کا برطابق ادا ہونے زر رہن کے جایداد مرہونہ راہن کو واپس کرنا

Record, *n.* مسل - کاغذات مقدمہ - رجسٹر

Record, Contract of ڈگری عدالت

Record, Court of عدالت جسکے فیصلجات نظیر ہوتے ہیں

Record, Debt of قرضہ جو بموجب ڈگری عدالت کے واجب معلوم ہو

Record Keeper, محافظ دفتر

Record Room, محافظ خانہ

Record, Trial by تجویز جب کہ نسبت کسی دستاویز یا مسل کے بحث ہو - ایسے مقدمہ میں فریق پر جو موجودگی دستاویز پر استدلال کرے لازم ہے کہ عدالت میں دستاویز مذکور پیش کرے - ایسا نکرنے پر ڈگری خلاف فریق مستدعی کے صادر کی جاتی ہے

Record of London, میر انگلستان - خطاب جج عدالت

Record of right, ثبوت کاغذات حقوق

Record of village custom, واجب العرض - دستور دیہی

Recorder, *n.* جج عدالت رنگون

Recoupment, *n.* پھر دینا - نقصان پورا کرنا - معاوضہ ادا کرنا

Recourse, *n.* چارهٔ جوئي - استعانت

To have recourse to, کسي شخص يا شے کي مدد چاهنا

Recourse, Without *See* Without.

Recover, *v. t.* وصول کرنا - ڈگري حاصل کرنا - نالش ميں کامياب هونا

Recoverable, *a.* قابل وصول - قابل واپسي

Recovery of a wife, دلا پانا زوجه کا

Recrimination, اتهام مخالف - دعوي جو مستغاث الہ مستغيث پر کرے

Recruit, *v.* نئے سپاهي بهرتي کرنا

Recrusid, *n.* رنگروت - سپاهي جو نيا بهرتي هو

Rectification, *n.* تصحيح غلطي

Rectification of an instrument, تصحيح دستاويز - جب بوجه فريب يا غلطي باهمي فريقين کے کسي دستاويز تحرير سے ٹهيک ٹهيک مقصود متعاقدين ظاهر نهوتا هو بر طرف نالش عدالت اوس دستاويز کي اصلاح اس نهج پر کرسکتي هے که اوس مقصود کي صراحت هو الا يهه تصحيح ايسي نهين کي جائيگي جس سے اشخاص ثالث کو جنهوں نے بدل قيمتي ديا هو نقصان نقصان پهونچاے

Rectify, *v.* درست کرنا - صحيح کرنا

Recorded, proprietor, مالک مندرجه کهيوت

To make a record. - کيفيت لکهنا قلمبند کرنا

Recusant, *n.* متمرد - ديد و دانسته مالگذاري ادا کرنے ميں حيله کرنے والا

Recusation, *n.* (O. Law). جج کي نسبت بوجهه اوسکے تعصب کے اعتراض کرنا

Redemise, *n.* پهر اراضي کا پٹه پر دينا

Reddendum, *n.* شرط متعلق ادا کرنے لگان اراضي کے جو پٹه پر دي گئي هو

Redeem, *v.* (۱) انفکاک - (۲) قرضه کا ادا کرنا - بجاے اقساط کے يکمشت ادا کرنا (۳) ايفا کرنا

Redelivery, *n.* پهر حواله کرنا - اگر بيلر کو استحقاق نسبت مال کے نهو اور بيلي يعني امانت دار نيک‌نيتي سے مال مذکور بيلر يعني امانت کننده کو واپس کرے تو بيلر نسبت حوالگي ايسے مال کے مالک کا ذمه دار نهيں هے

Redemption, *n.* (۱) انفکاک رهن (۲) واپسي تمسک

Redemption, Equity of, *See* also Equity. حق انفکاک

Redhanded, مجرم جسپر علامات ارتکاب جرم بروقت پائي جائيں

Redraft, *n.* بل آف ايکسچينج جديد جو قابض ايسے بل آف ايکسچينج کا جسکا روپيه ادا نکيا گيا هو بنام نويسنده يا منتقل کننده کے بغرض وصول کرنے روپيه معه خرچه کے تحرير کرے

Redress, *n.* دادرسي

Redtapism, *n.* ضابطه کي سخت پيروي

Reduction, *n.* تخفيف - کمي - نالش بغرض منسوخي يا ابطالي کسي دستاويز يا وصيت نامه کے

Reduction improbation, نالش منسوخي دستاويز بر بناے فريب يا جعل هو

Reduction into possession. حق نالش کو حق قبضه ميں تبديل کرنا - شوهر مستحق هے که اپني زوجه کے حقوق نالش کي بابت کارروائي کرے

بشرطیکہ وہ حقوق اوسکو علحدہ نہ دئے گئے ہوں

**Reduction of capital,** تخفیف سرمایہ - کمپنیوں کو اختیار ہے کہ بذریعہ ریزولیوشن خاص کے جسکو عدالت نے منظور کیا ہو اپنے سرمایہ میں کمي کریں - اور لفظ (Reduce) کا اپنے نام کے ساتھہ شامل کریں

**Redundancy,** *n.* فضول بیانات مندرجہ عرضي دعوى وغیرہ جو بحکم عدالت خارج کئے جا سکتے ہیں

**Re-entry,** *n.* - دخل مکرر - واپسي بازیادت - بصورت خلاف ورزي شرط پٹہ کے پٹہ دھندھا کا اپني اراضي پر پھر دخل کرنا

**Re-entry, Right of** حق دخل واپس لینے کا - یہہ حق بوجہہ انحراف کسي شرط ما بعد کے بجز مالک اوس جایداد کے جس سے وہ حق متعلق ہو کسي غیر کے نام منتقل نہیں ہوسکتا

**Re-entry, Proviso,** شرط مندرجہ پٹہ جات کہ اگر لگان ادا نہ کیا جاے یا خلاف ورزي معاہدہ کي جاے تو پٹہ‌دار بیدخل کیا جایگا اور پٹہ دھندہ قابض ہوگا

**Re-examination,** *n.* - سوالات مکرر - سوالات مکرر بغرض توضیح امور جنکي نسبت سوالات جرح کئے گئے ہوں لے جاتے ہیں

**Re-exchange,** *n.* فرق مالیت بل آف ایکسچینج کا جو ملک غیر میں نہ سکارا گیا ہو کمي قیمت ایکسچینج کي بھاؤ (ھنڈیوں) پر منحصر ہے

**Re-extent,** *n.* مکرر حکمنامہ وصول زر یافتني سرکاري

**Refer,** *v.* - سپرد کرنا کسي معاملہ کا استصواب کرنا (۲) حوالہ دینا - متوجہ یا مخاطب کرانا

**Referee,** *n.* پنچ - ثالث وہ شخص جسکو کوئي معاملہ واسطے تحقیقات اور رپورٹ یا تجویز کے سپرد کیا جاے

**Referee, Official,** یہہ ایک عہدہ‌دار مستقل بعض عدالت ہاے انگلستان میں ہوتا ہے

**Referee, Special** وہ ثالث جسکو فریقین نے منتخب کیا ہو

**Reference,** *n.* (۱) استصواب (۲) سپردگي - سپردگي ثالثي جو کہ برضامندي فریقین خواہ بحکم عدالت ہو (۳) کارروائي روبرو ثالثان کے (۴) حوالہ - وہ امر جسپر استدلال کیا جاے

With reference to, نسبت بلحاظ

With special reference to, خاصکر اس لحاظ سے

**Referee in case of need,** موسوم علیہ عندالحاجات - یعني وہ شخص کہ جسکا نام بل آف ایکسچینج پر علاوہ موسوم علیہ کے اس غرض سے لکھا ہو کہ درصورت احتیاج کے اوس سے رجوع کي جاے

**Reference to the record,** پٹہ یا نشان مقدمہ کا - ملاحظہ کاغذات مسل

**Reflection,** *n.* غور - خیال - لحاظ (۲) الزام - حرف معني

**Reform,** *v.* اصلاح کرنا - درست کرنا

**Reform,** *n.* - اصلا - درستي رفع نقایض

**Reform of an instrument.** *See* Rectification.

Reformatory, n. تادیب گاہ
مجرمان - اس مقام پر تو عمر مجرمان
جنکي عمر ١٦ برس سے کم هو بغرض
تادیب یا اصلاح کے بهیجے جاتے
هیں

Reformatory school, n. تادیب گاہ
مجرمان

Reformer, n. ریفارمر - اصلاح کرنے
والا

Refractory, a. متمرد - سرکش -
عدولِ حکم کرنے والا

Refresher, n. فیس مزید جو کونسل
کو علاوہ فیس مقررہ اوس حالت میں
دي جاتي هے که جب مقدمه کي
سماعت ایک روز سے زیادہ تک جاري
رهے

Refreshing the memory, تازہ کرنا
یاد کا

Refuge, n. پناہ - حفاظت جاے پناہ

Refund, n. واپسي

Refunding of legacies, واپسي
موهوبات وصیتي - موهوبات وصیتي
خاص صورتوں میں واپس لیجا سکتي
هیں

Refusal, n. (١) انکار - نا منظوري
(٢) حق مقدم خریداري یا حصول
کسي دیگر شے کا

To give one the refusal of a thing. کسي کو کسي امر کے منظوري
یا نامنظوري کا اختیار دینا

Refutation, n. تردید - ابطال

Refute, v. t. تردید کرنا - دلیل کو
باطل ثابت کرنا

Regalia, n. حقوق شاهي بادشاہ کے
مثلاً اختیار معدلت گستري - مثلاً سزاے
موت و معافي سزاے موت - جنگ و
صلح - مالکیت اشیاے لا دعوی - تشخیص
لگان مالگذاري - سکه زني وغیرہ

Regency, n. وہ جماعت مدبران
یا کوئي شخص خاص جو بزمانه
نابالغي یا دیگر ناقابلیت بادشاہ کام
سلطنت کا کرے - نظامت

Regenerated, a. (H. Law). - دوج
دو جنمي - مراد تین برن اعلی سے هے

Regent, نائب سلطنت - وہ شخص جو
بادشاہ کي نابالغي یا ناقابلیت کي
حالت میں حکومت کرے

Regmie, حکومت - نظم - انتظام

Regiment, ایک حصه فوج کا جو زیر
نگراني ایک کرنل کے هو

Register, n. (١) رجسٹر کتاب جس
میں یادداشت امور سرکاري یا کاروبار
کمپني کے درج کئے جائیں
(٢) وہ عهدہ دار عدالت جسکا کام
ترتیب مقدمات و مرتب رکهنے
رجسٹروں کا تها

Register-books, کتب متعلق رجسٹري
دستاویز

Register of births and deaths,
رجسٹر موتي و پیدایش

Registered letter, چٹهي رجسٹري شدہ

Registrar, n. (١) وہ عهدہ دار عدالت
جسکا کام ترتیب مقدمات و مرتب
رکهنے رجسٹروں کا هو (٢) عهدہ دار
جو دستاویزات کي رجسٹري یا تصدیق
کرے

Registrar, Sub سب رجسٹرار

Registration, n. رجسٹري کرنا
درج رجسٹر کرنا دستاویز رجسٹري شدہ
کا اثر اطلاع عام هے

Registration of births and death,
درج رجسٹر کیا جانا پیدایش و وفات
کا - بموجب قانون کے یهه لازمي هے

Registration office, دفتر رجسٹري

Registry, *n.* رجسٹري کرنا - رجسٹري دفتر - رجسٹري زمیندار خواہ سرکار

Re-grant, *n.* عطیہ مکرر

Regress, *v. t.* (Scot. Law). حق پھر داخل ھونے کا جو بر طبق انفکاک رھن کے مرتھن کو عطا کرے

Regular, باقاعدہ - با ضابطہ - معمولي

Regular Appeal, اپیل عام

Regular suit, نالش نمبري

Regularly, سلسلہ وار - مسلسل - باقاعدہ

Regulation, *n.* - آئین - قانون-ضابطہ - دستورالعمل

Regulation, Provinces, - ممالک ائیني - وہ ممالک جن میں قانون جاري اور باساني نافذ ھوسکتے ھیں

Rehearing, *n.* - سماعت مکرر - سماعت مکرر اوس صورت میں کي جاتي ھے جب کوئي شہادت مزید دستیاب ھو اور پھر بحث سني جاتي ھے اور مقدمہ پر غور کیا جاتا ھے

Rehibition, شے خرید کردہ بایع کو بوجہ کسي فریب یا نقص کے واپس کرنا - تنسیخ بیع

Reign, *n.* حکومت سلطنت

Reimburse, - پورا کرنا - معاوضہ دینا واپس دینا

Reimbursement, *n.* - خرچ ادا کرنا - پورا کرنا - زر معاوضہ دینا

*See* Necessaries.

Re-insurance, *n.* معاھدہ جسکي روسے بیمہ کرنے والا جزواً یا کلاً شے بیمہ کراتا ھے کہ اوسکي ذمہ داري کم ھوجاے

Reject, *v. t.* نامنظور کرنا - خارج کرنا

Rejection, *n.* نامنظوري - انکار

Rejoinder, *n.* جواب الجواب - ردجواب

Relapse, *n.* مکرر إرتکاب جرم

Relation, *n.* (۱) رشتہ دار (۲) تعلق - تناسب - رشتہ (۳) زمانہ سابق سے متعلق کرنا قانون یا کارروائي کا مثلاً چٹھیات إهتمام جو زمانہ وفات موصي سے اثر پذیر ھوتي ھیں (۴) بیان - تذکرہ

Relationship, *n.* رشتہ - تعلق تناسب

Relative, (۱) رشتہ دار خصوصاً حقیقي رشتہ دار - عزیز - بھائي بند (۲) دوسرے کے تعلق کے لحاظ سے - دي نسبۃ

Relation, that stands in the — of, لگتا ناتا

Relator, *n* (E. L.) جنرل مخبر جسکي اطلاع پر اٹرني درخواست دریافت کئے جانے استعفاي اون اشخاص کي جنکے خلاف اطلاع دي گئي ھو کرتا ھے

Relax, *v. t.* سختي کا کم کرنا - ملایم طور پر کسي قاعدہ کو متعلق کرنا

Release, *n* - (۱) رھائي (۲) فارغخطي - بیباقي (۳) رسید (۴) واپسي

Release, *v. t.* (۱) رھا کرنا (۲) بیباق کرنا - فارغخطي دینا (۳) واپس دینا - چھوڑنا

Release from attachment, واگذاشت قرقي

Release, *See* Lease and Release.

Release, Instrument of, دستاویز دست برداري

Releasee, *n.* وہ شخص جسکے حق میں دستاویز دست برداري کي جاے

Relieve, سبکدوش کرنا (کسي عہدہ سے بعد مقرري دوسرے شخص کے) - (۲) دادرسي کرنا - حقرسي کرنا - مدد کرنا تکلیف یا مصیبت سے بچانا

Relegation, *n.* عارضي جلا وطني

Relevancy, *n.* متعلق هونا

Relevant fact, واقعات متعلقه
دو واقعات اوس صورت ميں متعلق كيئے جاتے هيں جبكه بموجب معمولي طريقه دنيا كے ايک واقعه سے به نفسه يا به تعلق ديگر واقعات كے موجودگي يا عدم موجودگي دوسرے واقعه كي خواه زمانه حال يا ماضي يا آينده ميں ثابت هو يا قرين قياس هو

Reliable, *a.* قابل اعتبار - قابل اعتماد

Reliance, *n.* اعتماد - اعتبار - بهروسه - استدلال انحصار

Reliction, *n.* آراضي جو دريا چهوڑ گيا هو - زمين جو هٹنے دريا سے خشک هو گئي هو

Relief, *n* (E. Law) - (۱) دادرسي (۲) امن - (۳) نذرانه جو اسامي مالک كو قبضه پانے پر ديتا تها

Relief, Specific دادرسي خاص

Religion, *n.* مذهب

Religious assembly, Disturbing
مجمع مذهبي كو ايذا پهونچانا - يهه جرم قابل سزا هے

Religious endowments, اوقاف مذهبي

Religious feeling, خيالات مذهبي
دل دكهانے كي غرض سے كسي كے خيالات مذهبي كے خلاف برا كهنا جرم قابل سزا هے

Religious liberty, مذهبي آزادي

Religious uses, اغراض خيرات
بموجب ايكٹ وراثت كے كوئي شخص جسكے بهتيجا يا بهتيجي يا كوئي رشتهدار قريب هو اپني جايداد كو اغراض مذهبي يا خيرات كے لئے بجز بذريعه وصيت نامه كے جو ۱۲ ماه قبل وفات كے لكها گيا هو هبه نهيں كرسكتا

Relinquishment, *n.* ترک - چهوڑنا - استعفا

Relinquishment, Deed of استعفا

Relinquishment of part of claim,
ترک جزو دعوى - اگر مدعي كوئي جزو دعوى ترک كرے تو وه اوسكي بابت پهر نالش نهيں كرسكتا

Relocation, *n.* (Scot. Law), تجديد پٹه

Rem, Action in نالش متعلقه شے
جب اس قسم كي نالش كي جاے تو وه جايداد واسطے ايفاے دعوى كے مخصوص هوجاتي هے

Rem, Judgment in ڈگري
جسكے رو سے شخص كامياب كو قبضه ايک شے معين كا حاصل هوتا هے اور اس قسم كي تجويز نسبت اوس شے كے جمله اشخاص پر قابل پابندي هوجاتي هے

Remainder, *n.* حقيت بقيه - جب اروے ايک دستاويز كے ايک هي وقت ميں دو حقيت قايم كي جاتي هيں تو بعد ختم هونے حقيت ماقبل خاص كے جو محدود هوتي هے حقيت آينده معه‌القبض هو جاتي هے - يهه حقيت آخرالذكر حقيت بقيه كهلاتي هے - مثلاً اگر آراضي بنام زيد تا حين حيات اوسكے اور اوسكي وفات پر بكر كے لئے منتقل كي جاے تو حقيت حين حيات زيد حقيت خاص هے اور حقيت بكر حقيت بقيه هے

Remainder, Contingent, حقيت بقيه مشروطا - يهه اوس صورت ميں هوتي

هے جبکہ وہ شخص جو حقیت بقیہ کا مستحق ہو ہنوز پیدا نہوا ہو

Remainder-man, حقدار باقي ماندہ وہ شخص جو بعد اختتام حقیت خاص کے قابض ہو

Remainder, Vested حقیت بقیہ متصلہ اوس صورت میں ہوتي ہے جب بعد ختم ہونے حقیت خاص کے اوس حقیت پر قبضہ ہو جاے

Remand, *v. t.* واپس کرنا

Remand, *n.* واپسي مقدمات - مقدمات فوجداري میں ملزم کو پھر حوالات بھیجنا - مقدمہ کا ملتوي کرنا مقدمات دیواني میں عدالت اعلی کا مقدمہ کو عدالت ادنی میں واسطے تحقیقات یا تجویز مکرر کے واپس بھیجنا

Remand, Order of حکم واپسي مقدمہ

Remand, To ask for - ریمانڈ چاہنا مقدمہ کو واپس پہنچنے کي اسغرض سے درخواست کرنا کہ ثبوت مزید فراہم کیا جاے

Remand a prisoner, قیدي کو حوالات میں واپس بھیجنا

Remanet, *n.* (England) مقدمہ جو کئي مرتبہ ملتوي ہوا ہو

Remark, *n.* کیفیت - اظہار راے - ریمارک

Remark, *v.*- لحاظ کرنا - راے ظاہر کرنا - کیفیت تحریر کرنا - توجہ دلانا - کسي امر میں بحث کرانا

Remarkable, *v.* قابل توجہ - قابل ملاحظہ - غیر معمولي

Remedial, - عجب - جس سے کسي شے کا علاج یا دفعیہ ہو - جس سے کسي کي چارہ جوئي ہوسکے

Reluctantly, *a.* چار نا چار - بے مرضي سے

Rely, اعتبار رکھنا

Rely on, استدلال کرنا

Remedy, *n.* چارہ کار قانوني طریقہ حصول دادرسي

Remedy, Civil *See* Civil.

Remembrancer, *n.* انگلستان میں یہہ لفظ اکثر عہدہداران کي نسبت استعمال کیا جاتا ہے جنکا ابتدأ یہہ کام تہا کہ خاص امور کي نسبت خاص اشخاص کي توجہ دلائیں

*See* Legal Remembrancer.

Reminder, *n.* یاد دہاني چٹھي یاد دہاني

Remise, *n.* دست برداري - واپسي - چھوڑنا

Remission, *n.* - معافي - کمي - تخفیف رعایت - معافي جرم یا قرضہ یا مطالبہ سرکاري

Remit, *v. t.* (۱) ارسال کرنا - روپیہ یا ہنڈي کسي کے پاس بھیجنا (۲) معاف کرنا یا کم کرنا (۳) مقدمہ کو عدالت ادنی میں بغرض تجویز امر یا امور تنقیح طلب مطابق ہدایت عدالت اعلی کے واپس بھیجنا

Remission of revenue, - تخفیف جمع چھوٹ

Remittance, چالان - روپیہ یا ہنڈي وغیرہ جو کہیں اور بھیجي جاے

Remitter, *n.* بحالي قبضہ ایسے شخص کي جسکو حق واقعي نسبت جایداد کے ہو لیکن جسنے بجز حق اصلي کے حق ناقص یا نامکمل سے قبضہ حاصل کیا ہو

Remittitur, Damnum مدعي کا

بیان کہ وہ هرجه کے دم لینے پر رضامند هے

Remonstrate, *v*. اعتراض کرنا - سخت شکایت کرنا - تنبیه کرنا

Remote, *a*. بعید - هرجه اوس صورت میں بعید کہلاتا هے جب که تعلق ضرر اور اوس نقصان میں جو اوس سے پہونچا هو ایسا دم هو که جسکی وجهه سے اوس شخص کو جسکو نقصان پہونچا هو نقصان پہونچانے والے سے معاوضه یا هرجه طلب کرنے کا استحقاق نرهے - (۲) قرابت میں بعید - دورکا - (۳) علحده - دور (۴) خفیف - قدرے

Removal, معزولي - برطرفي - (۲) دفعیه (۳) نقل مکان - جگهه کي تبدیلي (۴) علحدگي - خاطمه - هٹا دینا

Removal of attachment, واگذشت قرقي

Remove, *v. t.* منتقل کرنا کسي مکان یا دفتر کا

Removed, درجه رشته میں دور - مثلاً
A cousin once removed.
عم زاد بهائي جس میں ایک پشت کا تفاوت هو

Remuneration, *n*. اجر - معاوضه - حق السعي

Remunerative, *a*. - جسمیں معاوضه ملے - لائق معاوضه یا اجر

Render, *v*. (۱) کرنا - دینا - (۲) ترجمه کرنا

To render an account, حساب دینا حساب طیار کرکے دینا

To render a service, کوئي خدمت کرنا

To render oneself liable, اپنے آپکو مستوجب (کسي امر کا) بنانا

Render back, واپس دینا

Rendering, *n*. ترجمه

Render, In, Profits are said to lie *in render* when the tenant is bound to pay them, استفاده واجب اوسوقت هوتا هے جب اسامي کو اوسکا ادا کرنے کے لئے پیش کرنا لازم هو مثلاً لگان استفاده واجب هے

Renewable, *a*. قابل تجدید -

Renewal, *n*. تجدید

Renounce, *v. t.* کسي حق کو چهوڑنا

Renounce probate, بحیثیت وصي کسي وصیت نامه پر عمل کرنے سے انکار کرنا

Rent, *v*. (۱) لگان پر دینا - کرایه پر دینا (۲) آراضي یا مکان پر بذریعه پٹه کے قابض هونا

Rent, gross نکاسي خام

Rent, net نکاسي - پخته

Rent free grant, معافي - جاگیر

Rent free grant, Holder of معافي دار

Rent, *n*. لگان - کرایه -
لگان سے مراد وه معاوضه هے جو اسامي یا کرایه دار سے مالک آراضي کو واجب هو - لگان خواه بذریعه زر نقد یا بذریعه جنس یا خدمت کے ادا کیا جاسکتا هے - ایکٹ قبضه آراضي جدید میں لگان بذریعه خدمت تسلیم نهیں کیا گیا هے

Rent, Black. *See* Black.

Rent, Charge بار لگان یا کرایه -
لگان جو آراضي پر بوقت دینے پٹه کے قایم کیا گیا هو یا بحق کسي دیگر شخص کے هبه یا عطا کیا گیا هو

Rent, Dead, لگان مقررہ جو پٹہدار مکان کا ادا کرتا ہے

Rent free land, آراضي معافي

Rent, Ground لگان جو پٹہ دار آراضي بغرض تعمیرات مکان مالک آراضي کو ادا کرتاہے بھوم بھاڑہ

Rent, Peppercorn, لگان برائے نام جو محض بغرض اقرار اسامي ہونے کے وصول کیا جاے

Rent roll, جمعبندي دکاسي

Rental, n. جمعبندي

Renunciation, n. کسي استحقاق کے اختیار کرنے سے انکار کرنا - چثھیات اهتمام لینے سے انکار کرنا

Reopen, v. t. پھر سي معاملہ کے نسبت جو طے ہو چکا ہو بحث یا گفتگو یا تجویز کرنا

Repair, n. مرمت - درستي

Reparation, n. (۱) درستي - مرمت - (۲) تلافي - معاوضہ - تاوان

Repatriation, n. حقوق رعایا اپنے ملک کے حاصل کرنا اوس شخص کا جسنے غیر ملک کا رعیت ہونا قبول کیا تھا

Repay, v. t. - پھر ادا کرنا - بدلہ دینا معاوضہ دینا

Repayable, a. قابل ادا - واجب

Repayment, واپسي

Repeal, v. t. منسوخ کرنا - مسترد کرنا نسخ کرنا

Repeal, n. منسوخي - انفساخ

Repeat, v. t. (Scot. Law). واپس کرنا اوس رقم کا جو زاید آ گئي ہو

Repeat, v. - (۱) مکرر کہنا - اعادہ کرنا (۲) کسي امر کو دوبارہ کرنا

Repeatedly, مکرر - بارہا - متواتر

Repent, v. متاسف ہونا - پچھتانا - توبہ کرنا - بعد افسوس کے طبیعت یا طریق کو بدلنا

Repentant, n توبہ در مایل - توبہ کرنے والا

Repleader, n. (E. Law.) دوبارہ بیان فریقین سابق میں فریقین کے بیان دوبارہ کرانے کي اجازت لینے کي اوس صورت میں ضرورت ہوتي تھي جب کہ بیان اول سے کوئي امر تنقیح طلب ٹھیک نہیں پیدا ہوتا تھا اب بیانات فریقین (مثلاً عرضي دعوی وغیرہ) میں ہر صورت میں ترمیم ہوسکتي ہے

Repledging, n. گرو در گرو کرنا - یعنی داخل ضمانت مجرمانہ کے ہے

Replevin, n. نالس بغرض دلا پانے مال کے جو ناجایز طور در قرق ہوا ہو - بیشتر یہہ چارہ کار محض قرقي بیجا کي صورتوں میں ہوتا تھا لیکن یہہ اب جملہ صورتوں میں جب مال بیجا طور پر ضبط یا روک رکھا گیا ہو استعمال کیا جاسکتا ہے

Replevy, v. t. واپس لینا مال کا جو ناجایز طور پر قرق یا ضبط کیا گیا ہو بر طبق ادائے ضمانت اس امر کے کہ نسبت حق مال مذکور کے عدالت میں نالش کي جاویگي اور اگر خلاف مدعي کے فیصلہ ہوگا تو مال واپس کیا جائیگا

Replication, n. جواب مدعي کا مدعاعلیہ کے جواب دعوی کا - جواب الجواب

Reply, v. t. مدعا علیہ کے بیان کا جواب دینا - جواب الجواب داخل کرنا یا پیش کرنا

Report, n. (۱) رپورٹ - بیان - نتیجہ کسي تحقیقات یا تفتیش کا جو حسب هدایت یا درخواست کي گئي ہو

(۲) بیان حالات واقعات جو افسران صیغہ اپنے اعلی عہدداران کے پاس ارسال کریں - کیفیت
(۳) رپورٹ نظایر مقدمہ - فیصلجات عدالتی - انڈین لا رپورٹ (نظایر قانون ھند)
(۴) کسی تقدیر عام یا کسی کارروائی کی مختصر یا مکمل تحریری کیفیت
(۵) افواہ - شہرت -

Report, First رپٹ ابتدائي (پولس کی)

Reporter, *n.* رپورٹر - وہ شخص جو عدالت کے فیصلوں کی یا جلسہ واضعان قانون کی کارروائی کی کیفیت تحریر کرے - (۲) خبرنویس - وہ شخص جو عام جلسوں کی کارروائی وغیرہ کی کیفیت کی اطلاع تحریری اخباروں کو دے -

Report, *v. t.* (۱) بیان کرنا - اطلاع دینا (۲) کیفیت تحریر کرنا (۳) کسی کے چال چلن کی نسبت برا کہنا شکایت کرنا (۴) حالات تحریر کرنا بغرض اشاعت کے (۵) عدالت کے فیصلوں کی یادداشت

To report one's self, تحریر کرنا اپنی حاضری کی خبر کرنا - اور خدمت کے لئے طیار ہونا

Reports Law. See the list of abbreviations at the end of the Volume.

Reprehend, *v.* سرزنش کرنا - ملامت کرنا - تہمت لگانا

Reprehensible, *a.* معیوب - قابل سرزنش - چشم نمائی کے لایق

Represent, *v. t.* (۱) قایم مقامی کرنا (۲) معاملہ پیش کرنا - حالات بیان کرنا - ظاہر کرنا - کسی امر کی نسبت اس خیالات - ... ظاہر کرنا

Representation, *n* (۱) جماعت اون اشخاص کی جو بطور قایمقام کسی کمپنی یا فرقہ کے عمل کریں (۲) بیان ضمن خواہ زبانی یا تحریری جو تضمینہ خطرہ یا بیمہ پر موثر ھو (Ins. Law.) (۳) بیان - اظہار واقعات یا دلایل جو کسی بیان یا درخواست میں پیش کئے جایئں (۴) قایمقامی

Representative, *n.* قایم مقام

Representative, Legal قایم مقام قانونی - یعنی وصی یا مہتمم ترکہ متوفی

Representative, Personal. Same as legal representative

Representative, Real ورثاے مورث

Repress, *v.* دبانا - فرو کرنا - روکنا - باز رکھنا -

Repression, *v.* دبانے والے - دباو-روک

Reprieve, *v. t.* ملتوی کرنا سزا کا - معطل کرنا حکم سزا کا

Reprimand, *n.* زجر - عتاب - ملامت باضابطہ

Reprimand, *v. t.* بموجب حکم سزا کے باضابطہ طور پر اور علم میں ملامت کرنا - سخت سرزنش کرنا - مورد عتاب کرنا

Reprisal, *n.* دشمن سے کوئی چیز بطور معاوضہ کے لینا

*See* Letters of Marque.

Reprises, *n.* لگان و محصول وغیرہ جو آراضی تعلقہ سے سالانہ لیا جاتا ھے

Reprobate, *n.* - سخت بدکار - مردود - اوباش

Republic, *n.* سلطنت جمہوری

Republication, *n.* مکرر تحریر کرنا

وصیت نامہ کا بعد منسوخي یا استرداد
وصیت اول کے

Repudiate, *v. t.* (۱) منحرف هونا
نا منظور کرنا - اِنکار کرنا (۲) طلاق
دینا یا چھوڑ دینا

Repugnant, *a.* نقیض - خلاف

Reputation, *n.* شہرت - خیال عام
یہہ اوس صورت میں قابل پذیرائي
شہادت هے جب چال چلن تنقیح طلب
هو

Reputed ownership, - ملکیت ظاهري
بلاضابطہ قبضہ

Request, *v.* استدعا کرنا - درخواست
کرنا - التجا کرنا

Request, Court of عدالت واسطے
وصول کرنے قرضہجات خفیف کے - اب
ایسي عدالتیں موقوف هوگئي هیں

Requirement, *n.* اقتضاے - ضرورت

Requisition, *n.* (۱) طلبي - مانگ
(۲) با ضابطہ طلب مجرم کي دوسرے
ملک سے جہاں وہ بھاگ کر گیا هو (۳)
استدعا شرکت جلسہ (۴) اشیاے جو
کسي محکمہ سے طلب کي جائیں

Requisition on title, دریافت
حالات بایع سے نسبت استحقاق جایداد
کے جسکا بتلانا بایع پر بصورت نہ هونے
شرط خلاف کے لازم هے

Re-sale, *n.* بیع مکرر

Rescind, *v. t.* فسخ کرنا - منسوخ کرنا -
کالعدم کرنا

Rescission, *n.* فسخ کرنا معاهدہ کا
منجانب فریقین کے

Rescissory, *a.* فاسخ

Rescue, *a.* (۱) ناجایز طور پر جبراً
لیجانا یا نکال لیجانا مال کا جو
قانوناً قرق یا ضبط کیا گیا هو (۲)
جبراً چھوڑا لیجانا کسي شخص کا جو
گرفتار کیا گیا هو یا حراست میں هو

Re-seize, *v. t.* قبضہ حاصل کرنا اوس
آراضي پر جسپر سے ناجایز طور پر
بیدخل کیا گیا هو

Reservation, *n.* شرط
فقرہ کسي دستاویز میں جسکي رو سے
عطیہ میں سے کوئي خاص شے عطیہ
دهندہ کے لئے مستثني کي جاتي هے

Reserve, *n.* بچت - شے محفوظہ

Reserved, *a.* (۱) محفوظ
(۲) شے جو واسطے ضرورت آیندہ کے
رکھي گئي هو

Reset, *v. t.* (Scot. Law). پناہ دهي
چھپانا مجرم یا مال مسروقہ کا دگھہ
کاروبار کرنے کي

Resettling, پھر قرار دینا
(مثلاً امر تنقیح طلب کا)

Res gestae, *n.* واقعات جو کسي امر
نزاعي کے جزو اصلي هوں

Residence, *n.* جاے سکونت

Resident, *n.* (۱) ساکن - باشندہ -
(۲) ریزیڈنٹ وہ عہدہدار جو سرکار
کي طرف سے ریاست هند میں بطور
سفیر کے رهتا هے

Residuary, *n.* (M. Law.) (۱) عصبہ
(۲) اوس حصہ کے متعلق جو باقي رہ
جاے

Residuary clause. وہ فقرہ وصیت نامہ
جو نسبت جایداد باقي ماندہ کے هو

Residuary divisee, منتقل الیہ بقیہ
جایداد غیر منقولہ موصي

Residuary legatee. موهوب لہ
وصیت جسکو بعد اداے قرضہجات و
هبہجات کے بقیہ جایداد منقولہ موصي

کي ملے اوسکو جملہ موهوبات مسقوطہ پهونچتي هيں

**Residue**, *n.* (۱) وہ جزو جايداد موصي کا جو بعد اداے قرضجات و موهوبات کے باقي رهے (۲) جو کچهہ نقد نکالنے کسي حصہ کے باقي رهے (۳) زر بقايا قرضہ

**Resign**, *n.* (۱) استعفا دينا - دست کش هونا - دست بردار هونا (۲) توکل و تسليم کرنا - کسي کي مرضي پر قانع هونا

**Resistance to order**, تمرد عدول حکمي

**Resignation**, *n.* استعفا - دست‌برداري

**Resintegra**, امر غير منفصلہ

**Resistance**, *n.* مزاحمت - مزاحمت گرفتاري حاير مين جرم قابل سزا هے

**Resjudicata**, امر تجويز شدہ - امر تجويز شدہ ايک امر مانع تفرير مخالف هے

مسلمہ امر تجويز شدہ اس طرح پر بيان کيا گيا هے - کوئي عدالت کسي مقدمہ يا بحث کي تجويز نکريگي جس ميں وہ امر جو صريحاً اور در اصل تنقيح طلب هو ايک مرتبہ پہلے مابين فريقين حال يا اُسي فريقين کے جنکے ذريعہ سے وہ دعويدار هوں عدالت مجاز سے در اصل تنقيح پاکر قطعاً طے هو چکا هو

**Resolution**, *n.*-ارادہ‌مستحکم ريزوليشن. تجويز کسي جماعت يا حاکم اعلى کي - يا وہ امر جو واسطے تجويز کے کسي جماعت يا جلسہ ميں پيش کيا جاے

**Resolve**, *v.* کسي امر کي تجويز کرنا

بذريعہ راے دينے کے - ارادہ مصمم کرنا

**Resort**, *v.* رجوع لانا - چارہ جوئي کرنا- کسي سے درخواست کرنا

**Resort**, *n.* رجوع لانے کي جگهہ

Last resort, آخر ذريعہ دادرسي

Court of last resort, عدالت جسکا اپيل نهو

**Resource**, *n.* ذريعہ - تدبير - چارہ - ذرايع - سرمايہ - دولت پيدا کرنے کے ذرايع

**Respectable**, *a.* (۱) معزز - شريف - قابل اعزاز (۲) معقول - عمدہ (يعني جو بعد ازيں مناسب هو)

**Respectfully**, *ad.* مؤدبانہ

**Respectively**, *ad.* على ترتيب - فرداً فرداً

**Respector of person**, وہ شخص جو طرفداري کرے

**Respiration**, *n.* دم لينا - سانس لينا - تنفس

**Respite**, *n.* (۱) معطلي حکم سزاے موت (۲) مهلت جو مديوں کو بعد ميعاد قانوني کے بڑهاے

**Respondent**, *n* رسپانڈنٹ عدالت اپيل ميں جواب دہ

**Respondentia bond**, دستاويز قرضہ جو بکفالت مال محمولہ کسي جهاز کے يا ايسے مال کے هو جو جهاز پر چڑهنے والا هو اور اوس ميں يهہ شرط هو کہ روپيہ اوس وقت ادا کيا جاے جب مال محمولہ بندرگاہ مقصود ميں پهونچے

**Responsible**, *a.* ذمہ‌دار - جواب دہ - جس سے مواخذہ هوسکے - ذي حيثيت - جو کوئي ذمہ‌داري اپني

حیثیت سے احتیاط سے قبول کرسکے اور اوسکا ایفا کرسکے

**Responsibility,** *n.* ذمہ داری

**Rest,** *n.* وہ زمانہ کہ جس کے بعد حساب اصل و سود کا کیا جاے کہ اوسوقت پر سود واجب زر اصل میں شامل کیا جاتا ہے اور رقم مجموعی پر پھر سود شمار کیا جاتا ہے اور بصورت رہن معہ القبض کے اگر آمدنی جایداد کی سود سے زیادہ ہو تو زر فاضل زر اصل سے منہا کیا جاتا ہے اور آیندہ زر باقی پر سود لگایا جاتا ہے

**Rest,** (۱) بھروسہ کرنا - اعتبار کرنا - مطمئن کرنا

To rest with, کسی کے اختیار میں دینا

**Rests, To take accounts with,** حساب رہن معہ القبض کا بعد زمانہ معین کے عموماً بعد ایک سال کے

**Restitution,** *n.* کسی فریق کو وہ شے واپس دیدینا جس سے وہ محروم کیا گیا ہو - واپسی - تلافی

**Restitution of conjugal rights,** اعادہ حقوق زناشوئی

**Restoration,** (۱) بحالی (۲) بارِ دیگر نمبر سابق قائم ہونا مقدمہ کا (۳) حالت سابقہ پر پھر قائم ہونا

**Restore,** *v.* (۱) بحال کرنا - مقدمہ کو پھر قائم کرنا - (۲) واپس کرنا کسی شے کا جس سے کوئی ناجائز طور پر محروم کیا گیا ہو

**Restraint,** مزاحمت - روک - قید - وہ امر جس سے کوئی قید لگائی جاے - امر مانع

**Restraining order,** *n.* حکم امتناعی

**Restraint, Wrongful** مزاحمت بیجا - یعنی کسی شخص کا بالارادہ اس طرح سد راہ ہونا کہ وہ ایسی سمت میں جانے آنے سے باز رہے کہ جس میں وہ جانے کا مستحق ہے - یہہ جرم قابل سزا ہے

**Restraint of marriage,** مانع ازدواج

**Restriction,** *n.* قید - پابند روک

**Restrictive endorsement,** تحریر ظہری جسکی وجہہ سے بل آف ایکسچینج کا بعد ازاں سکارا جانا محدود یا ساقط ہو جاے

**Resulting trust,** امانت جو اوس صورت میں پیدا ہوتی ہے کہ جب حقیت قانونی منتقل کی گئی ہو اور کوئی خاص امانت یا کام بصراحت ظاہر نکیا گیا ہو اور منشا نسبت کسی امانت یا کام میں لانے کے ظاہر نکیا گیا ہو - ایسی شے منتقلہ منتقل کنندہ کو واپس ملتی ہے

**Resulting use,** کام جس کے لئے امانت کی گئی ہو جب ختم ہو جاے تو شے امانتی کا فایدہ اوس شخص کو پہونچتا ہے جسنے امانت قایم کی ہو

**Resumption,** ضبطی معافی یا بازیافت اراضی

**Resume,** *v.* واپس لینا - باز یافت ضبطی لگانا - مکرر شروع کرنا

**Retain,** *v.* (۱) اپنے قبضہ میں رکھنا - (۲) محنتانہ پر مقرر کرنا. مشایرہ پر رکھنا

**Retaliation,** *n.* بدلہ - مکافات - انتقام

**Retire,** *v.* (۱) کنارہ کش ہونا - آرام کے لئے علحدہ جانا (۲) تارک الدنیا ہونا - سنیاس لینا (۳) ملازمت سے دست کش ہونا (۴) خطرہ یا لڑائی سے ہٹانا

Retirement, Valid, (M. L.) خلوت صحيحه

Retiring Room, آرام کمرہ

Retort, برجستہ و حسب حال جواب

Retreat, v. (۱) پس پا ہونا - دشمن کے سامنے سے ہٹ جانا (۲) گوشہ نشینی اختیار کرنا

Retrenchment, کمی - تقلیل تخفیف - خرچ - تراش خراش ،

Retro-active law, قانون جسکی رو سے ایسے افعال مجرمانہ قابل سزا قرار دئے گئے ہوں جو قانون مذکور کے نفاذ سے پیشتر رد ہوے ہوں

Retrograde, اُلٹا - موثر بہ تنزل

Returning officer, وہ عہدہدار جو ووٹ کے پرچہ لیتا ہے

Return day, مدعاعلیہ کی حاضری کی تاریخ یا تعمیل سمن یا حکم نامہ کی کیفیت داخل کرنے کی تاریخ

Retail, v. t. خوردہ فروشی پھنکر بیچنا

Retainer, n. (۱) فیس یا روپیہ جو کسی وکیل یا کونسل کو بغرض پیروی مقدمہ یا نہ لینے مقدمہ فریق مخالف کے دیا جاے (۲) دستاویز تقرر وکیل وغیرہ (۳) ملازم - ہمراہی

Retainer by an executor, حق وصی کا نسبت لینے اپنے قرضہ کے ترکہ موصی سے بہ ترجیح دیگر قرضجات ہر قسم کے

Retention, n. حق روکنے مال کا اوس وقت تک کہ جب تک اجرت یا قیمت ادا نہ کی جاے - کفالت

Reticence, n. خاموشی - سکوت

Retirement of Jury, جوری کا بغرض مشورہ کمرہ میں جانا

Retiring a bill, کسی بل - (ہنڈی) کا روپیہ ادا کرکے اوسکو واپس لینا

Retiring pension پنشن جو بوقت ترک عہدہ یا ملازمت عطا کی جاے

Retortion, n. انتقام - بدلہ

Retract, v. t. منحرف ہونا

Retracting confession, اقبالات جن سے عدالت سشن میں انحراف کیا کیا ہو

Retrial, n. تجویز یا سماعت مکرر

Retrospective, a. متعلق بزمانہ گذشتہ

Return, n. (۱) واپسی (۲) جواب (۳) رپورٹ کسی عہدہدار کی نسبت کسی حکمنامہ کے - کیفیت تعمیل - کیفیت ریل کمیشن (۴) نقشہ جو کوئی زمانہ معین پر ارسال کرے

Return, n. (M. Law). رد اگر ذوی‌الفروض کے حصص کے دینے کے بعد ترکہ کچھہ باقی رہے اور کوئی عصبہ نہو تو بقیہ ترکہ ذوی‌الفروض میں تقسیم کیا جائیگا - اس کو روکتے ہیں

Returnable, a. قابل واپسی - جواب جو کسی تاریخ معینہ پر آنا چاہئے

Reunion, n. پھر شامل ہونا - شرکاے خاندان کا بعد علحدگی کے پھر شامل ہونا

Re-united, Brothers برادران جو پھر خاندان میں شامل ہوگئے ہوں

Revenue, n مالگذاری - آمدنی سرکاری مالگذاری

Revenue, Agents ریونیو ایجنٹ وہ اشخاص قانون پیشہ جنکو عدالت مال میں حاضر ہونے کی اجازت ہے

Revenue, Board of—*See* Board.

Revenue Courts, عدالت مال

Revenue Engagement, اقرارنامه اداے مالگذاري

Revenue-free, معافي مالگذاري اراضي لاخراج آراضي

Revenue, Land - آمدني آراضي

Revenue Officers, حکام مال

Revenue Sale, - نيلام بعلت مالگذاري نيلام بحکم عدالت مال

Revenue, Separate آمدني مسکرات وغيره

Reversal, *n.* منسوخي

Reverse, *v. t.* منسوخ کرنا کسي فيصله تجويز يا حکم کا برطبق اپيل کے

Reversion, *n.* عود - حقيت مابعد حق آينده

جب که کوئي حقيت يا کوئي اوسکا جزو مالک نے کسي دوسرے شخص کے نام ايک زمانه محدود کے لئے منتقل کيا هو تو بعد گذرنے اُس زمانه کے حقيت مالک کي جانب عود کرتي هے اسي طرح پر جب کوئي حقيت بيوه کو تا حيات اوسکے وراثتاً ملي هو تو وه حقيت بعد وفات بيوه کے مالک اصلي يعني اوسکے شوهر کو پهونچتي هے اور اس طور پر اوس کے ورثا حقيت مذکور کے وارث هوتے هيں - اس لئے وه ورثا عودي کهلاتے هيں

Reversionary interest, حق عودي

وه حق جو آينده بعد ختم هونے حق درمياني کے حاصل هو - يهه الفاظ عموماً جايداد منقوله سے اوسي طرح سے متعلق هوتے هيں جس طرح که لفظ Reversion جايداد غير منقوله سے

Reversionary, lease, پٹه عودي

يعني دوسرا پٹه جو بعد ختم هونے ميعاد پٹه ماقبل کے اثر پذير هو

Reversioner, *n.* وارث عودي - وارث ما بعد

*See* Reversion

Revert, *v. t.* عود کرنا

حقيت کا بعد انتقام حق خاص کے مالک جسنے حقيت عطا دي تهي - پهر پهونچنا

Reverter—*See* Reversion.

Revest, *v.* عود کرنا

Review *n.* نظر ثاني -

يهه اپيل سے قابل امتياز هے - تجويز ثاني کي اصل منشا نظر ثاني کي تهي که اوس مقدمه پر وهي جج پهر لحاظ کرے جو خلاف اسکے اپيل سے يهه مراد هے که اعلى تر عدالت اوس مقدمه پر لحاظ کرے - (۲) تفريط کرنا - جانچنا

Review, Bill of درخواست نظر ثاني

درخواست بغرض نظر ثاني و تصحيح و ترميم ڈگري آخر

Review of judgment, فيصله کي تجويز ثاني

Revise, *v. t.* نظر ثاني کرنا

Revising barristers, ادنى درجه کے بيرسٹر جو بغرض نظر ثاني فهرست راے دهندگان (ممبران پارليمنٹ) مقرر کئے جائيں

Revision, *n.* (۱) نگراني (۲) نظر ثاني

Revival, *n.* تجديد

تجديد قرضه ميعاد گذرگئي هو بذريعه اداے ايک جسکي جزو يا سود کے

Revival of easement, تازگي حق استفاده

Room, Retiring—*See* Retiring
Room, Waiting, ٹھہرنے کا کمرہ
Rope-ladder, کمند
Root, *n.* (۱) جڑ (۲) بانی
Rotation, *n.* باری سے - گردش - ایک کے بعد دوسرے فصل کا باری باری سے ہونا
Rotation of officers, تبدل - بدل عملہ یا عہدہ‌داران کی
Rough, *a.* نا درست - کچا ہوا - جو صاف نہو - نا تمام
Rough draft, مسودہ جو صاف نہو - کچا ہوا مسودہ
Round, *n.* (۱) گشت - رونڈ
Round, *a.* (۱) قیمت اعلی (۲) مہمل
Round answer, گول جواب
Round numbers, قریب قریب تعداد
Round, *ad.* چاروں طرف - ایک جانب سے دوسری جانب
To turn round. پہلو بدلنا - راے بدلنا - ایک جانب
To get round one, کسی سے مطلب نکالنا
To get round the provision of law, احکام قانون سے گریز کرنا
Route, *n.* راستہ
Routine, معمولی طریقہ کاروبار - سرکاری دفتر کا مقررہ کام
Royal, *a.* (۱) شاہی به سر پرستی شاہی - حسب فرمان
Royal society, شاہی مثلاً انجمن به سر درستی شاہی
Royalty *n.* (۱) حق موجد یا مصنف وہ رقم جو حاصل کنندہ پیٹنٹ کو ہر چیز پر جو بموجب پیٹنٹ کے بنائی یا

ساخت کی جاے دی جاے (۲) خراج کان
Rub out, *v* مٹانا - چھیلنا
Rub, *n.* مزاحمت - امتناع - قباحت - دقت (۲) طعنہ - ملامت
Rudeness, *n.* - کم حلقی - بے تمیزی - تندی - سختی - خباست
Ruin, *n.* (۱) بربادی - زوال - ویرانی (۲) - ابتری - تباہی (۳) کھنڈھر - ویرانہ
Ruin, *v.* تباہ کرنا - سخت نقصان پہونچانا مفلس بنانا (۲) مسمار کرنا - نیست و نابود کرنا - کھنڈھر کرنا - ویران کرنا
Ruinous policy, کارروائی مضر - خرابی یا تباہی پیدا کرنے والی تدبیریں
Rule, *n.* (۱) قاعدہ - حکم (۲) حکم اظہار وجہہ (۳) حکومت - سلطنت راج - عملداری (۴) - ضابطہ - سرشتہ
Rule, *v. t.* (۱) حکم صادر کرنا قاعدہ مقرر کرنا (۲) حکم اظہار وجہہ صادر کرنا قاعدہ قرار دینا (۳) حکومت کرنا - انتظام کرنا - کسی کی نسبت اپنا اقتدار نافذ کرنا
Rule, *v. i* (۱) کسی امر ضمنی کا تجویز کرنا (۲) قواعد بابت کار عدالت کے مقرر کرنا
To make rule absolute, حکم اظہار وجہہ قطعی کرنا
To discharge a rule, حکم اظہار وجہہ منسوخ کرنا
Rule of court, بحکم عدالت - جب سپردگی ثالثی بحکم عدالت ہو تو فیصلہ ثالثی بطور حکم عدالت نافذ کیا جاسکتا ہے
Rule of practice, دستورالعمل

**Ruling**, *n*. نظیر - فیصلہ عدالتي

**Ruling chief**, سردار - حکمران

**Rumour**, *n*. افواہ - شہرت

*See* also False report.

Run, *v. t.* میعاد کا شروع ہونا (۲) جاری یا قایم رہنا - واجب‌الادا نہونا (۳) جاري رہنا - چالنا (مثلاً سود کا)

To run after, پیچھا کرنا - پیروي کرنا - تلاس کرنا

To run away, بھاگ جانا

To run away with, بھگا لیجانا - لے بھاگنا - نکال لیجانا

To run on, جاري رہنا - چالتے رہنا

To run out, ختم ہونا - میعاد کا گذرجانا - منقضي ہونا - تام ہو جانا - کل خرچ ہو جانا

To run over, سرسري نظر ڈالنا - چلنے کي حالت میں اوپر سے نکل جانا -

To run up بڑھ جانا - تعداد میں زیادہ ہو جانا

Running account, حساب رواں

Running hand, شکستہ خط

Run with the land, آراضي کے ساتھہ منتقل ہونا

A covenant is said to *run with the land* when the benefit or burden of it passes to the assignee of the land.

یعني معاهدہ کي پابندي منتقل‌الیہ پر ہوتي ہے

Rupee, *n*. روپیہ

Rupture, *n*. لڑائي - جھگڑا - نزاع

Rural, *a*. دیہاتي - متعلق بیرونجات

Ryot, رعیت - اسامي کاشتکار

## S

Sacerdotal, *a*. پروہتوں کے متعلق - پروہتي - مرشدوں کا

Sacrament, *n*. سنسکار - رسوم مذھبي

Sacred, *a*. (۱) متبرک - مقدس - (۲) اغراض دیني کے متعلق

Sacred object, شے متبرک

شے متبرک کو نقصان پہونچانا یا نجس کرنا جرم ہے

Sacred thread (H. Law). جنیو - زنار

Sacrifice, *n*. - چڑھاوا - قرباني - نیاز - بھینٹ - صدقہ نقصان (جو کسي کے لئے برداشت کیا جاے)

Sacrifice, Burnt—*See* Burnt.

Sacrifice, Human آدمي کي قرباني

**Sacrilege**, *n*. شے متبرک کو نجس کرنا یا نقصان پہونچانا

**Saddle**, *v*. بار ڈالنا - زیر بار کرنا

Saddle with costs, - خرچہ عاید کرنا - زیربار خرچہ کرنا

Safe conduct, *n*. وہ چیز جس سے کوئي شخص بحفاظت پہونچایا جاے - مثلاً گارڈ یا محافظ یا پاس پورٹ

Safeguard, *n*. - حفاظت - بچاو - پناہ - (۲) راہداري کا پروانہ

Safe keeping, *n*. حفاظت - ضرر سے محفوظي - بھاگنے سے محفوظ

Safe pledge, ضمانت یا ضامن بابت حاضري کسي شخص کے روز مقررہ پر

Safety, Public حفظ امن خلایق

Salary, *n* تنخواہ - مشاہرہ - مشاہرہ عہدہ‌دار سرکاري کا قابل انتقال نہیں ہے

Sale, *n*. (۱) بیع - فروخت کرنا (۲) نیلام

بيع حسب تعريف ايكت معاهدہ مبادلہ جايداد كا بعوض قيمت هے - ايكت انتقال جايداد ميں لفظ بيع سے مراد هے انتقال ملكيت كا بمبادلہ قيمت كے جو ادا كي جاے يا جسكے ادا كا وعدہ كيا جاے يا جو جزواً ادا كي جاے اور جزواً معهود هو

Sale, Bill of—*See* Bill.

Sale, Execution, نيلام باجراے ڈگري

Sale, Proclamation of, اِشتهار نيلام
اِشتهار نيلام ميں بے ضابطگي نفس الامري وجهہ كالعدم قرار دئے جانے نيلام كي هے

Sale, Public—*See* Public.

Sale, Putting on نيلام پر چڑهانا

Saleable interest, حق قابل بيع يا نيلام (جبكہ مديون ايسا حق جايداد نيلامي ميں نركهتا هو تو نيلام منسوخ هو سكتا هے)

Saleable tenure, حقيت قابل نيلام

Salient, *a.* نمودار - نماياں - ظاهر

Salutary, *a.* نفع بخش - سودمند - جس سے كوئي مفيد كام نكلے

Salvage, *n* (۱) وہ معاوضہ جو اون اشخاص كو ديا جاے جو از خود جهاز يا اوسكے مال كو خطرہ سے بچائيں (۲) وہ جزو مال جهاز كا جو بعد خطرہ كے بچ رهے

Salvage, Equitable,
معاوضہ جو واسطے بچانے كسي نقصان (بجز جهاز) كے ديا گيا هو - مثلاً اگر جان بيمہ كا چندہ كوئي شخص ادا كردے اور بيمہ اس طور پر ساقط نهوے دے تو وہ انصافاً پانے معاوضہ كا هے

Sample, *n.* نمونہ - بانگي
نمونہ دكهلانے سے يهہ عهد قايم هوتا هے كہ مال اوسي قسم كا هے

Sanction, *n.* منظوري - اِجازت - سند

Sanction to prosecute, اِجازت استغاثہ
عهدہدار سركاري پر استغاثہ بلا اجازت گورنمنت كے نهيں هو سكتا عدالت بعض جرايم كي سماعت بلا اجازت عهدہدار يا عدالت كے جسكے روبرو يا بہ تعلق جسكے جرم هوا هو نكريگي

Sanction, *v.* منظور كرنا - اِجازت دينا روا ركهنا

Sandy, *a.* رتيلا - بالوا

Sane, *a.* صحيح العقل

Sanguinary, - جسميں بهت خونريزي هو - خونكا پياسا

Sanitary. متعلق حفظ صحت

Sanity, *n.* حالت صحت عقل

Sans recourse—*See* Without recourse.

Satisfaction, *n.* (۱) معاوضہ نقصان (۲) اداے قرضہ

Satisfaction, in بعوض
To the satisfaction of court, باطمينان عدالت

Satisfaction of a debt (Equity).
اداے قرضہ مديون بذريعہ چهوڑنے كسي جايداد كے قرضدار كو

Satisfaction of judgment debt.
اداے زر ڈگري

Satisfactory, *a.* قابل اِطمينان

Satisfied, (۱) مطمئن - راضي - (۲) بيباق هوا

Satisfied demand, مطالبہ بيباق شدہ

Satisfied terms—*See* Terms.

Satisfy, *v.* (۱) شبہ رفع كرنا - دلجمعي كرنا - (۲) بيباق كرنا - ادا كرنا - ايفا كرنا

Save *v.* (۱) بچهانا - محفوظ رکهنا - (۲) چهوڑنا - رها کرنا (۳) جمع کرنا - پس انداز کرنا -

Saving clause, شرط استثنایه

Savings, بچت

Savings-bank—*See* Bank.

Sayings, *n.* کہاوت - ضرب المثل - کلام

Scaffold, *n.* پهانسي دینے کا چبوترہ

Scale, *n.* (۱) درجه - شرح - قسم (۲) ترازو

Scale of fees, شرح رسوم

Scandal (Equity), بیان یا نالش توهین آمیز - بیان خلاف تهذیب - الزامات غیر متعلق وغیرہ اس قسم کے تحریرات کو عدالت عرضي دعوی اور بیانات تحریري وغیرہ سے خارج کرنے کا حکم دے سکتي هے

Scandalous, *a.* هتک آمیز - باعث ناموس - جس سے ندامت پیدا هو

Scandalous questions—*See* Questions.

Scandalum, Magnatum توهین تحریري یا زباني امرا ملک یا عدالت یا دیگر عهدہداران اعلی مملکت - ایسے الفاظ کا زبان سے کهنا سابق میں جرم تها - انگلستان میں توهین زباني کوئي جرم نهیں هے

Scant, *a.* ناکافي - قلیل - خفیف

Scarcity, *n.* کمي - گراني - قلت قحط

Scavage, *n.* (O. E. Law). محصول جو سابق میں میر یا شیرف اون اشخاص سے لیتا تها جو باهر سے مال فروخت کرنے آتے تهے

Scavenger, *n.* خاکروب - جاروب کش

Scene of action or occurrence, موقع واردات

Sceptre, *n.* عصا شاهي

Schedule, *n.* (۱) ضمیمه - (۲) فهرست منسلکه عرضي دعوی - فهرست

Schedule debts, قرضهات مندرجه فهرست

Schedule districts, اضلاع مندرجه فهرست - یهه اضلاع قانون سے مستثنی کئے جاتے هیں

Schedule creditors, داینان جنکا نام فهرست داینان دیوالیه میں درج هو - داینان مندرجه فهرست

Schedule of property, فرد تعلیقه

Scheme, *n.* طریقه انتظام - تجویز - تدبیر

School, *n.* مدرسه

School, Bengal (Hindu Law), دهرم شاستر متعلقه بنگال - اس ملک میں داے بهاگ وغیرہ معاملات وراثت میں مستند هے

School, Benares دهرم شاستر متعلقه بنارس اس ملک میں متاکشرا مستند هے

Scotfree, صاف - بے لاگ - بے گزند (۲) بلا محصول

Scienter, *adv.* جان بوجهکر - نالش دغا میں دیدہ دانسته مدعاعلیه کا عمل کیا جانا ثابت هونا ضروري هے

Scientific Society, انجمن علمي -

Scire facias, حکمنامه اظهار وجهه که کیوں کوئي دستاویز بحق سایل نافذ نه کي جاے یا کیوں کوئي دستاویز منسوخ نه کي جاے

Scope, *n.* منشاے - دعواے - وسعت

Scout, *n.* مخبر واسطے دریافت حال فوج دشمن کے

Screen, *v.* چهپانا - پناہ دینا - چهپاکر بچانا -

Screw out, دبا کر لینا - جبریه حاصل کرنا

**Scribe**, *n.* كاتب دستاويز

**Scribble**, گهسيٹ - بد خط

**Scrip certificate**, اقرار نامه كمپني كه قابض كاغذ مستحق حصص مصرحه كمپني كا هے

**Script**, *n.* اصل دستاويز - اصل يا مسوده وصيت نامه يا تتمه وصيت نامه

**Scrivener**, *n* عرضي نويس - كاتب دستاويزات

**Scroll**, *n. Same as* Roll.

**Scruple**, *n.* - پس و پيش - تعميل انديشه - شك و شبهه

**Scrupulously**, *ad.* - با احتياط تمام هرشياري سے هر بات كا خيال ركهكر

**Scrutiny**, *n.* جانچ - تفتيش

**Scuffle**, *n.* كشا كشي - جهگڑا - مار پيٹ - هاتا پائي

**Seal**, *n.* مهر
مهر عدالت كا سمن اور حكمنامجات پر هونا ضروري هے

**Seal, Comparison of** مقابله مهر
بموجب ايكٹ شهادت هند كے بمقابله مهر يا تحرير متنازعه كا اصلي مهر يا تحرير سے عدالت مقدمات فوجداري و ديواني دونوں ميں كرسكتي هے

**Seal, Instrument under** دستاويزات مهري و رجسٹري شده

**Seal, Under** مهري

**Seamark**, *n.* نشانات سمندر - مثلاً بيكن وغيره

**Search**, *n.* تلاشي

**Search out**, تلاش كرنا - سراغ لگانا

**Search one's house**, خانه تلاشي كرنا

**Search Right**, حق تلاشي
بزمانه جنگ حق تلاشي لينے جهازات تجارتي كا بغرض دريافت اس امر كے كه دشمن كا مال يا كوئي مال ممنوع جهاز پر هے يا نهيں

**Search warrant**, وارنٹ تلاشي
وارنٹ تلاشي كسي شے يا دستاويز كا علاوه پوليس كے كسي اور كے نام بهي صادر هوسكتا هے - وارنٹ تلاشي كسي شخص كا جسكي نسبت يهه معقول گمان هو كه بيجا طور پر قيد كيا گيا هے كسي شخص كے نام صادر هوسكتاهے

**Searches**, *n.* تلاشي منجانب خريدار يا اوسكے كونسل كے رجسٹرار كے دفتر ميں بغرض دريافت اس كے آراضي پيهچپر كوئي كفالت يا بار هے يا نهيں

**Sea-shore**, *n.* كناره بحر - يعني وه جگهه جو درميان اون مقاموں كے هو جهاں پاني جوار اور بهاٹے كے وقت آتاهے

**Season**, *n.* موسم

**Seat**, *n.* نشست - بيٹهنے كي جگهه

**Second appeals**, اپيل دويم -
يهه اپيل محض نسبت امور قانوني كے هوسكتي هے فوجداري ميں عدالتاپيل كے حكم برات كے لوكل گورنمنٹ اپيل كرسكتي هے

**Second class Magistrate**, مجسٹريٹ درجه دويم

**Second cousin**, بهتيجه كا لڑكا

**Second deliverance**, نالش بغرض دلا پانے مال كے جو ناجايز طور پر قرق كيا گيا هو حكمنامه دويم بغرض دلائے جانے مال مذكور كے

**Second-hand**, *n.* پرانا

**Second offence**, جرم دويم -
جس شخص پر ايك بار جرم متعلقه سكه يا اسٹامپ يا جرم متعلق مال ثابت قرار پايا هو اور اسپر دوباره اوسي قسم كا جرم ثابت قرار ديا جاے تو اوسكي سزا جرم مابعد كي بابت ۱۰ سال كي قيد ياجس دوام بعبور درياے شور كي هوسكتي هے

**Second reading,** مسودہ قانون پر دوسری مرتبہ لحاظ ہونا

**Secondary evidence,** شہادت منقولی
شہادت منقولی میں امور ذیل داخل ہیں—(۱) نقول مصدقہ (۲) نقول جو اصل سے بذریعہ کل کی ترکیبات کے کی جائیں - اور وہ نقول جنکا مقابلہ اون سے کیا گیا ہو (۳) نقول جو اصل سے کی گئی ہوں یا اوسکے ساتھہ اونکا مقابلہ کرلیا گیا ہو (۴) دستاویزات کی تحریرات مقابل بمقابلہ اون فریق کے جنھوں نے اون کی تکمیل نہ کی ہو (۵) زبانی بیان کسی دستاویز کے مضمون کا جو ایسے شخص نے کیا ہو جسنے کہ خود اوسکو دیکھا ہو

**Secret,** *n.* راز - امر پوشیدہ

**Secret, State** راز مملکت - ایسے راز کا ظاہر کرنا جرم ہے

**Secret-trust,** امانت پوشیدہ
ہبہ بالوصیت بذریعہ ایک ایسی امانت کے جو تحریر نہ کی گئی ہو - اگر یہہ امانت خلاف قانون ہو تو ہبہ کالعدم ہو جاتا ہے

**Secretary,** *n.* سکریٹری - مہتمم

**Secretary of State in Council,**
سکریٹری آف اسٹیٹ باجلاس کونسل کل نالشات منجانب یا بنام گورنمنٹ از نام سکریٹری آف اسٹیٹ دایر کی جاتی ہیں

**Secreting documents,** دستاویزات کا چھپانا اس غرض سے کہ وہ شہادت میں نہ پیش ہوں جرم قابل سزا ہے

**Sect,** *n.* فرقہ - مذہبی جماعت

**Sectarian,** *a.* متعلق کسی فرقہ کے - کسی فرقہ یا جماعت کے اصولوں کا حامی

**Section,** *n.* دفعہ

**Sub-section,** دفعہ تحتی - دفعہ ذیلی

**Secure,** *v.* (۱) محفوظ کرنا - دلجمعی کرنا - اطمینان کرنا (۲) بند کرنا - مضبوطی سے جکڑنا - مقید کرنا (۳) قبضہ حاصل کرنا

**Security,** *n.* (۱) ضمانت (۲) کفالت (۲) ضامن

**Security, Consolidation of**—*See* Tacking, اجتماع کفالات ہاے متعدد
اگر کوئی شخص مختلف حیثیتوں ایک ہی شخص کے پاس علحدہ علحدہ قرضجات متعدد میں رہن کرے یا قرضجات مزید لیکر رہن کرے تو مرتہن اس امر پر اصرار کرسکتا تھا کہ تنہا کوئی خاص جایداد فک رہن نکی جائیگی - لیکن یہہ طریقہ اب اززوے دفعہ ۹۲ ایکٹ انتقال جایداد سنہ ۱۸۸۲ع کے مسدود کیا گیا

**Security for good behaviour,**
ضمانت نیک چلنی - یہہ ضمانت مجرمان عادی اور مشتبہ اشخاص سے بلا ثبوت جرم لی جاتی ہے

**Security for keeping the peace,**
ضمانت حفظ امن - یہہ ضمانت بلا ثبوت جرم اون اشخاص سے لی جاسکتی ہے جنکی نسبت یہہ گمان ہو کہ وہ نقض امن کا ارتکاب کرینگے اور اون مجرمان سے بھی یہہ ضمانت لی جاسکتی ہے جنپر حملہ یا بلوہ یا نقض امن وغیرہ کا جرم ثابت قرار دیا گیا ہو

**Security, Insufficient**—*See* Insufficient.

**Security, Hazardous** ضمانت ذاتی

**Security, Real** کفالت اصلی
ذمہ داری جایداد پر نقصان پورا کرانے کی مثلاً بصورت رہن

**Security, Valuable**—*See* Valuable.

**Sedition,** *n.* سڈیشن - فتنہ انگیزی - بغاوت یعنی بذریعہ الفاظ کے یا بذریعہ اشارات یا نقل محسوس العین کے یا اور طور پر نفرت یا حقارت پیدا کرنا یا خیالات بدخواہی نسبت گورنمنٹ کے جو برٹش انڈیا میں قانوناً قائم ہوئی پیدا کرنا - یہہ ایک جرم قابل سزا ہے

**Seditious,** *n.* بغاوت انگیز - فتنہ انگیز

**Seditious literature,** مضامین جسے خیالات خلاف سرکار کے پیدا ہوں - مضامین بغاوت انگیز

**Seditious meetings Act,** قانون متعلق جلسہ جسمیں مضامین بغاوت انگیز بنائے جائیں

**Seduce,** *v.* (۱) ورغلانا - گمراہ کرنا - خراب کرنا (۲) بھگا لیجانا (عورت کا) - بے عصمت کرنا

**Seduction,** *n.* بھسلا لیجانا عورت کا

**Seed-grain,** *n.* بونے کا غلہ یہہ قابل قرقی نہیں ہے

**Seize,** *v. t.* گرفتار کرنا - قرق کرنا - جبریہ قبضہ میں کرنا

**To be seized of,** قابض ہونا

**Seisin,** *n.* **(Feudel Law)** قبضہ. حقیت مستقل

**Seized in deed,** قبضہ واقعی

**Seized in law,** وراثتاً قابض ہونا گو واقعی قبضہ نہو

**Seizure,** *n.* - (۱) ضبطی - گرفتاری (۲) شے مضبوط

**Selection,** *n.* انتخاب

**Self-defence,** *n.* حق حفاظت خود اختیاری یہہ حق جان و مال دونوں پر موثر ہے - قانوناً یہہ جایز ہے کہ وہ فریق جس پر کسی جرم کا ارتکاب کیا جانے کا اقدام کیا جاے مجرم کو اوس فعل کے کرنے سے روکے گو اوس میں مجرم کے جان کا اندیشہ بھی ہو

**Seller,** *n.* بایع

**Seller's lien,** *n.* بایع کی کفالت بایع کو اموال بیعہ پر جب تک کہ وہ اوسکے قبضہ میں رہیں اور اونکی قیمت یا کوئی جزو قیمت غیر مودی رہے کفالت (حقیت) حاصل ہے

**Selling defamatory matter,** فروخت مادہ جس میں مضمون مزیل حیثیت عرفی ہو - یہہ جرم قابل سزا ہے

**Semblance,** *n.* - مشابہت - ظاہری شکل حیثیت

**Semblance of title,** حق ظاہری - حق نام کے لئے

**Semble,** *n.* تجویز ضمنی - یعنی تجویز جس میں کوئی امر قانونی جو مقدمہ سے صریحاً متعلق نہو فیصل کیا جاے

**Senate,** *n.* (۱) سینیٹ - مجلس واضعان قانون (۲) جماعت منتظم یونیورسٹی

**Senator,** *n.* **(O. E. Law.)** ممبر کونسل شاہی

**Senior,** *n.* کلاں - اکبر - اعلی بزرگ

**Senior wife,** زوجہ کلاں - وہ زوجہ جسکی سب سے بیشتر شادی ہوئی ہو

**Seniority,** *n.* بڑا ہونا بلحاظ قدامت کے

**Sensation,** جوش - جذبہ

**Sense,** *n.* معنی - مطالب - مفہوم

**Sense, Common** عقل سلیم

**Sense, Ordinary** اوسط فہم و مزاج

**Sensible,** *a.* (۱) معقول - جسمیں معقول دلیلیں ہوں - فہیم - سمجھدار

**Sentence,** *n.* (۱) حکم سزا (۲) تجویز عدالت (۳) سزا

Sentence, Commutation of
تبدیل حکم سزا - گورنمنٹ ھند یا لوکل گورنمنٹ کو مجاز ھے کہ حکم سزاے موت کو کسي میں اور حکم سزا حبس دوام بعبور دریاے شور کو کسي قسم کي قید میں تبدیل کرے

Sentence, *v.* حکم سزا صادر کرنا
سزا دینا

Sentry, *n.* سنتري - محافظ

Separate, *a.* علحدہ

Separate estate, جایداد جو عورت منکوحہ کو اوسکے ذاتي صرف کے لئے دي جاے جس سے شوھر کو کچھہ تعلق نھو - استري دھن

Separate maintenance, نان و نفقہ جو شوھر زوجہ کو بموجب دستاویز افتراق کے دے

Separate Revenue—*See* Revenue.

Separation, *n.* (۱) علحدگي
(۲) افتراق - اقرار مابین شوھر و زوجہ علحدہ رھنے کا

Separation, Judicial, افتراق عدالتي بعد طلاق بحکم عدالت مجاز کے عورت کي سکونت شوھر کي سکونت نھیں رھتي - لیکن زوجین دوسرا ازدواج نھیں کرسکتے

Sepoy, *n.* سپاھي

Septennial, *a.* ھفت سالہ

Sequel, *n.* نتیجہ - انجام - ذیل
جزو مابعد

Sequester, *v. t.* (۱) ضبط کرنا - خام تحصیل کرنا - بموجب قانون مالگذاري کے بصورت رھنے باقي مالگذاري کوئي محال ایک زمانہ معین کے لئے خام تحصیل کیا جاسکتا ھے
(۲) بصورت نزاع مابین فریقین کے جایداد کا شخص کو ثالث کو عارضي طور پر دینا

Sequester, *v. i.* ترک کرنا تعلق جایداد اپنے شوھر سے (بیوہ کا)

Sequester, *n.* وہ شخص جسکے پاس فریقین متنازعین شے متنازعہ جمع یا داخل کریں - پنچ

Sequestration, *n.* (۱) شے متنازعہ کا فریقین متنازعین کے قبضہ سے نکال لینا اور شخص مستحق کے (Civil Law) حوالہ کرنا (۲) حکمنامہ بنام کمشنران بغرض ضبطي اور وصول کرنے لگان جایداد مدعاعلیہ کے جسنے بذریعہ عدم تعمیل ڈگري یا حکم کے توھین عدالت کي ھو (Chancery)
(۳) ضبطي جایداد

Sequestrator, *n.* وہ شخص جو جایداد ضبط کرے بغرض وصول مطالبہ زر لگان سے

Sergeant at law, ایک خطاب سب سے اعلی قانون پیشہ کا

Serial number, نمبر سلسلہ وار

Serious, *a.* (۱) شدید - سنگین
(۲) اھم

Servant, *n.* ملازم - نوکر

Servant, Government ملازم سرکاري

Servant, Public—*See* Public.

Servant of the Queen or King, ملازم ملکہ معظمہ یا شہنشاہ میں وہ سب عھدہ دار یا ملازم داخل ھیں جو بموجب باب ۱۰۶ ایکٹ آف پارلیمنٹ مجریہ سنہ ۲۲ و ۲۱ جلوس ملکہ معظمہ قایم رھے یا مقرر ھوئےھیں

Serve *v. t* (۱) تعمیل کرنا (۲) خدمت کرنا - نوکري کرناسیوا کرنا (۳) سلوک کرنا - برتاو کرنا

To serve an attachment, حکمنامہ قرقي کي تعميل کرنا - قرق کرنا

To serve a process, حکمنامہ کي تعميل کرنا

To serve a warrant, گرفتاري کے حکمنامہ کي تعميل کرنا

To serve the time, زمانہ ساري کرنا

Service, *n.* (۱) ملازمت عہدہ - کار منصبي (۲) تعميل حکمنامہ (۳) خدمت - خدمت اسامي کي اپنے زميندار يا مالک کي - فوج کا کام

Service, Field ميدان جنگ کي ملازمت

Service, Religious رسوم مذهبي

Service of summon, تعميل سمن -

معمولي طور پر تعميل سمن بذريعہ دينے نقل سمن مدعاعليہ يا اوسکے ايجنٹ کو پہنچا ئيگي اور اوسي سے سمن کے تعميل کے اقبال پر اصل سمن کے پشت پر دستخط کرائے جانے چاهئے

Service stamps, ٹکٹ ڈاک جو سرکاري لفافوں پر لگايا جاتا هے

Serviceable, *a.* کار آمد - سودمند مفيد

Servient tenement, ملکيت تابع يا مغلوب وہ آراضي جسپر ذمہداري کسي امر کي متعلق حق استفادہ کے عايد هو ملکيت تابع کہلاتي هے

*See* Easement.

Servitude, *n.* حقيت تابع سے استفادہ

*See* also Easement.

Servitude Penal—*See* Penal.

Sessions, *n* دورہ - اجلاس عدالت سشن

Sessions cases, مقدمات قابل تجويز عدالت سشن

Sessions division, قسمت سشن

Sessions judge, جج عدالت سشن - جج داير ساير

Sessions trial, تجويز بعدالت سشن -

Set, *v.* قايم کرنا - لگانا بيٹھانا - ٹهرانا (قيمت کا) مقرر کرنا - تعينات کرنا

To set about, شروع کرنا - کسي کام ميں مصروف هونا

To set apart, عليحدہ کرنا - مخصوص کرنا

To set aside, (۱) منسوخ کرنا - نامنظور کرنا - خارج کرنا (۲) نظرانداز کرنا - لحاظ نہ کرنا

To set at naught, ذليل تصور کرنا - کچهہ لحاظ نہ کرنا

To set down, درج کرنا - سياها کرنا چڑهانا - قايم کرنا - معين کرنا

To set in order, ترتيب دينا - مرتب کرنا

To set free, آزاد کرنا - گلو خلاصي کرنا

To set out, بيان کرنا - مفصل بيان کرنا

To set up, (۱) قايم کرنا - ٹهرانا - مقرر کرنا (۲) استادہ کرنا - قايم کرنا - تعمير کرنا (۳) پيش کرنا - کوئي (ميعاد) قايم کرنا يا پيش کرنا (۴) کسي کار و بار ميں لگانا

Set forth, پيش کردہ - مندرجہ - مبينہ

Set-off, مجرائي

Set-off, Equitable مجرائي إنصافي

مجرائي إنصافي ميں هر قسم کا مطالبہ زر نقد جو قانوناً مدعي سے قابل ادا هو مجرا ديا جا سکتا هے

Set-off, Statutory - مجرئي قانوني
مجرئ قانوني کے لئے یہہ ضروري هے کہ مطالبہ معین زر نقد هو اور قانوناً مدعي سے قابل ادا هو اور دونوں فریق کي وهي حیثیت هو جو مدعي کے دعوی میں اونکو حاصل هے

Settle, *v. t.* - (۱) مقرر کرنا عهده پر - تقرر کرنا (۲) تجویز کرنا - قرار دینا (۳) حساب طے کرنا - بیباق کرنا - تصفیہ کرنا (۴) آباد کرنا (۵) تملیک کرنا - کسي شخص کو چیز عطا یا هبه کرنا (۶) صلح کرنا

Settlement, *n.* (۱) تملیک
(۲) قرار دیا جانا امور تنقیح طلب کا (۳) تصفیہ حساب (۴) نو آبادي (۵) تملیک نامہ—اس سے مراد هرنوشتہ سے (بجز وصیت یا تتمہ وصیت نامہ کے) هے جسکے ذریعہ سے جایداد منقولہ یا غیر منقولہ کے تصرف آیندہ کي بابت یا ایک دوسرے کو پهونچنے کي بابت تملیک کي گئي هو یا تملیک کا اقرار کیا گیا هو - تملیک بغرض ازدواج (marriage settlement) یا بغرض تقسیم کرنے جایداد کے درمیان قرابت داران تملیک کنندہ یا واسطے پرورش کسي ایسے شخص کے جو اوس سے وابستہ هو (Family settlement) یا واسطے کسي مذهبي کام کے یا واسطے (Settlement for religious or charitable purpose). خیرات کے هو سکتي هے

Settlement, *n.* بندوبست - بندوبست سرکاري مالگذاري کا زمینداران کے ساتهہ

Settlement, Act of استیٹیوٹ سنہ ۱۲ و ۱۳ جلوس ولیم سیوم ب ۲ جسکي رو سے وارث خاندان شاهنشاہ موجودہ همیشہ کا تخت نشین هوگا بشرطیکہ اوسکا مذهب پروٹسٹنٹ هو

Settlement Officer, مهتمم بندوبست

Settlement, Quinquennial بندوبست پنجسالہ

Settlement, Temporary بندوبست چند روزہ

Settlement, Farming بندوبست متاجري

Settlement Record, کاغذات بندوبست مسل بندوبست

Settlement, proceeding, روبکار بندوبست

Settlement, Permanent—*See* Permanent.

Settled land, آراضیات جو کسي شخص کو بعد قابض حال کے دي گئي هو

Settling day, یوم تصفیہ حساب

Sever, *v. t* علحدہ کرنا - جب کوئي شرکا میں سے اپنا حصہ حقیت مشترکہ غیر شخص کے هاتهہ فروخت کرے تو حقیت جدا گانہ هو جاتي هے (۲) وصل استادہ یا اشیاے ملحقہ زمین کو علحدہ کرنا

Several Tail, حقوق عارضي متعد یکے بعد دیگرے

Severally, *adv.* - علحدہ علحدہ - منفرداً

Severalty, *n.* - حقیت علحدہ یعني حقیت جس میں حصص حصہ داران معین هوں اور هرایک اپنے حصہ خاص کا مالک هو (خلاف حقیت مشترکہ یا مجمل کے)

Severance, *n.* تقسیم - علحدگي

Sewerage, *n.* سلسلہ موري یا نابدانوں کا واسطے صفائي شهر کے

Sexual intercourse or connection, معاشرت مجامعت

Shack, Common حق اختصاص قابض آراضیات متصلہ کا کہ بعد دور کرنے اپنی اپنی فصل کے کل کہیتوں میں مویشی واسطے چرنے کے چھوڑیں

Shackle, *n.* بیڑی جولان

Shadow, *v.* کسی کے پیچھے لگے رهنا - بے معلوم کسی کے ساتھہ رهنا

Shake the evidence, شہادت میں تزلزل یا شہادت میں شبہہ پیدا کرنا

Sham transaction, مصنوعی - فرضی معاملہ

Share, *n.* حصہ

Share of Company, حصہ کمپنی کا وہ جزو سرمایہ کمپنی جسکے حساب سے منافع تقسیم کیا جاتا ہے

Share broker, دلال حصص کمپنی وغیرہ کا

Share-holder, *n.* حصہدار - قابض حصہ کمپنی

Share-warrant, کاغذ جس میں تعداد اون حصص کی تحریر هو جسکا کوئی حصہدار کمپنی مستحق هو - سند حصہ داری

Sharer, *n.* (M. Law.) حصہدار سہیم

Sharer, Legal (M. Law.) ودی الفروض

Sharp, *a.* چالاک سخت - خرید فروخت یا اپنے مطالبہ میں نہایت سخت - لین دین میں سخت

Sharp practice, چالاکی

Sheriff, *n.* شیرف-ناظر یا امین بلدهاے پریزیڈنسی میں عہدہ شیرف کا هائی کورٹ سے متعلق هے - یعنی وہ تعمیل حکم هائی کورٹ کی کرتا هے

Shelve, *v.* دبا رکھنا - ڈال دینا

Shield, *n.* سپر - آڑ

Shift, *n.* تدبیر - چارہ - فریب - فطرت

To make shift, وقت پر کوئی تدبیر کرنا - انتظام کرنا

Shift, *v.* (۱) منتقل کرنا - دوسرے پر ڈالنا - تبدیل کرنا - (۲) بندوبست کرنا - انتظام کرنا

Shifting the burden of proof, بار ثبوت کا ایک فریق سے دوسرے فریق پر منتقل هونا

Shifting clause, شرط مندرجہ دستاویز جسکی رو سے جایداد ایک شخص سے دوسرے شخص کی جانب کسی امر مشروط کے واقع هونے پر یا بصورت عدم ایفا کسی شرط کے منتقل هو جاتی هے

Ship, *n.* جہاز-ملکیت هر جہاز مندرجہ رجسٹر کی ۶۴ حصوں میں تقسیم هوتی هے اور ۳۲ سے زیادہ شرکاے جہاز مذکور نہیں هوسکتے

Ship's papers, کاغذات ثبوت ملکیت جہاز و مال جہاز

Ship wreck, تباهی جہاز - جہاز جسپر تباهی آے

Shipping articles, اقرار نامہ مابین کپتان جہاز و ملاحان وغیرہ نسبت اجرت اور زمانہ ملازمت کے

Shipping order, حکم معمولی جہاز

Shoe, To stand in the, قایمقام هونا

Shooting, *n.* شکار جانوران

Shop-book, *n.* بہی کہاتہ

Shop-keeper دوکاندار - خوردہ فروش

Short, *a.* کم - قلیل - ناکافی - کوتاہ چھوٹا تنگ - مختصر

Short cause, مقدمہ خفیف - مقدمہ جس میں محنت خفیف هو

At short notice, تھوڑے عرصہ کے لئے - تھوڑے عرصہ میں - جلد

To cut short, مختصر کرنا

Shortcoming, *n*. قصور - کوتاهي بہ غفلت

Short hand, مختصر تحریر - تحریر کا ایک طریق جسمیں الفاظ کے بجاے صرف حروف کے سرے تحریر کئے جاتے ھیں

Short-sighted, (۱) جس کو دور کا نہ دکھائي دے (۲) ناعاقبت اندیش - جسے آیندہ کا خیال نہ ھو - کم عقل

Short, To sell فروخت ایسي مال کي جو موجود نہو اور جسکے حوالہ کرنے کي فروشندہ کو کم قیمت پر خرید کرنے کي اُمید ھو

Short title, مختصر نام (ایکٹ یا قانون کا)

Shortage, *n*. کمي

Shot, *n*. (۲) ضرب - مار - زد - نشانہ گولي یا چھرہ جو بندوق میں بھر کر چلایا جاے

Show, *v*. دکھانا - پیش کرنا - (۲) ثابت کرنا - وجہ اور کیفیت بیان کرنا - ظاھر کرنا

To show favor, رعایت کرنا - نظر عنایت رکھنا

To show cause, وجہ ظاھر کرنا - عدالت دالا کا عدالت ادنی سے وجہ دریافت کرنا کہ کیوں اسکا حکم منسوخ نہ کیا جاے

Shroff, *n*. صراف

Shut up, بند کرنا - قید کرنا - روک دینا (راستہ کا)- زبان بند کرنا (حکومت یا جبر سے) - خاموش کرنا - ختم کرنا

Side, *n*. (۱) صیغہ - (۲) جانب - طرف

Appellate side. صیغہ اپیل

Original side. صیغہ ابتدائي

Opposite side, فریق مخالف - فریق ثاني

Side bar rule, حکم جو بلا درخواست باضابطہ اور سماعت کے عطا ھو سکتا ھے

Side, *v*. مل جانا - طرفداري کرنا - پاس کرنا

Sight, *n*. نظر

At sight. دیکھتے ھي

Bill payable at sight. درشني ھنڈي

To loose sight. نظر انداز کرنا

Sight draft, *n*. درشني ھنڈي

Sign, *v. t*. دستخط کرنا - دستخط میں نشان انگوٹھا ثبت کرنا داخل ھے

Sign board, سائن بورڈ - تختہ جسپر عوام کے اطلاع کے لئے نام و بیشہ تحریر کیا جاے

Sign-manual, دستخط شاھي - طغراے خاص

Signature, *n* دستخط - نام یا نشان اوس شخص کا جسنے خود لکھا ھو یا اپني ھدایت سے لکھایا ھو

Signet, Privy, مہر شاھي

Signed, *a*. دستخطي- لفظ دستخطي میں علامت کیا ھوا داخل ھے جبکہ شخص علامت کرنے والا نام نہ لکھہ سکتا ھو اور نام کا بذریعہ اسٹامپ یعني مہر کے منقش ھونا بھي داخل ھے

Significant, *a*. معني دار - مظہر غرض - مراد - ذي معني - مظہر حال

Silence, Fraudulent, خاموشي فریبي یعني کسي شخص کا عملاً مخفي کرنا ایسے واقعہ کا جس سے وہ واقف ھو یا جسکو وہ باور کرتا ھو اور جسکا ظاھر کرنا اوسپر لازم ھے

Silent partner,—*See* Dormant partner.

**Silk, Taking** کوینس یا کنگ کونسل هو جانا

**Similar cases,** مقدمات هم شکل

**Similiter,** *n.* امر تنقیح طلب کي نسبت جو ایک فریق نے پیش کیا هو دوسرے فریق کا اتفاق کرنا

**Simple,** *a.* سادہ

**Simple contract,** معاهده سادہ یعني معاهده زباني یا تحریري بلا خاص طریقہ تصدیق کے

**Simple debt,** قرضہ بلا کفالت

**Simple fee**—*See* Fee, simple.

**Simple homicide**—*See* Homicide. قتل انسان بلا قصد - یعني اتفاقیہ یا ایسے حالت میں کہ وہ جرم نہ هو

**Simple imprisonment**—*See* Imprisonment.

**Simple larceny**—*See* Larceny.

**Simple mortgage**—*See* under Mortgage.

**Simple trust,** امانت محض - جب کوئي شے کسي شخص کو تفویض کي جائے اور یہہ ظاهر نکیا جائے کہ کس غرض کے لئے اور کس قسم کي امانت کي گئي هے تو یہہ امانت محض هے

**Simple warrandice,** ذمہداري سادہ یعني ذمہداري اس امر کي نہ کوئي فعل مقر دستاویز کا خواہ وہ بہ تعلق زمانہ گذشتہ یا آیندہ کے هو مخل حق نهوگا

**Simultaneous,** ایک هي وقت میں هونے والا - هم زماں

***Sina qua non,*** شرط لازمي

**Sinecure,** *n.* عهدہ معہ تنخواہ بلا محنت

**Sine die,** *n.* بلا تعین تاریخ

**Sine prole,** لا ولد

**Single Bench,** اجلاس واحد

**Single Bond**—*See* Bond, single.

**Singular,** *n.* واحد - قانون میں واحد میں جمع بهي داخل هے

**Singular,** *a.* هر ایک کو - مثلاً

I convey these parcels of land all and singular, میں یہہ قطعات آراضي کل اور هر قطعہ آراضي مذکور منتقل کرتا هوں

**Singular succession (Civil Law),** ورثا کا علحدہ علحدہ حقیت پانا (اور نہ کل ترکہ کا ورثا کو بطور ایک گروہ کے جیسي کہ حالت بصورت بلا وصیتي هوتي هے ملنا)

**Singular successor**—(Scotch Law) منتقلالیہ یا مفوضالیہ (خلاف وارث کے جسکو باستحقاق عام یا قایمقامي کے حق پهونچتا هے)

**Sinking fund,** سرمایہ جو واسطے رفع قرض یا نقصان عام کسي کمپنيي کے منافع میں سے محفوظ رکها جاے

**Sister,** *n.* بہن - همشیرہ

Full sister, حقیقي بہن - همشیرہ

Half sister, اخیافي بہن - علاتي بہن

Mother's sister, موسي - خالہ

Father's sister, پهوا - پهوپهي

**Sister's son,** بهانجہ

**Sister-in-law,** (۱) شوهر کي بہن-نند (۲) دیوراني - جٹهاني - شوهر کے بهائي کي جورو (۳) سالي (۴) بهاوج

**Sister, Deceased wife's,** بہن زوجہ متوفي کي انگلستان میں شادي بہن زوجہ متوفي سے ممنوع هے

**Sit,** *v. i.* اجلاس کرنا

**Sittings**, *n.* (Eng.) (۱) زمانہ اجلاس-عدالت
The sittings of the courts in England are as follows :—
1. Michaelmas. 2. Hilary. 3. Easter and, 4. Trinity sittings. (۲) مقام اجلاس

**Situation**, *n.* - موقع - عہدہ - حالت صورت

**Sketch**, *n.* خاکہ - مسودہ

**Skill**, *n.* ہنر

**Skill, Gains of**, روپیہ جو کسي شخص نے اپنے ہنر یا ماہر ہونے کے ذریعہ سے پیدا کیا ہو - ایسا روپیہ بوقت تقسیم باہم خاندان مشترکہ قابل تقسیم نہیں ہے

**Skilled witness**, مبصر - ماہر - وہ گواہ جو کسي معاملہ کي نسبت یا واقعہ کي نسبت بلا لحاظ کسي خاص معاملہ کے راے دیسکتے ہیں

**Skirmish**, *n.* جنگ میں کوئي خفیف لڑائي

**Slackness**, - سستي - ڈھیلاپن - کمي - عدم توجہي

**Slander**, *n.* توہین زباني-بیان جھوٹا باعث ہتک عزت جو عداوتاً زباني کیا گیا اور جس کسي کي عزت یا نیک نامي میں نقص آنے کا احتمال ہو - لایبل یعني توہین تحریري خلاف ورزي حق بہ نفسہ ہے اوس میں نقصان واقعي کا ثابت کرنا بغرض کامیابي ضروري نہیں ہے بخلاف اسکے توہین زباني بہ نفسہ خلاف ورزي حق نہیں ہے بجز اسکے کہ واقعي ہرجہ ہو یا ہرجہ کا ہونا قیاس کیا جاسکے قانون انگلستان یہہ ہے مگر ہندوستان میں اس بارے میں اختلاف راے ہے - بموجب قانون فوجداري ہندوستان کے باتوں کے ذریعہ سے جو تلفظ سے ادا کي جائیں یا جنکا پڑھا جانا مقصود ہو یا اشاروں کے ذریعہ سے یا نقوش مرئي کے ذریعہ سے کسي شخص کي نسبت کوئي الزام لگانا یا مشتہر کرنا اس نیت سے یا اس علم سے کہ اوس شخص کي نیک نامي کو نقصان پہونچیگا ازالہ حیثیت ہے - (Defamation) چونکہ توہین زباني ایک جرم ہے لہذا اوسکي بابت ضرور چارہ کار دیواني بھي ہونا لازم ہے

**Slander**, *v.* - بدنام کرنا - بدگوئي کرنا - جھوٹا الزام لگانا

**Slaughter**, *n.* - (۱) قتل - خونریزي - کشت و خون (۲) ذبح

**Slaughter house**, ذبح خانہ

**Slave**, *n.* غلام - کنیز - داسي
Son by a female slave, داسي پتر

**Slave, Buying, selling or importing**, غلام کا خریدنا یا اپنے قبضہ سے جدا کرنا غیر ملک سے لانا یا لیجانا یہہ سب جرم قابل سزا ہیں

**Sleeping partner**—*See* Dormant.

**Slight harm**, نقصان خفیف

**Slip**, *n.* یادداشت اقرار نامہ بیمہ سفر دریا

**Slur**, داغ - دھبہ - الزام خفیف
To cast a slur, دھبہ لگانا - الزام لگانا

**Small arm**, بندوق طپنچہ وغیرہ (بمقابلہ توپ کے)

**Small causes**, مقدمات خفیفہ

Small cause court, عدالت مطالبۂ خفیفہ—یہہ عدالتیں دو قسم کي هیں ایک عدالت هاے مطالبۂ خفیفہ پریزیڈنسي کہلاتي هیں اور دوسري عدالت هاے مطالبۂ خفیفہ مفصلات - هر ایک بموجب ایکٹ خاص کے قایم کي گئي هے اور اونکے اختیار سماعت میں بهي فرق هے

Small money, هرجۂ تنبیهي - هرجۂ جو معاوضۂ نقصان واقعي سے زیادہ بطور تنبیهہ کے دلایا جاے

Smattering, خفیف واقفیت

Smuggling, n. پوشیدہ طور پر ملک میں لانا یا ملک سے لیجانا کسي مال کا جسکا لانا یا لیجانا ممنوع هو یا بلا ادا کرنے محصول کے مال کا ملک سے لانا یا لیجانا — یہہ جرم هیں

Socage, n. حقیت بعوض خدمت اس قسم کي حقیتیں اب بجز حقیت موسومۂ کے باقي نہیں رهیں

Socage, Common حقیت مستقل اعلی

Social usage — رواج یا بیوهار باهمي دستورات

Society, n. — سوسایٹي-جماعت- انجمن مجلس - سبها - وہ اشخاص جو کسي فرض یا کام کے لئے باهم متفق یا شریک هوں

Society, Secret انجمن خفیہ جماعت جسکا مقصد کوئي ناجایز کام کا هو

Society, Co-operative credit, انجمن اتحادي بغرض امداد اداے قرضۂ

Sodomy, n. لواطت - اِغلام

Soil, n. زمین

Soil, Loamy, دومت زمین

Soil, Sandy ریتیلي زمین

Solatium, n. معاوضۂ یا هرجۂ جو واقعي هرجۂ سے زیادہ هو اور واسطے تسکین طبع یا رفع ملال کے دیا جاے

Soldier, n. سپاهي

Soldier's will, وصیت رعایتي — اس قسم کے وصیت سپاهي بہ هنگام جنگ یا جهازي جب وہ بحراعظم میں هوں کرسکتے هیں - وصیت تحریري یا زباني هو سکتي هے

*See* Privileged will.

Sole, a. (۱) تنہا - (۲) خود - زن مجرد ناکتخدا

Sole, Corporation, وہ شخص جو قانوناً حقوق جماعت سند یافتۂ کے رکهتا هو یعني اوسکو حقوق جانشیني یا وراثت ایسے حاصل هوں جو معمولي طور پر دیگر اشخاص کو نہیں حاصل هوتے - انگلستان میں بادشاہ - بشپ پادري دیگر اهل کلیسا اس زمرہ میں داخل هیں

Solemn, a. باضابطۂ مناسب - رسوم کے ساتهہ

Solemn affirmation, اقرار صالح

Solemnly, ad. باضابطۂ طور پر — سچے دل سے

Solemnity, n. ضابطۂ یا طریقۂ یا رسوم معینۂ جو واسطے جواز کسي امر کے ضرور هوں

Solemnize, v. t. مراسم کے ساتهہ ادا کرنا .

Solicit, v. t. درخواست کرنا - استدعا کرنا

Solicitor, n. سالیسٹر - وکیل - مشیر قانوني

Solicitor-General (Eng.), سالیسٹر جنرل اعلی عہدہدار - مشیر قانوني سرکار

Solicitude, فکر - اندیشه - تردد

Solitary confinement. قید تنہائي بموجب قانون هندوستان کے قید تنہائي کي میعاد کسي صورت میں ۳ ماه سے زیاده نہیں هو سکتي هے اور نه ایک وقت میں ۱۴ یوم سے زیاده اور مابین دو میعادوں قید تنہائي کے کم سے کم ۱۴ یوم کا وقفه هونا ضروري هے

Solution, *n*. حل - عقده کشائي - شرح

Solvency, *n*. ذي استطاعتي

Solvent, *n* ذي استطاعت - کل دیون کے ادا کرنے قابل

Son, *n*. پسر - بموجب دهرم شاستر کے ۱۲ قسم کے لڑکے هوتے هیں

Legitimate son, اورس - صحیح النسب

Son begotten on wife, شیتروج

Damsel's son, کنیا کا پسر

Secretly born son, گو دهج

Son of twice married woman, پونر بهو

Son of pregnant bride, سہودها

Son of Sudra woman, نشادها

Son of female slave, داسي پتر

Adopted son, دتک متبنی

Son made, کرتیما

Son bought, کرتیک

Son cast off, اپویدها

Self given son, سوم دتک

Son assault demesne, عذر حفاظت خود اختیاري نالش حمله میں

Son-in-law, *n*. داماد - خویش

Sonless, *a*. لا ولد

Sophistry, *n*. حجت باطل - دهوکے کي بحث

Sound currency, سکه رایج جسکي قیمت اصلي اوسیقدر هو که جو همورن دهات کي هو جس سے وه بنایا گیا

Sound in damages, نالش بابت هرجه کے - کسي نالش کا بابت هرجه کے هونا اوس صورت میں کہا جاتا هے جبکه هرجه کا تعین نهو چکا هو

Source, *n*. (۱) مخرج (۲) ذریعه - بنا

Sources of Hindu Law, بنا دهرم شاستر کي (۱) وید (۲) سمرتي (۳) شروح (۴) رواج (۵) فیصله جات عدالتي

Sources of Mohamedan Law, بنا شرع محمدي - شرع محمدي مبني هے (۱) قران (۲) حدیث یا سنت (۳) اجماع اُمت (۴) قیاس

Sovereign, *n*. (۱) بادشاه - بادشاه دو کل اختیارات عاملانه حاصل هیں وه وارث آخر جمله اشخاص کا هے جو بلا وصیت لاوارث فوت هوئے هوں - وه والي اشخاص ناقابل کا هے - بادشاه مرتکب فعل ناجایز کا نہیں هو سکتا (۲) سکه زر قیمتي ۱۵ روپیه

Sovereign Princes, والیان ملک باختیار شاهي

Special, *a*. خاص

Special administration, اهتمام ترکه خاص—اس قسم کي چٹهیات عارضي طور پر یا نسبت شے خاص کے یا تا زمانه عطاے پروبیٹ عطا کي جاتي هیں

Special appeal, اپیل خاص - یعني حکم یا ڈگري بصیغه اپیل کي اپیل اب یهه اپیل دویم کے نام سے موسوم هے

Special bail, ضامن خاص -
ضامن جو یہہ اقرار کرے کہ بصورت ثبوت جرم کے مدعا علیہ پر وہ مدعي کے دعوے کا ایفا کریگا

Special case, مقدمہ خاص -
جب کسي مقدمہ میں فریقین امور قانون تحریر کرکے راے عدالت کي طلب کریں تو یہہ مقدمہ خاص کہلاتا هے لهذا ایسے مقدمہ میں فریقین کا اتفاق نسبت واقعات کے هونا چاهئے - ایسے مقدمہ میں بیانات تحریري کے داخل کرنے کي ضرورت نهیں هے

Special damages, نقصان خاص جو کسي فعل ناجایز سے جسکي شکایت هو هوا هو

Special demurer, عذرداري نسبت طریقہ پیش کرنے بیانات کے

Special indorsement, عبارت ظهري خاص یا کامل - جب کہ تحریر ظهري هنڈي میں نام منتقل الیہ کا تحریر هو تو وہ تحریر ظهري خاص کهلاتي هے

Special injunction, حکم امتناعي خاص
وہ حکم جو بلحاظ خاص حالت مقدمہ کے صادر کیا جاے

Special issue. - امر تنقیح طلب خاص
یہہ امر تنقیح طلب نسبت کسي بحث قانوني کے هوتا هے جسکو روئداد سے تعلق نهو

Special jury. - جوري خاص -
جوري جس میں اعلی اشخاص خواہ بلحاظ مرتبہ یا علم یا هنر کے داخل هوتے هیں - یہہ جوري هندوستان میں صرف بلا پریزیڈنسي میں عدالت هائیکورٹ طلب کرتي هے

Special law, قانون مختص الامر

Special, Lien—*See* Lien.

Special Magistrate—*See* Magistrate.

Special means of knowledge,
خاص وسایل واقفیت راے اون اشخاص کي جنکو خاص وسایل واقفیت حاصل هوں نسبت دستورات و عقاید کسي فرقہ یا نسبت ترتیب انتظام کسي امر مذهبي یا خیراتي کے یا نسبت اصطلاحات خاص کے شهادت میں قابل مقبولي هے

Special partner. شریک جسکي ذمہ داري محدود هو

Special plea, عذر قانوني (بمقابلہ عذر متعلقہ روئداد کے)

Special pleading, عذر خاص (۱) عذر جس میں کوئي نیا امر یا واقعہ بیان کیا گیا هو اور محض جواب بیانات مندرجہ عرضي دعوي کا نهو (۲) عذرات جو بغرض مقدمہ میں کامیاب هونے کے بلالحاظ حق اور راستي کے کئے جائیں

Special property, حقیت یا ملک محدود

*See* Property.

Special verdict, خاص تجویز نسبت واقعات مقدمہ کے کہ اوس سے عدالت قانون متعلق کرے

Speciality, *n.* دستاویز قرضہ جو مهر اور دستخط سے مرتب کرکے دي جاے

Specie, *n.* قسم زر نقد

In specie, جنس میں

Specific, *a.* خاص

Specific legacy, هبہ بالوصیت خاص

Specific performance, تعمیل مختص

Specific relief, - دادرسي خاص -
دادرسي جو از روے قانون عطا کي جاتي هے یا بطریق معاوضہ یا بذریعہ

تعمیل کرانے اوس امر کے جسکا مدعاعلیہ نے عہد کیا - دادرسي خاص صرف اوس صورت میں عطا کي جاتي هے جب کہ دلانا هرجہ کا کافي نہو - دادرسي خاص عموماً حسب ذیل عطا کي جاتي هے :—

(۱) جایداد کا قبضہ دعویدار کو دلایا جاتا هے (۲) جس فریق نے عہد کرنے کسي فعل کا کیا هو اوسکو حکم دیا جاتا هے کہ اوس فعل کو کرے (۳) اگر اوسنے عہد کیا هو کہ کوئي فعل نہ کریگا تو وہ اوس فعل کے کرنے سے باز رکها جاتا هے (۴) تصحیح دستاویزات *See* Rectification, (۵) تنسیخ معاهدات تحریري (۶) تنسیخ دستاویزات (۷) تجویز و استقرار حقوق نسبت حیثیت و جایداد کے (۸) تقرر رسیور (۹) حساب ترکہ متوفی کا لینا اور اوسکا اهتمام کرنا (۱۰) امانت کا حساب لینا اور اوسکا حساب کرنا (۱۱) حق انفکاک کو ساقط کرنا یا جایداد مرهونہ کو نیلام کرنا (۱۲) انفکاک رهن و واپسي جایداد مرهونہ (۱۳) فسخ شراکت و تصفیہ حسابات و وصول زر بذریعہ مجبور کرنے شریک کو واسطے ادا کرنے اوس رقم باقي کے جو اوس سے واجب هو اور قرضجات شراکتي کو بیباق کرنا

ڈگري تعمیل مختص کا صادر کرنا کلیتاً عدالت کي راے پر منحصر هے - چونکہ هند میں عدالت هاے عدل و عدالت هاے قانوني ایک هیں لهذا اگر دعوی تعمیل مختص کیا گیا هو تو پهر دعوی هرجہ نہیں هوسکتا

Specificated (Rom. Law.) - تخصیص
یهہ ایک قسم کا اضافہ هے - مثلاً اگر کسي شخص کا سن رکها هو اور اوسکو دوسرا شخص رسي یا کاغذ میں مبدل کرے تو بهر حال اوسکي مالیت بوجهہ اوسکي محنت کے زیادہ هو جائیگي - جو شخص کہ اس قسم کي محنت کرے وہ اوس شے کا مالک هو جاتا تها جو بنائي گئي مگر اوس پر لازم تها کہ مالک اوس شے کو جس سے وہ بنائي گئي معاوضہ دے

Specification, *n.* - تفصیل و تخصیص
یهہ ایک کاغذ هے جس میں تفصیل نوعیت شے کي جس کے بابت سند حاصل کرنے کي استدعا هو موجد پیش کرتا هے

Specification complete, تفصیل کامل
یهہ وہ تفصیل هے جو سند میں مندرج هوتي هے

Specification provisional, تفصیل عارضي - یهہ وہ تفصیل هے جو درخواست عطاے سند اختراع میں درج کي جاتي هے

Specimen, *n.* نمونہ

Speculation, خرید و فروخت مال بہ اُمید منافع در اتفاقات کمي و بیشي نرخ پر منحصر هے

Spinster, *n.* کنواري

Spirit, *n.* اسپرٹ - هر دیسي شراب کو کهتے هیں جس سے بذریعہ تقطیر کے روح شراب نکالي جا سکتي هو

Spirit, Country شراب جو اس ملک میں بنائي گئي هو یا جو اس طریقہ سے بنائي گئي هو جو اس ملک میں مروج هے

Spirit, Foreign, شراب جو ملک غیر سے اس ملک میں لائي گئي هو

Spiritual Lords, امراے مذهبي
جنکو استحقاق هاوس آف لارڈس پارلیمنٹ میں داخل هونے کا هے

Spiritual benefit, فایدہ روحاني

Spiritualism, n. دعوی تعلق کا ارواح سے انگلستان میں یہہ جرم ہے خواہ وہ هاتهہ کے دیکھنے کے ذریعہ سے کیا جاتا ہو یا اور طریقہ سے

Spirituous liquors, شراب جسمیں الکاهل هو

Split, n تفرقہ

Split, v. جدا کرنا پهاڑنا - (۲) نفاق پیدا کرنا

Splitting a cause of action, تجزیہ بناے مخاصمت کل دعوی جو ایک بناے مخاصمت سے پیدا هو ایک نالش میں شامل کرنا چاهئیے بصورت ایسا نکرنے کے بقیہ دعوی ممنوالسماعت هو جاتا هے

Spokesman, n. دوسرے کي طرف سے بولنے والا

Spoliation, n. نقصان پہونچانا دستاویز کو

Sponsor, n. (Rom. Law.) - ضامن بموجب قانون مذکور ضامن بذات خاص ذمہ دار هونا تها - وارث اوسکا ذمہ دار نہیں هوتا تها

Spoiled stamps. استامپ خراب شدہ خراب شدہ یا غلط استعمال کئے هوئے استامپ کي بجاے دیگر استامپ یا اوسکي مالیت بہ منہائي ۱ آنہ في روپیہ ملسکتا هے

Spot, n موقع

Springing use—*See* Use.

Spunging-house, n. وہ مکان جس میں بیشتر مدیون قبل قید کے ۲۴ گھنٹہ تک قید رکھا جاتا تها

Spurious, a. جعلي - مصنوعي

Spy, n. جاسوس

Square, v. t. - نهاتهہ ڈیوڑھا کرنا - ملانا معاملہ کرنا

Squeeze, v. t. - تشدد سے روپیہ لینا روپیہ جبراً وصول کرنا

Squire, n. *See* Esquire.

Stabbing, n. - کسي هتهیار سے بهونکنا یہہ داخل ضرر پہونچانے کے هے

Staff, n. (۱) ڈنڈا - حسب یا حکومت کا نشان (۲) عملہ

Stage, n. نوبت - حالت - درجہ

Stagnation, n. بند هو جانا - رک جانا سست هوجانا

At stake, معرض خطر میں

Stale, n. پرانا - کہنہ

Stage of Judicial proceeding, نوبت کارروائي عدالتي - اس میں تفتیش جو قبل کارروائي عدالتي کے کي جاے داخل هے

Stage carriages, استیج کیرج - شکرم گاڑي

Stain, n. دهبہ - داغ - بدنامي - رسوائي

Stake, n. شرط - دانو - باري

Stake holder, n. وہ شخص جسکے پاس شرط کا روپیہ تا تصفیہ شرط کے جمع رہے

Stale affidavit, بیان حلفي جو ایک سال پیشتر کیا گیا هو

Stale demand, دعوی خارج المیعاد دعوی جو اسقدر عرصہ سے نکیا گیا هو کہ وہ ساقط خیال کیا جاسکے

Stallage, n. (Eng. Law.) حق دوکان لگنے کا میلوں میں

Stamp, n. استامپ - ٹکٹ - ٹهپہ

Stamp duty, رسوم استامپ (دو قسم کي هوتي هے ایک مقررہ جو مطابق نوعیت دستاویز کے واجب الاخذ هے اور

دوسري جو مطابق ماليت مندرجه دستاويز کے واجب هے) يهه رسوم بذريعه اسٹامپ کے ادا کي جاتي هے اور اوسکا ادا هوجانا بذريعه اسٹامپ کے ويسي دستاويز پر ظاهر کيا جاتا هے - اسٹامپ دو قسم کے هوتے هيں (۱) چسپانيدني (Adhesive) (۲) منقش (Impressed).

Stamp, Judicial - استامپ عدالتي - يعني استامپ بغرض اداے رسوم عدالت

Stamp, Law of قانون اسٹامپ يهه قانون جزواً قانون اصلي هے اور جزواً قانون ضابطه بحث نسبت قسم اسٹامپ و رسوم قابل اخذ اور استغاثه و سزا بابت کسي جرم کے امور متعلق قانون اصلي هيں اور ان امور سے وه قانون متعلق هوگا جو بروقت تحرير دستاويز کے نافذ تها برخلاف اسکے تجويز نسبت تاوان ناکافي اسٹامپ کے اور کارروائي وصول کرنے تاوان و واپسي و داير کرنے استغاثه فوجداري کي اور قابل پذيرائي هونا دستاويز کا امور داخل قانون ضابطه کے هيں اور اون سے قانون نافذالوقت متعلق هوگا

Stamp, Non judicial or general, اسٹامپ عام جو دستاويزات وثايق پر لگايا جاتا هے

Stamp, Postage اسٹامپ ڈاک و تاربرقي

Stamped documents, دستاويزات اسٹامپ شده دستاويزات جنپر بضابطه اسٹامپ نه لگا هو شهادت ميں قابل مقبولي نهيں هيں اور نه اونپر عهده‌دار سرکاري عمل کريگا يا اوسپر رجسٹري يا اوسکي تصديق کريگا ليکن اس قسم کي دستاويزات (بجز بل آف ايکسچينج يا پراميسري نوٹ کے يا ايسے دستاويزات کے جنپر ايک آنه کا اسٹامپ واجب هے) بعد اداے رسوم واجب کے اور تاوان کے شهادت ميں قبل مقبولي هوجاتي هيں

Stamp vendor, فروشنده اسٹامپ

Stand, v. t. (۱) عدالت ميں حاضر هونا (۲) قايم رهنا - نافذ رهنا

To stand against مقابله کرنا - مزاحم هونا

To stand by, تسليم يا سکوت کرنا - منظور کرنا - مدد دينا - حمايت کرنا - بچاو کرنا

To stand for, (۱) کسي کي جانب سے پيروي کرنا - حمايت کرنا (۲) کسي کا قايمقام هونا (۳) اميدوار هونا

To stand to, کسي اراده يا راے پر قايم رهنا

To stand up for, حمايت کرنا

To stand upon, اصرار کرنا - زور دينا

To stand trial, تحقيقات ميں قايم رهنا - تحقيقات سے نه هٹنا

Standard, n. مقياس - معيار - سرکاري پيمانه

Standard, a. مستند

Standing, n. (۱) قدامت - مدت دوران (۲) رتبه - درجه - حيثيت (۳) کهڑے هونے کي جگهه

Standing long, پرانا - زياده دنوں کا

Standing council, کونسل سرکاري

Standing orders, احکام مطبوعه متعلق ضابطه

Standing timber, درختان استاده

Stand-point, نظر - وه موقع جهاں سے کسي امر پر لحاظ کيا جاے

Staple produce, پيداوار اعلي - پيداوار خاص

**Star chamber,** - عدالت استار چیمبر یهه عدالت انگلستان محض مقدمات فوجداري کا کام کرتي تهي اور بلاتوسط جوري کے حکم سزا صادر کرتي تهي - اس عدالت میں کارروائي محض بر بناے افواہ یا شہرت کے هو سکتي تهي اور تشدد متعدد قسم کا بغرض حصول اقبال کے کرتي تهي یهه سنه ۱۶۴۱ع میں موقوف کي گئي

**Starting point,** وہ تاریخ یا زمانه جب سے میعاد سماعت شمار کي جاني چاهیئے

**State,** *n.* (۱) حالت - صورت - (۲) مملکت (۳) درجه - رتبه - حیثیت

**State affairs,** - امورات - سلطنت - ملکي معاملات

**State, Native,** ریاست هندوستاني

**State evidence,** گواہ سرکار

**State offences,** جرایم خلاف سرکار

**State paper,** کاغذ متعلقه مملکت

**State prisoners,** قیدیان جنهوں نے جرم کا ارتکاب خلاف مملکت یا سرکار کے کیا هو

**Stated account,** حساب جو فریقین نے منظور کیا هو

**Stated intervals,** اوقات معینه

**Statement,** *n.* اظہار - بیان - زبان بندي

**Statement,** *n.* بیان - کیفیت - حالت نقشه - فرد حساب

**Statement of claim,** عرضي دعوی میں بیان مدعي

**Statement of defence,** جواب دعوی

**Statesman,** *n.* مدبر - منتظم مملکت

**Station, Police**—*See* Police.

**Stationary department,** صیغه دفتر

**Station,** *n.* استیشن - ریل کے ٹهہرنے کي جگهه - (۲) تهانه (۳) منصب - پیشه (۴) حیثیت - حالت - رتبه - درجه

**Status,** *n.* حیثیت - حالت

**Status quo.** بحالت اصلي - بحالت سابق

**Statute,** *n.* قانون - ایکٹ پارلیمنٹ

**Statute-barred,** ممنوع سماعت بوجه تمادي کے - تمادي عارض هونا

**Statute, Merchant** - دستاویز مهري رجسٹري شده جسکا قرضه اگر ادا نکیا جاے تو ڈگري ذات یا جایداد یا مال مدیون پر جاري هوسکتي هے اور داین آراضیات کو اسوقت قبضه میں رکهه سکتا هے که لگان و منافع سے کل زر ڈگري وصول هو جاے

*See* Pocket judgment.

**Statute of Fraud.** استیٹوٹ سنه ۲۹ع جلوس چارلس دویم باب ۳ اس قانون کا منشا یهه تها که فریب کو کم کرے اور حلف دروغي کو جسکي ترغیب زیادہ تر بوجه معاهدات زباني کے که جنکي شہادت محض بلا تحریري هوتي تهي رفع کرے یهه قانون بموجب ایکٹ معاهده و ایکٹ وراثت هند منسوخ هوگیا

**Statute of limitation,** قانون تمادي

**Statute of staple, (E. law.)** دستاویز مهري جسکي تصدیق روبرو ممبر کے کي گئي هو - اسکا اثر یهه تها که بلا ڈگري عدالت کے اس دستاویز کي بنا پر ذات و جایدادیوں پر اجرا هو سکتا تها

**Statutory,** محکومه قانون

**Saving clause.** فقرہ تحفظ یعني ایکٹ کا وہ فقرہ جس سے کارروائیات جو قبل

صدور ایکٹ کے کي گئي هوں ناجایز هونے سے محفوظ رکھي جاتیں

Stay of execution, التواے اجراے

Stay of proceedings, التواے کارروائي - حکم عدالت دیواني مشعر التواے کارروائي کا اپیل هو سکتا هے

Stealing—*See* Theft.

Step, *n*. - قدم - فاصله قلیل - (۲) درجه - نوبت (۳) ترقي (۴) قدم کا نشان - پته (۵) کارروائي تدبیر

Step in, (۱) کسي جگه میں جانا (۲) دفعتاً قبضه کرنا

Step in the shoes of another, کسي دوسرے کا قایمقام هونا

Step-child, *n*. سوتیلا بچه

Step-father or mother, سوتیلا باپ یا ماں

Step in aid of execution, تدبیر معاون اجرا - درخواست واسطے التواے اجرا یا درخواست منجانب ڈگریدار واسطے زر ثمن نیلام اجرا کے امثال تدابیر معاون اجرا هیں

Stepping stone, ترقي کا ذریعه

Sterile, *a*. (۱) اوسر - بنجر - (۲) بانجه

Sterling, *a*. متعلق سکه رایج انگلستان

Stet processus, حکمنامه عدالت مشعر التواے کارروائي

Stevedore, *n*. وه عهده دار جسکا کام جهاز پر مال لدوانا اور اوتارنا هے

Steward, *n*. - سربراه کار علاقه - امین - جهاز پر اشیاے خوردني کا مهیا کرنیوالا

Stigma, *n*. بدنامي کا داغ - کلنک کا ٹیکه

Still, *n*. وه مکان جهاں شراب بنائي جائے - شراب کي بھٹي - شراب کا گودام

Still-born, جو مرا پیدا هو

Stimulant, *a*. محرک - وه شے جس سے دل اور شریان کو قوت هو

Stint, *n*. حد - مثلاً

Common without stint, چراگاه بلا قید (متعلق مویشي یا وقت چرائي کے)

Stipend, *n*. پنشن - تنخواه - وظیفه

Stipendiary estate, حقیت جو بعوض خدمت کے دي گئي هو

Stipendiary magistrate, مجسٹریٹ تنخواه یاب (بمقابله آنریري مجسٹریٹ کے)

Stipulate, *v. t*. معاهده کرنا - اقرار کرنا

Stipulation, *n*. شرط - معاهده - معامله

Stock, *n*. (۱) نسب - خاندان
*See*—Joint stock. (۲) سرمایه کمپني (۳) کاغذ زر کفالت سرکاري - (۴) سرمایه اثاثه
(۵) کاٹھه - مدراس میں مجرم کو سزا کاٹھه میں پاؤں دینے کي دي جاسکتي هے)

Stock-broker, دلال خرید و فروخت حصص کمپني

Stock certificate, سارٹیفکٹ استحقاق کسي سرمایه سرکاري میں جس سے حامل سارٹیفکٹ مذکور مستحق سرمایه مندرجه سارٹیفکٹ کا اور اوسکے ڈیویڈنڈ کا هوجاتا هے

Stock, Dead آلات کشاوري و پیداوار جو کام میں لانے کے لئے جمع رهے

Stock, Live مویشي جو کسان اپنے پاس رکھے

Stock, Taking مال موجوده کي فهرست بنانا

**Stock-jobber**—*See* Stock-broker,
**Stock in trade,** مال تجارت
**Stolen property,** - مال مسروقه
داشتن مال مسروقه جرم قابل سزا هے
**Stoppage in transitu,** روكنا مال كا راستة ميں
بايع جسكو مال كي قيمت ادا نكي گئي هو مجاز هے كه بصورت مشتري كے ديواليه هوجانے كے مال مبيعة كو راستة ميں يعنے قبل مقام مقصودة پر پهونچنے كے روك لے
**Stop-order,** حكم ممانعت - جب كوئي مال مديون يا مدعا علية كا جسكي نسبت حكم قرقي هو كسي شخص ثالث كے پاس جمع يا اسكي حفاظت ميں هو تو اوسكے نام حكم مشعر اوسكے بهي جائيگا كه تا صدور حكم ثاني مال مذكور اور اوسكا سود - يا حصة منافع كسي كو نه ديا جاے
**Store,**
**Store-house,** } گودام - مال خانة
**Store-keeper,** *n.* داروغا گدام
**Stowage,** *n.* اجرت گودام ميں مال پهونچانے كي
**Straightforward,** سيدها - راست
**Strained,** *n.* كهينچكر
**Straitened circumstances,** - مفلسي تنگي
**Stranger,** *n.* شخص اجنب - شخص ثالث - شخص غير - شخص بلا تعلق
**Strangulation,** *n.* پهانسي - گلا گهوٹنا - گلا دبانا
**Stratagem,** فطرت - جنگ - داو - گهات - دشمن كے دهوكه دهي كي بندش يا تدبير - عياري

Straw, Men of - مفلس - كم مايه شخص فرضي
Stream, *n.* *See* Deep stream and mid stream.
Street, *n.* - راه - شارع عام - گلي
Stress, *n.* (Scots. Law.) شے - قرقي - مقروقه
To lay stress, استدلال كرنا
Strict rules, قواعد سخت
Strict, adom, - سختي سے - بلا رعايت ٹهيک لفظي
Stricture, *n.* حرف گيري - نكته چيني
Strike, *n.* سارس باهم كاريگر و مزدوران بغرض نكرنے كام كے جب تک كه انكي درخواست منظور نهو
Strike, *v. t.* خارج كرنا
To strike balance, باقي نكالنا
To strike jury, جوري كا منجانب فريقين كے انتخاب كرنا
Strike a ledger or an account, باقي نكالنا
Strike a bargain, معاملة خريد فروخت طے كرنا
To strike off, خارج كرنا - مهيا كرنا
To strike work, كام چهوڑ دينا
Striking out indorsement, بل آف ايكسچينج كي عبارت ظهري كا كاٹنا اگر مدعي كسي تحرير ظهري ماقبل كو بلا منظوري آخر تحرير ظهري كنندة كے كاٹے تو وة شخص آخرالذكر پر نالش بة كاميابي نهيں كرسكتا
**Striking out issues,** امر تنقيح طلب قرار ديا جانا
**Striking off the roll,** اهالي قانون پيشة كا رجسٹر سے نام خارج كرنا
**Structure,** *n.* عمارت - تعمير
**Stuff-gown,** بيرسٹر ادني

Stultify, *v. t.* کسي کے نسبت یهہ ثابت کرنا کہ وہ حالت صحت عقل میں نہ تھا

Stupefy, *v.* بد حواس کرنا

Style, *n.* نام

Sub-agent, *n.* نایب ایجنٹ - نایب مختار - نایب ایجنٹ کا ذمہدار بمقابلہ ایجنٹ کے ہے اور نہ بمقابلہ اصل مالک کے

Sub-committee, سب کمیٹي ماتحت جو بڑي کمیٹي کے تحت میں کام کرے - کمیٹي کا حصہ

Sub-division, *n.* حصہ ضلع یا دیگر قسمت کا - سب ڈیویژن - علاقہ جو ایک حاکم کے سپرد ھو

Subduct, *v. t.* بروبیت کا واپس لینا

Sub-infeudation, *n.* حقیت ذیلي قبضہ ذیلي

Sub-lease, *n.* پٹہ یا ٹھیکہ ذیلي - کوئي پٹہ ذیلي اوس میعاد سے زیادہ کے لئے نہیں دیا جاسکتا ھے جو اصلي پٹہ کي ھو اور پٹہ ذیلي کے دینے سے پٹہ دار کي ذمہ داري میں کوئي فرق نہیں آتا - بصورت پٹہ آراضي لگاني کے فصل جو پٹہ دار ذیلي نے آراضي پر بوئي ھو مالک آراضي بصورت باقي رھنے لگان کے قرق کرسکتا ھے

Subject, *a.* (۱) مطیع - طابع - (۲) مستوجب ذمہدار - سزاوار - قابل

Subject to, برعایت - بشرط - بپابندي

Subject, *n.* (۱) رعایا - رعیت - (۲) مضمون - منشاء بحث مقدمہ

Subject-matter of suit, - شے مدعا بہا شے منشاے نالش

Subjudice, زیر تجویز

Sublet, *v. t.* پٹہ ذیلي یا کرایہ ذیلي پر دینا

Submarine, کشتي آب دوز - پن ڈوبي

Sub-mortgagee, مرتھن ذیلي - وہ شخص جسکے پاس مرتھن نے جایداد رھن کي ھو

Submerge, *v. i.* تہ اب ھونا - غرق ھو جانا - دریا برد ھوجانا

Submission, *n.* (۱) ارسال کرنا (۲) اقرار سپردگي ثالثي (۲) اقرار نامہ ثالثي (۳) گذارش - التماس (۴) اطاعت فرماں برداري

Submit, *v. t.* (۱) تسلیم کرنا (۲) گذارش کرنا (۳) ارسال کرنا - بھیجنا (۴) سپرد بہ ثالثي کرنا

Subordinate, *a.* ماتحت - ذیلي - ضمني

Subordinate-judge, جج ماتحت

Suborn, *v. t.* جھوٹي گواھي دلوانا

Subornation, *n.* جرم جھوٹي گواھي دلوانے کا - دروغ حلفي کي ترغیب کا جرم

Suborned witnesses, سکھلائے ھوئے گواہ

Sub-partnership, *n.* شراکت ذیلي - اگر کوئي شریک کسي شخص غیر کو شریک کرنا چاھے تو شراکت ذیلي باھم شریک مذکور اور اوس شخص کے جسکو اوسنے شریک ذیلي کیا ھو ھوسکتي ھے مگر شرکاے اصلي پر قابل پابندي نھوگي

Subpœna, *n.* سفینہ - حکم حاضري کہ جسکے عدم تعمیل میں سزا ھوسکتي ھے

**Subpœna and testificandum,** سفینه حاضري گواه

**Subpœna duces tecum,** سفینه واسطے پیش کرنے کتب یا دستاویز کے

**Subpœna,** *v. t.* طلب کرنا بذریعه سفینه یا سمن کے

**Subreption,** *n.* حاصل کرنا کسي عطیه کا بذریعه آگاهي اصل حالات کے یا بذریعه فریب کے

**Subrogate,** ایک داین کا بجاے دوسرے داین کے قائم کرنا

**Subrogation,** *n.* ایک داین کا بجاے دیگر داین کے قایم کرنا جسکو حقوق داین ابتدائي کے حاصل هوجاتے هیں

**Subscribe,** *v. t.* (۱) دستخط کرنا (۲) دستخط ذیل میں کرنا (۳) چندہ کے کاغذ پر دستخط کرنا (۴) عرضي دعوی یا بیان تحریري کے ذیل میں دستخط تصدیق کرنا (۵) کسي راے کو تسلیم یا اختیار کرنا

**Subscription,** *v.* - (۱) مجموعي چندہ رقم جو بطور چندہ کے کي جاے یا منظور کیجاے - (۲) دستخط - دستخط کے دریعه سے منظوري

**Subsequent,** *a.* مابعد

**Subsequent condition.** شرط مابعد شرط جسکي تعمیل نکرنے سے حق یا حقیت موجودہ ساقط هوجاے یا تبدیل هو جاے

*See*—Precedent condition.

**Subservient,** *a.* ذیلي - تابع - مطیع

**Subside,** *v.* - کم هوجانا - گھٹ جانا - ٹھنڈا پڑ جانا

**Subsidy,** *n.* (۱) مدد - عطیه بغرض امداد کسي شخص یا کمپني کے جو کوئي کام مفید عوام ایسا کرتا هو جس سے فیض عام متصور هو (۲) پادشاہ کا غیر معمولي مدد زر دینا (۳) ایک بادشاہ کا دوسرے بادشاہ کو مدد دینا یا نوج حاصل کرنا

**Subsidiary,** *a.* معین - مددگار - معاون

**Subsistence,** *n.* ذریعه پرورش - نان نفقه - روٹي کپڑا

**Substance,** *n.* (۱) مواد - (۲) جایداد اثاثه - پونجي

**Substantiate,** *v.* ثابت کرنا

**Substantial damages,** هرجه واقعي

*See*—Damages.

**Substantive,** *a.* (۱) اصلي (۲) مستقل

*See*—Law substantive.

**Substitute,** *v.* قایمقام - عیوض

**Substituted executor,** موصي جو بجاے دوسرے موصي کے بر طبق وقوع کسي امر کے مقرر کیا جاے مثلاً اوس صورتمیں که موصي اول نے عهدہ نامنظور کیا هو

**Substituted service,** تعمیل حکمنامه یا سمن کي ایجنٹ یا شریک خاندان مدعاعلیه پر یا کسي اور طور پر بجز تعمیل ذاتي کے

**Substitution,** *n.* (Rom. Law) وارث کا تقرر مشروط - وصیت میں نام کسي کا بطور ایسے شخص کے تحریر کرنا که جو بصورت نهونے موهوب له بالوصیت کے یا اوسکے لینے سے انکار کرنے کے هبه بالوصیت قایم رهے

**Substitutional gift,** هبه جسمیں نام اولاد موهوب‌له متوفی کا بجاے موهوب‌له کے قایم کیا جاے

Sub-tenant, *n.* اسامي ذيلي - اسامي شكمي

Subtraction, *n.* باز رکھنا یا محروم کرنا کسي شخص کو کسي حق سے جسکا وہ قانوناً مستحق ھے

Subtraction of conjugal rights, دست برداري حقوق زناشوئي - یہہ اوس صورت میں ھوتي ھے جب کہ شوھر یا زوجہ ایک دوسرے سے علحدہ ھوجاے اور بلاوجہ کافي کے جدا رھے

Subtraction of a legacy, - موصي کا موھوبات کو موھوب لہ کو ندینا یا اوسکا دینا ملتوي کرنا

Subtraction of service rent, &c. لگان یا محصول وغیرہ دینے سے یا خدمت انجام دینے سے انکار کرنا

Subvert, *v. t* (۱) تباہ کرنا - برباد کرنا (۲) اولٹ دینا

Subverts, *n.* - حوالي شھر - سواد شھر - اطراف

Succeed, *v. t.* (۱) جانشین ھونا (۲) کامیاب ھونا (۳) جایداد کا وراثتاً پہونچنا (۴) پیچھے سے انا - کسي کے بعد انا

Successful, *a.* کامیاب

Successive, *a.* مسلسل - متواتر - یکے بعد دیگرے

Succession, *n.* (۱) سلسلہ (۲) جانشیني (۳) حق جانشین (۴) حق وراثت

Succession certificate, سارٹیفیکٹ وراثت - سارٹیفکٹ جسکي رو سے قایمقام استحقاق متوفي مستحق وصول کرنے دیون متوفي کا ھو جاتا ھے

Succession duty, محصول یا ٹکس جو وراثت پر مطابق مالیت جایداد کے اور رشتہ مابین متوفي (Eng.) اور جانشین کے عاید ھوتا ھے ھندوستان میں اس قسم کا کوئي محصول نہیں ھے بجز محصول اسٹامپ کے

Successive disabilities. ناقابلیت ھاے مسلسل یعني مثلاً بعد نابالغي کے فاترالعقل ھو جانا

Successor, *n.* (۱) جانشین (۲) قایمقام

Sucken, *n.* (Scot. Law.) اوسقدر حصہ موضع کا جو ایک چکي سے متعلق یعني جسکي اسامیوں پر لازم ھوکہ اپنا ناج اوس چکي میں پسائیں

Sudden death, وفات اتفاقي یا ناگہاني

Sue, *v. t.* نالش کرنا - اتتغاثہ دایر کرنا - مقدمہ لڑانا - پیروي مقدمہ کرنا - استدعا یا خواستگاري کرنا

Sue out, درخواست کرنا اور حاصل کرنا

To sue out a writ, حکمنامہ درخواست دیکر حاصل کرنا

Sue, *v. i.* - دعوی کرنا - استدعا کرنا - (کسي امر کي بابت)

Suffer, *v. t.* برداشت کرنا (سزا کا متحمل ھونا)

Sufferance, *n.* رعایت

Sufferance, Tenancy at حقیت رعایتي - یہہ اوس صورت میں ھوتي ھے جب کہ اسامي بعد اختتام حق قبضہ کے بلا اجازت صریح مالک کے قابض رھے

Sufficient, *a.* (۱) کافي (۲) قابل

Sufficient cause, وجہہ کافي - وجہہ موجہہ

Sufficient time, کافي مهلت - کافي وقت
Suffocate, *v.* گلا گهونٹنا - دم بند کرنا
Suffrage, *n.* (۱) ووٹ - راے
(۲) تصديق - گواهي
Suggest, *v. t.* - بيان کرنا - ظاهر کرنا
ايما کرنا - کنايتاً ظاهر کرنا
Suggestive, *a.* پتہ کي (بات) جس سے
کوئي بات سوجهائي جاے
Suggestion, *n.* بيان - اظهار - اطلاع
بلا حلف-کيفيت ايما
Suicide, *n.* خود کشي
Suicide, Attempt at اقدام خود کشي
يہہ جرم قابل سزا هے
Suing, Place of مقام نالش کرنے کا
مقام ارجاع نالش دي تجويز بلحاظ
موقع شے دعوى - مقام سکونت مدعاعليه
يا اوس موقع کے هوتے هے جهاں بناے
دعوى پيدا هوا هو اور نيز بلحاظ
سهوليت جب بناے مخاصمت ايک سے
زيادہ مقام ميں پيدا هوئي هو
Suit, *n.* مقدمہ نالش - وہ کارروائي
عدالت ديواني ميں جو عرضي دعوى
سے شروع کي جاے
Suit of a civil nature, نالش از قسم
ديواني - (نوٹ) جس نالش ميں
تنازع درباب حق ملکيت کے يا حق
کسي منصب کے هو وہ از قسم نالش
ديواني هے باوجوديکہ وہ کليتاً منحصر
تجويز مسايل يا رسم يا رواج مذهبي
پر هو
Suits valuation, تخمينہ ماليت
نالشات
Suit, Abatement of سقوط نالش -
کوئي نالش بشرط قايم رهنے استحقاق
کے بوجہ وفات يا ازدواج کسي فريق
کے ساقط نهوگي - ليکن بعد سقوط
نالش کے کوئي نالش جديد اوسي
بناے دعوى پر رجو نهوسکيگي
Suit, Adjustment of تصفيہ مقدمہ
Suit court (O. E. L.) عدالت جس
ميں اساميان اپنے مالکان کي اطاعت
يا تعظيم بجا لاتے هيں
Suit, Custom, خدمت جو زمانہ
قديم ميں انجام دي جاتي هو
Suit, Frame of ترتيب نالش
Suit, Hearing of سماعت نالش
Suit in forma pauperis, - نالش
بصيغہ مفلسي
Suit, Withdrawal of باز دعوى
Suitor, *n.* مدعي
Sum, *n.* رقم - مبلغ (۲) مجموعہ -
جملہ - لب لباب - خلاصہ
Sum up, *v.* خلاصہ کرنا - مقدمہ کا
حال مختصراً بيان کرنا
Summary, *n.* خلاصہ
Summary Proceeding, کارروائي
سرسري
Summary suit, نالش سرسري
Summary trial, تجويز سرسري
(مقدمات فوجداري) ايسي تجاويز کي
ناراضي سے اپيل نهيں هوسکتا -
(بجز خاص صورتوں کے)
Summarily, *ad.* سرسري طور پر
Summing up, خلاصہ شهادت بيان
کرنا
Summon, *v. t.* طلب کرنا
Summon, Service—*See* Service.
Summons, *n* حکمنامہ - سمن
Summons Case, مقدمہ قابل اجراے
سمن - مقدمات سمن ميں اصالتاً
حاضري ملزم کي معاف کي جاسکتي هے
Superannuate, *a.* ضعيفي کي وجہ سے
پنشن دينا

Superficial, *a.* بیرونی - خارجی

Superficial knowledge, واقفیت خام

Superfluous, *a.* زاید - فاضل

Superintendent, *n.* سربراہ کار - منصرم - مہتمم

Superior, *a.* اعلی - مرجع

Superior landlord, مالک اعلی

Supernumerary, *a.* - زاید - فاضل - تعداد معین سے زاید

Supersede, *v. t.* - (۱) مسترد کرنا (۲) ایک کے بجاے دوسرا قایم کرنا - سبقت لیجانا - بے کار کرنا

Supersedeas, *n.* حکم معطلی - حکمنامہ التواے کارروائی

Supersession, *n.* - منسوخی - تردید برطرفی

Supersession of arbitration, منسوخی ثالثی

Superstitious use, اغراض - مذهبی جو قانوناً جایز نہیں سمجھی گئی هیں - هبہ جو ایسی اغراض کے لئے کیا جاے کالعدم هے

Supervene, *v.* اوپر سے آنا - واقعہ هونا ظهور پذیر هونا

Supervise, *v.* نگرانی کرنا - سربراهی کرنا

Supervisor, *a.* گرداور - سربراہکار

Supplement, *n.* تتمہ - ضمیمہ

Supplement, *v.* اضافہ کرنا - اضافہ کرکے مکمل کرنا

Supplementary bill, (Equity.) عرضی دعوی متمم جو بغرض پورا کرنے نقص اصل عرضی دعوی کے یا اظهار واقعات کے جو بعدہ واقع هوئے هوں داخل کی جاتی تهی

Supplementary witness, گواهان مزید - یعنی وہ گواهان جو ملزم نے ابتداً طلب نکرائے هوں

Supplemental grant, عطیہ مکرر

Suppletory oath, حلف فریق کا

Suppliant, *n.* مستدعی

Supplicavit, *n.* حکمنامہ طلبی ضمانت حفظ امن

Supply, *v.* (۱) بهم پهونچانا-مهیا کرنا (۲) کمی پورا کرنا - نقص رفع کرنا

Support, *v. t.* (۱) تائید کرنا - تصدیق کرنا (۲) پرورش کرنا-نان نفقہ دینا - مدد دینا (۳) ثابت کرنا

Support, *n.* (۱) حق دستہ یعنی حق هر مالک آراضی کا مشعر اسکے کہ آراضی مذکور جیسی اسکی قدرتی حالت هو شخص غیر کی آراضی ملحقہ اور آراضی زیرین سے وهی مضبوطی اور سهارا حاصل کرے جو همیشہ ملتا رها هے - یہہ حق بعد ۲۰ سال کے بلا خلش تصرف سے - حاصل هو جاتا هے - (۲) پرورش - گذران (۳) قیام - پائداری

Supposition, *n.* امر مفروضہ

Suppose, *v.* - قیاس کرنا - خیال کرنا فرض کرنا

Supreme court, عدالت اعلی بنگال یہہ عدالت بموجب آئین سنہ ۱۷۷۳ع کے کلکتہ میں قایم کی گئی تهی اور اوسکو کل رعایا سرکار پر اختیار حاصل تها اس عدالت کو اختیار سماعت مقدمہ دیوانی و فوجداری و کلیسا و بحری حاصل تها - یہہ عدالت سنہ ۱۸۶۱ع میں موقوف کی گئی

Supreme, court of judicature, عدالت اعلی انگلستان - یہہ عدالت بموجب جوڈیکیچر ایکٹ سنہ ۱۸۷۳ع و ۱۸۷۵ع کے قایم کی گئی تهی

**Suppress**, *v.* رکھنا - ظاهر نهونے دینا

**Suppression**, *n.* اخفا- دبا رکھنا-انسداد-

**Surcharging a common**, چرا گاہ میں حق سے زیادہ مویشي چھوڑنا

**Surcharging a person in an account (Equity).** فروگذاشت ظاهر کرنا - مثلاً حساب میں رقم مودي کا نه لکھا جانا

**Sure, To make** تحقیق کرنا

**Surety**, *n.* ضامن - کفیل

To stand surety for, کسي کي ضمانت کرنا

**Surface**, *n.* سطح

**Surmise**, *n.* بیان جسکي شکایت نالش توهین میں کیجاے - گمان قیاس

**Surplus**, (۱) فاضل-بیشي-افزوني-توفیر (۲) جایداد متوفي کا وہ حصه جو بعد اداے دیون کے باقي رهے - جایداد ما بقي

**Surplusage**, *n.* بیانات فریقین میں فضول امور کا ادخال جو خارج کیا جا سکتا هے

**Surprise**, سراسیمگي - عدم آگاهي

To take by surprise, بلا اطلاع کے کسي امر کا یکایک پیش کرنا که جسکا فریق ثاني جواب ندے سکے

**Surrebutter**, *n.* جواب مدعاعلیه کے جواب کا

**Surrejoinder**, *n.* جواب الجواب

**Surrender**, *v. t.* (۱) چھوڑ دینا - حواله کرنا (۲) استعفا دینا - حواله کرنا مجرم کا ایک سلطنت سے دوسري سلطنت کو

**Surrender**, *n.* (۱) آراضي کا بحق عطیه کنندہ چھوڑنا (۲) ضامن کا اصل شخص کو حراست جایز میں رکھنے کے لئے پیش کرنا (۳) حوالگي مجرم ایک سلطنت سے دوسري سلطنت کو

**Surrender**, *n.* وہ شخص جو آراضي کو بحق عطیه کنندہ کے چھوڑے

**Surrender of lease**, استعفا

**Surrounding circumstances**, قراین حالات

**Survey**, *v. t.* پیمایش کرنا

**Survey map**, نقشه سروے - تھاک بست

**Survival of right to use**, حق نالش

**Surviving**, *a.* باقي ماندہ حي القایم قایم رهنا

*See* Suit, Abatement of.

**Surveillance**, *n.* نگراه

*See* Police surveillance.

**Survivor**, *n.* باقیماندگي

**Survivorship**, *n.* باقي ماندگي حق شریک هندو خاندان غیر منقسمه یا حقیت غیر مجمل کا که برطبق وفات ایک شریک کے وہ باقي ماندہ شرکا کل حقیت یا جایداد خاندانی موروثي پر قابض هو

**Susceptible**, *n.* اثر پذیر

**Suspect**, *n.* وہ شخص جسپر مجرم هونے کا شبهه هو

**Suspend**, *v. t.* (۱) معطل کرنا (۲) ملتوي کرنا

To suspend payment, اداے زر واجب کا ملتوي کرنا - (یهه علامت دیوالیه هونے یا خراب هونے کارو بار کي هے)

**Suspense**, *n.* عارضي معطل هونا حق کا - مثلاً جب که حق مالک و اسامي کا ایک هي شخص کو حاصل هوتا هے اوس زمانه میں حق وصول لگان معطل هو جاتا هے

**Suspension, Pleas**, عذر سقوط نالش اس عذر سے مقدمه ساقط هو جاتا هے

**Suspicious**, *a.* مشتبه

Suspicious property, مال جسکي نسبت مسروقه هونے کا شبهه هو

Sustain, *v. t.* قايم رهنا - پذيرا کرنا

Sustainable, *a.* قابل قايم رهنے کے-قابل پذيرا هونے کے

Sway, *v.* ايک طرف جهک جانا - ايک جانب مايل هوجانا

Swear, *v. i.* حلف سے کہنا - حلف اوٹهانا - اقرار صالح کرنا

Swear, *v. t.* (۱) حلف اوٹهوانا - قسم دلانا - (۲) حلف سے الزام لگانا يا گواهي دينا

Sweating a coin, سکه کا ايک جزو تيزاب ڈالنا يا اور طرح سے نکالنا يهه ايک جرم هے

Sweeping charge ايسا الزام جو بہت سے اشخاص پر عايد هوسکے

Sweeping remark, —declaration, } راے يا اظهار يا جو بهت سي باتوں پر حاوي هو

Swerve, *v. i.* انحراف کرنا - تجاوز کرنا

Swindler, *n.* دغاباز - دهوکه ديکر لينے والا

Sworn enemy, جاني دشمن

Symbolical delivery, حوالگي علامتي حوالگي قبضه جايداد بذريعه حواله کرنے کسي شے کے جو علامت دينے قبضه کي هو مثلاً کنجي مکان کي

Symbolical possession—*See* Possession.

Symptom, *n.* - علامت - اثر - نشان بيماري کي علامت

Syndic, *n* ايجنٹ-کسي ديگر جماعت کا ايجنسي

Syndicate, *n.* جماعت اشخاص جنکو سرکاري طور پر کوئي کام سپرد کيا گيا هو يا جو کسي معامله کے طے کرنے کے لئے مقرر کئے گئے هوں

Syngraph, *n.* وه معاهده جسپر فريقين کے دستخط ثبت هوں

System, *n.* (۱) قاعده - طريقه - ترتيب (۲) جسم - بدن

# T

Table, *n.* نقشه - شجره

Table of contents, فهرست مضامين

To turn the tables, کسي نزاع ميں بات چيت کے قراين کو بدل دينا

Table, Genealogical شجرة النسب

Table, Laying on پارليمنٹ يا جلسه قانوني ميں کسي معامله يا رپورٹ کا پيش کرنا

Table, Twelve قانون روم کا مجموعه جو ۴۵۰ برس قبل عيسیٰ کے مرتب کيا گيا تها

Tabular statement, نقشه خانه‌دار

Tacit, *a.* خاموشي سے يا سکوت

Tack, *v.* نتهي کرنا - منسلک کرنا - جوڑنا

Tacking, *n.* - مطالبه مزيد قائم کرنا اگر مرتهن ماقبل بلا علم مرتهن مابعد کے اوسي جايداد پر قرضه مزيد دے تو مرتهن ماقبل اپنے رهن دويم کو رهن اول ميں شامل کرکے بعض صورتوں ميں بمضرت مرتهن درمياني کے دونوں رهن کا روپيه وصول کرسکتا هے-بموجب قانون حال کے هندوستان ميں يهه اصول تسليم کيا گيا هے - ايکٹ انتقال جايداد ميں يهه حکم هے که کوئي مرتهن جو پيچهے سے اپنے راهن کو کچهه قرضه دے عام اس سے

که اوسکو رهن درمیاني کي اطلاع هوئي تهي يا نهيں اوس قرضه مابعد کي بابت اپنے حق کفالت کي بابت کوئي اوسکو هق موجب حاصل نهوگا ليکن اگر کسي رهن نامه به نظر اطمينان اداے اوس روپيه کے جو آينده ديا جاے يا اداے زرباقي حساب رواں کے باقي کي تعداد انتهائي کے لئے جايداد مرهون هوئي هو تو کوئي جزو زر مندرجه رهن نامه کا جو بعد کسي رهن مابعد کے بهي ديا گيا هو بمقابله زر رهن ثاني کے مقدم سمجها جائيگا گو اوس رهن مابعد کي اطلاع مرتهن ماقبل کو بهي هو

*See* also Security, Consolidation of and Marshalling of securities.

**Tail**, *a.* محدود

**Tail, Estate,** حقيت محدود - يهه حقيت مستقل قابل ارث هوتي هے اور وه کسي شخص کو اور اوسکے ورثاے نسلي کو دي جاتي هے - ايسي صورت ميں وه (General estate tail) کهلاتي هے اور جب خاص ورثا نسلي کو دي جاتي هے مثلاً اناث و ذکور کو تو وه (Special estate tail) کهلاتي هے بصورت ورثا و ذکور کے حقيت مذکور Tail male اور بصورت ورثا اناث کے حقيت Tail female کهلاتي هے

**Tailzie**, *n.* (Scot. Law). سلسله وراثت جو کسي مالک نے نسبت اپني جايداد کے بجاے سلسله وراثت قانوني مقرر کيا هو

**Take**, *v. t.* وراثتاً يا بذريعه وصيت پانا

To take advantage of, کسي کي کمزوري کا فايده اٹهانا

To take care of, نگراں رهنا - اپني حفاظت ميں رکهنا

To take down, قلمبند کرنا

To take notice, خاص توجهه کے ساتهه احاطا کرنا - کسي امر کي نسبت کوئي راے ظاهر کرنا

To take part, شريک هونا

Take up, (۱) اختيار کرنا - قبول کرنا (۲) لينا - شروع کرنا (کسي کام کا) - مصروف هونا - (۳) گرفتار کرنا - (۴) تسليم کرنا - باور کرنا

Take effect, اثر پذير هونا - نافذ هونا

Take up a case, مقدمه کو پيشي ميں لينا

Take cognizance, مقدمه کي سماعت کرنا

Taking cognizance, مقدمه سماعت کرنا

Taking up a case, مقدمه کو پيشي ميں لينا

**Tale-bearer**, چغل خور - غماض

**Tales**, *n.* اشخاص جو جوري ميں کمي پورا کرنے کے لئے عدالت کے احاطه ميں سے طلب کئے جائيں

**Tales de circumstantibus,** حکمنامه بغرض طلبي اشخاص کے جو عدالت کے باهر هوں بغرض داخل کرنے جوري ميں جس ميں کمي واقع هوتي هو

**Talesman**, *n.* Same as Tales.

**Talliage**, *n.* (O. E. Law) محصول يا خراج جو زمانه سابق ميں نائٹ و تعلقهداران و اساميان واسطے اخراجات سرکاري کے ادا کرتے تهے

**Tally**, *n.* چهڑي - قديم زمانه ميں بايع و مشتري اپنے حساب کے رکهنے کے لئے دوچهڑي يا ايک چهڑي کے دو ٹکڑے رکهتے تهے جسپر وه مطابق مقدار يا تعداد مال فروخت شده کے دندان کاٹتے

تھے بایع کے پاس ایک چھڑي اور مشتري کے پاس دوسري چھڑي بغرض یادداشت رھتي تھي

Tally, *v. i.* مطابق ھونا

Tally shop, وہ دوکان جس میں مال گاھکوں کو اودھار فروخت کیا جاتا ھے اور ایک پرت بایع حساب کے پاس اور دوسرا پرت مشتري کے پاس رھتا ھے

Tamper with, سازش کرنا - رشوت دینا خفیه کارروائي کرنا - جعل بنانا

To tamper with a document, دستاویز میں جعل بنانا - تحریف کرنا

To tamper with a witness, گواہ کو ملالینا - گواہ کو بگاڑ دینا

Tangible, *a.* قابل حس - مادي

Tangible property, جایداد مادي یا قابل حس وہ جایداد ھے جو قابل قبضه لینے کے ھو - محض حقوق اس قسم کي جایداد نہیں ھیں

Tantamount, *a.* مساوي - مثل - بمنزلہ

Tardy, *a.* سست - دیر کے ساتھہ ھونے والي

Tariff, *n.* (۱) شرح محصول جو گورنمنت نے ایسے مال پر جو ملک سے باھر جاے یا ملک کے اندر آیا ھو لگایا ھو (۲) فہرست شرح محصول

Tarnish reputation, نیکنامي یا عزت میں دھبه لگانا

Tavern-keeper, *n.* محافظ مے خانه

Tax, *n.* ٹکس محصول جو آمدني مکان - پیشه یا مویشي وغیرہ پر لگایا جاے

Tax, *v. t.* (۱) تشخیص خرچه (بذریعه عدالت) (۲) محصول لگانا یا قائم کرنا

Tax, Income انکم تکس - آمدني پر محصول

Taxable, *a.* (۱) خرچه مقدمه جو حساب میں داخل کرنے کے قابل ھو (۲) قابل اداے محصول

Taxation, Direct محصول جو ھر شخص سے لیا جاے جیسا که بصورت انکم ٹکس کے

Taxation, Indirect محصول بتوسط یعني محصول جو بابت آراضي کے ھو آبکاري پر لیا جاے

Taxation of cost, تشخیص خرچه - یهه کام اعلی عہدہدار عدالت مثلاً هائیکورت میں رجسترار اور عدالت هاے ماتحت میں منصرم کا ھے جو مشخص خرچه ھیں

Taxing officer, عہدہدار مشخص خرچه

Technical words, الفاظ اصطلاحي - الفاظ قانوني

Technicality, *n.* اصطلاح

Technical Instruction Acts, یهه ایکت اس غرض سے صادر کئے گئے تھے که حکام مقامي بصرف اوس سرمایه کے که جو لوکل فنڈ سے جمع ھو انتظام تعلیم اصول علم طبعي اور دستکاري کا جو کار تجارتي سے متعلق ھو کریں

Technical objection or plea, عذر قانوني ( جو عذر رویدادي سے قابل امتیاز ھے ) - عذر ضابطه

Telegraph, *v.* تار کے ذریعه سے خبر دینا - تار دینا

Telegraphic communication, مراسلت بذریعه تار برقي

Teller, *n.* (Scot. Law.) خزانچي

Temperance society, جماعت اون اشخاص کي جنھوں نے عہدہ اشیاے منشي کے نه پینے کا یا اوسکے رواج کے کم کرنے کا کیا ھو

Templar, *n.* طالب علم قانون

Temple, *n* (۱) مندر- بت خانه - مسجد

Inner (۲) مقامات جو ار نام Temple and Middle Temple لندن ميں مشہور هيں اور جو زمانه قديم ميں مسکن نايٹس ٹيمپلر ( Knights Templar ) کے تهے اب تعليم گاه علم قانون هيں

Temporal, *a.* دنياوي (بخلاف مذهبي کے)

Temporal, Lords امر سلطنت جو هاوس آف لارڈس ميں بجز امراے مذهبي کے اجلاس کرنے کا استحقاق رکهتے هيں

Temporary, *a.* عارضي - چند روزه - زمانه معين کے لئے

Temporize, *v.* دفعه الوقتي کرنا - وقت کے احاط سے کارروائي کرنا

Tenable, مضبوط - قوي - مستحکم

Tenable plea, عذر قوي - عذر جو چل سکے

Tenacious, *a.* مضبوط - مضبوطي سے پکڑنے والا

Tenancy, *n.* (۱) حقيقت - قبضه آراضي - قبضه اسامي يا قبضه رعيتي (۲) زمانه قبضه (۳) آراضي مقبوضه (۴) مکان - جاے سکونت (O. E. Law)

Tenancy in common, حقيت يا قبضه مشترک - جب دو يا زياده اشخاص بلا تفريق قابض هوں اور اونکے حقوق کسي جايداد يا مال ميں علحده هوں اور حصص مساوي يا غير مساوي هوں تو کسي شخص کے وفات پر جايداد اوسکے قايمقام کو پهونچتي هے اور نه باقي ماندگان کو جيسي که صورت حقيت بالاجمال ميں هوتي هے

Tenancy, Joint حقيت بالاجمال - ايسي حقيت ميں حصص يا اجزاے حقيت علحده کسي شخص کے نهيں هوتي اور جايداد ميں حق باقي ماندگي بعد وفات کسي شريک ديگر شرکا کو هوتا هے

Tenant, *n.* (۱) اسامي (۲) پٹه دار (۳) ٹهيکه دار

Tenant at fixed rates, اسامي بشرح معين

وه اسامي جو کسي آراضي واقع کسي ايسے ضلع پر که جسکا بندوبست استمراري هو برابر باداے شرح لگان واحد قابض رها هو اسامي بشرح معين کهلاتا هے اور وه مستحق هے که اسکو حق دخيلکاري اوسي شرح پر حاصل رهے Raiyat at fixed rates بنگال ميں يهه کے نام سے مشهور هيں ايسے اساميان کا حق قابل توريث اور قابل انتقال هے

Tenant at sufferance—*See* Sufferance.

Tenant at will, اسامي تا مرضي مالک يهه ايک قسم اسامي غير دخيلکاري کي هے

*See*—Tenant non-occupancy.

Tenant from year to year, اسامي سال بسال يهه اساميان اکثر هوتے هيں جنکو پٹه معه لگان سالانه ديا گيا هو اور کوئي ميعاد پٹه ميں مندرج نهو - اساميان سال بسال کے حق ميں اور اساميان تا مرضي مالک کے حق ميں يهه فرق هے که اساميان اول الذکر کو ( انگلستان ميں ) چهه ماه

پیشتر اطلاع بیدخلی دی جاتی ہے بخلاف اسکے حق اسامی تامرضی مالک زمیندار یا اسامی کے مرضی سے ختم ہوسکتا ہے اور بوقت وفات ان دونوں میں سے کسی کا حق قبضہ جاتا رہتا ہے

Tenant by copy or
Tenant by the verge, } (Eng. Law.)

وہ اسامی جسکا نام درج رجسٹر ہو

Tenant for life, قابض حین حیاتی
خواہ اوسکو قبضہ اپنے یا دوسرے شخص کے لئے حاصل ہو

Tenant in fee tail, اسامی جسکو حق قبضہ تا حیات اوسکے اور بعدہ اوسکے اولاد کو دیا گیا ہو

*See*—Tail.

Tenant, Exproprietory, اسامی ساقطالملکیت - ہر مالک جسکے حقوق ملکیت واقع کسی محال یا اوسکے کسی جزو کے خواہ وہ اوسکے کسی حصہ میں ہوں یا اوسکے کسی خاص رقبہ میں ہوں منتقل ہوجائیں (خواہ بذریعہ نیلام عدالتی یا بطور ایسے انتقال کے جو اپنی خواہش سے کیا جاے اور جو بذریعہ ہبہ یا بذریعہ مبادلہ مابین حصہ داران محال مذکور کے نکیا جاے ) اپنی آراضی سیر اور اوس آراضی کا جسکی وہ تاریخ انتقال پر برابر بارہ برس سے کاشت کرتا رہا ہو اسامی حقدار دخیلکاری ہوجایگا - اسامی مذکور اسامی ساقطالملکیت کہلاتا ہے اور مستحق اسکا ہے کہ راضی ساقطالملکیت پر ایسے لگان پر قبضہ رکھے جو اوس شرح سے بحساب فی روپیہ چار آنہ کم ہو جو اسامیان غیر دخیلکار سے ویسی ہے قسم اور فایدہ کی آراضی کی بابت عموماً قابل ادا ہے

Tenant, Occupancy, اسامی دخیلکار
وہ اسامی جسکو ایک ہی آراضی پر برابر بارہ برس تک قابض رہنے سے آراضی مذکور میں حق دخیلکاری حاصل ہوگیا ہو یہہ حق بموجب ایکٹ قبضہ آراضی ممالک مغربی و شمالی سنہ ۱۹۰۱ کے اسامی کو جو بحیثیت ٹھیکہدار کے یا بطور اسامی شکمی کے قابض رہا ہو حاصل نہ ہوگا اور نہ یہ حق کسی آراضی سیر میں یا کسی آراضی میں جو دوجی بزاؤ یا کسی دیگر سرکاری غرض یا نفع خلایق کے لئے کام آے حاصل ہوگا - یہہ حق مثل حق ساقطالملکیت کے سواے بذریعہ ایسے انتقال کے قابل انتقال نہیں ہے جو خود اپنی خواہش سے مابین اون اشخاص کے ہو جنکو بحیثیت حصہ داران قبضہ آراضی متعلقہ کے حق مذکور ابتدا حاصل ہو یا جو بذریعہ وراثت اوسمیں حصہدار ہوگئے ہوں لیکن یہہ حقوق ( یعنی حق ساقطالملکیت و دخیلکاری) بموجب قواعد خاص قابل توریث ہیں

Tenant, Non-occupancy اسامی غیر دخیلکار
یہ اسامیان بجز اسکے کہ اونکو پٹہ دیا گیا ہو اختتام سال زراعتی پر بیدخل کی جاسکتی ہیں لیکن اگر اونکو پھر اندر ایک سال کے قبضہ دیا جاے تو وہ بذریعہ قبضہ دوازدہ سال کے حق دخیلکاری حاصل کرسکتی ہیں گو آراضیات جنپر اونکو قبضہ دیا گیا ہو مختلف ہوں

Tenant in chief, (Eng. Law).
قابض اعلی - بموجب قانون انگلستان

کے جملہ آراضي سلطان وقت کي هوتي هے اور يهہ تصور کيا جاتا هے کہ اور جملہ قابضان بادشاہ کي اسامي هيں

Tenant in common, قابضان شريک اساميان مشترک

Tenant's right, (۱) حق اسامي بموجب رواج کے اسامي جو کسي کاشت کو چھوڑے مستحق پانے معاوضہ کا بابت اون ترقيات کے هے جنکا اثر زايل نہ هوگيا هو (۲) روپيہ جو بطور معاوضہ کے ديا جاے

Tenantable, *a.* قابل سکونت

Tenantable repair, مرمت ضروري جس سے مکان قابل سکونت رهے

Tendency, *n.* رجحان - ميلان طبع

Tender, *v.* پيش کرنا - کسي شے کے مقبول هونے کي نسبت عرض کرنا ادايگي کے لئے پيش کرنا

Tender, *n.* (۱) اظہار آمادگي (۲) پيش کرنا - حوالہ کرنے کے لئے پيش کرنا - (۳) شے جو پيش کي جاے - نذر

Tenant, Legal (۱) سکہ رايج وہ سکہ يا کاغذ زر جسکا پيش کرنا قرضدار کو جايز اور داين کو لينا واجب هے - يهہ چيزيں هر ملک ميں مختلف هوتي هيں انگلستان ميں چاندي کا سکہ ۴۰ شلنگ تک جايز هے اور سکہ مسي ايک شلنگ تک اور بنک آف انگلينڈ کے نوٹ ۵ پاونڈ سے زيادہ کي رقوم کے ادا کے لئے - هندوستان ميں پيشتر سونے کا سکہ دينا جايز نہ تھا مگر اب وہ بعض قيود کے ساتھہ سکہ رايج هے - روپيہ (يعني جسپر تعريف سکہ ملکہ معظمہ صادق آتي هو خواہ وہ کسي دار الضرب کا هو) اور آتھہ آني سکہ رايج هے بشرطيکہ ۲ في صدي سے وزن ميں زيادہ کم نهوں مگر يهہ بهي شرط هے کہ وہ کاتے يا چھيلے يا بدشکل يا وزن ميں کم کسي اور طرح پر بجز استعمال کے نکئے گئے هوں چواني اور دواني صرف روپيہ کے کسرات تابع شرط دويم کي جاسکتي هيں قابل پيسہ تانبہ کا يا معمولي پيسہ يا دهيلا اور پائي بقدر اپني مقدار کے قابل دينے يا لينے کے هيں مگر کوئي تانبے کا سکہ ايک روپيہ کي کسرات سے زيادہ کے لئے قابل دينے يا لينے کے نهيں هے- کونسي نوت جس سرکل ميں کہ وہ جاري کيا گيا هو اوسکے هر شہر ميں ادا کے لئے نسبت اوس رقم کے جو اوسميں مندرج هے بابت هر مطالبہ سرکاري کے جو پانچ روپيہ سے زيادہ هو اور اوس رقم کے جو گورنمنٹ هند يا کسي جماعت سند يافتہ يا کسي شخص ساکن برٹش انڈيا سے واجب هو قابل پذيرائي هے (۲) اظہار آمادگي قانوني

*See*—Legal tender.

Tender of issue, مال جس سے امر تنقيح طلب پيدا هوتا هو اور جسکے قبضہ کي استدعا هو

Tenement, *n.* (۱) شے مقبوضہ جو مستقل قسم کي هو خواہ وہ مادي هو يا غير مادي (۲) مکان (Feud. law) (۳) حقيت خدمتي

Tenor, *n.* نقل هو بهو . (بخلاف خلاصہ کے) افواے کلام - طرز کلام دحول

Tension, *n.* تناو - کشيدگي

Tentative, *a.* امتحان کے لئے - امتحاني

Tenure, *n.* (۱) طريقہ قبضہ جايداد (۲) قبضہ عهدہ

Tenure-holder, Permanent, حقدار قبضہ مستقل

Termer, *n.* وہ شخص جو کسي ميعاد کے لئے يا تا حيات قابض هو

Terminate, *v. i.* ختم هونا - ختم کرنا

Termination, *n.* اختتام

Terre-tenant, اسامي قابض واقعي

Territorial limits, حدود عرضي

Territorial waters, سمندر کا وہ پاني جو تين ميل کے فاصلہ تک کنارے ملک سے هو - بموجب قانون باهمي ممالک کے وہ اندر علاقہ اوس ملک کے هوتا هے جسکے کنارے پر وہ پاني هو - اس طرحپر جهازات ملک غير بهي جو اندر اوس فاصلہ کے داخل هوں تابع اختيار ملک مذکور هوتے هيں

Territory, *n.* قلمرو - مملکت

Territory, British.

*See*—British.

Terrorem, To hold in کوئي ذريعہ دهمکي کا رکهنا اور اوسکے انديشہ سے مجبور کرنا

Test, *n.* ميعان - جانچ

Test, *v.* جانچنا - امتحان کرنا - آزمايش کرنا (۲) تصديق کرنا (بذريعہ گواهي کے)

Test Act, قانون انگلستان مصدرہ عهد چارلس دويم کہ جسکي رو سے حلف اطاعت وغيرہ لي جاتي تهي يهہ قانون سنہ ۱۸۲۹ع ميں منسوخ هوگيا

Test-case, مقدمہ آزمايشي - مقدمہ جو امتحاناً اسغرض سے داير کيا جاے کہ ديگر مقدمات هم قسم اگر اوسميں کامیابي هو بعددہ داير کئے جائيں

Testable, *a.* (۱) قابل وصيت - قابل هبہ بالوصيت (۲) قابليت وصيت کرنے کي هونا

بموجب شرع محمدي کے هبہ بالوصيت صرف بقدر ايک ثلث کے کي جا سکتي هے -

جب کسي ضلع يا جزو ضلع ميں جسکا بندوبست استمراري هو کوئي استحقاق مستقل اور قابل انتقال واقع آراضي سواے بذريعہ پٹہ ميعادي کے کسي اور طور پر کسي ايسے شخص کو حاصل رها هو جسکي حيثيت مالک محال اور اوسکے قابضوں کے درميان ميں هو اور يهہ استحقاق ايک هي شرح لگان پر بندوبست استمراري کے وقت سے اوسکو حاصل چلا آتا هو تو وہ شخص مستحق هوگا کہ اوسکو وہ استحقاق اوسي شرح سے حاصل رهے - ايسا شخص حقدار مستقل کهلائيگا (قانون قبضہ آراضي اگرہ)

Term, *n.* (۱) حد - ميعاد خصوصاً تعداد سال کي جسکے لئے آراضي پٹہ پردي گئي هو ميعاد پٹہ ايک حقيت غير منقولہ سمجهي جاتي هے اور بعد وفات اوس شخص کے جسکو پٹہ ديا گيا هو اوسکے قايمقامان ذاتي کو پهونچتي هے

(۲) ميعاد جو قرضدار کو واسطے ادا قرضہ کے دي گئي هو (۳) وہ زمانہ کہ جسميں عدالت کے اجلاس هوتے هيں

Terms, شرايط

To make terms, To come to terms, } صلح کرنا - راضي نامہ هو جانا

To bring to terms, صلح کرانا

To be on good terms, ميل رکهنا اتفاق رکهنا

To be on bad terms, نفاق رکهنا - عداوت رکهنا

To be under terms, عدالت سے کوئي رعايت تابع خاص شرايط کے ملنا

Term fee, *n.* محنتانہ جو موکل کے ذمہ بابت حاضري عدالت قانون پيشہ کے حساب خرچہ ميں عايد کيا جاے

بموجب دھرم شاستر کے ہبۂ بالوصیت صرف جایداد مکسوبۂ ذاتي کے کیجھا سکتي ہے مگر کل کي نہیں

Testament, *n.* وصیت نامہ - وصیتنامہ کے جایز ہونے کے لئے یہہ ضرور ہے کہ وہ بحفظ مراتب قانوني تحریر کیا جاےٴاور وصیت کرنے والے کو قابلیت وصیت کرنے کي حاصل ہو مثلاً وہ مجنون یا نابالغ نہو - یہہ امر مشتبہ ہے کہ آیا وہ شخص جو تحت کورٹ آف وارڈس کا ہو اور سن بلوغ کو پہونچ گیا ہو انتقال وصیتي کرسکتا ہے یا نہیں) بعض صورتوں میں محض زباني وصیت ہوسکتي ہے

*See* Privileged Will.

Testamentary, *a.* (۱) متعلق وصیت (۲) قابلیت وصیت کرنے کي (۳) جو وصیت نامہ کي رو سے مقرر یا ہبۂ کي گئي ہو

Testamentary cause, مقدمات پروبیٹ کورٹ متعلق وصیت نامجات و جایداد اشخاص بلا وصیت

Testamentary guardian, ولي جو ازروے وصیت مقرر کیا گیا ہو

Testamentary jurisdiction—*See* Jurisdiction.

Testale, *n.* وہ شخص جو بعد تحریر کرنے وصیت نامہ کے فوت ہوا ہو

Testator, *n.* موصي

Testatrix, *n.* موصیۂ

Testatum, *n.* وہ جزو دستاویز یا دیگر وثیقۂ باضابطۂ جسکے بعد جزو قابل نفاذ دستاویز کا ہوتا ہے مثلاً یہہ الفاظ " یہہ دستاویز شاہدہ اس امر کي ہے "

Teste, *n.* (۱) گواہ (۲) وہ جزو حکمنامہ یا وارنٹ کا جسمیں یہہ لکھا جاتا ہے کہ بہ تصدیق اسکے دیکھو دستخط فلاں حکمنامجات بادشاہ کے نام سے جاري کئے جاتے ہیں مگر اونپر دستخط لارڈ چانسلر یا لارڈ چیف جسٹس کے ہوتے ہیں

Tested, *n.* مصدقۂ

Testify, *v. t.* گواہي دینا - شہادت دینا - شہادت حلفي دینا

Testimonial, *n.* سند

Testimonium clause, فقرہ وصیت نامہ متعلق تصدیق

Testimony, *n.* شہادت - نشاني

Text, *n.* قول - اشلوک

Text book, رسالہ قانوني جسمیں اصول یا فیصلہ جات متعلقۂ کسي شاخ قانون کے جمع کئے گئے ہوں

Thatched roof, چھپر

Thatching, اسباب چھپر بندي - چھانے کا اسباب

Theatre, (۱) وہ مقام جہاں کہ عظیم واقعہ دکھایا جاے (۲) وہ مکان جسمیں کوئي ناٹک یا تماشہ دکھایا جاے - تماشہ گاہ - تھیٹھر

Theatre of war, میدان جنگ

Theft, *n.* سرقۂ - چوري - بددیانتي سے کسي مال منقولہ کا کسي شخص کے قبضۂ میں سے اوسکي بلا رضامندي کے لینے کي نیت سے تبدیل جا کرنا سرقۂ ہے - پس ظاہر ہے کہ سرقۂ نسبت مال منقولہ مادي کے ہوسکتا ہے کوئي شے جبھي کہ وہ زمین سے جدا کي جاے مال منقولہ ہوجاتي ہے - تبدیل جاے اوس صورت میں ہوتا ہے جبکہ روک جو تبدیل جا کي مانع ہوتي ہے ہٹادي جاے یا شے مذکور سي اور شے سے جدا کي جاے

Thellu-son's Act, ایکٹ سنۂ ۳۹ و ۴۰

جلوس جارج سیوم باب ۹۸ اس ایکٹ کي رو سے ممانعت اجتماع زر (یعنے سود کے وقتاً فوقتاً مد شامل اصل کرنے کي بغرض حصول سود در سود کے) بجز بغرض اداے قرضجات یا اضافۂ سرمایہ امداد اطفال کے اوس زمانہ سے زیادہ کے لئے ھے جو واھب کے حیات میں گذرے یا ۲۱ سال تک کا بعد اوسکے وفات کے ھو یا جو زمانہ نابالغي کسي شخص زندہ میں یا جو شکم مادر میں وقت وفات موصي میں ھو گذرے - لیکن بموجب قانون وراثت ھند کے زمانہ ایک سال کا مقرر کیا گیا ھے اور اسکے بعد زر موھوبہ حقدار کو دیا جایگا

Theory, *n.* اصول - قاعدہ - قیاس - خیال

Thief, *n.* سارق

Thieves, Gang of گروہ سارق

Things, *n.* شے - جایداد

Things, personal—same as Personal property (q. v.)

Things, Real—same as Real property (q. v.)

Third class magistrate, مجسٹریٹ درجۂ سیوم

Third estate, قایمقامان عوام و عوام جنکو ووٹ دینے کا اختیار ھو

Third party, *n.* فریق ثالث - یعني جو زمرہ مدعیان یا مدعاعلیھم میں نھوں

Thirds, Widows, حق بیوہ - مھر

Thirlage, *n.* (Scot. law.) حق مالکان چکیوں کا کہ غلہ جو اونکے علاقہ کے اندر پیدا ھو اونکي چکیوں سے پسوایا جاے

Thoroughfare, *n.* شارع عام

Thresh, *v.* (۱) دایں چلانا - ناج کا دانہ نکالنا (۲) خوب مارنا - چابک زني کرنا

Threshing-floor, کھلیان - دایں چلانے کي جگہہ

Threat, *n.* دھمکي کسي شخص کو اوسکي جسم یا نیک نامي یا مال کو نقصان پہونچانے کي دھمکي دینا یا ناراضي خدا یا کسي دیوتا کي اس نیت سے کہ اوسکو خوف میں ڈالے یا اوس سے کوئي ایسا فعل کراے جسکا کرنا اوسپر قانوناً واجب نھیں ھے یا اوس سے کوئي ایسا فعل ترک کراے جسکے کرنے کا وہ قانوناً مستحق ھے دھمکي دینا جرم قابل سزا ھے *See*—Intimidation. جرم دھرنا بھي ایک قسم کي دھمکي ھے دھمکي بطور عذر شرکت جرم صرف اوس صورت میں قابل پذیرائي ھے جبکہ دھمکي سے ارتکاب جرم کے وقت مرتکب کو معقول خطرہ فوراً ھلاکت کا ھو اور اوسنے خود اپنے رغبت سے یا اپنے نقصان کے اندیشہ سے جو فوراً ھلاکت سے کم ھو اپنے آپکو ایسے حالت میں نہ ڈالا ھو

دھمکي سے جو وصیت نامہ لکھایا گیا ھو کالعدم ھے

Three A's—Rule of the یہہ قاعدہ کہ اٹرني - ایجنٹ اور آربیٹریٹر (یعنی ثالث) فریق بنائے جاسکتے ھیں اور اونپر خرچہ عاید ھوسکتا ھے

Thrive, *v.* بڑھنا - ترقي پانا - سرسبز ھونا

Throw out, *v.* خارج کرنا - نامنظور کرنا - نکالنا - برطرف کرنا

Throw up, دست کش ھونا - مستعفي ھونا

Tillage, *n.* جتائي - کاشتکاري - زراعت

Thumb impression, نشان انگشت شناخت کے لئے نشانات انگشت لئے جاتے

هیں اور بموجب ایک شہادت کے
یہہ قابل پذیرائي هیں

**Ticket, n.** ٹکٹ - سارٹیفکٹ یا نشان
اجازت داخل هونے کي کسي جماعت
یا سفر گاڑي میں - ٹکٹ

**Ticket, Through** وہ ٹکٹ ریل کا جسکے
ذریعہ سے چند مختلف ریلوں پر سفر
کرنے کي اجازت هو

**Ticket day, (Rom.)** وہ تاریخ جسپر
دلالان مقام ایکسچینج (لندن) میں
جمع هوتے هیں اور نام خریداران کا
ظاهر کرتے هیں - یہہ یوم عین قبل
تاریخ ادا اور تصفیہ حساب کے هوتا
هے

**Ticket of leave,** ٹکٹ جسکي رو سے
قیدیوں کو بوجہہ نیک چلني اجازت
دي جاتي هے کہ جیلخانہ سے باهر
جاویں اور کام کریں

**Tidal rivers,** دریا جن میں جوار بهاٹا
آتا هے اون میں حق ماهي گیري اوس
مقام تک جہانتک کہ جوار بهاٹا
پہونچے عوام کو حاصل هے

**Tidesman, n.** وہ عہدہدار محصول گھر
جو جہاز پر جاکر محصول وصول کرتا
هے

**Tigni immittendi (Rom. Law),**
استحقاق رکھنے کڑي یا لکڑي دیوار مکان
همسایہ پر - یہہ حق ایک قسم کا حق
آسایش هے

**Timber, n.** درخت جنکي لکڑي قابل
عمارت هو - درختان استادہ - کٹے هوے
درخت - درختان استادہ جایداد غیر
منقولہ هیں لیکن بعد کٹنے کے وہ منقولہ
هو جاتے هیں

**Time, n.** زمانہ - وقت - میعاد - شمار
میعاد کا بموجب کلنڈر انگریزي کے جو
گریگورین کلنڈر کے نام سے مشہور هے
عدالت هاے قانون هندوستان میں کیا
جاتا هے لیکن تجاروں میں مطابق سنہ
سنبت وکرمادت یا شالواهن کے شمار
وقت کیا جاتا هے - قوانین مال کي
رو سے نسبت لگان یا مالگذاري کے سنہ
فصلي رایج هے - یہہ سنہ ۳۰ جون سے
شروع هوتا هے - ریاست هاے اهل
اسلام میں چاند کے حساب سنہ و ماہ
شمار کئے جاتے هیں

*See*—Year and day.

**Time, Running of** میعاد کا شروع هونا-
یہہ مسلہ قانوني هے کہ جب ایک مرتبہ
میعاد شروع هو جاتي هے تو وہ نہیں
رک سکتي

**Time-bargain,** معاهدہ واسطے خرید و
فروخت مال و اسٹاک ایک خاص وقت
معینہ آیندہ پر

**Time-barred, a.** تمادي پذیر

**Time-honored, a.** قدیم

**Time out of mind,** وہ زمانہ جسکے
بیشتر کي یاد نہو

**Time-server,** زمانہ ساز - وہ شخص جو
خوشامد کي نظر سے حاکم وقت کي
مطابعت کرے

*See* Memory.

**Timely, a.** وقت مناسب سے - وقت سے

**Tipstaff, n.** عہدہدار عدالت جسکا کام
یہہ هے کہ مجرمان توهین عدالت
کنندہ کو گرفتار کرے اور قیدیان کو
حراست میں لے

**Tissue of falsehood,** کل جھوٹ - سلسلہ
دروغ گوئي کا بناوٹ

**Tithes, n.** دسواں حصہ - وہ لگان یا
محصول جو پادري کو دیا جاے

**Tithing man, n.** کانسٹبل ادنی

Title, *n.* ( ۱ ) حق - استحقاق - ( ۲ ) دستاویز شہادت استحقاق ( ۳ ) نام کتاب - عنوان کتاب - ( ۴ ) خطاب - القاب - مثلاً ڈیوک - نواب وغیرہ

Title, Better, حق مرجح

Title, Derivative حق جو کسي پیشرو سے حاصل کیا گیا ہو

Title, Good حق جایز - کوئي اسامي اپنے زمیندار کے حق سے یا لیسنس دار اپنے لیسنس عطا کنندہ کے حق سے منکر نہیں ہو سکتا

Title, Original حق ابتدائي - یعني حق جو قابض مال نے خود حاصل یا پیدا کیا ہو

Title-deeds - دستاویزات شہادت حق - یہہ دستاویزات حق اوس جایداد کے انتقال کے ساتھہ منتقل ہوتي ہیں کہ جنسے وہ متعلق ہوں بجز اسکے کہ انتقال کنندہ دستاویزات مذکور اپنے پاس رکھنے کي شرط کرے جو اوس صورت میں ضروري ہوتي جب کہ دستاویزات دیگر جایداد سے بھي متعلق ہوں - کوئي گواہ جو فریق مقدمہ نہو اپني دستاویزات حقیت پیش کرنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا

Titular chiefs, سرداران جنکو خطاب ملا ہو مگر جنکے پاس علاقہ نہو

Tocher, *n.* (Scot Law) مہر

Toddy, *n.* تاڑي

Toft, *n.* (O. E. Law.) وہ مقام جہاں کوئي مکان پیشتر ہو - کھیڑا

Token, *n.* نشان - علامت

Token money. سکہ جو اپني قیمت اصلي سے زیادہ قیمت پر رایج ہو

Tolerate, *v.* برداشت کرنا - متحمل ہونا - روا رکھنا - تلافي مفت ہونے دینا

Toleration, *n.* آزادي مذہبي - مذہبي عقاید کو روا رکھنا جبکہ وہ خلاف طریقہ مذہب یا عقاید حاکم وقت یا دیگر جماعت کے ہوں

Toll, *v.* (O. E. Law) محروم کرانا - خالي کرانا

Toll, *n.* محصول جو بابت سڑک یا گھاٹ وغیرہ کے لیا جاتا تھا

Toll house, محصول گھر

Toll thorough, *n.* (E. Law) محصول جو سڑک یا گھاٹ سرکاري کي بابت لیا جاے

Toll traverse, محصول گذر جو کوئي خاص شخص اپنے پل یا راہ یا کشتي کي بابت لے

Toll turn, (Eng. Law) محصول جو مویشي کي بابت لیا جاے جو بازار سے واپس آویں گو وہ فروخت ہوئے ہوں

Tonnage, *n.* ( ۱ ) محصول شراب جو سابق مستاجري پر دیا جاتا تھا اور جسکا ایک حصہ سرکار لیتي تھي ( ۲ ) وزن مال کي جو جہاز پر لادا جاسکتا ہے

Tonnage rent, حق جو مالک کان کو ٹن کے حساب سے ملتا ہے

Tonsure, *n.* سرتراشي - مونڈن - یہہ بموجب دھرم شاستر کے ایک سنسکار ہے

Tontine, *n.* وظیفہ سالانہ جو چند اشخاص کو معہ حق باقي مندگي باہم اونکے عطا کیا جاے

Tools, *n.* اوزار - ہتھیار کاریگران - نوٹ - یہہ کسي مطالبہ میں قابل قرقي نہیں ہیں

**Tooth, Wisdom** (اس سے عقل کي داڑه اکثر ماهران طب شناخت بلوغيت کي کرتے هيں يهه قريب ۲۲ سال کے نکلتي هے)

**Torment,** *n.* تشدد - تکليف - تکليف‌دهي

**Tort,** *n.* ٹارٹ - فعل بيجا - فعل ناجايز

ٹارٹ ايسا فعل يا ترک فعل بلا تعلق معاهده کے هے جسکے کرنے کي قانون ميں اجازت نهو اور جس سے کسي حق کو جو دوسرے کو حاصل هو مضرت پهونچے يا اوس سے کوئي مضرت واقعي از قسم نقصان زر يا تندرستي يا آسايس معمولي اوس سے زياده پهونچے جو عوام‌الناس کو پهونچتا هے اور ايسے نقصان کا معاوضه از روے نالش هرجه هوسکتا هو - يهه بهي کها جاسکتا هے که ٹارٹ خلاف ورزي کسي فرض قانوني کي هے جسکي بابت چاره کار بذريعه نالش هرجه هو سکتا هے

مقدمات ٹارٹ عموماً چار قسم کے هوتے هيں

(ا) جو افعال عداوتي يا بے پرواهي سے پيدا هوں - مثلاً مقدمات ازاله حيثيت عرفي - استغاثه ايذا رسان و گرفتاري ناجايز - مقدموں کا لڑانا - عورت کا بهگا ليجانا - فريب اور سازش

(ب) افعال غفلت و ترک فعل - اس ميں کل وه مقدمات داخل هيں جو کسي احتياط لازمي کے نه کرنے سے پيدا هوتے هيں

(ج) افعال به تعلق استعمال کسي مال يا جايداد کے بلا لحاظ عداوت يا غفلت کے - اس قسم ميں جمله وه مقدمات داخل هيں که جس سے يهه مسله قانوني متعلق هے که اپنے مال يا جايداد کو اسطرحپر استعمال کرو که جس سے دوسرے کو تکليف نه پهونچے مقدمات امور باعث تکليف اسميں داخل هيں

(د) اس قسم ميں وه سب افعال داخل هيں جو بلا اجازت قانوني بمضرت حقوق ذاتي ديگر اشخاص کے کئے جائيں مثلاً کسي کے مکان ميں گهس جانا يا کسي شخص کو پيٹنا - اسميں خلاف ورزي اون جمله حقوق کي داخل هے جو از روے قانون هر شخص کو حاصل هيں مثلاً مداخلت بيجا - بيدخلي - کسي کے مال ذاتي کو اپنے کام ميں لانا نشانات تجارتي کو استعمال کرنا - سند ايجاد و اختراع کے خلاف عمل کرنا ظاهرا جمله جرايم مندرجه تعزيرات هند ٹارٹ هيں جب اونکا ارتکاب به تعلق کسي شخص کے کيا جاے اور اونکي بابت نالش عدالت ديواني ميں بغرض حصول هرجه داير کي جا سکتي هے

دعوى هرجه سواے بصورت هلاکت کے قابل وراثت يا انتقال نهيں هے

**Tort feasor,** *n.* فعل بيجا کننده - مرتکب فعل بيجا يا مداخلت بيجا کننده

**Tortious,** *a.* متعلق فعل ناجايز

**Torture,** *n.* تشدد ناجايز - اقرار کے استحصال بالجبر کرنے يا مال کے واپس کرديني پر مجبور کرنے کے لئے بالاراده ضرر پهونچانا جرم قابل سزا هے

**Torture,** *v.* سخت تکليف دينا - تشدد يا جبر کرنا

**Tory,** *n.* (Politics) ايک فريق مدبران ملک ميں جو حالت موجوده کو بهت بهتر سمجهتے هيں اور جو حامي شهنشاه موجوده کے هيں - يهه

اشخاص اب (Conservative) کے نام سے مشہور هیں

Total, *n*. جمع - کل

Touch stone, *n*. (۱) محک - کسوٹي (۲) معیار

Tour, *n*. دورہ

Tourn, *n*. (O. E. Law) عدالت شیرف

Tout, *n*. دلال مقدمات

Town, *n*. شہر - قصبہ

Town, Presidency بلدہ پریزیڈنسي

Toxicology, *n*. علم جسمیں حالات و صفات اشیاے منسي یا زهردار بیان کئے جائیں

Trace, *n*. نشان - پتہ

Trace, *v. t.* (۱) نشان لگانا - پتہ لگانا (۲) سراغ لگانا (۳) نقشہ اوتارنا

Track, *n*. (۱) راستہ-پک ڈنڈي - لیک نشان - پتہ (۲) نقش پا

Tract, *n*. قطعہ ملک

Trade, *n*. تجارت - پیشہ

Trade, Board of —*See* Board.

Trade description, *n* (۱) تفصیل تجارتي تفصیل نسبت تعداد - مقدار-ناپ یا تول کسي مال کے (۲) نسبت مقام یا ملک یا وقت ساخت یا مقام مذکور و تفصیل نسبت طریقہ صنعت و اشیاے جنسے وہ مرکب هے - جو کوئي شخص غلط تفصیل تجارتي اپنے مال پر درج کریگا مستوجب سزا هے

Trade, Foreign تجارت مال ملک سے باهر بهیجنے یا اندر لانے کي

Trade, Home تجارت اندرون ملک

Trade mark, نشان تجارت - نشان حرفہ

جس نشان کے استعمال سے یہہ سمجها جاے کہ یہہ اسباب فلاں شخص خاص کا ساختہ کیا هوا یا تجارتي هے تو وہ نشان حرفہ کا نشان کہلائیگا

نشان حرفہ کے الفاظ میں (حسب منشاے تعزیرات هند) هر ایسا نشان حرفہ داخل هے جسکي رجسٹري بموجب ایکٹ نمونوں و اختراعوں و حرفے کے نشانوں کے ایکٹ (مصدرہ سنہ ۱۸۸۳) کي رو سے هوئي هو اور ایسا نشان بهي داخل هے جسکي یا تو رجسٹري کرکے یا بلا رجسٹري کے ایسے مقبوضات برطانی یا ریاست غیر میں بذریعہ قانون کے حفاظت کي گئي هو

جهوٹا نشان حرفہ کا استعمال کرنا جرم قابل سزا هے - طریقہ جانچ خلاف ورزي نشان حرفہ یہہ هے کہ آیا مدعاعلیہ نے نشان نام وغیرہ اس غرض سے استعمال کیا کہ وہ اپنے مال کو مدعي کا مال ظاهر کرکے فروخت کرے

Trade-price, تهوک فروشي کي قیمت

Trade-union, جماعت کاریگران تجارت

انکي اصل غرض یہہ هے کہ اپنے حقوق کو محفوظ رکهیں - مثلاً بذریعہ اتفاق باهمي کے اپني اجرت بڑهانے کي کوشش کریں

Trader, *n*. تجار - سوداگر

Tradition, *n*. (M. Law.) - حدیث سنت

Traditions, Holy حدیث قدسي

Traditions of universal notoriety, احادیث متواترہ

Traduce, *v*. جهوٹا الزام لگانا - تہمت لگانا - رسوا کرنا

Traffic, *n* (۱) تجارت مال و اسباب (۲) ریل پر مال یا مسافر کي آمد و رفت

Traffic, *v*. (۱) تجارت کرنا - (۲) کوئي ذلیل کام کرنا - کوئي بدلا لیکر کوئي برا کام کرنا

Traffic Superintendent, ٹریفک سپرنٹنڈنٹ - منتظم ریل

Traffic, a. مصیبت دہ - غمناک - رنجدہ

Train, n. (۱) ریل کي گاڑیوں کا سلسلہ (۲) سلسلہ (۳) همراهیان سواري

Train, v. (۱) سکھانا - تعلیم دینا (۲) نکالنا (جیسے بیلوں کو کھیتي کے کام کے لئے) (۳) کھینچنا - ورغلانا - ترغیب دینا

Traitor, n. دغاباز - باغي - وطن دشمن

Tramcar, n. گاڑي ٹریم کي - ریل کي گاڑي جو شہر کے اندر یا سواد شہر میں چلائي جاے

Trammels, (۱) جال (۲) الگاو سد راہ - روک

Trample, v. (۱) روندنا - پائمالي کرنا (۲) حقارت سے لات مارنا

Transact, v. t. معاملہ کرنا - کام کرنا

Transaction, n. معاملہ - کام - تصفیہ معاملہ باتفاق باهمي

Transaction, Same - ایک هي معاملہ بموجب قانون شہادت کے اگر واقعات داخل تنقیح نهوں مگر واقعات تنقیح طلب سے اسقدر اتصال رکھتے هوں کہ جزو ایک هي معاملہ کے هو گئے هوں تو وہ واقعات متعلقہ هوجاتے هیں— بموجب ضابطہ فوجداري کے جرایم جنکا ارتکاب ایک هي معاملہ میں هوا هو اونکي تجویز ایک ساتھہ هو سکتي هے

Transaction, Sham فرضي معاملہ سازش معاملہ

Transaction of a Society, رپورٹ کارروائي انجمن

Transcribe, v. t. نقل کرنا -

Transcript, n. نقل خصوصاً نقل باضابطہ

Transfer, n. (۱) انتقال- منتقل کرنا کسي حق یا استحقاق یا جایداد کا (خواہ منقولہ یا غیر منقولہ) ایک شخص کا دوسرے شخص کو خواہ بذریعہ هبہ یا بیع یا دیگر نہج پر (۲) ایک شخص کا دوسري جگہ قتل کیا جانا - تبادلہ

Transfer, Conditional, انتقال شرطیہ انتقال جو کسي شرط ناممکن یا خلاف قانون یا خلاف مصلحت عام یا ایسي شرط کي بنا پر کیا گیا هو جس سے کسي دوسرے شخص کي ذات یا جایداد کو نقصان پہونچے کالعدم هے

Transfer of cases, - انتقال مقدمات هائیکورٹ کو مجاز هے کہ جب اوسکو واسطے اغراض عدل کے قرین مصلحت معلوم هو مقدمہ فوجداري متدایرہ عدالت ماتحت دوسري عدالت میں خواہ وہ مساوي یا اعلی اختیار سماعت رکھتي هو منتقل کرے

Transfer, (Deed of) دستاویز انتقال

Transferable, a - (۱) قابل انتقال ( ۲ ) قابل سکارے جانے کے . مثلاً بل آف ایکسچینج یا دیگر دستاویزات قابل بیع و شري جو ایک شخص نام دوسرے کے بذریعہ عبارت ظهري کے منتقل کرسکتا هے

Transfer inter vivos, انتقال باهم اشخاص زندہ - ( بخلاف انتقال وصیتي کے) ایکٹ انتقال جایداد میں اس قسم کے انتقالات کي نسبت احکام درج هیں

Transfer, *Pendente lite*, انتقال دوران نالش یا نزاع

*See* Pendente lite.

Transfer of Property, -انتقال جایداد انتقال جایداد سے تمام حق و حقوق

انتقال کنندہ واقعہ جایداد مذکور اور تمام حق اوسکا جایداد مذکور کے متعلقات قانوني میں جسکو وہ اوس وقت منتقل کر سکتا هے فوراً بحق منتقل الیہ منتقل هو جاتے هیں - متعلقات مذکور میں جب جایداد آراضي هو وہ حقوق استادہ داخل هیں جو اوس سے ملحق هوں اور رهاے کرایہ و لگان و منافع جو بعد انتقال کے پیدا هوں اور تمام اشیاے جو آراضي مذکور سے ملحق هوں - اور جب وہ جایداد کوئي دین یا اور شے هو جسکے بابت دعوی بذریعہ نالش هو سکے تو متعلقات میں اوس دین وغیرہ کے کفالت نامجات بھي شامل هیں (باستثنا اون کفالت نامجات کے جو بابت دیگر دیون کے بھي هوں جو منتقل الیہ کے نام منتقل نہ کئے گئے هوں) الا باقیات زر سود جو انتقال سے پہلے پیدا هوئے هوں شامل نہیں هیں

Transferable, قابل انتقال - (۲) قابل خرید و فروخت جسکے بیچھے دوسرے کے نام هوسکے

Transference, *n.* انتقال

Transferee, *n.* منتقل الیہ

Transferer, *n.* انتقال کنندہ

Transgress, *v. t.* کسي حکم قانون سے تجاوز کرنا - خلاف ورزي حکم قانون کي کرنا - شکست کرنا کسي قاعدہ کا

Transgression, *n.* خلاف ورزي حکم قانون - جرم - گناہ - تصور

Transgressor, قصوروار - خلاف ورزي حکم کي کرنے والا

Transit, گذر جانا - لیجانا

In transit, ایک جگھہ سے دوسري جگھہ لیجاتے هیں

Transitory action (E. Law) مقدمات جو هر کورٹ میں دایر هوسکیں

Translation, *n.* ترجمہ - تبدیل مقام

Translation department, دفتر ترجمہ

Translator, مترجم - ترجمان

Transliterate, ایک زبان کے الفاظ کو دوسري زبان کے حروف میں لکھنا - (مثلاً رومن حروف میں لکھنا)

Transmission, *n.* (۱) حق منتقل کرنے یا پہونچانے ورثہ کا (۲) ترسیل وراثت - ارسال کرنا

Transmit, - بھیجنا - ارسال کرنا روانہ کرنا - پہونچانا

Transpire, *v. i.* ظاهر هونا - کھل جانا

Transhipment, *n.* مال کا ایک جہاز سے دوسرے جہاز پر لادنا - ناخدا بوقت ضرورت اپنے جہاز کا مال دوسرے جہاز پر لاد سکتا هے

Transport, *v* (۱) کسي شے کا ایک مقام سے دوسرے مقام کو لیجانا - باربرداري - پہونچانا - لیجانا - (۲) جہاز جسپر فوج یا رسد پہونچائي جاے (۳) قید جسکے سبب عبور دریاے شور کا حکم هو

Transportation, *n.* کالا پاني - حبس بعبور دریاے شور

Transportation for life, حبس دوام بعبور دریاے شور - یہہ سزا موت کے بعد هے

Travelling allowance, سفر خرچ - زاد راہ

*See* Punishment.

Traverse, *n. v.* باضابطہ انکار کسي واقعہ مظہرہ فریق مخالف سے کسي نوبت مقدمہ میں

Traverse, *v. t.* انکار کرنا اون امور سے جو فریقین مخالف نے بیان کئے ہوں

Traverse an indictment, فرد قرار داد جرم خارج کرانا

Traverse Jury, جوري مجوز مقدمه *See* Petit Jury.

Traversing note, بیان انکاري تحریري

Tread out, دایں چلانا - پاؤں سے دباکر نکالنا

Tread upon, (۱) کچلنا - روندنا - ملنا (۲) کسي کے بعد آنا

Tread upon the heels of, کسي کے پیچھے لگے رهنا

Treason, *n.* بغاوت

Treason, High جرم خلاف ورزي باسرکار میں علاوه بادشاه وقت کے هلاکت کے قصد لارڈ چانسلر اور دیگر مدبران اعلی کے قتل کا اقدام یا قصد داخل هے - هندوستان میں شهنشاه اعظم کے مقابله میں جنگ کرنا یا اوسکا اقدام یا اعانت کرنا یا جنگ کرنے کي تدبیر کو اوسکے سهل کرنے کي نیت سے چھپانا یا گورنر جنرل یا گورنر وغیره کو اختیار جایز کے نفاذ پر مجبور کرنے یا اوسکے باز رکھنے کي نیت سے حمله کرنا داخل هے

Treason, Misprison اخفاے بغاوت

Treasure, *n.* خزانه

Treasure-trove, *n.* دفینه - مال یا روپیه جو زمین میں یا دیگر نهج پر پوشیده ملے اور جس کے مالک کا حال معلوم نهو - اس قسم کا مال یا روپیه بموجب قانون دفینه هند کے روبرو کلکٹر کے پیش کرنا چاهئے اور وه بعد اجراے اشتهارات وغیره کے اگر کوئي دعویدار اور پیدا نهوگا تو یابنده زر کو واپس دیگا - انگلستان میں اس قسم کے خزانه ملکیت سرکار هوتا هے

Treasurer, *n.* خزانچي

Treasury, *n.* خزانه

Treat, *a.* - (۱) سلوک کرنا - پیش آنا - (۲) معالجه کرنا (۳) کسي امر کے سبب کوئي مضمون تحریر کرنا - کسي امر یا شے کے سبب کوئي خاص بیان کرنا - (۴) تواضع کرنا

Treating, *n.* ضیافت کرنا - کھانا پینا دینا یا تماشه دکھلانا یهه داخل رشوت هے اگر ایسے ضیافت وغیره کے ذریعه سے ووٹ حاصل کیا جاے

Treatise, *n.* رساله - کتاب

Treatment, (۱) سلوک - برتاو (۲) معالجه

Treaty, *n.* عهد و پیمان جو باهم سلاطین یا سلطنتوں کے هوتا هے

Tree, *n.* درخت درخت عموماً ملکیت اوس زمیندار کي هوتے هیں که جسکي آراضي پر وه واقع هوں

Trench, خندق گڑها - کھائي - خندق جسمیں سپاه دشمن کو مارتے هیں

Trespass, *n.* مداخلت بیجا - کسي دوسرے کي آراضي پر بلا اوسکے رضامندي کے خود جانا یا مویشیوں کو جانے دینا مداخلت بیجا هے - اسي طرح سے کسي مال میں جو دوسرے کا هو دست اندازي کرنا داخل مداخلت بیجا هے - کسي کے جانور کو پیٹنا مداخلت بیجا هے - دوسرے کي آراضي میں شکار مارنا انگلستان میں مداخلت بیجا هے

Trespass, *v.* (۱) مداخلت کرنا (۲) دوسرےکي آراضي پر ناجایز قبضه کرنا۔ داخل هونا ۔ مخل هونا (۳) نامناسب

تقاضه سے تکلیف پہونچانا - (۴) گناہ کرنا - خطا کرنا

Trespass, Cattle مداخلت بیجا مویشیاں - اوسکی نسبت علحدہ قانون ھے

Trespass, Criminal مداخلت بیجا مجرمانہ - جو کوئي شخص کسي ایسي ملکیت کے اندر داخل ھو کہ جو کسي دوسرے شخص کے قبضہ میں ھو اس نیت سے کہ کسي جرم کا ارتکاب کرے یا اوس شخص کي جو ملکیت مذکور پر قابض ھے تخویف یا توھین کرے یا اوسکو رنج دے یا اوس ملکیت کے اندر جواراً داخل ھوکر وھاں ناجوازي کے ساتھہ ٹھہرا رھے اس نیت سے کہ اوسکے ذریعہ سے اوس شخص کي تخویف یا توھین کرے یا اوسکو رنج دے یا اس نیت سے کہ کسي جرم کا ارتکاب کرے تو کہا جائیگا کہ شخص مذکور نے مداخلت بیجا کي

Trespasser, n. مداخلت بیجا کنندہ

Trespasser, ab initio, وہ شخص جو کسي آراضي یا مکان میں جایز طور پر داخل ھوکر اپنے اختیار سے تجاوز کرکے کوئي فعل کرے - ضرور ھے کہ فعل جسکا شخص مذکور مرتکب ھو کوئي فعل بیجا ھو محض ترک فعل سے ایسي صورت میں مداخلت بیجا نہیں ھوتي - نالش مداخلت بیجا میں مدعي کا آراضي پر قابض ھونا ضروري ھے کیونکہ مداخلت بیجا سے قبضہ میں اور نہ استحقاق میں خلل آتا ھے - جب باھم فریقین نسبت قبضہ آراضي کے نزاع ھو تو شخص قابض مستحق تصور ھوگا

Triable, a قابل تجویز - قابل تحقیقات

Trial, n تجویز - باضابطہ تنقیح امور متعلقہ کسي مقدمہ کي روبرو عدالت مجاز کے - فیصلہ امور تنقیح طلب قانوني یا واقعاتي کا کسي مقدمہ دیواني یا فوجداري میں

To commit for trial, دورہ سپرد کرنا - واسطے تجویز کے عدالت سشن میں بھیجنا

Under trial, زیر تجویز جسکے مقدمہ کي تجویز نہوئي ھو

To bring to trial, ماخوذ کرنا - الزام لگانا

Trial by Jury or Assessors, تجویز بذریعہ جوري یا بمدد اسیسران

Trial, Place of مقام تجویز - جرم کي تجویز عموماً اوس عدالت میں ھوگي جسکے علاقہ اختیار سماعت میں جرم کا ارتکاب کیا گیا ھو - جرم ٹھگي یا داخل گروہ رھزن ھونے کا اوس عدالت میں قابل تجویز ھے جسکے علاقہ میں ملزم ھو

Trial, Sessions تجویز بذریعہ عدالت سشن

Trial, Summary تجویز سرسري
*See* Summary.

Tribe, قوم - فرقہ - طبقہ - گروہ

Tribes, Criminal اقوام جرایم پیشہ

Tribes, Vagrant فرقہ‌جات آوارہ گرد

Trickery, مکاري - فریب دھي - دغابازي چال

Tribunal, n. عدالت - اجلاس

Tribute, n. خراج

Triennial, سہ سالہ

Trinity masters, انجمن بحري کے ممبران اعلی - ان میں سے دو اشخاص انگلستان میں جج کے ساتھہ بوقت تجویز مقدمات صیغہ بحري اجلاس

کرتے هیں - هندوستان میں بهي ایسے مقدمات میں جج دو اسیسران کو ایسي مدد کے لئے بٹھا سکتا هے

Trior or Trier, *n.* (۱) شخص مجوز مقدمه (۲) وه شخص جو جوري کي نسبت اعتراضات کے سماعت کرنے کے لئے مقرر کیا جاے

Tripartite, *a.* (۱) وه دستاویز جنکے تین تین علحده فریق هوں (۲) تین حصوں میں منقسمه

Triplication, *n.* *Same as* Surre-joinder.

Tiivial, *a.* خفیف

Trivial offence, جرم خفیف

Triver, *n.* مال پر بذریعه پانے یا کسي اور طرح پر قبضه حاصل کرنا - نالش بغرض دلا پانے هرجه بمقابله ایسے شخص کے جس نے مال پایا هو لیکن وه بعد طالبي کے واپس نکرے - نالش بغرض دلا پانے قیمت اوس مال کے جو ناجایز طور پر کوئي شخص اپنے تصرف میں لایا هو

Truce, *n.* صلح عارضي - التواے جنگ

True-bill, فرد قرار داد جرم پر بڑي جوري کا یهه عبارت لکهنا که ملزم پر بادي‌النظر میں جرم ثابت هے

True copy, نقل مطابق اصل

Trust, *n.* امانت - امانت ایک ذمه‌داري هے جو جایداد کي ملکیت سے لاحق کي جاتي هے اور اوس اعتبار سے پیدا هوتي هے جو مالک کسي اور شخص کے فایده یا اپنے اور اوس شخص کے فایده کے لئے اور تیسرے شخص کي نسبت رکھے یا کرے اور تیسرا شخص قبول کرے - بموجب قانون انگلستان کے جایداد امانتي امین کے حق میں منتقل هو جاتي هے اور وه قانوناً مالک سمجها جاتا هے اور مامون له کو محض حق جایداد امانتي میں حاصل هوتا هے لیکن وه قانوناً مجاز کرنے کارروائي کا نسبت جایداد کے نهیں هوتا

Trust, Author of امانت کننده

Trust, Constructive - امانت تعبیري جب کوئي امانت صریح نه کي گئي هو لیکن واسطے اغراض انصاف کے قانوناً یهه خیال کیا جاے که افعال فریقین سے امانت هو گئي تو یهه امانت تعبیري کهلاتي هے - مثلاً تحریر پٹه منجانب امین کے اپنے هي حق میں امانت تعبیر کیجاے گي

Trust, Executed—*See* Executed.

Trust, Executory—*See* Execu-tory.

Trust, Express, امانت صریح

Trust, Implied, امانت معنوي

*See also* Precatory.

Trust, Public or Private, امانت عام (مثلاً واسطے اغراض خیرات یا مذهبي کے) یا امانت خانگي

Trust property, *n.* جایداد امانت

Trust, Quasi, ذمه‌داریاں از قسم امانت

Trust, Resulting, امانت منتج - جس صورت میں جایداد امانتي پر حق ایسي اغراض کے لئے دیا گیا جو امانت کے مساوي نهو - مثلاً بغرض ادا کرنے قرضجات کے جو بعده بیباق هوجائیں یا بغرض اداے وظیفه سالانه کے جو موقوف هوجاے تو اس صورت میں زر باقي کي نسبت جو اغراض مذکور سے باقي رهے امانت منتج پیدا هوتي هے

Trust, Simple امانت سادہ - امانت جس میں امین جایداد امانت پر مامون لہ کے لئے قابض ھو - بصورت ایسی امانت کے مامون لہ ھر وقت امانت واپس لے سکتا ھے

Trust, Special or Active, امانت خاص - امانت جسکي رو سے امین کو بد تعلق امانت کے کوئي خاص فرایض ادا کرتے ھوں

Trust, The three certainties of تین امور جو امانت جایز میں متحقق ھونے چاھئیں

(۱) عبارت مستعملہ جس کي رو سے امانت قایم کي گئي ایسي صاف ھوني چاھئے کہ جس سے یہہ معلوم ھو کہ امانت کئے جانے کا مقصد ھے (۲) وہ شے جسکي نسبت امانت کي گئي ھو معین اور متحقق ھوني چاھئے (۳) وہ شے یا اشخاص جنکے فایدہ کے لئے امانت کي گئي متحقق ھونے چاھئیں

Trustee, n. امین - متولي

Trustee, Bare امین محض - وہ شخص جس نے کل کام امانت کا ختم کردیا ھو اور محض جایداد کا مامون لہ کو دینا باقي ھو - مثلاً رسیور امین محض ھوجاتا ھے کہ جب اوسکا کار امانت ختم ھو جاے - ایسي صورت میں مامون لہ جایداد یا مال کے منتقل کرنے کے لئے نالش کرسکتا ھے

Trustee process—*Same* as Garnishment.

Truster, n. (Scot Law) امانت کنندہ

Trustworthy, a. قابل اعتبار

Try, v. t. تجویز کرنا - فیصلہ کرنا - تنقیح کرنا

Tubman, n. (E. Law) نام بیرسٹر اعلی عدالت ایکسچیکر

Tumultuous petitioning, درخواست اشخاص کثیرالتعداد - انگلستان میں یہہ قانون ھے کہ کوئي درخواست بحضور پارلیمنٹ یا شہنشاہ بغرض تبدیل کسي قاعدہ یا ضابطہ کے ایسي نہ بھیجي جاے جسپر ۲۰ اشخاص سے زیادہ کے دستخط ھوں ورنہ یہہ ایک قسم بلوہ کي سمجھي جاتي ھے

Turbulent, a. شورہ پشت - شریر - فسادي

Turf, The گھوڑدوڑ

Turn, n. (۱) باري (۲) عدالت شرف (E. Law.)

Turn, v. t. (۱) اُلٹنا - پھیرنا - (۲) مایل کرنا - مخاطب کرنا - کام میں لانا - استعمال (۳) تاثیر بدلنا - تغیر کرنا - (۴) ایک طرف سے دوسري طرف کرنا - دل در گسستہ کرنا - راے کے ترک کرنے کي ترغیب دینا (۵) ممنون بنانا

Turn, v. i. منحصر ھونا - موقوف ھونا - مدار ھونا - پھر جانا - دوسري طرف متوجہ ھونا - منتقل ھونا

Turn Queen's evidence—*See* Evidence.

Turn out, n. پیداوار - تعداد مال کي جو بنایا جاے

Tutelage, n. ولایت - محافظت

Tutor, n. (Civil Law.) اتالیق - معلم - ولي

Twice born, a دوجنمي

Turpitude, a. کمینہ پن - بدذاتي

Two-edged weapon, دو دھاري تلوار قانون میں جرح کي نسبت دو دھاري

تلوار هونا کہا گیا ہے کہ جس سے ممکن ہے کہ خود سوال کنندہ کا نقصان ہو

Twist, *v. i.* مڑوڑنا

Twofold, دوگونہ

Type قسم

Type-writer, *n.* وہ آلہ جس سے چھپے ہوئے حروف لکھے جاتے ہیں

Typical, *a.* مثالي

Typical case, مقدمہ جسکے ہم شکل مقدمات اکثر ہوتے ہیں - مقدمہ نمونہ

Tyranny, *n.* ظلم - تعدي - سختي - حکومت بے آئین - بے عنواني

Tyrant, *n.* ظالم - کمبخت حکومت بلا استحقاق

Tyro, *n.* نو آموز

## U

Uberrima fides (Rom. Law.) وہ اشخاص جنکے باہم تعلق امانتي یا اعتباري ہو مثلاً ولي ونابالغ - وکیل و موکل وغیرہ

Ulterior, *a.* بعید

Ulterior motives, مقصود اصلي

Ulterior measures, تدابیر مزید

Ultimate, *a.* آخري - قطعي

Ultimatum, *n.* نتیجہ آخري

Ultimo, *n.* ماہ ماقبل

Ultimus hæres, وارث آخر (بادشاہ)

Ultra, *a.* بعید

Ultra damages, ہرجہ زاید جو مدعي علاوہ اوسکے طلب کرے جو اوسکو عدالت میں مدعاعلیہ سے دلایا گیا ہو

Ultravires, خارج از اختیار - بعید از اختیار

Umbrage, *v.* ناراضگي - خفگي

To give umbrage, ناراض کرنا

To take umbrage at one's conduct, کسي کے طرز عمل سے ناراض کرنا

Umpire, *n.* سرپنچ - ثالث - جب مابین دویا کئي ثالثون کے اختلاف راے ہو تو سرپنچ مقرر کیا جاسکتا ہے اور اوسکو اختیار ہے کہ اگر میعاد معینہ میں ثالثوں نے فیصلہ صادر نہکیا ہویا اونہوں نے اطلاع تحریري دي ہو کہ باہم اونکے اتفاق راے نہیں ہو سکتا خود تجویز کرے

Unacceptable, *a.* ناپسندیدہ - نامقبول

Unaccountable, *a.* بلا وجہہ ناقابل مواخذہ

Unadvisable, *a.* خلاف مصلحت - دور اندیشي کے خلاف

Unalienable, *a* ناقابل انتقال

Unanimous, *a.* متفق - اتفاق راے سے

Unanswerable, *a.* ناقابل تردید - لارد

Unappealable, *a.* ناقابل اپیل

Unattached, *a.* جو گرفتار یا ضبط نہو - جو کسي سے متعلق نہو

Unauthorized, *a.* بلا اختیار

Unavoidable, *a.* (۱) ناقابل - ابطال ناقابل کالعدم ہونے کے (۲) ناگزیر

Unawares, *ad.* ناگہاں - دفعتاً - یکایک

Unbalanced, *a.* غیر تصفیہ شدہ - جسکي واصلباقي نہ نکالي گئي ہو

Unbecoming, نامناسب - ناشایستہ - نازیبا

Unborn, *a.* جو ہنوز پیدا نہوا ہو

Unceremonious, بے تکلف

**Uncertain**, *a.* غير معين - غير متعين

A gift by will is void *for uncertainty*, هبة بالوصيت بصورت غير متعين هونے منشا موصي کے کالعدم هے

**Uncertainty**, ابهام - شبة - بے تحقيقي

**Unchaste**, *a.* بے عصمت - بے عصمت

**Unclaimed**, لادعوى

**Unclaimed property**, لادعوى مال

**Uncompromising** صلح پر راضي نه هونے والا - زدي - کڑا - سخت گير

**Uncle**, *n.* عم - چچا - ماموں

**Unconditional**, *a.* بلا شرطية - بلا قيد

*See* Legal tender,

**Unconscionable**, *a.* بيجا - نامناسب خلاف ايمان

**Unconscionable bargain**, معاملة بيجا - وہ معاملہ جس میں ایک فريق نے دوسرے فريق کي ناقابليت يا ضرورت اشد يا بصورت تعلق امانتي يا اعتمادي کے فايدہ خلاف ديانتداري يا بيجا حاصل کرنا چاها کيا هو معاملہ خلاف ايماں کہلاتا هے - انگلستان ميں اکثر معاملات اس قسم سے ورثان آيندہ کے ساتھہ هوتے تھے عدالت اونکي صورت ميں قاعدہ انصاف پر عمل کرتي تھي هندوستان ميں بهي يهہ اصول قرار پايا هے کہ شرايط سخت جو تاواني يا خلاف ديانت سمجھي جائيں اوس سے محض ناعاقبت انديش جهانتک کہ قرين انصاف هو محفوظ رکھنا چاهئے

**Unconstitutional**, *n.* خلاف قواعد نظم و نسق مملکت

**Uncontroverted**, غير متنازعة - ناقابل اعتراض

**Uncovenanted servants**, ملازمان غير متعهد

**Uncustomable**, *a.* ناقابل اداے محصول

**Undated**, *a.* بلا تاريخ

**Undefended**, *a.* جسکي طرف سے کوئي پيروکار نهو (۱) دشمنوں کرني جوابدهي نهو (۲) غير محفوظ

**Undefined**, *a.* غير معين - غير محدود مبهم - مهمل

**Undeniable**, *a.* ناقابل انکار

**Under**, *a.* ذيلي - تحت - شکمي

**Under one's signature**, - دستخطي مصدقة بذريعة دستخط کے

**Under-age**, کم عمر - نابالغ

**Under agent**, ايجنت ذيلي

**Under-charge**, محصول ميں کمي

**Under-estimate**, *v. t* کم تخمينة کرنا

**Undergo**, *v. t.* متحمل هونا برداشت کرنا

**Underhand**, *a.* - مخفي - پوشيدہ فريبي - ناواجب

**Under-lease**—*See* Sublease, ٹهکه ذيلي - ٹهکه شکمي

**Under let**—*See* Sublet.

**Underlying principle**, اصل اصول

**Undermine**, سرنگ لگانا - مخفي تدابير سے بيخ کني کرنا

**Underwriter**, بيمه کرنے والا

**Under-sentence**, جسپر حکم سزا صادر هو چکا هو

**Under-secretary**, سکريٹري ماتحت

**Under sell**, *v. t.* بمقابلة دوسرے کے کم قيمت پر بيچنا

**Undersigned, The** وہ شخص يا اشخاص جنکے دستخط ذيل ميں هوں- کاتب

Understanding, *n.* (۱) مفہوم (۲) تصفیہ معاملہ - قرار داد باہمي

To come to an understanding with another, دوسرے کے ساتھہ معاملہ کرنا

Undertake, *n.* - اپنے ذمہ کوئي کام لینا معاهدہ کرنا - اقرار کرنا

Undertaking, *n.* ذمہداري تحریري

Under-valuation, *n.* کم تخمینہ مالیت - کمي تخمینہ مالیت میں

Under water, تہ آب - غرق

Underwrite, بیمہ کے کاغذ پر دستخط کرنا جہازوں کا

Undignified, مطابق مرتبہ یا قدر کے نہیں - ذلیل

Undivided-brother, برادر جو شامل هوں

Undivided family, خاندان غیر منقسمہ ایسے هندو خاندان میں بعض صورتوں میں حق باقي ماندگي هوتا هے

Undivided share, حصہ غیر منقسمہ

Undue advantage, استفادہ غیر واجبي

Under influence, تسلط بیجا - دباؤ ناجایز - کوئي بیجا یا ناجایز جبر یا ترکیب یا متواتر ترغیب یا سازش جسکي وجهہ سے دوسرے کي طبیعت مغلوب کي جاے اور جس کي وجهہ سے وہ ایسا فعل کرے یا کرنے سے باز رهے جو وہ اگر ایسا کوئي دباؤ نہوتا نہ کرتا یا کرنے سے باز رهتا - بموجب ایکٹ معاهدہ کے معاهدہ بیجا تسلط کے ذریعہ سے اوس وقت ترغیب دینا کہا جائیگا جب کہ فریقین کے درمیان موجودہ تعلقات ایسے هوں کہ ایک فریق دوسرے کي مرضي پر غلبہ رکھنے کي حیثیت رکھتا هو اور اوس حیثیت کو دوسرے نامناسب فایدہ حاصل کرنے کے لئے استعمال میں لاتا هو

Un-encumbered, بلابار - بلا کفالت یا مواخذہ

Unequal, *a.* غیر مساوي

Unequivocal, *a.* صاف - غیر مبہم

Unexceptionable, - ناقابل اعتراض بے عیب - بے نقص

Unfair, *a.* خلاف انصاف

Unfair advantage, ترجیح غیر واجب فایدہ نامناسب

Unfair dealing, بدمعاملگي

Unfair practice, افعال غیر واجب

Unfavourable, ناموافق - مخالف

Unfitness, ناقابلیت - غیر موزوں هونا

Unfortunate, برا - بدنصیب بد قسمتي کي بات

Uniform, *n.* (۱) وردي (۲) یکساں مساوي طور پر

Uniformity, نیک نیت - تناقص کا نہونا

Unimpeachable, بے عیب - جسمیں اعتراض یا حرف‌گیري کي گنجایش نہیں - بے الزام - صاف

Unilateral contract, معاهدہ یکطرفہ
*See* Contract.

Union, *n.* (H. Law.) حالت شامل رهنے کي

Unit, *n.* اکائي - سب سے چھوٹي مقدار کسي پیمایش ناپ یا تول کي

United, *a.* متحد

United brother, (H. Law.) بھائي جو شامل هوگئے هوں یا شامل هوں

United Kingdom, ممالک برطانیہ اعظم

United Provinces, ممالک متحدہ آگرہ و اودھ

United States, ممالک متحدہ امریکہ

Unity of interest, اتحاد حقوق - قابضان مشترک کي نسبت کہا جاتا ہے که وہ حق متحدہ رکھتے هیں کیونکہ اون سبھوں سے کسي کو کوئي حق کم و بیش شے مقبوضہ میں نہیں هوتا

Unity of possession, *n.* اتحاد قبضہ جب کوئي شخص جسکو حق آسایش حاصل هو یا وہ مستحق لگان یا کفالت کا ایسي جایداد سے هو جو دوسرے کے پاس ہے اور وہ حقیت مغلوب کو یا اوس آراضي کو جس سے وہ لگان پاتا تھا یا جسپر وہ کفالت رکھتا تھا خرید کرے تو یہہ صورت اتحاد قبضہ کي ہے ایسي صورت میں حقوق آسایش اور پٹہ اور کفالت زایل هو جاتے هیں

Unity seizin—*Same as* Unity of possession.

Unity of time, اتحاد زمانہ - جب که ملکیت کسي جایداد کي دو یا زیادہ اشخاص کو ایک ساتھہ حاصل هو تو یہہ صورت اتحاد زمانہ کي ہے

Unity of title, اتحاد حق - جب کوئي حقیت دو یا زیادہ اشخاص کو ایک هي استحقاق سے ملے تو یہہ صورت اتحاد حق کي ہے

Universal agent, مختار کل - وہ مختار جسکو هر ایسے فعل کے کرنے کا اختیار دیا گیا هو جو مالک کرسکتا ہے اور جسکو اختیار سپردگي اپنے اختیارات کا دوسرے شخص کو هو عملاً کوئي ایسا مختار نہیں هوتا

Universal gift, هبہ کل جایداد - بصورت ایسے هبہ کے موهوب لہ ذمہ دار اداے اون کل قرضجات کا هوتا ہے جو تاریخ هبہ تک واهب کے ذمہ واجب تھے جہاں تک جایداد موهوبہ میں گنجایش هو

University, *n.* مدرسة العلوم - جماعت ممتحنان و عطا کنندگان خطاب علمي - یونیورسٹي بموجب ایکٹ گورنر جنرل باجلاس کونسل کے قایم کي جاتي ہے

Unjust, *a.* خلاف انصاف - خلاف عدل

Unjustifiable, ناجایز - غیر واجب

Unlateral contract—*See* Contract.

Unlaw, *v. t.* (Scot. Law.) جرمانہ عاید کرنا

Unlaw, *n.* (۱) جرم (۲) جرمانہ

Unlawful assembly, مجمع خلاف قانون - بموجب قانون تعزیرات هند کے پانچ یا زیادہ شخصوں کا مجمع خلاف قانون ہے اگر انکي غرض مشترک هو که گورنمنٹ کو یا کسي سرکاري ملازم کو جب که وہ سرکاري ملازمي کے اختیار جایز کا نفاذ کر رہا هو جبر مجرمانہ کي نمایش سے ڈرائیں یا کسي قانون یا طریقہ معینہ کي تعمیل میں تعرض کریں یا کسي نقصان رساني یا مداخلت بیجا مجرمانہ یا کسي اور جرم کا ارتکاب کریں یا جبر مجرمانہ کے ذریعہ سے یا جبر مجرمانہ کے نمایش کے ذریعہ سے کوئي مال لیں یا اوسپر قبضہ کریں یا کسي شخص کو کسي استحقاق سے محروم کریں یا کسي فعل خلاف قانون کے کرنے پر یا ایسے فعل کے کرنے پر جسکے کرنے کا وہ مستحق ہے مجبور کریں

Unlimited, *a.* غیر محدود

Unlimited liability, ذمہ داري غیر محدود - یہہ اوس صورت میں هوتي ہے که جب ذمہ داري شرکاے کمپني کي بقدر اونکے حصص کے محدود نه کي گئي هو - مثلاً بصورت جاینٹ اسٹاک کمپني کے

Unliquidated damages, هرجه غیر مشخصه

Unmeaning, بے معني

Unmistakable, صرع - جسمیں غلطي نهوسکے

Unnatural crimes, جرايم خلاف وضع فطري

Unopposed, - بلا جوابدهي - بلا تعرض بلا مزاحمت

Unobstructed inheritance (H. L.), اپرت بندہ

Unpaid, *a.* غیر مودب - بلا تنخواه

Unprofessional, - (١) خلاف طريق عمل پیشه (٢) کسي پیشه کا نهیں

Unqualified, *a.* بلا قيد - بلاشرط ناقابل

Unquestionable, *a.* ناقابل اعتراض

Unscrupulous, *a.* بے ایمان - ناعاقبت اندیش

Unskilful, *a.* اناڑي - ناآزمودہ - بے هنر

Unsound mind, فتورالعقل - فاترالعقل فاترالعقل اپني جايداد کا تصرف نهیں کرسکتا - کوئي امر جرم نهیں هے جسکو ایسا شخص کرے جو کرتے وقت فتور عقل کے سبب سے اپنے فعل کي ماهیت یا یهه جاننے کے قابل نهو که وہ جو کر رها هے بیجا یا خلاف قانون هے

Unsuccessful, *a.* ناکامیاب - نامقبول

Unsupported, بلاتائید - (٢) جو کسي سهارے پر قایم نهو - بے بنیاد

Untimely, بے وقت - بے موقع

Unwarranted, *a.* جسکي کوئي سند نهو غیر مستند - ناجایز

Unwritten law, نظایر

Unwritten laws, - قانون رواج حق روایت

Ups and downs, نشیب و فراز - ترقي و تنزل

Uphold, *v.* قایم رکھنا - برقرار رکھنا بحال رکھنا - تائید کرنا

Upon, To take اختیار کرنا

Upon, To assume عهد کرنا - اقرار کرنا - کوئي کام اپنے ذمه لینا

Upper bench, نام عدالت عالیه انگلستان

Upper hand, - بالا دستي - غلبه - فوقیت - برتري

Upright, *a.* ایماندار

Upset, *v.* منسوخ کرنا - پلٹنا

Upset-price, قیمت ابتدائي جس سے نیلام میں بولي شروع هوتي هے

Upstart, نوخیز - وہ شخص جو ادنی حالت سے یکایک دولتمند یا ذي اختیار هو گیا هو

Upsun, *n.* (Scot. Law) وقت طلوع آفتاب سے غروب تک

Urban servitude, - حق استفادہ - آراضیات مکانات وغیرہ سے

Urge, *v. t.* استدلال کرنا - پیش کرنا عرض کرنا

Urgency, *n.* ضرورت کي شدت - مجبوري

Usage, *n.* دستور - عملدرآمد - زمانه کثیر - یهه رواج قابل امتیاز هے کیونکه دستور کا ثابت کرنا همیشه لازم هے

Usance, *n.* میعاد جسکے بعد بل آف ایکسچینج کا روپیه قابل ادا هو - یهه میعاد باعتبار اوس ملک کے جهاں بل آف ایکسچینج قابل ادا هو مقرر کي جاتي تهي

Use, *n.* حق تمتع - یهه لفظ ایسي صورت میں استعمال کیا جاتا تها که

جب کوئي جايداد يا شے کسي امانت‌دار کے نام قانوناً واسطے فايده دوسرے شخص کے منتقل کي جاتي تهي - اس طرحپر دو حقيت پيدا هوتي تهيں ايک حق قانوني ايک حق تمتع - اس قسم کا انتقال جس سے حق قانوني اور حق تمتع جدا هو جاے بغرض پوشيده انتقال آراضي کے اور مارنے حقوق ضبطي شاهي يا حق مالک اعلى کے کيا جاتا تها

Use, Active, امانت جس ميں کوئي کام مثلاً فروخت جايداد وغيره قبل حصول تمتع کے ضروري هو

Use, Expiess امانت صريح - مثلاً انتقال بحق زيد اور اوسکے ورثا واسطے فايده بکر اور اوسکے ورثا کے

Use, Passive امانت جس ميں کوئي کام مثلاً فروخت کرنے جايداد کے اداے قرضه کے ذمه‌داري ميں نهو

Use, Resulting امانت منتج - جب که امانت زمانه يا غرض محدود کے لئے کي گئي هو تو بعد گذرنے اوس زمانه کے يا ختم هونے اوس کام کے وه بحق امانت کننده دعوى کرتي هے

Use, Shifting امانت جو بلحاظ وقوع خاص حالات کے ايک ايک کي جانب سے دوسرے کي جانب منتقل هو

Use, Springing امانت مشروط - يهه وقوع کسي خاص امر آينده کے

Use, Statute of قانون سنه ٤٢٧ جلوس هنري هشتم باب ١٠ - اس قانون کي مراد يهه تهي که امين اور مامون له کے حقوق ايک شخص کو حاصل هوں اور حقيت قانوني اور حق تمتع ايک هي شخص کو حاصل هوں يهه قانون صرف ايسي امانتوں سے متعلق هے جس ميں کوئي کام ذمه امين کے نهو

Use and occupation, استعمال اور قبضه - جو کوئي شخص کسي دوسرے کي جايداد کو استعمال کرے يا اوسپر قبضه رکهے اوسپر نالش مالک بابت کرايه يا لگان کے بر بناے اقرار معنوي کرسکتا هے

User, *n.* استعمال - تمتع

User to bar dower, دستاويز انتقال دعوى مانع - مهر - سابق ميں قبل صدور Dower Act کے يعني يکم جنوري سنه ١٨٣٤ کے انتقال جايداد کا اس طرح پر کيا جاتا تها که زوجه کے حق مهر اوپر نه پهونچے

Usual covenants, معهود معمولي - پٹه‌دار کي طرف سے يهه عهد که وه لگان اور محصولات ادا کريگا اور مرمت کريگا - اور پٹه دهنده کي طرف سے يهه عهد مشروط که پٹه‌دار به امن جايداد سے مستفيد هوگا

Usucaption, *n.* (Rom. Law) حصول حق نسبت جايداد کے بذريعه تصرف بلا خلش ايک وقت معينه تک

*See* Prescription.

Usufruct, *n.* حق استعمال و تصرف پيداوار يا منافع کسي جايداد کا بلا حق ملکيت کے

Usufructuary, *a.* وه شخص جو دوسرے کي جايداد کي پيدا يا منافع سے مستفيد هو

Usufructuary mortgage, رهن استفادي - رهن بهوک بندک

*See* Under mortgage.

Usurer, *n.* زياده سود خوار- سود بيهجا پر روپيه دينے والا

Usurious contract, معاهده - جو بغرض حصول سود زايد کيا گيا هو

Usurp, *v. t.* چھین لینا - کسي شخص کي جايداد پر تصرف بيجا کرنا

Usury, *n.* سود بيجا - سود نے جو معمولي يا قانوني سود زيادہ هو

Usury laws, قانون متعلق سود - بموجب شرح محمدي کے سود لينا قانوناً اور مذهب سے قطعي منع هے دهرم شاستر ميں يهہ قيد هے کہ سود اصل سے زيادہ نهو - اسکو قاعدہ دام دو پهات کهتے هيں - انگلستان و ديگر ممالک ميں بهي قوانين بغرض انسداد سود زايد کے صادر کئے گئے تهے - ليکن جب يهہ ثابت هوا کہ بذريعہ قوانين کے سود کي انسداد کي کوشش کرنے سے الٹا اثر هوتا هے يعني بجاے کمي سود بيجا ليا جاتا زيادہ هو گيا تو سنہ ۱۸۵۴ع ميں انگلستان اور سنہ ۱۸۵۵ع ميں هندوستان ميں کل قوانين جو بغرض انسداد سود بيجا کے صادر کئے گئے تهے منسوخ کئے گئے - شرح قانوني سود کي بموجب قوانين هند سے ۱۲ روپيہ في صد سالانہ هے - ليکن اگر بموجب معاهدہ کے سود اس سے کم شرح سے قرار پايا هو تو وہ وهي سود دلايا جائيگا اگر ايک روپيہ سيکڑے سے زيادہ کا سود بلا کسي بحث فريب يا حلف‌ورزي اعتماد کے قرار پايا هو تو عدالت بلحاظ حالات ڈگري سود زايد کي عطا کرسکتي هے بجز اسکے کہ وہ ڈاواني هو

Uterine brothers (M. Law). برادران اخياني بموجب شرح محمدي کے برادران اخياني کو حصہ ملتا هے

Uterine brothers (H. Law). حقيقي بهائي

Utilize, *v. t.* کام ميں لانا - استعمال کرنا

Utipossidetis (Inter Law), عهد و پيمان جسکي رو سے يهہ قرار پايا هو کہ جس فريق جنگ نے جو ملک کہ فتح کر ليا هو وہ اوسکے قبضہ ميں رهے

Utipossidetis (Rom. Law). حکم جسکي رو سے يهہ قرار ديا جاے کہ شخص قابض جايداد غير منقولہ شخص جدا رهے

Utopia, *n.* ايک جزيرہ خيالي کہ جس ميں قانون اور طريقہ نظم و نسق نهايت اور مکمل اور عمدہ تها

Utter, *a.* قطعي

Utter, *v. t.* جهوٹا سکہ يا نوٹ چلانا مصنوعي دستاويز پيش کرنا

Utter bar (E. Law), جماعت بيرسٹران ادني

Utter barrister, نيا بيرسٹر - بير سٹر ادني

Uxoricide, *n* (۱) قاتل زوجہ (۲) قتل زوجہ

# V

Vacancy, *n.* خالي هونا عهدہ کا يا کسي جگهہ يا آراضي کا

Vacant, *a.* خالي - پڑا هوا - لاوارث لادعوي

Vacant succession, وراثت جسکا کوئي وارث معلوم نهو يا اگر هو تو اوسنے دست برداري کي هو

Vacantia bona (Rom. Law).

مال لاوارث - مال ایسے شخص کا جو بلا چھوڑنے وارث کے فوت ہوا ہو

**Vacate**, *v. t.* خالي کرنا - چھوڑنا - ڈگري يا حکم منسوخ کرنا - مسترد کرنا

**Vacations**, *n.* تعطيلات

**Vacations, Long** - بڑي تعطيل - انگلستان ميں چار ايسي تعطيلات هوتي هيں ايک ۱۰ اگست سے ۲۴ اکتوبر تک - دوسري تعطيل کرسمس ۲۴ دسمبر سے ۶ جنوري تک - تيسري ايسٹر کي تعطيل گوڈ فرائيڈے سے دوشنبه تک جو ايسٹر منڈے کہلاتا هے چوتهي وٹ سنڈے سے دوشنبه تک - هندوستان کي عدالت عاليه ميں بڑي تعطيل قريب وسط اگست ديوالي تک هوتي هے - عدالت هاے ماتحت ميں يهه تعطيل اوسي زمانه ميں ايک ماه کي هوتي هے - هائيکورٹ ميں کم سے کم ايک حاکم واسطے کام فوجداري اور طے کرنے ضروري معاملات کے اجلاس کرتا هے

**Vacation-judge**, (*See* above), حاکم جو تعطيل ميں اجلاس کرتا هے

**Vaccination**, *n.* ٹيکا لگانا - هندوستان ميں ٹيکا لگوانا قانوناً لازم نهيں هے مگر اوسکي ترغيب دئے جانے کے قواعد هيں

**Vade mecum**, - رساله - مختصر کتاب - جيبي کتاب

**Vadium** *n.* گرو - کفالت

**Vadium mortium**, استغراق يا رهن

**Vadium vivum**, رهن حقيت جو اوس وقت تک قايم رهے که زر قرضه بيباق هوجاے

**Vagabond**, *n.* آواره گرد - بيکار

**Vagiant**, *n.* آواره گرد - وه شخص جسکا پيشه معلوم نهو

**Vague**, *a.* - مبهم - غير معين - مهمل - غير مفصل

**Vale**, *n.* روپيه جو ملاقات کرنے والے ملازمان کو ديں

**Vale dictory address**, الوداع - گفتگو رخصتي

**Valeat quantum**, کم و بيش

**Valid**, *a.* - جايز - صحيح - درست - ناقابل تنسيخ

**Validate**, *v. t.* جايز کرنا

**Validation**, *n.* فعل جايز کرنے کا

**Validity**, *n.* جواز - صحت

**Validity of a contract, Essentials for** امور لازمي جواز معاهده ( ۱ ) رضا باهمي معاهدين جنکو صلاحيت معاهده کرنے کي هو ( ۲ ) بدل قيمتي جو ناجايز يا خلاف قانون نهو ( ۳ ) شے منشاے معاهده جايز هو ( ۴ ) معاهده جبکه قانوناً ضروري هو تحرير هو ( بموجب ايکٹ انتقال جايداد رهن نام پر درجه اقل ۲ اشخاص کي گواهي هوني چاهئے اور جبکه شے منشاے معاهده جايداد غير منقوله هو يا شے زياده هو تو رجسٹري لازمي هے

**Validity of a will**—*See* Will.

**Valuable**, *a.* قيمتي - ماليتي

**Valuable consideration.**

*See* Consideration, Valuable and Consideration good.

**Valuable security**, - کفالت المال - وه دستاويز جسکے ذريعه سے کوئي قانوني

حق بیدا کیا جاے یا بڑھایا جاے یا منتقل کیا جاے یا مفید کیا جاے یا زایل کیا جاے یا چھوڑ دیا جاے یا جسکے ذریعہ سے کوئي شخص مقرر ھو کہ میں قانوناً ذمہدار ھوں یا اقرار کرے کہ فلاں قانوني حق میرا نہیں ھے - مثلاً اگر زید کسي ھنڈي کي بشت پر اپنا نام لکھواے تو چونکہ اس عبارت ظاھري کي رو سے استحقاق زر ھنڈي قابض ھنڈي کو منتقل ھو جاتا ھے اس لئے یہہ عبارت ظاھري نقالت المال ھے

**Valuables,** *n.* زیورات - اشیاے قیمتي

**Valuation,** *n.* تخمینہ مالیت - تعین مالیت

**Valuation, Fair** مناسب قیمت - جبکہ معاھدہ فروخت آراضي بقیمت مناسب ھو تو عدالت اپنا اختیار تجري استعمال کریگي

**Valuation of suit,** تخمینہ مالیت نالشات - یہہ تخمینہ مالیت نالشات واسطے اغراض اداے رسوم عدالت یا اختیار سماعت کے کیا جاتا ھے - اور تخمینہ اول الذکر سے قانون رسوم عدالت اور تخمینہ آخر الذکر سے قانون نالشات متعلق ھے

**Value,** *n.* مالیت - قیمت

**Value, Purchaser (*or* Holder) for** وہ شخص جو بدل قیمتي دے

**Value received,** - بدل وصول شدہ کے - یہہ فقرہ اکثر بل آف ایکسچینج یا پرامیسري نوٹ میں یہہ امر ظاھر کرنے کے لئے کہ بدل وصول ھوا درج کیا جاتا ہے اگر اسکي کوئي ضرورت خاص نہیں ھے

**Valued policy,** بیمہ قیمتي - بیمہ قیمتي وہ بیمہ ھے کہ جس میں مالیت شے بیمہ شدہ کي بوقت بیمہ کے مقرر ھوکر درج دستاویز بیمہ کي گئي ھو (یہہ معمولي بیمہ سے جسکو (open policy) کہتے ھیں قابل امتیاز ھے کہ اس صورت میں قیمت بعدۂ مقدمہ کي جاتي ھے

**Valuer,** *n.* تخمینہ کنندہ

**Vandal,** *n.* وہ شخص جو جان بوجھکر کسي کاریگري اور صنعت کے کام کو خراب کرے

**Variance,** *n.* (۱) اختلاف بااتناقض مابین دو اجزاے ایک ھي کارروائي کے (۲) تبدیلي

**At variance,** اختلاف

**Variation,** *n.* ترمیم - معاھدات کي تعمیل مختص بجز خاص صورتوں کے اوس تبدیل کے ساتھہ کي جائیگي جو مدعا علیہ پیش کرے

**Vary,** *v. t.* - تبدیل کرنا - ترمیم کرنا - اختلاف ھونا

**Vassal,** *n.* (Feud. Law) جو خراج دے - اطاعت کنندہ

**Vavasor,** *n.* (Feud. Law) اسامي کسي علاقہدار کا

**Vellum,** *n.* ایک قسم کا کاغذ جو چمڑے کا بنایا جاتا ھے جسپر سند دستاویزات تحریر کي جاتي ھیں

**Vejour,** *n.* اشخاص جو عدالت واسطے معاینہ کسي موقع کے مقرر کریں

**Vendee,** *n.* بایع مشتري - وہ شخص جسکے پاس کوئي چیز بیع کي جاے

**Vendor**, *n*. بایع

Vendor and Purchaser—Duties of.

*See* Seller and Buyer.

**Vendor's lien**, حق بایع - کفالت بایع که جب تک زر ثمن یا اوسکا کوئي جزو غیر مودي رهے جایداد بیعه پر اوسکا بار قایم رکھے تو اوسنے جایداد مذکور مشتري کے حواله هي کردي هو بشرطیکه اوسنے اپنا حق کفالت بذریعه قبول کرنے ضمانت زر ثمن کے ضایع نکردیا هو

**Vengeance**, انتقام - بدله - مکافات

To take vengeance, بدله لینا

To wreak one's vengeance, انتقام لینا

With a vengeance, بڑي سختي سے

**Venia ætaties**, رعایت جو سرکار نے بحق کسي نابالغ کے کي هو وه بطور بالغ کے کارروائي کرنے کا مستحق هو

**Venire facias**, (۱) حکمنامه بنام شیرف - که ایک خاص تعداد اشخاص قابل کے عدالت میں وقت مقرره پر بحیثیت جوري کام کرنے کے لئے حاضر کئے جائیں (۲) حکمنامه یا ثمن بغرض طلبي فریق مجرم کے

**Venter**, *n*. (Rom. and O. E. Law) حامله - ماں مثلاً

A has a son *B* by Venter and a daughter *C* by another Venter.

**Ventitate**, *v*. عوام کو دکھانا - ظاهر کرنا

**Ventre**, *n*. رحم - نطاق -

وه شخص جو هنوز حمل میں هو اور پیدا نهوا هو - موهوبات وصیتي میں جب وه بحق کسي خاص گروه رشته داران کے هو تو وه شخص بهي گروه میں داخل ہے - جو حمل میں هو بشرطیکه وه به اعتبار رشته اوس گروه میں داخل هوسکتا هو

**Ventre inspiciendo**, حکمنامه عدالت چانسري برعایت درخواست وارث قریب ترین آراضي بغرض طلب کرنے جوري عورات کے که وه بیوه کو دیکھیں که وه حامله ہے یا نهیں تاکه آینده چھوٹا عذر پیدایش وارث شخص متوفی کا بغرض محرومي سایل نه کیا جاے

**Venue**, *n*. - مقام- علاقه اختیار سماعت عدالت جس میں نالش دایر هونا چاهئے نسبت مقدمات دیواني کے ملاحظه طلب Suing, Place of اور نسبت مقدمات فوجداري کے ملاحظه طلب Trial, Place of

**Venue, To lay**, اوس عدالت کا بیان کرنا جسکو اختیار سماعت نالش هو

**Verbal**, *a*. زباني تقریري

**Verbal contract**, معاهده زباني

**Verbatim**, لفظاً به لفظ

**Verd**, *n*. (E. Forest Law.)

(۱) حق چرائي جنگل کا (۲) حق کاٹنے هري لکڑي کا جنگل سے بغرض هنر

**Verdict**, *n*. - راے جوري یا ثالثان راے جوري کي نسبت واقعات کے هوتي ہے

**Verdict, General** راے جوري نسبت واقعات مجوزه کے جس میں نتیجه قانوني کا نکالنا جج پر چھوڑا جاے

Verdict, Special راے جوري جس میں نتیجه بیان کیا گیا هو

Verge, n. احاطه دربار شاهي جس کے اندر کارونر کو اختیار نه تها

Tenant by the Verge (E. Law). قابضان ( اسامیان ) بذریعه عصا - زمانه سابق میں اسامي کے هاتهه میں چهڑي دیکر اوس سے اقرار اطاعت کا وقت دینے کے دلایا جاتا تها

Verification, n. تصدیق - تصدیق حلفي قانون میں حکم تصدیق کرنے عرضي دعوي و درخواست هاے اجرا اور بیانات حلفي کا هے

Verify, v. t. تصدیق کرنا

Vernacular, n. زبان دیسي

Vernacular department, وه جزو دفتر جهاں کام زبان دیسي میں هوتا هو یا کاغذات زبان دیسي میں رهتے هیں بمقابله English department یعني انگریزي دفتر کے

Vernacular school, مدارس دیسي زبان

Version, n. (۱) بیان بلحاظ خاص مقصد کے (۲) ترجمه

Versus, n. بنام

Vert, *Same as* Verd.

Very lord, زمیندار بلا توسط

Very tenant, اسامي بلا توسط

Vessel, n. (۱) مرکب تري - کشتي - جهاز (۲) برتن

Vest, v. t. (۱) پهونچنا - حاصل هونا (۲) حق دینا - اختیار دینا

Vested, a. حاصل شده

Vested interest, حق حاصل شده - جب بوقت انتقال جایداد کے کوئي استحقاق کسي شخص کے لئے مقرر کیا جاے اور کچهه صراحت نه هو که وه کس وقت اوس استحقاق سے مستفید هوگا یا یهه صراحت کي جاے که استحقاق مذکور فوراً یا عندالنظر کسي ایسے واقع کے اثر پذیر هوگا جسکے ظهور میں تامل نهو تو یهه سمجها جائیگا که وه استحقاق اوس شخص کو حاصل هوگیا الا اوس صورت میں که شرائط انتقال سے کوئي اور مقصود مستنبط هوسکے - بموجب دستاویز شاستر کے پوتے کو جایداد دادا میں روز پیدایش سے حق حاصل هوتا هے یهه ناقابل زوال هے وه کسي اتفاق یا شرط پر منحصر نهیں هے

Vested legacy, هبه بالوصیت جو فوراً بعد وفات موصي کے اثر پذیر هو مثلاً هبه جس میں یهه شرایط که موهوب له کو شے موهوبه اوس وقت دي جاے جب وه ۲۱ برس کا هو تو یهه هبه هبه متصله هے (Vested legacy) اور اگر موهوب اله موصي سے پیشتر فوت هوجاے تو اوسکا وارث شے موهوبه حاصل کریگا

Vesting order, حکم تفویض حق کسي امین کو بصورت مفلسي یا مجنون هونے شخص مستحق کے - انگلستان میں ایسے حکم پر وهي اسٹامپ لگایا جاتا هے جو دستاویز انتقال کے لئے مقرر هے

Vested remainder, حق جو کسي شخص نامزده کو بعد ختم هوے کسي حق خاص کے پهونچے

Vesture, n. (O. E. Law.) (۱) چراگاه (۲) قبضه آراضي - منافع آراضي

Veteran, a. جنگ‌آزموده - کارزار دیده

Veto, *n.* نامنظوري - اختيار - يا منصب اعلى ترين عهده دار نظم و نسق کا که کسي قانون مجوزه يا مصدره جلسه واضعان قانون نامنظور کرے

Veto, *v. t.* نامنظور کرنا (کسي مسوده قانون کا)

Vexatious, *a.* ايذا رسان

Vexatious action, نالس بغرض ايذا رساني - اس ميں جمله نالشات داخل هيں جو بلا وجهه موجه يا قرين قياس کے داير کي گئي هوں - ايسے نالشات کي بابت هرجه دلايا جاسکتا هے

Vexatious and frivolous complaint, استغاثه ناحق يا ايذارسان ايسے استغاثه کي بابت علاوه چارج کا ديواني کے معاوضه دلايا جاسکتا هے

Vexatious indictment—*See* above.

Viable, *a.* قابل زنده رهنے کے - طفل جو ايسي حالت يا شکل ميں زنده پيدا هو که وه قابل زنده رهنے کے هو— اگر طفل ايسا پيدا هوا هو که جسکے اعضا يا قواے جسماني يا شکل ايسي هو - (مثلاً بصورت طفل قبل از وقت کے) که جسکے زنده رهنے کا قرينه نهو تو اوسکو کوئي حق حاصل نهوگا اور نه اوسکے ورثا کو پهونچيگا

Viability, *n.* قابليت زنده رهنے کي بعد پيدايس کے

Vice, جگهه پر - بجاے - عوض ميں

Vice-admiralty court, عدالت - بحري ممالک مقبوضه برطانيه ميں

Vice-chancellor, *n.* نايب جانسلر

Viceroy, *n.* نواب گورنر جنرل هند

Viceversa, اور بصورت معکوس

Vicinage, *n.* حق همسايگي

Vicarious, *a.* - (١) عيوض کا - نايب کا دوسرے کے عيوض کام کرنے والا (٢) جو دوسرے کي جگهه پر کيا يا برداشت کيا جاے

Vicinity, *n.* قربت

Victim, *n.* مجروح - مهلوک - ضرر رسيده

Victoria, *n.* نام ملکه معظمه مرحوم

Victualler, Licensed ليسنس يافته فروشندگان اشياے خوردني

Vicious intromission, بلا حاصل کرنے پروبيت ترکه منقوله ميں دست اندازي کرنا

Vicissitude, *n.* گردش - انقلاب

Victim, *n.* (١) قرباني - بهينت - بل (٢) مظلوم - آفت رسيده (٣) شکار جو شخص کسي کے دام فريب ميں آجاے

View, *n.* (١) راے - تجويز - خيال (٢) منشا - مقصد - اراده - (٣) کيفيت - نقشه - خاکه - صورت

Vide, ملاحظه طلب

Videlicet (*often abbreviated to viz*). يعني

Viduity, *n.* بيوگي

View, *n.* (١)معاينه - معاينه جايداد متنازعه يا موقع واردات کا منجانب جوري کے جج حکم معاينه کسي جايداد يا شے کا جو مقدمه ميں متنازعه هو يا جس کے متعلق کوئي بحث پيدا هو صادر کرسکتا هے اور خود معاينه کرسکتا هے (٢) راے

Viewers, *n.* معاينه کنندگان - اهالي جوري واسطے ملاحظه موقع کے جائيں

Vigilance committee, كميٹي باشندگان شہر بغرض انسداد جرايم جبكہ معمولي طريقہ قانوني سے ارتكاب جرايم ميں كمي هوسكتي هو

Vigilant, *a.* بيدار - هوشيار - نگران متنبہ

Village, *n.* گاؤں - ديهہ - موضع

Village accountant, پٹواري

Village community, جماعت ديهہ - بهيا چارہ - اون ديہات ميں جنميں مالكان ايک مورث كي اولاد سے هوتے هيں كل طريقہ نظم و نسق اوسي قسم كا پايا جاتا هے جيسا چهوٹے راج ميں هوتا هے

Village expenses - اخراجات ديهي ديهہ اخراجات معمولي رواجي هوتے هيں

Village munsiff, منصف ديهہ - انكو اختيارات سرسري قسم ادنى كے خاص قسم كے معاملات ميں دئے گئے هيں - ديهہ منصف مشاهرہ ياب نہيں هوتے

Village headman, مقدم

Village-police, چوكيدار

Village record, كاغذات ديهي

Village watchman, چوكيدار موضع

Villain, *n.* (Feud Law) اسامي بغرض خدمت - خدمت گذار قابض آراضي

Villains, Regardant, اسامیان جو بوقت فروخت حقيت منتقل هوجاتي هيں

Villains in gross, وہ اسامیان جو ذات مالک مينر (manor) سے تعلق ركهتي هو

Villainous judgment (O. E Law), تجويز جس ميں الفاظ ملامت آمیز مجرم كي نسبت استعمال كئے جائيں

Villanage, *n.* (Feud. Law) حقيت بعوض خدمت

Vindication *n* (Court Law) دعوى حق كا كرنا - كسي شے كي نسبت اپنا حق ثابت كرنا

Vindictive damages, هرجہ جو بطور سزا كے علاوہ نقصان واقعي كے دلوايا جاے

*See* also Damages.

Violate, *v. t.* خلاف ورزي كرنا - زنا بالجبر كرنا

Violation, *n.* (۱) زنا بالجبر - (۲) خلاف ورزي - دست اندازي

Violation of right, خلاف ورزي حق

Violence, *n.* (۱) جبر - سختي - (۲) حملہ (۳) ازالۂ بكارت - زنابالجبر
To do violence on, حملہ كرنا هلاک كرنا

Violent presumption, قياس لازمي قياس جو قراين حالات سے ضرورتاً پيدا هو

Violent profits (Scot Law.) لگان يا منافع - ايسي آراضي كا جسپر اسامي زبردستي سے بعد ممانعت قابض رها هو

Virgin, *n.* کنواري - باکرہ

Virgin soil, آراضي جو جوتي برتي نہ گئي هو

Virtual, *a.* دراصل - عملاً

Virtue, By بوجهہ - بہ تاثير

Virtuous, *a.* پارسا

Virulence, *n.* زيادتي

Visitation, *n.* (Inter Law.) حاکم جهار کا کسي جهار غير ملک کو اس عرض سے معاينہ کرنا کہ اوس جهار کا مقصد اور نوعيت دريافت کرے

Visitor, *n.* وزيٹر - عهدہدار معاينہ کنندہ جماعت سند يافتہ يا اِنسپکٹر سرشتہ تعليم

Vis major, *n.* قوت غالب - اس سے مراد ايسے واقعات سے هے کہ جنکا اِنسداد اختيار ميں نهو - مثلاً راهزنوں کا مال کا لوٹ لينا - آندهي يا طوفان سے نقصان پهونچنا - حکم خدا يا دشمنان شاهي سے نقصان پهونچنا - ايسے نقصان کا ذمہدار امين يا برندہ مال نهيں هوتا

Vise, *n.* تصديق اِجازت نامہ گذر

Visne, *n.* (۱) قرب و جوار (۲) اهالي جوري جو اِبتدأ قرب و جوار کے رهنے والے هوتے تهے

Vital, *a.* اصلي

Vital part, حصہ اصلي

Vitiate, *v. t.* - ناجايز کرنا - باطل کرنا کالعدم کرنا

Vitiating circumstances, - وہ حالت جس سے دستاويز يا معاهدہ باطل يا کالعدم هو جاے

Vitiating, *n* (Scot. Law) تبديل جز و اصلي دستاويز کا

Viva-voce, زباني

Viva-voce evidence, شهادت لساني

Viva-voce examination, امتحان زباني

Vivarium, *n.* شکار گاہ - مقام ماهي گيري - مقام رهنے پرندونکا

Vivisection, *n.* زندہ جانور کا واسطے اغراض علمي کے چيرنا - بموجب قانون اِنگلستان کے اس کام کے لئے ليسنس ضروري هے

Vocation, *n.* پيشہ

Voice, *n.* آواز - مجازاً اختيار يا حق اظهار راے کا کسي معاملہ ميں

Void, *a.* کالعدم - باطل

Void agreement, عهد باطل - هر عهد جو از روے قانون نافذ نہ هوسکتا هو باطل کهلاتا هے

Void contract, معاهدہ باطل - جو معاهدہ از روے قانون ساقطالنفاذ هرجاے وہ بر وقت ساقطالنفاذ هو جانے کے باطل هوجاتا هے

Voidable contract, معاهدہ قابل ابطال جو عهد فريقين ميں سے ايک يا زيادہ کي مرضي پر از روے قانون نافذ هوسکتا هو ليکن دوسرے يا دوسروں کي مرضي پر نہ هوسکتا هو وہ معاهدہ قابل ابطال هے - معاهدہ قابل ابطال يعنہ منظوري کے جايز اور قابل نفاذ

هوسکتا هے لیکن معاهده قابل ابطال کے کالعدم کرنے کے لئے اوسکا منسوخ کرنا ضروري هے

**Voir doir,** سوالات ابتدائي جو گواه سے بغرض دریافت اوسکي قابلیت سچي گواهي دینے کے کئے جائیں - گواه بوجهه تعلق یا بدنامي کے ناقابل دینے گواهي کے نهیں هوجاتا

**Volition,** *n.* (۱) قوت ارادي - (۲) اختیار - مرضي

**Volume,** *n.* (۱) کتاب - جلد - (۲) مقدار - جسامت - ڈهیر

**Voluminous,** *a.* کثیر - ضخیم - حجم

**Voluntary,** *a.* بالاراده - اختیاري - بلا جبر و اکراه - جبکه یهه لفظ هبه یا عهد انتقال سے متعلق کیا جاتا هے تو اوسکے معني بدل یا بلا بدل قیمتي کے هوتے هیں

**Voluntary, conveyance,** انتقال بلا بدل قیمتي

**Voluntary escape,** بهاگنا قیدي برضا کا صریح شیرف کے

**Voluntary oath,** حلف جو کسي اور کارروائي میں بجز کارروائي عدالتي کے اوٹهایا جاے

**Voluntary waste** اتلاف جو دیده و دانسته اسامي قابض حقیت کرے - مثلاً ریور کو توڑے یا درخت کاٹے خلاف اتلاف غفلتي کے مثلاً اتلاف جو مرمت نکرنے سے هو

**Voluntarily,** *ad.* بالاراده - جب کوئي شخص کسي نتیجه کو ان وسیلوں سے پیدا کرے جنکے ذریعه سے اس نتیجه کا پیدا کرنا اسکي نیت میں هو یا اون وسیلون سے جنکے کام میں لانے کے وقت وه شخص جانتا هو یا باور کرنے کي وجهه رکهتا هو که اونسے اوس نتیجه کے پیدا هونے کا احتمال هے تو کها جائیگا که شخص مذکور نے اوس نتیجه کو بالاراده پیدا کیا

**Volunteer,** *n.* (۱) معطي له جسکے حق میں هبه یا اقرار یا انتقال بلا بدل قیمتي کے کیا گیا هو بجز زوجه یا طفل کے (۲) والنٹیر - سپاهي جسنے خدمت جنگ بلا وعده اجرت اپنے ذمه لي هو

**Vote,** *n.* ذاتي راے - ووٹ - راے نسبت انتخاب کسي شخص کے یا کسي تجویز کے

**Vote, Casting**—*See* Casting.

**Vote,** *v. t.* راے دینا - بذریعه ووٹ کے کسي قاعده یا ایکٹ کا منظور کرنا

**Voter,** *n.* راے دهنده

**Vouch,** *v. t.* نالس ایفا ذمه داري یا استحقاق کي دایر کرنا

**Vouch,** *v. t.* گواهي دینا - تصدیق کرنا تصدیق کامل کرنا

**Voucher,** *n.* وه شخص جسپر نالس ایفاے ذمه داري یا استحقاق کي دایر کي جاے

**Voucher,** *n.* (۱) کتاب یا کاغذ یا دستاویز جس سے حساب کي تصدیق هو - رسید فارغخطي جس سے اداے قرضه ظاهر هو (۲) مقدمات دلاپانے آراضي میں وه شخص جو بغرض ایفاے

ذمہ‌داري و تصديق استحقاق کے نالش دایر کرتا تھا

Vouchsafe, *n*. - بخشنا - مہرباني کرنا

بلا خوف يا خطر کے ہونے دينا

Vow, دينی عہد - قسم - عہد - اقرار

## W

Wadsett, *n*. (Scot. Law) ايک قسم کا رھن ھے

Wadsetter, *n*. (Scot. Law) مرتہن

Wage, *v. t.* (O. E. Law.) ضمانت واسطے بجاآوري کسي کام کے دينا

Waging war, *v. t.* جنگ کرنا

Wager, *n*. شرط - باہم دو اشخاص کے يہہ قرار پانا کہ بشرط وقوع يا عدم وقوع کسي خاص امر کے ايک شخص دوسرے کو ايک خاص رقم ديگا - ايسي شرط خلاف قانون نہيں ھے بجز اسکے کہ وہ خلاف مصلحت عامہ يا خلاف تہذيب يا مضر عوام کے ھو يا اوس سے کسي شخص ثالث کے حق يا نيکنامي پر اثر پہونچتا ھو يا باعث رنج اوس شخص کا ھو - بموجب قانون ھند کے اِس قسم کي قرارداد کا ايفا عدالتوں سے نہيں کرايا جاسکتا

Wager of battle (O. E. Law). بذريعہ لڑائي کے باھم دو اشخاص کے کسي معاملہ کو طے کرنا يا فيصل کرنا يہہ طريقہ از روے قانون مسدود کيا گيا

Wager of law, مدعاعليہ کا نالس قرضہ ميں ضمانت اس امر کي دينا کہ وہ تاريخ معينہ پر حاضر ھوکر حلف اوٹھاويگا کہ اوسپر قرضہ نہيں ھے اور وہ ۱۲ آدميوں کو حاضر لائيگا جو حلفاً اوسکے بياں کي تصديق کرينگے

Wager policy—*See* Policy.

Wagering contract, معاھدہ از قسم قمار بازي - ايسے معاھدات جس ميں اصلي دين لين نہيں ھونا بلکہ اون کي مراد يہي ھوتي ھے کہ جو کمي يا بيشي قيمت کسي سے ميں تاريخ معينہ پر ھو وہ ايک فريق دوسرے فريق کو دے - اس قسم کے معاھدات جاير نہيں ھيں

Wages, *n*. - (۱) اجرت - اجر ملازم - قانون ميں نسبت ايسي اجر کے يہہ رعايت ھے کہ وہ قرق نہيں ھوسکتا اور بمقابلہ ديگر قرضجات کے مطابق قانون ديوالية انگلستان اور تصفيہ حساب و کتاب کمپنيوں کے ترجيح رکھتا ھے

Waggery, *n*. ظرافت - مسخراپن

Waggon, *n*. چوپہيہ - چھکڑا - ايک ريل کي مال گاڑي

Waggon-load, مال گاڑي کا بوجھہ

Waif, *n*. (۱) مال لاوارث جو پايا جاے (۲) مال سرقہ جو چور پھينک کر چلا جاے - ايسا مال قانوناً ملکيت سرکار ھے

Wait, To lie in - کسي گهات ميں رهنا - گهات لگانا

Wait, ٹهرنا - راه ديکهنا - منتظر رهنا

To wait in or upon, کسي کي خدمت ميں حاضر هونا - ملنے جانا - ملاقات کو جانا - خدمت کو حاضر هونا - کام کرنا

Waive, *n*. (O. E. Law.) (۱) وه عورت جو حفاظت قانوني سے خارج کي گئي هو

Waive, *v. t.* (۱) ترک کرنا کسي حق قانوني کا يا اوس سے فايده حاصل کرنے سے انکار کرنا يا کسي ترک يا بے ضابطگي کسي دوسرے شخص کو نظرانداز کرنا - بذريعه ايسے ترک کے حق قانوني ساقط هو جاتا هے مگر خاموش هونا ترک نهيں هے اوسکے لئے فعل صريحي ضرور هے (۲) کسي عورت کو حفاظت يا حقوق قانوني سے خارج کرنا

Waiver, *n*. ترک چهوڑنا کسي حق کا

Wakening, *n*. (Scot Law.) نالس کا پهر قايم کرنا

Wales, Prince of پسر اکبر شهنشاه حکمران انگلستان

Wales, Princess of زوجه پرنس آف ويلس

Walk, *n*. - (۱) رفتار - روش (۲) راه - راسته (۳) اقتدار

Walker, *n*. محافظ جنگل

Wall, *n*. ديوار

Want, *n*. - کمي - ضرورت - احتياج - کوتاهي - گهٹي - افلاس

Want of consideration, نهونا بدل کا قانون روم ميں معاهده بلا بدل کو (Nudum pactum) کهتے هيں - بموجب قانون انگلستان هر عهد کے لئے بدل درکار هے - يهاں تک يهه قاعده نافذ کيا گيا هے که اگر باپ بهي لڑکے کو سو روپيه دينے کا عهد کرے تو لڑکا نالش بربناے ايسے وعده کے نهيں کرسکتا- اگر باپ اوسکو چٹهي بهي لکهدے تو بهي دعوى نهيں کيا جاسکتا - شرع محمدي ميں هبه بلا عوض کے هبه اوس صورت ميں جاير نهيں هے که موهوب‌الله کو قبضه شے موهوبه کا نديا گيا هو

Want of jurisdiction, نهونا اختيار سماعت کا - بصورت نهونے اختيار سماعت کے فيصله ايسي عدالت کا جسکو اختيار سماعت نهو بے اثر هے - اختيار سماعت خواه از روے قانون حاصل هوتا هے يا از روے فعل فريقين کے اور جس صورت ميں که ان دونوں ذريعه سے اختيار حاصل نهو تجويز عدالت بيکار هے

Wantonly, *ad*. بلا وجهه - بيهودگي سے

War, *n*. جنگ - لڑائي

*See* Treason.

War-bonds, تمسکات قرضه جنگ

War Board, صيغه لڑائي - ايک جماعت سرکاري واسطے انتظام لڑائي کے

War Relief Fund, سرمايه امدادي جنگ

War, Civil, ملکي جنگ

War, Men of لڑائي کا جهاز

Ward, *n*. (۱) نابالغ (۲) وه شخص

جو تحت کورت آف وارڈس کے ھو - شخص ناقابل یا نالایق (۳) حلقه - حصه کسي شہر کا

Ward, Court of. *See* Under Court, ابتداً کل ذابالغان کا ولي بادشاہ متصور ھوتا تھا بعد ازاں اختیار ولایت حاکمان ملک کو دیا گیا اب ھندوستان میں حکام بورڈ مال کورٹ آف وارڈس ھے اور بورڈ کو یہه اختیار دیا گیا ھے که اپنے اختیارات بذریعه کمشنر یا کلکٹر اوس ضلع کے جس میں وارڈ کي جایداد واقع ھو یا بذریعه کسي اور شخص کے عمل میں لاوے

Warden, *n.* محافظ

Warder, *n.* وارڈر - محافظ - پہرہ والا

Wardmote, *n.* عدالت محله جو زمانه سابق میں لندن میں اس غرض سے قایم تھي که نسبت پہرہ چوکي اور پولیس کے نگراني رکھے

Wardship, *n.* حالت ولایت میں رھنے کي

Warehouse, *n.* مال خانه - گودام

Warehousing, *n.* مال کا جو ملک غیر سے آیا ھو اوس وقت تک مال خانه میں رکھنا که اوسکي بابت محصول بہ مت ادا ھوجاے

Warfare, جنگ باري

Warn, *n.* متنبه کرنا - پہلے سے آگاہ کرنا فہمایش کرانا

Warning, *n.* تنبیه

Warning of a caveat, نوٹس یا اطلاع اوس شخص کو جس نے عذرداري

صیغه پروبیٹ ھائي کورٹ میں پیش کي ھو که وہ حاضر ھوکر اپنے حقوق بیان کرے

Warning, Rule in Experty, یہه قاعدہ که اگر کسي ساھوکار کے پاس کوئي کفالت بعوض اوسکي سکارنے کے ھو تو وہ کفالت اس صورت میں قابض آف ایکسچینج کے کارآمد ھوگي که نویسنده اور سکارنے والے دونوں دیوالیه ھوجائیں

Warrandice *n.* (Scot Law.) *See* Warranty.

Warrant, *n.* (۱) اجازت نامه - (۲) حکمنامه دستخطي اور مہري موسومه عہدہدار واسطے گرفتاري یا تلاشي کے (۳) حکمنامه طلبي

Warrant, *v. t.* (۱) جایز ھونا (۲) ذمهدار ھونا - ذمهداري لینا

Warrant, Bench حکمنامه جو عدالت دیواني مال یا فوجداري سے بغرض گرفتاري مجرم توھین عدالت کے صادر کرے

Warrant case, مقدمه قابل اجراے وارنٹ - بموجب قانون ھند کے مقدمات قابل اجراے وارنٹ سے مقدمه متعلق ایسے جرایم کے مراد ہے جو قابل سزا موت یا حبس دوام بعبور دریاے شور یا قید زاید چھه ماہ کے ھو

Warrant, Death وارنٹ پھانسي

Warrant, Dock تحریر عہدہدار کستم ھاوس (پرمٹ) که وہ شخص جسکا نام اوسپر درج ھو مال مصرحه کو لیجا سکتا ھے

Warrant, Execution حکمنامه قرقي

Warrant, General وارنٹ عام - سابق میں وارنٹ بلا تحریر نام ملزم یاملزمان

مال کے مشعر اختیار گرفتاري اشخاص مشتبہ کے جاري ہوتا تھا

Warrant, Land (U. States) اجازت لینے قبضہ آراضي سرکاري کا

Warrant, Search—*See* Search. وارنٹ تلاشي

Warrant of arrest, حکمنامہ گرفتاري

Warrant of attorney, اجازت تحريري موسومہ سالیسیٹر اوس عدالت کے جہاں سے ڈگري صادر ہوگي مشعر اس اجازت کے کہ وہ نالس میں حاضر ہو اور اقبال دعوی کرے - اس قسم کا کاغذ بغرض اطمینان اداے قرضہ کے لکھہ دیا جاتا ہے اور برطبق اداے زر تاریخ معینہ کو وہ بیکار ہوجاتا ہے

Warrant officers, عہدہداران فوج جو کمیشن یاب نہوں - مثلاً سارجنٹ و کارپورل وغیرہ

Warrant to sue and defend (O E. Law.) مختارنامہ خاص واسطے پیروي یا جوابدہي مقدمہ کے

Warrantable واجب مناسب

Warrantee, *n.* وہ شخص جس کے وایدہ کے لئے ذمہداري کي گئي ہو

Warrantor, *n.* وہ شخص جو کسي امر کي ذمہداري کرے

Warranty, *n.* (Ancient Law) معاہدہ نسبت جایداد غیر منقولہ کے جسکے ذریعہ سے منتقل کنندہ کسي حقیت کا اور اوسکے ورثا ذمہدار ہوتے تھے کہ حقیت منتقل الیہ کو حاصل ہوگي اور اگر کوئي دعوی کریگا تو وہ جوابدہي کرینگے اور بصورت بیدخلي کے وہ اوس قدر آراضي جس قدر نہ نکل جاے دینگے

Warranty, *n.* (Modern Law). وعدہ یا عہد صریحي یا معنوي کہ جو کچھہ کہ نسبت شے منشاے معاہدہ کے بیان کیا گیا ہے صحیح اور درست ہے - نسبت فروخت مال منقولہ کے ذمہداري یہہ ہوتي ہے کہ حق نسبت مال کے درست ہے لیکن نسبت حیثیت مال کے خریدار کو ہوشیار رہنا چاہئے

Warranty, *n* (Insurance Law.) بیمہ کراے والے کا یہہ عہد یا اقرار کہ بعض امور متعلقہ بیمہ یا جنکا اثر خطرہ بیمہ پر پہونچتا ہے حسب مندرجہ بیان ہیں یا ہونگے

Warren, *n.* (Eng. Law.) (۱) وہ مقام جو اارروے شد آمد قدیم یا عطیہ شاہي کے واسطے رہنے شکار کے جانوروں کے مقرر ہو

Wash away, دریا برد ہوجانا

Waste, *v.* نقصان پہونچانا کسي حقیت یا مال کو عمداً تلف کرنا

Waste, *n.* (۱) اتلاف - ضایع کرنا یا خراب کرنا مکان یا باغ یا درختوں کا بغرض مضرت ورثا - اتلاف دوامي کسي حقیت میں (۲) زمین افتادہ غیر مزروعہ

Waste Book, دہچا کھاتہ - کچي بہي

Waste-basket, ردي کي ٹوکري

Waste permissive, اتلاف بوجہہ غفلت مثلاً مرمت نکرنا مکان کا

Waste voluntary—*See* Voluntary.

Watch, (۱) پاسباني - پہرہ - نگہباني (۲) چوکیدار - پہرہدار - (۳) پہرہ کا وقت - پہر

To be on the watch, - نگاہ رکھنا
کسي امر کے وقوع کا برابر نگراں رھنا

To keep watch and guard,
برابر پہرا چوکي دينا

Watch and guard, - پہرہ - چوکي
لفظ گارڈ دن کي حفاظت سے اور لفظ
واچ شب کي حفاظت سے متعلق ھے

Watchman, *n.* چوکيدار

Watchword, *n.* وہ نشان يا لفظ جو
پہرہ والے کو اس لئے بتايا جاتا ھے کہ وہ
دوست اور دشمن ميں فرق کرے -
پرول

Water, *n.* پاني - قانوناً جب تالاب وغيرہ
منتقل کيا جاے تو محض حق مچھلي
مارنے کا منتقل ھوتا ھے ايسي صورت
ميں زمين تالاب کا لفظ استعمال کرنا
مناسب ھے اگر آراضي تالاب منتقل کي
گئي ھو

Water, To hold درست ھونا

Water bailiff, *n.* عہدہ‌دار کسٹم ھوس
واقعہ بندرگاہ جسکا کام تلاشي لينے
جہازوں کا ھے

Watercourse, *n.* مجراے آب حواہ
مصنوعي يا قدرتي - حق روانگي
آب خود اپني آراضي پر يا اوسکے نکلنے
کا دوسرے کي آراضي پر يہہ حق
بذريعہ قدامت کے حاصل ھوسکتا ھے

Water-mark, حروف يا نشان جو کاغذ
ميں بوقت تياري بنايا جاتا ھے
وہ کاغذ سادہ جسميں ايسا نشان
سرکاري بنا ھو اور جو واسطے استعمال
عدالتي کے فروخت ھوتا ھے (۲) سيلاب
کے چڑھنے کا نشان

Water-rates, محصول آب پاشي

Water-tax, محصول پاني

Water works. تعميرات بغرض پہونچانے
پاني کے

Waveson, *n.* (O. E. Law.) مال جو
بعد بربادي جہاز کے سمندر ميں
تيرتا ھو

*Same as* Jetsam.

Way, *n.* (۱) گذر راہ - شارع
(۲) حق گذر (۳) طريقہ راہ -
روش - ارادہ

Queen's (King's) highway.
شارع عام

To give way, (۱) راستہ دينا - (۲)
مان لينا - قبول کرنا - اطاعت قبول
کرنا

To have one's way, اپني مرضي کے
مطابق کرنا

To make one's way, ترقي کرنا

To be in the family way,
حاملہ ھونا

Ways and means. (۱) ترکيبيں - سبيليں
(۲) آمدني کے ذرايع

By the way. ضمناً

Way, Right of حق گذر - حق گذر
کسي دوسرے کي آراضي پر - يہہ حق
حواہ بذريعہ قدامت يا عطيہ کے حاصل
ھوتا ھے

Way of necessity, حق گذر بوجہہ
ضرورت - يہہ حق اوس صورت ميں
حاصل ھوتا ھے جبکہ منتقل کنندہ نے
ايسي حقيت منتقل کي ھو کہ جسپر
پہونچنے کے لئے انتقال کنندہ کي حيثيت
پر ھوکر جانا ضروري ھو - ايسا حق
معناً ديا جانا منجانب منتقل کنندہ
تصور کيا جاتا ھے - يہہ حق صرف
اوس وقت تک قايم رھتا ھے کہ جب
تک اوسکي ضرورت ھو

Way-bill, بلٹی - اِس کاغذ میں نام مسافران کا یا تفصیل مال مرسلہ کی درج ہوتی ہے جبکہ مال بذریعہ کسی مرکب تری کے روانہ کیا جاتا ہے تو یہہ کاغذات بل آف ایڈنگ کے نام سے موسوم ہوتا ہے

Way going crop—*See* Away-going.

Waylay, *v. t.* گھات میں رہنا - رہزنی کے لئے پوشیدہ رہنا

Way-warden, *n.* - محافظان شارع عام - وہ اشخاص جو سابق میں ہر ایک موضع سے جس میں ہو کر سڑک گذرے بغرض اِنتظام محافظت سڑک منتخب کئے جاتے تھے

Ways and means, Committee of ہاوس آف کامنس کہ جنسے طریقہ بہم پہونچانے زر کا تجویز ہوتا ہے

Weak, *a.* ضعیف - کمزور - بے بنیاد

Weal, Public رفاہ عام

Wealth, *n.* دولت

Commonwealth (Eng.) وہ زمانہ کہ جب کرام ویل پروٹیکٹر اِنگلستان تھا

Weapon, *n.* سلاح - ہتھیار

Deadly weapon. سلاح مہلک

Weapons of war, اسلحہ جنگ

Wear and tear, *n.* استعمال معمولی کسی شے سے جو نقص پیدا ہو

Weaver, جولاہا

Wed, *v. t.* شادی کرنا - نکاح کرنا

Wed-lock, حالت اردواج

Born in wedlock, خلف صادق

Born out of wed-lock, ولدالحرام

Weed, *v. t.* (۱) کھیت کو گھاس سے صاف کرنا - (۲) دفتر کے کاغذات سے وہ کاغذات خارج کرنا جو بوجہ امتداد زمانہ کے بیکار ہوگئے ہوں

Weeder, *n.* وہ شخص جو دفتر میں سے کاغذات بیکار کے خارج کرنے کا کام کرتا ہے

Weekly, ہفتہ وار

Week days, ہفتہ کے دن - یعنی علاوہ اتوار کے باقی دن

Weigh, *v. t.* تولنا - وزن کرنا

Weigh evidence, (۱) شہادت کی وقعت پر لحاظ کرنا - (۲) شہادت کا موازنہ کرنا

Weight, *n.* (۱) بوجھہ - وزن - گرانی (۲) وقعت

Weights and measures, باٹ اور پیمانے

Weights and measures, False جھوٹے باٹ یا پیمانے - یعنی اوس سے مختلف جو مجرم اور اوس شخص نے جسکو فریب دیا کیا خواہ صریحاً یا معناً اپنے لین دین میں مقرر کئے ہوں - ایسے باٹوں یا پیمانوں یا گز کا اِستعمال کرنا جرم ہے

Weighty, *a.* باوقعت

Well, *n.* کنواں - چاہ - بموجب قانون لگان کے چاہ تعمیر کرنا خواہ وہ خام ہو یا پختہ داخل درایع ترقی حیثیت آراضی کے ہے - اسامی غیر دخیلکار کو چاہ تعمیر کرنے کی اِجازت لینا ضروری ہے

Well off, } خوشحال ہونا - خوش گذران
Well to do, }

Well-bred, خوش خلق - مہذب شریف - شایستہ

**Well-informed,** واقف الحال - عام واقفيت رکھنے والا

**Well-known,** مشهور

**Well-land,** آراضي چاهي

**Welsh mortgage,** رهن مقام وپاش - يهه ايک قسم کا رهن انتقاعي هے جس ميں راهن کو هر وقت اختيار انفکاک کا زر قرضه کے ادا کرنے پر حاصل هوتا هے اور مرتهن کو حساب واصلات دينا هوتا هے - اس لئے رهن ميں مرتهن کو حق بيعبات کبهي حاصل نهيں هوتا

**Wergild,** *n.* (O. E. Law) - قصاص خون بها - زمانه قديم ميں يهه تاوان جو قاتل سے ليا جاتا تها جزواً بادشاه کو اور جزواً رشتهداران مقتول کو ملتا تها

**Wharf,** *n.* گهاٹ يا بندرگاه اوتارنے مال کا

**Wharfage,** *n.* محصول رکهنے مال کا گهاٹ يا بندرگاه پر

**Wharfinger,** *n.* گهاٹ وال - مالک بندرگاه يا گهاٹ کا که جهاں مال اوتارا جاے

**Wharfinger's lien,** کفالت گهاٹوال کي بابت محصول کے اوس مال پر جو بندرگاه ميں اوتارا گيا يا رکها گيا هے گهاٹ وال کو اختيارهے که مال کو جب تک که محصول ادا نهو جانے نديے

**Wheedle,** دم دينا-پهسلانا-خوشامدکرنا

**Whereabouts,** پته - نشان - ٹهکانه

**Whereas it is expedient,** هرگاه يهه قرين مصلحت هے

**Whereas,** *ad.* چونکه - هرگاه يه لفظ شروع تمهيد حکم يا بيان ميں استعمال کيا جاتا هے

**Whig,** *n.* (Eng.) وه فرقه مدبران ملک کا جو حامي پارليمنٹ کے تهے اور حقوق رعايا کے

**Whipping,** *v. t.* تازيانه لگانا

**Whole blood**—*See* Full blood.

**Wholesale,** *n.* يکمشت

**Wholesale merchant,** تهوک فروش سوداگر

**Widow,** *n.* بيوه - بموجب شرح محمدي کے بيوه مستحق پانے حصه ترکه کي جايداد شوهر سے هے - بموجب دهرم شاستر کے بيوه خاندان تابع متاکشرا ميں محض نان و نفقه رکهتي هے مگر بموجب داے بهاگ کے وه مستحق قبضه حين حياتي جايداد اپنے شوهر ميں هے - بموجب قانون وراثت شوهر کے بيوه کا حصه ايک ثلث اوس صورت ميں هوتا هے که متوفي نے اولاد چهوڑي هو اور نصف اوس صورت ميں که اولاد نهيں مگر قرابتدار هوں اور وه مستحق کل ترکه کي هے اگر ان دونوں ميں سے کوئي نهو - بيوه قايم مقام باعتبار ترکه هوتي هے

**Widow Remarriage Act,** ايکٹ ازدواج مکرر بيوگان - اس ايکٹ کي غرض يهه هے که اطفال بيوه جو ازدواج ثاني سے هوں صحيح النسب متصور هوں اور بيوه مستحق جمله حقوق آينده کي بحر به تعلق ترکه اپنے شوهر کے هوگي - مثلاً وه اپنے شوهر اول کے پسر کے ترکه کي مستحق تجوير هوئي هے

**Widow bench,** *n.* وه حصه جو بيوه کو از روے رواج علاوه مهر کے يا بجاے مهر کے ملتا هے

**Widow burning,** *n.* ستي هونا ستي کرنا - اسکي قانوناً ممانعت هے

Widower, *n.* رنڈوا - شوہر زوجہ متوفی

Wife, *n.* زوجہ - بموجب قانون انگلستان کے زوجہ مستحق نان و نفقہ کي بصورت افتراق تاوقت ازدواج ثاني کے ہے - بموجب قانون اسلام کے زوجہ مستحق نان و نفقہ کي بصورت طلاق کے زمانہ عدت میں ہے - بموجب دھرم شاستر کے زوجہ مستحق نان و نفقہ و مکان سکونت کي اوس صورت میں ہے کہ وہ اپنے شوہر کے گھر رہے بجز اسکے کہ شوہر مرتکب بیرحمي کا ہوا ہو یا زن مدخولہ اوسکے گھر میں ہو بموجب قانون فوجداري کے بھي مجسٹریٹ کو اختیار دلانے نان و نفقہ زوجہ و اطفال کم سن کا دیا گیا ہے-اهل تشیع میں ازدواج متاع سے زوجہ کو حق نان و نفقہ پیدا نہیں ہوتا

*See also* Husband, and Restitution of conjugal rights and marriage.

Widow's-equity, حق بیوہ کا دربارہ انتظام پرورش

Wild, *a.* جنگلي (پلاؤ نہیں) - خودرو جو بویا نہ گیا ہو - اُجڑ - ویران - غیر آباد (۳) وحشي - نا تراشیدہ ناشایستہ (۴) بے قاعدہ - غیر محکوم - بے لگام - سرکش - تندمزاج - خلاف عقل (۵) پریشان - متوحش

Wild animals, حیوانات جنگلي - یہہ اوس شخص کي حقیت ہو جاتے ہیں جو اونکو پکڑے اور رکھے لیکن جب چھوٹ جائیں اور پھر آزاد ہوں تو وہ اوس شخص کي حقیت نہیں رکھتے - بجز کبوتروں کے کہ جو وہ اُجڑ جائیں اور اوسکے اختیار سے باہر ہو کر پھر واپس آجائیں جب تک وے واپس آتے ہیں اوسکي جایداد ہیں - بوقت وفات کسي شخص کے اوسکے ہرن اور کبوتر اور مچھلي جو چھوٹے تالاب میں ہوں اوسکے وارث کو پہونچتي ہیں اور نہ وصي کو - ان چیزون کي چوري بھي ہوسکتي ہے

Wilful, *a* بالارادہ - جان بوجھکر - مرتہنان و دیگر اشخاص قابضان شے مکفولہ آراضیات وغیرہ مستوجب پورا کرنے اوس نقصان کے ہیں جو اونکے بالارادہ یا دیدہ و دانستہ ترک فعل سے ہوا ہو

Will, *n.*-وصیت نامہ اظہار قانوني موصي کا جسکے مطابق وہ چاہتا ہے کہ عمل کیا جاے - وصیت نامہ بحیات موصي ہر وقت قابل منسوخي ہے اوسکا تحریری ہونا بجز خاص صورت کے ضروري ہے لیکن مطابق کسي خاص نمونہ کے وصیت نامہ کے ہونے کي ضرورت نہیں ہے - مجنون اور نابالغون کو صلاحیت تحریر وصیت نامہ نہیں ہے - زن منکوحہ محض اپني حقیت جداگانہ کي بابت وصیت کرسکتي ہے یا اپنے شوہر کي رضامندي سے ایسا کرسکتي ہے - یہہ ضرور ہے کہ وصیت نامہ پر دستخط موصي نے بموجودگي دو گواہوں کے کئے ہوں اور گواہوں نے بموجودگي یکدگر گواہي کي ہو - وصیت نامہ پر اِستشہاد یا اوسکي رجسٹري ضروري نہیں ہے لیکن اگر موصي چاہے تو رجسٹري وصیت نامہ کي کرا سکتا ہے خواہ اوس لفافہ کي رجسٹري کرا سکتا ہے جس میں وہ بند ہو

Privileged will—*See* Privileged.

Nuncupative will, وصيت زباني

Will, *n.* خواهش - مرضي

At will, تامرضي

Tenant at will, اسامي تامرضي

*See under* Tenant, مالک

Good, will—*See under* Good,

Will, *v.* (۱) وصيت کرنا - وصيت نامه ميں هدايت کرنا - (۲) اراده کرنا - خواهش کرنا

Willingly, برضا و رغبت - بسر و چشم - بخوشي

Willingness, رضامندي - خواهش - آمادگي

Winding up, (۱) تصفيه حساب و کتاب و ختم شراکت کمپني - بموجب ايکٹ کمپني کے فسخ شراکت و تصفيه حساب کمپني حسب مرضي شرکا هوسکتا هے يا بصورت نالش کے جبريه کرايا جا سکتا هے - يا به نگراني عدالت کيا جاسکتا هے - يهي صرف طريقه قانوني ختم کرنے کمپني کا هے (۲) يهه لفظ فسخ شراکت و تصفيه حساب شراکت سے بهي متعلق کيا جاتا هے

Window, *n.* - روزن - جهروکه - کهڑکي - تابدان - اگر کهڑکي يا روزن سے بے پردگي همسايوں کي هوتي هے توبنائے مخاصمت کي حاصل هوتي هے بشرطيکه از روے رواج مقامي کے اس قسم کا حق مدعي کو حاصل هو

Wine, *n.* شراب مجهور - ايسي شراب پر محصول سرکاري ادا کرنا لازم هے

Wine, Country ديسي شراب

Wine, Foreign ولايتي شراب

Wing, (۱) عمارت کا بغلي حصه (۲) فوج يا پلٹن کا دایاں یا بایاں حصه

*See* Light.

Wire-puller, تار کرنے والا - سازش کرنے والا (جيسے ٹهپتليوں کا) کهينچنے والا

Wire-pulling - خفيه کارروائي کرنا - سازش - بندش

Witch, *n.* جادوگرني - سابق ميں قانون حکم نسبت تجويز اور سزا دهي جادوگرنيوں کے تها ليکن وه قوانين بوجهه ترقي علمي اور عملي کے منسوخ هو گئے هيں

Witchcraft, *n.* جادوگري

Withdraw, *v. t.* (۱) دست برداري کرنا - واپس لينا (۲) عذر خواهي کرنا - انحراف کرنا

Withdrawal of attachment, قرقي سے واگذاشت کرنا

Withdrawal of charge, الزام سے دستبرداري

Withdrawal of juror, جبکه اهل جوري راے متفقه بيان نه کرسکيں اور يهه معلوم هوکه سوري جديد کے طلب کرنے سے بهي کوئي نتيجه نهوگا تو اهل جوري ميں سے کوئي شخص خارج کيا جاتا تها اور اس طور پر مقدمه ختم هو جاتا تها

Withdrawal of suits, نالش سے دست برداري کرنا - اگر نالش سے دست برداري بلا اجازت عدالت کي جاے تو پهر نالس اوسي بنا مخاصمت پر نهيں هوسکتي

Without day, To go بلا تقرر تاريخ آينده پر جانا - مدعاعليه کي نسبت يهه کها جاتا تها که بلا تعين تاريخ کيا گيا - اس سے يهه مراد هے که وه کامياب هوا اور مقدمه خارج کيا گيا

Without prejudice, بلا مضرت
See Prejudice,
Without recourse,
See Recourse.
Without reserve, بلا قيد يا شرط
Withstand, مقابلہ کرنا - روکنا
Witness, Eye گواہ چشم دید
Witness, n. (۱) گواہ (۲) گواہ دستاویز - گواہ حاشیہ

Witness, v. (۱) گواهي دینا - شہادت دینا (۲) گواهي کرنا - تصدیق کرنا - دستخط گواهي کے کرنا - (۳) مشاهدہ کرنا - بہ چشم خود دیکھنا - ذاتي واقفیت رکھنا

Witness, Competent اشخاص مجاز یا قابل گواهي دینے کے - جملہ اشخاص بجز اونکے جو نابالغي یا عمر رسیدہ هونے کي وجہہ سے یا سقم دماغي یا عقل کي وجہہ سے معذور هوں یا اون سوالات کا جو پوچھے جائیں جواب ندے سکتے هوں قابل گواهي دینے کے نہیں هیں - کارروائي فوجداري دیواني میں شوهر و زوجہ بمقابلہ یکدیگر گواهي دینے کے مجاز هیں

Witnesses, Privilege of (۱) گواہ جو سمن کے مطابق طلب هو کر حاضر هوں - اوس درمیان میں حکمنامہ دیواني کے موجب گرفتار هونے سے محفوظ رهینگے جب وہ عدالت میں غرض مرقوم کے لئے جاتے یا وهاں حاضر رهتے هوں اور نیز جب اوس عدالت سے واپس آتے هوں - یہہ رعایت حکمنامجات فوجداري سے متعلق نہیں هے - گواہ جسنے کوئي شہادت دي هو بابت کسي اوسکے بیان کے نالش هرجہ کي نہیں هوسکتي - صرف سزا اونکي یہہ هے کہ اگر وہ گواهي جھوٹي دیں تو اونپر استغاثہ حلف دروغي کیا جاسکتا هے - بعض اشخاص بوجہہ اپنے مرتبہ کے اور عورات پردہ نشین حاضري عدالت سے بطور گواہ کے (مقدمات دیواني میں) معاف هیں ایسے اشخاص کا اظہار بذریعہ کمیشن لیا جاسکتا هے

Witness, Privileged—See Privileged.

Witness on instrument, دستاویز پر گواهي کرنا

Wittingly, جان بوجھہ کر

Womb, رحم

Women, n. عورات - عورات پردہ نشین حاضري عدالت سے اور گرفتاري بعلت اجراے ڈگري زر نقد سے معاف هیں
See also Jury of matrons.

Woolsack, n. جاے نشست لارڈ چانسلر واقع هاوس آف لارڈس

Words, n الفاظ راے نسبت معني الفاظ کے شہادت میں قابل پذیرائي هے
See also Defamation and Slander.

Words of art, الفاظ اصطلاحي

Words of Limitation, الفاظ جنسے کسی هبہ یا انتقال میں کوئي قید لگائي گئي هو - مثلاً زید اور اوسکے اطفال ایک هزار روپیہ ترکہ میں سے پائینگے - پس یہہ هبہ محدود اطفال پر هے اور دیگر ورثا پر جاري نہیں هے

Work, (۱) کام محنت مشقت (۲) تصنیف - تالیف کتاب (۳) کارروائي کا طریق - برتاؤ

Works, تعمیرات - کارخانہ -

Work-day, Working day, } کام کے دن (خلاف تعطیل کے دن یعني اتوار کے)

Workhouse, *n.* محتاج خانه

Work up, (۱) مشتعل کرنا - بهڑکانا (۲) کسي کام میں لگانا - صرف کرنا

Workmanship, کاریگري - صنعت - دستکاري

Workmen, *n.* کاریگران
بابت خلاف ورزي معاهده کے کاریگران پر نالش هوسکتي هے

Workshop, *n.* کارخانه

Worship, *n.* (۱) پوجا - پرستش (۲) خطاب مجسٹریت اور ججوں کا - استحقاق پرستش کسي خاص صورت کا ملکیت هے اور اوسکي بابت نالش هوسکتي هے

Worm out, آهستگي یا پوشیدگي سے کام کرنا

Worn land, بےکار زمین - زمین جسکي قوت جو بوجه کسي کاشت کے زایل هوئي هو

Worth, *n.* قیمت - قدر - خوبي - لیاقت - وصف

Worthwhile, مناسب بلحاظ صرف وقت یا حرج وغیره کے - دردسري کے لایق

Worthy, قابل - لایق - صاحب لیاقت

Worship, Place of عبادت گاه - جاے پرستش

Worthies of blood, (Eng. Law) اعلی ترین وارث یعني وارث کسي قسم مذکور کا

Wound, زخم - گهاو - صدمه ضررده جان

Wrangle, زور شور سے بحث کرنا تکرار کرنا جهگڑنا

Wrapper, بستہ بیٹهن - لفافه

Wreck, *n.* جهاز تباه شده - جهاز شکسته اور تیرتا هوا مال خواه وه سمندر یا کناره پر هو پیشتر ملکیت سرکاري هوتا تها

Wreck, Receiver of عهدهداران جنکا کام یهه هے که جهاز شکسته کو واسطے اوسکے مالکان کے محفوظ رکهیں مالکان مذکور دعوی اندر ایک سال کے کرسکتے هیں

Wreck, Commissioners کمشنر جو اِس غرض سے مقرر کئے جاتے هیں که منجانب بورڈ آف ٹریڈ ایسے جهاز کے حادثوں کي بابت تحقیقات کریں جنسے جان ضایع هوئي هو

Wrest, کهینچنا - جبریه لینا - اصلي معني کو پلٹ دینا

Wrestle, *v.* کشتي کرنا - زور آزمائي کرنا

Wretched, ناکاره - ذلیل - حقیر

Writ, *n.* حکمنامه مهري و دستخطي مصدوره حاکم مجاز - حکمنامهجات اکثر از نام شاهنشاه جاري کئے جاتے هیں اور اون پر مهر عدالت کي هوتي

Writ, Prerogative حکمنامهجات جنکا جاري کرنا اختیار تمیزي عدالت پر منحصر هے - مثلاً حکمنامه هبیس کاربس یا حکم امتناعي

Writ in aid, حکمنامه معاون اجرا

Writ of entry, نالش منجانب اوس شخص کے جو بیدخل کیا گیا واسطے قبضه کے

Writ of error, حکمنامه طلبي مسل بغرض نظر ثاني

Writ of execution, حکمنامه اجرا

Writ of protection, حکمنامه جسکي رو سے کوئي شخص گرفتاري سے بعلت کسي کارروائي دیواني کے ایک سال اور ایک دن تک محفوظ رهتا تها

Writ of summons, حکمنامہ طلبي
یہہ بنام مدعاعلیہ کے جاري هوتا هے

Write, *v.* لکھنا - قلمبند کرنا - تصنیف کرنا

Write off. حساب دینا - خارج کرنا - منہا کرنا

Writer, *n.* کاتب - محرر - مصنف

Writers to the signet, اهالي قانون
بیسہ سدریم کورت اسکاٹ لینڈ جنکا
کام مشابہ کام سالیسٹرن کے هے

Writs of right, حکمنامجات اِبتدائي
جن سے سابق میں نالس کا آغاز هوتا
تھا اب بجاے اونکے سمن جاري کئے
جاتے هیں

Written laws, قانون تحریري - ایکٹ
واضعان قانون (بخلاف قانون غیر
تحریري کے جو رواج اور نظایر سے مرکب
هے)

Writing, *n.* تحریر میں سیسہ اور
پتھر کا چھپا هوا اور تصویر عکسي اور
حروف کندہ میں هر دیگر طریقہ
داخل هے جیسے الفاظ یا هندسہ کاغذ
یا کسي دیگر شے پر لکھے جاسکتے هیں

Written acknowledgment, اِقرار
تحریري - اگر قبل منقضي هونے میعاد
کے جو کسي جایداد یا حق کي بابت
معین هے ایسي جایداد یا حق کي
بابت کوئي اِقرار ذمہداري کا تحریر
پاکر اوسپر اوس شخص نے دستخط کئے
هوں جسکے مقابلہ میں دعوی کیا
جاے یا کسي ایسے شخص نے کئے
هوں جسکے واسطہ سے اوسپر حق یا
ذمہداري عاید هوتي هو تو مطابق
نوعیت اصل ذمہداري کے ایک اور
میعاد اوس وقت سے شمار کي جائیگي
جبکہ اِقرار مذکور بر حسب مذکورہ
بالا دستخط هوئے

Written statement, بیان تحریري

Wrong. *n.* خلافورزي یا دستاندازي
میں حق فعل بیجا - فعل بیجا بلا
هرجہ کي بابت نالش هو سکتي هے
مثلاً اگر کوئي شخص کسي کے مکان
میں چلا جاے تو گو اوس فعل سے کوئي
نقصان واقع نہوا هو مگر نالش هو
سکتي هے لیکن هرجہ بلا فعل بیجا کي
بابت نہیں نالش هو سکتي - مثلاً اگر
کوئي شخص کسي دوکان کے قریب
اوسي قسم کي دوکان کھولے تو ممکن
هے کہ دوکان سابق کي گاهکي بہت کم
هو جاے مگر یہہ قابل نالس نہیں هے

Wrongs, Private ضرر جو خاص
اشخاص کے حقوق کو پہونچایا جاے

Wrongs, Public ضرر جو عوام کے
حقوق کو پہونچایا جاے یا جسکا اثر
عوام پر هو

Wrong doer, *n.* فعل بیجا کنندہ

Wrongful confinement, حبس
بیجا

Wrongful conversion, تصرف ناجایز
اگر کوئي شخص کسي مال کو بلا اوسکے
رضامندي کے لے یا اپنے کام میں لاوے
تو یہہ تصرف ناجایز هے

Wrongful gain, استحصال ناجایز
حاصل کرنا مال کا ناجایز وسیلوں سے
جبکہ شخص حاصل کرنے والا اوسکا
قانوناً مستحق نہو

Wrongful loss, زیان ناجایز یعني زیان
جو ناجایز وسیلوں سے کیا جاے اور
زیان اوٹھانے والا اوس مال کا قانوناً
مستحق هو

Wrongful possession, قبضہ ناجایز

Wrongful restraint, سدراہ ناجایز
*See* Restraint.

Wrongful seizure, ضبطي ناجایز

## X

**Xenomania,** *n.* خبط یا خواهش بیحد غیر ملک کے رواج یا دستورات یا طرز یا لباس اختیار کرنے کي

**Xeraphin,** *n* ایک سکه جو زمانه سابق میں بمبئی پرتگالیان رایج تها - یهه سکه قیمتي ۳/۵ روپیه کا تها

**Xylograph,** *n.* عبارت یا تصویر جو لکڑي پر کنده هو یا اوسکا نقش یا اوسکا چهاپه - یهه داخل تعریف حسب مراد قانون فوجداري هے

*See* Writing.

## Y

**Yard,** *n.* (۱) گز - پیمانه لمبائي کا (۲) صحن (۳) احاطه جهاں کوئي کارخانه هو - مثلاً (dock yard) مقام مرمت جهاز

**Yard, Liberty of** اجازت ایسے قیدیوں کو جو بابت قرضه قید هوں که وه حدود معینه کے اندر چلیں پهریں اور مچلکه اس امر کا لکهدیں که وه حد مذکور سے باهر نه جائینگے

**Yard, Prison** صحن جیلخانه

**Year,** *n.* سال - سال کلندره یکم جنوري سے شروع اور ۳۱ دسمبر کو ختم هوتاهے

*See* Time.

**Year, Agricultural** سال زراعتي ممالک متحده میں یکم جولائي سے ۳۰ جون تک سال هوتا هے

**Year, Fasli** سنه فصلي یهه اکتوبر سے شروع هوتا هے

**Year, Mohammedan** سنه هجري

**Year and day,** ایک سال اور ایک روز اگر کوئي شخص جسکو ضرر پهونچایا گیا هو اوس ضرر سے اندر ایک سال اور ایک روز کے فوت هو جاے تو یهه هلاکت قتل سمجها جائیگا - اگر کوئي جانور قیمتي کسي کي زمینداري میں پایا جاے اور اوسکا مالک معلوم نهو تو بموجب قانون قدیم کے بعد دینے اشتهار اور گذر جانے ایک سال اور ایک دن کے وه ملکیت سرکار هوجاتاهے یا اگر یهه حق سرکار نے زمیندار کو عطا کیا هو تو وه اوسکي ملکیت هو جاتا تها

**Year books,** رپورٹ مقدمه کي جو برابر سالانه سلسله وار زمانه شاه اڈورڈ سے زمانه هنري هشتم تک بصرف شاهي مرتب کئے گئے

**Year to year ; Tenancy from.**

*See* Tenancy from year to year.

**Yearly,** *a.* سالانه

**Yield,** *n.* پیداوار

**Yield,** *v. t.* (۱) پیدا هونا - دینا (۲) اطاعت قبول کرنا - دعوی ترک کرنا - (۳) تسلیم کرنا - منظور کرنا

**Yielding and paying,** حاضر اور ادا کرینگے - پٹه جات جن میں لگان مقرر کیا جاتاهے یهه الفاظ بابت لگان مقرره کے استعمال کئے جاتے هیں

**Youthful offenders,** مجرمان نو عمر- جب کسي شخص پر جسکي عمر ۱۶ سال سے کم هو عدالت فوجداري نے حکم قید بابت کسي جرم کے صادر کیا هو تو عدالت یهه هدایت کرسکتي هے که وه بجاے جیلخانه میں قید کئے جانے کے تادیب خانه میں بهیجا جاے

*See also* Reformatory.

**Yule,** *n.* زمانه کرسمس

## Z

**Zeal**, *n.* سرگرمي کوشش

**Zenana, Breaking open** مداخلت مکان زنانه - پولیس کو یهه هدایت هے جب که وه کسي مکان زنانه میں داخل هونا چاهے تو جو عورت که اس میں هو اگر اوسکي گرفتاري منظور نهو اوسکو یهه هدایت کرے که اوس مکان میں سے دوسرے مکان میں چلي جاے اور جب وه مکان سے چلي جاے تب مکان میں داخل هو - یهه قاعده گرفتاري مال سے متعلق هیں

**Zarpeshgi lease**, پٹه زر پیشگي

**Zythum**, *n.* شراب جو جو اور گندم سے مخمور کي جاے

*See* Liquor.

[THE END]

**Printed by Ramzan Ali Shah at the National Press, Allahabad.**

# APPENDIX A

# FOREIGN WORDS AND LATIN MAXIMS

## A

A capite ad calcem. از سر تا پا

A communi observantia non est recedendums ; (No deviation should be made from the common usage.) كوئي تجاوز دستور عام سے نہ كرنا چاهئے

A communi præsumptone. عام قياس سے

A digniori fieri debet denominated est resolutio ; (The title and exposition is to be made from what is the more worthy.) جو كچهه عمدہ يا اعلى هو اُس سے حق منسوب كرنا چاهئے

A facto ad jus non datur consequentia ; (The inference from the fact to the law is not allowed). كسي خاص واقع سے قانون كا نتيجه نہ نكالنا چاهئے (قانون عام هے اور هر خاص امر كے لئے نہيں هے)

A fortiori, قوي‌تر وجهه - بوجوه قوي‌تر

A la mode, (*Fr.*) مطابق رواج

A latere. بجانب - همراه

A lectionibus jurisprudentium. قانون دانوں كي كتب يا شرح سے

A lege nature. قانون قدرت سے

A lege suæ dignitatis. باستحقاق عہدہ يا رتبه كے

A matre. ماں سے

A meusa et thoro ; (From bed and board). (بستر اور ميز سے) طلاق جزوي-(يهه طلاق اب بموجب فيصله عدالت كے هوتا هے اور گو مابين شوهر و زوجه علحدگي هو جاتي هے ليكن ازدواج فسخ نہيں هوتا)

*See* A vinculo.

A minore ad magus. چهوٹے سے بڑے تك

A nativitate. پيدايش سے

A natur a et ordine nature. حسب قدرت يا حسب طريقه معمولي

A non usu. عدم استعمال سے

A patre باپ كي طرف سے

A pirates et latronibus capta dominium non mutant ; (Chattels captured or taken by pirates (or robbers) do not change their ownership) اوس مال كي جو راهزنوں نے لوٹا يا ليا هو ملكيت تبديل نہيں هوتي

A posteriori. نتيجه سے سبب اخذ كرنا

A precedentibus approbatis et usu. دستور نظاير مقبولہ سے

A prendre.

*See Profits* in the vocabulary.

A principalioribus seu digrioribus est inchoandum ; (We are to begin with the more worthy or principal parts.) هم كو اصل يا زيادہ اهم امور سے شروع كرنا چاهئے

A priori. سابق سے - سبب سے نتيجه اخذ كرنا

A propos. حسب حال حسب موقع

A quo. کس سے

A rendere (*Fr.*) لگان یا خدمت

A rubro ad nigrum نام سے مطلب نکالنا۔بلحاظ عنوان ایکٹ کے تعبیر کرنا

A spoliatus debet ante omnia restitui ; (A person wrongfully deprived of his property is entitled to restitution before all.)
وہ شخص جو اپني جايداد سے ناجايز طور پر بيدخل کيا گيا هو سب سے پيشتر مستحق واپسي مال کا هے (مراد يهه هے که جب کوئي مال کسي شخص کا ليجاے يا تصرف بيجا کرے تو قبل اسکے که کوئي معاملہ يا حساب و کتاب کيا جاے واپسي مال ضروري هے)

A sumo remedio ad inferiorem actionem, non habetur ingressus, neque auxilium , (From the highest remedy to the inferior remedy there is no resort).
بعد چارہ کار اعلی کے چارہ کار ادنی حاصل نهيں هوسکتا - يعني اگر چارہ جوئي اعلی ميں کاميابي نهو تو وہ بعدہ چارہ کار ادنی سے مستفيد نهيں هوسکتا) اصول قانون يهه هے که جو کچهه دادرسي ايک بناء مخاصمت کي بابت کوئي شخص حاصل کرسکتا هو ان سب کي بابت ايک هي نالش هوني چاهئے

A verbis legis non est recedendum ; (From the words of law there must be no departure).
الفاظ قانون سے تجاوز نکرنا چاهئے - يعني الفاظ قانون کو نظرانداز نکرنا چاهئے

A veria. مويشي

A vinculo matrimoni. عقد ازدواج سے يهه نام حکم افتراق کا هے که جسکي رو سے عقد فسخ هو جاتا تها اور اطفال غير صحيح‌النسب هو جاتے تهے اور فريقين مستحق ازدواج ثاني کے هوجاتے تهے

Ab abusu ad usum non valet consequentia ; (An abuse does not become valid by usage).
جو چيز که باعث تکليف يا خلاف مصلحت عامه هے بوجه قدامت کے جايز نهيں هو جاتي

Ab actu ed posse valet consecutio ; (From what has happened we may infer what will happen).
جو کچهه که هوگيا هے اس سے يهه نتيجه نکالنا که آيندہ کيا هوگا صحيح هے

Abactus. عهدہ سے برخاست کيا گيا - نکالا گيا

Ab ante. پيشتر سے

Ab antiquo. قديم زمانه سے - قديم زمانه کا

Ab assuetis non fit injuria , (No legal wrong results from things of which we are accustomed).
جس چيز کے که هم عادي هيں اونسے کوئي ضرر قانوني نهيں پهونچ سکتا (يعني جو چيز که هم برابر ديکهتے رهے اور اوسکي نسبت کبهي اعتراض نهيں کيا وہ ضرر شمار نهيں کيا جاسکتا)

Abavous. اب يا جد

Ab dictio. - ترک کرنا کسي عهدہ کا عاق کرنا پسر کا

Ab extra. بيروني سے - خارجي سے

Ab impossibli, امر ناممکن سے

Ab inconvenienti. باعث تکلیف هونے سے

Argument ab inconvenienti.
بحث بہ ایں مراد کہ امر، مفروضہ سے نتیجہ مقصود حاصل نہوگا لہذا بیکار ہے یا امر بحث طلب باعث تکلیف عام هوگا

Ab initio. شروع سے
See *Trespass* in the vocabulary.

Ab intestato. شخص بلا وصیت سے
Succession *ab intestate.* وارثت شخص بلا وصیت کي

Ab intigro. جدید - تازہ

Ab intra. اندروني

Ab nepos. پوتے یا پوتي کا پوتہ

Ab origine. شروع هي سے - ابتدا سے

Absens hæres non erit, (He who is at a distance will not be the heir; out of sight out of mind).
غیر حاضر وراثت نہ پائیگا (اسکي مراد یہہ ہے کہ جو شخص نظر سے غائب هو اوسکا بوقت تحریر وصیت نامہ یاد آنا دشوار هے) هر کہ از دیدہ دور از دل دور

Absentia cum doto et culpa.
دیدہ و دانستہ بہ تعمیل حکمنامہ کے حاضر نہونا (بغرض بچھنے کے گرفتاري سے یا دائنان کو مضرت پہونچانے کے لئے

Absente reo. مدعاعلیہ کي غیر حاضري کي وجہہ سے

Absoluta sententia expositore non indiget (An absolute decree needs no interpretor).
حکم ڈگري قطعي کي توضیح کي ضرورت نهیں

Absentia ejus qui rei publicæ causa abest, neque ei, neque alii damnosa esse debet; (The absence of any person who is abroad on the service of the state ought to be detrimental neither to him, nor to another).
غیر حاضري کسي شخص کي جو سرکاري کام پر هو مضر نہ اوس شخص کے هونا چاهئے اور نہ کسي دوسرے کے اسي اصول پر Soldier's Litigation Act قانون صادر کیا گیا هے

Absque hoc. بلا اسکے

Absque impetitione vasti. بلا عذر
اتلاف - (یہہ شرط اکثر پٹوں میں جو حقیت داران حین حیاتي کو دئے جاتے تهے لکهي جاتي تهي کہ دعوی اتلاف نہ کیا جائیگا لیکن اس سے یہہ لازم نہ آتا تها کہ اگر بالارادہ کیا گیا هو تو اوسکي بابت چارہ جوئي نہ کي جاے

Absque purgatione facienda
بلا صفائي - بلا آزمایش یا امتحان

Abseque tali causa. بلا ایسي وجہہ
کے جب نالشات مدالت بیجها میں مدعاعلیہ یہہ بیان کرتا تها کہ اوسنے کسي کي اجازت یا حکم سے ایسا کیا تو اوس وقت مدعي یہہ فقرہ استعمال کرسکتا تها کہ اوسنے ایسا بلا وجہہ کے کیا اور خود اوسنے فعل بیجها کیا

Absque ulla conditione. بلا شرط

Absque ulla fraude. بلا فریب

Absurdum est affirmare re judicata credendum esse non judicii; (It is absurd to say after judgment that any one else

than the judge should be listened to). بعد صدور تجویز کے یہہ کہنا فضول ھے کہ کسي اور کي باب بجہر اوس کے جو جج نے لکھي ھے سني جاے - مراد اسکي یہہ ھے کہ جب کوئي امر عدالت سے تجویز ھو جاے تو کسي دوسري شہادت یا ثبوت کے خلاف اوسکي سماعت نہیں ھو سکتي

Abundans cautela non nocet ; (Excess of caution can do no harm). مزید احتیاط سے کسي کو مضرت نہیں پہونچ سکتي - دستاویزات میں وہ امور بھي تحریر کئے جاتے ھیں جو ازروے قانون مستنبطه ھوسکتے ھیں - ایسا بہ نظر احتیاط مزید کیا جاتا ھے

Ab uno disce omnes. ایک سے باقي کي نسبت قیاس کرو - نمونه سے کل کي کیفیت معلوم ھوجاتي ھے - ایک فعل سے نتیجه نسبت طریق عمل کے نکالا جاسکتا ھے - مشتے نمونه از خروارے

Abusus non tollit usum. بیجا طرح استعمال کوئي دلیل خلاف مناسب استعمال کے نہیں ھے - مثلاً اگر کوئي امین خیانت کرے تو یہہ لازم نہیں آتا که امانت قایم کرنا بیجا ھے

A capitum. (Feud. Law.) نذرانه جو بوقت ملنے قبضه آراضي کے اسامي دیتا تھا

Accedas ad curiam. عدالت میں رجوع لانے کي ھدایت - یہہ حکمنامه بنام شیرف اوس صورت میں جاري کیا جاتا تھا جب عدالت ھنڈرڈ یا بیرن نے انصاف نکیا ھو

Acceptator, n. جو کوئي شخص قبول یا منظور کرے

Acceptilatio. کسي معاهده زباني کا بذریعه اقرار ادا کے ختم کرنا

Acceptor, n. منظور کرنے والا - سکارنے والا

Accepto, n. لینا یا منظور کرنا

Accessio. طریقه حصول آراضي بذرایع قدرت - مثلاً بذریعه دریا بر آمد کے

Accessio cedit principale ; (The increase follows the principal). اصل شے میں اضافات داخل ھوتے ھیں - مثلاً اگر کنارہ دریا کي آراضي کے الحاق سے آراضي برآمد ھو تو مالک آراضي مذکور مالک آراضي بر آمد کا ھوگا

Accessorium non ducit set sequitur suum principale; (That which is incident does not lead but follows its principal). متعلقات یا لوازم اصل شے کے ساتھه منتقل ھوتے ھیں اور نه اصل شے اونکے ساتھه - مثلاً اگر کوئي مکان منتقل کیا جاے تو حق استفادہ جو متعلق اوسکے ھو منتقل ھوجاتا ھے - مگر حق آسایش منتقل نہیں ھوسکتا ھے اسي طرح بر لگان کے منتقل کرنے سے حقیت منتقل نہیں ھوجاتي لیکن حقیت کے منتقل کرنے سے لگان منتقل ھوجاتا ھے

Accessorium sequitor sum principale; (That which is accessory follows its principal). جو چیز که از قسم لازمه یا متعلقه ھے وہ اصل کے ساتھه منتقل ھوتي ھے - مثلاً فصل یا ملحقات اوس آراضي کے ساتھه منتقل ھوتي ھیں جسپر که وہ ھوں

Accessorius sequitur naturaum principale ; (Accessory follows the nature of his principal).

معین اوسی قسم کے جرم کا مرتکب هوتا هے جس کا اصل مجرم هو (لیکن اس سے یہہ لازم نہیں آتا که اگر معاون بری هوگیا تو معین بهي بے جرم هو اوسکي سزا بشرط ثبوت جرم هوسکتي هے)

Accusari nemo se debet. nisi coram Deo ; (No one is bound to accuse himself except before God). کسي شخص کو اپنا جرم ظاهر کرنا بجز بحضور خدا کے ضروري نہیں هے بموجب اِس مسئله کے مجرم کو حلف نہیں دیا جاتا - اور گواه کي نسبت یہہ رعایت هے که کسي امر سے جو اوسکے اِظهار حلفي سے ظاهر هو وه مستوجب اِستغاثه نهوگا بجز اسکے که اسنے حلف دروغي کا ارتکاب کیا هو

Accusator. مستغیث فریادي

Accusator post rationable tempus non est audiendus nise se bene de omissione excusaverit ; (A complainant is not to be heard after the expiration of a reasonable time unless he can account for delay satisfactorily.) مستغیث کي سماعت بعد اوس زمانه کے نهوگي جسکے اندر اوسکو بطور معقول اِستغاثه کرنا چاهئے بجز اسکے که وه کوئي وجهہ موجه توقف کي بیان کرے بموجب ضابطه فوجداري کے ۲ ماه کي مهلت واسطے ارجاع استغاثه کے بعد اِجازت کے دیگئي هے

Acerrima proximorum odia ; (The hatred of those most nearly connected is the bitterest of all.) عداوت قرابت داران قریب ترین کي سب سے زیاده ناقص هوتي هے

A compte, (*Fr.*) حساب میں اداے جزوي

Acquit (*Fr.*) فارغخطي

Ac etiam. ونیز

Acquietatus de felonia وه شخص جو جرم کبیره سے بري هوا هو

Acta exteriora in dicant interiora secreta ; (External acts indicate undisclosed thoughts). ظاهري افعال سے اندروني حالات ظاهر هوتے هیں - افعال ظاهري سے نیت معلوم هوتي هے - گو کسي جرم کا خیال میں کرنا ویسا هي قبیح هے جیسا که اوسکا ارتکاب مگر کوئي عدالت دنیاوي دل کي حالت تو نہیں جان سکتي بجز اسکے که وه کسي فعل سے ظاهر هو اس لئے کسي فعل ظاهري کا وقوع میں آنا به ثبوت نیت مجرمانه کے ضروري هے - جب که کوئي فعل به نفسه مجرمانه نه هو اور مجرمانه هونے کے لئے کسي خاص اراده مجرمانه کا هونا ضروري هو تو ثبوت نیت مجرمانه کا ضروري هے لیکن جبکه فعل به نفسه ناجایز هو تو مدعاعلیه پر لازم هے که اوسکا جایز هونا ثابت کرے - بعض صورتوں میں نیت فعل ما بعد سے اخذ کي جاتي هے - مثلاً اگر کوئي شخص کسي پرستش گاه عام میں داخل هو که جهاں هر شخص کو جانے کا استحقاق هے اور وهاں جاکر کوئي ایسا فعل کرے جس سے اون لوگوں کو جو وهاں عبادت کرتے هوں رنج پهونچے تو یہہ نتیجه اخذ کیا جائیگا که اوسنے مداخلت به نیت مجرمانه کي بخلاف اسکے اگر کوئي شخص کسي دوسرے کے گهر جاے اور وهاں شراب پیکر کوئي فعل ناجایز کرے تو ایسي صورت میں یہہ قیاس

نہ کیا جائیگا نہ اوسے ایسے فعل کي نیت سے مداخلت کي - ایسي صورت میں وہ مجرم مداخلت بیجا بقانہ نہوگا مگر اوس فعل کا ذمہ دار ھوگا جو اوس سے بعدہ سرزد ھوا

Actaindre le meffait (*Fr.*) کسي پر جرم ثابت کرنا

Actio ad exhibendum (Rom Law.) نالش بغرض پیش کرانے دستاویز استحقاق کے - ھندوستان میں اس قسم کي نالش نہیں ھوتي لیکن بعد ارجاع نالش نسبت کسي جایداد کے مدعي مدعاعلیہ کو اس امر پر مجبور کرسکتا ھے کہ کوئي دستاویز متعلق اوس جایداد کے جو اوس کے قبضہ یا اختیار میں ھو پیش کرے

Actio bonæ fidei (Rom. Law). فیصلہ مطابق عدل و انصاف و نیک نیتي کے - ھندوستان میں جس معاملہ کي بابت کوئي حکم خاص یا قاعدہ نہو قانون میں یہہ حکم ھے کہ عدالت اوسکا فیصلہ مطابق عدل اور نیک نیتي کے کرے - ایسي صورت میں عدالت کو اختیار تمیزي وسیع حاصل ھوتا ھے

Actiocommodati contraria (Rom. Law). نالش منجانب مدیون بنام داین بغرض نفاذ معاھدہ کے

Actio condictio indebiti (Rom Law.) نالش واسطے دلا پانے روپیہ کے جو غلطي سے ادا کیا گیا ھو

Actio contra defunctum cœpta continuitur in hæredes; (An action begun against a person who dies is continued against his heirs). نالش جو بنام کسي شخص کے دایر کي گئي ھو بعد اوسکي وفات کے بمقابلہ اوسکے ورثا کے قایم رھتي ھے - (یہہ قاعدہ نالشات ذاتي سے مثلاً نالشات توھین زباني و تحریري سے متعلق نہیں ھے کیونکہ ایسي صورت میں بنائے مخاصمت باقي نہیں رھتي)

Actio depositi contraria (Rom. Law). نالش بنام امانتدار واسطے بجاآوري معاھدہ امانت کے

Actio depositi directa (Rom. Law). نالش بنام امین یا تحویلدار واسطے واپسي شے امانت یا تحویل کے

Actio ex conducto (Rom. Law). نالش منجانب امانت کنندہ یعني بیلر واسطے اوس شے کے جو کرایہ پر دي گئي ھو

Actio judicati (Rom. Law). نالش اجراے تجویز جب چار ماہ کا عرصہ اندر جاے واسطے قرقي اول جایداد منقولہ و بعدہ جایداد غیر منقولہ بغرض وصول قرضہ

Actionare. نالش کرنا

Actionnaire (*Fr.*) حصہ دار

Actiones compositæ sunt, quibus inter se homines disceptarent; (Forms have been framed by which men may bring their actions against themselves). نمونہ جات نالش مقرر کئے گئے ھیں کہ مطابق اونکے نزاعات باھمي کي بابت نالش کي جاے - اسکي منشا یہہ ھے کہ طریقہ نالش مناسب مقرر کئے گئے ھیں تاکہ ھر شخص خوہ خواستہ طور پر نالش نہ دایر کرے

Actiones in personem, quæ adverusus sum intenduntur,

qui ex contractu vel delicto obligatus est aliquid dare vel concedere ; (Personal actions are those which are brought against him who from a contract or tort is obliged to give or allow something.) نالسات ذاتي وه هيں جو بنام اوس شخص کے دایر کي جائیں جو بوجهه معاهده یا فعل بیجا کے کسي چیز کے دینے کا ذمه‌دار هو

Actiones nominatæ. نالشات جنکے بابت پهلے سے نظیر موجود هے - بخلاف Actions innominate (یعني وه نالشات جنکے واسطے کوئي نظیر نهو)

Actio non, عذر ناقابل پذیرائي هونے نالس کا

Actio non datur non damnificato ; (An action is not given to him who is not injured.) بناے نالس اوس شخص کو حاصل نهیں هوتي جسکو کوئي ضرر یا نقصان نه پهونچا هو

See Wrong *in the vocabulary.*

Actio non habere debit نالس قابل پذیرائي نهیں هے

Actionum quædum sunt in rem, quædum in personum et quædum mixtæ. بعض نالشات متعلق شے کے هوتي هیں - بعض نالشات ذاتي بعض مخلوط هوتي هیں - اب نالشات باعتبار اقسام دایر نهیں کي جاتیں

Actio personalis moritur cum sona ; (Personal right of action dies with the person). نالس ذاتي ذات کے ساتهه فوت هو جاتي هے اس کي مراد یهه هے که حق نالش جو فعل بیجا سے پیدا هوتا هے وفات فعل بیجا کننده یا اوس شخص پر ساقط هو جاتا هے جسکو فعل بیجا مذکور سے مضرت پهونچے - لیکن بموجب ایکت لارڈ کیمبل (*See* Campbell's Act) صاحب کے ورثا مهلوک مستحق معاوضه کے اوس شخص سے هوتے هیں جسکے فعل بیجا سے هلاکت وقوع میں آئے هوں دیگر صورتوں میں اوصیا یا مهتمان ترکه اوس حد تک ذمه دار هیں که جس حد تک ترکه متوفي کو اوس فعل بیجا سے فایده پهونچا - اس مسئله کا خلاصه اِس طور پر دیا جاسکتا هے که اگر کوئي مضرت ذات یا جایداد کسي دوسرے شخص کو ایسي پهونچائے که جسکي بابت صرف هرجه دلایا جاسکتا هو تو نالش بوقت وفات احدالفرقین کے ساقط هو جاتي هے لیکن یهه قاعده کبهي اون نالشات ذاتي سے متعلق نهیں کیا گیا جو بربناے کسي تمسک یا معاهده یا قرضه یا عهد یا کسي ایسے کام کے دایر کي گئي هوں جسکا کرنا فرض تها که ان صورتوں میں نالس بعد وفات کے قایم رهتي هے

Actio penalis in hæredem non datur : nisi forte ex damno locupletior hæres factus sit ; (A penal action is not given against an heir unless such heir is benefited by the wrong). نالش فوجداري وارث شخص متوفي پر نهیں هوسکتي بجز اس کے که اوسنے فعل ناجایز سے فایده اوٹهایا هو

Actio præjudicialis, عذر مانع دعوی (جب کوئي عذر اِس قسم کا کیا جاے جس سے مدعي کا حق نالس ساقط هوتا هو تو پهلے اِس عذر کي تجویز کي جاتي هے)

Actio pro socio (Rom. Law). نالس منجانب کسي شريک کارخانہ شراکتي کے بمقابلہ ديگر شرکا بغرض تکميل معاهدہ باهمي نسبت شراکت کے

Actio redhibitoria (Rom. Law). نالس منجانب خريدار بغرض دلا پانے قيمت بوجهہ خلافورزي عهد ذمہداري ضمني متعلق بيع کے

Actio utilis. نالس بغرض حصول حق وايدہ

Actor. (۱) مدعي - مستغيث -
(۲) ايکٹوکيت عدالت ديواني

Actori incumbit onus probandi; (The burden of proof rests with the plaintiff or complainant.) بار ثبوت مدعي يا مستغيث پر هوتا هے - بموجب قانون شهادت هند کے جو فريق عدالت سے درخواست صدور فيصلہ کي نسبت ايسے حق قانون يا ذمہداري کے گذراني جس کا مدار ايسے واقعات پر هو جنپر وہ اصرار کرتا هے اوس فريق کو (جو عموماً مدعي هوتا هے لازم هوگا کہ واقعات مذکور کا وجود ثابت کرے ليکن جبکہ منکر (يعني مدعاعليہ) نے کبهي صحيح هونے بيان فريق ثاني کو تسليم کيا هو يعني اوسکا اقبال کيا هو يا جبکہ قياس بحق منکر هو تو شخص منکر پر بار ثبوت قانوناً عايد هوتا هے

Actori non probante, absolvitur reus; (When the complainant fails to prove his case, the accused is discharged.) جبکہ مستغيث اپنا مقدمہ ثابت نکرسکے تو مدعاعليہ يا ملزم بري هوجاتا هے

Actor qui contra regulam quid obduxit non est audiendus; (A plaintiff is not to be heard who has advanced anything against the court.) اوس مدعي کي سماعت نہ کي جائيگي جسنے کوئي عذر نسبت اختيار عدالت کے کيا هو

Actor sequitor forum rei; (A plaintiff follows the court of the defendant). مدعي اوسي عدالت ميں نالس کرسکتا هے جسکا تابع مدعاعليہ هو - بموجب قانون ضابطہ ديواني کے نالش اوس عدالت ميں رجوع کيجائيگي جسکے علاقہ کے حدود آراضي کے اندر جايداد واقع هو يا اوس عدالت ميں جسکے علاقہ کے حدود آراضي کے اندر مدعاعليہ في الواقع اور بالارادہ سکونت رکهتا هو يا کاروبار کرتا هو يا حصول منفعت کے لئے بذات خاص کام کرتا هو

Actuarius. نوٹري پبلک

*See* Notary Public.

Actum agere. کار فضول

Actus. حق گذر - پگ ڈنڈي رراستہ مويشي

Actus contra actum. رضا باهمي

Actus legis (curiæ) neminem facit injuriam; (An act of the court shall prejudice no man). فعل عدالت سے کسي شخص کو مضرت نهيں پهونچے مثلاً اگر عدالت کسي روز بند هو تو جو کاغذ يا طلبانہ اوس روز داخل هونا چاهئے تها وہ بروز افتتاح داخل هوسکتا هے اور يهہ مسلہ متعلق هوگا کيونکہ عدالت کا بند هونا فعل عدالت کا تها اور اوس سے کسي کو مضرت نهيں

پہونچنا چاهئے - اسیطرح جب
مقدمه کي سماعت بالکل ختم هوچکي
تهي اور عدالت نے صدور تجویز بغرض
غور مزید ملتوي کي اور اس اثنا میں
ایک فریق فوت هوگیا اور بعد ازاں
ڈگري بنام اوس فریقین کے صادر کي
گئي اور کسي فریق کا نام بطور قایم
مقام متوفي کے درج نهیں کیا گیا یهه
کارروائي صحیح قرار پائي اور یهه تصور
کیا گیا که تجویز اوسي تاریخ پر صادر
هوئي جب فریقین کي سماعت هوچکي

Actus Dei nemini facit injuriam; (The act of God causes injury to no one). خدا کي قدرت سے کوئي فعل بیجا پیدا نهیں هوتا

Actus Dei neminem nocet; (An act of God prejudices no man). حوادث قدرتي سے کسي شخص کو مضرت نهیں پهونچتي - (اصل مسئله کي مراد یهه هے که اگر کوئي نقصان قدرتي حوادث سے پهونچے تو اوسکي بابت نالش کسي شخص پر نهیں هوسکتي - قدرتي حادثوں سے مراد ایسے حوادث سے هے جسکے وقوع کو کوئي پیشتر سے نهیں جان سکتا تها اور نه اوسکے روکنے کي تدبیر کرسکتا تها - جب تعمیل کسي ایسے واقعه کے سبب سے نهوسکے تو قانون کي رو سے شخص قاصر معذور هے بجز اسکے که معاهده میں خاص کوئي قرار داد خلاف اوسکے هو - مثلاً معاهده جان بیمه - بموجب قانون هند کے اگر کوئي معاهده یا رسم مقامي خلاف اسکے نهو تو اگر بوجهه آتشزدگي یا طوفان وغیره کے جایداد کا کوئي جزو اصلي بالکل برباد هوجاے یا في الحقیقت همیشه کے لئے اوس مصرف کے لایق نه رهے جس کے لئے پٹه دیا گیا تها تو دستاویز پٹه اِس جزو کے بابت حسب مرضي پٹه گیرنده قابل ابطال هوگي - لیکن اگر یهه معاهده هو که کوئي کام دو طریقوں میں سے کسي طریق سے کیا جاے اور اوسکا کرنا بوجهه کسي حادثه قدرتي کے ایک طریق سے لا ممکن هو جاے تو جس شخص نے عهد اوس کام کے کرنے کا کیا هے لازم هے که دوسرے طریق سے کرے - بموجب قانون تعزیرات هند کے بهي کوئي امر جرم نهیں هے جو اِتفاق یا شامت سے اور بغیر کسي مجرمانه نیت یا علم سے کسي فعل جایز کے کرنے میں صادر هوا هو اور وه جایز طریق اور جایز وسیلوں سے مناسب اِحتیاط اور هوشیاري کے ساتهه کیا جاے

Actus inceptus cujus perfactio pendet ex voluntate partium, revocari potest; (An act already begun, the completion of which depends on the will of the parties may be revoked. کوئي فعل جو شروع کیا گیا اور هنوز ناممکمل هو حسب مرضي فریقین قابل اِسترداد هے (لیکن اگر اوس فعل سے کسي شخص ثالث کو مضرت پهونچتي هو تو ایسا نهیں کیا جاسکتا)

Actus judiciarius coram non judice irritus habetur, de ministeriali autem a quocunque provenit ratum esto; (A judicial act by a judge without jurisdiction is void, but a ministerial act of any person may be ratified. فعل کسي حاکم عدالت کا جو بلا اِختیار کیا گیا هو کالعدم هے

لیکن ایسا فعل جو عاملانه کیا گیا هو گو کسي نے کیا هو ار روے منظوري کے جایز هوسکتا هے

Actus legis neminiest damnosus. فعل عدالتي سے کسي کو مضرت نهیں پهونچیگي - مثلاً اگر یهه معاهده هو که بیعه ار جایداد کو منتقل نکریگا اور اگر اوسکا حق بموجب کسي ڈگري عدالت کے نیلام هو تو نالش خلاف ورزي معاهده کے نہیں هو سکتي

Actus legitimi non recipiunt modum; (Legal actions do not admit a limitation). حقوق قانوني میں کوئي قید نهیں لگائي جاسکتي (مثلاً معاهده که فلاں شخص تجارت نکریگا ناجایز هے)

Actus me invito factus, non est mens actus; (An act done by me against my will is not my act). جو فعل که میں خلاف اپني مرضي کے کروں وه میرا فعل نهیں هے یهه مسئله قانون فوجداري اور قانون دیواني دونوں میں تسلیم کیا گیا هے - جمله معاهدات جو جبر سے کرائے جائیں ناجایز هیں اور بموجب قانون تعزیرات هند کے بھي اگر کوئي گروه ڈاکوؤں کا کسي لوهار کو پکڑکر لے جاے اور اوسکو یهه خطره هو که اگر وه ڈاکوؤں کے حکم کي تعمیل نکریگا تو وه مارا جائیگا ایسي صورت میں وه فعل جو اس خطره سے کیا گیا هو قابل معافي هے

Actus non facit reum, nisi mens sit rea; (The act itself does not make the man guilty, unless his intentions were so). محض فعل سے جرم نهیں هوتا بلکه نیت بھي درکار هے (نیت اور فعل دونو جرم کے مرکب هونے کے لئے لازمي هیں اس اصول کي بنا پر واضعان تعزیرات هند نے اکثر جرایم کي تعریف میں الفاظ "بالاراده" یا جانکر یا "باور کرنے کي وجهه رکهکر" یا فریباً یا "بدنیتي سے" استعمال کئے هیں - لیکن یهه اصول بلا استثنا کے نهیں هے - مثلاً جو افعال که قانوناً خاص طور پر منع کئے گئے هیں اونکا کرنا بذاته جرم هے گو وه بوجهه ناواقفیت اور ایهدا بلا نیت کئے گئے هوں

Ad aluid examen, دوسري تجویز یا دوسرا اختیار سماعت

Ad arbitrium. حسب مرضي - خود خواسته طور پر

Ad audiendum errores. واسطے سماعت کے بغرض رفع غلطي - عدالتهاے اعلی کو اختیار هے که بصیغه نظر ثاني یا نگراني تجاویز عدالتهاے ادنی کو ملاحظه کریں اور اگر ضرورت هو تو رفع نقص بذریعه تبدیل یا تنسیخ تجویز کے کریں

Ad audiendum et determinadum. بغرض تجویز و سماعت

Ad colligendum bona defuncti. متوفي کے مال کو یکجا کرنا - اس سے مراد اهتمام ترکه سے هے

Ad comparendum et adstandum-juri. عدالت میں حاضر هو تاکه اوسکي نسبت تجویز عمل میں آوے

Ad computandum et rehabendum terram. بغرض حساب و قبضه آراضي

Ad consulendum regem. بادشاه کو مشوره دینا (حکام پریوي کونسل اپني تجویز کے آخر میں یهه تحریر

کرتے هیں کہ وہ بادشاہ کو یہہ مشورہ دینگے)

Ad cordabilis donarii. نذرانہ زمیندار بوقت فروخت مکان رعیت - بعض مواضع میں یہہ رسم هے کہ اسامي بوقت فروخت اپنے مکان کے ایک چہارم رر قیمت زمیندار کو دیتا هے

Adcredulitare. بذریعہ کہانے قسم کے جرم سے برات حاصل کرنا - اِس قسم کي کارروائي بموجب قانون کے قابل پذیرائي نہیں هے کیونکہ ملزم کو حلف دینا جایز نہیں هے

Addenda, اِضافہ - تتمہ

Addico, ضبط کرنا - کوئي چیز کسي کو دلانا

Addictio. فیصلہ - حکم

Addictus. وہ شخص جو داین کا حوالہ بعوض قرضہ کے کیا جاتا تھا

Ad diem فلاں روز - بتاریخ

Ad ea quæ frequentius accidunt jura adaptantur ; (The laws are adapted to those cases which more frequently occur. قانون ایسي صورتوں کے لحاظ سے بنایا جاتا هے جو عموماً اکثر وقوع میں آتي هیں

Ad exhibendum (Rom. Law). نالس حاضر لانے اوس شے کے جو رعایتاً دي گئي هو

Ad extremem. آخرکار - آخر وقت

Ad filum aquæ. وسط دهار تک - دریا کي نصف دهار تک ایک جانب کا زمیندار مالک هوتا هے اور دوسري جانب کا دوسرا زمیندار مالک هوتا هے

*See Aqua cedit solo.*

Ad filum viæ. وسط سڑک یا راہ تک

Ad finem. آخر تک

Ad hoc. اس غرض سے

Ad idem. مطابقت امور اصلي میں

Ad infinitum. بلا حد - ابدي

Ad inquirendum. حکمنامہ عدالتي واسطے تحقیقات کسي امر کے کسي معاملہ میں

Ad hominem, شخص متعلق خیالات و واهمات کسي شخص کے

Ad interim, درمیاني - عارضي

Adipiscendæ possessionis causa (Rom. Law). نالس بغرض حصول قبضہ

Adire hæriditatem. وراثت قبول کرنا

Aditio hæriditatis وارث یا وصي کا ترکہ پر دخل کرنا

Adjournamentum est ad diem dicere ; (Adjournment is to appoint a day) التوا کے معني یہہ هیں کہ کوئي تاریخ آیندہ مقرر کي جاے

Adjudicatio فیصلہ

Ad junctum accessorium. شے متعلقہ

Ad largum. مفصل

Ad libitum. حسب خواهش

Ad litem. بغرض نالش

Guardian *ad liten.* ولي دوران مقدمہ

Ad litis decisionem. تافیصلہ معاملہ

Ad litis ordinationem. تا سماعت مقدمہ

Ad longum. آخرکار

Ad melius inquirendum. حکمنامہ بنام کارونر بغرض تحقیقات دوبارہ کے

Ad mensuratio. حکمنامہ پیمایش بنام اون اشخاص کے جنکي نسبت یہہ بیان کیا گیا هو کہ وہ اپنے حصہ سے زیادہ پر قابض هیں

Ad miniculum. بغرض تائید - شهادت تائیدي

Ad ministratio ad litem. اهتمام بغرض پیروي نالش

Administratio cæterorum. چتهیات اهتمام بقیه ترکه

Administratio cum testamento annexo. چتهیات اهتمام معه وصیت نامه منسلکه

Administratio de bonis non. چتهیات اهتمام ترکه بصورت وفات یا استعفا مهتمم سابق کے بلا ختم کرنے کار اهتمام کے

Administratio durante absentia. چتهیات اهتمام تا زمانه غیر حاضري وصي کے

Administratio durente menori ætate. چتهیات اهتمام اوس صورت میں که وصي تنها نابالغ هو

Administratio pendente lite. چتهیات اهتمام دوران مقدمه

Ad officium justificariorum spectat, unicuique coram eis placitanti justitiam exhibere; (It is the duty of justices to do justice to every one pleading before them). حکام عدالت کا یهه کام هے که اون اشخاص کے حق میں انصاف کریں جو اونکے روبرو رجوع لائیں

Adoptio. تبنیت

Ad pacem conservendam. بغرض حفظ امن

Ad patriam. واسطے ملک کے

Ad prosequendum. بغرض استغاثه

Ad quæstionem juris respondeant judices, ad quæstunem facti respondent juratores; (It is the duty of the judge to decide as to the points of law, of jurors to decide as to the matter of fact. جج کا امور قانون کے فیصله کرنے کا اور جوري کا نسبت امور واقعاتي کے راے دینے کا کام هے

Ad quem. کسکو

Ad quod damnum. حکمنامه بغرض دریافت اس امر کے که آیا کسي اجازت سرکاري سے کسي کو نقصان تو نهیں هوگا

Ad rationem ponere بغرض اظهار وجهه کے طلب کرنا - ملزم سے جواب طلب کرنا

Ad rectum habere malefactorem. حکمنامه حاضر لانے ملزم کا بغرض جوابدهي اور تجویز کے

Ad referendum. واسطے غور مزید کے

Ad rem. نسبت اصل معامله کے -

Ad requisitionem. حسب استدعا

Ad respondendum. واسطے جوابدهي کے

Ad sectam; (At the suit of). بنالش رام - بنام کرشن

A discriptus glebæ. متعلق زمین یا آراضي - اون اسامیوں سے مراد هے جو انتقال حقیت کے ساتهه خود منتقل هو جاتي تهیں

Ad suum. غایت درجه

Ad suum quemqne est quæstum esse callidium; (It is only right that every one alive should be alive to its own advantage.) هر شخص کو واجب هے که اپنے فایده پر نظر رکهے ایک اور مسله قانوني هے که

جاگتے کو قانون مدد دیتا ہے اور نہ سوتے کو

Adist, Regula, pecatisquæ paenas irroget æquas ; (Let a law be made which shall inflict punishment commensurate with crime). قانون ایسا بناتا چاہئے جس میں سزا مطابق نوعیت جرم کے عاید کی گئی ہو

Ad testificandum. واسطے دینے شہادت کے

Ad tunc et ibidem اوسی وقت اوسی جگہہ - فوراً

Ad unguum. ٹھیک ٹھیک

Ad valorem,—*See* in the Vocabulary

Ad ventrem inspiciendum. واسطے معاینہ پیٹ کے کہ وہ حاملہ ہے یا نہیں

Ad versus. بمقابلہ - بنام

Ad vitam aut culpam تا حیات یا تابد اعمالی - یہہ الفاظ بہ تعلق عہدہ یا کسی عطیہ کے استعمال کئے جاتے ہیں

Ad viviem. تا حیات - حین حیاتی

Aebere theof. چور جو پکڑا گیا ہو

Aedeficare in tuo proprio solo non licet quod alteri noceat ; (It is not allowed to build on one's own land that may be injurious to another) کسی شخص کو اپنی آراضی پر ایسی تعمیر کرنے کی اجازت نہیں ہے جس سے دوسرے کو نقصان پہونچے

Aedeficatum solo, solo cedit ; (Whatever is built on the soil goes with the soil). جو چیز کہ آراضی پر تعمیر کی جاے وہ آراضی کے ساتھہ منتقل ہوجاتی ہے - اگر کوئی شخص دوسرے کی آراضی پر بلا اجازت اوسکے کوئی مکان بناوے تو مالک ارض مستحق اوس مکان کا ہوگا اور بنانے والے کو کوئی حق نہوگا - لیکن بصورت اسامیان بشرط نہونے کسی معاہدہ یا رواج خلاف کے اسامی مستحق ہے کہ اپنا ملبہ اوتھاکر لے جاے

Aequitas agit in personam ; (Equity acts upon the person). انصاف کا اثر ذات پر پہونچتا ہے یعنی جس بات کے کرنے کا معاہدہ کیا گیا ہو اوسکی تعمیل مختص عدالت عدل بذریعہ مجبور کرنے شخص مذکور کے کرا سکتی ہے - ظاہر ہے کہ ڈگری تعمیل مختص صرف ایسی صورتوں میں صادر کی جاتی ہے کہ جب ہرجہ سے معاوضہ کافی نہیں ہوتا

Aequitas est correctio legis generaleter latæ qua parte deficit ; (Equity is a correction of law when too general in the part in which it is defective). عدل کی مراد یہہ ہے کہ جس صورت میں کہ قانون بوجہہ اوسکے عام ہونے کے نامکمل ہو تو ایسی صورت میں عدل سے وہ نقص رفع کیا جاتا ہے - یعنی عدل بلحاظ مقدمہ کے اوس صورت میں کیا جاتا ہے کہ جب کوئی خاص حکم قانون اوس بارہ میں نہو

Aequitas est perfecta quædam ratio qua jus scriptum interpretatur et emendat ; nulla scriptura comprehensa ; sed sola ratione consistens ; (Equity

is a sort of perfect reason, which interprets and amends written law, comprehended in no code, but consistent with reason alone) عدل (Equity) ایک قسم کا نتیجھ عقلي کامل ھے جس کے ذریعہ سے تعبیر اور اصلاح قانون موضوعہ کي دیجاتي ھے کو وہ کسي مجموعہ قانون میں داخل نہیں مگر وہ عقل پر مبني ھے

Aequitas est quasi equalitas); (Equity is as it were Equality, عدل سے مراد انصاف یا مساوي کرنا ھے مثلاً اگرچہ قانوناً خریداران مشترک کي حقیت مجمل هوتي ھے اور قانوناً بعد وفات کسي شریک کے شخص باقي ماندہ کو کل جایداد میں حق قانوني حاصل هوتاھے مگر از روے اصول عدل ورثاے شخص متوفي کو بقدر اوسکے صورت کے حق دلایا جائیگا

Aequitas factum habet quod fieri opertuit; (Equity considers that to have been done which ought to have been done). ارروے عدل جس کام کے کرنے کي ذمہداري یا عہد هو یہہ تصور کیا جائیگا کہ وہ کیا گیا - مثلاً جب یہہ معاهدہ هو کہ زید بکر کي آراضي کا پٹہ لکھہ دیگا اور وہ بموجب شرایط پٹہ کے کاشت کرے تو نالس لگان میں جو پٹہ دار پر کي جاے یہہ تصور کیا جائیگا کہ اوسکو پٹہ دیا گیا اور اوسنے بموجب اوسکي شرایط کے عمل کیا

Aequitas sequitur legem; (Equity follows the law). عدل قانون کي پیروي کرتا ھے یعني مطابق قانون کے کیا جاتا ھے - اِس مسلہ سے مراد یہہ ھے کہ عدل دستري همیشہ مطابق قانون کے کیجاتي ھے جبکہ احکام مطابق حال مقدمہ کے موجود هوں تو عدل مطابق اونکے کیا جائیگا - لیکن جبکہ یہہ صورت نہو تو مطابق منشاے قوانین کے عمل هوگا - یعني اوسي پر عمل کیا جائیگا - وراثت کے معاملہ میں همیشہ مطابق قانون کے عمل کیا جاتا ھے

Aequs animo. یکسو طبیعت سے

Aequm et bonum est lex legum; (That which is equitable and good is the law of laws.) جو کچھہ کہ قرین انصاف اور معقول ھے وہ عین قانون ھے

Aestimatio præteriti delecti ex post reme facto nunquam crescit; (The weight of the past offence is not increased by a subsequent fact). جرم سابق بوجھہ کسي فعل ما بعد کے سنگین نہیں هوجاتا

Aede toi, et le cielt'aidera (*Fr*). همت مردان مدد خدا

Affair d'honneur (*Fr.*) معاملہ عزت کسي معاملہ کا بذریعہ Duel یعني جنگ باهمي کے طے کرنا

A grands frais (*Fr.*) بصرف کثیر

Affectus punitur licet non sequatur effectus; (The intention is punished though the conse-

quence do not follow). نبت كي سزا دي جاتي هے گو نتيجه ظهور ميں نه آيا هو - اِس مسئله كے بموجب مقدمات اقدام جرايم ميں جو سزا دي جاتي هے تو سزا نيت كي هے

Affidatio domminorum, حلف جو اُمرا پارليمنت كو ديا جاتا هے

Affidatus, اسامي بعوض اطاعت

Affinitas affinitatis تعلق جو نه اررُوے نسب هو اور نه ارروے ازدواج - مثلاً وه رشته جو سالي يا بهاوج سے هوتا هے

Affinitas dicitur, cum duæ cognationes, inter si divisæ per nuptias copulantur; (It is called affinity when two families, divided from one another are united through marriage). رشته ازدواجي اوس صورت ميں پيدا هوتا هے جبكه دو خاندان جو ايك دوسرے سے علحده هوں بوجهه ازدواج كے ايك هو جائيں

Affirmanti, non neganti, incumbit probatio; (The burden of proof rests with him who affirms and not with him who denies a fact). بار ثبوت اوس شخص پر هوتا هے جو كسي بات كو بيان كرے اور نه اوس شخص پر جو إنكار كرے

Affirmativum negativum implicat; (An affirmative implies a negative). اثبات سے نفي كا هونا ظاهر هوتا هے - مثلاً اگر زيد يهه ثابت كرے نه وه ايك خاص وقت پر آگره ميں تها تو يهه لازم آتا هے كه وه اسي وقت ميں دهلي ميں نه تها

Afforatus. قيمت كا تخمينه بلحاظ ارر بازار

Agentes et consentientes pari pœna plectantur; (The agents and abettors shall be subject to the same punishment) ايجنت (كاركنان) اور معاونان كو وهي سزا دي جائيگي جو اصل مجرم كو

Agere actum محنت بے سود

Aggregatio mentium. دو شخصوں كا ايك هي امر پر اِتفاق كرنا - قرارداد رضا

Agilbarius محافظ مويشي

Agnati. ورثا ذكور پدري

Agrariæ leges. قانون تقسيم آراضي

Agrarius. متعلق آراضي

Agraticum. محصول آراضي

Agri vectigales (Rom. Law). حقيت استمراري بادا ے لگان

Alba firma. لگان جو چاندي يا چاندي كے سكه ميں ادا كيا جاے

*See Black rents* in the Vocabulary.

Album calculum addere. سفيد پتهر ڈالنا (قديم زمانه ميں جب ووٹ ڈالے جاتے تهے تو اگر اُميدوار نا پسند كيا جاتا تها تو سفيد پتهر اور اگر ناپسند كيا جاتا تها تو سياه پتهر ڈالا جاتا تها)

Aleamenta. اجارت گذر كي براه خشكي يا تري واسطے آسائش اسامیوں كے

Alea judiciorum. غير متفق هونا فيصلاجات كا - مراد اسكي يهه هے كه

اتفاقات جیتنے یا هارنے کے عدالت
قانوني میں یقین کے ساتهه پہلے سے
نہیں معلوم هو سکتے

**Alia enormia,** دیگر افعال ناجایز
نالشات نارت میں آخر پر یهه الفاظ
(اور دیگر افعال ناجایز کا مدعاعلیه
مرتکب هوا) لکهے جاتے تهے

**Alias.** عرف (۱) یهه لفظ اوس وقت
اِستعمال کیا جاتا هے جب کوئي شخص
ایک سے زیادہ نام اپنا ظاهر کرے
مثلاً زید عرف شاهد - (۲) حکمنامه
دویم جبکه حکمنامه اول کي میعاد
بلا تعمیل منقضي هو گئي هو

**Alibi.** دوسري جگهه پر - یهه عذر که
ملزم بوقت وقوع واردات دوسري جهگه
تها اور بدیں وجهه وہ مرتکب جرم نہیں
هو سکتا تها عذر Alibi کہلاتا هے
اِس عذر کي نسبت مقننان نے یهه لکها
هے که اگرچه وہ بشرط ثبوت کے قطعي
ثبوت بے جرمي کا هے لیکن اگر اوسکے
ثبوت میں نقص رهجاے تو اوس سے
نہایت ضعف مدعاعلیه کے مقدمه کو هو
جاتا هے

**Alibi natus.** پیدایش دوسرے جگهه کي

**Alienatio in fraudam creditorum facta.** اِنتقال بغرض فریب دهي دایناں
(ایسا اِنتقال اگر بلا بدل مناسب کے
کیا جاے بموجب تعزیرات هند کے قابل
سزا هے اور هر صورت میں ایسا اِنتقال
ناجایز هوگا

**Alienatio licet prohibeatur, consensu tamen omnium, in quorum favorem prohibita est potest fieri ;** (Although alienation be prohibited yet by the consent of all in whose favour it is prohibited it may take place).
اگرچه اِنتقال ممنوع هو مگر جب وہ
کل اشخاص جنکے فایدہ کے لئے وہ
ممانعت هے اِنتقال مذکور پر رضامند
هوں تو وہ اِنتقال عمل میں آسکتا هے

**Alienatiorei præfertur juri accrescendi ;** (Alienation is favored by the law rather than accumulation). قانون کي میلان اِنتقال
کي جانب هے اور نه جمع کئے جانے
کي جانب - بموجب قانون اِنتقال جایداد
کے بهي جب کسي جایداد کے انتقال
نامه کي شرایط میں یهه هدایت هو که
آمدني جو اوس سے برآمد هو مجتمع
کي جائیگي تو ایسي هدایت باطل
سمجهي جائیگي بلکه جایداد اوس
طور پر صرف کي جائیگي گویا نه وہ
هدایت نہیں هوئي تهي بجز اوس
صورت کے که جب جایداد از قسم غیر
منقوله هو یا جب یهه هدایت کیجاے
که آمدني کا اجتماع تاریخ اِنتقال سے
شروع هو، تو وہ هدایت صرف بابت
اوس قدر آمدني کے اثر پذیر هوگي
جو تاریخ مذکور کے بعد ایک سال کے
اندر جایداد سے برآمد هو اور بعد
انقضاے اوس سال کے وہ جایداد اور
وہ آمدني ایسي طور سے صرف کي
جائیگي که گویا وہ میعاد ختم هوگئي
هے جس میعاد تک آمدني جمع کرنے
کي هدایت کي گئي تهي

**Alieni-juris.** دوسرے شخص کے حق
یا اختیار سے

**Alieno solo** دوسرے کي آراضي میں
یا اوسپر

**Alii per alium non acquiritur obligatio ;** (One man cannot incur a liability through another). کوئي شخص دوسرے کي

بابت ذمہ دار نہیں ہے - یعني کوئي شخص دوسرے کے فعل یا معاهدہ کا ذمہ دار نہیں هوتا بجز اسکے کہ وہ دوسرے شخص کا کارندہ هو

Alimonia. *See* Alimony.

Alio intuitu. بغرض دیگر - جب کوئي شخص کوئي نالس بغرض ثبوت اپنے حال کے دایر کرے تو یہہ کہا جائیگا کہ نالش بغرض دیگر دایر کي گئي

Aliena opprobria cæp est deterrent vitiis ; (The disgrace of another often deters us from crime). دوسروں کي تباهي دیکھکر اکثر جرم سے اجتناب کیا جاتا ہے - اسکي مراد یہہ ہے کہ جب کسي شخص کو سزا دي جاتي ہے تو اوروں کو تنبیہہ هوتي ہے اور وہ ارتکاب جرم سے اجتناب کرتے هیں

Alio modo. دیگر نہج پر

Aliquis non debt esse judex in propria causa ; (A man ought not to be judge in his own cause). کوئي شخص اپنے هي معاملہ میں جج نہیں هوسکتا - یہہ اصول قانون هند میں تسلیم کیا گیا ہے - ضابطہ فوجداري میں یہہ حکم ہے کہ کسي جج یا مجسٹریٹ کو اختیار نہوگا کہ بلا حصول اجازت اوس عدالت کے جس میں بنا راضي حکم ایسے جج یا مجسٹریٹ کے اپیل قانوناً جایز هو ایسے کسي مقدمہ کو تجویز یا تجویز کے لئے سپرد کرے جسکا وہ فریق هو یا جس سے وہ کچھہ تعلق ذاتي رکھتا هو - اصول اس مسلہ کا یہہ ہے کہ امتناع اس خیال سے نہیں کیا گیا کہ حاکم عدالت بوجہہ غرض یا تعلق یا فایدہ کے فیصلہ خلاف انصاف کرینگے بلکہ مراد اوسکي یہہ ہے کہ فریقین یا عوام کو یقین کامل هو کہ عدالت سے انصاف کیا جائیگا اور کوئي موقع شبہہ کا نسبت بے طرفدار هونے عدالت کے پیدا نہونے پاوے

Aliter. دیگر نہج پر

Aliud est facere aliud tacere ; (It is one thing to be silent another thing to conceal). اخفا ایک چیز ہے اور خاموش رهنا دوسري چیز - اس مسلہ کي مراد یہہ ہے کہ اگرچہ دیدہ و دانستہ چھپانا کسي امر کا اس غرض سے کہ دوسرے کو دھوکا هو فریب کي حد تک پہونچتا ہے لیکن محض خاموشي فریب نہیں ہے بجز اسکے کہ اوس شخص پر جو خاموش رها قانوناً ظاهر کرنا کسي امر کا لازم هو - بموجب قانون فوجداري کے سکوت اور اخفا قریب قریب هم پلہ تصور کئے گئے هیں

Aliud est facere aliud perficere ; (It is one thing to do, another to complete). کام کرنا ایک چیز ہے اور اوسکو تکمیل پر پہونچانا شے دیگر ہے

Aliud et idem. ایک هي چیز - (گو ظاهر میں مختلف هوں)

Aliunde. دوسري جگہہ دوسرے طریق سے

Allegans contraria non est audiendus ; (He is not to be heard who alleges things contradictory to each other). اوس شخص کي سماعت نکي جائیگي جو بیانات متناقض کرے - کسي شخص کو یہہ

اجازت ندي جائيگي كه بيانات متناقص كرے مدعي كو يهه اجازت نهيں هے كه جس بيان سے وه عدالت ميں حاضر هوا هو اوس وقت اوسكو تبديل كرے كه جب اوسكو يهه انديشه هو كه اوس سے كامياب نهوگا اور خلاف اوس كے بيان كركے مقدمه كي پيروي كرنا چاهے

Allegans suam turpitudinam non est audiendus ; (He is not to be heard who alleges his own infamy). اوس شخص كي سماعت نهيں كي جائيگي جو خود اپني بداعمالي ظاهر كرے

Allegari non debuit quod probatum non releva ; (That which if proved would not be relevant ought not to be proved. جو امر كه اگر ثابت كيا جاے غير متعلق هو بيان نهيں كرنا چاهئے - (نسبت اون امور كے جو واقعات متعلقه هيں ملاحظه طلب ايكٹ شهادت دفعات ٥ لغايته ٥٥)

Allegata et probata. بيانات و ثبوت

Allegatio. عذر

Allegiare. جوابدهي حسب طريقه قانوني كرنا

Allers sans jour. مقدمه كا تـمسس هونا

*See* Without day in the Vocabulary.

Allocatur. منظور هے - سارٹيفكٹ مصدره تشخيص كننده خرچه

Allocutus. حكم اظهار وجهه بنام قيدي كه كيوں حكم سزا صادر نكيا جاے

Allodium. ملكيت خاص

Aluvio. آراضي دريا برار

Alteratio. تبديل - ترميم

Alterius circumventio alii non præbet actionem ; (The fraud of one man gives no right of action to another.) ايک شخص كے فريب كے ذريعه دوسرے كو حق نالش حاصل نهيں هوسكتا

Alter ego. دوسرا قالب

Alter idem. دوسرا ٹهيک اوسي قسم كا

Alternativa petition on est audienda ; (An alternative petition is not to be heard). عرضي يا استدعا علي سبيل البدل كي سماعت نهيں هوسكتي

Alterium non tallendi. حقيت مغلوب كے مالک كا مكان ايک بلندي معين سے زياده بلند تعمير نهيں كيا جاسكتا

Alteus tollendi. حق حسب خواهس مكان بلند كرنے كا

Alto est basso. اونچا اور نيچا يعني اختيار ثالثان كو دينا

Altum mare. بحر اعظم

Alumnus. طفل رضاعي - چيلا طالب علم

Alma mater. مراد مدرسته العلوم سے هے

A matre. ماں سے يا ماں كي جانب سے

Ambactus تابعدار - اسامي - خدمتگار

Ambigua responsio contra proferetum ; (An ambiguous is to be construed against him who makes it). جواب مبهم كي تعبير خلاف اوس شخص كے كرنا چاهئے كه جسنے وه جواب ديا هو

Ambiguas in vulgum spargere voces. عوام میں مشتبہ افواہ پھیلانا

Ambigutas latens, ابہام خفي

Ambiguitas patens. ابہام جلي

Ambiguitas verborum latens verificatione suppl'atur ; (Latent ambiguity of words may be supplied by evidence). ابہام خفي کے رفع کرنے کے لئے شہادت پیش کي جاسکتي ھے

Ambiguitas verborem patens nulla verificatione excluditur ; (A patent ambiguity cannot be cleared up by extrinsic evidence). ابہام جلي کي ترجیع شہادت خارجي سے نہیں ھو سکتي - اسي کے بموجب ایکت شہادت میں یہہ حکم ھے کہ جبکہ عبارت کسي دستاویز کي بادي النظر میں مرھوم یا ناقص ھو (یعني حب ابہام جلي ھو) تو شہادت ایسے واقعات کي پیش نہیں کي جاسکتي جنسے اوسکے معني کي توضیع یا سقم کا دیعہ ھو بخلاف اسکے جبکہ عبارت کسي دستاویز کي بي نفسہ صاف ھو لیکن بلحاظ واقعات موجودہ کے عبارت بے معني ھو (یعني ابہام خفي ھو) تو شہادت اس امر کے لي جا سکتي ھے کہ وہ کسي خاص معني میں مستعمل کي گئي تھي

Ambiguum pactum contra venditorem interpretandum est ; (An ambiguous contract is to be interpreted against the vendor or grantor). دستاویز مبہم کي تعبیر خلاف بایع کے کرني چاھئے

Ambiguum placitum interpretari debet contra proferentum ; (An ambiguous plea is to be taken against the person making it). عذر مبہم کي تعبیر خلاف اوس فریق کے کي جائیگي جسنے وہ عذر کیا ھو

Ambulatoria est voluntas defucti usque ad vitæ supremum exitum ; (The will of a deceased person is alterable until the last moment of life.) وصیت کسي شخص کي آخر لمحہ وقت وفات تک قابل انفساخ رھتي ھے

Ambulatoria voluntas. اختیار قطعي

Amentia. فتور عقل

Amende honorable (*Fr.*) کافي معذرت

Amicies humani generis. پرانے زمانہ کي حالت

Amor patriæ حب الوطني

Ami. رفیق

Amicus. رفیق - مربي

Amicus curiæ. رفیق عدالت - وکیل یا قانون پیشہ جو عدالت کو نسبت کسي امر مشتبہ کے آگاہ کرے یا کسي نظیر کا پتہ دے

Amita. خالہ - باپ کي بہن

Amittere liberam legem. حق قانوني سے محروم ھونا

Ampliatio. التوا صدور تجویز بغرض تحقیقات مزید - مقدمہ - توسیع

Ancien regime. پرانے زمانہ کي حالت

Ancipitis usus. وہ - اشیاے مشتبہ اشیاے کہ جو بزمانہ جنگ مشتبہ سمجھي جاتي ھیں

Angliæ jura in omnia casu libertatis dant favorem ; (The laws

of England in all cases favor liberty). قانون انگلستان هر صورت میں آزادي کي جانب مایل هے

Aniente. کالعدم کیا گیا

Animalia fera, si facta sint mansueta et ex consuetudine eunt et redeunt eo usque nostra sunt et ita intelligunter quamdiu habuerunt animum revertendi; (Wild animals, if they be made tame and are accustomed to go and return, are considered to belong to us so long as they have intention to return to us). جنگلي جانور جو اگر پالۇ بنائے جائیں اور باهر جاتے ور واپس آتے هوں وه اوس وقت تک همارے تصور هوتے هیں جب تک که واپس آنا چاهیں

Animalia feræ naturœ. جنگلي جانور

Animalia mansuetæ. پالۇ خانگي جانور

Animo et corpore. جان وتن سے

Animo et facto. درحقیقت - دراصل

Animus. نیت - ارادہ

Animus ad se omne jus ducit; (Intention attracts all law to itself). نیت کے بموجب قانون میں عمل کیا جاتا هے - اکثر مقدمات اهم میں قانوناً بہت کچهه نیت پر منحصر هے - مثلاً جب کوئي ایک مقام سے دوسرے مقام میں رهنے کو جاے تو بغرض دریافت سکونت مستقل دیکھا جائیگا که آیا اوسکي نیت واپس آنے کي تهي یا نهیں

Animus cancellandi. نیت تلف یا منسوخ کرنے کي - اگر کوئي شخص اپنے وصیت نامه کو جزواً چاک کرے تو یهه قیاس کیا جائیگا که اوسنے اوسکو منسوخ کرنا چاها تها

Animus et factum. نیت و فعل

Animus ex qualitate facti præsumitur; (The intent is presumed from the nature of the act). نوعیت فعل سے نیت کا قیاس کیا جاتا هے

Animus homines est anima scripti; (The intention of man is the soul of his writing). نیت تحریر کي جان هے - تعبیر میں یهه دیکهنا چاهئے که منشا لکهنے والے کي کیا تهي

Animus manendi. نیت رهنے کي

*See* Animus ad se omne...... (*Scep.*)

Animus quo. نیت جس سے

Animus revocandi. نیت انفساخ کي

Animus testandi. نیت وصیت کرنے کي

Annates. پهلے پهل

Anni nubiles. عمر قابل ازدواج اناث کي - یهه عمر بموجب دهرم شاستر کے ۱۲ سال هے

Anno domini; (Abbreviated A.D. سال عیسوي

Anno mundi. سن پیدایش دنیا

Anno regni; (Abbreviated A.R.) سال تخت نشیني

Annotatione principis. بادشاه کے دستخط سے

Annus luctus. سال ماتم - سال وفات شوهر جسکے اندر زمانه قدیم میں بیوه کو اجازت ازدواج ثاني نه تهي

A non, usu. عدم استعمال سے

Ante. قبل

Ante date—*See* in the vocabulary.

Ante litem contestatam. قبل جوابدهي نالش کے

Ante litem motam. قبل ارجاع نالش - شهادت سماعي ( اون صورتون مين که جب وه قابل پذيرائي هے ) ايسے معاملات کي هوني چاهئے جو قبل اوس نالش کے رجوع هونے کے وقوع مين آئے هون جس مين که وه پيش کي جاے

Ante nati. جو قبل از وقت پيدا هوئے مثلاً ازدواج سے پيشتر

Ante notitiam. قبل اطلاع

Ante-nuptial. قبل ازدواج

*See* Settlement *in the Vocabulary.*

Ante omnia. سب سے اول

Antithetarius. ملزم کا مستغيث پر وهي جرم لگانا جو اوسپر لگايا گيا هو

Aperta repina. لوت مار

Apertura testamenti. روبرو مجسٹريٹ کے گواهون سے وصيت نامه کا ثابت کرانا

Apices juris non sunt jura ; (Nice pretences and distinctions of law are not laws.) موشگافي قانوني قانون صحيح نهين هے

Appostille. اضافه يا تشريح دستاويز مين

Apprenticii juris. شاگردان قانوني - پيرستران زمانه سابق مين اس نام سے موسوم هوتے تهے

Aqua cedit solo. پاني زمين کے ساتهه منتقل هوتا هے - يعني آب و تالاب وغيره جب آراضي منتقل کي جاے اوسکے ساتهه منتقل هوجاتے هين

Aqua currit et debet currere ut currere solebat ; (Water flows and it ought to flow as it used to flow). پاني جيسا بهتا هے اوسکو بهنے دينا چاهئے - کسي شخص کو دريا کي روانگي کو روکنے کا مجاز نهين هے اور نه اوسکو يهه اختيار هے که دريا کے راستے کو تبديل کرے - مگر مالک کناره دريا استعمال مناسب آب دريا کا هر کام ضروري کے لئے اور آب پاشي کے لئے کرسکتا هے ليکن نه اس طرحپر که نيچے کے طرف کے مالکان کناره دريا کو نقصان پهونچے - نزاعات متعلقه روکنے پاني کا فيصله بموجب رواج قديم کے کيا جاتا هے

Aquæ ductus. حق گذر آب دوسرے کي آراضي پر

Arrogatio, (Rom. Law). تبنيت بالغ کي

Articulo mortis. بوقت وفات

Ascriptitius. شخص ملک غير جو باشنده ملک هوگيا هو

Asportatio. سرقه - اوٹها ليجانا

Assensu patris. پدر کي رضامندي

Assensus ad idem. رضامندي ايک هي معني مين

*See* Consent. انتقال

Assignatus utitur jure auctoris ; (The assignee makes use of the right of his assignor). منتقل اليه اونهين حقوق کو استعمال کرتا هے جو انتقال کننده کو حاصل تهے يعني منتقل اليه کو اوس سے بهتر حقوق حاصل نهين هوتے جو انتقال کننده کو حاصل تهے

Assasia cadit in perambulationem. حکم تحقيقات موقع نسبت نزاع کے

Associatio. حکم از طرف سرکار بنام حکام دایرسایر کہ دیگر اشخاص کو شامل کریں

Assumpsit. اوسنے وعدہ کیا ھے ثالش ھرجہ بربناے خلافورزي معاھدہ

Astitrarius hæres (Rom. Law.) وارث ظاھري جو برمانہ حیات مورث کے اوسکي جایداد پر بذریعہ کسي دستاویز انتقال قبض ھو

Astrum. مکان سکونت

Atavus—*See* in the Vocabulary.

A tempore cujus contrarii memoria non existet. اوس وقت سے جسکي یاد نہو

*See* Legal memory.

Attornare rem. مال کسي کام میں لگانا

Attachiamenta de spinis et boscis. اجازت جسکي رو سے عھدہداران جنگل جھاڑي و کانٹے و پھل وغیرہ جو از خود گرے ھوں لے سکتے تھے

Au besoin. وقت ضرورت

Auctor. بایع

Aqua haustus. حق پاني لینے یا نکالنے کا (خراہ تالاب یا چارہ سے)

Aqua immittendæ. حق نکالنے پاني موري دوسرے مکان میں ھوکر

Aqua profluens. آب روان

Aratio. آراضي قابل زراعت

Aratrum terræ. آراضي جو ایک ھل سے کاشت ھوسکے

Arbiter. ثالث - منحصر علیہ

Arbitrio domini res æstemari debet; (The owner should fix the price of the thing.) مالک کو اختیار اپنے مال کي قیمت مقرر کرنے کا ھے

Arbitrium est judicium boni viri secundum æquam et bonum; (An award is the judgment of a good man according to equity and conscience). فیصلہ ثالثي تجویز ایک بھلے مانس کي مطابق عدل و نیک نیتي کے ھے

Arbor consanguinitatis. شجرۃالنسب

Arcana imperii. رموز سلطنت

Arcta et salva custodia. حفاظت درست و مضبوط

Ardentia verba رنگین عبارت

A rendre. لگان و خدمت

Argentarius. دادستد کرنے والا

Argentum Dei. بیعانہ

Argumentum. دلیل - دلیل کئي قسم کي ھوتي ھے - مثلاً

Argumentum ad absurdum. دلیل کسي امر کو ناممکن ثابت کرنے کي

Argumentum ad baculum; (Club Law.) دلیل لاٹھي کي

Argumentum ad hominem. دلیل جو کسي کے ذات سے متعلق ھو یعني ایسي دلیل جو کسي شخص کے خیالات کو جو موثر کرنے کي غرض سے دیجاے

Argumentum ignoratium. دلیل جو ناواقفیت فریق مخالف پر مبني ھو

Argumentum ad misericordiam. دلیل بغرض حصول رحم و ھمدردي کے

Argumentum ad verecundiam. دلیل بربناے نظیر یا سند کسي بزرگ کے

Argumentum ab auctoritate est fortissimum in lege; (An argument based on authority is the most powerful in law).

دلیل مبنی بر سند قانوناً نہایت مضبوط سمجھی جاتی ھے

Argumentum ab imposibili plurimum valet in lege; (An argument deduced from an impossibility greatly avails in law).
دلیل جو عدم امکان سے اخذ کی جاتی ھے قانون میں بہت کار آمد ھے - مثلاً شوھر اور زوجہ ایک سال سے کبھی یکجا نہوئے ھوں تو یہہ دلیل قوی اس امر کی ھے کہ جو اولاد کہ اس اثنا میں زوجہ سے ھوئی صحیح النسب نہیں ھے

Argumentum ab in convenienti plurimum valet (est validum) in lege; (An argument based on inconvenience is good in law). دلیل جو تکلیف پر مبنی ھو قانوناً جایز ھے -
اسکی مراد یہہ ھے کہ جب قانون میں کوئی حکم صریح خلاف نہو تو اوس طور پر عمل کیا جائیگا جو باعث سہولت ھو- مثلاً اگر آراضی متدعویہ دو ضلعوں میں واقع ھو اور ان میں سے ایک ضلع میں مقدمہ کی تجویز ھونے سے گواھوں وغیرہ کو سہولت ھو تو یہہ درخواست کہ وہ اوس ضلع میں مسموع ھو عدالت مقبول کریگی - اگر قانون میں کوئی حکم صریح کسی بارہ میں نہو تو تجویز ایسی کی جائیگی کہ جس سے فایدہ عام ھو

Argumentum ad judicien
بحث جو کسی کی راے جو موثر کرنے کی فرض سے کیجاے

Ariston metron (*Gr.*). اعتدال بہترین ھے

Arma in armatos sumere jura sinunt; (The laws permit to take up arms against armed person). از روے قانون مسلح آدمیوں کا مسلح ھوکر مقابلہ کرنا روا رکھا گیا ھے

Arrœ. بیعانہ

Arrestor. گرفتاری

A tort et a travers (*Fr.*). بلا سوچے سمجھے - یکایک

Au contraire (*Fr.*). بخلاف اسکے

Auctoritatis philosophorum, medicorum, et pæt arum sunt in causis allegandæ et tenendæ; (The opinion of philosophers, physicians and poets is to be alleged and received in causes.)
راے علما و اطبا و شعرا پر مقدمات میں استدلال کیا جاسکتا ھے اور وہ قبول ھو سکتی ھے - (راے ماھران کی اور اون اشخاص کی جنکو نسبت کسی رسم یا طریقہ یا رشتہ کے واقفیت خاص حاصل ھونے کے ذرایع حاصل ھوں بموجب ایکٹ شہادت کے قابل پذیرائی ھے)

Aucupia verborum sunt judice indigna; (Catching at words is unworthy of a judge).
گرفت الفاظ کی کرنا شایاں جج کے نہیں ھے

Audi alteram partem; (Hear the other side, *i. e.*, No one should be condemned unheard).
کسی شخص کی تجویز بلا اوسکی سماعت کے نہیں کی جانی چاھئے

Audita querela defendentis کارروائي جسکي رو سے مديون ڈگري انسداد اجراے ڈگري کا باظہار عذر جديد جوابدھي کے جسکے پيش کرنے کا اوسکو موقع نہيں ملا تہا کراسکتا تہا

Au fact (*Fr.*). واقف کار معاملہ۔مصر

Au fond (*Fr.*). تہ ميں - باني

August a legibus soluta non est ; (The wife of the emperor is not exempted from the laws.) بادشاہ کي زوجہ قانون سے مستثني نہيں ھے

Aupiocudo et terninendo. حکم بنام بعض اشخاص بغرض رفع کرنے کسي فساد يا بلوہ عظيم کے

Autant d'hornines autant davis (*Fr.*) جتنے منہ اُتني بات

Auto da fe. مشتہر کرنا احکام عدالت انکيويزيشن کا

Autre (auter) droit. از روے حق کسي شخص کے مثلاً امين از روے حق مامون لہ کے قابض ھوتا ھے

Auterfois acquit. پيشتر بري کيا گيا (مقدمات فوجداري ميں يہہ عذر کہ ملزم اوسي جرم کي بابت بري ھوگيا ھے)

Autrefois convict. پيشتر مجرم قرار پاچکا - عذر شخص ملزم کا کہ وہ پيشتر اوسي جرم کي بابت جسکا اوسپر اب الزام ھے مجرم قرار پاچکا ھے

Autre vie, Tenant qur. اسامي تاحيات مالک

Auxilium curiæ. حکم عدالت مشعر طلبي کسي شخص دوسرے کے نالش ميں بغرض ايفا ذمہداري کے

Auxilium petere. درخواست بغرض فريق بنائے جانے کسي شخص کے جو شے نزاعي ميں حق رکھتا ھو بغرض استحکام اپنے دعوي کے

Averia carrucæ. مويشي قلبہ راني

Averiis captis in withernam. حکمنامہ بحق اوس شخص کے جس کے مويشي ناجاير طور پر کسي دوسرے نے قرق کئے ھوں

Avunculus. مامون

Ayant cause. منتقل اليہ

## B

Balliva. علاقہ اختيار سماعت

Ballivus. بيلف

Bancus. بنچ

Bancus Regis. کنگس بنچ

Bancus ruptus. ديواليہ

Bancus Reginæ (or Bank la Reine) کوينس بنچ

Bannitus. وہ شخص جو حفاظت قانون سے محروم کيا گيا ھو

Barones scaccarii حکام عدالت ايکسچيکر

*See* in the Vocabulary.

Bastrart. پسر غير صحيح النسب - پسر زن مدخولہ

Basturdus nullius est filius aut filius populi ; (Bastard is the son of no man, in other words, the son of the public). پسر غير صحيح النسب کسي کا پسر نہيں ھے (يا بالفاظ ديگر عوام کا پسر ھے)

Beneficium abstinendi (Rom. Law). اختيار وارث کا وراثت نہ قبول کرنے کا

**Beneficium cedendarum actionum** (Rom. Law). حق جسکي رو سے ضامن قبل ادا کرنے داین کے اوسکو اس امر پر مجبور کرسکتا تھا کہ جو دستاویزات استحقاق اوسکے پاس واسطے اطمینان قرضہ کے ھوں وہ ضامن کے حوالہ کي جائيں

**Beneficium competentiæ.** (Rom. Law). حق بعض اشخاص کا یعني یہہ حق شرکا کہ اون سے محض اوس قدر وصول کیا جاے جو وے بعد اخراجات ضروري کے بچا سکیں

**Beneficium divisionis.** (Rom. Law) حق ضامن شریک کا کہ بہ حساب رسدي بشرکت دیگر ضامنان ادا کرے

**Beneficium inventarii** (Rom. Law.) حق وارث کا کہ اپنے آپکو فرضجات متوفي سے جو مالیت ترکہ مورث سے کہ جسکي فہرست قبل حصول قبضہ جایداد مذکور کے مرتب کرا سکتا تھا زاید ھوں محفوظ کرے

**Beneficium ordinis excussionis.** (Rom. Law). حق جسکي رو سے ضامن داین کو اس امر پر مجبور کرسکتا تھا کہ اصل مدیون پر اولا نالش کي جاے اور ضامنان پر محض اوس قدر کي بابت نالش کي جاے اصل مدیون سے وصول نہو

**Beneficium separationis.** (Rom. Law). اختیار جو داینان کو بعض اوقات عطا کیا جاتا تھا کي جسکي رو سے وہ جایداد وارث اور موصي کو علحدہ کرسکتے تھے - مثلاً اوس صورت میں کہ جب وارث دیوالیہ ھو

**Benevolentia**—*Same as* Benevolence (q. v.)

**Benignæ faciendæ sunt interpretationes, propter simplicitatem laicorum, ut res magis valeat, quam pereat; et verba intentioni non e contra debent in servire;** (Constructions are to be made liberally on account of the ignorance of the unprofessional, so that the thing may rather avail than perish and words ought to be made subservient to the intention and not contrary to it). تعبیر کسي قدر آزادي کے ساتھہ بلحاظ عدم واقفیت قانوني عوام کے ھونا چاھئے تاکہ دستاویز کي غرض حاصل ھو نہ کہ وہ بیکار ھو جاے اور الفاظ پر جو منشاے تحریر کنندگان دستاویز ھو غالب آني چاھئے—
مراد یہہ ھے کہ دستاویز لکھي ھوئي ایسے اشخاص کي جو لیاقت ظاھر کرنے اپنے منشا کي بالفاظ مناسب نہیں رکھتے ھیں تعبیر اس طور پر دي جاے کہ اصلي منشا حاصل ھو اور لفظوں پر حاصکر استدلال نہ کیا جاے لیکن خیال رکھنا چاھئے کہ منشا کسي امر خارجي سے بجز دستاویز کے اخذ نکرنا چاھئے

**Benignior sententia, in verbis generalibus vel dubiis, est præferenda;** (Where words are general or doubtful, liberal construction is to be preferred). جب الفاظ عام یا مبہم ھوں تو وہ تعبیر کي جائیگي جو وسیع ھو

**Bigamus.** وہ شخص جسنے حین حیات ایک زوجہ کے دوسري شادي کي ھو

**Bilinguis.** وہ شخص جو دو زبان کا استعمال کرے

وہ جوري جو جزواً ايک ملک کي هے اور جزواً دوسرے ملک کي

**Billa vera**—*See* True bill.

**Bona.** مال

**Bona confiscata.** مال مضبوطہ

**Bona et cattella.** مال و اسباب

**Bona fidei venditorem nec commodorum spem augere nec incommodorum conditionem obscurare oportet**; (An honest vendor shall neither increase the expectation of benefits nor conceal the disadvantages). نيک نيت بايع پر لازم هے کہ نہ تو مال کي تعريف کرے اور نہ بيجها اميد منافع کي دلاے اور نہ نقص کو پوشيدہ رکهے

**Bona fide.** نيک نيتي سے

**Bona fide asportavit** وہ اپنا مال نيک نيتي سے ليگيا

**Bona fide possessor facit fructus consumptos suos**; (A bona-fide possessor makes the profits which have been consumed his own.) قابض نيک نيت وہ هے جو اپنے هي مال تصرف کرے

**Bona fides non patetur ut bis idem exigatu**; (Good faith allows not that the same thing should be exacted twice). نيک نيتي مقتضي اسکي نہيں هے کہ جو ايک موتبہ وصول هو چکا وہ پهر وصول کيا جاے

**Bona fides tantundem possidenti præstat quantum veritas**; (Good faith gives the possessor the same rights as a valid title). نيک نيت مقتضي هے کہ قابض کو وهي حق حاصل هو جو اصل مالک کو

**Bona fugitiva.** مال بهاگنے واليکا

**Bona leges malio ex moribus procreeantur**; (Good laws grow out of evil acts). اچهے قانون برائيوں کي وجہہ سے بن جاتے هيں (يعني قوانين جرايم و برائيوں کے رفع کرنے کو بنائے جاتے هيں

**Bona mobilia.** مال منقولہ

**Bona notabilia**; (Notable goods). مال جو اس لئے کافي هو کہ اوسکا پرو بيت حاصل کيا جاے

**Bona patria.** مال باشندگاں ملک

**Bona peritura.** مال قابل خراب هونے کے

**Bona waviata.** (Rom. Law). (۱) مال شخص بلا وصيت کا (۲) مال جو چور راستہ ميں چهوڑ گيا هو (۳) مال لاوارث

**Boni judices est ampilare jurisdictionem.** (It is the duty of a good judge to extend his jurisdiction). نيک جج کا يهہ کام هے کہ اپنے اختيار کي توسيع کرے (يعني چارہ کارهاے عدالت کو وسعت دے اور بلا تجاوز اختيار سماعت کے قواعد قانون کو اسطرح متعلق کرے کہ انصاف واقعي هو - مثلاً اختيار نسبت نظر انداز کرنے خاص نمونہ جات کے جو حکام عدالت کو نہايت وسيع حاصل هوتا هے اس طرحپر استعمال کيا جاے کہ انصاف ميں واقعي ترقي هو - يعني محض خفيف بے ضابطگيوں کي

وجهہ سے اِنصاف میں خلل نہ آوے)

Boni judicis est causas litum dirimere et interest republicaæ ut sit finis litium ; (A good judge should take away the occasions of litigations and it is of importance to state that law suits are put an end to). نیک جج کا یہہ کام ھے کہ تنازعات کو روکے اور اس میں سلطنت کا فایدہ ھے کہ نزاعات عدالتي کا خاتمہ هو

Boni judicis est judicium sine dilatione mandare executioni ; (It is the duty of a good judge to execute judgment without delay.) نیک جج کا یہہ کام ھے کہ ڈگري کو بلا توقف کے اجرا کے لئے سپرد کرے

Bonis non amovendis. حکمنامہ بنام شیرف کہ وہ شخص جسکے خلاف ڈگري صادر هوئي اپنے مال کو علحدہ نہ کرنے دیا جاے تاوقتیکہ غلطي کي تصحیح هو جاے

*See* Administratio de bonis non.

Bonum necessarium extra terminos necessitatis non est bonum ; (Advantage of necessity is not advantage beyond the bounds of necessity). استفادہ عندالضرورت بعد رفع هونے ضرورت کے استفادہ نہیں رهتا

Bonum publicum. فایدہ عام

Bonus atque fidus judex honestum prætulit utile ; (A good and faithful judge prefers the honest to the expedient). نیک اور ایماندار جج راستي کو مصلحت وقت پر ترجیح دیتا ھے (یعني وہ مطابق راستي معاملہ کے عمل کرتا ھے اور نہ بلحاظ مصلحت وقت کے)

Bonus judex secundum æquum et bonum judiciat, et æqutiatem stricto juri præfert ; (A good judge decides according to what is just and good and prefers equity to strict law). نیک جج فیصلہ مطابق عدل و انصاف کے کرتا ھے اور عدل کو قانون سخت پر ترجیح دیتا ھے

Box in lingua. وہ شخص جسنے رشوت لي هو

Breve. حکمنامہ

Brevia anticipantia. حکمنامہ بغرض روکنے کسي ضرر ممکن‌الوقوع کے

Brevia testata. کاغذات۔مصدقہ (مختصر یادداشت تحریري جو دبستہ بغرض رفع کرنے اون دقتوں کے جو زباني معاملات یا انتقالات سے هوا کرتي تهیں لکهي جاتي تهیں)

Brevi manu. بلا توقف

Brutuno fulmen. برق بے ضرر

Burgi latrocinium. ڈکیتي

## C

Cadit qusœtio. معاملہ ختم هوتا ھے

Caducia (Rom. Law). وصیت نامہ کا ساقط هونا

Cæterus paribus. بحالت مساوي هونے دیگر امور کے

Calumnia. استغاثہ عداوتي

Cambium siccum. مبادلہ خشک ۔ یہہ لفظ ایسي صورت کے لئے اختراع کیا گیا تها کہ جس میں جب ممانعت سود لینے کي تهي کوئي بدل فرضي ظاهر کرکے زر سود لے لیا جاتا تها

Camera Stalleta—*See* Star Chamber in the vocabulary.

Compestress. متعلق کھیت کے
Cancellaria curia. عدالت چانسري
Cap a pie (*Fr.*) ازسر تاپا
Cape. حکمنامہ عدالتي بغرض دلاپانے آراضي کے
Capias. حکمنامہ بنام شيرف مشعر اسکے کہ وہ شخص جسکا نام اوس ميں مندرج ہے گرفتار کيا جاے
Capis ad respondendum. (۱) حکمنامہ بغرض گرفتاري کسي شخص کے جسپر جرم صغيرہ ثابت ہوا ہو (۲) سابق ميں حکمنامہ گرفتاري مديون مفرور کا
Capias ad satisfaciendum. حکمنامہ جسکي رو سے مدعاعليہ جسپر ڈگري صادر ہوئي ہو گرفتار کيا جاتا ہے اور تا اداے زر قيد ميں رکھا جاتا ہے
Capias utlangum. حکمنامہ بغرض گرفتاري ايسے شخص کے جو قانون کي حفاظت سے محروم کيا گيا ہے يعني مجرم اشتہاري کا
Capita. سر
Per capita. بالراس
Capitalis justiciarius. اعلی جج چيف جسٹس
Capit qui capere potest (Let him take who can take). جو لے سکے اوسکو لينے دو
Caput anni. نوروز
Caput loci. مقام صدر
Carcanum. قيد خانہ محبس
Carte blanche. کاغذ سادہ معہ دستخط کي مراد مثلاً To give *cart blanche*, بلا کسي شرط کے اختيار کامل دينے سے ہے
Carucæ averia. مويشي کشا ورزي
Cassetur breve. دست برداري کرنا نالش سے بغرض داير کرنے نالش جديد کے
Cassmum facere. منسوخ کرنا ـ مسترد کرنا
Casus belli. بناے جنگ ـ وجہ جنگ
Casus fæderis. شرايط صلحنامہ
Casus fortuitus non est sperandus (A fortuitous event is not to be foreseen.) امر اتفاقي وہ ہے جو پہلے معلوم نہوسکے
Casus interventionis. معاملہ قابل دست اندازي
Casus necessitatis. صورت ضرورت
Casus omissus. امر فروگذاشت شدہ مثلاً وہ امر جسکي بابت قانون ميں کوئي حکم نہو
Casus omissus et oblivioni datus dispositioni communis juris relinquitur ; (A case unprovided for and given to oblivion must be disposed of according to common law). وہ معاملہ جسکي بابت قانون ميں کوئي حکم نہو مطابق قانون رواجي کے فيصل ہونا چاھئے بموجب ايکٹ عدالت ھاے ديواني کے ايسي صورتون ميں فيصلہ مطابق عدل و انصاف و نيک نيتي کے ہونا چاھئے
Casus omissus habeture pro amiso ; (A case omitted is deemed as lost). وہ امر جو فروگذاشت ہوا اوسکي نسبت يہہ سمجھا جائيگا کہ نامنظور ہوا ـ مثلاً اگر کسي عرضي دعوى ميں کوئي داد رسي تحرير ہو اور اوسکي بابت ڈگري ميں صراحتاً حکم نہو تو وہ نا منظور متصور ہوگي
Catalla juste possessa ammitti non possunt ; (Chattels justly possessed cannot be loss). مال جسپر قضبہ جايز ہو ضايع نہيں ہو سکتا ـ

یعني حق اوسکي نسبت هر صورت میں قایم رهتا هے

Causa causans. وجهه اصلي - وجهه حقیقي

Causa frigidatus. بوجهه عنین هونے کے

Causa jactitationis matrimonii. بوجهه غلط بیان ازدواج کے *See* Jactitation *in the Vocabulary*.

Causa justæ. وجهه قانوني

Causa mortis. بخیال وفات کے

Causa proxima. وجهه یا باعث قریب

Causa proxima et non remota spectatur; (The immediate not the remote cause of an event is to be regarded). وجهه قریب پر اور نه بعیدي پر لحاظ کیا جاتا هے

Causa sina qua non; (a concurrent cause.) وجهه لازمي - شرط ضروري

Cautio. ضمانت

Cautio pro expensis. - ضمانت خرچه بموجب قانون هند کے جب مدعي عورت هو یا کوئي شخص ساکن برٹش انڈیا نه هو یا اوسکي جایداد برٹس انڈیا میں نهو تو اوس سے ضمانت خرچه کي لي جاسکتي هے

Caveat. هوشیار باش - عذر داري نسبت عطاے پروبیٹ وصیت نامه وغیره کے

Cavent creditor. داین کو هوشیار رهنا چاهئے - مثلاً اگر زمیندار اسامي کو فارغخطي بابت اخر قسط لگان کے دے تو قیاس یهه کیا جائیگا که کل لگان جو پیشتر واجب تها بیباق هو گیا

Caveat emptor. خریدار هوشیار باش *See* in the Vocabulary.

Caveat Emptor; qui ignorare non debuit quod jus alienum emit; (Let a purchaser beware, who ought not to be ignorant that he is purchasing the rights of another.) خریدار کو هوشیار رهنا چاهئے اوسکو اس بات سے غافل نهونا چاهئے که وه دوسرے کا حق خریدتا هے - مثلاً اگر کوئي شخص مال کسي تجار سے بلا لینے راے بایع کے خرید کرے تو بایع ذمه دار اسکا نهیں هے که مال ویسا نه نکلے که جیسي خریدار کو اُمید تهي - قاعده قانون نسبت مال کے یهه هے که اگر کوئي شخص کوئي مال اپنا کهکر خرید کرے اور قیمت دے جاے اور استحقاق بایع کا ناقص نکلے تو بایع کو قیمت وابس کرني هوگي لیکن نسبت درست هونے مال کے بایع ذمه دار نهیں هے بجز اسکے که اوسنے یهه جان کر که ناقص هے اچها مال بتلایا هو یا اوسکے درست هونے کي ذمه داري کي هو - عام قاعده یهه هے که محض فروخت سے ذمه داري عمده هونے مال کي پیدا نهیں هوتي مال کي تعریف کرنا ذمه داري کي حد تک نهیں پهونچتا - خریدار پر لازم هے که جب کوئي جایداد فروخت کي جاے اوسکو معاینه کرے اور دستاویزات استحقاق کو دیکهے - هر آئینه بیع بوجه غلط بیاني یا فریب کے قابل انفساخ هو جاتي هے - نسبت خرید مال کے واضح هو که گو خریدار کو کوئي استحقاق یا چاره کار بمقابله بایع کے حاصل هو مگر اوسکو کوئي حق بمقابله مالک اصلي کے حاصل نهیں هوتا

Caveat viator. (Let the traveller beware.) مسافر هوشيار باش -
اس مسئلہ کي مراد يهه هے که اگر کوئي شخص کسے شخص کي آراضي پر هوکر گذر کرے اور کسي وجهه سے اسکو ( مثلاً کسي کڈهے ميں جو سڑک پر هو گرنے سے ) مضرت پهونچے تو وہ مالک آراضي پر دعوی نهيں کرسکتا ليکن يهه مسئلہ دوکان يا سراے يا کسي ايسے جگهه سے متعلق نهيں هے جهاں عوام جاسکتے هيں

Cavendum est ne major pœna, quam culpa, sit; et ne iisdem de causie alii plectantur, alii ne appellantur quidem; (Care should be taken that the punishment should not exceed the guilt, and that some men may not suffer for offences which are not taken notice of when committed by most men.) احتياط رهني چاهئے که سزا جرم سے زيادہ نهو اور يهه که بعض آدميوں کو اوس جرم کي سزا نه دي جاے جنکي بابت اکثر سے باز پرس نهيں کي جاتي

Cedant arma togae; (Let arms yield to the gown). فوجي حکومت ملکي حکومت کے تابع رهني چاهئے

Cela va sans dire. يهه امر ساده هے يهه جاني هوئي بات هے

Centesima. ايک في صدي في ماه

Cepi corpus et paratum habeo. ميں نے فلاں شخص کو گرفتار کيا وہ حاضر هے - يهه الفاظ شيرف بجواب وارنٹ گرفتاري کے جبکه گرفتاري عمل ميں آئي هو تحرير کرتا هے

Certa debit esse intentio, et narretio, et certum fundamentum, et certa res quæe deducitur in judicium; (The design and narration ought to be certain, and the foundation certain and the matter certain which is brought into court.) جو معامله که واسطے تجويز عدالت کے پيش کيا جاے اوسکي ترتيب اور بيان معتبر اور بنياد اور مراد متحقق هونا چاهئے

Certiorari. حکم يا کارروائي جسکي رو سے کوئي معامله يا مقدمه عدالت ادنى سے عدالت اعلى ميں منتقل کيا گيا

Certiorari quare executionem non. کيفيت يا اطلاع اس امر کي که کيوں تعميل نهيں کي گئي

Certum est quod certum reddi potest; (That is certain which can be rendered certain).
وہ امر متحقق هے جسکا متحقق کرنا ممکن هے - وہ امر غير متحقق نهيں هے جسکا تحقيق کرنا ممکن هے - مثلاً هبه وصيتي بنام پسران زيد کے جبکه بوقت وفات موصي زيد کے ايک پسر هو اور آينده پيدا نهونے کي اميد هو تو هبه جو ايک گروہ کے حق ميں کيا گيا بوجهه نه متحقق هونے اس امر کے که زيد کے کتنے پسر هونگے جايز هے - اسي طرح سے جب پٹه ميں يهه تحرير هو که يهه پٹه اوس وقت سے نافذ هوگا که جب که فلاں شخص فوت هو جاے تو يهه پٹه بلحاظ آغاز ميعاد کے جايز هے

C'est une antre chose (*Fr.*) ايں معامله ديگر است

بموجب شرع محمدي کے بصورت مخلوط
ہونے جایداد کے ہبہ ناجایز ہوتي ہے
ایسي ہبہ کو ہبہ مشاع کہتے ہیں - یہہ
نا جرازي بھي بوجہ غیر متحقق ہونے
کے ہے - نسبت ارن صورتوں کے
جب شہادت خارجي واسطے توضیح ابہام
کے دي جاسکتي ہے - ملاحظہ طلب قانون
شہادت

Cessante causa, cessat et effectus (the cause ceasing, the effect ceases). وجہہ کے ختم ہونے پر اثر ختم
ہوجاتا ہے مثلاً جبکہ قرضہ ادا ہوجاے
تو حکم اجرا بھي ساقط ہو جاتا ہے

Cessante ratione legis, cessatetipsa lex (the reason of the law ceasing, the law itself ceases).
جب ضرورت قانون کي باقي نہ رہے تو
قانون غیر نافذ ہوجاتا ہے

Cessante statu primitivo, cessat derivativus ; (the original estate ceasing, the derivative estate also ceases).
جبکہ اصلي حق ساقط ہو جاتا ہے
تو حق وساطتي بھي ساقط ہوجاتا ہے
مثلاً کوئي مستاجر بتہ اوس میعاد سے
زیادہ کے لئے نہیں دے سکتا جو اوسکي
مستاجري کي ہو - اسیطرح جو شخص
جایداد ہندو بیوہ خرید کرے اوسکو حین
حیات بیوہ سے زیادہ کے لئے حق حاصل
نہیں ہوتا

Cesser, ختم ہونا کسي میعاد یا وظیفہ
سالانا کا
مثلاً میعاد وظیفہ اوسوقت ختم ہوجاتي
ہے جبکہ امانت کي غرض پوري ہوگئي
ہو

Cesset executio. موقوفي کارروائي کي
ایسے مقدمہ میں جسمیں مدعا علیہم
میں سے ایک کے مقابلہ میں مقدمہ
ثابت ہوا ہو اور کل ہرجہ کي
ڈگري اونکے خلاف صادر ہوئي ہو بمقابلہ
دیگر مدعاعلیہم کے کارروائي ختم ہو
جاتي ہے

Cesset processus التواے کارروائي

Cessio bonorum (Roman Law).
مدیون کا اپنا مال داینان کے حوالہ
کرنا
یہہ ہي بنیاد قانون دیوالیہ کي ہے
ایسا کرنے سے سابق میں مدیون قید سے
محفوظ رہتا تھا مگر قرضہ صرف بقدر
زر وصول شدہ کے بیباق ہوتا تھا - اب
قواعد متعلق دیوالیہ ایکٹ دیوالیہ
میں درج ہیں

Cessio in jure (Roman Law). سابق
میں کارروائي بصورت انتقال یہہ کي
جاتي تھي کہ نالش بابتہ شے منتقلہ کے
دایر کي جاتي تھي اور انتقال کنندہ
اقبال کرتا تھا اور حاکم عدالت اوس
شے کو ملکیت منتقل علیہ کي قراردیتا تھا

Cestui que trust. مامون لہ
جسکے لئے امانت کي گئي ہو

Cestui que use. وہ شخص جسکے فایدہ
کے لئے کوئي امانت کي جاے

*See* in the vocabulary.

Cestui que vie. وہ شخص جسکي
زمانہ حیات کے لئے آراضیات یا حقیت
عطا کي جائیں - مثلا - اگر ہندو بیوہ
بالضرورت قانوني کے اپنے شوہر کي
جایداد فروخت کرے توخریدار جایداد
مذکور کو حق حین حیات بیوہ
حاصل ہے ایسي حقیت کو
*estate pur aut vie* کہتے ہیں
اور ایسے حقدار کو *cestui que vie*
کہتے ہیں

اگر ایسا خریدار بیعنامہ بیوہ فوت هوجائے تو حقیت اوسکے (خریدار کے) وارث کو پہونچیگي -

Charged' affaires سفیر جو ملک غیر میں بغرض انتظام امور خاص متعلق اپنے ملک کے مقیم هو

Charta de non ente non valet. عطیہ ایسي شے کا جسکا وجود نہو ناجایز هے

Charia de una parte. دستاویز یکطرفہ تحریر صرف ایک فریق کي

Chartoe libertatum. فرمان شاهي مشعر ازادي رعایا

Charta non est nisi vestimentum donationis. بجز اسکے کچھہ نہیں هے کہ موهوب لہ کو حق حاصل هو

Charta partita. کرایہ نامہ جہاز

See *charter party*.

Chartarum super fidem mortuis testibus ad patriam denecessitudine recurrendum est.

چونکہ گواهان فوت هو گئے دستاویز عطیہ کي صحت کي تجویز بذریعہ جوري کے هونا ضروري هے

(یہہ مسلہ زیادہ تر اون دستاویزات سے متعلق هے جنکي رجسٹري لازمي‌هے)

Chevagium. نذرانہ‌یاسلامي جو آسامیان رعایا ادنی مالک اعلی کو باظہار اطاعت دیتے تھے

Chimin appendant. وہ راستہ جسپر کوئي شخص بوجہ اوسکے متعلق هونے کے دوسري آراضي سے قابض هو مثلاً جب کوئي مکان جو کسي دوسرے کي آراضي پر واقع هو کسي کو لگان پر اُٹھا دیا جاے تو اوس مکان کے جانے کي راستہ بھي جو دوسري آراضي میں هوکر هو منتقل هوجاتي هے

Chiminus rigious. شارع عام

Chirographa (Sing. *chirographum*).

تمسک - دستاویزات جو ایک فریق نے تحریر کي هوں

Chirographum apud debitorem repertum prœsumitur solutum.

اوس تمسک کي نسبت جو مدیون سے قبضہ میں پایا جاے یہہ قیاس کیا جاتا هے کے اوسکا روپیہ ادا هوگیا (ملاحظہ طلب تمثیل (ط) دفعہ ۱۱۴ - ایکٹ شہادت - لیکن ایسي صورت بھي هو سکتي هے کہ مدیون نے تمسک چورایا هو)

Chose. شے

See in the vocabulary.

Circa ardua regni, نسبت امور اهم سلطنت کے

Circuituo actionis. طوالت نالش میں (یعني اوس سے زیادہ طوالت کارروائي میں جتني کہ ضروري هو)

Circuitus est evitandus et boni judicis est litesdirimere, ne lisex lite oriatur. طوالت کارروائي مسدود چاهئے اور یہہ کام نیک جج کا کہ تنازعات کو ختم کرے تاکہ ایک نالش‌سے دوسري نالش نہ پیدا هو

اس مسلہ پر قانون مجرائي مبني هے اصول عدل یہہ هے کہ جب کوئي معاملہ ایک نالش میں طے هوسکے تو اوسکے لئے دوبارہ نالش کرنا روانہ رکھنا چاهئے

Circumstantibus. وہ اشخاص جو قریب کھڑے هوں

Citatio حکمنامہ - ثمن بغرض حاضري

Citatio ad reassumendam causam حکمنامہ بغرض تجدید مقدمہ کے

(یہہ حکمنامہ بنام وارث اوس صورت میں جاري هوتا تھا کہ جب کوئي فریق اثناے نالس میں فوت هو گیا هو تاکہ وارث مذکور مقدمہ کو قائم رکھے

Citatio est de jure naturali. سمن یا حکمنامہ حاضري کا استحقاق قانوني هے

Citationes non concedantur priusquam exprimitur supra qua re fieri pebet citatio. حکمنامہ قبل اسکے جاري کئے جانے نہ چاهیں کہ یهہ بیان کیا جاے کہ اس لئے حکمنامہ جاري کیا جاے

Civilia verba. الفاظ قانون جو قابل پابندي هوں

Civiliter. بذریعہ کارروائي دیواني (بمقابلہ فوجداري کي کارروائي کے)

Civiliter mortuus. قانوناً فوت شدہ (بموجب دهرم شاستر کے وہ شخص جسنے اپنا مذهب ترک کیا هو قانوناً فوت شدہ خیال کیا جاتا هے)

Clam delinquentes magis puniuntur quam palam (Those sinning secretly are punished more severely than those sinning openly).
ان اشخاص کو جو پوشیدہ طور پر جرم کرتے هیں بہ نسبت اونکے جو ظاهر میں مرتکب جرم هوتے هیں سخت تر سزا دیجاتي هے

Clam et secrete. پوشیدہ طور پر - خفیہ طور پر

Clamor de haro same as *Hue and cry*; (see in the vocabulary).

Clam vi aut precarie. چوري یا جبر سے

Classiarius. جهازي

Clausula derogatoria. فقرہ حسکي نفي کي گئي هو

Clausulæ inconsuetæ semper inducunt suspicionem (Unusual clauses always excite suspicion). غیر معمولي فقرات (شرایط) سے همیشہ شبہ پیدا هوتا هے

Clausula generalis de residuo non ea complectitur quæ non ejusdem sint generis cum iis quæ speciatim dicta fuerunt (A general clause of reservation does not comprehend those things which may not to be of the same kind with those which have been specially expressed).
فقرہ عام شرایط مستثنیات کا ان اشیا پر حاوي نہیں هے جو اوس قسم کي نہیں هیں جو صریحاً بیان کي گئي هیں

Clausula generalis non refertur ad expressa (A general clause does not refer to things expressed).
فقرہ عام ان اشیاء سے متعلق نہیں هوتا جو صریح بیان کي گئي هوں

Clausula quæ abrogationem excludit ab initio non valet; (A clause which excludes abrogation is void ab initio).
فقرہ جو غیر قابل انفساخ هو بنفسہ باطل هے مثلاً یهہ فقرہ کسي ایکٹ میں کہ وہ منسوخ نہیں کیا جائیگا بے اثر هے

Clausula vel dispositio inutilis per præsumptionem remotam vel causam remotam ex post facto non fulcitur (An invalid clause of disposition is not rendered valid by a remote presumption). غیر ضروري یا باطل فقرہ یا عطیہ کسي قیاس بعید یا کسي سبب بعید سے جو بعد کو واقع هو جایز نہیں هو جاتا

Clavis regni. کنجي سلطنت کي - یعني مهر شاهي

Clerici de cursu. کلرک عدالت چانسري

Clerici non ponantur in officiis.
پادريوں کو عہدے سرکاري نه ملنے چاهئیں

Clericus coronæ (Clerk of the crown) کلرک آف دي کرون - کلرک عدالت فوجداري هائیکورت

Clericus placitorum (Clerk of the pleas).
وه عہدهدار عدالت ایکسچیکر جسکے دفتر میں کل عہدهداران عدالت پر نالش هوسکتي تهي یا وه نالش کرسکتے تهے

Clericus privati sigilli. کلرک آف دي پریوي سیل ( مهر خاص) جو سکریٹري آف اسٹیٹ کي اطاعت میں رهتا هے

Clericus signeti. کلرک آف سگنٹ
یهه کلرک شهنشاه معظم کے سیکریٹري خاص کے جو محافظ نگینه خاص کے هیں تابع میں رهتا هے

Codicillus. چهوٹي کتاب - تتمه وصیت نامه

Co-emptio. بیع زوجه بدست سوهر

Cogitationis pœnam nemo patitur ; (No person deserves punishment for a thought).
کوئي شخص محض خیال کے لئے مستوجب سزا نهیں هے (محض نیت ارتکاب جرم کي بلا اقدام ارتکاب جرم کے قابل سزا نهیں هے)

Cognati. رشتهداران مادري

Cognitor. کوئي شخص جسکو مدعي یا مدعاعلیه نے اپني طرف سے کسي نالش میں عمل کرنے کے لئے مقرر کیا هو مختار - ایجنٹ - اٹرني

Cognomen majorum est ex sanguine tractum, hoc intrinsecum est ; agnomen extrinsecum ab eventu (cognomen) یعني کاگنومن خانداني نام (جسکر سرنیم بهي کهتے هیں) مورثان سے چلا آتا هے اور اسوجهه سے اصلي هے بخلاف اسکے اگنومن (agnomen) یعني ابتدائي نام کسي واقعه سے پیدا هوتا هے اور محض خارجي هے

Cognoscit. وه اقرار کرتا هے - وه اقبال کرتا هے

Cognovit actionem. اقبال دعوی تحریري (بعد اسکے که مدعاعلیه اقبال دعوی داخل کردیتا هے ڈگري بلا تحقیقات کے اوسکے خلاف صادر کیجاتي هے)

Cognovit actionem, relicta verificatione. اوسنے اقبال دعوی کیا هے اور اپني جوابدهي ترک کي

Cohœredes una persona censentur propter unitatum juris quod habent (Co-heirs are deemed as one person because of the unity of right which they possess.
وارثان ایک شخص تصور کئے جاتے هیں کیونکه انکے حقوق ایک هي هوتے هیں

Collatio bonorum. تقسیم حصه رسدي مال کي - یهه اوسوقت هوتا هے که جب کسي شخص نے اپني زندگي میں ایک جزو اپنے روپیه کا بسر یا دختر کو بغرض اوسکے آسایش و تعلیم کے دیا هو جو بعد اوسکے وفات کے بقیه جایداد منقوله متروکه میں شامل کیا جاتا هے تاکه وه مساوي تقسیم هو جاے

*See* Hotchpot in the vocabulary.

Collegia (singular, Collegium). جماعت کارپوریشن

Collegium est societas plurium corporum simul habitantium.

کالج جماعت چند اشخاص کي هے جو ایک ساتهه رهیں

Collegium si nullo specialli priveligis subnixum sit hœreditatem capere non posse, dubium non est. اگر کسي کارپوریشن جماعت سند یادته کو کوئي خاص سند نه ملي هو تو اسمیں کوئي شبهه نهیں که وه جایداد قابل ارث نهیں خرید سکتي

Cloor officii (In color of office). بحیله کسي عهده یا قانون

Combustio domorum. آتش زني مکانات

Combustio pecuniœ. روپیه کا گلانا زمانه سابق میں - کهوتا یا منقلب سکه کي جانچ گلانے کے ذریعه سے کي جاتي تهي

Comes. حاکم مالک - نواب

Comes stabuli. محافظ اصطبل

Cominus. بذریعه ملاقات

Commendatio homines. وه اشخاص جو اطاعت قبول کرکے کسي علاقهدار یا مالک اعلی کے سایه عاطفت مین رهیں

Commendatum. امانت

Commendatus, وه شخص جو کسي بڑے آدمي کے سایه عاطفت میں رهے

Commercium jure gentium commune esse debet, et non in monopolium et privatum paucorum questum convertendum (commerce by the law of nature ought to be common, and not converted into monopoly, and the private gain of a few). تجارت بموجب قانون قدرت کے عام هوني چاهئے اور کسي خاص شخص پر محدود یا واسطے فایده چند اشخاص کے نه هوني چاهئے

بموجب قانون معاهده کے هر عهد جسکي روسے کوئي شخص کوئي پیشه تجارت یا کاروبار جایز کے کرنے سے باز رکها جاے اوس حد تک کالعدم هے - لیکن وه شخص جو کسي کار خانه کي گاهکي فروخت کرے وه مشتري سے یهه اقرار کرسکتا هے که وه (بایع) اوسي قسم کا پیشه یا کاروبار اندر حدود معامي مقرر اوسوقت تک نکریگا که جب تک وه یا کوئي شخص جسنے اوسکي گاهکي کا حق اوس سے حاصل کیا هو اون حدود میں وه هي پیشه کرے - مثلا جب کوئي شخص یهه اقرار کرے که وه الهآباد میں اور نه اوسکے ۲۰۰ میل کے اندر تجارت عطر کریگا - تو یهه معاهده جهانتک الهآباد کو تعلق هے صحیح هے لیکن جهان تک که ۲۰۰ میل کا رقبه متعلق هے کالعدم هے هندوستان میں صرف دو صورتوں میں اجاره روا رکها گیا هے اول بصورت ایجاد واختراع کے دویم بصورت تجارت ایون ونمک کے که جسکا حق تجارت محض گورنمنٹ کو حاصل هے

Commisoria lex. فقره جسکے رو سے بیعنامه میں یه شرط هوتي هے که اگر خریدار زرثمن وقت مقرره پر ادا نکرے تو بایع کو اختیار انفساخ بیع هوگا

Committitur. حکم سپردگي

Commodatrious. قرضدار

Commodatum اودهار

See-*Conductio*.

Commodum ex injuria sua nemo habere debet; (No person ought to have advantage from his own wrong). کسي شخص کو اپنے هي فعل بیجا سے فایده نه حاصل هونا چاهئے

See *Nullus commodum*.

Commorior. ایک هي وقت میں فوت هونا - مثلاً تباهي جهاز سے -
*See* Vocabulary.

Commune bonum. فایدہ باهمي

Commune vinculum. خاندان - سلسله

Communia pasturœ. چرگاہ مشترک

Communia placita (C. P.) عدالت کامن پلیز

Communi dividendo-(Rom. Law.) ذالس بغرض بٹوارہ جایداد مشترک

Communis error facit jas. غلطي عام قانون هو جاتي هے (اس مسله کا منشا یهه هے که جب کوئي غلطي قانوني عدالتوں نے بلا اعتراض تسلیم کي هو تو وہ غلطي نهیں رهتي بلکه قانون هے - اس طرح پر اگر فریقین کسي قانون کے منشا کي غلط فهمي پر کوئي عهد کریں تو وہ اوس کے پابند هیں)

Communis opinio. عام راے

Communis piscaria. حق شکار ماهي مشترک

Comparuit ad diem. وہ روز مقرر پر حاضر هوا تها

Compellativus. مستغیث - الزام لگانے والا

Compendia sunt dispendia (Abbreviations are detriments). مخففات باعث توقف یا نقصان هیں

Compensatio. مجوازي معاوضه

Compensatio criminum. معاوضه جرم کا

Complexus bonorum defuncti. کل ترکه متوفي

Campos mentis. صحیح العقل

Compromissori sunt judices; (Arbitrators are judges). ثالثان جج هوتے هیں

Compromissum. سپردگي ثالثان - مصلحت

Computo. حکمنامه بنام رسیور یا محاسب بغرض دینے حساب کے

Conatus quid sit, no definitur injure. اقدام کیا هے - اسکي تعریف قانون میں نهیں کي گئي

Concessimus. هم نے عطا کیا هے

Concesiones. عطیات

Concessio per regem fieri debet de certitudine—(A grant by the king ought to be made from certainty). عطیه بادشاہ کا معین هونا چاهئے

Concessio versus concedentum latem interpretationem habere debeat (A grant ought to have a liberal interpretation against the grantor) عطیه کي تعبیر بمقابله عطا کنندہ کے برعایت کرني چاهئے

Concilium. (۱) کونسل عدالت (۲) وقت و مقام جلسه کا

Concordia parvœ res crescunt, et opulentia lites (By concord small means increase; by wealth. litigations). اتفاق یا اجتماع سے تهوڑا سا بهت هوجاتا هے اور دولت سے تنازعات بڑہ جاتے هیں

Codictio. (Rom. Law). ذالشات متعلق ذات (بخلاف ذالشات متعلق جایداد)

Conditio. شرط - معاهدہ - اقرار

Conditio beneficialis, quæ statum construit benigne secundum verborum intentionem, est interpretandi; odiosa autem, quœ statum destruit, stricte, secundum verborum proprietatem,

accipienda (A beneficial provision should be construed liberally according to the sense of words, but a condition which is prejudicial or which is destructive of any right should be construed strictly according to the literal meaning of words). شرط جس سے کوئي فايدہ هو اوسکي تعبير برعايت مطابق منشاے الفاظ کے کرني چاهئے ليکن شرط مضر کي تعبير جس سے کوئي حقيت زايل هو بہ سختي مطابق لفظي معني کے کرني چاهئے

Conditio casuelle. شرط جو کسي اتفاق پر مبني هو

Conditio dicitur, cum quid in casum incertum qui potest tendere ad esse aut non esse. وہ ( عطيہ ) شرط کہلاتي هے جب کوئي چيز کسي امر غير يقيني کے هونے يا نہونے پر منحصر هو

Conditiones quœlibet odiosœ; maxime autem contra matrimonium et commercium بعض شرايط ناپسنديدہ هوتي هيں - مثلاً جو مانع ازدواج يا تجارت هوں

Conditio prœcedens adimpleri debet priusquam sequatur effectus (A condition precedent must be fulfilled before the effect can follow). شرط ماقبل پيشتر اسکے پوري هوني چاهئے کہ نتيجہ ظہور ميں آوے (مثلاً معاهدہ شرطيہ نسبت کرنے يا نہ کرنے کسي فعل کے اگر کوئي امر غير يقيني آيندہ واقع هو قانوناً اسوقت تک نافذ نہيں کيا جاسکتا کہ وہ امر واقع هو ( ملاحظہ طالب ايکٹ معاهدہ سنہ ۱۸۷۲ع دفعات ۳۲ و ۳۳ )

Conditio resolutoire. شرط جس کے واقع هونے پر ذمہداري سے برات حاصل هو

Confederatio; (confederacy). سازش

Confessio, facta in judicio, omni probatione major est (A confession made in a judicial proceeding is greater than all proof). اقبال جو کارروائي عدالتي ميں کيا گيا هو سب سے زيادہ بڑا ثبوت هے ( بموجب ايکٹ شهادت کے اقبال جو بوجهہ ترغيب يا دهمکي يا وعدہ متعلق جرم ملزم کے جو کسي شخص ذي منصب نے کيا هو قابل پذيرائي نہيں هے ليکن جو اقبال قابل ادخال شهادت هو وہ وعدہ اخفا وغيرہ کي وجہہ سے يا اسوجهہ سے کہ ملزم نشہ ميں تها اسوجهہ سے کہ وہ ايسے سوالات کے جواب ميں کيا گيا جسکا جواب دينا اوس کو ضرور نہ تها ناقابل پذيرائي نہيں هو جائيگا علاوہ اسکے اقبال شريک جرم کا قابل اعتبار نہيں هوتا اور اقبال ملزم بهي جهوٹ هوسکتا هے مثلاً (۱) جب کہ اقبال جرم ناقابل برداشت تکليف سے چهٹ جانے کي اميد پر کيا گيا هو (۲) چهوٹے جرم کے اقبال سے بڑے جرم سے برات کي اميد هو (۳) شيخي اور غرور کي وجهہ سے (۴) جبکہ دوسروں کا فايدہ منظور هو (۵) جبکہ کينہ کي وجهہ سے دوسروں کو ضرر پهونچانا مد نظر هو (۶) نوجهہ نہ سمجهنے نوعيت الزام کے (۷) بعض مرتبہ بوجهہ غلط فهمي واقعات کے)

Confirmare nemo potest priusquam jus ei acciderit (No

person can confirm before the right shall fall to him). کوئي شخص قبل حاصل هونے حق کے اوسکو منظور نهيں کرسکتا

Confirmatio chartarum (Confirmation of the charter). قانون مصدرہ ايڈورڈ اول مشعر بحالي ميگنا چارٹا

Confirmatio est nulla ubi donum præcedens est invalidum. جبکه عطيه سابق ناجاير هو تو اوسکا منظور هونا بيکار هے

Confirmatio omnes supplet defectus, licet id quod actum est ab initio non valuit (Confirmation supplies all defects though that which has been done was invalid from the beginning). بحالي سے کل نقايص رفع هو جاتے هيں گو وہ امر يا فعل جو کيا گيا شروع ميں ناجاير هو

Confirmat usum qui tollit abusum (He confirms a use who removes an abuse). وہ اِستعمال بيجا کو بحال کرتا هے جو استعمال بيجا کو رفع کرتا هے

Confitens aeus ملزم اقبالي

Confusio (Rom. Law). سقوط قرضه بوجه مديون اور داين کے ايک هوجانے کے

Conjunctim aut separatim. مشترکاً و منفرداً

Conjunctim et divisim. مشترکاً و منفرداً

Conjunctio corporum. - هم خانگي - جماع

Conjuratio. حلف سازش - جادو - سحر

Consanguineus frater. بهائي علاتي (بخلاف بهائي اِخيافي کے جسکو Frater uterinus کهتے هيں)

Consensus facit legem; (Consent makes the law). رضامندي حکم قانون کا اثر رکهتي هے (جبکه فريقين کوئي معاهده کريں جسکے شرايط پر دونوں رضامند هوں تو وہ معاهده اثر حکم قانون کا رکهتا هے بشرطيکه وہ خلاف کسي خاص حکم قانون کے نهو - يهه مسله بهي هے که شرايط معاهده سے قانون مسترد هوسکتا هے - ملاحظه طلب)

*Modus et conventio vincunt legem.*

Consensus non concubitus, facit matrimonium (Consent not concubinage makes the marriage good). رضامندي سے اور نه هم خانگي سے ازدواج جاير هوتا هے (بموجب قانون انگلستان اور شرع محمدي کے رضامندي ايک لازمه ضروري واسطے جاير هونے ازدواج کے هے - چنانچه بموجب شرع محمدي کے کوئي طفل جسکو شعور نهو يا جو شخص که غير صحيح العقل هو ازدواج نهيں کرسکتا - ليکن نابالغان ذي شعور تابع رضامندي اپنے ولي کے ازدواج کرسکتے هيں - اگر ماں کسي لڑکي کم سن کي شادي کرے تو لڑکي کو اختيار هے که بوقت بلوغ خواہ ازدواج کو تسليم کرے يا مسترد کرے بموجب اهل تشيع کے اس قسم کي شادي بے اثر هے جبتک که نابالغ اوسکو تسليم نه کرے بخلاف اسکے بموجب سنيوں کے ازدواج اوسوقت تک اثر پذير هے که اوسکو نابالغ فسخ کرے

بموجب دهرم شاستر کے ازدواج ايک

ستمکار هے اور نه معاهده هے جو بوجهه نهونے رضامندي کے ناجایز هو جاے

**Consensus tollit errorem** (The consent (acquiescence) of a party in an error obviates its effect.) کسي فریق کا غلطي کے نسبت سکوت اختیار کرنے سے غلطي کا اثر رفع هو جاتا هے

لیکن اگر کوئي غلطي هو اور وه فریق جو اوس غلطي سے فایده اٹها سکتا هے سکوت اختیار کرے تو غلطي رفع هو جاتي هے - مثلاً اگر نالس ایسي جگهه دایر کي جاے جهاں منجمله مدعاعلیهم کے صرف ایک مدعاعلیه سکونت رکهتا هو تو اگر دیگر مدعاعلیهم جو وهاں سکونت نرکهتے هوں ارجاع نالش پر سکوت اختیار کریں تو غلطي زایل هو جاے گي اور نالش کا صحیح عدالت میں رجوع هونا سمجها جائیگا محض رضامندي سے عدالت کو اختیار سماعت حاصل نهیں هوتا بموجب قانون فوجداري کے بهي وه افعال جو دیگر نهج پر جرم خیال کئے جاتے جرم نهیں هیں اگر رضامندي سے کي جائیں ( ملاحظه طلب دفعه ۸۷ - ۹۱ - مجموعه تعزیرات ) علاوه اسکے رضامندي سے جرم کي سنگیني گهٹ بهي جاتي هے

**Consentientes et agentes pari pœna plactentur** (Those consenting and those perpetrating are given the same punishment.) جو مرتکب هوں اور جو صلاح میں شریک هوں ایک هي سزا کے مستوجب هیں (معیں اور معان مستوجب ایک هي سزا کے هیں دفعه ۱۰۹ - تعزیرات هند)

**Consentire matrimonio non possunt infra annos nubiles** (Those who are below marriageable years cannot give their consent to marriage). وه اشخاص جو سن ازدواج کو نهیں بهونچے هیں ازدواج کي نسبت رضامندي ظاهر نهیں کرسکتے (بموجب شرع محمدي کے سن ازدواج ۱۸ سال هے)

**Consideratio curiœ.** تجویز عدالت

**Consideratum est per curiam.** عدالت نے غور کیا هے (الفاظ ضابطه آغاز تجویز)

**Consignatio.** کسي چیز کا جو دوسرے کو دیني واجب هو شخص ثالث کے پاس رکهوانا

**Consilia multorum quœruntur in magnis** (Counsels of many are required in great things). مشوره بهت سے اشخاص کا بڑے کاموں میں ضروري هوتا هے

**Consilii non fraudulentia nulla obligatio est cœterum, si dolus et calliditas intercessit de dolo actio competit** (No one is responsible for honest advice; but where fraud and cunning have intervened, there is ground for an action de dolo, or for fraud). کوئي شخص نیک صلاح کي بابت ذمهدار نهیں هے لیکن جب فریب اور چالاکي کا دخل هو تو نالس بابت فریب دهي یا دهوکا کے هوسکتي هے

**Consilium.** (۱) مشوره - (۲) وقت جو ملزم کو جوابدهي کرنے کے لئے دیا جاے

Conspectu litis. بہ نظر مقدمہ باري

Constestatio lites egit terminos contradictarios (The joinder of issue in a suit needs contradictory terms). مقدمہ میں امر تنقیح طلب بیانات متناقص سے پیدا هوتا هے

Constitutio. قانون - آئین - اِنتظام

Constitutions tempore posteriores potiores sunt his quœ ipsas prœcesserunt (Later laws prevail over those which precede them). قانون مابعد قانون ماسبق پر غالب آتے هیں

Constitutor. وہ شخص جس نے دوسرے کا قرضہ ادا کرنے کا وعدہ کیا هو

Constructio legis non facit injuriam (The construction of law works no wrong). تعبیر قانون سے نقصان نہیں هوتا هے

Consuetudo contra rationem introducto, potius userpatio quam consuetudo appellari debet (A custom introduced against reason ought to be called an usurpation). رواج جو خلاف عقل کے هو نبھائے رواج کے ظلم کہنا چاهئے

Consilis et prudentia. عقلمندي اور هوشیاري سے

Consuetudo debet esse certa (Custom ought to be certain). رواج یقیني هونا چاهئے

Consuetudo est altera (lex Custom is another law). رواج دوسرا قانون هے

Consuetudo est optimus interpres legum (Custom is the best expounder of law). رواج نہایت عمدہ توضیح کنندہ قانون هے

Consuetudo et communis assuetudo vincit legem non scriptam, si sit specialis, et interpretatur legem scriptam, si lex sit generalis (Custom and common usage overcomes the unwritten law, if it be special ; and interprets the written law, if it be general). رواج و دستور اگر وہ خاص هو قانون غیر تحریري پر غالب آتا هے - اگر وہ عام هو تو اوس سے قانون تحریري کي تشریح هوتي هے ( چنانچہ پریوي کونسل نے یہہ تجویز کي هے کہ جب رسم خاص کا هونا ثابت هو تو وہ عام قاعدہ قانون سے بڑهکر زور رکھتي هے - لیکن اگر ایسي رسم صریح قانون نافذ کردہ گورنمنٹ کے خلاف هو تو اوسکا عملدرآمد نہوگا )

Consuetudo licet sit magnœ auctoritatis, nunquam tamen prœjudicat manifestœ veritati ; (A custom though it be of great authority should never, however, be prejudicial to manifest truth). رواج گو وہ کیسا هي مستند کیوں نہ هو صریح راستي کے خلاف نہونا چاهئے

Consuetudo loci est observanda. رواج مقامي (دیشاچار) پر عمل کرنا چاهئے

Consuetudo neque injuria oriri neque tolli potest (Custom can neither arise from, nor be taken away by, injury). رواج نہ

امر نقصان رساں سے پیدا ہے اور نہ اوس سے زایل ہوتا ہے

Consuetudo prœscriptive et legitima vincit legem (A prescriptive and legitimate custom overcomes the law). رسم جو متواتر مانی گئی ہو اور مناسب ہو قانون پر ترجیح رکھتی ہے

Consuetudo semel reprobata non potest amplius induci (Custom once disallowed cannot be again produced.) رواج جو ایک مرتبہ نامنظور کیا گیا ہو دوبارہ پیش نہیں کیا جاسکتا

Contemporanea consuetudo optimus interpres est) Contemporary custom is the best interpreter). رواج زمانہ ہمعصر سے سب سے عمدہ تعبیر ہوتی ہے

Contemporanea expositio est optima fortissma in lege (A contemporaneous exposition is the best and most powerful in law). قانوناً توضیع ہمعصر سب سے بہتر اور قوی توضیع ہے (سب سے عمدہ اور یقینی طریقہ کسی دستاویز زمانہ سابق کی تعبیر کرنے کا یہہ ہے کہ اوس زمانہ پر اور اون حالات پر لحاظ کیا جاے جو بوقت تحریر دستاویز کے تھے - اسی مسلہ پر یہہ تجویز بھی مبنی ہے کہ وجوہ و منشاء و رپورٹ سلیکٹ کمیٹی پر بغرض تعبیر قانون کے لحاظ کیا جا سکتا ہے)

Continuando. جار - مسلسل

Trespass *continuando.* مداخلت بیجا مسلسل

Contra bonos mores. خلاف تہذیب

Contractus. معاہدہ - (عہد معہ بدل جایز)

Contractus bonœ fidei (Rom Law). معاہدات جنسے اصول عدل و انصاف متعلق ہوں

Contractus est quası actus contra actum (A contract ıs as it were act against act). معاہدہ گویا ایک فعل مقابلہ دوسرے فعل کے ہے (یعنی عہد منجانب ایک فریق کے کسی کام کے کرنیکا بعوض دوسرے فریق کے اوسکے بدلے میں کسی کام کرنے کے - ملاحظہ طلب تعریف بدل - ایکٹ معاہدہ)

Contractus ex turpi causa vel contra bonos mores, est nullus (A contract from base consideration or against good morals is null.) معاہدہ خلاف تہذیب یا مبنی بر بدل ناجایز کالعدم ہے

Contra jus gentium. خلاف قانون ملک کے

Contra ligeantiam suam. خلاف اوسکی اطاعت یا تابعداری کے

Contramandatum. تردید (جب کوئی شخص کسی اپنے فعل یا دستاویز کو مسترد کرے)

Contra non valentem agere nulla curit prœscriptio (Prescription does not run against a party under disability or who is unable to act) میعاد اوس کے مقابلہ میں شروع نہیں ہوتی جو نا قابل ہو (اس اصول پر قانون میعاد سماعت میں بصورت نابالغ اور فاترالعقل کے

میعاد کا شروع ہونا اوسوقت سے قرار دیا گیا ہے کہ جب ناقابلیت (مدعی) رفع ہوجاے - اور وہ زمانہ بھی جسمیں مدعی بوجہہ غیر حاضری مدعاعلیہ کے (برٹش انڈیا سے) اوسپر نالش نہیں کرسکتا میعاد سے خارج کیا جاتا ہے لیکن یہہ خیال رکھنا چاہئے کہ جب ایک مرتبہ میعاد شروع ہوجائے تو کوئی ناقابلیت مابعد اوسکو نہیں روک سکتی

Contra pacem. نقض امن

Contrapositio. عذر یا جواب

Contra tabulas. خلاف وصیت نامہ یا وصیت کے

Contratinere. روک رکھنا - نہ دینا

Contra veritatem lex nunquam aliquid permittit (The law never allows anything contrary to truth) قانون کبھی خلاف راستی کے اجازت نہیں دیتا /

Contraxisse unusquisque in eo loco intelligitur in quo ut solverit se obligavit (Every person is understood to have contracted in that place where he has obliged himself to pay). ہر شخص کی نسبت اوس جگہہ معاہدہ کیا جانا سمجھا جائیگا جہاں اوسنے ادا کرنے کا ذمہ لیا ہو - (بموجب ضابطہ دیوانی کے بھی نالش معاہدہ اوس مقام میں ہوسکتی ہے جہاں معاہدہ کا ایفا کرنا چاہئے تھا یا جہاں اوسکی تکمیل ہونی چاہئے تھی یا اوس مقام میں جہاں ایفاے معاہدہ میں کوئی روپیہ جس سے نالش کو تعلق ہو صراحتاً یا کنایتاً واجب‌الادا تھا۔

یہہ عام قاعدہ ہے کہ قانون اوسے جو اوس مقام پر ہو جہاں معاہدہ کیا گیا تعبیر معاہدہ کی ہوگی لیکن یہہ قاعدہ اس صورت سے متعلق نہیں ہے جب کہ دوسرے ملک میں اسکی تکمیل کا منشا ہو *See* Lex loci contractus

Contiectatio rei alienœ. animo furandi, est furtum. چھونا یا علاحدہ کرنا دوسرے کی جایداد کا بہ نیت چرانے کے سرقہ ہے

(Compare Theft in I. P C )

Contributione facienda. نالش حصہ رسدی (جبکہ منجملہ چند اشخاص کے جنپر ذمہ‌داری ہو ایک پر کل بار پڑا ہو)

Contubernium. ہم خانگی - باہم غلامان و کنیزگان مالکان کے رضامندی سے (انکی اولاد ملکیت مالکان متصور ہوتی تھی)

Contumacia. تمرد - تحقیر عدالت

Conventio in unum. اقرار یا عہد مابین فریقین معاہدہ کے نسبت منشاے معاہدہ مجوزہ کے (ملاحظہ طلب دفعہ ۷ و ۱۳ - ایکٹ معاہدہ - ۹ - ۱۸۷۲ع

Conventio privatorum non potest publico juri derogare (An agreement of private persons cannot affect public right). معاہدہ باہم اشخاص خانگی حقوق عوام پر موثر نہیں ہوسکتا - یعنی وہ معاہدات جو خلاف مصلحت عامہ ہیں کالعدم ہیں

Conventio vincit legem (An agreement overcomes law). اقرار قانون پر غالب آتا ہے یعنی اقرار جو مابین فریقین کے ہو باہم فریقین اور انکے قایمقامان کے اثر قانون کا رکھتا ہے — جبکہ الفاظ

" بعدم موجودگي كسي اقرار خلاف كے " كسي دفعه قانون ميں واقع هوں تو يهه سمجهه ليغا چاهئے كه فريقين كو احتيار هے كه بلا لحاظ احكام دفعه كے معاهدات ميں كسي قسم كي شرايط داخل كريں - جو خلاف مصلحت عامه يا ممنوع نهوں ملاحظه طلب مسله عين ماسبق

Convictus. مجرم

Copia vera. صحيح نقل

Copulatio verborum indicat acceptationem in eodem sensu (Bacon) (The coupling of words shows that they are to be understood in the same sense).
لفظوں كے جوڑنے سے ظاهر هوتا هے كه اونكي ايک هي منشا سمجهنا چاهئے

Coram nobis. همارے روبرو - عدالت كے روبرو

Coram non judice. روبرو ايسے شخص كے جو جج مجاز سماعت نهيں هے

Coram paribus (Before his peers or equals.) اپنے برابر والوں سے (انگلستان ميں تجويز برابر والے كرتے هيں - مثلاً كسي لارڈ كي تجويز لارڈ هي كرينگے)

Coram populo. عوام كے روبرو - اخبارات ميں يا تقريرات ميں

Coram rege. بحضور شاهنشاه

Coram vobis تمهارے سامنے

Corium forisfacere, corium perdere اپني كهال كهونا (يهه فقره اوس شخص كي نسبت كها جاتا هے جسكو سزا تازيانه كا حكم هو)

Coronatore eligendo. حكمنامه بنام شيرف بغرض انتخاب كارونر

Coronatore exonerando. حكمنامه بنام شيرف بغرض برطرفي كارونر كے

Corpora corporata جماعت سند يافته

Corpus. جسم - سرمايه (بمقابله آمدني)

Corpus delicate. جسم جرم كا - يهه فقره به تعلق ثبوت اس امر كے استعمال كيا جاتا هے كه جرم كا ارتكاب هوا يا نهيں بخلاف ثبوت اس امر كے كه كس نے جرم كا ارتكاب كيا (ان الفاظ كا مطلب يهه هے كه يهه امر كه جرم كا ارتكاب هوا معمولي طور در مقدمات فوجداري ميں ديگر واقعات سے اخذ نه هونا چاهيے بلكه علحده ثابت هونا چاهئے بعض مرتبه يهه مسله اس طرح محدود كيا جاتا هے كه كسي شخص كو قتل كا اوسوقت تک مجرم قرار نه دينا چاهئے جب تک كه جسم شخص مهلوک كا پايا نه جاے - ليكن يهه مسله اوس صورت ميں صحيح نهيں هے جبكه ايسے حالات هوں جنسے يهه عقلاً يقيني هو كه جرم كا ارتكاب هوا هے)

Corpus humanum non recepit œstimationem (Human body is not susceptible of appraisement). جسم انساني قابل تخمينه قيمت نهيں هے

Corpus juris. مجموعه قوانين

Correi credendi. اشخاص جو كسي قرضه كے پانے كے بحيثيت داينان مشترک مستحق هوں

Correi debendi قرضداران مشترک

Corruptio sanguinis. خراب هوجانا خون كا اولاد كا مستحق جايداد نه هونا
*See* Attainder in the vocabulary.

Corruptissima reipublica plurimœ leges (When the state is most corrupt, then are the laws most multiplied.) جبكه ملک كي حالت

تهذیبي خراب هوتي هے تب قانون بهت زیادہ هوجاتے هیں

Costumier. کتاب رواج

Covert. محفوظ - منکوحہ

Crassa negligentia (Gross neglect.) غفلت شدید

Creditor qui permittit rem venire pignus dimitit (A creditor who permits the sale of the thing pledged, loses his security).
داین جو شے مرهونہ کو فروخت هونے دیتا هے اپنے ضمانت زایل کرتا هے

Crescente malitia crescere debet et pœna (When vice increases, punishment ought also to increase.) جبکہ بدي کي زیادتي هو تو سزا بهي زیادہ هونا چاهئے

Crimen falsi جعلسازي - حلف دروغي

Crimen innominabile. جرم بلا نام (جرم خلاف وضع فطري)

Crimen lœsœ majestatis omnia alia crimina excedit quoad pœnam.
جرم تریزن (جرم خلاف سرکار) سب سے بڑي سزا کے لایق هے

*See* treason. جرایم سنگین

Crimina morte extinguuntur (Crimes are extinguished by death). جرایم وفات کے بعد ساقط هو جاتے هیں (بعد وفات ملزم کے مقدمہ فوجداري ختم هوجاتا هے لیکن مجرم کے وفات سے اوسکي جایداد جرمانہ سے جو اوسپر عاید هوا هو بري نهیں هو جاتي)

Cucullus non facit monorchum کملي سے فقیر نهیں بنجاتا

Cuicunque aliquis quid concedit concedere videtur et id, sine quo res ipsa esse non potuit (Whoever grants a thing to any person is supposed tacitly to grant that also without which the grant itself would be of no effect.)
جو شخص کوئي چیز کسي کو عطا کرتا هے تو یهه قیاس کیا جاتا هے کہ اوسنے وہ چیز بهي عطا کي هے جسکے بغیر عطیہ بے سود هے)
مثلاً اگر زید ایک کهیت بکر کو واسطے اغراض زراعت کے دے اور اوس کهیت کو راستہ محض زید کے کهیت میں هوکر هو تو یهه قیاس کیا جائیگا کہ زید نے بکر کو حق گذر بهي عطا کیا لیکن یهه مسئلہ محض اون اشیا سے متعلق سمجهنا چاهئے جو عطیہ پر تصرف کے لئے صریحاً ضروري هوں
حق گذر جو بوجہ ضرورت کے حاصل هو گیا هو اوس ضرورت تک محدود هے جسکي وجهہ سے پیدا هوا هو مثلاً اگر بکر کو آراضي عطیہ پر جانیکا راستہ بذریعہ خریداري یا اور نهج پر حاصل هونے کهیت ملحقہ کے حاصل هوگیا هو تو زید کے کهیت میں گذر موقوف هو جائیگا

Cui de jure pertinuit استحقاقاً یهه کسکي هے

Cuilibet in arte sua perito est credendum (Every one skilled in his art is to be believed).
هر شخص جو اپنے فن میں ماهر هو اوسکا اعتبار کرنا چاهئے
(اس اصول پر ایکٹ شهادت میں یهه قرار دیا گیا هے کہ نسبت بعض قانون

مالک غیر یا علم یا هنر یا شهادت دستخط یا اونگلي کے چهاپه کے راے اون اشخاص کي جو اوس قانون مالک غیر یا علم یا هنر وغیره سے واقفیت مخصوصه رکهتے هون واقعه متعلقه هے علاوه اسکے راے ماهرین جو ایسے رساله میں ظاهر کي هو جو عموماً فروخت کے لئے هو اور وجوه جنکي بنا پر وه راے قائم کي گئي اوس رساله کے پیش کرنے سے بشرطیکه مصنف عدالت میں حاضر نهوسکتا هو ثابت کي جاسکتي هے)

Cui licet quod majus non debet quod minus est non licere (He who has authority to do more important act shall not be debarred from doing that of less importance). جسکو اختیار دیے اهم کام کے کرنے کا هو اوس کام کے کرنے سے جو غیر اهم هو ممنوع نهیں هے

Cui plus licet quam par est, plus vult quamlicet. اوس شخص کو جسکو مناسب سے زیاده عطا کیا جاے جسقدر عطا کیا گیا اوس سے زیاده چاهتا هے

Cuique enim in proprio fundo quam libet feram quoquo modo venari permissum (Every man is allowed to hunt any wild beast on his own ground, in any manner he thinks proper). هر شخص کو مجاز هے که کسي جنگلي جانور کو اپني آراضي میں جسطرح مناسب سمجهے شکار کرے

Cujus est commodum ejus debet esse incommodum (Whose is the advantage, his also should be the disadvantage). جسکا فایده هو اوسي کو نقصان کا بهي متحمل هونا چاهئے

مثلاً جبکه هبه ( بالوصیت ) کي رو سے موصي له پر کوئي ذمه‌دار عاید هو تو وه هبه میں سے کچهه نهیں لے سکتا بجز اسکے که وه کایتاً اوسکو قبول کرے بصورت پټه کے پټه‌دار پر بار درستي و مرمت مکان کا هوتا هے

Cujus est dare ejus est disponere (Whose it is to give, his it is to dispose). جو عطا کرے وه هي تصرف کي بابت هدایت کرسکتا هے - اسکا مطلب یهه هے که واهب کو استحقاق هے که جسطرح چاهے شے موهوبه کے تصرف کي نسبت هدایت کرے اور شرایط جو خلاف قانون کے نهیں عاید کرے واهب کو یهه بهي اختیار هے که انتقال نامه یا شے میں خاص شرایط ایسي داخل کرے جس سے اوسکو آراضي منتقله میں حق استفاده و دیگر حقوق باقي رهیں لیکن ایسي شرایط متعلق جایداد کے عاید نهیں کي جاسکتیں جو خلاف مصلحت عامه کے هوں اور نه وه حسب مرضي خود سلسله وراثت کو تبدیل و بدل کرسکتا هے

Cujus est divisio, alterius est electio (When a division is made by one, the choice is left to the other) جب ایک شخص تقسیم کرے تو دوسرا انتخاب کرتا هے

Cujus est instituere, ejus est abrogare. جو شخص قایم کرسکتا هے وه منسوخ بهي کرسکتا هے

Cujus est solum, ejus est altum (Whoever is the owner of the soil, it is his even to the firmament).

جسکي زمين هے اوسکي ملکيت سطح سے آسمان تک هے

يعني قانون ميں مالک آراضي نه صرف اپني زمين پر مداخلت کرنے کو منع کرسکتا هے بلکه کسي روکاؤ کو رفع کراسکتا هے جو اوسکے زمين کے اوپر هو مثلاً اگر کسي درخت کي شاخيں کسي کے مکان ميں لٹکيں تو مالک مکان مستحق هے که اون شاخوں کو کاٹ ڈالنے کا حکم حاصل کرے اور يهه امر که درخت متبرک هے اور اوسکي شاخيں کاٹنے سے کسي فرقه کو تکليف هوگي کافي وجهه اسکي نهيں هے که کسي مالک جايداد کے حقوق ميں جو ازروے قانون عام بخوبي تسليم کئے گئے هيں کمي کي جاے

اسي اصول کي بنا پر کوئي شخص اپني آراضي پر ايسي عمارت نهيں بنا سکتا که جسکا کوئي حصه همسايه کے مکان کے اوپر هو يا موري يا نالي کا پاني همسايه کے مکان ميں جاے بجز اسکے که ايسا حق اسکو بوجهه قدامت يا عطيه حاصل هو گيا هو

Cujus est solum, ejus est usque ad cœlum et ad inferos. جسکي زمين هے اوسکي وه آسمان تک هے اور تحت الثرا تک

يعني زمين کے اوپر عمارت درختان وغيره اور زمين کے نيچے کان وغيره مالک آراضي کي ملکيت سمجهي جاتي هيں ليکن اس قياس کي اس طرح پر ترديد هوسکتي هے که يهه ثابت کيا جاے که سطح زمين ايک شخص کي هے - عمارات درختان دوسرے شخص کے هيں اور کانيں شخص ثالث کي هيں

Cujus jurisdictionis est principali, ejusdem juris erit accessorium (An accessory matter is subject to the same jurisdiction as its principal).

معامله ضمني تابع اوسي اختيار سماعت کے هے جسکے تابع که اصل معامله هو (اس اصول کو واضعان قانون نے اس طرح بيان کيا هے جب کوئي فعل اسوجهه سے جرم هے که وه کسي اور فعل سے که وه بهي جرم هے تعلق رکهتا هے تو جرم اول الذکر کے الزام کي تحقيقات يا تجويز اوس عدالت کے معرفت هو سکتي هے جسکے علاقه کي حدود مقامي کے اندر دونوں افعال مذکور ميں سے کوئي فعل سرزد هوا هو

Culpa. فعل مجرمانه (بلانيت)

Culpa caret, qui scit, sed prohibere non potest (He is guiltless who knows but cannot prevent).

وه بے گناه جو جانتا هے ليکن روک نهيں سکتا

Culpæ adnumerantur, valuti si medicus curationem dereliquerit, male quempiam secuerit, aut perperam ei medicamentum. يهه جرايم خيال کئے جاتے هيں که اگر کوئي معالج علاج ميں غفلت کرے کسي پر عمل جراحي بري طرح سے کرے يا نامناسب دوا دے

Culpa est immiscere se rei ad se non pertinenti (It is a fault for any one to meddle with affairs in which he has no concern). يهه فعل بيجا هے که کسي دوسرے کے معاملات ميں جس سے اوسکو کچهه تعلق نه هو دست اندازي کرے

Culpa lata عفلت شدید

Culpa lata dolo œquiparatur (comparatur) A gross negligence is held equivalent (or is compared) to frud عفلت شدید مساوی (مثل) فریب کے خیال کی جاتی ہے مثلاً اگر کوئی شخص بالکل اسی طرح سے عمل کرے کہ گویا اوسکی نیت عداوتانہ تھی تو یہہ نہیں کہا جاسکتا کہ وہ محض عفلت تھی کیونکہ ہر آدمی کی نیت اوسکے افعال اور اونکے نتایج قرین قیاس سے قیاس کی جاتی ہے

Culpa levis. عفلت خفیف یا قابل معافی

Culpa tenet suos auctores (A fault binds its own authors) نتایج قصور اسی شخص پر عاید ہوتے ہیں جو اوسکا مرتکب ہوا ہو

Cum کب - کیونکہ - ہرگاہ - ساتھہ

Cum adsunt testimonia rerum quid opus est verbis ? جب کہ شہادت واقعات کی موجود ہو تو الفاظ کی کیا ضرورت ہے

Cum confitante sponte mitius est agendum جو شخص دعوی اقبال کرے اوسکے نسبت ملایم طور پر عمل کرنا چاہئے

Cum duo inter se pugnantia reperiuntur in testamento, ultimum ratum est (Where two things repugnant to each other are found in a will, the last prevails) جبکہ دو باتیں متناقض وصیت نامہ میں پائی جائیں تو آخر امر غالب رہیگا

Cum grano salis (With a grain of salt). معہ نمک مرچ کے - مبالغہ کے ساتھہ

Cum in testamento ambigue aut etiam perperam scriptum est, benigne interpretari et secundum id quod credibile est cogitatum credendum est. جبکہ کسی وصیت نامہ میں مبہم یا غلط فقرہ واقع ہو تو اوسکی تعبیر وسیع کرنی چاہئے اور مطابق منشاے موصی کے کرنی چاہئے

Cum nota احتیاط کے ساتھہ

Cum onera معہ بار کفالت

Cum par delictum est duorum semper oneratur petitor, et melior habetur possessoris causa (Where both parties are equally in fault the law favours him who is actually in possession). جب دونوں فریق برابر قصوروار ہوں تو قانوناً اوس پر جو واقعی قابض ہو زیادہ احتیاط کیا جائیگا

Cum quœritur in stipulatione quid acti sit, ambiguitas contra stipulatorem est. جب بحث یہہ ہو کہ معاہدہ کی اغراض کیا تھیں تو الفاظ مبہم کی تعبیر خلاف اوس کے کرنی چاہئے جسکا دوسرا دیندار یا ذمہ دار ہو

Cum testamento annexo معہ وصیت نامہ منسلکہ

*See Administratio cum.*

Curator, محافظ - ولی امین - منتظم

Curator bonis, ولی جایداد (نابالغ یا فاتر العقل)

Curia. عدالت - عدالت انصاف

Curia advisari vult (Abb. *c. a. v. or cur. adv. vult*) عدالت غور کرنا چاہتی ہے

Curia advisari vult post. عدالت بعہدہ راے دیگي

Curia cancellariœ officina justitiœ (The Court of Chancery is the workshop of justice) عدالت چانسري کارخانہ انصاف هے

Curiœ conscientiœ. - عدالت ايمان عدالت مطالبہ خفيفہ

Curia martialis. عدالت کورٹ مارشل

Curia pedis pulverizati عدالت Court of piepowder). گردآلودہ (يہہ عدالت متعلق هر بازار يا مېلہ کے هوتي تهي اور اسکا اختيار سماعت محض اون گردآلودہ خريداران و سوداگران کے تنازعات پر محدود تها جو اوسمېں آتے تهے)

Curia Requisitionum. *See Court of Requests* in the Voc.

Curiosa et captiosa interpretatio in lege reprobatur (A nice and captious interpretation is reprobated in law) باريک اور خود خواستہ تعبير قانون ناپسند کي جاتي هے

Currit tempus contra desides et sui juris contemptores (Time runs against the slothful and those who slight their own rights).
ميعاد اوسکے مقابلہ مېں گذرتي هے جو سست هوں اور جو اپنے حقوق پر لحاظ نہ کريں

Vigilantibus non... ملاحظہ طلب

Cursus curiœ est lex curiœ (The practice of the Court is the law of the Court). عملدرآمد عدالت قانون عدالت هے

Custantia خرچہ

Custode amovendo. (حکمنامہ بغرض) برطرفي

Custodes. محافظ

Custodia leges. حفاظت قانون

Custos morum. ولي اطوار و اخلاق ملک - يعني عدالت کوينس بينچ

Custos statum hœredis in custodia existentis meliorem, non deteriorem facere potest (A guardian can make the estate of an existing heir under his guardianship better, not worse). ولي وارث کي جايداد کو جو اوسکي ولايت ميں هو بہتر کرسکتا هے اور نہ خراب

Custuma parva et nova. خفيف و جديد محصولات

Cy-pres. قريب اوسکے
See in the vocabulary.

## D

Damonsa hœreditas- وراثت بے منافع ترکہ جسکي آمدني قرضجات سے کم هو

Damnum absque injuria (Damage without wrong). نقصان بلا فعل بيجا کے - ايسي صورت ميں نالش نہيں هوسکتي مثلاً کسي شخص کا ايک دوکاندار کے قريب اوسي قسم کي دوکان کهولنا ايک ايسا فعل هے جس سے پہلے دوکاندار کا نقصان متصور هے ليکن چونکہ يہہ فعل بيجا نہيں هے لہذا اسکي بابت نالش نہيں هوسکتي

Damnum emergence. ظاهر هونا کسي نقصان يا ذمہداري کا جسکا شبہ بهي نہو

Damnum facio. نقصان کرنے والا - نقصان پہونچانےوالا - (اون جانوروں

کي نسبت کہا جاتا ھے جو کسي دوسرے کي آراضي کو نقصان پھونچائیں)

Damnum fatale. نقصان قاطع - هرجه

یا نقصان جو کسي حادثه ناگدیر سے واقع هوا هو

Damnum infectum. خطره قریب الوقوع

Damnum sine injuria esse potest (Damage may result without a wrongful act). نقصان یا هرجه بلا کسي فعل بیجا کے واقع هوسکتا ھے

*See* Damnum absque...

Data (*sing*—Datum) واقعات جنسے نتیجه اخذ هو سکے

Datio دینا - دان - حواله کرنا

Datio contrahendi animo. انتقال جایداد بغرض لینے بدل کے یعني جاید کرنے کسي ذمهداري کے

Datio donandi animo (Transfer with intention of giving) انتقال دینے کي نیت سے - دان - هبه

Datio solvendi animo. انتقال جایداد بغرض بیباقي کسي قرضه کے

Da tua dum tua sunt (Give away what is yours till it is yours). دیو چیزوں کو جو تمھاري هیں جب تک که وه تمھاري هیں (یعني بعد وفات کے وه تمھاري نهیں رهیں گي)

Daus et retinens nihil dat (Giving but retaining is no giving). دینا لیکن قبضه رکھنا دینا نهیں ھے

De متعلق - (یهه لفظ اکثر فقرات کے شروع میں استعمال کیا جاتا ہے)

*See De bonis gestee*

De ambitu. حاصل کرنا عهده کا بذریعه رشوت کے

De arbitratione facto. حکمنامه جو اوس صورت میں جاري کیا جاتا ھے

جبکه کوئي نالس ایسے امر کي بابت دایر کي جاے جو فیصله ثالثي سے طے هوچکا هو

Debene esse جو کچهه که اوس کي وقعت ہے

Ex.—Taking evidence de *bene esse.* شہادت کا قبول کرنا بلا لحاظ اوسکي آیندہ وقعت کے اور محض بضابطہ اوسکي وقعت موجودہ کے (مثلاً بصورت گواهان کے جو شدید بیمار هوں یا جو ملک سے باهر جانے والے هوں شهادت اس خیال سے لي جاتي ھے که اگر گواه فوت هو جاے یا غیر حاضر رهے تو اوسکي شهادت موجود رهے

Debet esse finis litium (Law suits ought to come to an end). تنازعات ختم هونے چاهئیں

Debet quis juris subjacere, ubi delinquit (Every one ought to be amenable to the law of the place where he commits an offence). هر شخص کو اوس مقام کے قانون کے تابع هونا چاهئے جسمیں اوسنے جرم کا ارتکاب کیا هو

Debile fundamentum fallit opus (A bad foundation destorys the house). خراب بنیاد سے مکان برباد هوتا ہے

Debita sequuntur personam debitoris (Debts follow the person of the debtor). دیون مدیون کي ذات کے ساتھه رهتے هیں

Debito justitiæ. بذریعه دعوی مشتبه کے

Debitor non præsumitur donare (A debtor is not presumed to give).

مدیون کي نسبت دینا قیاس نہیں
کیا جاتا ھے (مثلاً اگر موصي مقروض
اپنے داین کے لئے کوئي جایداد ھبہ کرے
جو اداے قرضہ کے لئے کافي ھو اور
کوئي ذکر قرضہ کا یا اوسکے ادا کرنے
کي ترکیب نہ تحریر کرے تو ھبہ کي
نسبت یہہ سمجھا جائیگا کہ وہ باداے
قرضہ کي گئي اور داین زر قرضہ اور
جایداد موھوبہ دونوں نہیں لے سکتا
لیکن اس مسلہ عدل کي تقلید ایکٹ
وراثت ھند میں نہیں کي گئي ھے
ملاحظہ حال دعوات ۱۲۴-۱۲۶
ایکٹ ۱۰ سنہ ۱۸۶۹ع)

Debitorum pactionibus creditorum petitio nec tolli nec minui potest (The rights of creditors can neither be taken away nor diminished by agreements among the debtors). حقوق داینان کے بوجہہ اقرار مابین مدیونان کے کم یا زایل نہیں ھو سکتے

Debitum et contractus sunt nullius loci (Debts and contracts have no place) قرضہ جات اور معاھدات کسي مقام پر مخصوص نہیں ھیں (یعني قرضہ اور معاھدات کي نالس ھر جگہہ ھوسکتي ھے)

نوٹ — یہہ مثلہ مسترد ھے - بموجب ضابطہ دیواني کے نالشات پر بناے معاھدہ محض اونہیں مقام پر ھوسکتي ھیں جہاں بناے دعوی پیدا ھوا ھو یا جہاں سب مدعاعلیہم سکونت مستقل رکھتے ھوں یا جہاں کوئي مدعاعلیہ بروقت آغاز نالس کے فيالواقع سکونت رکھتا ھو جبکہ دیگر مدعاعلیہم سکونت اختیار کریں

Debitum fund قرضہ اصلي - قرضہ جسکا بار جایداد پر ھو

Debitum in præsenti. قرضہ واجبالادا

Debitum naturæ. موت

Debitum recuperatum. قرضہ وصول شدہ

De bonis non. ترکہ متوفي جسکا اھتمام نہوا ھو

De bonis testatoris. ترکہ موصي

De bono gestu. واسطے نیک چلني
Security *de bono gestu* مثلا ضمانت نیک چلني

De cetero. آیندہ سے

Decem tales (ایسے دس) - حکمنامہ جو اوس صورت میں جاري کیا جاتا تھا کہ جب کافي تعداد اشخاص جوري کي حاضر نہوں

Deceptio. فریب - دھوکہ

Decet tamen principem servare leges, quibus ipse servatus est (The prince should keep the laws by which he himself is preserved). بادشاہ کو چاھئیے کہ اون قوانین کو قائم رکھے جن سے وہ قایم ھے

Decimæ (tithes) - دسواں حصہ - دسواں حصہ سالانہ آمدني جو پوجاري کو واجبالادا تھا

Decisio litis. تصفیہ تنازعہ - مصالحت

Declaratio. استقرار

De computo. متعلق تصفیہ حساب

De consuetudinibus. حکمنامہ بغرض وصول کرنے لگان وغیرہ کے

De coronatore elignedo. حکمنامہ بغرض انتخاب کارونر کے

Decreet cognitionis causa. ڈگري بحق داین زمیندار متوفي مشعر استقرار

قرضہ تاکہ آراضي متوفي پر بار قرضہ قايم کيا جاے

Decrementum (as opposed to *incrementum*) کمي - تخفيف

Decreta conciliorum non ligant regesnostros. ڈگريات عدالت (کونسل) بادشاهان پر قابل پابندي نہيں هے

Decretum فيصلہ ڈگري

Decursu مطابق ضابطہ

*De cursu* proceedings کارروائيات باضابطہ متعلق نالش

De damnis متعلق هرجہ يا نقصان

De die in diem روز بروز - برابر

Dedi et concessi مينے ديديا اور عطا کرديا

De donis متعلق هبہ

De donis conditionalibus هبہ شرطيہ

De executione judicii متعلق اجراے ڈگري

De facto (*as opposed to* de jure) واقعي

See in the vocabulary.

Defamatio ازالہ حيثيت عرفي - توهين

Defectus sanguinis نہونا اولاد کا

Defendere se per corpus suum اپني جوابدهي اپنے جسم سے کرنا يعني جنگ باهمي (Duel) سے کوئي معاملہ طے کرنا

Defendere unica manu کسي الزام سے حلفاً انکار کرنا

Defensum زمين محيط - باڑا

Deficiente uno sanguine non potest esse hœres (One blood being wanting, he cannot be heir). چونکہ قرابت نسلي نہيں هے لہذا وہ وارث نہيں هوسکتا

De fide et officio judicis non recipitur quœstio ; sed de scientia sive sit error juris sive facti (The good faith and honesty of a judge cannot be questioned, but otherwise concerning his knowledge, whether he be mistaken as to the law or as to the fact)

جج کي نيک نيتي اور ايمانداري پر اعتراض نہيں هوسکتا ليکن اسکے فيصلہ کي نسبت خواہ وہ قانوني هو يا واقعاتي اعتراض هوسکتا هے - يہہ عام قاعدہ هے کہ جج در اوس امر کي بابت نالش يا استغاثہ نہيں هوسکتا جو اوسنے باستعمال اوس اختيار کے جو اوسکو حاصل هو يا اوس اختيار کے جو وہ نيک نيتي سے دور کرتا هو کہ اوسکو حاصل هے عدالتي کام کے انجام ميں کيا هو (ملاحظہ طلب تعزيرات هند دفعہ ٧٧)

Deforciamentum دهيت يا آراضي سے ملک حقدار کو محروم رکهنا

Deforciatio (distress) قرقي

De gratia بطور عنايت

Dehors (*F.*) غير متعلق - باهر - خارج

De idiota inquirendo (obsolete) Same as *De lunatico*

Dei gratia - ("By the grace of God) خدا کے فضل سے

Dei judicium حکم خدا سے

يہہ لفظ فيصلہ بذريعہ (يعني ordeal) گرم پاني ميں هاتهہ ڈالنا يا گرم لوهے پر چلنے) کي نسبت استعمال هوتا تها

De incremento زاید - مثلاً
Costs *de incremento* - خرچه زاید طلبانه گواهان و محنتانه وکیل وغیره جو مسل سے ظاهر نهوتا هو

De injuria (Abbreviated from De in juria sua propria) اپنے هي فعل بیجها هے

See *Absque* tali

De integro جدید - از سر نو

De jure بالاستحقاق - مثلاً
King de jure بادشاه جو بالاستحقاق حکم ران هو (بخلاف اوس بادشاه کے جو واقعي بلا اعطا بحث نسبت حق کے متسلط هو)

De jure judices, de facto juratoris, respondent (The judges answer to the law, the jury to the fact). جج قانون کا اور جوري واقعات کي نسبت جواب ده هے

De la plus Belle سب سے عمده آراضي
Dower *de la plus Belle* تملیک بحق زوجه جسمیں اوسکو سب سے عمده حصه شوهر کي جایداد سے دیا هو

Delator مخبر - مستغیث

Delatura (۱) الزام - مخبري
(۲) انعام مخبري

Del credere (It) - اعتماد دلانے والا ضامن

*Del credere* agent وه ایجنت جو مالک سے یهه ذمهداري کرلے که وه اون کل قرضجات کا ذمهدار هوگا جو خریدار سے واجب الادا هوں

Delectus personœ - حق انتخاب
یهه استحقاق شرکاے کارخانه شراکتي کا که وه کسي شخص غیر کو شراکت میں بلا رضامندي جمله شرکا نه کے داخل هونے دیں (ملاحظه طلب دفعه ۲۵۳ (۹) ایکٹ معاهده سنه ۱۸۷۲ع)

Delegata potest asnon potest delegari (A delegated power cannot be delegated) اختیار جو ایک شخص کو عطا کیا هو شخص مذکور دوسرے کو عطا نهیں کرسکتا

Delegatus non potest delegare (A delegate cannot delegate ) مختار دوسرے کو اپنا اختیار عطا شده نهیں دیسکتا بموجب قانون معاهده کے ایجنت قانوناً کسي دوسرے شخص کو اون اعمال کے کرنے کے لئے مقرر نهیں کرسکتا جسکے کرنیکا اوسنے صریحاً یا ضمناً بذات خاص اقرار کیا هو اسي طرح سے امین اپنا عهده یا فرایض سے امین شریک یا غیر کو (بجز خاص حالات کے) مفوض نهیں کرسکتا (ملاحظه طلب دفعه ۴۷ ایکٹ امانت سنه ۱۸۸۲ع) اور نه کوئي ثالث یا عهده دار عدالتي بجز اسکے که اوسکو خاص اس بارہ میں اختیار دیا گیا هو دوسرے کو اپنا اختیار مفوض کرسکتا هے لیکن مختار خاص کا مقرر کرنا اس مسله میں داخل نهیں هے

Deliberandum est diu quod statuendum est semet (That which is to be resolved once for all, shuld be well considered first). جس کام کے کرنے کا اراده کیا جاے اسپر غور بیشتر هونا چاهئے

Delinquens per iram provocatus puniri debet mitius (A delinquent provoked by anger should be more mildly punished). مجرم

کو جسکو بوجهه عصه کے اشتعال هوا هو کم سزا دینی چاهئے

De lunatico inquirendo. کسی شخص کی فاترالعقلی کی نسبت تحقیقات

De melioribus damnis نقصان کو کم کرنا - مثلاً

Taking judgment *melioribus damnis.* ڈگری بعوض کم کرنے یا نه حصه رسدی تقسیم کرنے هرجه ڈگری سده کے حاصل کرنا

De mal en pis (*Fr* ) بد سے بدتر

Dementia accidentalis. فاترالعقلی اتفاقی ( فاترالعقلی جو پیدایش کے وقت سے نهو)

Dementia affectata. فاترالعقلی مصنوعی - نشه

Dementia a nativitate / Dementia naturalis. } فاترالعقلی پیدایشی

De mercatoribus متعلق تاجران

De minimus non curat lex (The law pays no regard to trifling matters).

قانون ضعیف امور پر لحاظ نهیں کرتا عدالت قانونی عموماً غیر اهم معاملات یا بے ضابطگی ضعیف پر لحاظ نهیں کرتی هیں بجز اسکے که حق فریق پر اسکا اثر پهونچتا هو اسی طرحپر قانون ضعیف جرموں کو بهی جنکی کوئی معمولی مزاج کا آدمی شکایت نه کرے نظر انداز کرتا هے ( ملاحظه طلب دفعه ۹۵ تعزیرات هند سنه ۱۸۶۰ع

De morte hominis nulla est cunctatio longa (Concerning the death of a man no delay is long). کسی شخص کے موت کے بارہ میں غور کے لئے کوئی توقف کافی نهیں هے یعنی سزا موت دینے سے پیشتر خوب غور کرنا چاهئے

De motu proprio. اپنی هی مرضی سے

Demy-sangue. علاتی یا اخیافی

Denarii. دینار - زر نقد

Denarius Dei. بیعانه

De nautico fœnore سود متعلق قرضه جهاز

*See* Bottomry.

De nihilo nihil fit (From nothing nothing is produced). نیست سے کوئی چیز هست نهیں هوتی

De nomine proprio non est curandum cum in substantia non erretur (As to the proper name, it is not to be regarded where it errs not in substance). نسبت اسم کے جب که اوس سے نسبت شے اصلی کے غلطی نه هو لحاظ نه کرنا چاهئے ( کیونکه نام قابل تبدیل و بدل کے هیں لیکن اشیا حسب دستور دایم رهتی هیں)

De non apparentibus, et non existentibus, eadem est ratio (As to things not apparent, and those not existing, the rule is the same). اون اشیا کی نسبت جو ظاهر نهوں اور جو موجود نهوں ایک هی قاعده هے

De non ponendis in juratis. جوری میں حاضر هونے سے معاف هیں

De pace et legalitate tuenda. بغرض حفظ امن و نیک چلنی

De partitione facienda. متعلق بٹواره

Depositarius امانتدار

Depositum. زر امانت

Depositum est quod custodiendum alicui datum est (A deposit is

that which is given in the custody of another) امانت وہ ہے جو دوسرے شخص کے تحویل میں دی جاے

De prærogativa regis. نسبت استحقاق شاہی کے

Deprivatio a beneficio. کسی ملازم کو ترقی سے محروم رکھنا یا آمدنی سے محروم رکھنا

Deprivatio ab officio عہدہ سے محروم کرنا - (اسکو Depositio بھی کہتے ہیں)

De proprietate probanda. متعلق ثبوت اس امر کے کہ کسکی جایداد ہے

Deputatus. ڈپٹی - نایب

De questu suo. اپنے ہی فایدہ کے بابت

De quodam ignoto کسی شخص نامعلوم کی

De rationabili parte. (ایک حصہ معقول) حکمنامہ جو اوس صورت میں جاری ہوتا ہے جب ایک شخص نے منجملہ دو شرکا کے بمضرت شخص دیگر قبضہ کل کا حاصل کیا ہو

De religiosis. متعلق امور مذہبی

Derivativa potestas non potest esse major primitiva (The derivative power cannot be greater than the primitive) اختیار محصلہ (جو کسی سے حاصل ہوا ہو) اوس اختیار سے زیادہ نہیں ہوسکتا جو اختیار دینے والے کو تھا (یعنی کوئی شخص اوس سے زیادہ استحقاق یا حق منتقل نہیں کر سکتا جتنا کہ خود اوسکو حاصل ہو

Dernier resort. چارہ کار آخر - تدبیر آخر

De scandalis magnatum. متعلق توہین امرا

Descendit itaque jus, quasi ponderosum quid cadens deorsum recta linea, et nunquam reascendit. حق نازل ہوتا ہے (مثل ایک بھاری دتھور کے) سلسلہ مستقیم میں اور پھر اوپر نہیں چڑہ سکتا (یہہ مثلہ انگلستان زمانہ قدیم مسترد ہے)

Descripto personœ بیان شکل یا صفات

De se (of himself). اپنے لئے

Desideratum (Pl. Desiderata) شے مطلوبہ

Designatio justiciariorum est a rege, jurisdictio vero ordinaria a lege. تقرر ججوں کا بادشاہ کی طرف سے ہوتا ہے لیکن اونکے معمولی اختیارات قانون کی رو سے مقرر کئے جاتے ہیں

Designatio personœ کسی شخص کا نام یا عہدہ کا بیان

Designatio unius est exclusio alterius (The mention of one thing is the exclusion of another). ایک چیز کا بیان کرنا مساوی دوسرے چیز کے خارج کرنے کے

De similibus ad similia eadem ratione procedendum est (From similars to similars we are to proceed by the same rule). امور مشابہ کی نسبت ایک ہی قاعدہ ہے

De similibus idem est judicium (In like cases, the judgment is the same). یکساں مقدمات کے لئے ایک ہی تجویز ہونی چاہئے - اسی مسلہ کے لحاظ سے تقلید فیصلہ جات عدالت مساوی الاختیارات منحصر ہے اور اسی بنا پر فیصلہ جات کی وقعت ہوتی ہے

Desinit debitor esse is qui nactus est exceptionem justam nec ab æquitate naturali abhorrentum (He is no longer a debtor who has a defence that is righteous and consistent with natural equity). وہ شخص مدیون نہیں جسکي جوابدہي صحیح اور مبني بر عدل و انصاف اصلي ہو

De son tort اپنے ہي خود فعل بیجا سے
Executor *de son tort* وصي خود اپنے فعل بیجا سے یعني وہ شخص جو بلا کسي اختیار جایز کے ترکہ متوفي میں مداخلت کرے بغرض مکمل ہونے حق وصي مستحق کے یہہ ضروري ہے کہ اوسنے پروبیت حاصل کیا ہو اور بلا واقعي حاصل کرنے پروبیت کے جو شخص ترکہ متوفي میں دستاندازي کرے وہ ذمہدار اوس ترکہ کا ہے جو اوسکے قبضہ میں ہو اور اوسکي بابت وصي حقدار یا موصي لہ یا داین کا جوابدہ ہے

Desunt cætera باقي نہیں ہے
(یہہ الفاظ نامکمل بیان کے نیچے لکھے جاتے ہیں)

Desuetudo عدم استعمال

De terris acquisitis et acquirendis متعلق آراضیات مکتسبہ و آراضیات آیندہ حاصل ہونے والي کے

De terris mensurandis آراضیات قابل پیمایس

Detinet (Rom. Law) نالس دلانے خاص مال کي جسکا بموجب معاہدہ کے حوالہ کرنے کا وعدہ ہو

Detur digniori (Let it be given to the more worthy). جو شخص زیادہ لایق ہو اوسکو عہدہ دینا چاہیئے (لارڈ کیمپبل صاحب چیف جسٹس انگلستان فرماتے ہیں)
(There is no rule better established respecting disposal of every office in which the public are concerned than this *Detur digniori*).

De ulterioribus damnis ہرجہ مزید ہرجہ زاید

De una medietate. یک نصف

Deus solus hæredem facere potest, non homo (God alone, and not man, can make an heir). صرف خدا اور نہ انسان وارث بنا سکتا ہے
بموجب قانون انگلستان کے وارث قانوني بنانا انسان کے حیطہ اختیار سے باہر ہے گو شخص متوفي موصي لہ بنا سکتا ہے لیکن بموجب دھرم شاستر کے ہر شخص کو اجازت ہے کہ ذریعہ تبنیت کے وارث بناوے - قانون اسلام میں اصول تبنیت تسلیم نہیں کیا گیا ہے

Devastavit اوسنے ضایع کي ہے

Devastaverunt bona testatoris
اُنہوں نے ترکہ موصي تلف کیا ہے (یہہ فقرہ اوس صورت میں استعمال ہوتا ہے جب اوصیا نے قبل بیباقي قرضجات کے موصي لہم کو دیا ہو

De ventre inspiciendo متعلق معاینہ رحم

De vicineto قرب و جوار سے
Jury were summoned *de vicineto*.
جوري قرب و جوار سے طلب کي گئیں

Devisavit vel non. آیا موصي نے وصیت کي یا نہیں - جب عدالت چانسري میں درخواست ثبوت وصیت نامہ منجانب موصي لہ کے پیس کي جاتي

تهي تو يهه تنقيح هوتي تهي كه آيا شخص متوفي نے واقعي وصيت كي هے يا نهيں اور آيا وه كاغذ جو وصيت نامه بيان كيا جاتا هے متوفي كي وصيت هے يا نهيں

De viva hominis nulla cunctatio longa est (When the life of a man is at stake, no delay can be too long). جب كسي كي جان معرض خطره ميں هو تو كوئي دير (جو بغرض غور - نسبت حكم سزا كے هو) بهت زياده نهيں هے

Dextras dare. اپنے آپكو كسي كے اختيار ميں دينا - مصافحه كرنا

Dextro tempore. مناسب موقع پر

Diarium. روز نامچه

Dictor. ثالث

Dictum, *See* in the vocabulary.

Dictum de dicto. افواه

Dictum as piente sat est. عاقلان را اشاره كافي است

A word to the wise is enough

Diem clausit extremum. اوسنے اپنا روز آخر ختم كيا (فوت هوا)

Dieu defend le droit. خدا حق كا محافظ هے

Dieu et son acte. قضا و قدر
See *Vis major.* حادثه قدرتي

Dies cedit (Rom. Law) يوم جس سے حق شروع هوتا هے

Dies datus. يوم مهلت جو كسي اسامي كو عدالت نے ديا هو

Dies dominicus non est juridicus (Sunday is not a day in law). يكشنبه قانونا يوم نهيں هے يهه مسئله هندوستاني كارروائيهاے علمي متعلق نهيں اور نه كارروائي درجداري سے

Dies gratiæ (Day of grace) which See in the vocabulary. يوم رعايتي

Dies in banco يوم اجلاس

Dies inceptus pro completo habetur (A day begun is held as complete). يوم جو شروع هوا مكمل سمجها جاتا هے (يعني دن كا حصه بهي مكمل دن سمجها جاتا هے)

Dies juridicus. يوم عدالتي

Dies specialis يوم خاص

Dies is in obligationibus non ponitur, præsente die debetur (If a day for payment is not stated in bond, the money is due on which it is executed). اگر تمسك ميں تاريخ روانگي نهو تو زر طلب روز قابل ادا هے جس روز كه تمسك تحرير هوا هو

Dies venit. دن آگيا - يوم ادا

Dies votorum. يوم ازدواج

Dieta rationabilis پورے دن كا سفر يا كام

Dieu et mon droit. يهه جمله كوٹ آف آرم شاهي پر (Royal Arms) تحرير رهتا هے - اسكي مراد يهه هے كه بادشاه اپنے حق سے اور فضل خدا سے حكمران هے

Difficile est ut unus homo vicem duorum sustineat (It is difficult that one man should sustain the place of two). يهه مشكل هے كه ايك آدمي دو شخصوں كے كام پر رهے

Difficilem oported aurem habere ad criminalis (One should ha

slow in giving ear to accusation). کسي کي برائي يا الزامات پر بہت توجہ نہ کرنا چاھئے

Difforceare rectum. انصاف سے محروم رکھنا - انصاف نکرنا

Digamia (Digamy). اردواج دوسري زوجہ سے بعد وفات زوجہ اول کے بہہ جايز ھے ليکن بگيمي (Bigamy) قابل سزا ھے

Dignitarii. اشخاص ذي رتبہ - اشخاص ذي مقدرت

Dilationes in lege sunt odiosœ (Delays in law are odious) تساهل کارروائي قانوني ميں نہايت نا پسنديدہ ھے

Diligentia. هوشياري - مستعدي

Diminutio. کمي
يہہ اوس صورت ميں ھوتا ھے جب کہ مدعي يا مدعاعليہ بر طبق اپيل کے يہہ بيان کرے کہ جزو مثل کا فروگذاشت ھو گيا ھے اور عدالت ادنى ميں بلا تصديق ارسال کے موجود تھے

Dimisi, conces si, et ad firman tradidi (Demise, grant, and let to farm). يہہ الفاظ پٹوں ميں لکھے جاتے ھيں يعني منتقل کي - عطا کي اور پٹہ پر دي

Disadvocare. انکار کرنا - کسي بات کو تسليم نہ کرنا

Disboscatio بنجر توڑنا - يا جنگل کي زمين کو کاشت کرنا

Discretio est scire (discerneri) per legem quid sit justum.
اختيار تميزي سے مراد جاننا ھے کہ بموجب قانون کے کيا مناسب ھے - يہہ اختيار خود خواستہ نہيں ھے بلکہ مناسب اور معقول ھونا چاھئے اور اصول انصاف پر مبني ھونا چاھئے (ملاحظہ طلب دفعہ ۲۲ ايکٹ دادرسي خاص سنہ ۱۸۷۷ع)

Disparata non debent jungi.
متخالف اشيا شامل نہيں ھو سکتيں

Dispensatio (Dispensation) اجازت خاص - استثناے خاص کسي حکم قانون سے - اجازت کسي شے ممنوعہ کي

Dispersonare. تحقير کرنا - برائي کرنا

Disrationare. کسي قصور سے اپنے آپکو بري کرنا - جواز ثابت کرنا

Disseisin. بيدخلي

Disseisinam satis facit, qui unti non permitut possessorem, vel minus commode, licet omnino non expellat. (He makes disseisin enough who does not permit the possessor to enjoy, or makes his enjoyment less beneficial although he does not expel him altogether). وہ شخص بيدخل کرتا ھے جو قابض کو جايداد پر متصرف نہ ھونے دے يا کم فايدہ حاصل کرنے دے اگرچہ وہ اوسکو کليتاً بيدخل نہ کرے

Distinguenda sunt tempora, زمانہ اور زمانہ ميں فرق ملحوظ رکھنا چاھئے

Distingue tempora, et concordabis leges (Distinguish times and you will make laws agree).
زمانہ زمانہ ميں امتياز کرو تو قانون مطابق وقت کے موضوع ھوگا

Districtio. قرقي

Distringas. حکمنامہ بنام شيرف بغرض قرقي

Distringas ad infinitum. تم ترقي کرو بنا حدود کے

Distringas juratorum corpora. حکمنامہ بغرض گرفتاري اهلیان جوري کے جو عدالت میں حاضر نہوں

Diversite des courtes. اختلاف مابین عدالت

Divide et impera (Divide and govern). تفرقہ پیدا کرو اور حکومت کرو یہہ مرکب پالسي اکثر حکمران کي هوتي هے کہ اولاً باشندگان ملک میں علحدہ گي پیدا کرنا تاکہ اونکي قوت جو بموجب یکجائي کے تهي زایل هوجاے اور بعدہ اونپر حکومت کرے

Dividenda دستاویز کا ایک جزو-دستاویز

Divinatio non interpretatio (Conjecture is not an interpretation.) قیاس تعبیر نہیں هے

Divinatio omnins recidit litera. (It is conjecture not interpretation which wholly differs from the latter). یہہ قیاس هے اور نہ تعبیر جو معني الفاظ سے کلیتاً مختلف هو

Divisa (Devise). تقسیم مال (ترکہ بذریعہ وصیت آخر)

Divisibilis in semper aivisibilia (A thing divisible may be for ever divided). شے قابل تقسیم همیشہ تقسیم هوسکتي هے

Divortium (Divorce). طلاق - افتراق

Dixit quod non voluit. اسنے وہ بات کہي هے جو اوسکا منشا نہیں هے

Do. میں دیتا هوں

Doli capax. قابل ارتکاب جرم

Doli incapax, نا قابل ارتکاب جرم بموجب قانون هند کے ۷ سال سے کم عمر کا طفل نا قابل ارتکاب جرم سمجھا جاتا هے - مابین ۷ اور ۱۲ سال کے یہہ امر تنقیح طلب هوتا هے کہ آیا طفل قابل سمجھنے ماهیت اپنے فعل کے تها یا نہیں لیکن قیاس یہہ هوتا هے کہ وہ ناقابل ارتکاب جرم تها

Dolo facit qui petit quod redditurus lest (It is fraudulent to claim what you must restore). یہہ فریب هے کہ اوس چیز کا دعوی کیا جاے جو تمکو واپس کرنا چاهئے -

Dolo malo pactum se non servaturum (An agreement arising out of fraud is not to be observed). اقرار جو فریب سے حاصل کیا گیا اذر پذیر نکرنا چاهئے - عہد جو فریب سے کیا گیا هو قابل منظوري نہیں هے

Dolo proxima. فریب کے لگ بهگ

Dolosus versatur in generalbius. (A deceiver deals in generalities). دهوکا دینے والا عام الفاظ یا عبارت استعمال کرتا هے عموماً فریبي مدعي یا مدعاعلیہ عبارت عام اور غیر محدود استعمال کرتے هیں

Dolus (Rom. Law). فریب

Dolus auctoris non nocet successori (The fraud of a predecessor prejudices not his successor). فریب پیشرو کا اوسکے جانشین پر موثر نہیں هوتا

Dolus bonus - چالاکي بہ نیک نیتي ترکیب جو قانوناً جایز هو مثلاً ترکیب حق شفع زایل یعني ایک جزو مکان یا موضع کا علحدہ کرکے هبہ کردیا جاے اور باقي فروخت کردیا جاے تو اس صورت

میں جزو مبیعہ کي نسبت شفع نہیں ھو سکتا (ملاحظہ طلب شرع محمدي)

Dolus dans locum contractui. فریب مقام معاھدہ میں غلط بیاني جس سے کسي کو معاھدہ کرنے کي ترغیب ھو یہہ ایک بنا ابطال معاھدہ کي ھے

Dolus malus. چالاکي بد نیت بد - فریب - دھوکہ - دغا

Domicilium originis. مقام سکونت ابتدائي - مقام سکونت بوجہہ پیدایش

Domicilium re et facto transfertur, non nuda contestatione (Change of domicile is proved by facts and actions, not by a simple declaration). تبدیل سکونت مستقل واقعات و افعال سے ظاھر ھوتي ھے اور نہ محض بیان سے

Dominicum, (demesne). وہ آراضیات جو مالک علاقہ اپنے ھي قبضہ میں رکھے (بمقابلہ ارن آراضیات کے جو کاشت پر اوتھادي جائیں) آراضي سیر

Dominium. (Rom. Law). ملکیت شے (بمقابلہ محض حق قبضہ کے)

Dominium a possessione cæpisse dicitur (Right is said to have its beginning possession). حق کي پیدایس قبضہ سے بیان کي جاتي ھے

اسي اصول پر انگریزي مسلہ قبضہ جو ایک اعلی جزو قانون کا ھے مبني ھے

(Possession is nine parts of the law).

Dominium directum. ملکیت قطعي یا بلا توسط

Dominium eminens. ملکیت اعلی حق جو ھر بادشاہ کو اس بارہ میں حاصل ھے کہ اپنے رعایا کے مال کو رفاہ عام کے لئے استعمال کرے

Dominium utile. قبضہ بغرض منافع یا قبضہ اسامي

Dominus aliquando non potest alienare (A lord sometimes is incapable of alienating). مالک اعلی بعض مرتبہ ناقابل انتقال کرنے جایداد کا ھوتا ھے

Dominus capitalis loco hœredishabetur, quoties per defectum vel delictum, extinguitur sanguis sui tenentis. مالک حقیت بجاے وارث اسامي کي اوسوقت ھوتا ھے جبکہ خواہ اسامي کا وارث نسلي نرھا ھویا برجہہ جرم کے اوسکا حق زایل ھو جاے (ھندوستان میں مسلہ خرابي خون تسلیم نہیں کیا گیا ھے - لہذا یہاں حقیت اسامي صرف بوجہہ نرھنے وارث حقدار کے ساقط ھوتي ھے)

Dominus justiciarius communium placitorum (Chief Justice of the Common Pleas). چیف جسٹس کامن پلیز

Dominus litis. پیروکار مقدمات ایڈوکیٹ - خبرگیران مقدمہ

Dominus non maritabit pupillum nisi semel (A lord cannot give a ward in marriage except once). والي ملک نابالغ کو صرف ایک مرتبہ ازدواج کے لئے دے سکتا ھے

Dominus pro tempore. مالک تھوڑے عرصہ کے لئے

Dominus rex nullum habere potest parem multo minus superiorem (The king cannot have, an eq^uuu^

much less a superior). بادشاہ کے کوئي برابر نہیں ھے چہ جائیکہ عالي

Domitœ naturœ animalia. جانوران پلاؤ یا خانگي مثل بیل گھوڑے وغیرہ کے

Domo reparanda. بغرض مرمت مکان یہہ حکمنامہ بنام اوس شخص کے ( زمانہ سابق میں ) جاري ھوتا تھا جسکے مکان کے گرنے سے پڑوسي کے مکان کو خطرہ ھو ( اب-اس کارروائي کے لئے حکمنامہ مجسٹریت بموجب مجموعہ ضابطہ فوجداري کے جاري کرسکتا ھے )

Domus dei. خدا کا گھر - یعني اسپتال و خیراتي مکانات وغیرہ)

Domus Procerum (Abb. Dum Proc. or D. P.) - ھوس آف لارڈس جلسہ امراے سلطنت و امراے مذھبي

Domus sua cuique est tutissimum refugium. ھر شخص کے لئے اوسکا گھر نہایت محفوظ جاے پناہ ھے انگریزي میں یہہ مسلہ اسطرح پر ھے

Every man's house is his castle. لیکن یہہ مسلہ مستثنیات سے خالي نہیں ھے

مثلا (۱) جبکہ مکان کا دروازہ کھلا ھو طالب احکام ضابطہ دیواني نسبت قرقي شخص کو جسکي نسبت اجرا کیا گیا ھو قرق یا گرفتار کرسکتا ھے (ملاحظہ قرق اصین باجراے ڈگري شے یا - ( ۲ ) مکان کسي شخص کا سواے اوس شخص کے لئے جاے پناہ نہیں ھے - چنانچہ اپنے مکان میں کسي مجرم کو (بجز اسکے کہ وہ شوھر یا زوجہ ھو ) پناہ دینا جرم قابل سزا ھے (۳) اور نہ کوئي شخص غیروں کا مال اپنے مکان میں رکھکر یا چھپاکر قرقي یا نیلام سے بچ سکتا ھے اور نہ دائنیان کے مطالبہ سے محفوظ رکھہ سکتا ھے

Dona clandestina sunt semper suspiciosa (Clandestine gifts are always suspicious). ھبہ جات مخفي یا پوشیدہ ھمیشہ مشتبہہ ھوتي ھیں

Donare videtur quod nullo jure cagente conceditur (That may be considered as a gift which is bestowed without legal obligation). وہ شے موھوبہ خیال کي جاسکتي ھے جو بلا کسي ذمہداري قانون کے بخشي جاے

Donatiŏ. ھبہ - وقعت

Donatio feudi. ھبہ حقیت

Donatio mortis causa. ھبہ مرض الموت اس قسم کي ھبہ کے لئے یہہ باتیں ضروري ھیں (۱) واھب کا بخیال وفات کے اوسوقت ھبہ کرنا جبکہ وہ بیمار ھو - (۲) ھبہ اوسکے وفات کے بعد اثر پذیر ھونے والي ھو (۳) قبضہ واقعي یا علامتي شے موھوبہ کا

Donationes sun stricte juris ne quis plus donasse prœsumitur quam in donatione expresserit (Gifts are to be construed strictly ; that no one be presumed to have given more than is expressed in the gift). دستاویز ھبہ کي سختي سے تعبیر کرني چاھئے اور کسي شخص کي نسبت اوس سے زیادہ بخشنا قیاس نکرنا چاھئے جو اوس سے ظاھر ھو

Donatio non mortis causa. ھبہ جو بخیال موت نہ کیجاے

Donatio non præsumitur (A gift is not presumed). هبة قياس نهيں كيا جاتا هے

Donatio perficitur possessione accipientis (A gift is perfected by possession of the receiver). هبة بذريعة قبضة موهوب لة كے مكمل هوجاتا هے
بموجب شرع محمدي يا دهرم شاستر كے هبة جايز كے مكمل هونے كے لئے قبضة كا ديا جانا ضروري هے - ليكن جن مقامات ميں قانون انتقال جايداد جاري هے قبضة لازمي نهيں هے بلكة بموجب ايكت رجستري كے هبة كي رجستري ضروري هے

Donatio propter nuptias. جايداد جو شوهر بوقت ازدواج دے (بمقابلة جهيز كے جو عورت كے رشتةداران بوقت ازدواج دين جسكو انگريزي ميں Dowry كهتے هيں)

Donator nunquam desinit possidere antequam donatarius incipiat possidere (The donor never ceases to possess before that the receiver begins to possess). دينے والے كا قبضة اوس وقت سے پيشتر نهيں جاتا جبكة موهوب لة يا لينے والا اوسپر قبضة كرنا شروع كرے

Donec probetur in contrarium. تا وقتيكة خلاف ثابت نة هو

Donum gratuitum هبة بلا عوض ( برخلاف هبة بالعرض )

Dos. جهيز
*See* Donatio propter.

Dos mulieris. جهيز – مال جو زوجة بياة ميں شوهر كے گهر لاے

Dos rationabilis. مهر معقول

Dotarium. مهر - وة حصة جايداد شوهر كا جو اوسكي بيوة كو بوقت شوهر كي وفات كے ملے

Doti lex favet ; præmium pudoris est, ideo paicatur (The law favors dower ; it is the reward of chastity therefore it is to be preserved). ازروے قانون مهر پسنديدة خيال كيا جاتا هے - يهة ايك انعام عفت كا هے لهذا اسكو قايم ركهنا چاهئے - (يهة مسلة قانون كا هے جبكة واقعات مشتبهة هوں تو مهر كے هونے كي نسبت قياس كيا جاتا هے)

Do, ut des (Rom. Law. (ميں ديتا هوں يا كة تم دو ) بموجب قانون روم كے يهة ايك معاهدة هے

Do, ut facias. (Rom. Law.) ميں ديتا هوں تاكة تم دو يا انعام دو (كوئي خدمت) يهة معاهدة خدمت هے

Droit (Fr.) حق - استحقاق - انصاف - عدل

Droit coutumier. قانون رواجي

Droit de aubaine (Fr.) حق بادشاة نسبت ضبطي جايداد دشمن

Droit-droit (Fr.) Same as *jus duplicatum*.

Droit ne poit pas morier (Fr.) (A right never can die). حق كبهي ساقط نهيں هوسكتا هے

Duas uxores eodem tempore hebere non licet (It is not legal to have two wives at a time). يهة جايز نهيں هے كة ايك هي وقت ميں دو زوجة هوں هندوستان ميں زدواج ثاني بة حين حيات زوجة جرم هے (بجز خاص صورتوں كے جنميں ازروے قانون ذاتي كے يهة ركها گيا هو)

Dubitante. شبهہ هے
یہہ لفظ رپورٹ هاے قانوني میں اِس غرض سے استعمال کیا جاتا هے کہ جج کو کسي خاص امر کي نسبت شبهہ هے

Duces tecum. تم اپنے ساتهہ لاؤ - حکمنامہ (بنام کسي شخص کے بغرض پیش کرنے دستاویز کے) نسبت استحقاق پیش کرنے دستاویزات کے ملاحظہ طلب ضابطہ دیوانی و ایکٹ شہادت

Duellum (duel) (*q. v.*) دهرم جدہ

Dulee et decorum est pro patria patria mon (It is sweet and glorious to die for one's country). اپنے ملک کے لئے جان دینا ایک اعلی اور خوبي کي بات هے

Dum bene se gesserit. جب تک کہ وہ اپنا چال چلن درست رکهے

Dum casta vixert. جب تک کہ وہ اپنا چال چلن درست رکهے

Dum casta vixerit. جب تک کہ وہ عفتدار یا پاکدامن بني رهے

A widow is entitled to maintenance *dum casta vixerit.* بیوہ مستحق نفقہ کي اوسوقت تک هے کہ وہ عفت قائم رکهے—

Dum *casta* clause. دفرہ شرطیہ (مندرجہ دستاویز طلاق) مشعر قائم رهنے نفقہ زوجہ کے تاوقت اوسکے عفت سے رهنے کے

*Dum fuit infra ætatem.* (جب تک کہ وہ نابالغ رهے حکم بحق اوس شخص کے جسنے قبل بلوغ اپني جایداد منتقل کي هو اور اوسکو منتقل الیہ سے واپس لینا چاهتا هو

Dum sola. بزمانہ بلا ازدواج رهنے کے

Dum spero spero جب تک سانس تب تک آس

Dum tamen. باوجودیکہ

Duodena جوري ۱۲ اشخاص کي

Duo non possunt in solido umam rem possidere (Two persons can not possess one thing in entirety) دو اشخاص ایک هي چیز پر کلیتاً قبضہ نہیں رکهہ سکتے

Duo sunt instrumenta ad omnes res aut confirmandas aut impugnandas ratio et auctoritas (There are two instruments either to confirm or impugn all thing reason and authority).جملہ اشیاے کے بحال اور مسترد رکهنے کے لئے دو ذرایع هیں - عقل اور نظیر یا سند

Duplex placitum (Double plea). دوهرا عذر یا حواب - مثلاً جبکہ مدعاعلیہ دو مختلف عذر نسبت نالش مدعي کے بیان کرے حالانکہ ایک هي کافي هو

Duplicatio (Rom. Law). جواب الجواب

Duplicationem possibilitis lex non patitur (The law does not allow a duplication of possibility). قانون میں امکان در امکان جایز نہیں رکها گیا هے

Durante. اثناے - مابین

Durante absentia. غیر حاضري میں

Durante bene placito (During His Majesty's pleasure). جب تک هماري ( بادشاہ کي ) خوشي رهے

Durante lite. دوران نالش
*See* Pendente lite.

Durante minore œtate. اثناے کمي عمر میں - اثناے نابالغي میں

Durante regno. اثناے بادشاهي میں- اثناء حکومت میں

Durante viduitate. زمانه بیوگي میں یهه فقره ایسے عطیات کي نسبت استعمال کیا جاتا هے جنمیں عطیه صرف تازمانه بیوگي محدود کیا جاے

Durante vita. حین حیات

Durities (Duress). تشدد

E

Eadem mens praesumitur regisquæ est juris (The mind of the sovereign is presumed to be coincident with law. بادشاه کي مرضي اور قانون ایک هي قیاس کئے جاتے هیں (اس مسئله کا منشا یهه هے که بادشاه فعل بیجا کرنے بلکه خیال کرنے کے بهي ناقابل تصور کیا جاتا هے - اور جب کوئي فعل ایسا ظهور میں آتا هے تو اوسکي نسبت یهه خیال کیا جاتا هے که وه دهوکه دهي یا غلط بیاني سے کرایا گیا

Ea est accipienda interpre quœ vito caret (That interpretation is to be received which is free from fault). وه تعبیر قبول کرني چاهئے جو نقایص سے مبرا هو

Ea quæ comendandi causa venditionibus dicuntur si palam appereant venditorem non obligant (The vendor will not be liable for mere praise of his merchandise if the defects be apparent at the time of the bargain). بایع اپنے مال کي محض تعریف کرنے کي وجه سے ذمهدار نه هوگا اگر اوس چیز کا سقم یا نقص بوقت معاینه کے ظاهر هو (یهه مسئله محض ایک حد تک درست هے کیونکه بایع پر لازم هے که مال کو خصوصاً خورد نوش کي اشیاے) اچهي حالت میں فروخت کرے (ملاحظه طلب دفعات ۱۰۹ لغایت ۱۱۶ - ایکٹ معاهده سنه ۱۸۷۲ع) اور بایع پر یهه بهي ذمهداري هے که مال بموجب نمونه یا بیان کے هو

Ea que raro acciduut, non temere in agendis negotiis computautur (Those things which seldom happen are not rashly to be taken into account in transacting business). اون امور پر جو شاز و نادر واقع هوتے هیں کسي کام یا کارروائي کے کرنے میں لحاظ نکرنا چاهئے

Eat inde sine die. بلا توقف اوسکو جانے دو (یهه الفاظ مقدمه کے تنسیس هونے پر تحریر کئے جاتے هیں)

Ecclesia est infra ætatum et in costodia domini regis, qui tenetur jura et hæredi tates ejusdem manu tenere et defendere (The church is under age, and in the custody of the king, who is bound to uphold and defend its rights and inheritances). چرچ کم سن هے اور یهه زیرنگراني بادشاه کے هے اور اوسکو لازم هے که اوسکے حق و حقوق و مال و ثروت کو قایم اور محفوظ رکهے

Ecdicus. اٹرني کارپوریشن کا - مختار کسي جماعت کا

Eaontra. بجانب دیگر

Econverso بخلاف اسکے

Edictum. اِشتہار - حکمنامہ

Effectus sequitur causam. اثر بعد سبب کے هوتا هے

Eigne (Fr.). سب سے بڑا بزرگ تریں

Ei incumbit probatio qui dici non qui negat. (The burden of proof lies upon him who asserts, not upon him who denies). بار ثبوت اوس پر هوتا هے جو کسي بات کو بیان کرے اور نه اوس پر جو اوس سے انکار کرے

Ejecit infra terminum. اوس نے اوسکو قبل اختتام میعاد بیدخل کردیا

Ejusdem generis. ایک هي قسم کا عام طور پر عام الفاظ - کے معني وسیع لینے چاهئیں بجز اُسکے که یهه معلوم هو که کسي خاص صورت میں صحیح تعبیر دستاویز کرنے کے لئے الفاظ مذکور معني محدود میں اوسي قسم کي اشیاے سے متعلق هیں جو خاص طور پر بیشتر بیان کي گئیں

Ejusest non vile qui potest velle (He who can say yes can say not). جو هاں کهه سکتا هے وه نه بهي کهه سکتا هے

Ejus est periculem cujus est dominium aut commodum. (He who has the advantage has the risk). جس شخص کو فایده هے اوسکو خطره بهي هے

Ejus est nulla culpa est cui parere necesse sit. (He is not in any fault who is bound to obey). وه قصوروار نهیں هے جو حکم کا پابند هے

مثلاً کوئي سپاهي جو اپنے عهدهدار بالا کے حکم سے قانون کے مطابق کسي مجمع میں بندوق چلائے مجرم نهیں هے لیکن اندهوں کي طرح تعمیل حکم سے کوئي ماتحت معذور نهیں سمجها جاتا

Eleemosyna. خیرات - ملکیت چرچ (گرجا)

Elegit. (اسنے پسند کیا هے) - یهه ایک حکمنامه بنام ڈگري دار صادر هوتا تها که خواه وه مدیون کي جایداد کا منافع لینا قبول کرے خواه مال منقوله مدیون بابهاے ڈگري زر قرضه وصول کرے

Elinquo. زبان کاٹنا - یهه ایک قسم کي سزا تهي

Elongate. *See* in the vocabulary.

Emancipatio. *See* in the vocabulary.

Emendare. کسي جرم یا مداخلت بیجا کا معاوضه کرنا

Emphyteusis. پٹه استمراري

Empiricus. (A quack.) معالج بلا علم

Emptiones vel acquisitiones suas det cui magis velit. Terram autem quam ei parentis dederunt, non mittat extra cognationem suam. (A man may give his purchased or acquired property to whom he pleases, but he cannot transfer in exclusion of his kindred the lands which his parents have left him) کوئي شخص جایداد جو اسنے خریدي هو یا حاصل کي هو جسکو چاهے دیسکتا هے لیکن وه جایداد جو اوسکے والدین (مورثان) نے چهوڑي هو بمحرومي رشتهداران کے

منتقل نہیں کرسکتا - ( یہہ ھي مسلہ دھرم شاستر کا ھے )

Emptio venditio (Rom. Law) معاهدہ بیع

Emptor. بایع - فروخت کنندہ

Emptor emit quam minimo potest, venditor vendit quam maximo dotest (A purchaser buys for the least he can, a vendor sells for the most he can sell). خریدار جسقدر کم پر هو خریدتا ہے اور بایع جسقدر زیادہ قیمت ملے اوس پر فروخت کرتا ہے

En auter droit Same as *Autre droit* (q. v)

Enditor. الزام لگانا - جرم قایم کرنا

En eschange il covient que les estates soient egalee (In exchange it is desirable that the estates be equal) تبادلہ میں یہہ مناسب ہے کہ جایداد برابر کي هوں

En especes an cours de ce jour. نقد سکہ مروجہ زمانہ حال

Enitia pars dignitas primogeniti احنیا بزرگ ترین شریک خاندان مشترک کا نسبت اولاً پسند کرنے حصہ کے بعد اسکے کہ وراثت منقسم هوئي هو - ( یہہ اوس صورت میں هوتا ہے کہ جب بوجہہ نہونے وارث قسم ذکور کے ترکہ دختران کو پہونچے )

Enlarger l'estate (Fr.) توسیع حقیت مثلاً جب کوئي حقیت زید کے حیات کے لئے اور اوسکے بعد بکر اور اوسکے ورثا کے لئے هو اور اگر بکر اوس حقیت سے بحق زید دست برداري کرے تو یہہ کہا جائیگا کہ زید کي حقیت کي توسیع هوئي (Enlarged)

Eodem legamine quo legatum est dissolvitur (A bond is released by the same formalities with which it is contracted). دستاویز (یا قرضہ) سے اوسي طرح براءت حاصل هوني چاهئے جسطرح کہ وہ عاید کي گئي تهي

Eodem modo quo quid constituitur, eodem modo dissolvitur-destruitur (In the same way in which anything is constituted in that way it is dissolved or destroyed). جسطرح سے کوئي چیز قایم کیجاتي ھے اوسي طرح سے وہ رفع یا معدوم کي جاتي ہے

Eo instanti. اسي لمحہ پر - اوسي گھڑي

Eo intuitu. اسي نظر سے - اوسي منشا سے

Eo nomine. اوسي نام سے - اوسي مد میں - اوسي حساب میں

Eo sunt animadvertenda peccata maxime, quæ difficilime præcaventur (Offences should be most severely punished which are most difficult to provide against). ان جرایم کي نہایت سخت سزا هوني چاهئے جنکا بندوبست کرنا نہایت مشکل ھے

Episcopus. بشپ - پادري اعلیٰ

Erraticum. جانوران جنگلي ( یعني جو پهرتے رهتے هیں)

Errores ad sua principia referre, est refellere. غلطیوں کے اصول نکالنا گو یا اونکي تردید کرنا ھے

Errores scribentis nocere non debet (Clerical errors ought not to do harm). علطي كاتب سے نقصان نه پہونچنا چاهئے

Error fucatus nuda veritate in multis est probabilior (Varnished error is in many cases more probable than naked truth). علطیاں مرصع اکثر صورتوں میں بہ نسبت راستي عریان کے زیادہ قرین قیاس معلوم هوتي هیں

Error nocet erranti (An error hurts him that errs). علطي علطي کرنے والے کو نقصان پہونچاتي هے

Error personæ. علطي نسبت شناخت

Error nominis. ( بخلاف محض علطي نام کے)

Error, qui non resisitur, approbatur (An error not resisted is approved). غلطي جسکي تردید نه کیجاے مقبول هو جاتي هے

Escapium. اتفاق - حادثه

Esse in bonis. کسي چیز پر قابض هونا

Essoin de infirmitate. معافي عدالت کي حاضري سے بوجهه ضعف یا بیماري کے

Estouviers. See *Estovers* in the vocabulary.

Estoveriis habendis. ڈگري بحق زوجه مطلوقه بغرض دلا پانے وطیفه کے

Et heredibus. اور ورثا

Et hoc paratus est verificare. اور یهه وه تصدیق کرنے کو آماده هے

Et ideo. پس - لهذا - چنانچه

Et quidem naturali jure communia sunt omnium hœc aer, aqua profluens, et mare, et per hoc litora maris. بموجب قانون قدرت کے یهه چیزیں جمله بني آدم کے لئے مشترک هیں - هوا - آب رواں - سمندر اور اسي قاعده سے کناره سمندر

Et sequitur. اور یهه نتیجه هے

Et si super totum, &c. اور اگر کل کے دیکهنے سے

Eum qui nocentum infamat, non est æquum et bonum ob eam rem condemnari (It is not just to condemn him who describes a bad man). یهه مناسب نهیں که اوس شخص کو سزا دیجاے جو کسي بدمعاش کي نقل کرے (یعنے یهه سودمند هے که بد اطوار یا بدمعاس کي اظهر من الشمس هوں

Ex abrupto. بلا طیاري کے - یکایک

Ex absurdo. بیہودگي یا بیہودگي پر عمل کرنے سے

Ex abundanti cautela. زیاده یا مزید احتیاط کے باعث

Ex abusu non argumentum ad desuetudinem (The abuse of a thing is no argument for its discontinuance). کسي چیز کا بري طور پر کام میں لانا کوئي دلیل اوسکے موقوف کرنے کي نهیں هے (مثلاً چونکه اکثر داین بے حد سود لگاتے هیں لهذا سود دلانا بند کردیا جاے کوئي دلیل معقول نهیں هے - اور اصطلاح پر عمل کرنے سے تجربه سے معلوم هوا که کچهه فایده نهیں هوتا)

Ex æquo et bono. بموجب عدل و نیک نیتي کے

Ex animo. دل سے

Ex antecedentibus et consequentibus fit optima interpretatio (A passage will be best interpreted by reference to that which precedes and follows it). کسي دفره کي تعبير کا بهترين طريقه يهه هے که اوسکے عبرت ماسبق و مابعد پر لحاظ کيا جاے - يعني سب سے عمده تعبير سياق عبارت کے ديکهنے سے معلوم هوتي هے - دستاويز پر بطور مجموعي لحاظ کرنا چاهئے اور اوسکے کل اجزا کي تعبير بلحاظ هر ايک دفره کے کرني چاهئے اور تعبير وهي هوني چاهئے جو معقول هو اور جس سے جمله اجزا دستاويز اثر پذير هوں (ملاحظه طلب دفعه ۹۹ ايکٹ وراثت هند سنه ۱۸۶۵ع)

Ex arbitrio judicis. حسب مرضي جج کے

Ex assensu patris suo. برضامندي پدر

Ex cathedra. حکومتانه

Exceptio. عذر - جوابدهي

Exceptio cognitoria. عذر نسبت قابليت اٹرني مختار کے

Exceptio falci omnium ultima (A plea of that which is false is the last of all). عذر، ايسي چيز کا جو جهوٹي هے اخير عذر هے

Exceptio litis dividuoe. عذر جزو متروک يهه عذر که دعوى جو نالس ميں کيا گيا ايک جزو اوس دعوى کا هے جو ايک نالش سابق ميں کيا گيا تها -

Exceptionem rei judicatæ obstare quoties eadem quæstio inter easdem personas revocatur. (Rei judicatæ) عذر امر تجويز شده کا اوس صورت ميں صادق آتا هے جبکه وهي بحث مابين انهيں فريقين کے پيش آوے

مسله امر تجويز شده کے پورے طور پر عارض هونے کے لئے يهه باتيں ضروري هيں (۱) تجويز سابق عدالت مجاز کي هو (۲) امر متنازعه فيه معصود بالذات کي هو اور وه تجويز کسي ضابطه کي اصطلاحي بنياد پر نهوئي هو (۳) فريقين مقدمه سابق يا اوسکے قايم مقام فريق مقدمه ذاتي کے هوں (۴) تجويز متعلق هو اوسي شے سے جس سے فيصله سابق متعلق تها

Exceptio non numeratæ pecuniæ. عذر که روپيه کبهي قرض نهيں ديا گيا تها

Exceptio probat (firmat) regulam de rebus non exceptions. استثنا سے قاعده نسبت امور کے ظاهر يا ثابت هوتا هے جو مستثنى نهيں کي گئي هيں - انگريزي ميں يهه مسله هے Exception proves the rule

Exceptio quæ firmat legem, exponit legem (An exception which confirms the law, expounds the law). استثنا جس سے قاعده ثابت هوتا هے قانون کا واضح هوتا هے

Exceptio rei residuæ—See *Exceptio lites*

Exceptio rei judicatæ. عذر که معامله کي نسبت دوسري عدالت ميں مابين انهيں فريقين کے تجويز هو رهي هے (ملاحظه طلب دفعه ۱۰ مجموعه ضابطه ديواني سنه ۱۹۰۸ع)

Exceptio semper ultima ponenda

est (An exception is always to be put last). استثنا هميشه اخير ميں هونا چاهئے

Exceptis excipiendis. مع ضروري مستثنيات كے

Excerpta. انتخاب مختصر

Excessivum in jure reprobatur (All excess is condemned by law). زيادتي قانون ميں ممنوع هے (مثلاً قانون ميں جرمانه كي تعداد مقرر نهيں كي گئي هے ليكن وه بے اندازه نهونا چاهئے)

Excessus in re qualibet jure reprobatur communi (Excess in anything is reprehended at common law). زيادتي كسي چيز كي قانون ميں منع هے

Excommunicato interdictur omnis actus legitimus. (خارج از برادري هو) جو شخص حقوق مذهبي سے محروم كيا گيا هو اوسكے لئے كوئي فعل قانوني كرنا منع هے (مثلاً وه كسي پر نالش داير نهيں كرسكتا گو اوس پر نالش هو سكتي هے)

Exconcesso. جو كه مسلماً منظور كرليا گيا

Arguments *ex concesso*. دليل جو اقبال فريق مخالف پر مبني هو

Ex confesso. اپنے هي اقبال پر

Ex contractu. مبني بر معاهده

Actions *excontractu*. نالشات مبني برخلاف ورزي معاهده

Ex curia. باهر عدالت كے

Excusat aut extenuat delictum in capitalibus quod non operatur idem in civilibus (In serious causes an offence might be extenuated, which will not have the same effect in civil injuries). جرايم سنگين ميں جرم كي سزا معاف يا كم هوسكتي هے ليكن نقصانات قابل نالش ديواني ميں يهه قاعده موثر نهيں هے - اسكا مطلب يهه هے كه مقدمات فوجداري ميں قانون كي نظر ترحم مجرم كي جانب هوتي هے اور اگر كوئي نيت عداوت نهو تو سزا انتهائي نهيں دي جائيگي ليكن مقدمات هرجه قابل نالش ديواني ميں قاعده مختلف هے كيونكه ايسے مقدمات ميں نيت غير اهم هے اگر اوس فعل سے جسكي بابت نالش هو كسي دوسرے كو هرجه يا نقصان هوا هو

Excusatio non petitia fit accusatio manifesta. عذر بلا وجهه پيش كرنا ثبوت قطعي جرم كا هے

Ex debito justitiæ. - انصاف كا فرض بطور استحقاق - استحقاقاً

A person accused of non-cognisable offence arrested without warrant can claim bail *ex debito justitiæ*. وه شخص جس پر الزام جرم قابل دست‌اندازي كا هو اور بلا وارنٹ گرفتار كيا گيا هو استحقاقاً ضمانت پر رهائي كا دعوى كرسكتا هے

Ex delicto. بربناے جرم يا فعل بيجا

Ex desuetudine amittuntur privilegia (Rights are forfeited by non-user). حقوق بوجهه عدم استعمال كے زايل هوجاتے هيں مثلاً حق آسايش مسلسل جبكه ۲۰

سال متواتر تک مطلقا استعمال میں نہ لایا جاے ساقط ہوجاتا ہے

Ex diuturnate temporis. امتداد زمانہ سے

Ex diuturnitate temporis omnia præsumuntur rite et solimniter esse acta (From lapse of time all things are presumed to have been done rightly and properly). امتداد زمانہ سے جملہ امور کی نسبت یہہ قیاس کیا جاتا ہے کہ وہ مناسب طور پر اور صحت سے عمل میں آئے

Ex dolo malo non oritur actio (No right of action arises out of fraud).
حق نالس فریب سے نہیں ہوسکتا - ایسی نالش جو فریب پر مبنی ہو قابل پذیرائی نہیں ہے—
یہہ عام اصول ہے کہ کوئی حق نالس بربناے معاہدہ خلاف قانون کے پیدا نہیں ہوسکتا - معاہدہ خلاف قانون اوس صورت میں ہے جبکہ اوسکی منشا یا غرض قانوناً ممنوع ہو یا اس قسم کا ہو کہ اگر اوسکی اجازت دیجاے تو اوس سے حکم کسی قانون کا باطل ہوجاے یا منشا مذکور مبنی برفریب ہو (نسبت معنی فریب ملاحظہ طلب دفعہ ۱۷ ایکٹ معاہدہ) یا اوس سے کسی شخص یا جایداد کو نقصان لازم آتا ہو یا جسکو عدالت خلاف تہذیب یا مصلحت عامہ خیال کرے عذر ناجواری ( خلاف قانون ہونے کا ) نالس تمسک کے جواب میں پیش کیا جاسکتا ہے ( ملاحظہ طلب ایکٹ شہادت سنہ ۱۸۷۲ع دفعہ ۹۲ فقرہ شرطیہ ۱ )

Executio est executio juris secundum judicium. اجرا سے مراد ہے تعمیل قانون کی مطابق تجویز یا ڈگری کے

Executio est fructus, finis et effectus legis (Execution is the fruit, end, and effect of the law). اجرا ثمرہ-نتیجہ اور اثر قانون کا ہے - اسکا منشا یہہ ہے کہ نالس اوسی صورت میں طے خیال کی جاسکتی ہے جبکہ ڈگری کا جو نالس میں صادر کی گئی ہو کامل طور پر اجرا ہوگیا ہو - محض ڈگری سے دادرسی کامل حاصل نہیں ہوتی

Executio juris non habet injuriam (The execution of law does no injury). تعمیل قانون سے کسی کو نقصان نہیں پہونچتا - کارروائی قانونی سے اگر وہ باضابطہ ہو کوئی بناے دعوی نہیں پیدا ہوتی اگر کوئی نالس ایسی عدالت میں دائر کی جاے جسکو اختیار سماعت نہو یا غلط شخص پر دایر کی جاے تو اوس سے کوئی ہرجہ قابل ارجاع نالس نہیں ہوتا لیکن اگر کوئی شخص بحیلہ قانون کے بیجا طور پر اوسکو بطور ذریعہ وصولی زر استعمال کرے تو وہ جوابدہ ہے

Executione facienda. حکمنامہ مشعر ہدایت اجراے ڈگری

Executor lucratus. وصی جسکے پاس سرمایہ ایسے موصی کا ہو کہ جسنے اپنی حیات میں بوجہہ دست اندازی بیجا جایداد دیگر اشخاص کے اپنے آپکو ذمہ‌دار بنا لیا ہو

Exempla illustrant, non restringunt legem (Examples illustrate,

not restrain, the law). تمثیلات سے قانون کي تشریح هوتي ہے اور نہ قانون محدود هوتا هے - منشا تمثیلات کا صرف بیان کرنا اور واضح کرنا قانون کا ہے - تمثیلات سے قانون کے مطالب اور اونکا روز مرہ کي زندگي سے تعلق صاف طور پر معلوم هوتا هے - جو وقعت خود متن قانون کي هے وہ تمثیلات کي هے لیکن ان سے متن قانون میں اضافہ کرنے کي غرض نہیں هے بلکہ تمثیلات احکام قانون کے تابع هیں اور اونکے خارج کئے جانے سے وسعت متن قانون میں کچھہ فرق نہیں آسکتا

Exampli gratia (Abb. e. g.) مثلاً تمثیلاً

Exemplo perniciosum est ut ei scripturæ credatur qua unusquisque sibi debitorem constituit (It is a pernicious example that credit should be given to a writing by which a man constitutes another his debtor.) یہہ برا اصول هے کہ اوس تحریر پر اعتماد کیا جاے جسکے ذریعہ سے کوئي شخص دوسرے کو اپنا مدیون بناے

Exemptio. استثنا

Exequatur. اجازت جو منجانب گورنمنٹ کسي کانسل ملک غیر کو اپنے عہدہ پر کام کرنے کي دي جاے

Exercitor. کپتان جہاز - مالک جہاز

Ex facto jus oritur (The law arises out of facts). قانون پیدا هوتا هے واقعات سے - یعني جب تک کے واقعات نہ بیان کئے جائیں قانون متعلق نہیں هو سکتا

Ex frequenti delicto augetur pœnoe (Punishment increases with increasing crime). زیادتي جرم سے سزا زیادہ هوتي هے

Ex gratia. بہ نظر عنایت

Ex gratia curiæ. عدالت کي مہرباني سے

Ex gravi querela. ڈگري بحق اوس شخص کے جسکو جایداد بذریعہ وصیت کے دي گئي مگر وارث موصي نے اوسکو شے موهوبہ نہ دي هو

Exheredatio باپ کا طفل کو ورثہ سے محروم کرنا - محروم الارث کرنا

Ex his omnibus causis quæ jure non valuerunt vel non habuorunt effectum, secuta per errorem solutione, condictione locus erit (Wherever money has been paid by mistake, for a cause which the law does not support, or which has been followed by no effect, an action may be brought for its recovery). جبکہ روپیہ غلطي سے ایسے چیز کي بابت دیا گیا هو جسکو قانون تسلیم نہ کرے یا جسکا کچھہ نتیجہ نہوا هو تو اوسکے دلا پانے کے لئے نالش هو سکتي هے لیکن بموجب قانون هند کے روپیہ جو بدل خلاف تہذیب یا قانون کے لئے دیا گیا هو نہیں دلایا جاسکتا

Exilium. ترک وطن - بیدخلي

Ex industria. ارادتاً - قصداً

Ex integro. جدید - از سر نو

Exitus. (۱) اولاد - اطفال (۲) لگان و منافع آراضي (۳) نتیجہ بیانات فریقین

Ex justis nuptiis procreatus. ولد ازدواج جایز

Ex-lex (out-law). ڈاکو - رهزن - نافرمان بردار قانون

Ex licentia regis بادشاہ کي اجازت سے

Ex majori cautela زیادہ احتیاط کي وجهہ سے

Ex maleficio non oritur contractus (A contract does not arise from an illegal act). معاهدہ فعل بیجا یا نقصان دہ سے پیدا نہیں هوتا یعني عدالت انصاف ایسے معاهدات کي تعمیل میں مدد نہ دیگي جو اروے قانون کے ممنوع هیں (ملاحظہ طلب تشریح مندرجہ مسئلہ (*Ex dolo malo*

Ex malis moribus bonæ natœ sunt (Good laws arise from evil manners). اچهے قانون بد اطواروں سے پیدا هوتے هیں

Ex mandato reginæ. بحکم سرکار یا بادشاہ

Ex merito justitiæ. چونکہ وہ لایق انصاف کے هے

Ex mero motu. اپنے هي رضا و رغبت سے (یہہ الفاظ اکثر عطیات میں استعمال هوتے هیں)

Ex multitudine signorum colligitur identitas vera (The identity is collected from a number of signs) صحیح شناخت متعدد نشانات کے مجتمع کرنے سے هوتي هے

Ex natura rei. نوعیت مقدمہ یا شے سے

Ex necessitate legis. بوجهہ ضرورت قانوني کے

Ex necessitate rei. ضرورت حالات سے

Ex nihilo nihil fit (Nothing arises out of nothing). نیست سے کچهہ نہیں پیدا هوتا هے

Ex nudo pacto non oritur actio (An action does not arise from a bare promise. خالي عهد (یعني بلا بدل) کي بنا پر نالش نہیں هوسکتي

*See* Consideration in the vocabulary.

Exoine. (*Fr*). عدر غیر حاضري عدالت سے

Ex-officio
Ex virtute officii. } باعتبار عهدہ

مثلاً صاحبان جج هائیکورت باعتبار عهدہ (Ex-officio) جستس آف دي پیس هیں

Exoneretur اوسکو رها درو

Exordium. تمهید آغاز تقریر - آغاز دستاویز

Ex pacto ill-illicito non oritur actio (No action arises out of or from an illegal or illicit agreement). معاهدہ یا معاملہ ناجایز کي بنا پر نالش نہیں هوتي

Ex parte. یک طرفہ

*Ex parte* application. درخواست یکطرفہ (جراہ وہ اوس شخص نے دي هو جو فریق نہو یا بغیر حاضري فریق مخالف دي گئي هو

Ex (parte) materna. ماں کي طرف سے

Ex (parte) paterna. باپ کي طرف سے

Expedit reipublicæ ne sua re quis male utatur (It is for the public good that no one should use his property improperly).

اس میں رواہ عام ہے کہ کوئي شخص اپني جایداد بُري طرح استعمال نکرے - اِسکا مطلب یہہ ہے کہ ہر شخص کو اپني جایداد اِس طرح استعمال کرني چاہئے کہ اوسکے پڑوسي کے حقوق قانوني میں خلل نہ آوے

Experientia per varios actus legem facit (Experience by various acts makes law). تجربہ مختلف واقعات سے قانون بنتا ہے

Experto crede - ماہر کا اعتبار کرو - یہہ مطابق اوس اصول شہادت کے ہے کہ نسبت کسي پیشہ کے شہادت اوس پیشہور کي قابل اعتبار ہے

Expositio. (۱) تشریح - توضیح
(۲) بچہ کا ڈالدینا

Ex post facto فعل مابعد سے - اس فقرہ کا منشا یہہ ہے کہ کوئي فعل ایسا کیا گیا جس سے فعل ماقبل پر اثر پہونچا

Expost facto jure. قانون جو بعد ارتکاب فعل ممنوعہ کے موضوع کیا گیا ہو - قانون جسمیں حکم سزا نسبت افعال مرتکبہ کے درج ہو

Expressa nocent, non expressa non nocent (Things expressed hurt, things not expressed do not.) ظاہر کي ہوئي باتوں سے نقصان پہونچتا ہے جو ظاہر نہیں کي گئیں اونسے کچھہ نقصان نہیں پہونچتا

Expressa non prosunt quæ non expressa proderunt. اظہار اون چیزوں کا کہ جنسے اگر وہ ظاہر نکي جائیں دوسرے کو فایدہ ہو فضول ہے

Expressio eorum quæ tacite insunt nihil operatur (The expressing of those things which are silently implied has no effect.) بیان کرنا اون باتوں کا جو بلا اظہار مستنبط ہوتي ہیں بے اثر ہے - الفاظ جنسے وہ امر ظاہر ہوتا ہو کہ جو بعدم موجودگي الفاظ مذکور کے قانوناً مستنبط ہوسکتا تھا فضول اور بے اثر ہے - اِس قسم کے الفاظ جب وہ کسي وثیقہ میں درج ہوں clausula inutilis کہلاتے ہیں لیکن اس قسم کے فقرہ یا عبارت سے کوئي ہرج واقع نہیں ہوتا - بل آف ایکسچینج و پرامسري نوٹ وغیرہ کي نسبت یہہ قیاس کیا جاتا ہے کہ وہ بادي‌النظر میں بعوض بدل کے تحریر کئے گئے لہذا الفاظ value received جو اندر تحریر کئے جاتے ہیں بموجب اِس مسلہ کے غیر ضروري ہیں

Expressio unius est exclusio alterius (The mention of one is the exclusion of another).

ایک چیز کا ذکر کرنا مساوي دوسرے کے خارج کرنے کے ہے - جب ایک یا زیادہ ممبر یا اشیا ایک جماعت یا مجموعہ کے بیان کئے جائیں تو صریحاً یہہ منشا ظاہر ہوتا ہے کہ باقي خارج کئے گئے - جبکہ کسي دستاویز میں اولاً عام الفاظ ہوں اور بعد صریح استثنا کیا گیا ہو تو یہہ مسلہ متعلق ہوتا ہے کیونکہ استثنا سے قاعدہ ظاہر ہوتا ہے لیکن جب کوئي دستاویز

تحریر کي جاے تو موجودگي کسي علحدہ اقرار زباني کي نسبت کسي امر کے جو دستاویز میں نہ لکھا گیا ھو اور اوسکے شرایط کے مغایر نہو جایز ھے کہ ثابت کیا جاے ( مگر بلحاظ اسکے عدالت اس بات پر غور کریگي کہ دستاویز کس درجہ تک حسب ضابطہ ھے ) علاوہ اس کے ھر رسم یا رواج جس کے ذریعہ سے وہ لوازم جو دستاویز میں صراحتاً مرقوم نہوے ھوں اس قسم کے معاھدات میں معمولاً لاحق ھوتے ھیں ثابت کئے جاسکتے ھیں - مثلاً شرط سود دینے کي بلا اندراج شرط مذکور کے اگر رواج تجارتي ایسا عام ھو کہ بلا خاص شرط کے سود ملتا ھو ثابت کي جاسکتي ھے - ایکٹ کي عبارت کي تعبیر کرنے میں یہہ لحاظ رکھنا چاھئے کہ جب عبارت میں مختلف صورتیں داخل ھوسکیں لیکن اون میں محض چند کا بہ صراحت محض تمثیلاً ذکر کیا گیا ھو تو دوسري صورتیں اوسي قسم کي خارج نہ تصور کرني چاھئیں - لیکن جب مخصوص اشیا مستوجب محصول یا کسي بار کي قرار دي جائیں تو ھر ایک چیز جو اوس فہرست میں داخل نہو خارج تصور دي جائیگي

Expressum facit cessare tacitum (What is expressed makes what is silent to cease). جو ظاھر ھو اوس سے جو مخفي ھو مفقود ھو جاتا ھے

Expromissio (Rom. Law). داین کا بجاے پرانے مدیون کے نئے مدیون کو قبول کرنا

Ex proprio motu. اپنے ھي مرضي سے بلا تحریک کے

As where a judge *ex proprio motu* ordered witness to be prosecuted. مثلاً جب جج بلا تحریک کے گواہ پر مقدمہ قائم کئے جانے کا حکم دے

Ex provisione legis. بموجب قوت قانون کے

Expulit et disseisivit. اوس نے بیدخل کیا اور قبضہ حاصل کیا

Ex relatione. بر طبق رپورٹ کے - بر بناے رپورٹ کے

Ex rigore juris. بموجب قانون کے

Ex speciali gratia, certa scientia et-mero motu regis. بادشاہ کي مرضي خاص و عام خاص و عنایت خاص سے (یہہ الفاظ فرمان شاھي میں تحریر کئے جاتے ھیں)

Extendi facias. حکمنامہ مشعر تخمینہ مال و اسباب مدیون

Extenso manerii. ھدایت پیمایش آراضي یا مکان وغیرہ

Extortio est crimen quando quis colore officii extorquet quod non est debitum, vel supra debitum, vel ante tempus quod est debitum. استحصال بالجبر جرم ھے جبکہ کوئي شخص بحیلہ کسي عہدہ کے کوئي چیز وصول کرے جو واجب نہو یا اوس سے زیادہ جبراً وصول کرے جو اسکو واجب ھے یا قبل اوس وقت کے وصول کرے جب وہ واجب ھو

Ex tota materia emerget resolutio (Let the decision (resolution) be passed after looking into the whole case). ریزولیوشن یا

فیصلہ کل مقدمہ یا حالت پر نظر کرکے صادر کرنا چاھئے

Extra. باھر - علاوہ - خارج

Extracta curiæ. (۱) خلاصہ مسل یا کارروائي عدالت (۲) منافع جو فیس و رسوم عدالت سے ھو

Extractum. نقل مصدقہ

Extra judicium. کارروائي باضابطہ سے علاحدہ

Extra legem positus est civiliter mortuus (He who is placed out of the law is civilly dead). وہ شخص جو معاملات قانون سے خارج ھو بلحاظ سوسائٹي (جماعت مدني) کے مردہ تصور ھوتا ھے

Extra memorium hominum حافظہ انساني سے - بیشتر سے - ھمیشہ سے See *Legal memory* in the vocabulary.

Extraneus est subditus qui extra terram, *i. e.*, potestatem regis natus est (A foreigner is a subject who is born out of the Government of the King). باشندہ ملک غیر وہ ھے جو علاقہ یعني حکومت بادشاہ سے باھر پیدا ھوا ھو

Extra quatuor maria. (چار سمندروں کے باھر) یعني بادشاھت انگلستان کے باھر

Extra territorium jus dicenti impune non paretur (The sentence of one adjudicating beyond his territory cannot be obeyed with impunity). اوس حکم کي جو کسي (حاکم یا عدالت) نے اپنے علاقہ اختیار سے باھر صادر کیا

ھو بلا خطرہ تعمیل نہیں ھوسکتي - اسکا مطلب یہہ ھے کہ ھر شخص بلا خطرہ ایسے صاحبان جج کے احکام پر عمل نہیں درسکتا جو اونہوں نے اپنے علاقہ اختیار سماعت سے باھر صادر کئے ھوں - یہہ بھي اد طرح رکھنا چاھئے کہ رضامندي فریقین سے عدالت کو اختیار سماعت حاصل نہیں ھوتا

Extra viam. شارع عام سے علاحدہ

Extra vires. خارج از اختیار

Extrepamentum. قابض آراضي کا آراضي کا خراب کرنا (بغرض ضرر پہنچانے وارث عودي کے)

Ex turpi causa non oritur actio. حق نالش خلاف تہذیب یا کمینہ معاہدہ یا معاملہ سے پیدا نہیں ھوتا

Ex visitatione Dei. قہر خدا سے

Ex visu scriptonis. معاینہ تحریر سے

Ex vi termini. معني یا از الفاظ یا عبارت سے

## F

Facere legem. قانون بنانا

Facinus quos inquinat æquat (Guilt makes equal those whom it stains). گناہ (جرم) سے وہ سب برابر ھو جاتے ھیں جنپر اوسکا داغ لگے یعني قانون میں ان اشخاص میں جو کسي جرم میں شریک ھوں کوئي امتیاز نہیں ھوتا

Facio, ut des. See *Do ut des*.

Fac simile. نقل ھوبہو اصل کے

Facta interpretatio prudentissimos fallit (On the right interpretation of a fact the wisest

are mistaken). کسي واقعة کي صحيح تعبير کرنے میں سب سے زیادہ عقلمند بهي غلطي کرجاتے هيں

Facta probantia. واقعات مثبتة

Facta sunt potentiora verbis (Deeds are more powerful than words). افعال (واقعات) الفاظ سے زيادة موثر هيں

Facto واقعي

Factum فعل - امر وقوعة

Factum a judice quod ad ejus officium non spectat, non ratum est. (An action of a judge which relates not to his office is of no force). فعل کسي جج کا جو بة تعلق اوسکے عهدة کے نهو بے اثر هے (اگر کوئي جج نة بحيثيت جج کے بلکة ديگر نهج پر کوئي ايسا فعل کرے جسکے کرنيکا اوسکو بحيثيت جج کے اختيار هے تو وة اوسکي بابت ايساهي ذمةدار هے جيسا کة کوئي اور شخص)

Factum negantis nulla probatio (A negative fact is no proof). واقعة نفي کوئي ثبوت نهيں هے (ليکن بموجب ايکت شهادت کے واقعات غير متعلقة اُس صورت ميں واقعات متعلقة هو جاتے هيں جبکة وة کسي واقعة تنقيحي يا واقعة متعلقة کے مغاير هوں يا اگر اون سے في نفسة يا بة تعلق اور واقعات کے کسي واقعة تنقيحي يا واقعة متعلقة کا وجود يا عدم بدرجة غايت قرين قياس يا بعيد از قياس هو)

Factum non dicitur quod non preserverat (That is not called a deed which does not continue operative). وة دستاويز نهيں هے جو نافذ نة رهے

Factum probans شهادت جس سے کوئي واقعة ثابت هو

Factum unius alteren oceri non debet (The deed of one should not hurt another) ايک شخص کے فعل سے دوسرے کو مضرت نهيں پهونچني چاهئے

Factum valet, مسئلة جواز امر موقوعة *Quod fieri non* يهة مسئلة پورا اسطرح پر هے

*Debet factum valet* (q v.).

Facultas probaionum non est angustanda (The faculty of proof is not to be narrowed). حيطة ثبوت کا محدود نکرنا چاهئے يعني هر فريق کو اپنے مقدمة کي تائيد ميں شهادت پيش کرنے کا پورے طور پر اختيار هونا چاهئے - بموجب ايکت شهادت کے هر شخص کو گواهي دينے کا مجاز هے بجز اسکے کة وة بوجهة صغر سن يا نهايت عمر رسيدة کے يا ديگر نهج پر سوالات کے جواب دينے سے معذور هو - مجنون بهي اپني صحت عقل کے وقت ميں گواهي ديسکتا هے - شوهر و زوجة بمقابلة ايک دوسرے کے گواهان مجاز هيں - ليکن ايسے امور کے ظاهر کرنے کي ممانعت هے جو اثنائے ازدواج ميں نسبت امورات سلطنت يا بحيثيت عهدةدار سرکاري يا بحيثيت پيشة معلوم هوئے هوں

Fait. اقرار نامة

Faitours (*Fr.*) بدمعاش - آوارة گرد

Faldagium (چراگاة (بهيڑوں کے لئے)

Falsa causa non nocet (A false cause does not vitiate). غلط باعث يا سبب سے کوئي چيز کالعدم نهيں هو جاتي - منشا يه هے کة اگر باعث يا وجهة

کسي هبه کي جو بحق کسي خاص موهوب له يا موهوب له بالوصيت کے کي گئي هو غلط فهمي پر مبني هو تو هبه يا هبه بالوصيت عام طور پر اوسکا کچهه اثر نه هوگا - بجز اسکے که موهوب له دريدأ غلطي کا باعث هوا هو

Falsa demonstratione legatum non peremi (False description does not vitiate a bequest.) غلط تفصيل سے هبه بالوصيت کالعدم نهيں هوجائيگي يهه مسله اس اصول پر مبني هے نه غلط بيان يا تفصيل سے ابطال (*Falsa demonstratio non nocet*) لازم نهيں آتا

Falsa demonstratio non nocet cum de corpore (or persona) constat (False description does not vitiate if there be sufficient certainty as to the object). محض غلط بيان (يا تفصيل) سے اگر نسبت شے يا شخص کے کافي يقين هو ابطال لازم نهيں آتا - اس مسله کا منشا يهه هے نه جب که بيان مندرجه کسي دستاويز کا ايک جزو صحيح هو ليکن دوسرا جزو غلط هو تو اگر اوس جزو ميں جو صحيح هے شے يا شخص اس طور پر بيان کي گئي هو که اوسپر باور هوسکے تو غلط جزو خارج کيا جائيگا اور اوس سے هبه باطل نهوگي - مثلاً اگر زيد بحق بکر پسر دوم اپنے بهائي کے هبه کرے - ليکن اوسکے بهائي کے پهلے لڑکے کا نام بکر هو اور دوسرے پسر کا نام خالد هو تو بکر کو شے موهوبه مليگي - اسي طرح پر اگر موصي اپني جايداد اپنے سات لڑکوں کو دے ليکن وصيت نامه ميں صرف ۲ کے نام لکهے تو اس فروگذاشت سے ساتواں لڑکا اپنے حصه کے پانے سے محروم نه هوجائيگا - (نيز ملاحظه طلب دفعه ۲۳ ايکٹ وراثت سنه ۱۸۶۵ع - قانون شهادت ميں اس قسم کي غلطي کي نسبت يهه حکم هے که اگر عبارت دستاويز بلحاظ واقعات موجوده کے بے معني هو تو شهادت جس سے ثابت هوں نه وه کسي خاص معني ميں مستعمل کي گئي تهي داخل هوسکتي هے اس طرح سے جبکه واقعات ايسے هوں که عبارت مستعمله کے معني چند اشخاص يا اشيا ميں سے ايک سے زياده سے متعلق هو سکتے هوں اور ايک سے زياده متعلق نهو سکتے هوں تو شهادت اس امر کي داخل هوسکتي هے نه اون اشخاص يا اشيا ميں سے کس سے متعلق هونا مقصود تها

Falsa orthographia, sive falsa grammatica, non vitiat concessionem (False spelling and grammar vitiates not the gift). غلط هجه سے اور غلطي قاعده صرف و نحو سے عطيه کالعدم نهيں هوتا

Falsonarius. جعل ساز

Falsum imprisonamentum. قيد بيجا - قيد بلا اختيار

Falsum judicium. جهوٹي تجويز

Falsus in uno falsus in omnibus (False in one thing, false in all) جهوٹ ايک بات ميں جهوٹ دل باتوں ميں يهه مسله شهادت گواهان سے عام طور پر متعلق نهيں کها جاسکتا کيونکه اکثر صورتوں ميں گواهان اگر چار باتيں جهوٹ کهتے هيں تو ايک سچ بهي کهتے هيں - اگر اس مسله پر عمل کيا جاے تو شهادت گواهان قابل پذيرائي نرهے

Fama. افواہ

Fama nihil est celerins. افواہ سے زیادہ کوئي چیز تیز نہیں اُڑتي

Familia (Rom. Law). حملہ ملازمان جو ایک مالک کے ھوں نیز وہ آراضي جو ایک خاندان کي پرورش کے لئے کافي ھو

Familiæ erciscundæ (Rom. Law). نالش بغرض تقسیم ورثہ

Famosi libelli. اخبارات یا رسالجات فتنہ انگیز

Fatetur facinus qui judicium fugit (He who flies judgment confesses his guilt). جو تجویز سے بھاگتا ھے اپنے جرم کا اقبال کرتا ھے فراري ایک شہادت (گو ضعیف) جرم کي ھے اور یہہ بطور طریق عمل کے واقعہ متعلقہ ھے

Favorabilia in lege sunt fiscus, dos, vita, liberras (Things favorably considered in law are the treasury, dower, life, liberty). قانون میں یہہ چیزیں پسندیدہ خیال کي جاتي ھیں - خزانہ - مہر - زندگي اور آزادي

Favorbiliores rei potius, quam actores, habentur (The condition of the defendant shall be favored rather than that of the plaintiff). مدعاعلیہ کي حالت پر بہ نسبت مدعي کے زیادہ لحاظ کیا جائیگا

Favores ampliandi sunt; odia restringenda (Favors are to be enlarged, things hateful restrained). بھلائي زیادہ کرني چاھئے اور نفرت انگیز باتیں کم کرني چاھئے

Felix qui potuit rerum cognoscere causas (Happy is he who can apprehend the causes of things). خوش قسمت وہ ھے جو چیزوں کے سبب دریافت کرسکے

Felleo animo. بہ نیت مجرمانہ

Felo de se. خود کشي کرنے والا

Felonia, ex vi termini, significat quodlibet capitale crimen fello animo perpetratum. جرم کبیرہ سے مراد جرم قابل سزاے موت ھے جو بہ نیت مجرمانہ کیا گیا ھو

Feloince cepit et asportavit. بہ نیت مجرمانہ لیا اور لے گیا - یہہ الفاظ فرد قرارداد جرم سرقہ میں استعمال کئے جاتے تھے

Feme covert.
Covert baron. } زن منکوحہ

Feme sole. *See* vocabulary.

Feodi firma (Fee-farm). حقیت مستقل

Feodum talliatum (Fee-tai) وراثت جو ایک خاص اولاد پر محدود ھو

Feoffamentum (Feoffment). عطیہ کسي آراضي یا حقیت کا کسي شخص کو اور اوسکے ورثا کو ھمیشہ کے لئے بذریعہ حوالگي قبضہ شے موھوبہ یا عطیہ کے

Fer æbestiæ. جنگلي جانور

Feræ campestres. شکار کے جانور

Feræ igitur bestiæ et volucres et pisces, id est, omnia animalia

quæ mari, cælo et terra mascunter, simul atque ab aliquo capta fuerint jure gentium statim illius esse incipient. جنگلي جانور - چڑیاں - مچھلي اور جانور ان سمندر کے یا هوا کے یا زمین کے اوسي وقت که جب اونکو کوئي پکڑے ( گرفتار کرے ) بموجب ازون کے ملکیت گرفتار کنندہ کي هو جاتے هیں

Feræ naturæ. جنگلي جانور

Festinatio justitiæ est noverca infortunii (Hasty justice is the step-mother of misfortune) جلد باري کا انصاف مصیبت ( یا بد قسمتي ) کي سوتیلي ماں هے

Festinum remedium. جلد دادرسي

Feudum expectativum. حقیت جو کسي شخص اور اسکي روحه اور اونکي اولاد کو دي جاے

Feudum novum ut antiquum حقیت جدید جس میں دل لوازم اوس حقیت کے هوں جو مورثان سے پهونچے هوں یعني جس سے رشتهداران طرفي حاصل کنندہ وارث حقیت مذکور هوسکیں

Fiat. هونے دو ( حکم یا وارنت کسي جج کا )

Fiat confirmatio. ( تقرر کیا جاے ) حکم بحال

Fiat jus, ruat justitia (Let law prevail though justice fail). قانون کو غالب رهنا چاهئے گو انصاف میں خلل آوے

Fiat justitia ruat cœlum (Let justice be done, though the heavens should fall). انصاف هونا چاهئے گو آسمان بهت پڑے

Fiat pront fieri consuerit, nil temere novandum (Let it be done as it used to be done, let nothing be innovated rashly). جیسا که هوتا چلا آیا هے ویسا هي هونے دو کوئي نئي بات بلا سوچے نه کرني چاهئے

Fictio juris non est ubi veritas (Fiction of law does not exist where there is truth). قانون کي مفروضات کي جهاں راستي هوتي هے ضرورت نهیں هوتي

Fictio legis inique operatur alicui damnum vel injuriam (A fiction of law does not properly work loss or injury) مفروضات قانون سے اگر مناسب طور پر عمل کیا جاے نقصان یا ضرر نهیں پهونچتا

Fidei commissum (Rom. Law). امانت بذریعه وصیت

Fidei defensor (Defender of the faith). نگهبان ایمان - یهه خطاب بادشاہ انگلستان کا هے

Fide-jussor (Rom. Law). ضامن جسکے وارث بهي پابند هوں

Fide jussoria. کسي فعل کے کرنے کے لئے اپنے آپکو بذریعه ضمانت کسي شخص کے پابند کرنا

Fideo ero vere domino vere mero. میں اپنے اصلي مالک کا همیشه صدق دل سے تابعدار هوں

Fiducia (Rom. Law). انتقال جایداد بحق کسي شخص کے اس شرط سے که وہ جایداد مذکور واپس کریگا

Fiducium accipere. وہ شخص جسکو جایداد یا مال بشرط واپسي منتقل کي جاے

Fiduciarius. امين - امانت‌دار

Fieri facias. abb. (*fi. fa.*) تم مدعاعليه کي جايداد و مال سے هرجه يا قرضه وصول کرو - يهه وارنت بنام شيرف جاري کيا جاتا هے

Fieri non debuit, sed factum valet (It ought not to have been done, but being done it is binding). يهه کرنا نهيں چاهئے تها ليکن جب کرليا گيا قابل پابندي هے

*See Quod fieri non......*

File du mer. سمندر کي لهر کي بلندي

Filiatio nonpotest probari. لڑکا هونا يا نبنيت ثابت نهيں کي جاسکتي

Filius est pars patris (A son is part of his father). بيٹا اپنے باپ کا جزو هے

Filius-familias (Rom. Law) پسر دوا متبني هو يا اصلي

Filius in utero matris est pars viscerum matris (A son in the mother's womb is part of the mother's vitals). بيٹا ماں کے رحم ميں جزو ماں کے خون کا هے

Filius mulieratus—*Same as Bastard eigne.*

Filius populi. حاصل عوام - پسر غير صحيح النسب

Filum aquæ medium. وسط دهار سے جهاں سے که دو محالات کناره دريا تقسيم هوتے هيں

Filum viæ. وسط سڑک سے واجب الادا هوں

Fines le Roy. جرمانے جو بادشاه کو واجب الادا هوں

Finis finem litibus imponit (A fine puts an end to litigations). جرمانه سے تنازعات ختم هوتے هيں

Finis rei attendus est (The end of a thing is to be attended to). هر کام کا آخر اسطرح هوتا هے که اس ميں مشغول هوں

Finis unius diei est principium alterius (The end of a day is the beginning of another). ايک يوم کا آخر دوسرے کا شروع هے

Finium regundorum. نالش بغرض مقرر کئے جانے حدود آراضيات قرب و جوار کے

Firma اشياے خورد و نوش

Firmior et potentior est operatio legis quam dispositio hominis (The operation of the law is firmer and more powerful than the disposition of man) عمل قانون کا کسي شخص کے عمل يا انتقال سے زياده مستحکم تر اور اثر پذير هے

Fiscus. خزانه سرکاري يا شاهي

Flagrante bello. برمانه جنگ يا مخاصمت

Flagrante delicto (or *crimine*). (Red-handed). به وقت ارتکاب جرم

Flumina et portus publica sunt ideoque jus piscandi omnibus commune est. دريا اور بندرگاه عام هوتے هيں لهدا حق ماهيگيري بهي سب کے لئے مشترک هے

Fœminæ non sunt capaces de publicis officiis (Females are not admissible to public offices).

عورات عہدہ‌جات سرکاري میں داخل هونے کے قابل نہیں هے

Fœneratio (Usury), ربا جواري سود کا لینا

Fœnus nauticum } See—*De* Usura maritima. } *nautico.*

Fœx populi (Expression of contempt). کمینه

Foribus apertis. کهلي عدالت میں

Fori rei judicatæ. عدالت جسنے مقدمه فیصل کیا هو

Forisfacere. رواج یا قانون سے متجاوز کام کرنا

Forisfactura. ضبطي

Forsifamiliari. وه شخص جسنے اپنے باپ کے حیات میں اپنے حصه کا بٹواره کرا لیا هو

Forisjudicatio. (Forejudger). تجویز جس سے کوئي شخص اپنے حقوق تنازعه سے محروم کیا گیا هو

Forma legalis forma essentialis (Legal form is essential form). ضابطه قانوني ضابطه اصلي هے - جبکه اررو‌ے قانون کسي کام یا امر کے کرنے کے واسطے خاص طریقه یا ضابطه مقرر کیا گیا هو تو اوسي طریقه سے کرنا چاهئے ورنه وه بے اثر هوگا - بموجب دهرم شاستر کے جب تک تبنیت کے خاص رسوم ادا نه کئے جائیں وه جایز نہیں هے - اِس طرح سے اردواج کے لئے بهي جو ضابطه (رسوم) مقرر هے اوسکا عمل میں نه لانا بیجها هے

Forma non observata infertur adnullatio actus (Form not being observed, a nullity of the act is inferred). ضابطه پر عمل نکرنے سے فعل ناجایز خیال کیا جاتا هے

Forma pauperis. صیغه مفلسي

Formulæ نمونه قانون - ضابطه قانون

Foro conscientiæ. عدالت عدل

Forstellarius est pauperum depressor et totius communitatis et patriæ publicus inimicus (A person who forestalls is oppressor of the poor and enemy of the Society). پیشتر سے خریدنے والا (یعني وه شخص جو کل مال بازار میں آنے سے پیشتر خرید لے تاکه اوسکو حسب مرضي اپنے منافع سے فروخت کرے) غریبوں کا ستانے والا اور کل جماعت اور ملک کا دشمن هے

Fortia. اختیار - طاقت

Fortior est custodia legis quam hominis. نگراني (حراست) قانوني حراست اِنساني سے زیاده قوي هے

Fortior et æquior (or *potentior*) est dispositio legis quam hominis.
The same as *Fortior et.*

Fortior. بدلایل قوي تر

Fortunam faciunt judice. وے اتفاق کو انصاف کرنے والا بناتے هیں

Forum. عدالت (جسکے تابع کوئي فریق هو)

Forum competents. عدالت مجاز اِختیار سماعت

Forum originis. عدالت اوس ملک کي جهاں کسي شخص کي سکونت مستقل بوجهه پیدایش کے هو

Forum rei عدالت مدعلیه کي

Fractionem disi non recipit lex (The law does not regard the fraction of a day). قانون میں دن کي کسرات پر لحاظ نہیں کیا جاتا - چنانچہ جب کسي کام کے کرنے کے لئے چار روپیه کي مہلت هو تو پورے چار دن ملینگے

Franci plegium (Frank pledge). اقرار اطاعت بادشاہ

Francus bancus. (Free-bench). وہ حقیت اسامي جس میں سے زوجه برطابق وفات اپنے شوهر کے بموجب رواج تعلقه کے بطور مہر کے پاتي تهي لیکن یہه قاعدہ تها که وہ آراضیات پر اوس وقت تک قابض رهنے کي مستحق تهي که وہ اپني عفت قایم رکهے اور اردواج ثاني نکرے

Frangenti fidem, fides frangatur eidem (When one party resiles from his promise the other can also break to his promise). اوسکے ساتهه شکست عهد کرنا چاهئے جو اپنا عهد شکست کرے

Frateria.<br>Fraternia. } برادري - بهیا چارہ

Frater nutricius. برادر غیر صحیح النسب

Frater uterinus. برادر اخیافي - ماں کا لڑکا - بهائي ماں کے رشته سے

Fratres conjurati. وہ اشخاص جنہوں نے ایک دوسرے کے ساتهه اقرار بطور بهائي کے ایک دوسرے کي مدد کا کیا هو

Fraudis interpretatio semper in jure civili non ex eventu duntaxat sed ex consilio quoque desideratur (An inference of fraud is always drawn in law not from the event alone, but from the intention also). قانون میں فریب همیشه نه محض واقعه یا فعل سے مستنبط هوتا هے بلکه نیت سے بهي

Fraudulosa occultatis. اخفاے فریبي

Fraus dans locum contractui. فریب معاهدہ میں - فریب جس سے معاهدہ کرنے کا موقع هوا هو - غلط بیاني یا اخفا کسي امر اهم متعلق معاهدہ کے که اگر وہ سچ سچ بیان کیا جاتا تو معاهدہ که جو عمل میں آیا عمل میں نه آتا فریب منتج معاهدہ

Fraud dans locum contractui کہلاتا هے - بموجب قانون معاهدہ هند کے فریب کي تعریف اسطرحپر کي گئي هے - فریب سے مراد اور اوس میں داخل هر ایک فعل مندرجه ذیل هے جو کسي فریق معاهدہ نے کیا هو یا اوسکے اغماض سے بجانب اوسکے ایجنت کے اس نیت سے کیا گیا هو که دوسرے فریق معاهدہ کو یا اوسکے ایجنت کو دهوکه هو یا اوسکو معاهدہ کرنے کي ترغیب هو (۱) ایما کرنا کسي واقعه کي نسبت جو صحیح نهو ایسے شخص کا جو اوسکو صحیح باور نکرے (۲) اخفاے عملي کسي واقعه کا ایسے شخص کي جانب سے جسکو علم یا یقین واقعه کا هو (۳) وعدہ بلا نیت اوسکے اوس ایفا کے (۴) کوئي اور فعل جس سے دهوکه هوسکے (۵) کوئي ایسا فعل یا ترک جو قانوناً بالخصوص فریبي قرار دیا گیا هے

Fraus est celare fraudem (It is fraud to conceal fraud). فریب کا اخفا فریب هے

Fraus est odiosa et non præsumenda (Fraud is odious and not to be presumed). فریب نا پسندیدہ ھے اور قیاس نہیں کرنا چاھئے (قیاس ھمیشہ بے گناھي کا ھوتا ھے) - یہہ عام قاعدہ ھے کہ ھر معاملہ جایز سمجھا جاتا ھے اور بار ثبوط فریب کا اوسپر ھے جو فریب کا الزام لگائے

Fraus et dolus nemini patrocinari debent (Fraud and deceit ought not to benefit any person.) فریب اور دھوکہ سے کسي کو فایدہ نہ پہونچنا چاھئے

Fraus et jus nunquam cohabitant (Fraud and justice never dwell together). فریب اور انصاف کبھي ایک ھي جگہہ نہیں رھتے

Fraus latet in generalibus. (Fraud lies hid in general ex pressions). فریب عام الفاظ (مبہم الفاظ) میں پوشیدہ رھتا ھے

Fraus omnia vitiatise et corrumpit (Fraud vitiates and corrupts every thing). فریب سے ھر چیز باطل اور کالعدم ھوجاتي ھے

Frequentia actus multum opera- ;ur (The frequency of an act )perates much).

کسي کام کے متواتر کرنے سے بڑا اثر ھوتا ھے

Fribusculum. اتفراق چند روزہ شوھر و زوجہ

Fructus industriales. فصل استادہ

Fructus pendentes. پھل جو شاخوں میں لٹکتے ھوں

Frusca terrœ. بنجر و زمین شور

Frustra expectatur eventus cujus effectus nullus sequitur (An event is vainly expected from which no result follows.

اوس واقعہ کي کہ جس سے کچھہ نتیجہ نہو اُمید فضول ھے

Frustra feruntur leges nisi subditis et obedientibus (Laws are made in vain unless to those subject and obedient.) اونکے لئے قانون فضول ھے جو اوسکے تابع نہوں

Frustra legis auxilium quærit qui in legem committit (Vainly does he seek the help of law, who offends against law).

وہ شخص قانون کي مدد فضول چاھتا ھے جو قانون کے خلاف کرے

Frustra petis quod statim alteri reddere cogeris. تم فضول اوس چیز کے متلاشي یا خواستگار ھو جو تمکو فوراً جبراً دوسرے کے حوالہ کرني ھوگي

Frustra probatur quod probatum non relevat (That is vainly proved, which being proved, would prove irrelevant).

اس چیز کا ثابت کرنا فضول ھے جو بعد ثابت کرنے کے غیر متعلق ھو

Fullam aquæ. پاني کي دھار (مثلاً جو چکي کے استعمال کے لئے جاتا ھے)

Functus officio. وہ شخص جو اپنا کار منصبي انجام دے چکا ھو - وہ شخص جسکا کام ختم ھوگیا ھو -

شخص جسکا اختیار بوجہہ احتقام کام کے ختم ہوگیا ہو

Fundi patrimoniales. آراضیات ورثہ

Fundus instructus. آراضیات درست شدہ

Fundus maris. آراضي تہ آب

Fungibiles res. اشیا جنکا تبادلہ اوسي قسم اور مقدار کي اشیا سے ہوسکے مثلاً ایک سیر چاول - لیکن ایک خاص قسم کي تصویر اس تعریف میں داخل نہوگي

Furandi animus. نیت سرقہ - چوري کي نیت

Furcas et fossa. پہانسي اور گڈھا - اسکي مراد اختیار سزاے موت سے ہے جو زمانہ سابق میں مردوں کو پہانسي کے ذریعہ سے اور عورات کو ڈبونے کے ذریعہ سے دي جاتي تہي

Furiosis nulla voluntas est (A mad man has no will.) پاگل آدمي کي نیت نہیں ہوتي

Furiosus furore suo punitur (A mad man is punished by his own madness). فاترالعقل کي سزا اپني ہي فاترالعقلي ہے - (فاترالعقل سزا سے مستثنی کیا گیا ہے) - لیکن وہ شخص جو کسي فاترالعقل کو کسي فعل بیجا یا جرم کے کرنے کي اعانت کرے مجرم اوس جرم کا ہے جو فاترالعقل نے کیا اور اگر وہ صحیح العقل ہوتا تو جرم ہوتا

Furiosus stipulare non potest nec aliquid negotium agere, qui non intelligit quid agit (A mad man who knows not what he does cannot make any bargain). پاگل یا فاترالعقل جو یہہ نہ جان سکے کہ وہ کیا کر رہا ہے کوئي معاملہ یا کوئي معاہدہ نہیں کرسکتا (واسطے اغراض معاہدہ کے ملاحظہ ہو ایکٹ معاہدہ سنہ ۱۸۷۲ دفعہ ۱۲) کوئي شخص صحیح العقل اوس صورت میں کہا جاتا ہے جبکہ وہ بوقت معاہدہ کرنے کے اوسکے سمجہنے کے قابل ہو اور معاہدہ کے اثر کي نسبت جو اوسکے حقوق پر ہوگا راے صایب قایم کرسکے - وہ شخص جو عموماً غیر صحیح العقل رہتا ہو اوسوقت میں معاہدہ کرسکتا ہے جب وہ صحیح العقل ہو - لیکن وہ شخص جو عموماً صحیح العقل ہو لیکن گاہے گاہے غیر صحیح العقل ہو جاے وہ اوسوقت میں معاہدہ نہیں کرسکتا جب وہ صحت عقل میں نہو ۔

Furtum not est ubi initium habet detentionis her dominium rei (There is no theft where the commencement of the detention arises through the ownership of the thing). اوس صورت میں سرقہ کا جرم نہیں ہوتا جبکہ آغاز روک رکہنے مال کا بذریعہ قبضہ (ملکیت) شے کے ہو - یہہ چوري نہیں ہے کہ جب مال مسروقہ مظہرہ کسي شخص کے ہاتہہ استحقاقاً بلا کسي نیت فریب (annimus furandi) کے آیا ہو گو بعدہ وہ بیجا طور پر تصرف میں آیا ہو

Furtum sine affectu furandi non committum (Theft is not committed without an intention of

stealing). ارتکاب سرقه بلا نیت یا خواهش سرقه کے نہیں ہوتا

## G

**Gabulus denariorum.** لگان زر نقد

**Generale dictum generalitur est interpretandum** (A general saying is to be interpreted generally). عام مسئلہ کی تعبیر عام طور پر کی جانی چاہئے

**Generale nihil certum implicat** (A general expression implies nothing certain). الفاظ عام سے کوئی خالص بات ظاہر نہیں ہوتی

**Generalia præcedunt ; specialia sequuntur** (Things general precede ; things special follow) عام باتیں پہلے لکھی جاتی ہیں خاص باتیں اوسکے بعد (عموما ایکٹوں میں اول احکام بعبارت عام تحریر کئے جاتے ہیں بعد اوسکے وہ احکام بہ تعلق خاص صورتوں کے لکھے جاتے ہیں - مثلاً ضابطہ دیوانی میں پیشتر یہہ بیان کیا گیا ہے کہ ہر نالش سب سے ادنی درجہ کی عدالت میں جو اوس کی تجویز کرنے کی مجاز ہو رجوع کیجائیگی - بعد اوسکے خاص خاص صورتوں کی نسبت احکام ہیں - مثلاً بصورت نالش متعلق جایداد غیر منقولہ - یصورت نالش بربنائے معاہدہ نالشات معاوضہ بابت نقصان ذات یا جایداد وغیرہ)

**Generalia specialibus non derogant.** (General words do not derogate from special). عام الفاظ خاص الفاظ کے اثر کو کم نہیں کرتے - مثلاً جب کسی ایکٹ مابعد میں کسی امر کی بابت الفاظ ہوں جو عام طور پر بلا متعلق کرنے اون امور سے جو کسی ایکٹ ماقبل میں خاص الفاظ میں بیان کئے گئے ہوں معقول طور پر متعلق اور اثر پذیر ہوسکیں تو بعدم موجودگی کسی منشا خلاف کے یہہ قیاس کیا جائیگا کہ الفاظ عام کی یہہ مراد نہ تھی کہ احکام ماقبل و خاص کو منسوخ کریں

**Generalia sunt præpondenda specialibus** (Things general are to be placed before things particular) اشیائے عام قبل اشیائے مخصوص کے بیان کی جاتی ہیں

**Generalia verba sunt generaliter intelligenda** (General words ought to be interpreted generally). عام الفاظ کی عام طور پر مراد سمجھنی چاہئے لیکن اگر الفاظ عام کسی دستاویز یا قانون میں استعمال کئے جائیں تو وہ اوسی خاص معاملہ یا شخص پر محدود کئے جانے چاہئیں جو اوس قانون یا دستاویز کے منشا سے مناسب معلوم ہو

**Generalis clausula non porrigitur ad ea quæ antea specialiter sunt comprehensa.** (A general clause does not extend to those things which are before specially provided). عام احکام اون باتوں سے متعلق نہیں ہوتے جنکے لئے پیشتر خاص احکام ہوں (چنانچہ جو اختیار کہ کسی عدالت کو بموجب کسی قانون مقامی ماقبل کے ہو اوس پر اون احکام کا کچھہ اثر نہیں ہوتا جو بعدہ بموجب کسی قانون عام کے عام طور پر عدالتوں کو بخشا جائے)

Generalis regula generaliter est intelligenda (A general rule is to be understood in a general sense). عام قاعدہ کا منشا عام سمجھنا چاهئے

Generaliter cum de fraude disputatur non quid habeat actor sed quid per adversarium habere non potuerit considerandum est. جبکہ بحث فریب کي هو تو نہ محض اوس قرضہ پر لحاظ کرنا چاهئے جو مدعي کو واجب هو بلکہ اوس مفاد پر بهي لحاظ کرنا چاهئے جو بصورت نہونے فریب وریق مخالف کے اوسکو حاصل هوتا

Gestio pro hærede. طاریق عمل مثل وارث (وہ طاریق عمل جس سے وارث اپنے آپکو ذمہدار قرضجات مورث کا کرتا هے یعني جایداد موروثي پر قبضہ کرتا اور لگان و منافع وغیرہ وصول کرنا)

Gilda mercatoria. جماعت مهاجران

See *Chamber* of *Commerce* in the vocabulary.

Glossa viperina est quæ corrodit viscera textus (It is a poisonous gloss which corrupts the essence of the text). وہ شرح نہایت مضر هے (مثل زهر کے هے) جس سے اصل منشا کتاب کا مفقود هو جاے

Gradatim. رفتہ رفتہ - تهوڑا تهوڑا

Gradus parentelæ. شجرۃالنسب

Grammatica falsa non vitiat chartam (False grammar does not vitiate a deed). قاعدہ (صرف و نحو) کي غلطي سے دستاویز باطل نہیں هوجاتي

Grand coustumier. رواج کي بڑي کتاب

Grave delictum. جرم سنگین - جرم شدید

Gravius est divinam quam temporalem lædere majestatem (It is more serious to hurt divine than temporal power). قدرت الهي کي خلافورزي بہ نسبت مخالفت انسان کے سنگین تر هے

Grossus. قطعي - مسلم - کل

Guardianus. ولي

Guardian custumarius. ولي رواجي

مثلاً یتیمان کا ولي مطابق رواج مقامي کے هوتا هے

Guardianus datus. ولي جسکو باپ نے اپنے زندگي میں مقرر کیا هو

Guardianus legitimus. ولي حقیقي مثلاً مادر و پدر

Guardianus testamentarius. ولي جو بذریعہ وصیت نامہ کے مقرر کیا گیا هو

## H

Habeas corpus. حاضر لاؤ - یہہ حکمنامہ اوس صورت میں جاري کیا جاتا هے جبکہ معلوم هو کہ کوئي شخص کسي جگہہ ناجایز طور پر قید هے - بموجب قانون فوجداري هند کے یہہ اختیار صرف عدالتهاے پریزیڈنسي کو عطا کیا گیا هے

Habeas corpus ad deliberandum. (حاضر کرو بغرض تجویز کے) یہہ حکمنامہ اِس غرض سے جاري

ہوتا تھا کہ ملزم بغرض تجویز عدالت
مجاز میں حاضر کیا جاے

Habeas corpus ad faciendum et recipiendum.
Habeas corpus cum causa.
(تم حاضر کرو تاکہ وہ (اپنا) حکم لے)
یہہ حکمنامہ مقدمات دیوانی میں
بنام صاحبان جج عدالتہاے ادنی اوس
صورت میں جاری ہوتا تھا کہ جب
مدعاعلیہ پر عدالت ادنی میں نالش
کی گئی ہو اور وہ اپنے مقدمہ کو عدالت
اعلی میں منتقل کرانا چاہے اور حکم
مذکور میں ہدایت ہوتی تھی کہ
مدعاعلیہ معہ وجہہ اوسکے روک رکھنے
کے عدالت اعلی میں پیش کیا جاے
تاکہ وہ اوس حکم کی جو عدالت
دینا مناسب سمجھے تعمیل کرے اور
قبول کرے

Habeas corpus ad prosequendum.
(تم حاضر لاؤ تاکہ (اوسپر) مقدمہ
فوجداری قایم کیا جاے) - یہہ
حکمنامہ اس غرض سے جاری ہوتا ہے
کہ حوالاتی بغرض تجویز کے عدالت
مجاز میں بھیجا جاے

Habeas corpus ad respondendum.
(تم حاضر لاؤ تاکہ (وہ) جواب دے)
یہہ حکمنامہ اوس صورت میں جاری
ہوتا تھا کہ جب وہ شخص جسپر
مدعی نالش کرنا چاہتا ہو عدالت
ادنی کے حکم کے بموجب قید ہو تاکہ
قیدی عدالت اعلی میں بھیجا جاے
اور اوسپر نیا مقدمہ قایم کیا جاے

Habeas corpus ad faciendum. subjiciendum et recipiendum (Abb. *Habeas corpus ad subjiciendum.* (تم حاضر لاؤ تاکہ وہ
تعمیل کرے اور قبول کرے جو کچھہ
کہ اوسکو حکم دیا جاے) یہہ حکمنامہ
بصورت حراست خلاف قانون کے بنام
گرفتار کنندہ کے اس غرض سے جاری
کیا جاتا تھا کہ وہ شخص محبوس
کو حاضر لاوے اور وجہہ اوسکے قید
میں رکھنے کی بیان کرے تاکہ وہ جو
کچھہ کہ اوسکو حکم دیا جاے اوسکی
تعمیل کرے اور اوسکو قبول کرے

Habeas corpus ad testificandum. (تم حاضر لاؤ تا کہ وہ شہادت دیسکے)
یہہ حکمنامہ اوس صورت میں جاری
کیا جاتا تھا جبکہ قیدی کی شہادت
لینے کی ضرورت ہوتی تھی

Habemus optimum testem confitentem reum. شخص ملزم کا اقبال
جرم سب سے اعلی شہادت ہے
لیکن اقبال جو دھمکی ترغیب یا وعدہ
پر مبنی ہو قابل پذیرائی نہیں -
ملاحظہ طلب *Confessio facta.*

Habendum. وہ جزو دستاویز کا جس
میں حق عطیہ کی تفصیل کیجاتی ہے

Habere facias visum. حکمنامہ
بغرض معاینہ موقع

Habere licere. (*Cf.* Quiet enjoyment). اجازت تصرف بلا خلش

Habiles ad matrimouium. لایق
ازدواج

Habitatio. حق استعمال کرنے مکان
کا محض بحیثیت مکان کے

Hæc est finatis concordia. یہہ
معاهدہ آخری ہے

Hæredes. (Rom. Law). ورثا

Hæredes, legitimi. (Rom. Law.)

وارثان جایز - وارثان جو بصورت وفات بلا وصیت کے جانشین هوں

Hæredes maritentur absque dispragatione. وارثان کا بلا نفص نکالنے کے ازدواج کرنا چاهئے

Hærede proximœ. (Rom. Law). وارثان قریبي

Hæredes remores (Rom. Law). وارثان بعید

Hæredes scripti. } (Rom. Law)
Hæres factus. }

وارثان بالوصیت

Hæredes successoresque, sui cuique liberi, et nullum testamentum ; si liberi non sunt, proximus grudus in possessione.

اولاد هر شخص کي اوسکي وارث اور جانشین هوتي هے اگر وه بلا وصیت مرت هو - اگر اوسکے اولاد نهو تو رشتهداران قریب وارث هوتے هیں

Hæreditas jacens (Rom. Law). حقیت قابل ارث باطل - حقیت جسکي نسبت حق وارث مکمل نهو

Hæreditas (nihil aliud) est (quam) successio in universum jus quod defunctus habuerat (Inheritance means the vesting of every right which the deceased was possessed of). توریث سے مراد پهونچنا هر ایک حق کا هے جو متوفي کو حاصل هو

Hæreditas nunquam ascendit. ورثه اوپر کو نهیں جاتا

See Descendit itaqœ jus.

Hæres est alter ipso, et filius est pars patris (An heir is a second self, and a son is a part of his father). وارث دوسرا قالب هے اور بیٹا ایک جزو (انش) باپ کا هے

Hæres est nomen collectivium (Here is a collective name). وارث اسم مجموعي هے

Hæres factus. See Hœredes scripti.

Hæres fidei commissarius, مامورله

Hæres est cuit jure proprietatis aut jure representatis (An heir is by right of property or by right of representation). ورثا یا بذریعه اپنے حق کے هوتے هیں یا بذریعه قایم مقامي کے - نوت - اول قسم کے وارث - وارثان بالراس کهلاتے هیں اور اونکو ورثه اپنے هي حق سے ملتا هے - دوسرے قسم کے وارث وارثان بالنسب میں داخل هیں یهه بوجهه قایم مقام هونے دوسرے کے جو مستحق ورثه هو - وارث هوتے هیں

Hæres legitimus est quam nuptiæ demonstrant (He is the lawful heir whom marriage proves to be so). وه وارث اصلي هے جو اردواج سے ایسا ثابت هو - اس مسله کا منشا یهه هے که وارث هونے کے لئے پسر کا صحیح النسب هونا ضروري هے - گو بموجب دهرم شاستر کے شودروں میں پسر غیر صحیح النسب کو بهي ورثه پهونچتا هے اور شرع محمدي کے بموجب بهي پسران غیر صحیح النسب اپنے ماں سے ورثه پاتے هیں— بموجب قانون انگلستان کے پسر کے

جانشین هونے کے لئے اوسکي پیدایش بعد ازدواج جایز کے هوني لازمي هے

Hæres natus. پسر صلبي - وارث اصلي

Hæres non tenetur in Anglia ad bedita antecessoris reddenda, nisi per antacessorem ad hoc fuerit obligatus præterquam debita regis tantum. انگلستان میں وارث پابند نہیں هے که اپنے مورث کے قرضجات ادا کرے بجز اسکے که اوسکو مورث نے اوسے دیندار بنایا هو باستثناے اون قرضجات کے جو بادشاہ کو واجب هوں - لیکن بموجب قانون سنه ۳ و ۴ جلوس ولیم چهارم باب ۴ وارث ذمهدار اداے قرضه قرار دیا گیا هے - بموجب دهرم شاستر کے پسر ذمهدار اداے قرضه کا هے

Heredibus et successoribus suis. اوسکے ورثا اور جانشینان

Hesia. حق آسایش - حق استعاده

Hiis testibus. یهه گواهان هیں - (یهه الفاظ دستاویزات میں استعمال کئے جاتے تهے )

Hindeni homines. طبقه انسان— انگلستان زمانه قدیم میں جمله اشخاص تین طبقات میں منقسم کئے گئے تهے اور بوقت تجویز هرجه کسي نقصان کے جو نہیں (پهونچا هو) اوس طبقه پر احاط کیا جاتا تها جس میں وه داخل هوں — سب سے اعلی طبقه کے اشخاص کي مالیت ۱۲۰۰ شلنگ قرار دي گئي تهي اور وه (twelfhindmen) کہلاتے تهے - درجه دوم کے اشخاص (sexhindmen) بلحاظ اونکي مالیت کے کہلاتے تهے اونکي مالیت بقدر ۲۰۰ شلنگ کے تهي - درجه ادنی کے اشخاص کي حیثیت محض ۲۰۰ شلنگ کي قرار دي گئي تهي چنانچه وه (twyhindmen) کے نام سے موسوم تهے

Hodce mehi cras tebi آج میرا کل تیرا

Hœ paratus est verificare. میں تصدیق کرنے کو طیار هوں

Hoc paratus est verificare per recordum. وه اسکي تصدیق بذریعه مسل کے کرنے پر آماده هے

Holograph. دستاویز جو خود مقر نے اپنے هاتهه سے لکهي هو

Homagium reddium. اطاعت ترک کرنا

Homo. انسان - شخص

Homo aster. باشنده - سکونت رکهنے والا

Homo abeni juris. جو شخص دوسرے کے تحت میں هو

Homocide quod nullo vidente. قتل انسان جو خفیه کیا جاوے

Homo cornatus. وه شخص جسکا مورن هوا هو

Homo loricatus. شخص جو زره بکتر سے مسلح هو

Homo potest esse habilis et inhabilis diversis temporibus.

ایک شخص ایک وقت میں قابل اور دوسرے وقت میں ناقابل هوسکتا هے ناقابل کسي کاروائي قانوني کے اور دوسرے وقت میں قابل یعني صحیح العقل هوسکتا هے - ملاحظه طلب ایکت معاهده دفعات ۱۱ و ۱۲ و ایکت شهادت دفعه ۱۱۸ تشریح )

Homo sin juris. جو شخص خود اپنا مالک هو

Homo trium litterarum. تین حروف کا آدمي ( یعني f. u. r. چ و ر ) چور

Honestum non est semper quod licet (What is legal is not always honest). وہ دعل همیشه مطابق ایمان کے نهیں هوتا جو قانوناً جایز هو

Honor virtu es praenium. عزت انجام نیکي کا هے

Honorarium. معاوضه یا فیس جو کسي اعلی پیشهور کو یعني طبیب یا بیرسٹر وغیرہ کو ملے ( نالس دلا سانے اونوریریم ( معاوضه اعزار ) کي کسي عدالت میں قابل پذیرائي نهیں هے کیونکه بیرسٹروں کا کام ریا۔ ہ احلاقي خیال کیا جاتا هے )

Honoris causa. عزت کے لئے

Hora non est multum de substantia negotii (The honor is of little consequence as to the substance of business). وقت معاملات معاهدہ میں قابل لحاظ نهیں هے

Hors de propos (Fr.). بے موقع - بے وقت

Hospitia curiæ انس آف کورٹ See *Inns of court* in the vocabulary.

Hostes hi sunt qui nobis, aut quibus nos, publice bellum decrevimus ; æteri latrones aut prædonis sunt (They are enemies against whom we have publicly declared war, all others are looked upon as robbers). وہ دشمنان هیں جنکے مقابله میں جنگ کا اعلان عام کیا گیا ۔ دیگر اشخاص محض غارتگر یا رهزن هیں

Hostis humani generis. دشمن نوع انسان

Humanum eat errare (To err is human). انسان مرکب الخطا

Hutesium et clamor. See *Hue and cry* in the vocabulary.

Hypotheca. رهن - گرو See in the vocabulary.

## I

Ibid (abbreviation of *Ibidem.*) اوسي جگهه یا مقد ه میں

Ibi semper debit fleri triatio, ubi juratores meliorem possunt habere notitiam (A trial should always be had where the jury can have the best information). تجویز همیشه اوس جگهه هونا چاهئے جهاں جوري کو سب سے بهتر حالات معلوم هو سکیں (به تعلق قانون هند کے اس مسله کي تعبیر یهه هے که هر جرم کي تجویز اوس جگهه هونا چاهئے جهاں جرم کا ارتکاب هوا هو یا اوسکا نتیجه ظهور میں آیا هو یا نالشات متعلق جایداد غیر منقوله کے اوس عدالت میں جسکے علاقه کے اندر جایداد متنازعه واقع هو تجویز هونا چاهئے

Idem agens et patiens esse non potest (The same person cannot be both agent and patient). کوئي شخص ایک ساتهه فاعل اور مفعول نهیں هوسکتا

Idem corpus alia causa petendi (The same thing may be subject to different causes of action). ایک هي چیز کي نسبت کئي بناے دعوی هوسکتي هیں

Id geners omne. اوسي قسم کے سب

Idem est facere, et non prohibere cum possis (To commit, and not to prohibit when you can, is the same thing). كوئي فعل كرنا يا منع نكرنا جبكه تم منع كرسكتے هو ايک هي بات هے - (كيونكه جرم كرتے هوئے ديكهكر خاموش رهنا مساوي ارتكاب جرم هے)

Idem est nihil dicere et insufficienter dicere (It is the same thing to say nothing and not to say sufficiently). كچهه نه كهنا اور ناكافي طور پر كهنا ايک هي بات هے

Idem est non esse et non apparere (Not to be and not to appear are the same thing). نهونا اور نه طاهر هونا مساوي هے يا ايک هي معني ركهتا هے

See *De non appar entibus.*

Idem sonans ايک هي آواز سے (عدالت كوئي كارروائي بوجهه كسي نام كے غلط هجه كرنے كے منسوخ نكريگي بشرطيكه نام جسكے لكهنے ميں غلطي هو
Idem sonans. يعني يكساں آواز كے هوں)

Ideo consideratum est per curium. لهذا عدالت نے غور كيا اور يهه فيصله كيا - (الفاظ آغاز تجويز)

Id est (Abbreviated *i. e.*) يعني

Idoneum se facere I doneare se اپنے آپكو بذريعه حلف كے كسي الزام سے بري كرنا

Id possumus quod de jure possumus (We may do what we are allowed by law to do). هم وه كام كرسكتے هيں جسكے كرنے كي هم كو قانوناً اجازت هے

Id quod est magis remotum, non trahit ad se quod est magis junctum, sed e contrario in omni casu (That which is more remote does not draw to itself that which is nearer, but on the contrary in every case.) جو كه بهت بعيد هے وه اوسكو جو قريب هے اپني طرف نهيں كهينچتا بلكه هر صورت ميں خلاف اسكے

Id quod nostrum est, sive facto nostro ad alium transferri non potest (What is ours cannot, without an act of ours, be transferred to another) جو هماري چيز هے وه بلا همارے فعل كے دوسرے كے پاس منتقل نهيں هوسكتي

Ignis judicium See *Ordeal of fire in the vocabulary.*

Ignoramus. See *in the vocabulary.*

Ignorantia corum quæ quis scire tenetur non excusat (Ignorance of those matters which one is presumed to know, does not excuse).
ناواقفيت اون امور كي جنكا هر شخص كو معلوم هونا قياس كيا جاتا هے كوئي عذر نهيں هے

Ignorantia facti excusat (Ignorance of fact excuses).
ناواقفيت واقعات كا عذر هوسكتا هے (نالش تعميل مختص ميں غلطي واقعات كا عذر پيش هوسكتا هے - جبكه فريقين

کو به نسبت کسي واقعه کے جو معاهده کے لئے ضروري هو غلطي هو تو وه عهد كالعدم هے - ليكن معاهده محض اس وجهه سے قابل انفساخ نهيں هے که وه اس وجهه سے عمل ميں آيا که ايک فريق کو نسبت واقعه کے غلطي هوئي - اسيطرح سے مقدمات فوجداري ميں يهه عذر کيا جاسکتا هے - مثلاً اگر کوئي شخص به حفاظت خود اختياري کسي نقب زن کو مارنا چاهے اور غلطي سے اپنے کسي رشتهدار کو مارڈالے تو يهه جرم نهيں هے

Ignorantia judicis est calamitas innocentis. ناواقفيت جج کي مصيبت بے قصور کي هے

Ignorantia juris, quod quisque tene ure scire, neminem excusat. (Ignorance of laws which every one is presumed to know does not excuse). ناواقفيت قانون کي جسکا جاننا هر شخص کي نسبت قياس کيا جاتا هے کوئي عذر نهيں هے (بموجب ايکٹ معاهده کے معاهده محض بوجهه غلطي قانون نافذه برٹش انڈيا قابل انفساخ نهيں هے ليکن غلطي قانون جو برٹش انڈيا ميں نافذ نهيں هے وهي اثر رکهتي هے جو غلطي واقعات کي)

Ignorantia legis non excusat. (Ignorance of law does not excuse). غلطي قانون کوئي عذر نهيں هے — (هر شخص کي نسبت قانون ملک کا جاننا قياس کيا جاتا هے اور اگر وه اوسکي خلاف ورزي کرے تو وه عدالت ميں عذر نهيں کرسکتا که اوسکو قانون کي نسبت غلطي هوئي - ليکن اگر کسي قانون کا صادر هونا ملزم کو اوس وقت معلوم نهو سکتا تها که جب اوسنے وه فعل کيا جس سے وه مجرم هوگيا تو سرکار اپنا اختيار رحم عمل ميں لائيگي علاوه اسکے کوئي امر جرم نهيں هے جو وه شخص کرے جو کسي امر وقوعي کي غلط فهمي نه قانون کي غلط فهمي کے سبب سے نيک نيتي کے ساتهه اپنے تئيں اس امر کے کرنے کا قانوناً مجاز باور کرتا هے — (دفعه ۸۹ تعزيرات هند)

Ignoratio elenchi, (Logic). منطق ميں مخالف کي بحث کا مناسب جواب نه جاننا

Ignoscitur ei qui sanguinem suum qualiter redemptum voluit. (He who in defence of his life commits violence is pardoned for the offence) جو شخص که اپني حفاظت جان کے لئے کوئي تشدد کرے اوس کا وه فعل معاف هوجاتا هے - (ملاحظه طلب دفعات ۹۶ لغايه ۱۰۶ تعزيرات هند)

Illicitum collegium. جماعت خلاف قانون - مجمع خلاف قانون

Illud, quod alias licitum non est, necessitas facit licitum (That which is otherwise not lawful, necessity makes lawful). جو امر ديگر نهج پر ناجايز هو ضرورت کي وجهه سے جايز هوجاتا هے - فارسي مثل هے - گر ضرورت بود روا باشد (ليکن يهه مسئله قانون ميں تسليم نهيں کيا گيا هے)

Illud, quod alteri unitur, extinguitur neque amplius per se vacare licet (That which i

merged in another is extinguished, nor can it be any more independent.). وہ چیز جو دوسرے میں داخل ہو ساقط ہوجاتي هے - اور وہ بعد اِسکے کسي طرح علحدہ نہیں رهتي - یعني اگر کوئي اسامي اوس آراضي کا جسکي وہ کاشت کرتا هے مالک هوجاے تو حق اسامي کا بوجهہ داخل هو جانے کے حق مالکیت میں ساقط هوجائیگا اور حق مذکور کسي طرح علحدہ نہیں رهیگا

See *Necessitas inducit.*

Impedimentum dirimens, اِمتناع شادي جو واقعي رسوم ادا هونے سے بهي رفع نہو

Imperator solus et conditor et interpres legis existimatur (The emperor is considered the only founder and expounder of the law). صرف بادشاہ باني اور واضع قانون خیال کیا جاتا هے

Imperatrix. قیصرہ - ملکہ

Imperitia culpæ annumeratur Want of skill is reckoned as a negligence) نہونا هنر کا مساوي قصور یا غفلت کے هے—یعني اگر کوئي شخص باوجود نہونے واقفیت یا هنر کے کوئي کام کرے - مثلاً کوئي شخص تعمیر مکان کرے اور وہ مکان دوراً گر پڑے جس سے نقصان جان هو تو اس کي عدم واقفیت کوئي عذر نہوگا بلکہ وہ اوسکي غفلت یا اوسکا قصور خیال کیا جائیگا کیونکہ جب وہ هنر نہیں جانتا تها اوپر اوسکا تعمیر کرنا لازم نہ تها)

Impersonalitas non concludit nec legat. نہونا ذات کا نہ مانع تقریر هے اور نہ پابند کرتا هے

Impetitio vasti. ممانعت اتلاف - یعنے ممانعت حسب استدعا اوس شخص کے کیجاتي هے جو حق مابعد رکهتا هو

Impius et crudelis judicandus est qui libertati non favet (He is to be adjudged impious and cruel who does not favor liberty) اَس شخص کو ظالم اور بد سمجهنا چاهئے جو آزادي کي طرف مایل نہو

Impossibilis institutio in testamentis pro non scripto habetur (An impossible condition in testament is considered as if not inserted at all). شرط غیر ممکن کي نسبت جو وصیتنامہ میں هو یہہ خیال کیا جاتا هے نہ وہ درج هي نہیں کي گئي هے)

Impossibilium nulla obligatio est (There is no obligation to do impossible things). کوئي ذمہداري غیر ممکن چیزوں کے کرنے کي نہیں هے (لیکن معاہدہ جو کسي شرط غیر ممکن پر مبني هو کالعدم هے)

Impossito manuum (The laying of hands on any one). حملہ کرنا هاتهہ چلانا کسي پر

Impotentia excusat legem (What of strength is excused by law). نہونا طاقت یا قابلیت کا قانوناً معذوري هے - مثلاً فاترالعقل و قیدیاں و کوریش وغیرہ جو قانوناً بعض افعال کے کرنے سے معذور رکهے گئے هیں

**Imprimatur.** طبع کیا جاے

**Improbri rumores dissipati sunt rebellionis prodromi.** بیہودہ افواہ کا باھر پھیلنا باعث بغاوت کا ھے

**Imprompta.** برجستہ - فوراً - بلا تامل

**Impunitas continum affectum tribuit delinquenti** (Impunity affords a continual bait to the delinquent). سزا سے محفوظي جرم کرنے کي ترغیب دلاتي ھے

**Imputatio** (Rom. Law). ذمہداري قانوني - حساب - اِلزام

**In absentem.** بعدم موجودگي

Decree in absentem. مثلاً حکم یکطرفہ

**In æquali jure melior est conditio possidentis** (Where the right is equal, the condition of the party in actual possession shall prevail. Possession is nine-tenths of law) جبکہ حق برابر ھو تو دعوی فریق قابض غالب رھیگا - عام قاعدہ یہہ ھے کہ قبضہ کافي حق بمقابلہ ھر شخص کے ھے جو بہتر حق نہ رکھتا ھو - قبضہ معمولي طور پر بمقابلہ ھر شخص کے بجز مالک اصلي کے صحیح ھے - اگر کوئي شخص قابض کو بیدخل کرنا چاھے تو وہ حق کے زور سے کامیاب ھوسکتا ھے اور نہ قابض کے ضعف حق کي بنا پر - جب کہ دو اشخاص مساوي بے قصور ھوں اور مساوي ھوشیار رھے ھوں تو دعوی شخص قابض کا نہ صرف اوس صورت میں غالب رھیگا جبکہ حقوق مساوي ھوں بلکہ جبکہ وہ دونوں برابر قصور وار ھوں - مثلاً اگر کوئي شخص کسي کو بربناے معاھدہ ناجایز کے روپیہ دے تو وہ اوسکو وصول نہیں کرسکتا کیونکہ فریقین مساوي قصوروار تھے لہذا وہ شخص جو زر پر قابض ھے حق مرجح رکھتا ھے

**In æquali jure vel injuria potior est conditio defendentis** (In equal right or wrong the condition of the person defending is stronger). جبکہ دو شخص برابر حق رکھتے ھوں یا مرتکب فعل بیجا کے ھوئے ھوں تو اوس شخص کا زیادہ قوي مقدمہ ھے جو مدعاعلیہ ھو

**In alieno solo.** دوسرے کي آراضي پر

**In alia loco** دوسرے کي جگہہ پر

**In alternativis electio est debitoris** (In alternatives, the debtor has the choice). چارہ کار علی سبیل البدل میں مدیون کو حق اِنتخاب ھے - ( بصورت عہد علی سبیل البدل کے جس میں ایک جز جایز ھو اور دوسرا خلاف قانون تو محض جایز جزو نافذ کیا جائیگا)

**In ambigua voce legis ea potius accipicienda est significatio quæ vitio caret, præsertim cum etiam voluntas legis ex hoc colligi possit** (In interpreting ambiguous phrases of an Act, that interpretation is to be followed which is consonant with justice and equity and also fulfils the object of the law ) مبہم فقرات قانون (ایکٹ) میں اوس تعبیر کو ترجیح دیني چاھئے جو سب سے زیادہ مطابق عدل و انصاف کے ھو

خصوصاً جبکہ منشاے قانون اوس سے پورا ہو سکے

In ambiguis orationibus maxime sententia spectanda est ejus, qui eas protulisset (In doubtful phrases the intention of the person using them is chiefly to be regarded). مبہم فقرات میں خاصکر منشا اوس شخص کي ديکھني چاهئے جس نے اونکو استعمال کيا

In Anglia non est interregnum. انگلستان میں کوئي زمانہ خالي بادشاہ سے نہیں ہے کیونکہ بعد وفات ايک بادشاہ کے فوراً حق بادشاہت جانشين پیدا ہوتا ہے

In antiquiorem. بلحاظ ترتيب وقت کے

In arbitrium judicis. حسب مرضي جج - جج کے اختيار تميزي میں

In articulo mortis. بوقت وفات بوقت نزع

In bonis, in terris, ver persona. مال يا آراضي يا ذات کي بابت - (يعني نقصان جو کسي شخص کو خواہ بہ اعتبار مال يا آراضي يا ذات کے ہوا ہو )

In camera. کمرہ خاص میں

In capite. خاصکر

In casu extremæ necessitatis omina sunt communia (In cases of extreme necessity all things become common). بوقت ضرورت شديد جملہ اشيا مشترک ہیں ( يعني ضرورت میں ذاتي آسايش کو بہبودي عوام کے لئے جگہہ ديني ہوتي ہے )

Incerta quantitas vitiat actum (An uncertain quantity vitiates the act). غير معين تعداد سے فعل کالعدم ہو جاتا ہے (اس احوال پر شرع محمدي کے بموجب ہبہ مشاع ناجائز ہے )

In claris non est locus conjecturis (In things obvious there is no room for conjecture). عيان باتوں میں قياس کي حاجت نہیں ہے

In commendam. امانت میں

In commodum non solvit argumentum (An inconvenience does not destroy an argument). دقت کے پیدا ہونے سے دليل کا اثر کچھہ کم نہیں ہوتا - (اسکا مطلب يہہ ہے کہ نالس رفع امر باعث تکليف عام میں يہہ کوئي عذر نہیں ہے کہ مدعاعليہ کو امر باعث تکليف عام رفع کرنے میں بہ نسبت ہرجہ نقصان دينے کے کم تکليف ہوگئي علاوہ اسکے يہہ کوئي عذر نہیں ہے کہ امر باعث تکليف عام اسوجہہ سے درگذر کے لايق ہے کہ اوس سے کچھہ آسايس يا نفع ظہور میں آتا ہے

اگر کوئي شہادت پيش کيجا سکتي تهي اور پيش نہیں کيگئي تو بر خلاف اخذ کيا جائيگا اور يہہ کوئي دليل نہوگي کہ پيش شہادت میں دقت تهي )

In conjunctivis, oportet utramque partem esse veram (In things conjunctive, each part ought

to be true.) عبارت عطف میں ہو جزو صحیح ہونا چاهئے

In consimili casu, consimili debet esse remedium (In similar cases the remedy should be similar. یکساں مقدمات میں یکساں چارا کار ہونا چاهئے

In consuetudinibus non diuturnitas temporis sed soliditas rationis est consideranda (In customs, not the length of time but the strength of the reason should be considersd.) رواج کے نسبت نہ محض امتداد زمانہ پر بلکہ اوسکي معقولیت پر احاط کرنا چاهئے

In contractibus, benigna ; in testameitis, benignior ; in restitutionibus benignissima interpretatio facienda, est. تعبیر معاهدات میں وسیع - وصیت ناموں میں وسیع تر اور معاهدات واپسي میں وسیع ترین ہوني چاهئے

In contractibus tacite in sunt quæ sunt moris ei consuetudinis (Things which are warranted by manner and custom, may be tacitly imported into contracts). وہ باتیں جو بموجب دستور یا رواج کے مسلمہ هیں معاهدات میں ضمناً داخل کي جاسکتیں هیں - (ملاحظہ طلب شرط ٥ دفعہ ٩٢ ایکت شہادت)

In contractibus veniunt ea quaæ sunt moris et consuetudinis in regione in qua contrabitur. معاهدات میں وہ امور واقع ہوتے هیں جو اوس جگہہ جہاں معاهدہ ہوا ہو بموجب رواج و قانون جایز ہوں (یعني جایز ہونا کسي معاهدہ کا اوس قانون اور رواج مذکور سے دیکھا جاتا ہے جو مقام معاهدہ پر ہو اور اگر وہ بموجب قانون یا رواج مذکور کے جایز ہے تو وہ ہر جگہہ قابل نفاذ ہے بجز اسکے کہ وہ دوسرے ملک کے جہاں اوسکا نفاذ کیا جانا مقصود ہو مضر ہو)

In criminalibus probationes debent esse luce clariores (In criminal cases, the proofs ought to be clearer than light). مقدمات فوجداري میں ثبوت روشني سے بهي زیادہ صاف ہونا چاهئے

In criminalibus sufficit generalis malitia intentions cum facto paris gradus. مقدمات فوجداري میں نیت مجرمانہ اور فعل جو مطابق نیت کے ہو کافي ہے (یہہ اصول انصاف کا ہے کہ بغرض تکمیل جرم کے نیت اور فعل دونوں کا ہونا ضروري ہے لیکن اوس اصول میں مستثنیات بهي هیں)

*Actus non facit* ملاحظہ طلب

In criminali bus voluntas profacto non reputabitur (In criminal cases the will will not be taken for the deed). مقدمات فوجداري میں نیت فعل نہ خیال کي جائیگي

*Voluntas reputatur* ملاحظہ طلب

In cujus rei testimonium. گواهي میں جسکے - گواہ شد

In cumulo. اکٹہا - ایک ساتھہ

In curia. عدالت میں

In curia wardorum. عدالت کورت آف وارڈس میں

In custodia legis. حفاظت قانوني ميں

In debitatus. مقروض - مديون

In deceptione demini regis. به فريب دهي شاهنشاه

Inde datæ leges ne foitior omnia posset (The laws are made lest the stronger should be altogether uncontrolled.) قانون اس لئے بنائے گئے هيں که زبردست بالکل خود سر نهو جائيں

Indefensus. بلا جوابدهي

Index animi sermo (Speech is the index of the mind) الفاظ مستعمله مظهر منشا هيں

Indicia. شناخت - نشان

Indictatus. مجرم - ملزم

In disjunctivis, sufficit alteram partem esse veram (In things alternate it is sufficient that either part be true.) جبکه دو باتيں مترادف هوں تو يهه کافي هے که اونميں سے کوئي صحيح هو

*Note*—In conjunctive conditions the word AND is used whilst in disjunctive the word *or*

Indistanter. بلا توقف - فوراً

Indivisum. مشترک

Indorso. طهر پر

In dubiis benigniosa semper sunt præferenda (In cases of doubt the side of mercy should always be preferred). مشتبه حالات ميں بجانب رحم مايل هونا چاهئے

In dubiis magis dignum est accipiendum (In doubtful cases that which is more reasonable should be accepted). مشتبه صورتوں ميں وه قبول کرنا چاهئے جو زياده معقول هو

In dubio hœc legis constructio quam uerba ostendunt (In doubtful construction literal enterpretation is the legal enterpretation) کسي مشتبه امر ميں تعبير لفظي تعبير قانوني هے

In dubio prodote, libertate, innocientia, possessore, debitore, reo respondem est (When facts are doubtful, the presumption will be in favour of dower, liberty, innocence, possession, the debtor, and the criminal at the bar). مشتبه حالات ميں قياس بجانب مهر - آزادي - بيگناهي قبضه اور مجرم کے کيا جاتا هے

In dubio sequendum quod tutius est (In doubt that which is the safer course is to be adopted) بصورت شبه کے وه طريقه اختيار کرنا چاهئے جو بے خطره هو

Induciæ legales. زمانه مابين اجراء تعميل حکمنامه

In eadem conditione. اوسي حالت ميں

In embryo. رحم ميں - (حالت خامي ميں)

In emptis venditis potius id quod actum est quam id quod dictum sit sequendum est. بيع ميں هم کو فريقين کے الفاظ پر اسقدر زياده لحاظ نه کرنا چاهئے جتنا فريقين کے منشا پر - (شهادت همعصر سے يهه ثابت کيا جاسکتا هے که ظاهر ميں جو بيع هے وه در اصل رهن تها)

In esse. موجود

A child *in esse* سے مراد اوس طفل سے ہے جو رحم مادر میں موجود ہو

In eventu. آخر کار - بالآخر

In expositione instrumentorum malo grammatica quod fieri possit evitanda est (In exposition of instruments, bad grammar, so far as possible, is to be avoided. دستاویزات کے تحریر کرنے میں جہانتک ممکن ہو غلطي صرف و نحو سے اجتناب کیا جاے

In extenso. شروع سے آخر تک - پورے طور سے - مفصل

In extremis. آخر وقت پر - بوقت مرگ

In facto et jure. واقعي اور قانوناً

In facto quod finitum et certum est, nullus est conjecturæ locus (There is no room for conjecture where the fact is definite and ascertained). قیاس کي اوس جگهه ضرورت نہیں ہے جہاں کوئي امر معین اور تحقیق ہو

Infacto quod se habet ad bonum et malum, magis de bono quam de malo lex intendit. جب کسي فعل میں نیکي و بدي دونوں شامل ہوں تو قانون صرف به نسبت بدي کے نیکي کي جانب زیادہ لحاظ کریگا

Infantia. طفولیت - بچپن

In favorem libertatis. مایل بجانب آزادي

In favorem vitæ. مایل بجانب زندگي

In favorem vitæ, libertatis, et innocientiæ omnia præsumuntur. هر امر مقید زندگي و آزادي و بے گناهي کے قیاس کیا جاتا ہے

*See* In dubio prodote....

Infinitum in jure reprobatur. (Infinity is reprehensible in law). دوام یا هميشگي قانون میں ناپسندیدہ ہے

In forma pauperis. بصیغه مفلسي - بحیثیت مفلسي

Informatus non sum (I have no instructions). مجهکو کوئي هدایت (اشارہ میں) نہیں ہے

In foro conscientiæ. انصافاً - نیک نیتي سے

In foro divino. عدالت خداتعالی میں خدا کے روبرو

Infra. نیچے - تحت میں

*Vide* (See *infra*.) نیچے دیکهو (کتابوں میں صفحات مابعد کا حواله دیا جاتا ہے - لیکن دستاویزات میں تحریر ذیلي سے مراد هوتي ہے)

Infra dominium suum. اپنے علاقه یا جایداد کے اندر

Infradignitatem. امر جو شایان وقار نہو

Infra hospitium. اندر سراے کے

Infra nubiles annos. عمر ازدواج سے کم

Infra quatuor maria (Within the four seas). اندر چار ابحار یاسمندر کے (یعني اندر سلطنت انگلستان کے پیشتر انگلستان میں یهه قیاس قانوني قطعي تها که اگر شوهر بعد ازدواج جایز کے چار سمندروں میں کہیں هو تو جو اولاد اوسکي زوجه کي هو اولاد صحیح النسب قیاس کي جاییگي لیکن مقننان نے اب اِس اصول کي غلطي کو دریافت کر لیا اور اب بغرض صحیح النسبي اولاد کے نه محض یهه

ثابت هونا چاهئے که شوهر کو زوجه سے ملنے کا موقع تها بلکه یهه بهي که وه هم خانگي کے لایق بهي تها)

In futuro. آینده کے لئے

In generalibus latet dolus (In general expressions some trick is concealed) عام الفاظ یا گول عبارت میں فریب پوشیده رهتا هے

In genere quicunque aliquid dicit, sive actor sive reus, necesse est ut probet. عام قاعده یهه هے که اوس فریق کو جو کوئي خاص امر بیان کرے اوسکو ثابت کرنا چاهئے خواه وه مدعي هو یا مدعاعلیه

*See* Affirmanti....

Ingenuitas. آزادي غلام

In gremio legis. }
In nubibus. } معطلات قانون میں (یهه الفاظ اون حقیتون کي نسبت استعمال کیا جاتا هے جو معطل هوں یعني جنپر کوئي شخص موجوده قابض نهو

Inhibito. حکمنامه بنام جج عدالت ادنی بغرض روکنے کسي کارروائي کے

In his quæ de jure communi omnibus conceduntur, consuetudo alicujus patriæ vel loci non est alleganda (In those things which by common right are conceded to all, the custom of a particular district or place is not to be alleged). اون امور میں جو بموجب استحقاق عام کے سب سے متعلق کئے گئے هوں کسي خاص ضلع یا مقام کا رواج بیان نکرنا چاهئے

In hæc verba. انهیں الفاظ میں

Iniisdem terminis. انهیں شرایط پر

In invitum. خلاف مرضي کے - خلاف کسي فریق ناراض کے

Iniquum est ingenuis hominibus non esse liberam rerum suarum alienationem (It is unjust for free men not to have the free disposal of their own property) آزاد (بخلاف غلام) اشخاص کے لئے یهه بے انصافي هے که اونکو اپني خاص جایداد پر بلا قید اختیار تصرف نه هو (وه قانون پسندیده نهیں جس سے مالکان جایداد پر نسبت تصرف جایداد قیود عاید کي جائیں - بموجب قانون کے عطیه کننده یا واهب کوئي قید نسبت تصرف عطیه کے نهیں لگا سکتا لیکن واضعان قانون هند نے چند قوانین انتقال آراضي میں قید لگانے کے لئے صادر کئے هیں

In judiciis minori succurritur. امور عدالتي میں نابالغ محفوظ هے

In judicio non creditur nisi juratis (In law none are believed than those that are sworn). قانوناً بجز اون اشخاص کے جنکو حلف دیا گیا سي کا اعتبار نهیں کیا جاتا (لیکن بموجب قانون حلف مجریه هند کے ترک حلف یا اقرار صالح سے یا اوس میں کسي بے ضابطگي کے آنے سے کوئي کارروائي ناجایز نه هو جائیگي اور نه شهادت ناقابل پذیرائي هوجائیگي اور نه گواهان (یعني (۱) وه اشخاص جو شهادت کارروائي عدالتي میں (۲) مترجمان (۳) اهالي جوري) کي اس ذمهداري پر موثر هوگا که وه راست راست بیان کریں)

In jure, non remota causa, sed proxima spectatur (In law, the

immediate and not the remote cause of any event is regarded). قانون میں کسی امر کے سبب قریبی پر اور نہ بعیدی پر لحاظ کیا جاتا ہے جب کوئی فعل بیجا نسبت کسی شخص کے کیا جاتا ہے اور اوسکو نقصان پہونچتا ہے تو اکثر ایسی صورت میں اوس شخص کو بابت فعل بیجا کے بدلے مخاصمت حاصل ہوتی ہے تاہم وہ دعوی ہرجہ اوس خاص نقصان کی بابت نہیں کرسکتا کیونکہ تعلق مابین ایسے نقصان اور فعل بیجا کے کافی نہیں تھا یعنی نقصان مذکور بہت بعید تھا - اور ایسی صورت میں یہہ مسئلہ عارض ہوتا ہے کسی شخص کی غفلت کی وجہہ سے دوسرے کو حق نالش حاصل ہونے کے لئے یہہ ضروری ہے کہ اوس فعل سے نقصان ہوا ہو جسکا سبب قریبی غفلت مدعاعلیہ ہو - یہہ ممکن ہے کہ ایک شخص غافل ہو اور اوسکی غفلت موجب دوسرے کے نقصان کی ہو تاہم اصلی (بمقابلہ ضمنی) وجہہ اوس نقصان کی غفلت شخص مذکور نہ ہو بلکہ خود اوسی کی جسکو نقصان پہونچا ہو - نالشات معاہدہ میں بھی وہی ہرجہ قابل وصول ہے جسکی نسبت معقول طور پر یہہ خیال کیا جاسکے کہ وہ مطابق معمولی طریقہ کاروبار کے نتیجہ خلاف‌ورزی معاہدہ کا تھا - یا جو بوقت معاہدہ فریقین معاہدہ کے مدنظر تھا - فعل بیجا سے بھی یہہ ہی اصول متعلق ہے اور فعل بیجا کنندہ محض اون ہی افعال کا ذمہ‌دار ہے جو معمولی اور لازمی نتیجہ اوس کے فعل بیجا کا ہو یا جسکا ظہور میں آنا وہ جانتا تھا - یعنی اوس صورت میں کوئی حق نالش نہ ہوگا جبکہ تعلق قانونی مابین فعل بیجا اور نقصان کے مطلقاً نہو

Injuria. فعل بیجا - نقصان

Injuria cum damno (A wrong with damage) فعل بیجا معہ نقصان (ایسی صورت میں فعل بیجا قابل نالش ہے - لیکن ایسی صورت بھی ہوسکتی ہے کہ جسمیں فعل بیجا بلا نقصان کے ہو اور تاہم قابل نالش کے ہو)

*Injuria sine damno* ملاحظہ طلب

Injuria illata judici, seu locum tenenti regis, videtur ipsi regi illata, maxime se fiat in exercentum officii (An injury offered to a judge or person representing the king, is considered as offered to the king himself, specially if it be done in the exercise of his office). اوس ضرر کی نسبت جو جج کو جو قایم‌مقام بادشاہ کا ہے پہونچایا جاے خصوصاً جب وہ بہ نفاذ اپنے اختیار کے کام کرتا ہو خود بادشاہ کو پہونچایا جانا خیال کیا جاتا ہے

Injuria non excusat injuriam (One injury does not excuse another.) ایک ضرر سے دوسرا ضرر جایز نہیں ہوتا (یعنی اگر ایک شخص دوسرے کو ضرر پہونچائے تو دوسرے کو جایز نہیں ہے کہ وہ بھی اوسکو ضرر پہونچائے بجز اوسکے کہ حکام سے استمداد کا موقع نہو اور بہ نفاذ حق حفاظت خود اختیاری ضرر پہونچانا ضروری ہو کیونکہ یہہ مسئلہ قانونی ہے کہ کسی شخص کو جایز نہیں ہے کہ قانون کو اپنے ہاتھہ میں لے

**Injuria non præsumitur** (An injury is not presumed). ضرر کا پہونچنا قیاس نہیں کیا جاتا

**Injuria propria non cadet in beneficium facientis** (Not one shall take advantage of his own wrong). کوئي کو اپنے فعل بیجا سے مستفید نہ ہونا چاہئے

**Injuria sine damno** (Wrong without damage). فعل بیجا بلا نقصان کے (بعضے افعال بیجا ایسے ہوتے ہیں جنسے نقصان لازم نہیں آتا بخلاف اون افعال کے جنسے نقصان ہوتا ہے) لیکن وہ فعل بیجا اور قابل نالش نہیں تصور کئے جاتے - ملاحظہ طالب (*Damnum absque*) لیکن وہ باوجود اوسکے قابل نالش خیال کئے جاتے ہیں - مثلاً قانوناً تشہیر توہین تحریري بلا اعتاط ہرجہ کے جو اوس سے ہو بہ نفسہ فعل بیجا قابل نالش تصور کیا جاتا ہے - بخلاف اوسکے توہین زبانی کے قابل نالش ہونے کے لئے ہرجہ کا ثابت ہونا ضروري ہے

**In libera eleemosyna.** ہبہ خیراتي میں

**In limine.** ابتدا - آغاز میں
  Objection *in limine*. عذر ابتدائي

**In loco parentis** بجاے والدین - مربي

**In malam partem.** برے معني میں

**In maleficiis voluntas spectaur non exitus** (In criminal acts, the intent is to be taken into consideration and not the result). افعال مجرمانہ میں نیت پر اور نہ نتیجہ پر لحاظ کرنا چاہئے

**In maleficio ratihabitio mandate æquiparatur** (In offences against the law, a ratification is equal to a command). جرایم خلاف میں منظوري کا وهي اثر ہوتا ہے جو حکم کا - مثلاً اگر کوئي مجسٹریت اشخاص سرکس پر گولي چلانے کا حکم دے اور گورنمنٹ اوس فعل کو منظور کرے تو یہہ سمجھا جائیگا کہ فعل مذکور قانوناً کیا گیا)

**In medias res.** اصل شخن - اصل مطالب بلا تمہید

**In meditatione fugœ.** بھاگنے کے ارادہ میں

**Innamium.** (A pledge) گرو

**Innotescimus.** ہم اعلان کرتے ہیں

**In notis.** بہ قلم جلي

**In novo casu, novum remedium apponendum est** (A new remedy is to be applied to a new case). نئے مقدمہ میں جدید چارہ کار اختیار کرنا چاہئے

**In nubibus.** (بادل میں) حق معطل
  An estate *in nubibus.* حقیت معطل یعني وہ حقیت جسکا مستحق قابض موجود نہو

**Innuendo.** See in the vocabulary.

**In nulla est erratum.** یہہ مطلقاً غلط نہیں ہے

**In obscuro.** پوشیدگي میں

**In odium spoliatoris omnia præsumuntur** (Everything will be presumed as against a wrongdoer) ہر بات مجرم یا فعل بیجا کنندہ کے خلاف قیاس کي جائیگي

**Inofficium testamentum.** وصیت نامہ خلاف انصاف - یعني وصیت نامہ

جس میں حقوق رشتہداران قریب نظرانداز کئے جائیں

In omnibus causis pro facto accipitur id in quo per aliem mo æ sit quominus fiat (That is always considered to be done which the fault of another has prevented). اوس فعل کا کیا جانا تصور کرنا چاھئے جو دوسروں کے قصور سے نہ کیا جاسکا ھو ۔ (بموجب قانون معاھدہ کے جب معاھدہ متضمن اقرارات متقابل کے ھو اور ایک فریق معاھدہ دوسرے فریق کو اوس کے اقرار کے تعمیل سے باز رکھے تو جو فریق اِس نہج پر باز رکھا گیا ھو اوسکی مرضي پر معاھدہ قابل ابطال ھے اور مستحق اسکا ھے کہ جو نقصان اوسکو بوجہہ عدم تعمیل معاھدہ عاید ھوا ھو اوسکا معاوضہ فریق ثاني سے حاصل کرے )

In omnibus contractibus, sive nominatis sive innominatis, permutatio continetur. جملہ معاھدات میں خواہ ذکر ھو یا نہو مبادلہ ھوتا ھے (یعني معاھدہ میں ھر دو جانب سے بدل ھوتا ھے) ملاحظہ طلب تعریف بدل مندرجہ ایکٹ معاھدہ سنہ ۱۸۷۲ع

In omnibus erratum. غلطي عام میں

In omnibus fere minori ætati succurritur (In nearly all respects a person under age is protected by the law). قریب قریب ھر صورت میں نابالغ قانوناً محفوظ ھے (صرف ایک صورت میں نابالغ اپنے آپکو پابند کرسکتا ھے یعني جب وہ اپني بسر اوقات کے لئے قرض لے

In omnibus pœnalibus judiciis et ætati et imprudentiæ succurritur (In all penal sentences age and imprudence should be borne in mind). سزا دھي مجرمان میں عمر اور نافھمي پر لحاظ کرنا چاھئے - بموجب قانون ھند کے طفل جسکي عمر ۷ سال سے کم ھو ناقابل جرم تصور کیا جاتا ھے اور بعد اوسکے ۱۲ برس تک یہہ امر تنقیح طلب ھوتا ھے کہ آیا طفل اسقدر سمجھتا تھا یا نہیں کہ وہ نوعیت اور نتیجہ جرم کو جان سکتا تھا - چنانچہ قابلیت جرم کا مقیاس مجرم کي عمر سے نہیں بلکہ اوسکي پختگي عقل سے کرنا چاھئے شہادت صریح نیت مجرمانہ کي بصورت کم ھونے عمر مجرم کے ھوني چاھئے - علاوہ اِسکے ھر شخص تاوقتیکہ خلاف ثابت نکیا جاے صحیح العقل قیاس کیا جاتا ھے اور عذر فاترالعقلي کے لئے یہہ ثابت ھونا ضروري ھے کہ بوقت اِرتکاب جرم مظہرہ کے ملزم کو بوجہہ بیماري دماغي کے (حالت دماغ بوجہہ نشہ کے جو اپنے فعل سے ھوا ھو کوئي عذر نہیں ھے) فتور عقل کے باعث نوعیت و نتیجہ جرم کے سمجھنے کي قابلیت نہ تھي)

In omnibus quidem, maxime tamen in juri, æquitas spectanda sit (Equity is to be kept in view in all things, especially in the administration of the law). عدل ھمیشہ مدنظر رھنا چاھئے خصوصاً قانون کے مطابق عمل کرنے میں

In omni re nascitur res quæ ipsam rem exterminat (In

everything a thing is born which destroys that thing itself). هر چيز سے ايک چيز ايسي پيدا هوتي هے جس سے وہ خود چيز ضايع هوجاتي هے

Inordinatus. متوفي بلا وصيت

In pacato solo. ملک جس ميں امن هو

In pais. موقع پر نہ عدالت ميں

Act *in pais.* فعل باهر عدالت کے فعل جو بلا کارروائي عدالتي کے کيا گيا هو

Conveyance *in pais.* بيعنامہ موقع پر-دستاويز انتقال جو باهم دو اشخاص کے آراضي منتقلہ پر تکميل پائي هو

Estoppel *in pais.* امر مانع تقرير مقابل بذريعہ طريق عمل سابق کے

Trial *in pais.* تجويز بذريعہ جوري

In paribus materiebus, eadem est ratio (In like subject-matters the rule of law should be the same.) يکساں معاملات ميں قاعدہ ايک هي قانون هونا چاهئے

In pari causa possessor potior haberi debet (When parties have equal right the party in possession is deemed to have better right). جب دونوں فريق کے حقوق برابر هوں تو فريق قابض ( کا حق ) زيادہ قوي سمجها جاتا هے

In pari delicto. يکساں مجرم - يکساں قصوروار

In pari delicto potior est conditio defendantis (In equal fault, the condition of the defendant is more favourable). جب فريقين يکساں قصوروار هوں تو حالت مدعاعليہ کي بہتر هے (يعني قانون ميں معاملات خلاف قانون پر بغرض سقوط نالش اور نہ بغرض قايم رکهنے نالس کے لحاظ کيا جائيگا - قانوناً معاهدات خلاف قانون هرگز نافذ نهيں کئے جاسکتے - ليکن مدعاعليہ کا يہہ عذر کہ معاهدہ خلاف تہذيب هے اوسکے منہ سے نہايت بيهودہ معلوم هوتا هے اور مدعاعليہ کے فايدہ کے لئے کبهي يہہ عذر منظور نهيں کيا جاتا بلکہ اس وجہہ سے کہ يہہ اصول مصلحت عامہ پر مبني هے جسکا فايدہ اتفاق سے خلاف اصلي انصاف مابين مدعي اور مدعاعليہ کے مدعاعليہ کو حاصل هوتا هے - اصول مصلحت عامہ يہہ هے کہ کوئي حق نالش بر بناے فريب کے پيدا نهوگا - اس اصول پر عدالت عمل کرتي هيں ليکن مدعاعليہ کے فايدہ کے لئے نہيں بلکہ اس وجہہ سے کہ وہ ايسے مدعي کو مدد نهيں دينا چاهتي - ليکن يہہ مسئلہ اوس صورت ميں متعلق نهيں هوتا جب کہ خود مدعاعليہ نے مدعي کو فريب ديا هو

*See* In æquali juri...

In pari delicto, potior est conditio defendentis (In equal fault the condition of the defendant, is more favourable). بصورت قصور يکساں کے حالت مدعاعلہ کي بہتر هے (يعني مثلاً جس صورت ميں کہ روپيہ واسطے اغراض خلاف قانون کے ديا جاے تو قابض کو فايدہ رهتا هے کيونکہ عدالت ايسے روپيہ کے دلا پانے ميں مدعي کي مدد نہ کريگي)

In pari materia. اس قسم کي صورت يا مقدمه ميں

In perpetuum. دوام کے لئے - هميشه کے لئے

In perpetuum rei testimonium. دوامي ثبوت کسي امر يا واقعه کا يعني بلا دایر هونے نالس کے شهادت کسي گواه کي جو ملک سے باهر جانے والا هو يا جو قريب المرگ هو قلمبند کرانا

In personam. متعلق ذات يا بمقابله ذات

Actinos *in personam*. نالشات متعلق ذات يعني نالشات بغرض دلاپانے هرجه وغيره کے

Judgment *in personam*. تجويز متعلق کسي شخص کے (بخلاف تجويز متعلق کسي شے کے) ايسي تجويز صرف فريقين اور اونکے قايم مقامان پر قابل پابندي هے

In pios usus. واسطے اعراض خيرات کے

In pleno lumine اظهر من الشمس عياں

In posse. حالت امکاني ميں

In potestate parentis. باختيار والدين

In præparatoriis ad judicium favetur actori (In things preceding trial the plaintiff is favoured). امور قبل تجويز ميں مدعي کي رعايت هوتي هے (يعني قبل تجويز کے مدعي کے بيانات پر بادي النظر ميں اعتبار کيا جاتا هے)

In primo gradu. بدرجه اول

In principio. آغاز ميں - شروع ميں

In propria causa nemo judex sit (No one should be a judge of his own cause). کسي شخص کو اپنے هي مقدمه ميں منصف نهونا چاهئے

In proprio persona. بذات خاص

In prospectu. به اميد - به توقع

Inquilinus. کرايه‌دار (مکان)

Inquisitio post mortem. تفتيش بعد وفات - معاينه نعش

In quo quisdelinquit, in eo de jure est puniendus (In that which any one offends, in that according to law is he to be punished). اوس عهده ميں جهاں کسي نے قصور کيا هو اوسي عهده ميں اوسکي سزا مطابق قانون کے هوني چاهئے - (يعني وه شخص جو اپنے عهده کے کام ميں قصور کرے اوسکي سزا مطابق قانون کے بہ تعلق عهده هوني چاهئے)

In re. بمعامله

In rebus manifestis errat qui auctoritates legum allegat; quia perspicua vara non sunt probanda (In things manifest, he errs who alleges the authorities of law, because obvious truths need not be proved). جو شخص نسبت امر بديهه سے سند قانون بيان کرے وه غلطي کرتا هے کيونکه امور بديهه کے ثابت کرنے کي ضرورت نهيں هے

In rebus quæ sunt favorabilia animæ, quamvis sunt damnosa rebus, fiat aliquando extensio statuti (In things which are favorable to the spirit, though injurious to things, an extension of statute should sometimes be made). اون صورتوں ميں جب کوئي امر مطابق منشاے قانون

(ایکٹ) کے ھو گو وہ مضر دیگر امور کے ھو بعض اوقات قانون کے معني کو توسیع کرنا چاھئے

In rebus dubiis plurimi est audacia (In matters of doubt, boldness is of greatest value). شبہہ کي صورت میں دلیري نہایت عمدہ ھے

In re communi potior est conditio prohibentis (In a partnership, the partner who prohibits a change has the better right).

شراکت میں اوس شریک کي زیادہ وقعت ھے جو تبدیل کو منع کرے (جبکہ راے ھر دو جانب مساوي ھوں)

In re dubia magis inficiatio quam affirmatio intelligenda (In doubtful cases the negative is rather to be understood than the affirmative). شبہ کي صورت میں نفي اور نہ اثبات مفہوم ھوتا ھے

In rem. متعلق شے کے

Action *in rem.* نالشات متعلق شے

یعني نالشات بغرض استقرار حیثیت کسي خاص شے متنازعہ کے - مثلاً استقرار نسبت جوار نیلمنٹ کے

Information *in rem.* کارروائي دعوی ثبوت کسي جایداد منجانب سرکار کے

Judgment *in rem.* تجویز متعلق شے - ھندوستان میں اِس قسم کي تجویز محض صیغہ دیوالیہ و ازدواج و صیغہ نمبري سے صادر ھوتي ھے اور وہ بمقابلہ تمام دنیا کے قابل پابندي ھوتي ھے اور وہ ثبوت قطعي اون امور کا ھوتي جو تجویز مذکور میں قرار دي گئي ھوں

In restitutionem, non in pœnam hæres succedi (The heir succeeds to the restitution, not to the penalty). وارث واپسي جایداد کي صورت میں ھوتا نہ سزا کي صورت میں

In restitutionibus benignissima interpretatio facienda est (The most benignant interpretation is to be made in restitutions). معاھدہ تعمیل مختص کي نہایت ملایم تعبیر کرني چاھئے

In salva et arcta custodia. حراست محفوظ و سخت میں

In satisfactionibus non permittitur amplius fieri quam semel factum est (In damages more must not be received than is received at one time). ھرجہ ایک مرتبہ سے زیادہ نہ ملنا چاھئے—(یعني بعض صورتوں میں ایک بار ھرجہ کا دلانا مانع نالش مابعد بابت اوسي فعل کے ھے گو بعدہ ھرجہ جایداد ھوا ھو)

Inscriptio. دستاویز عطیہ تحریري

In secundo gradu. درجہ دویم

Insidiatores viarum. رھزن

Insimul computasset. (اونھوں نے) تصفیہ حساب کیا) نالش بابت حساب طے شدہ کے

Insinuatio. رجسٹري وصیت نامہ یا اول مرتبہ پیش کرنا

In situ. اصلي حالت میں

In societatis contractibus fides exuberet (Strictest good faith must be observed in partnership transactions). معاملات شراکت میں نہایت ایمانداري سے کام کرنا چاھئے

In solido. بابت کل کے - دراصل

To be bound *in solido.* (قرضہ) کل کے لئے - دوسروں کے ساتھہ مشترکاً و منفرداً پابند هونا

In son droit. اپنے هي حق سے

In specie. سکہ میں - اوس هي قسم میں

In spiritualibus. معاملات مذهبي میں

Instar omnium. مثل اِس قسم کي جملہ اشیا کے

In statu quo. حالت سابق میں - اصلي حالت میں

In stipulationibus promissoris gratia tempus adjicitur (In stipulations the time of payment will be presumed to be agreed upon for the benefit of the debtor). معاهدات میں ادائے زر کا وہ وقت قیاس کیا جائیگا جو مفید مدیون هو

In stipulationibus cum quæritur quid actum sit verba contra stipulatorem interpretenda sunt (In agreements, words are to be interpreted against the person using them). اِقرارات میں الفاظ کي تعبیر خلاف اوس شخص کے کرني چاهئے جسنے اونهیں اِستعمال کیا

In stirpes. بالنسب

In subsidium. بہ امداد

In summo jure سختيِ قانون

In suo proprio loco. اپني مناسب جگہہ پر

In suo quisque negotio hebetior est quam in alieno (Every one is duller in his own business than in the business of another). هر شخص اپنے کام میں بہ نسبت دوسرے کے کاموں کے زیادہ سست هوتا هے

In tellectus legis. منشاءِ مقصود قانون

In temporalibus. معاملات دنیاوي میں

In tentio mea imponit nomen operi meo (My intent gives a name to my act). میري نیت سے میرا فعل موسوم هوتا هے - بموجب قانون دیواني کے هر شخص اپنے فعل کے نتایج کے بموجب ذمہدار هوتا هے خواہ اون نتایج کے پیدا کرنے کي منشا هو یا نهو لیکن قانون فوجداري میں جرم کے مرتکب هونے کے لئے نیت ایک جزو ضروري هے

Inter alia. منجملہ دیگر اُمور کے

Inter alia promisit. منجملہ دیگر امور کے جسکا قرار کیا گیا تھا

Inter arma leges silent (In the midst of arms the laws are silent) آوازہ جنگ میں قانون خاموش رهتا هے - (یعني جنگ کے زمانہ میں قانون پر عملدرآمد بند هو جاتا هے اور اوسکي بجائے قانون فوجي نافذ هوتا هے)

Intercedere. (Rom. Law). ضامن بننا یا هونا

Interdictio ignis et aquæ ممانعت آگ اور پاني کي زمانہ سابق میں عهدہداران کلیسیا اون اشخاص پر جو مجرم ثابت هوتے تھے اس قسم کا حکم صادر کرتے تھے کہ مجرم کو کوئي اپنے گھر میں نہ رکھے یا اوسکے پاس آگ اور پاني جانے نہ پاوے

**Interesse termini.** حق زمانہ محدود کے لئے

**Interest reipublicæ quod homines conserventur** (It is the interest of the state that men be preserved.) سلطنت کا فایدہ اسمیں ھے کہ رعایا قایم رکھي جاے

**Interest reipublicæ res judicatas non rescindi** (It is the interest of the state that things adjudicated should not be rescinded.) سلطنت کا فایدہ اسمیں ھے کہ امر تجویز شدہ منسوخ نہ کئے جائیں

**Interest reipublicæ suprema hominum testamenta rata haberi** (It concerns the state that men's last wills be confirmed). سلطنت کا یہہ کام ھے کہ وصیت نامجات آخري کي تعمیل کي جاے

**Interest reipublicæ ut quilibet re sua bene utatur** (It is in the interest of the state that every one uses his property). سلطنت کا اسمیں فایدہ ھے کہ ھر شخص اپني جایداد مناسب طور پر استعمال کرے

**Interest republicæ ut sit finis litium.** سلطنت کا فایدہ اسمیں ھے کہ تنازعات قانون مسدود ھوں

**Interim.** درمیاني

*Interim* order. حکم درمیاني - حکم عارضي طور پر تا ھونے کسي امر یا ھدایت مزید کے صادر کیا جاے

**Inter minora crimina.** جرایم صغیرہ میں سے

**Inter nos.** باھم ھمارے - آپس میں

**Internuncio.** پیغام بر مابین دو فریق کے

**Inter patres non est potestas** (Amongst equals, one has not authority over another). اشخاص مساوي درجہ میں کسي ایک کو دوسرے پر اقتدار یا اختیار نہیں ھوتا

**Inter partes.** مابین فریقین

Judgment *inter partes.* تجویز مابین فریقین (اس قسم کي تجویز مصدرہ عدالت معیار مانع تجویز جدید دربناے اوسي بناے دعوی کے ھے)

**Interpretatio facienda est ut res magis valeat quam pareat** (Such an interpretation is to be adopted that the thing may rather stand than fall). اس قسم کي تعبیر کرني چاھئے جس سے منشا قایم رھتا ھو اور نہ ایسا کہ جس سے وہ ساقط ھو جاے

**Interpretatio talis in ambiguis semper fienda est ut evitetur inconveniens et absurdum** (In ambiguous things, such an interpretation is to be made that what is inconvenient and absurd may be avoided). مبہم الفاظ کي صورت میں ایسي تعبیر کرني چاھئے کہ جو باعث تکلیف نہ ھو اور جس سے بیہودہ نتیجہ پیدا نہ ھو

**Interregnum.** زمانہ مابین دو بادشاھوں کے - وہ عرصہ کہ جس میں تخت شاھي خالي رھے

**In terrorem.** بغرض خوف دلانے یا تنبیہ کے - جب کوئي شرط تاواني دستاویز میں ایسي داخل کي جاتي ھے جوقانوناً

زائل نہیں کي جاسکتي ھے تو وہ شرطاً بطور تنبیہ تصور کي جاتي ھے

Interruptio multiplex non tollit prœscriptionem semel obtentam (Frequent interruption does not take away a prescription once secured). حق قدامت جو ایک مرتبہ حاصل ھو گیا ھو اکثر دست اندازي ھونے سے زائل نہیں ھوتا - (ملاحظہ طلب دفعہ ۲۶ ایکٹ میعاد سماعت سنہ ۱۸۷۷ع)

Inter se. مابین خودھا

Inter vivos. مابین اشخاص زندہ کے

Transfer *inter vivos*. اِنتقال مابین اشخاص زندہ - (بمقابلہ اِنتقال بذریعہ وصیت کے) اشخاص زندہ میں صورت ہوي داخل ھے - اِس قسم کے اِنتقالات کي نسبت قانون ایکٹ اِنتقال جایداد میں احکام مندرج ھیں

In testamentis plenius voluntates testantium interpretantur. وصیت نامہ میں موصي کے منشا کي تعبیر وسیع کرنا چاھئے

In testamentis ratio tacita non debet considerari sed verba solum spectari debent. وصیت نامہ میں معني پر محض لحاظ نکرنا چاھئے بلکہ صرف الفاظ پر غور کرنا چاھئے

In testimonium. بہگواھي - بہشہادت

In totidem verbis. بہ الفاظ صریح

In toto. کلیتاً - مطلقاً

In toto et pars continetur (In the whole the part is contained). کل میں جزو شامل ھوتا ھے

Inter utrumque tene. اوسط رکھا جاے

Interdum vulgus rectum videt (Sometime the populace sees things aright). بعض مرتبہ عوام ھي حقیقت کو پہونچ جاتے ھیں

In toto jure generi per speciem derogatur et illud potissimum habetur quod et speciem directum est. یہہ اصول جملہ قوانین کا ھے کہ خاص الفاظ عام الفاظ کو مسترد کرتے ھیں اور اون الفاظ کي نہایت زیادہ وقعت ھوتي ھے جو خاص اشیا یا امور سے متعلق ھوتے ھیں

In traditionibus chartarum non quod dictum sed quod factum est inspictur (In the delivery of deeds, regard must be had not to what was said at the time, but to what was done). نسبت تعبیر دستاویزات کے اون الفاظ پر لحاظ نکرنا چاھئے جو کہے گئے تھے بلکہ اوس پر لحاظ ھونا چاھئے کہ جو کیا گیا ھو

Intra mœnia. اندر دیوار کے

In transitu. راستہ میں

Goods in transitu. مال جو مالک کے پاس سے مرسل الیہ کے لئے راستہ میں ھو - (بموجب ایکٹ معاھدہ کے جب تک کہ اموال حمال کے قبضہ میں ھوں یا مشتري کے پاس روانہ ھونے کے اثنا میں کہیں رکھے رھیں اور سواے قبضہ حمال میں ھونے یا ویسے رکھے رھنے کے ذریعہ کے ھنوز مشتري کے یا مشتري کے لئے کسي دوسرے کے قبضہ میں اور طور پر نہ آئے ھوں اونکا اثناے راہ میں ھونا سمجھا جائیگا)

Intra fortunam debet quisque manere suam (Every one is bound to live within his means) ھر شخص کو لازم ھے کہ اپنے استطاعت کا لحاظ رکھے (یعني جتني چادر دیکھو اوتنے پاوں پھیلاؤ)

Intra vires. اندر اختیار کے

Introductivum novi juris. قانون جدید پیس کرنا یا جاري کرنا

In utero رحم میں

In vacuo. بلا غرض

In vadio. رھن - گرو میں

Inventiones. دفینہ جو پایا گیاھو

In ventre sa mere. رحم مادر میں بچہ جو پیدا نہوا ھو

In verbis non verba sed res et ratio quærenda est (In words, not the mere words, but the thing and the meaning are to be inquired after) الفاظ پر غور کرنے میں ) محض الفاظ پر نہیں بلکہ اونکے معني اور اون اشیاے پر جنسے وہ متعلق ھوں لحاظ کرنا چاھئے

Inverso ordine. بہ ترتیب معکوس

Investitura est alicujus in suum jus introductio. (Investitue.) حاصل کرنا کسي شخص کا اپنے حق کو کہلاتا ھے

In viridi observantia. - نفش ھونا پتھر کي لکیر ھو جانا - بخوبي جاري ھونا

Invitat culpam qui peccatum præterit. (He who passes a crime unpunished encourages sin). جو جرم کو بلا سزا رھنے دیتا ھے گناہ کي ترغیب دیتا ھے

Invito beneficium non datur (A benefit is not to be conferred upon one who is unwilling). کسي شخص کو فائدہ بلا اوسکي مرضي کے نہیں پہونچایا جاسکتا

Invito domino. بلا رضامندي مالک کے

In vocibus videndum non a quo sed ad quid sumatur. تقریر میں اوس پر لحاظ نہ کرنا چاھئے جو شروع میں کہا جاے بلکہ اوسکے نتیجہ پر

Ipsæ leges cupiunt ut jure regantur (The laws themselves require that they should be governed by right). خود قانون کي حق سے مدد ھوني چاھئے

Ipse dixit. اوسنے خود یہہ کہا

He said on his *ipsi dixit*. یہہ محض اوسکا بیان (بلا ثبوت) ھے

Ipsissima verba. وھي الفاظ

Ipso facto. بہ نفسہ

Ipso facto ab initio. - خود واقعہ سے

Ipso jure. خود قانون سے

Ipsum matrimonium. بہ نفسہ ازدواج سے

Ire ad largum. آزاد کرنا - بھاگ جانا

Ita quod, provinde. - چنانچہ - پس - لہذا

Item. نیز - مزید براں - رقم - شے

Iter. پٹي - دگ ڈنڈي

## J

Jacens. معطل ھونا

Jacta est alia. اتفاق کا پڑنا (ھرچہ بادا باد ما کشتي در آب انداختیم)

Jactatio. شیخي
See *Jactition* of *marriage* in the vocabulary.

Januis clausis. دروازہ بند یعني مخفي طور پر

Jocus partitus. اِنتخاب دو امور مجبورہ میں

Judex. جج

Judex ad quem. جج جس کے روبرو اپیل کیا گیا

Judex æquitatem semper spectare debet (A judge ought always to regard equity). جج کو ھمیشہ عدل کا خیال رکھنا چاھئے

Judex bonus nihil ex arbitrio suo faciat, nec propositione domesticæ voluntatis, sed juxta leges et jura prounciet. نیک جج کو خود رائي سے یا کسي شخص خانگي کي تحریک سے کوئي کام کرنا جایز نہیں ہے اوسکو لازم ہے کہ مطابق قانون اور انصاف کے تجویز صادر کرے

Judex damnatur cum nocens absolvitur (The judge is condemned) when a guilty person escapes unpunished). جب کوئي مجرم بلا سزا کے نکل جاتا ھے جج معتوب ھوتا ھے

Judex de ea re cognoscet. جج اِس معاملہ کي تجویز کریگا

Judex est Lex loquens (A judge is the Law speaking). جج قانون بولنے والا ھے

Judex non potest esse testis in propria causa (A judge cannot be a witness in his own cause). جج اپنے ھي مقدمہ میں گواہ نہیں ھوسکتا

Judex non potest injuriam sibi datum punire (A judge cannot punish an injury done to himself). جج اوس ضرر کي سزا نہیں دے سکتا جو اوسکو بہونچایا گیا ھو - (یہہ مسالہ اب قدر نہیں ہے یعني جج توھین و تحقیر عدالت کي سزا دے سکتا ھے)

Judex non reddit plus quam quod petens ipse requirit (A judge gives not more than that which the plaintiff requires). جج اوس سے زیادہ نہیں دلاتا جسکا مدعي نے دعوی کیا ھو (مدعي اپنے بیانات اور حقوق سے جیسے کہ وہ عرضي دعوی میں تحریر کئے گئے ھوں یا جو اوس کے خلاف نہوں تجاوز نہیں کرسکتا)

Judicandum est legibus non exemplis (We must judge according to the laws, not by the precedents). ھم کو یعني حاکم کو تجویز مطابق قانون کے کرني چاھئے اور نہ بموجب نظایر کے یعني جب قانون صریح موجود ہے تو نظایر پر لحاظ کرنے کي ضرورت نہیں ہے

Judex non solum quid possit, sed etiam quid deceat pondrare debet. (A judge ought to weigh well not only what he may do, but also what he ought). جج کو بغور اِس امر پر لحاظ کرنا چاھئے کہ کیا اسکو کرنا چاھئے اور نہ یہہ محض اِس امر پر کہ وہ کیا کرسکتا ھے

Judicata res pro veritate accipitter (An award that has been made is received as just precedent). وہ ڈگری یا حکم جو صادر کیا گیا صحیح نظیر تصور کیا جاتا ہے

Judices non tenentur exprimere causam sententiæ suæ (Judges are not bound to explain the reason of their sentence). حکام (جج) پر لازم نہیں کہ اپنے فیصلہ وجوہ بیان کریں

Judices qui ex lege judicates, legisbus obtemperare debetis (Judges who judge according to the law, ought to be obedient to the law) وہ حکام جو مطابق قانون کے اِنصاف کرتے ہیں خود انکو مطیع قانون ہونا چاہئے

Judicia officium suum excedenti non paretur (To a judge exceeding his office there is no obedience). اوس حاکم کی فرمانبرداری لازم نہیں ہے جو اپنے اختیار سے تجاوز کرے — نوٹ اس امر میں فرق ملحوظ رکھنا چاہئے کہ اگر حاکم عدالت کسی ایسے کام کا کرنا ترک کرے جسکے کرنے کا حکم ہے تو یہہ محض ایک بے ضابطگی ہو سکتی ہے لیکن اگر وہ ایسا فعل کرے جسکی قانون میں ممانعت ہے تو وہ فعل کالعدم اور بلا اختیار ہے - اختیار سماعت اِس وجہہ سے حاصل نہیں ہو جاتا ہے کہ کوئی شخص اوسکی نسبت عذر نہ کرے

Judicia posteriora sunt in lege fortiora (The latter decisions are the stronger in law). فیصلجات زمانہ حال (بمقابلہ فیصلجات زمانہ ماضی کے) قوی تر ہوتے ہیں (اِس امر سے مراد یہہ ہے کہ فیصلجات زمانہ حال سے فیصلجات سابق جو خلاف ہوں مسترد ہو جاتے ہیں بجز اِسکے کہ وہ کسی طریق سے ممیز ہوسکتے ہیں)

Judicia sunt tanquam juris dicta et pro veritate accipiuntur (Judgments are, as it were, the words of law, and are received as truth). تجاویز گویا کہ الفاظ قانون ہیں اور صحیح تصور کی جاتی ہیں

Judici satis pœna est quod Deum habet ultorem (It is punishment enough for a judge, that he has God as his avenger). جج کے لئے یہہ سزا کافی ہے کہ خدا اس سے انتقام لیگا

Judicis est innocentiæ subvinere (It is the duty of the judge to succour innocence). جج کا یہہ فرض ہے کہ بے گناہ کی مدد کرے

Judicis est judicare secundum allegata et probata (It is the duty of a judge to decide according to facts alleged and proved). جج کا یہہ کام ہے کہ مطابق واقعات مبینہ کے فیصلہ کرے - (بموجب اس مسلہ کے فریق مقدمہ محض مطابق اپنے دعوی

مندرجه عرضي دعوى و مثبته كے پا سكتا هے - اور كوئي فريق مجاز نهيں هے كه اون واقعات كو ثابت كرے جو اوس كے مقدمه مندرجه بيان كے خلاف هوں

*Judex non reddit* ملاحظه طلب

Judicis est jus dicere non dare (It is the province of the judge to administer, not to make the laws). جج كا يهه كام هے كه مطابق قانون كے عمل كرے اور نه يهه كه قانون وضع كرے

Judicis officium est opus diei in die suo perficere (It is the duty of a judge to finish the day's work within that day). جج كا يهه كام هے كه روز كا كام اوسي روز ختم كرے

Judicis officium est ut res ita tempore rerum quærer (It is the duty of the judge to consider not only the facts but the circumstance of the case). جج كا كام هے كه نه محض واقعات پر التفات كرے بلكه هر مقدمه كے حالات پر بهي غور كرے

Judicium a non suo judice datum nullius est momenti (A judgment given by an improper judge is of no force). تجويز مصدره حاكم غير مجاز بے اثر هے

Judicium Dei. تجويز خدا - پريكشا
See *Ordeal* in the vocabulary.

Judicium non debet esse illusorium ; suum effectum habere debet (A judgment ought not to be illusory ; it ought to have its consequences). تجويز محض خيالي نه هوني چاهئے بلكه اوسكے نتايج بهي هونے چاهئيں (يعني اِس قسم كي ڈگري يا حكم صادر كرنا بے سود هے جو نافذ نهوسكے اور محض براے نام هو)

Judicium parium. تجويز مصدره اشخاص هم درجه - تجويز جوري

Judicium parium aut legis terrae (The judgment of our peers or the law of the land). تجويز مصدره اشخاص هم درجه يا قانون ملك (محض اِنهيں طريقوں سے اهل اِنگلستان كو سزا هو سكتي هے - يهه الفاظ ميگنا كارٹا سے منتخب كئے گئے هيں)

Judicium redditur in invitum, præsumptione legis (Judgment in presumption of law is given against an unwilling party) تجويز بقياس قانون خلاف فريق ناراض كے صادر كي جاتي هے (يعني فيصله مطابق قانون كے صادر كيا جاتا هے گو وه فريق راضي هو يا ناراض

Judicium revocetur. تجويز منسوخ

Jura eodem modo destruuntur quo construunter (Laws are abrogated by the same means by which they were made).

قانون اوسي طريقه يا ذرايع سے منسوخ کئے جاتے هيں جنسے وہ وضع کئے جاتے هيں

Jura fiscalia. قوانين مالگذاري

Juramentum. حلف

Juramentum probationis حلف بغرض تنقيح کسي امر کے

Juramentum est indivisible, et non est admittendum in parte verum et in parte falsum (An oath is indivisible, it is not to be received as partly true and partly false). حلف ناقابل تقسيم هے يعني بيان حلفي جزواً راست اور جزواً غلط تصور نہيں کيا جاسکتا

Jura naturæ sunt immutabilia (The laws of nature are immutable). قانون قدرت ناقابل تبديل هيں

Jura dubica autefeienda privatis (Public rights are to be preferred to private). حقوق عوام کو حقوق خانگي پر ترجيح هوني چاهئے

Jura publica ex privato promiscue decidi non debent (Public right ought not to be promiscuously decided in an analogy to private rights). حقوق خانگي اور حقوق عام يا سرکاري کا فيصله بہ تشبيه حقوق خانگي کے بلا لحاظ نہ کرنا چاهئے

Jura est Deum in testem vocare (To swear is to call God to witness). حلف لينا خدا کو گواہ کرنا هے

Jura regalia. See *Prerogative* in the vocabulary.

Jura rerum. حقوق جو کوئي شخص کسي شے ميں حاصل کرے

Jura sanguinis nullo jure civili dirimi possunt (The rights of blood can be taken away by no civil law). حقوق وارثان نسلي کسي قانون سے زايل نہيں کئے جاسکتے

Jurator (Pl Juratores). اهل جوري

Juratores sunt judices facti (Juries are the judges of fact). اهالي جوري مقدمات واقعات کي هوتي هيں

Jure civili. بموجب قانون ملک کے

Jure coronæ. بموجب حق سرکار کے

Jure gentium. بموجب قانون ممالک کے

Jure hæreditatis. بحق وراثت

Jure humano. بموجب قانون انساني کے

Jure matrimonii. بہ حق ازدواج

Jure naturæ æquum est neminem cum alterius detrimento et injuria fieri locupletiorem (By the law of nature, it is not just that any one should be enriched by the detriment or injury of another). بموجب قانون قدرت کے يہہ مناسب نہيں هے کہ کوئي شخص بمضرت کسي دوسرے کے مستفيد کيا جاے

Jure pleno. حق کامل - حق قطعي

Jure representationis. بحق قايم قامي

Jure uxoris. اپني زوجہ کے حق سے

Juri pro se introducto cuique licet renunciare (Every man

may renounce the benefit of a stipulation inserted in his favor). هر شخص کو اختیار هے کہ کسي فايدہ کو جو کسي معاهدہ میں اسکے لئے هو ترک کرے

Juris et de jure. See *Presumptiones*.

Jurisdictio est potestas de pulico introducta cum necessitate juris dicendi (Jurisdiction is a power introduced for the public good with the necessity of expounding the law). اختیار سماعت اِس وجهہ سے قایم کیا گیا تاکہ فايدہ عام توضیح قانون سے هو

Juris positivi. حق قطعي - قانون صحيح

Juris præcepta sunt hæc, honeste vivere, alterum non lædere suum cuique tribuere (The rules of law are these, to live uprightly, not to injure another, to give every one his own). قواعد قانون یهہ هیں - اِيمانداري سے رهنا - دوسرے کو ضرر نہ پهونچانا - هر شخص کو جو اوسکا هے دینا

Jus accrescendi. حق حقوق يعني حق باقي ماندگي

Jus accrescendi inter mercatores pro beneficio commerciæ locum non habet. (The right of survivorship does not exist among merchants, for the benefit of commerce). حق باقي ماندگي باهم تجاران کے واسطے فايدہ تجارت کے نهیں هوتا (کیونکہ اوس سے خاندان شريک متوفي کا تباہ هو جائيگا)

Jus accrescendi præfertur oneribus (The right of survivorship is preferred to incumbrances). حق باقي ماندگي کو حق کفالت دار پر ترجیح هوتي هے

Jus accrescendi præfertur ultimæ voluntati (The right of survivorship prevails upon grant by will). حق باقي ماندگي کو انتقال بالوصيت پر ترجیح هے

Jus ad rem. حق کسي شے میں - حق نامکمل

Jus æsneciæ. حق جیٹهانسي

Jus civile. قانون ملک (قانون روم)

Jus constitui oportet in his quæ ut plurimum accidunt non quæ ex inopinato (Law ought to be made with a view to cases happening frequently and not to those which are of rare occurrence). قانون بلحاظ اون معاملات کے وضع کیا جانا چاهئے جو اکثر واقع هوتے هیں او نہ بلحاظ صورت هاے شاذ کے

Jus civile neque inflecti gratia, nequi perfingi potentia, nequi adulterari pecunia debet (The law of the land ought neither to be warped by favor, nor broken through by power, nor corrupted by money). قانون ملک نہ سفارش پر مبني هونا چاهئے اور نہ اوسکي خلاف ورزي حکومت یا طاقت کي وجهہ سے هونا چاهئے اور نہ دولت سے خراب کرنا چاهئے

Jus coronæ. حق شاهي

Jus dederunt, non jus dixerunt. (They have given a judicial decision but not a decision according to law). اونهون نے فیصله عدالتي صادر کیا هے لیکن مطابق قانون کے نهیں هے

Jus disponendi. حق تصرف بذ یعه وصیت

Jus domicillii. قانون مقام سکونت

Jus est norma recti, et quicquid est contra normam recti est injuria (Law is the rule of right, and whatever is contrary to the rule of right is an injury) قانون قاعده حق هے اور جو کچهه که اوسکے خلاف هو ضرر هے

Jus et seisinam. حق و قبضه (یعنه حق کامل هے)

Jus gentium. قانون ممالک

Jus habendi. حق نسبت حصول قبضه واقعي جایداد کا

Jus hæreditatis. حق قانون وراثت

Jus personam. حق بمقابله ذات

Jus in re. حق نسبت جایداد

Jus in re aliena. حق دوسرے شخص کي جایداد میں

Jus in re inhærit ossibus usufructuarii (A right in the thing cleaves to the person of the beneficiary). حق نسبت جایداد کے داخل ذات مامون له کے هوتا هے

Jus jurandi forma verbis differt, re convenit (The form of taking an oath differs in language, agrees in meaning) نمونه حلف گو عبارت میں مختلف لیکن معني میں ایک هوتا هے

Jus legitimum. حق قانوني - حق بموجب قانون کے

Jus naturale est quod apud omnes homines eandem habet potentiam. حقوق قدرتي وه هیں جنکو سب انسان تسلیم کرتے هیں

Jus non patitur ut idem bis solvatur. قانون کي رو سے یهه جایز نهیں هے که ایک هي مطالبه دو مرتبه ادا کیا جاے

Jus non scriptum tacito et illiterato hominum consenu et moribus expressum (The unwritten law was declared by the tacit and unlettered consent and customs of the people). قانون غیر تحریري (رواجي) برضامندي غیر مطهره و رواج اون اشخاص کے قرار پاتا هے جو پڑهے نهوں

Jus pascendi. حق چرائي

Jus possibilitatis. حق امکاني

Jus postliminii. حق إنتقام

Jus prætensum. حق دعویدار یا غیر قابض

Jus publicum privatorum pactis mutari non potest (A public right cannot be altered by the agreements of private persons). حق عام بذریعه معاهده خانگي کے تبدیل نهیں هوسکتا

Jus recuperandi. حق واپسي یا آراضي پر دخل پانے کا

Jus respresentandi. حق قایم مقامي

Jus respicit æquitatem (Law pays regard to equity). قانون میں عدل کا لحاظ رها جاتا هے (هندوستان میں عدالت هاے عدل و قانون ایک

هي هيں لہذا وہ دونوں پر عمل کرتي هيں اور جس امر کي نسبت کوئي صريح حکم قانون نہيں هوتا مطابق اصول عدل و اِنصاف و نيک نيتي کے عمل کرتي هيں)

Jus sanguinis quod in legitimis successionibus spectatur, ipso nativitatis tempore quæsitum est (The right of consanguinity which is regarded in succession by law, is established at the very moment of birth). حق قرابت جسپر بہ تعلق وراثت قانون ميں لحاظ کيا جاتا هے فوراً پيدايش سے پيدا هوجاتا هے

Jus scriptum. قانون تحريري يعني ايکٹ - اِسٹيٹيوٹ

Jus summum sæpe summa est malitia (Extreme law is often extremely wrong). سخت قانون سے اکثر سخت جبر هوتا هے

Justæ causa facilis est. سچ مقدمہ کي پيروي کرنا آسان هے

Jus superveniens auctori accrescit successori (A right growing to the possessor accrues to the successor). حق جو قابض کو حاصل هو اوسکے جانشين کو پہونچتا هے

Jus suum. حق خود

Jus tertii. حق فريق ثالث (ايجنت حق فريق ثالث بمقابلہ مالک کے اور اسامي حق ثالث بمقابلہ زميندار کے اثناے تعلق زميندارِي و اسامي ميں پيش نہيں کرسکتا هے)

Justitia. قانون - آئين - ايکٹ - اختيار سماعت

Justitia est duplex ; viz, puniens et præveniens (Justice is double, i. e, punishing and preventing). اِنصاف دو طريقہ سے هوتا هے يعني سزا سے اور اِسداد سے

Justitia est obtemporatio scriptis legibias (Justicc is obedience to the written law). اِنصف تعميل حکم قانون موضوعہ هے

Justitia nemini neganda est (Justice is to be denied to none ) اِنصاف کرنے سے کسي کے ساتهہ دريغ نکرنا چاهئے

Jutitia nihil expectit premii (Justice seeks no reward). اِنصاف کے لئے معاوضہ نہيں درکار هے

Justitia non est neganda, non differanda (Justice is neither to be delayed nor denied) اِنصاف کرنے ميں نہ کسي کے ساتهہ دريغ کرنا چاهئے اور نہ تساهل کرنا چاهئے

Justitia non novit patrem, nec martem solam veritatem spectat justitia (Justice knows neither father nor mother, it looks at truth alone). اِنصاف ميں نہ باپ کا خيال هوتا هے اور نہ ماں کا بلکہ محض حقيت پر لحاظ هوتا هے

Jus piepoudrous. اِنصاف بعجلت

Justitiæ partis sunt, non violare homines (It is the scope of justice to do injury to no man). اِنصاف کا يہہ منشا هے کہ کسي کو نقصان نہ پہونچے

Jus triplex est. حق سہ گونہ (يعني حق ملکيت- حق قبضہ حق ممکن الحصول)

Jus utendi. حق استعمال

Jus venandi. حق شکار

Jus vendit quod usus approbavit (The law administers what use has approved). قانون اوس امر کو نافذ کرتا هے جو از روے رواج پسند کیا گیا هو

## L

Laches. *See* in the vocabulary.

Læsæ majestatis crimen. جرم خلاف بادشاه کے

Lapsus calami غلطي کتابت

Lapsus linguæ. غلطي زبان - سهو سے کوئي بات نکلجانا

Lata culpa dolo æquiparatur (Gross negligence is tantamount to fraud). غفلت شديد مساوي فريب کے هے (معمولي هوشياري سے مراد ايسي احتياط سے هے جو اوسط احتياط کے آدمي بلحاظ وقت اور موقع اور شے کے استعمال کريں ليکن ايسي معمولي احتياط کا ترک کرنا غفلت شديد هے) اگر کوئي شخص غفلت شديد کرے اور اوس سے کوئي نتيجه خراب ظهور ميں آے تو يهه قياس کيا جائيگا که اوس شخص کا اون نتايج کے عمل ميں لانے کا منشا تها - نالش هرجه بر بناے غفلت کے پذيرا هونے کے لئے ضروري هے که مدعاعليه پر ذمه داري احتياط هو اور اوسے ذمه داري کے خلاف ورزي سے مدعي کو نقصان پهونچے

Latens incrementum. اضافه خفيف (مثلاً بذريعه دريا برار وغيره کے جو رفته رفته هو)

Latroni cum similem habuit, qui furtum celare vellet, et occulte sine judice compositionem ejus admittere (The law held him as bad as a thief, who was willing to conceal the theft, and privately to accept a composition without bringing the thief to justice. قانوناً وه شخص مثل سارق کے مجرم خيال کيا جاتا هے جو چوري کو چهپاوے يا چور کو بلا سزا دلائے اوس سے کوئي اجر قبول کرے

Laudatio. گواهي نسبت نيک چلني ملزم کے

Le bane. باعث قتل - قاتل

Legalis moneta. سکه جو قانوناً مروج هے

Legatum morte testatoris tantum confirmatur, sicut donatio inter vivos traditione sola (A legacy is confirmed by the death of a testator in the same manner as a gift from a living person is by delivery alone). هبه بالوصيت بوقت وفات موصي کے مکمل هوتي هے جسطرح که هبه محض بذريعه حوالگي شے موهوبهه کے

Legatus regis vice fungitur a quo destinatur et honorandus est sicut ille cujus vicem gerit. سفير (يا گورنر) اوس بادشاه کي جگهه هوتا هے جسنے اوسے بهيجا هو اور اوسکي ويسي هي عزت هوني چاهئے جيسي اونکي جسکي جگهه وه هے

Legem abrogare. منسوخي قانون

Legem brevem esse oportet quo facilius ab imperitis teneatur (A law ought to be short that it may be the more easily understood by the unlearned). قانون مختصر (يعني بهت پيچيده نهيں) هونا چاهئے تاکه غير تعليم يافته اوسکو به آساني سمجهه سکيں

Legem ferre. تجويز قانون بنانيکي

Legem habere. قابل ادا سے شهادت حلفي

Legem promulgare. قانون مشتهر کرنا

Legem sciscere. قانون مجوزه کي نسبت رضامندي ظاهر کرنا يا منظور کرنا

Leges et constitutiones futuris certum est dare fornem negotiis, non ad fæta præterit arevocari (Laws should be construed as prospective, not as retrospective, unless they are expressly made applicable to past transactions and to such as are still pending). قانون کي تعبير به تعلق زمانه آينده اور نه به تعلق زمانه ماضيه کرني چاهئے بجز اسکے که وه خاص طور پر معاملات ماضيه و مقدمات متدايره حال سے متعلق کئے گئے هوں

Leges non verbis sed rebus sunt impositæ (Laws are imposed not on words, but on things). قانون الفاظ سے نهيں بلکه اشيا سے متعلق هوتا هے

Leges posteriores priores contrarias abrogant (Subsequent laws repeal prior contrary laws). قوانين مابعد سے قوانين ما قبل جو خلاف هوں منسوخ هوتے هيں (قانون خاص بذريعه کسي قانون عام مابعد کے منسوخ نهيں هوجاتا بجز اسکے که دونوں قوانين ايسے مختلف هوں که وه ايک ساتهه نه قائم ره سکتے هوں جبکه ايسي تعبير هوسکے که جس سے معقول طور پر دونوں قوانين جو نفاذ پذير هوسکيں تو ايسي هي تعبير پر عمل کرنا چاهئے - علاوه اسکے جب کسي ايکٹ يا آئين سے کوئي قانون ماقبل منسوخ کيا جاے تو اوس منسوخي سے کوئي چيز يا کوئي امر جو اوسوقت که جب منسوخي عمل ميں آئي موجود يا اثر پذير نهو جديد قايم نهيں هو جاتي اور نه منسوخي مذکور نفاذ ايکٹ منسوخ شده يا کسي کارروائي يا عمل پر جو بموجب ايکٹ مذکور کيا گيا هو موثر هوگا

Leges sub graviori lege قوانين تابع قوانين اعلی

Legibus amica simplicitas. سادگي سب سے عمده تعريف قانون کي هے

Legis constructio non facit injuriam (The construction of law does no injury). تعبير قانون سے نقصان نهيں هوتا

Legis interpretatio legis vim obtinet (The interpretation of law obtains the force of law). تعبير قانون کو اثر قانون کا حاصل هوتا هے

Legis moris serviunt (The laws aro subservient to usage). قوانين تابع دستور کے هيں

Legis sunt inventæ quæ cum omnibus semper una atque eadem voce loquerentur (Laws

are so made that they may always speak with one and the same voice to all). قانون اِس طرح بنائے جانے چاهئیں کہ وہ ایک هي آواز سے سب سے بولیں (یعني سب اشخاص سے یکساں متعلق هوں)

Legis a victoribus dicunter, accipruntur a victis (Conditions are made by the conquerors and accepted by the conquered). فاتح شرایط عاید کرتے هیں اور مفتوح شرایط قبول کرتے هیں

Legitimatio per subsequens matrimonium. ازدواج مابعد والدین سے طفل کا صحیح النسب هونا

Legitimi hæredes. ورثا قانوني

Le grand constumier. سب سے بڑي کتاب رواج کي

Legum ministri magistratus, legum interpretes judices, denique ideirco omnes servi sunus, ut tiberi esse possimus (The magistrates are the ministers of the laws; the judge the interpreters of the laws we are all, in fine, the servants of the laws, that we may be free). مجسٹریت قانوناً نظم و نسق کرنے والے هیں - جج تعبیر قانون کي کرتے هیں هم لوگ مطیع قانون هیں تاکہ هم آزاد رهیں

Lenocinium. چشم پوشي شوهر نسبت زنا زوجہ کے

Leonina societas. شیر کي شراکت (یعني ایسي شراکت جس میں ایک شخص کو کل اختیار و اقتدار و منافع هو)

Le roy ie veut (*Fr.*). بادشاہ کي ایسي هي مرضي هے

Le roy n'est lie par aucum statut (The king is not bound by any statute). بادشاہ تابع کسي قانون کے نہیں هے

Lettres de catchet (*Fr.*). See vocabulary.

Levis culpa غفلت معمولي

Levissima culpa. غفلت خفیف ترین

Lex æterna. قانون فطرت

Lex aliquendo sequitur æquitatem (Law sometimes follows equity). قانون میں بعض اوقات تائید عدل کي کیجاتي هے

Lex Angliæ nunquam matris sed semper patris conditionem imitari partum judicat. قانون اِنگلستان یہہ هے کہ اولاد همیشہ باپ کي اور ماں کي جانشین هوتي هے

Lex Angliæ nuuquam sine Parliamento mutari potest (The laws of England cannot be changed except by Parliament). قانون اِنگلستان بجز پارلیمنت کے تبدیل نہیں هو سکتے

Lex apostata. خلاف قانون کے کرنا

Lex appetit perfectum (The law aims perfection). قانون میں کمال کي کوشش کیجاتي هے (یعني هر چیز اوس حالت میں رکھي جاے کہ جس میں وہ هوني چاهئے)

Lex armorum. قانون زور آوري - قانون جنگ (یعني جسکي لاٹھي اوسکي بھینس)

Lex canonica. قانون مذهبي

Lex citius tolerare vult privatum damnum quam publicum malum (The law will sooner tolerate a private loss than a public evil.) قانوناً خانگي نقصان بہ نسبت تکليف يا نقصان عام کے زيادہ روا رکھا جائيگا

Lex deficere non potest in justitia exhibenda (The law cannot be defective in dispensing justice). قانون واسطے اغراض انصاف ناقص نہيں هوسکتا

Lex domicilii. *See* Jus domicilii.

Lex est ab æterno. قانون ازل سے هے

Lex est anima regis et rex est anima legis (The law is the life of the king and the king is the life of law). قانون جان بادشاہ کي هے اور بادشاہ جان قانون کي هے

Lex est ratio summa, quæ jubet quæ sunt utilia et necessaria, et contraria prohibet (Law is the highest reason, which commands those things which are useful and necessary and forbids what is contrary thereto ) قانون عقل کل هے جس کي رو سے ايسے باتوں کي هدايت کي جاتي هے جو ضروري اور کارآمد هيں اور جسکي رو سے ايسے امور کي ممانعت کي جاتي هے جو خلاف اوسکے هيں

Lex fori. قانون اوس مقام کا جہاں مقدمہ داير هو (هر شخص اوس جگہہ يا ملک کے قانون کا تابع هوتا هے جہاں وہ اپني نالش داير کرے اور وہ بوجہہ کسي قانون نافذ اپنے ملک کے ديگر اهاليان مقدمہ سے زيادہ فايدہ حاصل نہيں کرسکتا - اوس قانون کي رو سے امور متعلق ضابطہ و شہادت و اوقات آغاز و پيروي مقدمات و ديگر امور متعلق بيان تحريري وغيرہ مقرر و معين کئے جاتے هيں

Lex fori regit remedium (The law of the tribunal where remedy is sought governs the remedy). مطابق قانون اوس عدالت کے جہاں دادرسي چاهي جاے دادرسي ملتي هے

Lex Hostilia de furtis (Rom. Law) هاستلين قانون متعلق سرقہ وہ يہہ تہا کہ سرقہ کے مقدمہ کي پيروي بلا استمزاج مالک کے بهي کرني چاهئے

Lex intendit vicinum vicini facta scire (The law presumes one neighbour to know the actions of another). قانون ميں يہہ قياس کيا جاتا هے کہ ايک همسايہ دوسرے کے حالات جانتا هے

Lex judicat de rebus necessario faciendis quasi recipsa factis (The law considers things which must necessarily be done as if actually done). قانوناً يہہ تصور کيا جاتا هے کہ وہ امور جو ضرورتاً کئے جانے چاهئے تهے کر لئے گئے هونگے (يہہ مسلہ اصول عدل کا هے)

*Aequitas factum.* ملاحظہ طلب

Lex loci celebrationis. قانون مقام تعميل معاهدہ ( تعبير معاهدات کي مطابق قانون اوس مقام کے هوتي هے جہاں وہ کئے گئے هوں ليکن جب معاهدات کي تعميل کسي دوسرے مقام پر هوني قرار پائي هو تو مطابق قانون

اوس جگهه کے جهاں تعمیل هونی قرار پائی هو طریقه تعمیل اور نوعیت ایفا معاهده هوگا )

**Lex loci contractus.** مقام معاهده کا
*See* Contraisse unus quisque...

**Lex loci situs (lex situs).** قانون اوس مقام کا جهاں جایداد واقع هو - حقوق فریقین و طرایق انتقال و ضرابط انتقال منحصر اوس قانون پر هیں جو اوس مقام پر هو جهاں جایداد واقع هے)

**Lex loci solutionis.** مقام ادا

**Lex loquens.** قانون کی زبان (بادشاه)

**Lex mercatoria.** قانون متعلقه تجارت

**Lex necessitatis est lex temporis** (The law of necessity is the law of time). قانون ضرورت قانون وقت هے

**Lex neminem cogit ad impossibilia** (The law compels no man to do impossibilities). قانوناً کسی شخص کو نا ممکنات کے کرنے پر مجبور نهیں کرتا—(اسکا مطلب یهه هے که اگر شرط کسی معاهده کی ایسی هو جو صریحاً ناممکن هو تو بدل ناقابل تصور کیا جائیگا اور معاهده نافذ نکیا جائیگا—اسی طرح سے هبه بالوصیت یا انتقال ایسی شرط سے جسکی تعمیل ناممکن هو کالعدم هے - نیز عهد فعل ناممکن کرنے کا به نفسه کالعدم هے اور معاهده نسبت کرنے کسی فعل کے جو بعد تکمیل معاهده کے ناممکن هوجاے کالعدم هوجاتا هے ( ملاحظه طلب دفعه ٥٦ ایکٹ معاهده سنه ١٨٧٢ع ) لیکن جبکه تعمیل کسی شرط کی بذریعه فعل مدعاعلیه فریق معاهده کے ناممکن هوگئی هو تو اس قسم کا عدم امکان کوئی عذر نسبت نالش برنائے خلاف ورزی معاهده یا شرایط کے نهیں هے )

**Lex nemini opratur iniquum, nemini facit injuriam** (The law works harm to no one, does injury to no one). قانون سے کسی کو ضرر یا نقصان نهیں پهونچتا

**Lex non a rege est violanda** (The law is not to be violated by the king). بادشاه کو قانون کی خلاف ورزی نکرنی چاهئے ( اگرچه بادشاه کل قوانین سے بری هے تاهم اوسکو اُن قوانین کا احاط رکهنا چاهئے جو اوسنے بنائے هیں)

**Lex non exacte definit, sedarbitrio boni viri permittet** (The law does not exactly define, but leaves to the judgment of an honest man). قانون میں تعریف جامع هر امر کی نهیں هوتی بلکه ایماندار آدمیوں (یعنی ججوں) کی تجویز پر چهوڑی گئی هے

**Lex non favet delicatorum viotis** (The law favors not the wishes of the dainty). قانون میں خواهش نفاست پسندان کا احاط نهیں کیا جاتا ( یعنی یهه تجویز کرنے میں که آیا کوئی امر باعث تکلیف هے یا نهیں عدالت کو عام اشخاص کی تکالیف واقعی کا احاط کرنا چاهئے اور نه نفاست پسندان کی تکلیف خیالی کا )

**Lex non patitur fractiones et divisiones statutorum** (The law does not allow division and differentiation of statutes).

قانون میں یہہ جایز نہیں هے کہ ایکت و آئین کے اجزا تقسیم کئے جاویں (یعني ایک جزو ایک خاص طبقہ اشخاص سے متعلق هو اور دوسرا دوسروں سے)

Lex non requirit verificari quod apparet curiæ (The law does not require that which is apparent to the Court, to be proved). قانوناً یہہ ضروري نہیں هے کہ وہ امر جو عدالت کو ظاهر هو ثابت کیا جاے

Lex non scripta. قانون عام - قانون غیر تحریري مثلاً قانون رواجي

Lex prospicit, non respicit (The law is prospective and not retrospective). قانون زمانہ آیندہ کے لئے هوتا هے اور نہ زمانہ ماضیہ کے لئے (قاعدہ یہہ هے کہ قوانین زمانہ آیندہ کے لئے بنائے جاتے هیں بجز اسکے کہ صریحاً وہ زمانہ ماضي سے متعلق کئے گئے هوں)

Lex respicit æquitatem (The law pays regard to equity). قانوناً عدل پر احاطا کیا جاتا هے

Lex scripta. قانون موضوعہ یا تحریري

Lex scripta si cesset, id custodiri oportet quod moribus et consuetudine inductum est, et si qua in re hoc defecerit, tunc id quod proximum et consequens ei est, et si id non appareat, tunc jus quo urbs Romana utitur servari oportet. اگر کسي امر کي نسبت قانون موضوعہ ساکت هو تو اوس قانون پر جو دستور و رواجات پر مبني هو عمل کرنا چاهئے اور اگر اوس میں بهي کسي طرح کا سقم هو تو اوس قانون پر احاطا هونا چاهئے جو اوس کے مشابہ هو اور اگر وہ بهي معلوم نہو تو قانون مروجہ روم کي تقلید کرني چاهئے

Lex semper dabit remedium (The law always gives a remedy). ازروے قانون همیشہ دادرسي ملتي هے (یہہ مسلہ اس اصول پر مبني هے کہ جب قانون کي رو سے کوئي حق عطا هوتا هے تو اوسکے ساتهہ دادرسي بهي هوني چاهئے)

Lex spectat naturæ ordinem (The law regards the order of nature). قانوناً معمولي طریقہ قدرتي پر احاطا هوتا هے (یعني قانوناً کوئي امر جو خلاف قدرتي باتوں کے هو قیاس نہیں کیا جائیگا ملاحظہ طلب دفعہ ۱۱۴ - ایکت شہادت سنہ ۱۸۷۲ ع)

Lex spiritualis. قانون مذهبي

Lex succurrit ignoranti (The law assists the ignorant). قانون ناواقفوں کي مدد کرتا هے

See *Ignorantia facti*......

Lex talionis. قانون انتقامي (ایک مرتبہ انگلستان میں یہہ قانون صادر هوا تها کہ اوس شخص کو جو عداوتي استغاثہ کرے اگر وہ الزام غلط معلوم هو وهي سزا دي جاے جو اوس شخص کو دي جاتي کہ جسکے خلاف استغاثہ کیا گیا تها بشرطیکہ وہ صحیح هوتا) ایسے هي جهوٹے اور عداوتي استغاثوں کي بابت هرجہ دلایا جاتا هے

Lex terræ. قانون ملک

Lex vincit consuetudinem. ازروے قانون رواجات منسوخ هوسکتے هیں (بشرطیکہ وہ خلاف قانون هوں)

Libera batella. حق کشتي راني یا مواخذہ ماهي گیري

Libellus famosus. تحریر توھین آمیز

Libera e persona. یہہ شخص آزاد کیا جاے

Liberati. بلا قید - بلا روک

Liberatio. نان و نفقہ جو سالانہ مالکان علاقہ اپنے ملازمین خانگي کو دیتے ھیں

Liberatio siesinæ. حوالگي قبضہ

Liber homo (Rom. Law). آزاد شخص

Liber judiciarius. See *Domesday book* (in the vocabulary).

Liberta pecunia non liberat offerentem (Money being restored does not set free the party offering). روپیہ حوالہ کرنے سے شخص روپیہ دینےوالا آزاد نہیں ھو جاتا - (کسي جرم سے کسي ذریعہ سے بجز سزا قانوني کے برات نہیں ھوتي - مال مسروقہ کے واپس کرنے سے یا راضي نامہ سے) بجز اسکے کہ قانوناً راضي نامہ جایز ھو (سزا سے برات نہیں ھوتي)

Libertas est potestas faciendi id quod jure licet (Liberty is the power of doing that which law permits). آزادي ایک اختیار اون کاموں کے کرنے کا ھے جو قانوناً جایز ھیں

Liber taurus سانڈ جو چھوڑا گیا ھو

Licentia cogueudo. اجازت تقریر - وقت جو جوابدھي کرنے کے لئے مقرر کیا جاے

Licentiati in jure. اعلاي قانون پیشہ

Licet. جایز ھے - اگرچہ

Licet dispositio de interesse futuro sit inutilis, tamen potest fieri declaratio præcedens quæ sortiatur effectum, interveniente novo actu (Although a disposition of future interest is void, yet it may become a declaration precedent taking effect upon the intervention of some new act). اگرچہ انتقال حق آیندہ کا کالعدم ھے تاھم وہ بطور استقرار ماقبل کے بر طبق عمل میں آنے کسي فعل کے نافذ ھو سکتا ھے مسلہ حصول حقیت قانوني سے متعلق ھے - چنانچہ اگر کوئي شخص بہ ظاھر ایسي جایداد منتقل کرے جسکا کہ وہ مالک نہو تو گو انتقال مذکور سے حقیقت قانوني واقع جایداد منتقل نہوگي تاھم وہ بطور ایک معاھدہ انتقال کے جب وہ واقعي مالک ھوجائیگا اثر پذیر ھوگا اور اگر اوس معاھدہ کا بدل ھو تو بموجب اصول عدل کے (ملاحظہ طلب دفعہ ۱۸ ایکٹ دادرسي خاص سنہ ۱۸۷۷ع معاھدہ انتقال دوراً بعد حصول جایداد کے انتقال واقعي ھوجائیگا

Liege poustie. بہ ثبات عقل و صحت نفس

Linea recta semper præfertur transversali (The direct line is always preferred to the collateral). سلسلہ مستقیم کو ھمیشہ سلسلہ طرفي پر ترجیح ھوتي ھے (یہہ قاعدہ وراثت ھے)

Liquere debet hominem esse interemptum (It ought to be clear that a man has been killed). یہہ صریح ظاھر ھونا چاھئے کہ کوئي شخص قتل کیا گیا (مقدمات قتل میں)

See *Corpus deltcli*......

Lis. نالس - مقدمہ - تنازعہ

Lis pendens. دوران مقدمہ

*See* in the vocabulary.

Lis sub judice. تنازعہ جو ثالثان یا عدالت کے روبرو درپیش هو اور هنوز طے نہوا هو

Lite pendente. دوران نالس

Litera attornati. مختار نامہ

Litera scripta manet (Written words last). الفاظ تحریري قایم رهتے هیں - (اِس اصول پر بموجب قانون کے اهم معاملات کے تحریر هونے اور نیز بعض صورتوں میں رجسٹري شدہ هونے کا حکم هے - مثلاً ان معاملات کا تحریري هونا لازمي هے بیع و رهن - ٹهیکہ یا پٹہ و هبہ (بموجب شرع محمدي کے هبہ کا تحریري هونا ضروري نهیں هے) وصیت نامجات هندو (بنگال و بلدہ بمبئي و مدراس میں) تقرر امناً جدید - اِقرار ذمہداري و اِقرار اداے جزو زر اصل (بغرض حفظ تمادي (اِقرار با عهد بلا بدل - معاهدہ سپردگي ثالثي کسي معاملہ کا - اِضافہ یا تخفیف لگان بذریعہ معاهدہ - تقرر وکیل و منسوخي تقرر - اِنتقال ڈگري - مختار نامہ)

Litis æstimatio. مقیاس هرجہ

Litis pendence. وہ زمانہ کہ جس میں نالش قایم هو

Locatio. (Rom. Law). کرایہدار

Locatio mercium vehendarum. معاهدہ لیجانے مال کا کرایہ پر

Locatio operis faciendi, کام اور مزدوري اجر پر کرنا

Loc cit (Abb. of *Loco citato*). اوس فقرہ میں جسکا حوالہ دیا گیا

Locum tenens. قایممقامي یعني وہ شخص جو کسي کی جگہہ بجاے یا بقایممقامي کام کرتا هو - ڈپٹي - لفٹننت

Locus in quo. مقام جهاں کسي کام کا کیا جانا بیان کیا گیا هو موقع جس میں کسي کام کا کیا جانا بیان کیا جاے

Locus pœnitentiæ موقع توبہ - موقع مغفرت - موقع افسوس اختیار کسي معاملہ سے دستبرداري کرنے کا قبل اِسکے کہ کوئي فعل اوسکے تکمیل کا کیا گیا هو (بصورت معاهدات کے قبل اِسکے کہ فریق ثاني نے اپنا قبول ظاهر کیا هو)

Locus regit actum (The place governs the act) فعل تابع اوس مقام کے هے جهاں وہ کیا جاے (یعني کسي معاملہ قانوني کا جایز هونا بلحاظ قانون اوس ملک کے دیکھا جائیگا جهاں وہ تکملہ کو پهونچا

Locus sigilli. مقام مهر کا - وہ جگہہ یا موقع نقل دستاویزات میں دستاویزات مهري میں جو بذریعہ حروف L. S. (جو کہ مخفف هیں) ظاهر کیا جاتا هے

Locus standi. کهڑے هونے کا موقع حق سماعت کئے جانے کا - مثلاً The mortgagor has no *locus standi* in this case. راهن کو اِس مقدمہ میں کوئي اِستحقاق سماعت کئے جانے کا حاصل نهیں هے

LL. D. (Abb. of Legum Doctor.) ڈاکٹر آف لاز یعني حکیم یا قانون پیشہ اعلی درجہ کا

Longa aberrat scopo (He is wide of the mark). وہ مطلب سے بہت دور ھے - وہ مطلب کو نہیں پہونچ سکتا

Longa possessio est pacis jus (Long possession is the law of peace). قبضہ مدت دراز قانون امن ھے - اسي اصول پر قانون میعاد سماعت مبني ھے - یعني قانوناً یہہ مناسب نہیں خیال کیا جاتا کہ قبضہ مدت‌دراز میں مزاحمت کي جاے کیونکہ یہہ بنا تنازعات کي ھے

See *Limitation* in the vocabulary.

Longa pos temporis possessio (Rom. Law). قبضہ مخالفانہ

Lotts manibus. صفا ھاتھہ سے (یعني بلا داغ فریب کے)

Longus testis protrahi potest (A lengthy witness can be drawn out). گواہ طویل گو سے جواب حاصل کیا جاسکتا ھے یا بات دریافت ھوسکتي ھے

Loquendum ut vulgus, sentiendum ut docti (Speak as the ordinary people think with the learned.) معمولي اشخاص کي طرح علما کي طرح کے خیال ظاھر کرو (یعني خیالات کیسي ھي اعلی ھوں اونکو سادہ زبان میں ظاھر کرنا چاھئے

Lubricum linguæ non facile tra hendum est in pœnum (A slip of the tongue ought not lightly to be subjected to punishment). غلطي الفاظ کي سزا بلا غور کے ندیني چاھئے

Lucram malum æquali dispendio (An evil gain is equal to a loss). ناجایز فایدہ برابر نقصان کے ھے

Lucrativa causa (Rom. Law). بلا بدل - بلا قیمت

Lucri causa. واسطے منافع کے - بوجہہ منافع کے

Ludi vani. کھیل خلاف قانون - مثلاً پانسہ - طاش وغیرہ خاص حالات میں

## M

Magis de bono quam de malo lex intendit (The law favours a good rather than a bad construction). قانون میں اچھي تعبیر پر بمقابلہ بد تعبیر کے زیادہ لحاظ کیا جاتا ھے (یعني اگر کوئي شخص ھر کام کرنے پر راضي ھو تو قانوناً یہہ قیاس نہیں کیا جائیگا کہ وہ خلاف قانون یا ناجایز امور کے کرنے پر بھي راضي ھوا)

Magister Rotulorum. ماسٹر آف دي رولس - نام ایک حاکم عدالت کا

Magistratus indicat virum (Office proves the man). عہدہ (یا پیشہ) سے آدمي ظاھر ھوتا ھے

Megna centum. بڑا سیکڑا یعني ۱۲۰ پنجے کا - یا ۶ دوڑي کا

Magna Charta. *See* vocabulary.

Magna est veritas et prævalet (Truth is powerful and will prevail). راستي بڑي قوت‌ور ھے اور غالب رھیگي

Magnas vis est. magnum nomen unam et idem sententis senatus (Great is the power, great the name of a senate, which is unanimous in its opinions). اوس سینیٹ یا انجمن کو بہت طاقت حاصل ھے اور اوسکا بڑا نام ھے جو متفق‌الراے ھو

Magni nominis umbra. سایه بڑے نام کا (یعني لایق باپ کا نالایق بیٹا)

Magni refert quibuscum vixeris (It is of great consequence with whom you live). یهه قابل لحاظ هے که تم کسکے ساتهه رهتے هو - صحبت بد کي وجهه سے اکثر نیکوں پر بهي دهبه آجاتا هے

Magnum bonum. سب سے بڑي بهلائي

Magnum concilium مجلس اعلیٰ جس میں پارلیمینٹ اور شاه جلوس فرما هوں

Maihemium est homicidium inchoatum (Mayhem is incomplete homicide). اعضا کا کاٹنا نا مکمل قتل هے

Major hæreditas venit unicuique nostrum a jure et legibus quam a parentibus (We each of us receive a more valuable inheritance in our civil and legal rights than we derive from our parents). هم اپنے حقوق قانوني و مدني سے اوس سے بهت زیاده قیمتي ورثه حاصل کرتے هیں جو همکو والدین سے پهونچتا هے

Majus et minus non variant speciem (Greater and less do not change the nature of a thing). زیاده اور کم هونے سے نوعیت کسي چیز کي نهیں بدل جاتي (مثلاً مال مسروقه کے کم یا زیاده هونے سے نوعیت سرقه میں کوئي فرق نهیں هوتا)

Mala causa silenda est (It is best to be silent in a bad cause). خراب مقدمه میں چپ رهنا بهتر هے

Mala fides. بدنیتي

Mala grammatica non vitiat chartum (Bad grammar does not vitiate a deed). غلطي صرف نحو سے دستاویز کالعدم نهیں هوجاتي - جبکه کاتب کا منشا ظاهر هو تو کتابت یا غلطي عبارت پر لحاظ نهونا چاهئے - لیکن اگر کوئي دستاویز ایسي لکهي هو جسکا مطلب مطلقاً سمجهه میں نه آئے تو عدالت نه اوسکے معني قایم کرنا لازمي نهیں هے

Mal a propos (*Fr.*) بے وقت (کي چیز)

Mala in se کوئي امر جو بذ نفسه ناجایز هو - فعل ناجایز

Mala praxis. بهدا یا خراب عمل (مثلاً جراحي کا)

Mala prohibita. فعل ممنوعه

فعل ناجایز (Mala in se) اور فعل ممنوعه (Mala prohibita) قابل امتیاز هیں - افعال اول الذکر مثل سرقه و قتل وغیره بذ نفسه ناجایز هیں خواه اونکے کرنے کي ممانعت قانون میں کي گئي هو یا نهیں برخلاف اسکے افعال مثل لاٹري یا دفتر یا امور رازداري سلطنت کا افشا کرنا ایسے افعال هیں جو محض اسوجهه سے که واضعان قانون نے منع کئے هیں ناجایز هو گئے هیں)

Mal a propos بے وقت - بے موقع

Maledicta expositio quæ corrumpit textum (It is a bad exposition which corrupts the text). وه شرح یا ٹیکا خراب هے جس سے اصل کا مطلب خبط هو

Maleficia propositis distinguuntur (Evil deeds are to be distinguished from evil purpo-

میں صادر کرسکتي هیں کہ جب اِس قسم کے حکم کي درخواست ایسے شخص کي جانب سے کیجاے جسکي جایداد یا حق ذاتي یا حق مدني کو فعل مخصوص سے نقصان پہونچے اور جب اِس قسم کا فعل یا ترک فعل عدالت یا شخص پر بحیثیت سرکاري بموجب قانون کے لازمي هو اور سایل کو کوئي اور چارہ کار مناسب حاصل نہو - (ملاحظہ طلب دفعہ ۴۵ و مابعد ایکٹ دادرسي سنہ ۱۸۷۷ع)

Mandata licita strictam recipiunt interpretationem ; sed illicita, latam et extensam (Lawful authority is to receive a strict interpretation ; but an unlawful authority, a wide and extended interpretation). اختیار جایز کي تعبیر نہایت سختي سے کرني چاهئے (یعني جو اختیار هو اوس سے تجاوز مطلقاً نکرنا چا هئے) لیکن اختیار ناجایز کي تعبیر وسیع هوني چاهئے (تاکہ اوس اختیار کے بموجب وہ امور کئے جاسکیں جو جایز هوں)

Mandatarius terminos sibi positos transgredi non potest (An agent cannot exceed the limits placed upon him). ایجنٹ یا کارندہ اون اختیارات سے جو اوسکو دئے گئے هوں تجاوز نہیں کرسکتا

Mansuetæ naturæ. جانور پالتو

Manucaptio. (See *Mainprise* in the vocabulary).

Manu forti. زبردستي یا سختي سے

Manu propria. اپنے هاتھہ سے

Manu scriptum. (Abb. MS. or MSS.) هاتھہ کا لکھا هوا

ses.) افعال بد او اعراض بد میں تمیز رکھنا چاهئے

Malfesance. فعل بیجا

Malitia præcogitata. پہلي عداوت سے

Malitia supplet ætatem (Malice makes up for age). عداوت عمر کا معاوضہ کر دیتي هے (یعني اگر عمر کم هو (یعني ۷ سال سے زیادہ اور ۱۲ سال سے کم) اور عداوت کا هونا ثابت هو تو مجرم کو سزا دي جاسکتي هے)

Malo grato بلا مرضي کے

Malum in se. بنفسہ بد یا نقصان رساں

Malum non præsumitur (Evil is not to be presumed). برائي (فعل نا جایز) قیاس نہیں کي جاتي

Malus animus. بُري نیت - نیت فریب

Malus usus abolendus est (A bad custom should be abolished) بُرا رواج مسدود کرنا چاهئے (خواہ وہ کتنے هي زمانہ سے کیوں نہ چلا آتا هو)

Mandamus. حکمنامہ جو بادشاہ کے نام سے عدالت کنگس بنچ سے (یا هائي کورٹ بلدهاے پریزیڈنسي سے قبل سنہ ۱۸۷۷ع کے جاري هوتا تھا اور جسکي رو سے کسي شخص یا جماعت یا عدالت ادنی کو یہہ هدایت کي جاتي تھي کہ وہ کسي خاص فعل کو جو اونکے عہدہ کے متعلق هو اوس طرح کرنے سے باز رهیں جیسا کہ عدالت مطابق عدل و انصاف مناسب خیال کرے - هندوستان میں اِس حکمنامہ کا کرنا ممنوع هے لیکن هائیکورٹ هاے بلدہ پریزیڈنسي اب بهي اِس قسم کا حکم اندر حدود اختیار سماعت ابتدائي دیواني کے اوس صورت

**Manutenentia.** مقدمہ لڑوانا
*See* Maintenance in the vocabulary.

**Maritagium.** (۱) ازدواج (۲) جہیز (۳) مال متعلقۂ ازدواج

**Mater familias.** ماں یا مالکن خاندان

**Materia prima.** (۱) اول امر (۲) ابتدا معاملہ کی

**Matrimonia debent esse libera** (Marriages ought to be free). ازدواج آزادی کے ساتھہ ہونا چاہئے (یہہ مسلہ ہندؤں سے متعلق نہیں ہے)

**Matrimonium subsequens tollit peccatum præcedens** (Subsequent marriage cures preceding criminality). ازدواج مابعد سے زمانہ ماقبل کا نقص رفع ہوجاتا ہے

**Maturiora sunt vota mulierum quam verorum** (Women arrive at maturity earlier than men. عورات قبل مردوں کے بلوغ کو پہونچ جاتی ہیں

**Maxime festinum** فی الفور۔ بلا تساہل مثلاً

Remedy *maxime festinum.* چارہ جوئی بلا تساہل تدبیر فی الفور

**Mayhem.** *See* in the vocabulary.

**Medis tubs sumus it is** (The middle course is safest). اوسط درجہ ہمیشہ محفوظ ہے

*See* Aqua cedit solo...

**Meliorem conditionem suam facere potest minor deteriorem nequaquam** (A minor can make his own condition better, but by no means worse). نابالغ اپنی حالت بہتر کرسکتا ہے لیکن کسی صورت میں بدتر نہیں کرسکتا (اسکا مطالب یہہ ہے کہ نابالعان کوئی کام اپنے مضر نہیں کرسکتے کیونکہ وہ ناجایز ہوگا اور ولی بھی نابالغ کی طرف سے کوئی ایسا معاہدہ نہیں کرسکتا جس میں نابالغ کو نقصان ہو اور نہ وہ نابالغ کی کوئی جایداد منتقل کرسکتا ہے بجز بغرض دایدہ نابالغ

**Melior est conditio defendentis.** مدعاعلیہ کی حالت بہتر ہے
*See* Favorabilioris rei...

**Melior est conditio possidentis, ubi neuter jus habit** (Where neither has a right, the condition of the possessor is better). جب کہ کسی دو حق نہو تو حالت قابض کی بہتر ہے

*See* In æquali jure...

**Melior est justitia vere præveniens, quam severe quniens** (Justice truly preventing is better than severely punishing). وہ طریقہ انصاف جس سے کہ جرم مسدود ہو بہ نسبت سزا سخت کے بہتر ہے

**Melius est non habere titulum quam habere vitio eum** (It is better to have no title than a tainted or void one). خطاب باعاب سے بلا خطاب رہنا بہتر ہے

**Melius est omnia mala pati quam malo concentire** (It is better to suffer every wrong than to consent to do wrong). نقصان برداشت

کرنا بہتر ھے بہ نسبت اِسکے کہ نعل بیجا کي نسبت رضامندي ظاھر کي جاے

Melius est petere fontes quam sectari rivulos (It is better to go to the fountainhead than to rivulets) سر چشمہ پر جانا بہ نسبت سوتوں کے پاس جانے کے بہتر ھے (یعني اصل کو دیکھنا چاھئے نہ کہ اوسکو شرح اور خلاصہ کو)

Mensa et thoro. میز اور بستر سے
*See* A mensa...

Mens testatoris in testamentis spectanda est. وصیت نامہ میں موصي کي منشا کا لحاظ رکھنا چاھئے

Men periculo. اپنے ھي خطرہ پر

Merces retinens. فیس تقرر یعني فیس اِبتدائي جو وکیل کو اس غرض سے دیجاے کہ وکیل رھیگا

Messis sementem sequitur (The crop follows the sower) فصل بونے والے کي ھوتي ھے

Meubles meublans (*Fr*). اسباب ؛ اشیاے نمایش یا خوبصورتي

Meum et tuum (Mine and thine). میرا اور تیرا

Minatur innocentibus qui parcit nocentibus (Who spares the guilty threatens the innocent). جو مجرموں کو بچاتا ھے بے گناھوں کو ڈراتا ھے

Minima pœna corporalis est major qualibet pecuniaria (The smallest bodily punishment is greater than any pecuniary one) کم سے کم سزاے جسماني ھر سزا جرمانہ سے زیادہ سخت ھے

Minime mutanda sunt quæ certam habent interpretationem (Things which have a certain interpretation are to be altered as little as possible). جن الفاظ کے معني تحقیق ھوں اون میں جہانتک ممکن ھو کم رد و بدل کرنا چاھئے

Minor ante tempus agere non potest in casu proprietatis, nec etiam convenire ; differetur usque ætatem sed non cadit breve (A minor before majority cannot act in a case of property not even agree, it should be deferred until majority ; but the writ does not fail). نابالغ قبل بلوغ کے متعلق جایداد کے کوئي کارروائي نہیں کرسکتا اور نہ معاھدہ کرسکتا ھے یہہ تا وقت بلوغ کے ملتوي رھنا چاھئے لیکن دعوی (بوجہہ نابالغ ھونے کے ساقط نہیں ھوتا ملاحظہ طالب ایکٹ معاھدہ دفعہ ۱۱ و دفعہ ۲۸)

Minor minorem custodire non debet (A minor cannot be guardian to a minor). نابالغ نابالغ کا ولي نہیں ھوسکتا

Minutiæ. امور خفیف

Miserabile depositum (Rom. Law). امانت جو بوقت ضرورت شدید کي جاے (مثلاً بوقت آتش زدگي کے جب کوئي مال کسي شخص کے پاس حالت سراسیمگي میں سپرد کیا جاے)

Misera est servitus ubi jus est vagum aut incognitum (Servitude is a wretched state where

the law is either undefined or unknown). اطاعت اوس جگھہ کي جہاں کہ قانون غیر معین ھے اور نا معلوم ھے ایک حالت ذلیل ھے (یعني جس ملک میں قانون مشتہر نہوں اور محدود نہوں وھاں کي اطاعت مساوي ذلت کے ھے)

Misericordia communis. جرمانہ کل جماعت پر

Misfeasance. مداخلت بیجا - مزاحمت بیجا

Missio in possessionem. قرقي مال مدیون کي واسطے ادائے مطالبہ داین کے

Mitior sensus. مفید تر تعبیر یا تعبیر بامعني

Mitius imperanti metius paretur (He is better obeyed who commands leniently). اوس شخص کے حکم کي زیادہ تعمیل ھوتي ھے جو ملائمیت سے حکم دیتا ھے

Mittimus. (۱) حکمنامہ انتقال مسل ایک عدالت سے دوسري عدالت میں (۲) وارنٹ سپردگي مجرم

Mobilia sequuntur personam (Moveables property) follow the person of the owner). مال منقولہ مالک کي ذات کے ساتھہ جاتا ھے (یعني مال منقولہ شخص بلا وصیت کا مطابق قانون اوس ملک کے جہاں کا وہ شخص ھو تقسیم ھوتا ھے اور نہ مطابق قانون اوس مقام کے کہ جہاں مال مذکور واقع ھو جیسا کہ بصورت جایداد غیر منقولہ کے)

Modo et forma declarata. اوس طریقہ اور نمونہ میں جیسا کہ ظاھر کیا گیا (منجانب مدعي کے)

Modus. طریقہ - مقیاس - رواج - نمونہ

Modus et conventio vincunt legem (The form of agreement and the convention of parties overrule the law). طرز و طریقہ معاھدہ و شرائط فریقین قانون پر غالب آتي ھیں (یعني فریقین معاھدہ کو اختیار ھے کہ جو شرایط چاھیں اپنے معاھدات میں داخل کریں بشرط اون کے جو صریحاً ممنوع یا خلاف تہذیب ھوں اور یہہ معاھدہ خواہ زباني یا تحریري ھو جب مکمل ھو جاے تو یہي معاھدہ بر اثر قانون کا رکھتا ھے)

See *Conventio vincit.*

Modus operandi. طریق کارروائي - طریق عمل

Molliter manus imposuit. اوسنے آھستہ سے ھاتھہ رکھا تھا (نالشات حملہ میں یہہ عذر کہ مدعاعلیہ نے مدعي کو ملائمیت سے علحدہ کیا تھا - یعني اوسے زیادہ تکلیف نہیں دي گئي جسقدر کہ ضروري تھي)

Moneta abatuda.

See in the vocabulary.

Moneta est justum medium et mensura rerum commutabilium (Money is the just medium and measure of commutable things). سکہ مناسب وسیلہ اور پیمانہ اسیاے قابل تبادلہ کا ھے (کیونکہ سکہ کے وسیلہ سے کل چیزوں کا اسانی مناسب تخمینہ ھو جاتا ھے)

Monstrans de faits ou records. مسل یا دستاویز دکھلانا یا پیش کرنا

Mora. (Rom. Law). غفلت قصور معاھدہ کے وقت معہودہ در تعمیل میں قاصر رھنا

A bailee *in mora.* امین یا تھویلدار جو مال کے وقت مقررہ پر واپس کرنے میں قاصر رہا ہو

Mora debitoris non debet esse creditiori damnosa (The delay of the debtor should not go to the damage of the creditor). مدیون کے توقف سے داین کو نقصان نہ پہونچنا چاہئے (مثلاً اگر مال مدیون کے توقف کي وجہہ سے نہ لیا گیا ہو تو وہ اوسکے ذمہداري پر ہے یعني وہ اوسکے نقصان کا متحمل ہوگا)

Mora reprobatur in lege (Delay is reproved in law). قانون میں توقف ناپسند کیا جاتا ہے

Mors omnia solvit (Death dissolves all things) موت کل چیزوں کو علاحدہ کر دیتي ہے

Mort civile (*Fr.*) Civil death (q. v.) موت فرضي

Mortis causa. بخیال وفات

Mortuum vadium (A dead pledge). رہن - رہن اِنگلشیہ کہ جس میں جایداد بعوض کسي رقم کے اِس شرط سے منتقل کي جاتي تھي کہ اگر راہن ایک روز مقررہ پر رقم مذکور معہ سود وغیرہ کے ادا کردیگا تو مرتہن جایداد مذکور راہن کو منتقل کریگا

Mos pro lege (Usage for law). دستور قدیم بجاے قانون کے ہے

Mulieratus. پسر صحیح‌النسب

Mulier puisne. پسر اکبر صحیح‌النسب ایسي عورت کا جس کے ساتھہ قبل ازدواج کے پدر کا تعلق ناجایز تھا

See *Bastard eigne.*

Multa in jure communi contra rationem disputandi, pro communi utilitate, introducta sunt (Many things inconsistent with sound reasoning are introduced into common law for common utility). بہت سي باتیں جو مطابق اصول فقہ کے درست نہیں ہیں قانون عام میں باحتاط فایدہ عوام کے داخل کي گئي ہیں

Mulgere hircum. بکرا کو دوھنا یعني ناممکن کام کرنا

Multi multa, nemo omnia novit (Many persons know many things, no one knows every thing). بہت سے آدمي بہت سي چیزیں یا باتیں جانتے ہیں لیکن ایک آدمي سب چیزیں نہیں جانتا

Multitudo errantium non parit errori patrocinium (The multitude of those who err gives no excuse to the error). کثرت اون اشخاص کي جو غلطي پر ہوں کوئي عذر غلطي کرنے کے لئے نہیں ہے

Multitudo imperitorum perdit curiam (A multitude of ignorant persons destroys a court). جماعت جہلا سے عدالت ذلیل ہوتي ہے

Multo melius ex sermone quam lineamentis, de moribus homi-

num judicare (It is much better to judge of men's character from their words than their features) آدمي کا چال چلن اوسکي باتوں سے اور نہ اوسکي شکل سے خيال کرنا چاهئے

Mutatis mutandis. بہ تبديل مراتب تبديل طلب - بہ تبديلات ضروري

Mutata forma, interimitur prope substantia rei (The form being changed, the substance of the thing is destroyed). شکل بدلنے سے شے کي اصليت زايل هوجاتي هے

N

Nam et majorum instituta tueri, sacris cerimoniisque retinendis sapientis est. کيونکہ يہہ عقلمند آدميوں کا کام هے کہ اپنے آبا و اجداد کے انتظام کو قايم رکھيں اور رسوم و دستورات مذهبي کو برقرار رکھيں

Namium vetitum. ناجايز طور پر دي کے مويشي کو هانک دينا اِس بہانہ سے کہ اونسے نقصان پهونچا

Nativi. غلام علام پيدايشي (بخلاف اوسکے جسنے اِطاعت يا غلامي کا معاهده ديا هو)

Natura appetit perfectum ; ita et lex (Nature desires perfection, so also law). قدرت ميں کمال هے وہ هي قانون کا منشا هے

Naturalis affectio. محبت طاري

Naturalis obligatio. ذمہداري اخلاقي (بخلاف ذمہداري قانوني کے) بہہ بناے نالش کافي نہيں هے

Navium detentio. جهاز يا جهاز کے مال کا بحکم سرکاري روکا جانا—

N. B. (Nota Bene). ياد رکهو - ملاحظہ کيجئے

Necessitas est lex temporis et loci (Necessity is the law of time and place). ضرورت قانون وقت اور مقام هے

Necessitas excusat aut extenuat delictum in capitalibus, quod non operatur idem in civilibus. (Necessity excuses or extenuates a delinquency in criminal cases, which has not the same operation in civil cases). ضرورت سے جرم مقدمات فوجداري ميں کم يا معاف هو جاتا هے ليکن يہہ صورت مقدمات ديواني ميں نہيں هے

Necessitas inducit privilegium quod jura privata. (Necessity gives a privilege with reference to private rights). ضرورت سے نسبت حقوق ذاتي (يا خانگي) کے رعايت حاصل هوتي هے (يعني ضرورت کي وجهہ سے ذاتي حقوق حاصل هوجاتے هيں - مثلاً بوقت ضرورت محافظت ذات و مال کے لئے دوسروں کو نقصان پهونچانے کا حق حاصل هوجاتا هے (ملاحظہ طلب دفعہ ۱۰۶ مجموعہ تعزيرات) ضرورت تين قسم کي هوتي هے - ضرورت محافظت جان - ضرورت بوجهہ تعميل حکم - ضرورت بوجهہ فعل خدا يا شخص ثالث کے - اِن تينوں صورتوں ميں اِستحقاق خاص حاصل هوجاتا هے - مثلاً کوئي فعل جرم نہيں جو بہ نفاذ اِستحقاق حفاظت

خود اختیاري جاٸز طور پر کیا جاۓ اور دویم کوٸي جرم نہیں جو بہ تعمیل حکم قانون کے کیا جاۓ - اور سویم کوٸي جرم اوس فعل کے کرنے میں بھي نہیں ھے جو بہ جبر کرایا جاۓ بشرطیکہ اوس فعل کے نکرنے سے خوف فوراً ھلاک ھونے کا ھو)

Necessitas non habet legem (Necessity has no law). ضرورت کے لٸے کوٸي قانون نہیں ھے

Necessitas quod cogit, defendit (Necessity defends what it compels). ضرورت سے جس فعل کي کرنے کے مجبوري ھوتي ھے وہ ھي ضرورت بناۓ جوابدھي ھے

Nec si non obstatur propterea etiam permittitur (Though an act is not prohibited, it does not therefore follow that it is permitted) اگر کوٸي فعل ممنوع نہو تو اوس سے یہہ لازم نہیں آتا کہ اوسکي اجازت ھے (فرایض اخلاقي الفاظ قانون پر محدود نہیں ھیں)

Nec veniam effuso sanguine, casus habet (Where blood is spilled, the case is unpardonable). جب خون کیا جاۓ تو جرم غیر قابل معافي ھوجاتا ھے

Nec vi, nec clam, nec precario. نہ جبر سے نہ اخفا سے اور نہ اجازت سے یعني حق استفادہ یا آسایش بالاستحقاق اور ظاھر طور پر بلا خلش استفادہ سے حاصل ھوتا ھے - ایکٹ حق استفادہ سنہ ۱۸۸۲ع دفعہ ۱۵)

Ne exent regno. اوسکو ملک سے باھر نہ جانے دینا چاھٸے - حکم مصدرہ عدالت چانسري کہ کوٸي شخص بلا اجازت شاھي کے ملک سے باھر نہ جاۓ (یہہ اوس صورت میں صادر ھوتا ھے کہ جب مدعي یہہ ثابت کرے کہ مدعاعلیہ پر روپیہ واجب ھے اور وہ بھاگا چاھتا ھے)

Nefas. فعل بیجا - بے انصافي

Negatio duplex est affirmatio (A double negative is an affirmative). دو نفي ملکر اثبات ھو جاتا ھے

Negotiorum gestor. (Rom. Law). کوٸي شخص جو از خود اور بلا علم یا رضامندي کے اوسکے مال کے متعلق کچھہ کام کرتا ھے تاکہ مالک مال کو فایدہ ھو - بموجب قانون روم نیز انگلستان کے شخص مذکور اپني تکلیف کا معاوضہ حاصل کرسکتا ھے مثلاً بصورت بچانے مال جہاز وغیرہ کے

Nemine contradicente (Abbrev. Nem. con). بلا اعتراض یا بالاتفاق (یعني نسبت تجویز کے کسي نے اعتراض نہیں کیا)

Nemine dissentiente Abbrev. Nem. dis. بلا اختلاف راۓ (یعني نسبت امر مجوزہ کے کسي نے اختلاف نہیں کیا)

Neminem id agere ut ex alterius prædetur inscitia (No man should so act as to take advantage of another man's ignorance). کسي شخص کو ایسا عمل نہ کرنا چاھٸے کہ دوسرے کي لاعلمي یا ناواقفیت سے فایدہ اوٹھاوے - (ایسي صورتوں میں عدالت عدل اگر مدعي

نے ذیدہ ناجایز اوٹھایا ھو مدعاعلیہ کو مطابق اصول اِنصاف کے نقصان ناجایز سے محفوظ رکھیگي - خصوصاً اِس صورت میں جبکہ تعلق باھمي اِعتمادب ھو)

Nemo allegans suam turpitudinem audiedus est (No one bearing testimony to his own baseness ought to be heard, same as he who comes into equity must come with clean hands). اوس شخص کي سماعت نہیں چاھئے جو اپني بےایماني خود ظاھر کرے - مثلاً اگر کسي نابالغ نے کوئي جایداد اپني عمر زیادہ ظاھر کرکے فروخت کي ھو تو عدالت عدل نابالغ فریبي کو عذر نابالغي سے مستفید نہونے دیگي لیکن وہ شخص جو عدالت سے مدد چاھے اوسکو بلا داغ آنا چاھئے اور اوسکو محض یہہ ھي نہیں ثابت کرنا چاھئے کہ نابالغ نے اوسکو فریب دیا بلکہ یہہ ثابت کرنا چاھئے کہ اوسکو فریب مذکور کي وجہہ سے غلطي ھوئي

Nemo bene imperat nisi qui paruirit imperio (No one is fully able to command unless he has first learnt to obey). کوئي شخص پورے طور پر حکومت کے لئے اوسوقت تک قابل نہیں ھوسکتا کہ اوسنے خود حکم کي فرمانبرداري نہ کي ھو

Nemo bis punitur aut vexatur pro eodem delicto (No one is to be twice punished or vexed for the same offence). کسي شخص کو ایک ھي جرم کي بابت دوبارہ تکلیف یا سزا نہ دینا چاھئے - ملاحظہ طلب دفعہ ۴۰۳ مجموعہ ضابطہ فوجداري سنہ ۱۸۹۸ع

Nemo cogitur rem suam vendere etiam justo pretio (No person is obliged to sell his own property even for the full value). کوئي شخص اپني جایداد فروخت کرنے پر گو پوري قیمت کیوں نہ دي جاے مجبور نہیں کیا جاسکتا بہ استثناے بہ تعمیل احکام قانون حصول آراضي)

Nemo dat qui non habet (No man gives that which he does not possess). کوئي شخص وہ نہیں دیسکتا جو اوسکے قبضہ میں نہو کوئي شخص اوس سے بہتر حق نہیں دیسکتا جو اوسکو حاصل ھے

Nemo debet bis punire pro uno delicto (No man shall be twice punished for the same offence). کسي شخص کو ایک جرم کي بابت دوبارہ سزا نہ دي جائیگي

Nemo debet bis vexari pro eadem causa (No one should be vexed twice for the same cause). کسي شخص کو ایک ھي معاملہ کي بابت دو بارہ تکلیف نہ دینے چاھئے (اسي مسئلہ پر اصول امر تجویز شدہ مبني ھے - یعني ھر معاملہ کا ایسا فیصلہ ھونا چاھئے کہ دوبارہ اوسکي بابت عدالت میں آنے کي ضرورت نہو - ملاحظہ طلب دفعہ ۴۲ مجموعہ ضابطہ دیواني سنہ ۱۸۸۲) لیکن یہہ مسئلہ اوس صورت میں صادق نہیں آتا جب کہ تجویز اول فریب یا سازش سے حاصل کي گئي ھو یا ایسي عدالت نے صادر کي ھو جو مجاز نہ تھي)

Nemo debet esse judex in propria causa (No one can be a judge in his own cause) کوئي شخص اپنے هي مقدمہ ميں منصف يا جج نہيں هوسکتا (اس مسلہ پر احکام دفعہ ٥٥٥ مجموعہ ضابطہ فوجداري مبني هيں

Aliquis non debet ملاحظہ طلب

Nemo debet immiscere se rei alienæ ad se nihil pertinenti (No body should interfere in another's business in what does not relate to himself). کسي کو دوسرے کے کام ميں جسميں اوسکو کچھہ تعلق نہو دخل نہ دينا چاهئے

Nemo debet locupletari aliena jactura (No one ought to be enriched by another's disaster) کسي شخص کو دوسرے کي مصيبت سے مستفيد نہونا چاهئے - (عدالت عدال اسي اصول پر اون معاملات کے نفاق ميں مدد نہيں ديتي جو داينان مديون کي مصيبت سے فايدہ اوٹهاکر کرتے هيں

Nemo debet rem suam sine facto aut defectu suo amittere (No one should loose his property without his own act or negligence). کوئي شخص اپنا مال يا جايداد بلا اپنے فعل يا غفلت کے زايل نہيں کرسکتا

Nemo de domo sua extrahi potest (No one could be dragged or turned out of his own dwelling-house). کوئي شخص اپنے مکان سے نکالا يا بيدخل نہيں کيا جاسکتا - يعني هر شخص کا مکان اوسکا قلعہ هے

*See* Domus sua...

Nemo duobus utatur officiis (No one should fill two offices). کسي شخص کو دو عہدوں پر نہونا چاهئے

Nemo est hæres viventis (No one is the heir of a living person). کوئي شخص زندہ شخص کا وارث نہيں هوسکتا - (اس مسلہ کا يہہ مطلب هے کہ کسي شخص کو حيات مورث ميں کامل حق وراثت حاصل نہيں هوتا ليکن يہہ مسلہ دهرم شاستر سے متعلق نہيں هے کيونکہ هندو پسران کو اونکے باپ کي جايداد موروثي ميں پيدايش سے هي حق حاصل هو جاتا هے چنانچہ پسر کو حيات پدر ميں جايداد موروثي ميں بحيثيت حصہ دار شريک کے اپنے حصہ کے مطابق حق ملکيت محدودہ حاصل هوتا هے اور وہ اپنا حصہ تقسيم بهي کراسکتا هے)

Nemo ex alterius facto prægravari debet (No one ought to be burdened by the act of another). کوئي شخص دوسرے کے فعل سے زير بار نہونا چاهئے

Nemo ex dolo suo proprio relevetur, aut auxilium capiat (Let no one be relieved or gain an advantage by his own fraud). کوئي شخص اپنے هي فريب سے فايدہ نہيں اوٹها سکتا

Nemo in auditus nec summonitus condemnari debet (No man should be condemned unsummonded or unheard). کسي شخص کو بلا طلب کے يا بلا سماعت کے سزا نہ ديني چاهئے

Nemo in communione potest invitus detineri (No one can be kept in partnership against his will). کوئي شخص بلا اپني مرضي کے شراکت میں رہنے کو مجبور نہیں کیا جاسکتا

Nemo in propria causa testis esse debet (No one should be a witness in his own cause).
کسي شخص کو اپنے ھي مقدمہ میں گواہ نہونا چاھیے (بموجب ضابطہ فوجداري کے مقدمات پرورش زوجہ و اطفال میں ملزم اپنے آپکو بطور گواہ پیش کر سکتا ھے اور ایسي صورت میں بحیثیت گواہ کے اوسکا اظہار لیا جائیگا - (دفعہ ۴۸۸) بموجب ایکٹ شہادت کے کل کارروائیات دیواني میں فریقین نالس گواھان مجاز ھیں)

Nemo moriturus præsumitur mentire (No body about to die is presumed to lie). مرتے ھوئے شخص کي نسبت جھوٹ بولنا قیاس نہیں کیا جاتا - (اسي اصول پر قانون میں بیانات بوقت مرگ کي اِس قدر وقعت رکھي گئي ھے کو وہ دیکر نھج پر شہادت سماعي ھے لیکن وہ بہت عمدہ شہادت سمجھي جاتي ھے)

Nemo patriam in qua natus est exuere nec ligeantiæ debitum ejurare possit (No man can disclaim the country in which he was born, nor abjure the bond of allegiance). کوئي شخص اپنے ملک سے کہ جس میں وہ پیدا ھوا ھو انحراف نہیں کرسکتا اور نہ کوئي شخص عقد اطاعت کو شکست کرسکتا ھے (یعني ایک بادشاہ کي رعیت اپنے کسي فعل سے بلکہ دوسرے بادشاہ کي اطاعت کي حلف اُٹھانے سے بھي اپني اطاعت سے جو اول بادشاہ کو واجب ھے بري نہیں ھوسکتي لیکن اب بموجب قانون حال اِنگلستان کے (ملاحظہ طلب اسٹیٹیوٹ سنہ ۳۳ جلوس وکٹوریہ باب ۱۲) ایک طریقہ ھے کہ جسکے ذریعہ سے وہ اشخاص جو رعیت برطانیہ پیدایش سے تھے اپنے آپکو رعایا دشمن قرار دے سکتے ھیں اور اونکي حیثیت رعیت برطانیہ ساقط ھوسکتي ھے)

Nemo plus juris in alium transferre potest, quam ipse habet (No man can transfer a better title than he himself possesses). کوئي شخص اوس سے بہتر حق منتقل نہیں کرسکتا جتنا کہ اوسکو حاصل ھے (Assignatus utitur) ملاحظہ طلب

Nemo præsumitur alienam posteritatem suæ prætulisse (No one is presumed to prefer the posterity of another to his own). کسي شخص کي نسبت یہہ قیاس نہیں کیا جاتا کہ اوسکو اوروں کي اولاد اپني سے اچھي معلوم ھوتي ھے (شیخ سعدي نے بھي کہا ھے - ھر کس را عقل خود بکمال و فرزند خود بجمال نماید)

Nemo præsumitur esse immemor suæ æternæ salutis, et maxime in articulo mortis (No one is presumed to be forgetful of his own eternal welfare, especially at the point of death). یہہ قیاس نہیں کیا جاتا کہ کوئي شخص اپني ھي عاقبت سے غافل ھے خصوصاً بوقت مرگ

Nemo præsumitur ludere in extremis (No one is presumed to trifle at the point of his death). کسي شخص کي نسبت يهه قياس نهيں کيا جاتا که وه بوقت مرگ مذاق کرتا تها (يعني الفاظ وصيت نامه جهاں تک ممکن هو بےمعني يا محض فضول تصور نکرنا چاهئے)

Nemo punitur pro alieno delicto (Let no man be punished for the fault (crime or wrong) of another). کسي شخص کو دوسروں کے قصور کي بابت سزا نهيں دي جاني چاهئے

Nemo prudens punit quia peccatum est, sed ne peccetur (No man of prudence punishes because a fault has been committed, but that it may not be committed). عقلمند اِس وجهه سے سزا نهيں ديتا که قصور هوا هے بلکه اِس وجهه سے که قصور نکيا جاے (کيونکه اگر سزا کي يهه منشا هوتي تو سزا اِنتقام هوجاتي)

Nemo tenetur prodere seipsum (No one is bound to betray himself). کسي پر لازم نهيں هے که اپني بد اعمالي ظاهر کرے (مقدمات فوجداري ميں جو بابت جرايم زنا بالجبر وغيره کے هوں ملزم کے معائينه کي ضرورت هو تو يهه احتياط رکهنا چاهئے که اس قسم کا معائينه بلا مرضي ملزم کے نهونا چاهئے کيونکه کسي شخص پر اپنے خلاف شهادت دينا لازم نهيں هے گو اوسکے خلاف شهادت قياس اوسکے خلاف پيدا هوگا)

Nemo tenetur seipsum accusare (No one is bound to accuse himself). کسي شخص پر لازم نهيں هے که اپنے آپکو مجرم بناوے اِسي اصول پر ملزم کو حلف نهيں ديا جاتا اور گو گواه سوالات کے جواب دينے سے اِسوجهه سے معذور نهيں رکها جاسکتا که جواب صراحتاً يا کنايتاً باعث اوسکے مجرم يا قصوروار ٹهہرنے کا هوگا تاهم وه جواب مستوجب گرفتاري يا نالش فوجداري کا نهوگا اور نه وه بمقابله اوسکے ثبوت ميں پيش کيا جائيگا

Ne unques accouple. کبهي ازدواج نهيں هوا

Nexum. اِنتقال قطعي - يا بطريق رهن

Nient cul (Abb. of Nient culpable). (عذر) مجرم نه هونے کا

Nemo repente fuit turpissimus. کوئي شخص ايک ساتهه بدمعاش نهيں هو جاتا

Nervus probandi. اصل بحث

Nihil ad rem. کوئي مطلب کي بات نهيں - بيکار غير متعلق

Nihil dat qui non habet (He gives nothing who has nothing). جسکے پاس کچهه نهيں هے وه کچهه نهيں دے سکتا

Nihil debet. اسپر قرضه نهيں هے - عذر - انکار قرضه

Nihil dicit. وه کچهه نهيں کهتا - (يعني مدعاعليه کچهه جوابدهي نهيں کرتا)

Judgment *nihil dicit*. تجويز بلا جوابدهي ملزم

Nihil facit error nominis cum de corpore constat. نام کي غلطي سے کچهه هرج نهيں اگر شخص مستحق هو

See *Falsa demonstratio......*

Nihil operantur quæ tacite insunt (Those contracts which are tacitly agreed to, do not operate). وہ معاہدات جو خاموشي سے کئے جائیں ' وہ نہیں کرائے جاسکتے تھے

Nihil habet forum ex scena (The court has nothing to do with what is not before it). عدالت کو اوس سے کچھہ سروکار نہیں ہے جو اوسکے روبرو نہو (عدالت کو خارجي باتوں پر لحاظ نہ کرنا چاہئے)

Nihil quod est inconveniens est licitum (Nothing that is inconvenient is allowed). کوئي امر جس سے تکلیف ہو روا نہ رکھنا چاہئے

See *Lex citius tolerare... .....*

Nihil tam conveniens est naturali æquitati quam unumquodque dissolvi eo ligamine quo ligatum est (Nothing is so agreeable to natural equity as that everything should be dissolved by the same means by which it was bound). یہہ مطابق اصول عدل کے ہے کہ ہر چیز اوس طرح سے مسترد کي جاے جس طرح سے کہ وہ وضع کي گئي تھي (مطابق اسي اصول کے یہہ قاعدہ تھا کہ معاہدہ اوسي قسم کے اختیار سے فسخ ہوسکتا ہے کہ جس سے وہ کیا گیا ہو - مثلاً دستاویز ذمہداري دستاویز دستبرداري سے - زباني اقرار زباني انحراف سے - ایکٹ یا قانون قانون سے - لیکن اب بجز اون معاملات کے جنکا تحریري ہونا لازمي ہے دیگر معاملہ کي دستاویزات اقرار زباني مابعد سے منسوخ یا تبدیل ہوسکتي ہیں)

Nil consensui tam contrarium est quam vis atque metus (There is nothing so opposed to consent as force and fear) رضامندي کے خلاف جبر اور خوف سے کوئي چیز زیادہ نہیں ہے (یعني جہاں جبر اور خوف ہوگا رضامندي نہیں ہوسکتي)

Nil sepernat auris, nec tamen credit statim (Let the ear despise nothing, nor yet let it accord implicit belief at once)
ہر بات سن لینا چاہئے لیکن ہر بات پر فوراً اعتبار نہ کرلینا چاہئے

Nimia subtilitas in jure reprobatur (Excessive refinements in the law are to be reproved). قانون میں بہت زیادہ باریکي ناپسند خیال کي جاتي ہے

Nimium altercando veritas amittitur (In too eager disputation truth is lost sight of). بہت جھگڑے سے راستي مفقود ہوجاتي ہے

Ni firmes carta que ne leas, ne bebas aqua ne veas (*Sp.*). کسي کاغذ پر بلا پڑھے دستخط مت کرو اور نہ پاني بلا دیکھے پیو

Nisi. بشرطیکہ - بجز اِسکے نہ

Rule *nisi*. حکم شرطیۃ (حکم اوس صورت میں شرطیۃ کہلاتا ہے جبکہ وہ بجز اسکے یا اِس شرط پر نفاذ پذیر ہو کہ وہ فریق جسکے خلاف حکم مذکور صادر کیا گیا وجہہ ظاہر کرے کہ کیوں حکم مذکور قطعی نہ کیا جاے - اگر فریق مذکور وجہہ معقول ظاہر نکرے تو حکم قطعی کیا جاتا ہے - اب اس قسم کے حکم کو محض Rule بھي کہتے هیں)

Nisi causa بجز اِسکے نہ وجہہ ظاہر کي جاے

Nisi convenissent in manum viri. بجز اِسکے کہ یہہ اشخاص اردواج کا معاهدہ کریں

Nisi prius. بجز اسکے کہ قبل یا پیشتر

*Nisi prius* trial. تجویز مقدمہ دیواني روبرو جج واحد و جوري (خواہ بمقام لندن یا مثال سیکس)

Nolens volens (Plural *Nolentes Volentes*. خواہ وہ رضامند هوں یا نا رضامند

Nolle prosequi. وہ پیروي نہیں کریگا - مقدمات فوجداري میں پبلک پراسیکوٹر کو اختیار ہے کہ تحریر نلي پراسیکوي درج کرے کہ جسکا نتیجہ یہہ هوگا کہ ملزم رها هوجاتا هے - مقدمات دیواني میں نلي پراسیکوي کا اثر یہہ هے گویا کہ مدعي نے اپنے دعوی سے دست برداري کي

Nomen non sufficit si res non si de jure aut de facto (The name is not sufficient if the thing be not in actual or legal existence). محض نام اوس صورت میں کافي نہیں هے جب کہ شے در اصل یا قانوناً موجود نہو

Nomina sunt symbola resum (Names are the symbols of things). نام چیزوں کي علامت هے

Nominatim. ایک ایک - نام بنام

Non acceptavit. اوسنے قبول نہیں کیا - اوسنے نہیں سکارا

Non accipi debent verba in demonstrationem falsam quæ competent in limitationem ver am (Words which agree in a true meaning ought not to be received in a false sense). الفاظ جو ایک چیز پر صادق آتے هوں تو اون الفاظ کے وہ معني نہ لینے چاهئیں جو بلحاظ کسي دوسري شے کے کلیتاً صادق نہ آتے هوں

Non alio modo puniatur aliquis quam secundum quod se habet condemnatio (A person may not be punished differently than according to what the sentence directs). کسي شخص کو اوس سے مختلف سزا نہ دیني چاهئے جسکي حکم سزا میں هدایت هو

Non aliter a significatione ver borum recedi oportet quam cum manifestum est aliud sensisse testatorem (A departure from the literal meaning of the words used is not justi-

fiable, unless it be clear that the testator himself intended something different therefrom). الفاظ مستعملہ کے لفظي معني سے تجاوز کرنا جايز نہيں ھے بجز اسکے کہ يہہ ظاہر ھو کہ موصي کا مختلف منشا تہا

Non allegatum عذر نہيں ديا - جوابدھي نہيں کي گئي

Non assumpsit. اوسنے وعدہ نہيں کيا

See *Assumpsit*......

Non compos. ناقابل - پاگل

Non compos mentis. غير صحيح العقل شخص - مدھوش

Non concedantur citationes priusquam exprimatur super qua re fieri debet citatio (Summons should not be granted before it is shown on what matter they ought to be issued). سمن يا حکم اوس وقت تک عطا نہ ہونا چاھئے کہ جب تک يہہ معلوم نہو کہ کس معاملہ کے لئے اونکي ضرورت ھے

Non constat. يہہ ظاہر نہيں ہوتا (يعني يہہ نتيجہ نہيں نکلتا)

Non cul. (Abbreviation of Non culpabilis.) مجرم نہيں ھے

Non culpa nisi mens sit rea (There is no guilt unless there be a guilty intention). کوئي جرم نہيں ھے جب تک کہ نيت مجرمانہ نہو

Non damnificatus. ضرر نہيں پہونچا

Non debet. (۱) وہ مقروض نہيں ھے (۲) اوسکو نہيں چاھئے

Non debet alteri per alterum iniqua conditio inferri ايک شخص کي حالت دوسرے شخص کے فعل سے خراب نہ ہوني چاھئے - (مثلاً بذريعہ عايد کرنے کسي شرط بيجا کے)

Non debet cui plus licet, quod minus est non licere (A man having a power can do less than such power enables him to do). ہر شخص جسکو کوئي اختيار ديا گيا ہو اوس سے کم کام بھي کرسکتا ھے جسکا کہ اختيار ديا گيا (يعني جسکو بڑا بڑا اختيار ھے اوسکو اوس سے چھوٹے کام کا بھي اختيار ھے)

Non decipitur qui scit se decipi (He is not deceived who knows himself to be deceived). اوسکو دھوکہ نہيں ہوا جو خود جانتا ھے کہ اوسکو دھوکہ ہوا - (مثلاً اگر کوئي شخص چوري کا مال اِس بيان سے کہ وہ اوسکا مال ھے دھوکہ ديکر فروخت کرے اور خريدار يہہ جاکر کہ يہہ مال بايع کا نہيں ھوسکتا خريد کرے تو ايسي صورت ميں اوسکو دھوکہ نہيں ہوا)

Non enim tam auctoritatis in disputando, quam rationis momenta quærenda sunt (In discussing a question, more reliance ought to be placed on the influence of reason than on authority) بحث پر لحاظ کرنے ميں زيادہ اِستدلال عقل پر کرنا چاھئے اور نہ وقعت اسناد پر

Non est disputandum contra principia negantem (We cannot dispute with a man who denies first principles). هم اوس شخص کے مقابلہ میں بحث نہیں کرسکتے جو اصل اصول سے انکار کرے

Non est inventus. وہ نہیں پایا جاتا (یہہ عبارت شرف حکمنامہ پر جب وہ شخص نہ ملے جسپر حکمنامہ تعمیل کے لیے دیا گیا تحریر کرتا ہے)

Non est novum ut quæ semel utiliter constituta sunt durent, licet ille casus extiterit a quo initium capere non potuerunt. یہہ کوئي نئي بات نہیں ہے کہ جب کوئي چیز ایک مرتبہ اچھي طرح پر قایم ہوجاے تو وہ باوجود اسکے جاري رہنا چاہئے کہ کوئي امر ایسا ہو کہ جس سے ابتداءً موجودگي اون حالات کي جسسے وہ ہنوز قایم ہوئي ناجایز ہوجاے

Non est regula quin fallat (There is no rule which may not fail). کوئي قاعدہ بغیر استثنا کے نہیں ہے

Non feasance. غفلت - ترک فعل

Non fungibiles. وہ مال منقولہ جسکا تدمیہ وزن یا پیمایس وغیرہ سے نہو سکے - مثلاً جواہرات - زیورات تصویرات و دیگر اشیاے عجیب و صنعتي

Non hæc in fædra veni. میں ان شرایط کو منظور نہیں کرتا

Non licet quod dispendio licet (That which is permitted at a loss is not permitted) جو اجازت بہ نقصان دي گئي ہو اجازت نہیں ہے

Non liquet. (Abb. N. L.) یہہ صاف ظاہر نہیں ہے (یہہ راے جوري اوس صورت میں دیتي تھي جب تجویز مقدمہ دوسرے روز ملتوي کرنا منظور ہوتا تھا - یہہ فقرہ اوس وقت استعمال کیا جاتا تھا جب سماعت مقدمہ سے عدالت اس قدر معاملہ صاف نہیں سمجھتي تھي کہ تجویز صادر کرے - اب بجاے اس فقرہ کے یہہ Curia advisari vult الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں

Non me pudet fateri nescire quod nesciam. (I am not ashamed to confess myself ignorant of that which I do not know). میں اوس بات کي نسبت جو نہیں جانتا لاعلمي ظاہر کرنے میں شرمندہ نہیں ہوتا

Non observata forma infertur annullatio actus (When form is not observed, a failure of the action ensues) جب مناسب ضابطہ یا نمونہ اختیار نہیں کیا جاتا تو نالش ساقط ہوتي ہے

Non obstante باوجودیکہ - یہہ فرمان شاہي میں پیشتر لکھا جاتا تھا اور اوسکي یہہ منشا ہوتي تھي کہ یہہ حکم شاہي باوجودیکہ کوئي قانون خلاف اوسکے ہو اثر پذیر ہوگا - لیکن یہہ مسئلہ (باوجودیکہ Non obstante) کوئي حکم خلاف ہو) بموجب قانون حقوق کے خارج کر دیا گیا

Non obstante veredicto. باوجوديكه راے جوري إسكے خلاف هو

Judgment—*non-obstante veredicto.* تجويز جو راے جوري كے خلاف صادر كي جاے

Non omne quod licet honestum est (Not everything which the law allows is honourable) هر بات جو قانوناً جايز هے متعلق ايمان كے نهيں هے

Non pertinent ad judicem secularem cognoscere de iis quæ sunt mere spiritualia annexa (It belongs not to the secular judge to take cognizance of things which are merely spiritual). جج عدالت كو أن امور كي سماعت نكرني چاهئے جو محض روحاني يا مذهبي هوں - (بموجب ضابطه ديواني كے جس نالش ميں تنازع درباب حق ملكيت كے يا حق كسي منصب كے هو تو وه از قسم نالش ديواني هے باوجوديكه وه حق - بالكل منحصر اوپر تجويز مسائل يا رواج مذهبي كے هو

Non possessori incumbit necessitas probandi possessiones ad se pertinere (A person in possession is not bound to prove that the possessio belongs to him). شخص قابض پر يهه لازم نهيں هے كه اپنا قبضه ثابت كرے

Non potest adduci exceptio ejus rei cujus petitur dissolutio (A plea or exception of the same thing whose avoidance is sought, cannot be made) اوس بات كا عذر نهيں كيا جا سكتا جسكو مسترد كرنا منظور هو - مثلاً كوئي شخص كسي دستاويز يا كارروائي كے جواز كي نسبت اعتراض كرے تو ساتهه هي اسكے استدلال نهيں كر سكتا كه وه دوسرے فريق پر قابل پابندي هے

Non potest rex gratiam facere cum injuria et damno aliorum (The king cannot grant a favour to one subject to the injury or damage of another). بادشاه كوئي بخشش يا عنايت كسي رعيت پر بمضرت ديگر رعايا كے نهيں كرسكتا - (يعني عطيات شاهي جنسے حقوق و مراعات جو دوسري رعيت كو پيشتر سے حاصل هوں زايل هو جائيں ناجايز هيں - بادشاه وه چيز دوسروں كو عطا نهيں كر سكتا جو اوسنے يا اوسكے مورثان نے پيشتر كسي دوسرے كو دي هو

Non potest videri desisse habere qui nunquam habuit (One who never did possess cannot be said to have ceased to possess). جسكے پاس كبهي قبضه نه تها اوسكي نسبت يهه نهيں كها جاسكتا كه اوسكا قبضه جاتا رها

Non prosequitur. (Abb. Non pros). اوسنے مقدمه كي پيروي نهيں كي

Judgment *non pros.* تجويز بعدم پيروي مقدمه

Non quod dictum sed quod factum inspiciendum est (Not what is said but what is done is to be looked to) or (Equity looks

to the intention rather than to the form). جو دیکھنا نہ دیا جاتا ہے اور نہ اوسپر جو کہا جاتا ہے لحاظ ہوتا ہے (یہہ ایک اصول عدل کا ہے کہ نیت یا منشا پر لحاظ کیا جاے اور نہ الفاظ یا ضابطہ پر - مثلاً اگر کوئی شخص جایداد اس شرط سے منتقل کرے کہ اگر وہ روپیہ ایک وقت معینہ تک ادا کرے تو جایداد اوسکو واپس دی جاے تو اگر یہہ شرط بغرض اداے زر رہن کے قایم کی گئی ہو تو گو وقت معینہ منقضی ہو جاے تاہم راہن بموجب اصول عدل و نیک نیتی کے انفکاک کرا سکتا ہے اور اپنی جایداد بہ اداے زر اصل معہ سود کے واپس پا سکتا ہے - اسی اصول پر عدالت عدالت اون رقم کے دلانے سے انکار کرتی ہے جو در اصل تاوانی ہوں گو دریعین تمسک بالصراحت یہہ تحریر کریں کہ رقم مذکور تاوانی نہیں ہیں - (ملاحظہ طلب دفعہ ۷۴ ایکٹ معاہدہ مرقومہ ۱۸۹۹ع)

Non quod voluit testator, sed quod dexit, in testamento inspicitur (In wills, not what the testator wished but what he has said is to be looked to). وصیت ناموجات میں اوسپر لحاظ کرنا چاہئے جو موصی نے کہا اور نہ اوسپر جو موصی کی نیت یا خواہش تھی)

Non refert an quis assensum suum præfert verbis, aut rebus ipsis et factis (It matters not whether a man gives his assent by words or by his acts or deeds). اس امر سے کوئی تفاوت نہیں ہوتا کہ کوئی شخص اپنی رضامندی الفاظ سے ظاہر کرتا ہے یا افعال سے

Non refert quid notum sit judici, si notum non sit in forma judicii (It matters not what is known to the judge, if it is not known in the judicial form). اس امر سے کوئی فرق نہیں ہوتا کہ جج کو کسی امر کی نسبت کیا علم ہے بشرطیکہ وہ علم اوسکو کارروائی عدالتی میں نہ ہوا ہو (یعنی جج کو اپنی ذاتی واقفیت جو خانگی طور پر حاصل کی گئی ہو مقدمہ میں داخل نکرنی چاہئے بلکہ اوس کو محض بربناے اونہیں واقعات کے فیصلہ کرنا چاہئے جو فریقین اور گواہاں کے بیان سے ظاہر یا مستنبط ہوں)

Non seqitur. یہہ نتیجہ نہیں نکلتا

Non solent quæ abundant vitiare scripturas (Irrelevant matter or surplusage does not vitiate a written instrument). کوئی دستاویز یا وثیقہ زاید یا غیر متعلق عبارت سے باطل نہیں ہو جاتا

Non solum natura set etiam legibus populorum constitutum est, ut non liceat sui commodi causa nocere alteri. نہ صرف یہہ قانون قدرت بلکہ یہہ قانون ملک ہے کہ کسی شخص کو جایز نہوگا کہ وہ اپنے فایدہ کے لئے دوسروں کو نقصان پہونچاے

Non sum informatus (Law Latin).
مجھکو اس امر کی نسبت ہدایت نہیں کی گئی ہے (یہہ وکیل اوسوقت کہتا ہے جبکہ بر طبق سوال عدالت

کے وہ یہہ جواب دے کہ موکل نے مجھکو اس بارہ میں کوئي هدایت نہیں کي هے

Non sunt judicis omnia danda meis. مہري سفارش یا ایما پر هر امر منظور کرنا ضروري نہیں هے

Non valet. بے اثر - باطل - کالعدم

Non videntur qui errant consentire (They are not supposed to consent who act under a mistake). اونکي نسبت رضامند هونا نہیں تصور کیا جاتا جنکو غلطي هوئي هو (غلطي خواه منشا میں یا اظہار منشا میں هوسکتي هے - غلطي اظہار منشا میں محض تعبیر هوتي هے لیکن غلطي منشا سے رضامندي درست نہیں رهتي - علاوه اسکے غلطي خارجي یا متعلقي هوسکتي هے - مثلاً اگر زید بکر کے هاتهه ایک مکان فروخت کرے اور کسي کو یہه خبر نہو کہ بندهدار مکان اوسکو بطور قمار خانہ کے استعمال کرتا هے تو بکر معاهده کو اس بنا پر کہ مکان قمار خانہ هے فسخ نہیں کراسکتا کیونکہ یہه غلطي خارجي هے اور اوسکا رضامندي پر کچهه اثر نہیں هے یا اگر کوئي معاهده کسي چیز کي نسبت اوسکي آینده حالت کے غلط اندازه پر کیا جاے تو یہه غلطي بے اثر هے لیکن اگر غلطي متعلق هو یعني خواه هر فریق معاهده کي در اصل مختلف منشا هو یا فریقین کي رضامندي ایسے امر پر مبني هو جو بہ نفسہ غلط هو تو ان دونوں صورتوں میں رضامندي بے اثر هے)

Non videtur quisquam id capere quod ei necesse est alii restituere (No one is considered entitled to recover that which he must give up to another). کوئي شخص اوس چیز کے پانے کا مستحق نہیں هے جو اوسکو دوسرے کو دینا لازم هے

Noscitur a sociis. ساتهہ (کے لفظوں) سے جاننا (اس کا مطلب یہہ هے کہ جب کسي لفظ کے معني مشتبہ هوں تو اوسکے معني بلحاظ دیگر الفاظ کے جو اوس سے ملے هوئے هوں دریافت کرنا چاهئے - بعض الفاظ کے معني بہ نفسہ کچهہ نہیں هوتے لیکن اونکا مطلب دیگر الفاظ کے شامل کرنے سے ظاهر هوتا هے)

Noscitur ex sociis (He is known from his associates) وه اوسکے ساتهیوں سے جانا جاسکتا هے (اس مسئلہ کے دو مطلب هوسکتے هیں اول یہہ کہ هر شخص کا چال چلن اوس کي صحبت سے معلوم هوسکتا هے - دوئم یہہ کہ جیسا کہ اوپر مذکور هے الفاظ کے معني بہ تعلق دیگر الفاظ متعلق کے معلوم هوسکتے هیں)

Nostro periculo. اپني هي ذمہداري یا خطره پر

Nota Bene. (Abb. N. B.) یاد رکهو ملاحظہ طلب - (یہہ الفاظ شروع میں توجهہ مایل کرنے کے لئے لکهہ دیے جاتے هیں)

Nova constitutio, futuris formam imponere debet, non præteritis (A new law is to impose form on what is to follow and not on the past). قانون جدید میں آینده کے لئے احکام یا قواعد هونے

چاهئیں اور نه زمانه گذشته کے لئے (عام اصول یهه هے که قوانین یا ایکٹ زمانه آینده سے متعلق هوتے هیں اور نه زمانه گذشته سے لیکن اس قاعده کے دو استثنا هیں - (۱) یهه که جب ایکٹ میں صریحاً یهه قرار دیا گیا هو که وه زمانه گذشته سے متعلق هے - (۲) یهه که جب وه متعلق ضابطه عدالت پر موثر هو - قانون میعاد سماعت جو که ایک قانون ضابطه هے وقت نفاذ سے اون کل کارروایات پر موثر هوتا هے جنسے وه متعلق کیا جاے — قانون استامپ چونکه جزواً قانون ضابطه اور جزواً قانون اصلي هے لهذا دستاویزات پر رسوم مطابق اوس قانون کے هوني چاهئے جو بوقت تحریر دستاویز نافذ هو لیکن تاوان یا سزا جمله صورتون میں مطابق اوس قانون کے عاید کرني چاهئے جو بوقت تجویز تاوان یا سزا نافذ هو )

Novatio. پرانے قرضه کو جدید قرضه میں مبدل کرنا

Noviter ad notitiam perventa. چونکه فریق کو نیا امر معلوم هوا هے

Novum judicium non dat novum jus, sed declarat antiquam (A new adjudication does not make a new law, but declares the old). نئے فیصله سے قانون جدید موضوع نهیں هوتا بلکه پرانا قانون واضع کیا جاتا هے

Novus homo. نیا آدمي یعني مجرم معاف شده - دیوالیه رها شده

Noxiæ pœna par esto (Let the punishment be equal to the offence). سزا مطابق جرم کے هوني چاهئے

Noxa caput sequitur (Guilt follows the principal). جرم مالک سے منسوب کیا جاتا هے (یعني اگر کوئي ملازم مالک کي جانب سے کوئي جرم کرے تو مالک ذمهدار هے مثلاً اگر ملازم کو بلا اجازت مالک کے ناجایز طور پر شراب فروخت کرے تو مالک اوسکا ذمهدار هے )

*See* Respondent superior.

Nudam pactum. معاهده حالي - معاهده بلا بدل

Nudam pactum est ubi nulla subest causa prætur conventionem; sed ubi subest causa, fit obligatio, et parit actionem (A naked contract is where there is no consideration except the agreement; but where there is a consideration, it becomes an obligation, and gives a right of action). معاهده حالي وه هے جسکے لئے بجز اقرار کے کوئي بدل نهو لیکن جب که بدل هو تو وه معاهده قابل پابندي هوجاتا هے اور اوس سے حق نالش پیدا هوتا هے

Nulla bona. کوئي مال نهیں هے

Nullaintelligitur mora ibi fieri ubi nulla petitio est (No delay of payment is meant to have been made when there has been no demand). ادا میں توقف اوس صورت میں نهیں سمجها جاسکتا جب کوئي طلبي نهو

**Nulla** pactione effici potest ut dolus præstetur (I cannot effectually contract with another that he shall suffer for the fraud which I commit). میں کسي کے ساتھہ اِس طرح کا معاهدہ نہیں کرسکتا کہ اوس فریب کو جو میں کروں وہ برداشت کرے - (یعني کوئي شخص جایز طور پر یہہ معاهدہ نہیں کرسکتا کہ وہ اپنے فریب کا ذمہدار نہوگا - اور نہ از روے قانون یہہ روا هے کہ کوئي شخص معاهدہ کرے اور یہہ بھي شرط درج کرے کہ وہ اپنے خلاف ورزي معاهدہ کي بابت قابل نالش نہ هوگا - جبکہ کسي مال کا بیمہ کیا جاے کہ وہ کل نقصانات سے محفوظ رهیگا تو بموجب اِس اصول کے بیمہ کرنے والے اوس نقصان کے ذمہدار نہ هونگے جو قصور مابعد اس شخص سے هوا هو جس نے بیمہ کرایا)

**Nulla** potentia supra leges esse debet (There ought to be no power above the laws). قانون سے بالا کوئي اختیار نہونا چاهئے

**Nulla** unquam de morte hominis cuntatio longa est (When a man's life is at stake, no deliberation can be too long) جب آدمي کي جان معرض خطر میں هو تو کوئي غور یا تامل زیادہ نہیں سمجھا جاتا - (یعني جس قدر غور ممکن هو کیا جاے - مقدمات قتل میں یہہ اصول قابل ذهن نشین رکھنے وکیل اور حکام دونوں کے لئے هے)

**Nulli** defferemus justitiam (To no one should we delay justice.) کسي کے ساتھہ اِنصاف کرنے میں توقف نکرنا چاهئے

**Nulli** negabimus, nulli differemus justitiam (To no man will wes deny, to no man will we delay, the administration of justice). هم کسي کے ساتھہ انصاف کرنے سے باز نہ رهینگے اور نہ هم کسي کے ساتھہ انصاف کرنے میں توقف کرینگے ( یہہ فقرہ میگنا چارٹا میں لکھا گیا تھا)

**Nulli** secundus کسي سے کم نہیں هے

**Nullius** filius. غیر صحیح النسب

**Nullum** exemplum est idem omnibus (No example is the same in every place) کوئي مثال هر طور پر صادق نہیں آتي

**Nullum** iniquum in jure præ umendum est (No injustice is to be presumed in law). قانون میں بے اِنصافي قیاس نہیں کي جاتي

**Nullum** medicamentum est idem omnibus (No medicine is the same to all). کوئي دوا سب کے لئے نہیں هے (کوئي چارہ کار هر امر کا نہیں هے)

**Nullum** simile quatuor pedibus currit (No simile holds in every thing). کوئي مشابہت هر چیز میں صادق نہیں آتي

**Nullum** tempus aut locus ocurrit regi (No time or place affects the king, or the right of crown). وقت یا مقام کے بادشاہ یا حقوق شاهي پر کچھہ اثر نہیں پہونچتا -

**Nullus commodum capere potest de injuria sua propria** (No one can take advantage of his own wrong) کوئي شخص اپنے برے کام سے مستفيد نہيں ہوسکتا - (مثلاً معاہدات ميں وہ فريق جو خود کسي کام کرنے کو روکے اوسکي عدم تعميل کي بنا پر جو اوسکي وجہ سے ہوئي ہو نالش نہيں کرسکتا - اسي اصول پر اگر کوئي تحويل دار بلا رضامندي تحويل دہندہ کے اپنا مال تحويل ميں اس طرح ملائے کہ وہ مخلوط ہوجاے اور اوسکا علحدہ کرنا مشکل ہوتو تحويل کنندہ مستحق اسکا ہے کہ اوسکو تحويلدار سے معاوضہ اوس نقصان کا ملے جو مال کو ہوا ہو)

**Nullus dicitur accessorius post feloniam, sed ille qui novit principalem feloniam fecisse, et illum receptavit et comfortavit** (No one is called an accessory after the fact, but he who knew the principal to have committed a felony, and received and comforted him). کوئي شخص معين بعد واقعہ کے نہيں کہلاتا بجز اسکے کہ يہہ جاننے کے بعد کہ اصل شخص نے جرم کيا اوسکو ٹھہرائے اور آرام دے)

**Nullus videtur dolo facere qui suo jure utitur** (No one is considered to act wrongfully who uses his own right). اوس شخص کي نسبت جرم کرنا خيال نہيں کيا جاسکتا جو اپنا حق استعمال کرے - (مثلاً حق حفاظت خود اختياري جان يا مال يا حق مقابضت و ملکيت وغيرہ)

**Nul tort.** کوئي فعل بيجا نہيں ہوا

**Nummus est mensura rerum commutandarum** (Money is the measure of things to be exchanged). روپيہ ذريعہ پيمائش ان اشيا کا ہے جنکا تبادلہ ہو

**Nunc pro tunc** اب اوس وقت يا زمانہ سے - اس کي مراد يہہ ہے کہ تجويز يا دستاويز اس طرح تحرير کيجاے کہ اوسکا وہي اثر ہو کہ گويا وہ چند روز پہلے جب وہ تحرير يا داخل ہوني چاہئے تھي تحرير يا داخل کي گئي ہے - مثلاً جب کسي مسل يا روبکار ميں عدالت کي وجہ سے دير ہو جاے تو عدالت کو مجاز ہے کہ اوسپر وہ تاريخ ثبت کرے کہ جس سے يہہ معلوم ہو کہ وہ کسي تاريخ ماقبل پر تحرير کي گئي يا حوالہ کي گئي تھي

**Nunquam crescit ex post facto præteriti delicti æstimatio** (The estimation of a past offence is never increased by an after fact). جرم کي سنگيني کسي واقعہ مابعد سے نہيں بڑہ جائيگي

**Nunquam custodia alicujus de jure alicui remanet, de quo habeatur suspicio, quod possit vel velit aliquod jus in ipsa hæreditate clamare** (Ward is never placed by law in the custody of a person of whom there is a suspicion that he could or would claim any right

in his inheritance) بموجب قانون کے نابالغ ایسے شخص کے ولایت میں نہیں دیا جاتا جسکي نسبت یہہ شبہہ ہو کہ اوسکو کوئي دعوی استحقاق اوس شخص کي وراثت میں ہے یا ہوسکتا ہے جسکا وہ ولي ہے

Nunquam decurritur ad extraordinarium sed ubi deficit ordinarium (Recourse is never to be had to what is extraordinary till what is ordinary fails) جب تک معمولي طریق سے کام نکلے غیر معمولي طریق سے کام نہ لینا چاہئے

## O

Obedientia est legis essentia (Obedience is the essence of law). اطاعت اصل جزو قانون کا ہے

Obit. He died. وہ فوت ہوا - مرے

Obiter dictum اظہار راے (راے جج کي نسبت کسي امر کے جو مقدمہ زیر تجویز سے متعلق نہو اور جو ضمناً ظاہر کیجاوے)

Obligant, sed non obligantur (They bind others, but are not bound themselves). وے اوروں کو پابند کرتے ہیں لیکن خود پابند نہیں ہوتے (یہہ اون معاہدات سے متعلق ہے جو نابالغان سے کئے جائیں کیونکہ نابالغان اپنے معاہدہ کے پابند نہیں ہیں)

Obligatio. تمسک یا وہ جز کسي دستاویز کا جسمیں یہہ اقرار ہو نہ بصورت ہونے یا نہونے کسي فعل کے (جیسي کہ صورت ہو) تاوان عاید ہوگا - یا جسکي رو سے کوئي شخص یہہ اقرار کرے کہ وہ روپیہ دوسرے شخص کو دیگا یا ایک خاص فعل کے کئے جانے یا نہ کئے جانے پر معاہدہ کالعدم ہو جائیگا

Obligatio mandati consensu contrahentium consistit (The authority of an agent to contract for his principal rests on the consent of his principal). اختیار ایجنٹ مالک کے لیے معاہدہ کرنے کا مالک کي رضامندي پر منحصر ہے

Obstetricante manu دائي کے ہاتھہ سے

Obtemperandum est consuetudini rationabili tanquam legi (A reasonable custom is to be obeyed like law). رسم یا رواج معقول کي تعمیل مطابق قانون کے کرني چاہئے

Occultatio thesauri inventi est fraudulosa (The concealment of discovered treasure is fraudulent). خزانہ خفیہ بر آمد شدہ کا چھپانا فریب ہے

Oderunt peccare boni virtutis amore; oderunt peccare mali formidine pœnæ (Good men hate sin through love of virtue; bad man through fear of punishment). نیک آدمي گناہ سے بوجھہ نیکي طبیعت کے نفرت کرتے ہیں - برے آدمي سزا کي ڈر سے نفرت کرتے ہیں

Officina justiciæ. دوکان یا کارخانہ انصاف (مراد عدالت چانسري سے ہے)

Officio magistratus non debent esse venalia (The office of

magistrate ought not to be sold). عہدہ مجسٹریٹ کا فروخت نہونا چاهئے

Officit conatus si effectus sequator (The attempt endangers if an effect follow). اقدام سے خطرہ هے اگر اوسکا اثر هو

Officium nemini debet esee damnosum (An office or duty ought to be injurious to no one). عہدہ یا خدمت منصبي سے کسیکو مضرت نہ پہونچني چاهئے یعني اوس نقصان کا معاوضہ هونا چاهئے جو کسي کو انجام دهي خدمت منصبي میں پہونچے)

Omissio eorum equæ tacite insunt nihil operatur (The omission of those things which are silently understood is of no consequence). اون باتوں کا ترک کرنا جو مستنبط هوتي هیں بے اثر هے

Omne actum ab intentione agentis est judicandum (Every act is to be judged by the intention of the agent). هر فعل کي نسبت تجویز بلحاظ نیت کرنے والے کے کرني چاهئے (یعني هر تحقیقات قانوني میں اصل بات یهہ دریافت کرنا هوتي هے کہ فاعل کي کیا نیت تهي)

Omne animi vitium tanto conspectius in se crimen habet, quanto major qui peccat habetur (Every fault of the mind becomes the more conspicuous and more culpable, the higher the rank of the person who is guilty). هر فعل مجرمانہ اوسیقدر زیادہ مشہور اور سنگین هو جاتا هے جتنا کہ زیادہ رتبہ اوس شخص کا هو جو مجرم هو

Omne jus aut consensus fecit, aut necessitas constituit, aut firmavit consuetudo (Every right is either made by consent, or is constituted by necessity, or is established by customs). هر استحقاق خواہ رضامندي سے یا ضرورت سے پیدا هوتا هے یا رواج سے قایم هوتا هے

Omne majus continet in se minus : minus in se complecititur (The greater always contains in itself the less ; the less is included in it). بڑے میں همیشہ داخل هوتا هے اور چهوٹا بڑے میں چهوٹا داخل هوتا هے (یعني هر شخص مجاز هے کہ اوس سے کم کرے کہ جتنا اوسکو اختیار هے مثلاً اگر کسي شخص کو ۲۰ سال کے پٹہ دینے کا اختیار هو اور وہ محض ۱۵ سال پٹہ دے تو کوئي هرج نہیں هے لیکن اگر وہ بجاے ۲۰ سال کے ۲۲ سال کا پٹہ دے تو صرف ۲۰ سال کا پٹہ قایم رهیگا اور عطیہ پٹہ بابت میعاد زاید بوجهہ خارج از اختیار هونے کے کالعدم هوگا - اسي طرح سے جرایم فوجداري میں بهي یهہ قاعدہ هے کہ اگر کسي شخص پر کسي جرم کا الزام لگایا جاے لیکن واقعات سے محض کوئي جرم صغیرہ ظاهر هو تو اوس پر جرم صغیرہ ثابت قرار دیا جا سکتا هے - اسي طرح سے جب کسي شخص پر ایسے جرم کا الزام لگایا جاے جو چند

مختلف اجرا کا مجموعہ هو اور اون
میں سے صرف چند اجرا کے اشتمال
پر ایک جرم صغیرہ مکمل هو اور ایسا
اشتمال ثابت هو لیکن باقي اجزا ثابت
نہ هوں تو جایز هے کہ اوس پر جرم
صغیرہ ثابت قرار دیا جاے گو اوس جرم
کا الزام نہ لگایا گیا هو - (دفعہ ۲۳۸
ایکٹ ۵ سنہ ۱۸۹۸ع)

Omne malum nascens facile ap- primitur ; inventeratum fit plerumque robustius (Every evil at its birth is easily rooted out, but when it grows old it mostly becomes stronger).
کل برائیوں کي شروع میں آساني سے
جڑ اوکھاڑي جاتي هے لیکن جب وہ
پراني هو جاتي هیں تو وہ اکثر
مستحکم هو جاتي هیں - (بقول
سعدي - درختے کہ اکنوں گرفت
است جاے - نہ نیروئے مردے بر آید
ز جاے - وگر همچنان روزگارے هلي -
بگردونش از بیخ برنگسلي)

Omne nemium vertitur in vitium (Every access becomes a vice)
هر زیادتي برائي هوجاتي هے

Omne quod solo inædificatur solo cedit (All that is built on the soil belongs to the soil). جو کچھہ
زمین پر بنا هو زمین کے ساتھہ جاتا
هے

Omnes æs alienum, quod manente societate contractum est, de communi solvendum est, liciet posteaquam societas distracta solutum sit (Every debt which has been contracted during the continuance of a partnership must be paid by the firm generally, notwithstanding the partnership be afterwards dissolved). جو قرضہ اثناے قیام شراکت
میں لیا جاے وہ کارخانہ شراکتي سے
ادا هونا چاهئے باوجودیکہ شراکت
بعدہ فسخ هوجاے

Omne testamentum morte consummatum est (Every will is completed by death). هر وصیت
نامہ وفات (موصي) سے مکمل هو
جاتا هے (یعني بعد وفات موصي کے
اثر پذیر هوتا هے)

Omnia placita. جملہ عدرات

Omnia præsumuntur contra spoliatorem (Every presumption is made against a wrong-doer).
جملہ امور خلاف بیجا کنندہ کے قیاس
کئے جاوینگے (یعني هر قیاس خلاف
فعل بیجا کنندہ کے هوگا - مثلاً
اگر کوئي شخص کسي مال کا تصرف
بیجا کرے اور اوسکو پیش نہ کرے تو
یہہ قیاس کیا جاویگا کہ مال مذکور
اعلی قسم کا تھا اسي طرح پر اگر
کوئي شخص کوئي توهین تحریري
مشتہر کرے تو مشتہر کرنےوالے کي
عداوت قیاس کي جاتي هے

Omnia præsumuntur legitime facta donea probetur in contrarium (All things are presumed to be lawfully done until the contrary is proved).
تاوقتیکہ خلاف ثابت نہ کیا جاے یہہ
قیاس کیا جائیگا کہ کل امور مطابق
قانون کے کئے گئے - اسي اصول
پر بموجب قانون شهادت کے یہہ قیاس

کیا جاتا ہے کہ عدالت اور دفتر کے کام حسب ضابطہ انجام دئے گئے (تمثیل (٥) دفعہ ۱۱۴) یہہ کہ معمولي طریقہ کار و بار کا خاص امور میں مرعي رکھا گیا - (تمثیل (و) دفعہ مذکور) اسي طرح سے یہہ بھي قیاس کیا جاتا ہے (تاوقتیکہ خلاف ثابت نہو) کہ تجویز عدالت معتبار کے باضابطہ تھي اور شہادت پر مبني تھي - اور یہہ کہ وہ واقعات جنکے بغیر اے یا فیصلہ نہیں سنایا جاسکتا تھا بوقت تجویز ثابت ہوئے گئے تھے یہہ کہ عدالت نے مقدمہ کي سماعت بلا اختیار کے نہیں کي

Omnia præsumuntur rite et solenniter esse acta donec probetur in contrarium (All things are presumed to be rightly and duly performed until the contrary is proved). تاوقتیکہ خلاف ثابت نہو یہہ قیاس کیا جاتا ہے کہ کل امور صحیح طور پر اور باضابطہ کئے گئے - (مثلاً جب کوئي دستاویز جس سے یہہ معلوم ہوتا ہو کہ وہ تیس برس کي ہے اور حراست جایز سے پیش کي جاے تو عدالت کو یہہ قیاس کرلینا جایز ہے کہ دستخط اور ہر خاص جزو اوسکا جو کسي خاص شخص کا لکھا ہو معلوم ہوتا ہے اوس خاص شخص کا لکھا ہوا ہے اور بصورت تصدیق کے یہہ قیاس کرلینا جایز ہے کہ دستاویز مذکور جن اشخاص کي تکمیل کي ہوئي یا مصدقہ معلوم ہوتي ہے اونہیں نے اوسکي تکمیل اور تصدیق باضابطہ کي تھي) اسي اصول پر یہہ قیاس کیا جاتا ہے کہ ہر امر جو مدت دراز سے ہوتا چلا آتا ہے بالاستحقاق اور جایز طور پر کیا گیا

Omnia quæ jure contrahuntur contrario jure pereunt (All things which are contracted by law, perish by a contrary law). کل امور جو کسي قانون کي رو سے قایم ہوئے ہوں قانون خلاف کے صادر ہونے سے زایل ہوجاتے ہیں

Omnia quæ sunt uxoris sunt ipsius viri; non habet uxor potestatem sui, sed vir (All things which belong to the wife belong to the husband; the wife has no power herself, but the husband). جو چیزیں کہ زوجہ کي ہیں وہ شوہر کي ہیں - خود زوجہ کو اختیار حاصل نہیں ہے - (اب یہہ مسئلہ قریب بے اثر ہے کیونکہ ایکٹ جایداد عورات منکوحہ مصدرہ سنہ ۱۸۸۱ع سے مابین جایداد عورت منکوحہ و غیر منکوحہ کوئي فرق نہیں رکھا گیا - لیکن یہہ مسئلہ اب بھي ہندؤں سے متعلق ہے کیونکہ بموجب دھرم شاستر کے زوجہ کي کوئي جایداد خاص بجز استري دھن کے نہیں ہوتي اور زوجہ تابع شوہر کے رہتي ہے - اگر ڈگري خلاف زوجہ کے صادر کي جاے تو وہ شوہر کے جایداد پر جاري کرائي جا سکتي ہے

Omni exceptione majus. کل استثنیات سے بري

**Omnibus bonis expedit republicam esse salvam** (It is the interest of every good man that his country shall be safe) هر نیک آدمي کا اسپي میں فایده متصور هے که اسکا ملک محفوظ رهے

**Omnis consensus tollit errorem** (Every assent removes error) رضامندي سے غلطي دفع هوجاتي هے

**Omnis innovatio plus noviate perturbat quam utilitate prodest** (Every innovation occasions, more harm by its novelty, than benefit by its utility) بدعت یا نئي بات سے زیاده تر نقصان هوتا هے نسبت فایده کے جو اوسکے کار آمد هونے سے هوتا هے (یعني اوس قانون میں جو مدت سے قایم هو اس وجهه سے کوئي تبدیلي کرنا که اصل غرض قانون کي معلوم نه تهي یهه اثر هوتا هے که اوس تبدیلي کے نافذ کرنے اور اوس پر عمل کرنے میں اوس سے زیاده تکلیف یا نقصان هوتا هے جتنا که قانون سابق کے قایم رکهنے سے هوتا)

**Omnis interpretatio si fieri potest ita fienda est in instrumentis, ut omnes contrarietates amoveantur** (Every interpretation, if it can be done, is to be so made in instruments, that all contradiction may be removed). دستاویز کي تعبیر اگر کي جاسکے تو اس طرح کي جاني چاهئے که کل تناقض رفع هوجائیں

**Omnis pœna corporalis, quamvis minima major est omni poena pecuniaria quamvis maxima** (The every slightest corporal punishment falls more heavily than the most weighty pecuniary punishment). خفیف سے خفیف سزاے جسماني به نسبت سخت سے سخت سزاے مالي کے بهت زیاده اثر هوتا هے اور بهت زیاده ناگوار معلوم هوتي هے

**Omnis privatio præsupponit habitum** (Every privation presupposes former enjoyment). هر بیدخلي سے سابق قبضه لازم آتا هے

**Omnis querela et omnis actio injuriarum limitata est infra certa tempora** (Every plaint and action for injuries is limited within certain times). هر عرضي دعوي اور نالش کے لئے جو ضرور یا نقصان کے بابت هو ایک میعاد مقرر هے

**Omnis ratihabitio retro-trahitur et mandato priori æquiparatur** (A subsequent ratification or confirmation has a retrospective effect, and is equivalent to a prior command). منظوري یا تسلیم مابعد زمانه گذشته پر موثر هوتي هے اور وه مساوي حکم ماقبل کے هے (جب کوئي فعل کسي کي جانب سے بلا اوسکے علم یا اجازت کے لئے کیا جاے

تو شخص مذکور مجاز ھے کہ خواہ فعل مذکور کو تسلیم یا منظور کرے یا اوسکو نامنظور کرے - اگر وہ اوسکو تسلیم کرے تو منظوري کا وھي اثر ھوگا کہ گویا فعل مذکور اوسکے حکم سے کیا گیا تھا - منظوري خواہ صریح ھو یا اوس شخص کے طریق عمل سے جسکے جانب سے فعل مذکور کیا گیا - لیکن کوئي شخص کسي فعل مجرمانہ کو اِس طرح تسلیم یا منظور نہیں کرسکتا کہ فعل کي ذمہ داري اوس فعل سے بري کرے

Omni suspicione majus. مبرا اشتباہ سے (یعني اوسپر شبہہ نہیں کیا جاسکتا)

Omnium rerum quarum usus est, potest esse abusus, virtute solo excepta (There may be an abuse of every thing of which there is a use, virtue alone excepted). ھر چیز جسکے لئے کوئي استعمال ھے بیجا استعمال کي جاسکتي ھے بجز نیکي کے

Onus. بار - ذمہ داري

Onus probandi. بار ثبوت - ذمہ داري ثابت کرنے کي

Operatum factum. فعل ظاھر

See *Overt*.....

Opposita juxta se posita magis elucescunt (Things opposite are more conspicuous when placed opposite together) متخالف اشیا جب مقابلہ میں رکھي جاتي ھیں تو زیادہ نمایاں ھوتي ھیں

Optandum est utii qui præsunt re publicæ legum similes sint, quæ ad puniendum non iracandia, sed æquitate duceuntur (It were to be wished that they who are set over the republic should be like the laws, which, in inflicting punishment, are influenced not by anger, but by justice). کیا اچھا ھوتا جو حاکمان اجلاس پر بیٹھائے گئے مثل قانون کے ھوتے جنپر سزا دینے کے وقت غصہ کا اثر نہیں ھوتا بلکہ اِنصاف کا اثر ھوتا

Optima est legis interpres consuetudo (Custom is the best interpreter of the laws). رواج سے بہت عمدہ تعبیر قانون کي ھوتي ھے (جو تعبیر مدت دراز سے کسي ائین کي ھوتي چلي آئي ھو اوسکي نسبت اِس وجہہ سے اِعتراض نہونا چاھئیے کہ وہ مطابق لغوي معني احکام ایکٹ کے نہیں ھے - بلکہ جہاں کسي قانون کے الفاظ یا معني مشتبہ ھوں تو جس طرح پر مطابق اوس قانون کے عمل ھوتا رھا ھو ویسي ھي تعبیر کرني چاھئیے - اِسي طرح پر جب کسي قانون میں کسي امر کي نسبت کوئي حکم نہو تو یہہ سقم دستور یا رواج موجودہ سے بشرطیکہ وہ ھدایت صریح ایکٹ کے خلاف نہو رفع ھوسکتا ھے)

Optima est lex quæ minimum relinquit arbitrio judex (That system of law is best which confides as little as possible to the discretion of a judge).

وہ قانون بہت عمدہ ہے جس میں جج کو بہت کم اختیار تمیزی دیا جاتا ہے

Optimum habemus testem confitentem reum (The best testimony we have is the confession of the accused). سب سے عمدہ شہادت اقبال ملزم ہے - (لیکن ملاحظہ طلب نوٹ

(*Confessio facta*... زیر مسلہ

Optimus est judex qui mimimum relinquit sibi (He is the best judge who relies least on his own opinion). وہ سب سے عمدہ ہے جو اپنی راے پر بہت کم اِستدلال کرتا ہے

Optimus interpres rerum usus (Usage is the best interpreter of things). رواج سے سب سے عمدہ تعبیر چیزوں کی ہوتی ہے (یعنی رواج سے اصلی کیفیت اون امور کی معلوم ہوتی ہے جو قانوناً قرار دی گئی ہیں کیونکہ دستور یا رواج ہی بنا قوانین موضوعہ کی ہوتی ہے اور جہاں کوئی قانون کسی امر کی نسبت ساکت ہوتا ہے تو اوس جگہہ رواج یا دستور سے بھی مدد لی جاتی ہے - اِسی طرح دیگر معاملات میں بھی رواج سے کام لیا جاتا ہے - بموجب ایکٹ شہادت کے جایز ہے کہ بغرض تردید یا تبدیل یا اردیاد اون شرایط کے یا اخراج کسی امر کے اون شرایط میں سے جو کسی دستاویز معاہدہ یا معاملہ میں تحریر ہوں ہر رسم یا رواج ثابت کیا جاے جسکے ذریعہ سے وہ لوازم جو کسی دستاویز معاہدہ میں صراحتاً مرقوم نہوئے ہوں اور اِس قسم کے معاہدات میں معمولاً لاحق ہوتے ہوں بشرطیکہ لاحق ہونا کسی ایسے لوازم کا اوس دستاویز کے شرایط صریح کے خلاف نہو (دفعہ ۹۲) — جملہ رواجات مقامی و دستورات تجارتی جایز تصور کئے جائینگے بجز اِسکے کہ وہ اِنصاف یا عدل یا نیک‌نیتی کے خلاف ہوں یا وہ کسی اختیار جایز کی رو سے کالعدم قرار دئے گئے ہوں

Optimus interpretandi modus est sic leges interpretare ut leges legibus concordant (The best mode of intepietation (of statutes) is so to interpret laws that the laws may accord with other laws). بہترین طریقہ تعبیر کا یہہ ہے کہ اِسطرحپر (قانونی احکام کی) تعبیر کی جاے کہ احکام قانون ایک دوسرے سے متفق ہوں

Ordinandi lex. قانون ضابطہ

Ordine placitandi servato, servatur et jus (The order of pleading being preserved, the right is preserved). ترتیب کے قایم رہنے سے حق قایم رهتا ہے

Ore tenus. زبانی

Origine propria neminem posse voluntate sua eximi manifestum est (It is evident that no one is able, of his own accord, to do away with his proper origin). یہہ صریح ظاہر ہے کہ کوئی

شخص اپني مرضي سے اپني اصلي (پيدايش کو دور يا ترک نهيں کرسکتا۔ يعني هر شخص اوسي بادشاه کي رعيت رهيگا که جس بادشاه کے ملک ميں وه پيدا هوا هو)

Origio rei inspici debet. اصليت هر چيز کي دريافت کرنا چاهئے

Overt. ظاهر

*Overt* act—See in the vocabulary.

## P

Pacem hominibus habe, bellum cum vitiis (Be at peace with men, at war with vices). آدميوں کے ساتهه امن يا اتفاق سے رهو اور عيبوں سے جنگ کرو)

Pacis violatio نقض امن

Pacta adjecta. اقرارات جو معاهده ميں اضافه کئے جائيں

Pacta conventa. شرايط قرار دادته

Pacta conventa quæ neque contra leges neque dolo malo inita sunt omnimodo observanda sunt (Agreements which are not illegal and do not originate in fraud must in all respects be observed). اون اقرارات پر جو خلاف قانون نهوں اور جو فريب پر مبني نهوں جمله صورتوں ميں عمل هونا چاهئے

Pactadant legem contractui (The stipulations of parties constitute the law of contract). معاهدات فريقين سے قانون معاهده قايم هوتا هے

Pactio. معامله يا معاهده

Pactis privatorum juri publico non derogatur. معاهدات خانگي سے حقوق سرکاري ميں تجاوز نهيں کيا جاسکتا

*See* Modus et conventio...

Pacto aliquod licitum est, quod sine facto non admittitur (By special agreement things are allowed which are not permitted otherwise). اقرار خاص سے وه امور جايز هوجاتے هيں جنکي ديگر نهج پر اجازت نهيں هے (مثلاً اقرار باهمي سے ايک شخص دوسرے کو مثلاً کويل گدکا دهري ميں ضرر دهرنچا سکتا هے - ملاحظه طلب دفعه ۸۷ مجموعه تعزيرات هند)

Pactum de non petendo معاهده مابين دا ن و مديون که داين مديون سے اپنا زر قرضه طلب نهيں کريگا - (جسکا اثر يهه هوتا هے که مديون اپنے ذمه داري سے بري هوجاتا هے) .

Pactum illicitum. معاهده خلاف قانون يا خلاف تهذيب

Palladium. ملک کي طاقت اور محفوظي

Pallio cooperire. چادر سے ڈهکنا - پيشتر يه رسم تهي که جب کوئي طفل قبل ازدواج کے پيدا هوجاتا تها اور اوسکے والدين ميں بعده ازدواج هوتا تها تو بوقت اداے رسوم ازدواج وه طفل معه باپ و ماں کے ايک چادر کے نيچے کهڑے هوتے تهے - اس رواج سے وه طفل صحيح النسب قرار ديا جاتا تها - اور يهه تصور ديا جاتا تها که گويا وه متبنی هو گيا

Paraphernalia. جہیز وغیرہ جو عورت اپنے ساتھہ لاوے

Paratus sum verificare. میں تصدیق کرنے پر آمادہ هوں

Parcella terræ قطعہ آراضی

Parems patriæ. والي ملک - بادشاہ

Par excellence. اعلی ترین - سب سے عمدہ

Par exemple. مثلاً

Paribus senteentiis reus absolvitur (When the opinions are equal, the defendant is acquitted.) جب کہ راے مساوي هوں تو مدعاعلیہ بري هوجاتا هے

Pari jure. حق مساوي

Pari materia. هم قسم معاملہ یا بحث میں

Par in parem imperium non habet (An equal has no power over an equal). هم درجہ کا هم درجہ پر کوئي اختیار نہیں هوتا

Pari passu. ایک هي طریق پر

Pari ratione. دلیل هم قسم - بوجہہ هم قسم

Parium eadem est ratio, idem jus (Of things equal or of the same kind the reason is the same and the same is the law).

برابر کي یا ایک سي چیزوں کے لئے وجہہ یا دلیل ایک هي هوتي هے اور قانون بهي ایک هوتا هے

Par pro pari. بدل کے لئے - (تبادلہ)

Pars bonorum. جزو مال یا ترکہ کا

Pars hæreditatis. جزو ورثہ

Pars rationabilis. جزو معقول

Partem aliquam recte intelligere nemo potest, antequam totum, interum atque iterum, perlegerit (No one can rightly understand any part until he has read the whole again and again). کوئي شخص بخوبي کسي جزو کو اوسوقت نہیں سمجھہ سکتا جب تک کہ اوسنے دل و دوبار نہ پڑھا هو

Partibus locare. آدھا بٹائي پر کہیت اوٹھانا

Particeps criminis. شریک جرم

Particeps fraudis. شریک فریب

Participes. شریک حصہدار

Partus sequitur ventqrem (The offspring follows the mother). بچے ماں کے ساتھہ جاتے هیں یعني بچے اوس شخص کے هوتے هیں جو مالک ماں کا هو - بصورت جانوران کے

Parum est latum esse sententiam nisi mandetur execution (It is not enough that sentence be given unless it be carried into execution). یہہ کافي نہیں هے کہ حکم صادر کیا جاے بجز اسکے کہ اوسکي تعمیل کیجاے

Parum proficit scire quid fieri debet, si non cognoscas quomodo sit facturum (It avails little to know what ought to be done, if you do not know how it is to be done). اِس امر کے جاننے سے کہ کیا کرنا چاهئے اگر تم

یہہ نہیں جانتے کہ کسطرح پر کیا جانا چاہئے کچھہ ذایدہ نہیں ھے

**Pater.** پدر

See—*Atavus* in the Vocobulary.

**Pater est quem nuptiæ demonstrant** (He is the father whom the marriage declares so). باپ وہ ھي ھے جسکو ازدواج ظاھر کرے (یعني قیام ازدواج میں اگر زوجہ کے لڑکا پیدا ھو تو وہ شوھر کا پسر سمجھا جاتا ھے اور طفل کو کل حقوق پسر حاصل ھوتے ھیں گو اوسکي پیدایش کي نسبت کچھہ ھي مشہور ھو - یہہ قانون ملک روم کا تھا

**Pater familias.** - بزرگ خاندان - کرتا منتظم خاندان

**Patria potestas** (Rom. Law). اختیار والدین (سابق میں والدین کو اپني اولاد کي جایداد پر کامل اختیار حاصل ھوتا تھا)

**Patrimonium.** جایداد موروثي - ترکہ اجداد

**Patruus.** چاچا - تاؤ - عم

**Pauca verba.** چند الفاظ

**Pax potior bello.**—(Peace is preferable to war). امن جنگ سے قابل ترجیح ھے

**Peccata contra naturum sunt gravissima.** جرایم خلاف وضع فطري نہایت سنگین ھوتے ھیں - (چنانچہ تعزیرات ھند میں اسکي سزا حبس دوام بعبور دریاے شور یا قید سخت کسي قسم کي جسکي میعاد دس سال ھو سکتي ھے اور جرمانہ ھے—دفعہ ۳۷۷ ایکٹ ۴۵ سنہ ۱۸۶۰ ع)

**Peccatum peccato addit qui culpæ quam, facit patrocinia defensionis adjungit** (He adds fault to fault who sets up a defence of a wrong committed by him) وہ اپنا قصور بڑھاتا ھے جو اپنے جرم یا قصور کي جواب دھي کرتا ھے

**Peccavi.** میں نے گناہ کیا ھے

To make a man cry *Peccavi.* کسي شخص سے اپني خطاء تسلیم کرانا

**Peculatus.** خیانت مجرمانہ مال سرکاري

**Peculium.** (۱) مال خاص (۲) استري دھن

**Peculium castrense** مال جو جنگ سے حاصل ھو

**Pecunia.** روپیہ - زر نقد - مال

**Pecunia non numerata.** روپیہ کبھي قرض نہیں دیا گیا

**Pecuniæ obediunt omnia.** کل چیزیں روپیہ کے تابعدار ھیں

**Pedis possessio.** قبضہ واقعي

**Pendenti lite.** - اثناے مقدمہ میں دوران مقدمہ میں

**Pendente lite nihil innovetur.**

دوران نزاع میں کوئي نئي بات نہ شروع کرني چاھئے (یہہ مسئلہ اس امر پر مبني ھے کہ یہہ ناممکن ھے کہ کوئي نالش یا تنازعہ پورے طور پر ختم ھو اگر دوران نالش میں برابر انتقالات جاري رھیں یہہ مسئلہ ایکٹ انتقال جایداد میں اس طرح بیان کیا گیا ھے - جب کوئي ایسا مقدمہ یا نالش یا معاملہ

جسمیں منازعت نسبت کسي استحقاق واقع جایداد غیر منقولہ صریحاً اور مخصوصاً شامل هو اور جسمیں مدعاعلیہ جوابدہ هو ایسي عدالت میں جو قلمرو برتش انڈیا کے اندر حکومت رکھتي هو یا بموجب حکم جناب نواب گورنر جنرل بہادر بہ اجلاس کونسل برتش انڈیا کے باهر قایم هوئي هو داخل هو تو جبتک فریقین اوسکي پیروي میں سر گرم هوں کسي فریقین کو اختیار نہوگا کہ جایداد مذکور کو منتقل یا اپنے طور پر اوسکي نسبت ایسي دستاندازي کرے جس سے کسي فریق کے حقوق میں ضرر پہونچے بجز اسکے کہ ایسا انتقال عدالت کي هدایت سے اور مطابق اون شرایط کے هو جو عدالت تجویز کرے

**Penes auctorem.** پہل جو اتنھے نہ کئے گئے هوں - پہل جو درخت میں لگے هوں

**Pensio.** ادا لگان - محصول

**Per accidens** اتفاقي

**Per annum.** سالانہ

**Per assensum partium.** برضامندي فریقین

**Per attornatum.** بذریعہ اٹرني (مختار)

**Per aversionem.** بحساب جسامت یعني بیع بلحاظ پیمایش مکسر سے

**Per capita.** بالراس (تقسیم بالراس اوس صورت میں هوتي هے جب کل اشخاص اپنے هي حق سے اور ایک هي رشتہ سے دعوی کریں - مثلاً اگر کوئي ۳ پسر - زید - بکر - عمر - چھوڑ کر فوت هو تو یہہ تینوں جایداد بحصہ مساوي بالراس پاوینگے لیکن اگر زید حین حیات اپنے پدر کے پسر چھوڑ کر فوت هو گیا هوتا تو ان دو پسران کو حصہ بحق اپنے پدر زید کے یعني بالنسب ملیگا)

**Per cause de vicinage.** بوجہہ همسایگي

**Per centum.** في صد - في سیکڑا

**Per contra** بجانب دیگر - بخلاف اسکے

**Per curiam.** عدالت سے - (اس فقرہ کے لکھنے سے ظاهر هوتا هے کہ تجویز جسکے قبل یہہ الفاظ هوں عدالت نے جسمیں ایک یا زیادہ جج هوں صادر کي تھي - الفاظ Per سے جب قبل نام جج کے هو یہہ ظاهر هوتا هے کہ تجویز یا راے جو بعدہ تحریر هے جج موصوف کي هے)

**Per curiam non allocatur.** عدالت نے یہہ منظور نہیں کیا

**Per diem.** روزانہ - یومیہ

**Per eundem.** اوسي جج کي زباني

**Per fas.** جایز طور پر

**Per fas et nefas.** صحیح یا غلط - برا یا بھلا بلا خیال نتیجہ کے

**Perfectum est cui nihil deest secundum suæ perfectionis vel naturæ modum** (That is perfect which wants nothing according to the measure of its perfection or nature). کمال اوس صورت میں هوتا هے جب کسي چیز میں مطابق مقیاس کمال کے کچھہ نقص نہو)

**Per fraudem.** فریباً - فریب سے

**Per guardianum.** بذریعہ ولي کے

Periculosum est res novas inusitatas inducere (It is dangerous to introduce new and unusual things). نئي اور غير معمولي باتيں داخل کرنا پر خطر هے

Periculum rei venditæ, nondum traditæ, est emptoris (The risk of a thing sold, and not yet delivered is the purchaser's) جو چيز که فروخت هوگئي ليکن حواله نهيں دي گئي خريدار کے ذمهداري پر هے (يعني اگر بعد فروخت اور قبل حوالگي کے شے مبيعه کو کوئي ضرر پهنچے تو خريدار اوسکا متحمل هوگا)

Per incuriam. بوجهه نهونے احتياط کے

Per industriam. بذريعه محنت کے (جنگلي جانوران بذريعه محنت کے اپني ملکيت بنائے جا سکتے هيں)

Per infortunium. سوئے اتفاق سے

Peritus in lege قانون ميں مشاق يا ماهر

Per lapsum temporis. بوجهه انقضاے زمانه

Per legem terræ. بموجب قانون ملک

Per malitiam. عداوت سے - عداوتاً - بلا وجهه معقول

Per mare, per terras. سمندر اور خشکي سے

Per mensem. ماهوار - في ماه - ماهانه

Per minas. دهمکي سے

Permutatio. تبادله

Per mie et per tout. نصفاً و کلاً جزواً و کلاً - يهه الفاظ حقيت بالاشتمال سے متعلق هيں که جس ميں هر شريک حصهدار کا قبضه کامل هر ايک قطعه پر اور نيز کل پر هوتا هے

Per nefas. ناجائز طور پر

Per pais. بذريعه جوري کے (لغوي معني بذريعه ملک کے)

Per plures. کثرت راے سے

Per procurationem (Abb. Per proc). بذريعه منجانب - (جب يهه الفاظ دستخط کے نيچے لکهے جاتے هيں تو يهه مراد هوتي هے که دستخط کرنے والے نے منجانب يا از طرف کسي اور کے کئے هيں)

Perquisitio. خريداري حصول ذاتي

Per quod. جس سے - چنانچه

Per quod actio accrevit. چنانچه يهه نالش پيدا هوئي

Per rationabili pretium et extentum معقول ماليت اور حد تک

Per rationes perventitur ad legitimam rationem (By reasoning we come to true reason). بذريعه دليل کے هم اصل وجهه پر پهونچ جاتے هيں

Per saltum. کود کر - بلا توسط (مثلاً He attained this rank *per saltum* اوسنے يهه رتبه اوروں کو پهلانگ کو بالا تر عهده داران پر سبقت ليجاکر حاصل کيا)

Per se. به نفسه - (يعني بلا احاطه حالات متعلقه کے)

Per se aut per alium. خود يا بذريعه کسي کے

Persona conjuncta æquiparatur interesse proprio (A conjoint

person is equivalent to a private person). شامل اشخاص مساوي ايک شخص کے هيں ( يعني قانوناً وہ اشخاص جنکا حق مشتمل هو ايک شخص تصور کئے جاتے هيں - يهہ مسله بعض صورتوں ميں نابالغ کي ذمہ داري معاهدات کي نسبت متعلق کيا جاتا هے گو رہ واسطے ضرورت کے دوي نهو مثلاً اگر نابالغ اپنے بچه کي پرورش کے لئے کوئي روپيه قرض لے تو وہ اوسکي بابت مثل ديگر اشخاص کے قابل پابندي هوگا اور وہ معاهده بوجهہ نابالغي کے کالعدم نهو سکيگا

Persona designata. وہ شخص جسکا نام يا تعريف بيان کي گئي

Perspicua vera non sunt probanda (Plain truths require no proof). صريح امر کے لئے ثبوت کي ضرورت نهيں هے

Per stirpes. بالنسب (يعني بحق موروث - مثلاً اگر زيد کے دو پسر هوں اور ان دو پسران کے کئي پسر هوں تو بصورت وفات زيد کے پسر کے اوسکے پوتے بحق اپنے پدر کے جايداد کے مساوي مستحق هيں - ليکن بموجب ايکٹ وراثت هند کے اگر کوئي شخص محض پوتے چهوڑکر فوت هو تو اوسکي جايداد اوسکے کل باقي مانده پوتوں ميں مساوي تقسيم هوگي اور اونکو ترکه بلحاظ حق اونکے پدر کے نه مليگا ليکن اگر زيد کے ۳ پسر بکر و عمر و خالد هوں اور بکر ۴ پسر چهوڑ کر فوت هو اور عمر ايک پسر چهوڑ کے اور محض خالد باپ کے بعد زنده رها تو بر طبق وفات زيد بلا وصيت کے ايک حصه خالد کو مليگا — ايک بکر کے ۴ پسران کو اور باقي ايک ثلث عمر کے ايک پسر کو مليگا - (دفعه ۴۸ ايکٹ ۱۰ سنه ۱۸۶۵ع)

Per subsequens matrimonium. بذريعه ازدواج ما بعد - يعني غير صحيح النسب پسر کو بذريعه ازدواج اوسکے والدين کے صحيح النسب بنانا)

Per testes بذريعه گواهان

A trial per testes تجويز عدالت بلا مدد جوري

Pertinentia. متعلقات - ملصقات

Per totam curiam. کل عدالت سے باتفاق راے کل عدالت کے

Per tout, et non per me کلاً اور جزواً

Per verba de futuro subsequente copula. اقرار آينده مع مجامعت (يهہ ازدواج بلا استقرار عدالت صحيح نهيں هے)

Per verba de præsenti (بذريعه اقرار اوسي وقت کے) يعني ازدواج جس ميں اوسي وقت ايجاب و قبول متعاقدين هو جاوے اور جسکے مکمل هونے کے لئے استقرار عدالت کي ضرورت ضروري نهو - يهہ هر دو قسم مذکور کے ازدواجات بيضابطه هيں

Per vinum et lascivium delapsis capitalis pœna remittitur (A capital punishment is remitted to those overcome by drunkenness or lust). سزاے موت اون اشخاص کي صورت ميں معاف هو سکتي هے جو نشه يا حواس نفساني سے مغلوب هوں يهہ مسله قانون موجوده سے متعلق نهيں هے

Petitio ad misericordiam. التماس رحم يا رعايت

Petition de droit. درخواست حق

Petitio principii. ایک امر کو فرض کرکے اوسي سے نتیجه نکالنا

Pignus. کفالت - گرو

Placita dilatoria. عذر سقوط مقدمه.

عذر توقف خیر

Placitum. عذر - ڈگري - فیصله - امر مجوزه

Placitum nominatum. روز جو ملزم كي حاضري اور جوابدهي كے لئے مقرر کیا جاے

Plagium. (Rom. Law) سرقه انساني.

Plena forisfactura ضبطي كامل جسم و مال

Plena probatio. (Rom. Law.) ثبوت كامل (شهادت دو گواهان كي)

Pleno jure. باختيار كامل

Plenum dominium. حق ملکیت کامل

Plures participes sunt quasi unum corpus, in eo quod unum jus habent. (Several coparceners are one only in as much as they have one right). چند شرکا (بالجمال) ایک هیں کیونکه اونکا حق ایک هي هے

Pluris est oculatus testis unus quam auriti decem (One eye witness is of more weight than ten who give evidence from hearsay). ایک گواه چشم دید کا بیان اوس سے زیاده وقعت رکھتا ہے جو دس گواه سني سناي کہیں

Plus peccat auctor quam actor) (The causer offends more than the doer) کرانے والا به نسبت کرنے والے کے زیاده جرم کرتا هے

Plus valet vulgaris consuetudo quam concessio. (Common custom is of greater force than a grant). رواج عام کي نسبت عطیه کے زیاده وقعت هے

Plus vident oculi quam oculus (Eyes see more than a single eye). چند آنکھیں به نسبت ایک آنکھ کے زیاده دیکھ سکتي هیں (یعني اکثر صورتوں میں شهادت تائیدي کي ضرورت هوتي هے گو بموجب ایکٹ شهادت هند کے بغرض ثبوت کسي واقعه کے کسي خاص تعداد گواهوں کے هونے کي ضرورت نهیں ہے)

Pochain ami. رفیق قریب تر

Pœna ad mensuram delicti statuenda est (Punishment is to be measured by the extent of the offence). سزا کا میعاد جرم هے (یعني سزا بلحاظ نوعیت جرم کے عاید کرني چاهئے)

Pæna, ex delicto defuncti, hæres teneri non debet (The heir ought not to be bound in a penalty for the crime committed by the deceased). وارث کو اوس تاوان کا ذمهدار نکرنا چاهئے جو متوفي پر بوجه ارتکاب جرم کے عاید کیا گیا هو

Pollicitatio. (Rom. Law). وعده قبل اسکے که وه بوجه منظوري کے عهد هوجاے

Ponderantur testes, non numerantur (Witnesses are to be weighed, not numbered) گواهان کو تولنا چاهئے اور نه شمار کرنا) (یعني یهه نه دیکھنا چاهئے که کتنے گواه هیں بلکه یهه دیکھنا چاهئے که اونکي کیا وقعت هے)

Positivus juris. قانون خود خواستہ (یعني قانون جو کسي اصول پر مبني نہو - مثلاً قانون اسٹامپ)

Posito uno oppositorum negatur alterum. (One of the two opposite claims or arguments being affirmed, the other is denied). جب دو متناقض دعوی یا بحث میں سے ایک منظور کي جاے تو دوسري (خوامخواہ) نامنظور هوتي هے

Possessio est quasi pedis positio. (Possession is, as it were, the foothold, or possession is nine-tenths of the law). قبضہ گویا قدم کے رکھنے کي جگہہ هے (اسکي مراد یہہ هے کہ جو قابض هے اوسکو نالش استحقاق میں قدم رکھنے کي جگہہ هے - کیونکہ بموجب ایکٹ شہادت کے یہہ قیاس کیا جاتا هے کہ قابض کو حق قانوني حاصل هے اور اسیوجہہ سے بار ثبوت حق کا اوس شخص پر هے جو اوسکو بیدخل کرنا چاهے اور جب تک بہتر حق خلاف ثابت نکیا جائے استحقاق قبض قایم رهتاهے - اسي مسلہ کو اسطرح بهي کہا هے - قبضہ نو حصہ قانون کا هے - یعني اسکا مطلب یہہ هے کہ هر دعویدار اپنے هي استحقاق کي مضبوطي سے کامیاب هوسکتا هے اور نہ فریق مخالف کے ضعف دعوی سے - یہہ کہنا بالکل صحیح نہیں هے کہ شخص قابض کو محض وهي شخص بیدخل کرسکتا هے جو اوس سے نوگنا زیادہ حق رکهتا هو - اسي اصول پر ضابطہ فوجداري میں یہہ حکم هے کہ جب کسي آراضي یا آب وغیرہ کي نسبت ایسا تنازعہ هو جس سے نقض امن هوجانے کا احتمال هو تو مجسٹریٹ کو بلا لحاظ دعوی استحقاق فریقین یہہ فیصلہ کرنا چاهئے کہ کون شخص قابض شے متنازعہ هے اور حاکم موصوف یہہ حکم دیگا کہ فریق مذکور مستحق قبضہ کا هے اور وہ اوسوقت تک قابض رهے کہ جب تک وہ قانوناً بہ طریق ضابطہ بیدخل نہ کیا جائے - بموجب ایکٹ مالگذاري آراضي کے بهي جب نسبت قبضہ کے تنازعہ هو تو کلکٹر کو لازم هے کہ اوس شخص کو جو قبل آغاز تحقیقات کے ۳ ماہ کے اندر بیجا طور پر بیدخل کیا گیا هو قبضہ دلائے - دفعہ ۴۱ ایکٹ قبضہ آراضي ممالک مغربي و شمالي سنہ ۱۹۰۱ ع

Post. مابعد

Post date. تاریخ مابعد ڈالنا

Post diem. تاریخ مابعد

*Post diem* interest. سود بعد تاریخ ڈگري

Postea. بعدہ - مسل اوس کارروائي کي جو بعد قایم اور فیصل کئے جانے امور تنقیح طلب کے کیجائے

Posteriori derogant prioribus. (Things subsequent supersede things prior). امور مابعد سے امور ماقبل مسترد هوجاتے هیں (یہہ مسلہ ایکٹ ونظایر سے جو نسبت ایک هي معاملہ کے هوں متعلق هے)

Post litem motam. بعد آغاز نزاع

Post mortem. بعد وفات

*Post mortem* examination. معاینہ نعش بغرض دریافت سبب وفات

Post natus. پسر جو بعدہ پیدا هوا (مثلاً بعد پسر اول کے)

Post obit. بعد وفات

*Post obit* bond. تمسک جسکي رو سے روپیه ادا کرنے کا وعدہ ایک شخص ثالث کي وفات پر کیا جاے که جس سے کچھه جایداد ملنے کي امید هو

Postremo geniture. رواج چھوٹا نسي یعني چھوٹے پسر کا اپنے پدر کي جایداد غیر منقوله کا وراثتاً پانے کا مستحق هونا

Potentia propinqua. امکان قرین قیاس

Potentia remota. امکان بعید مثلاً جب که حق باقي ماندگي کسي جایداد میں کسي شخص کے پسر زید یا بکر کو دیا جاے جسکے اوسوقت کوئي پسر اوس نام کا نه هو تو ایسي صورت میں دو باتوں کا امکان قیاس کیا گیا هے (۱) یهه که اوسکے پسر پیدا هو (۲) یهه که اسکے پسر کا نام زید یا بکر رکھا جاے

Potestas alienandi. اختیار انتقال

Potestas stricte intesp etatur. مختارنامه یا عطیه کي تعبیر به سختي کرني چاهئے

Prædes litis et vindiciarum. ضمانت منجانب قابض جایداد متنازعه کے بصورت تمسس هونے نالش کے وه جایداد معه زر واصلات کے واپس کریگا

Prædium. آراضیات - مواضع - حقیت

Prædium dominans. حقیت غالب

Prædium serviens. حقیت مغلوب

Prædium urbanum حقیت بغرض بود باش

Præmissa. اول جزو دستاویز کا - امور ابتدائي

Præmium. نذر - سلامي - بیعانه - چنده

Præmium pudicitiæ. نذر جو کسي عورت پارسا کو اوسکے گمراه کرنے والے نے دي هو

Præpositura (Scot. Law). زوجه کو اختیار عمل میں لانے بعض کاموں کا منجانب اپنے شوهر کے دیا جانا که جس سے شوهر پر اپنے زوجه کے معاهدات قابل پابندي هو جاتے هیں زوجه باطلنا اپنے شوهر کے خانگي معاملات کرنیکي مختار (یعني هے (Præposito negotiis

Præpositus. صررت - بیلف - عهدهدار

Prærogativa regis. - اختیار شاهي حقوق شاهي

Præscripto. تمادي - حق جو تمادي سے حاصل هو

Præsentia corporis tollit errorem nominis; et veritas nominis tollit errorem demonstrationis (The presence of the person or thing cures error in the name; the truth of the name cures error in description.)

موجودگي شے یا شخص سے غلطي کي رفع هو جاتي هے اور نام کے صحیح هونے سے بیان یا تعریف کي غلطي سے کچھه فرق نهیں هوتا - (یهه مسله مسلمه معقول هے که جب کوئي فریق معامله یا شے منشاے معامله واقعي اور مجسم موجود هو تو اوسکا غلط نام محض غیر اهم هے

Præstat cautela quam medela (Prevention is better than cure). احتیاط بهنسبت اصلاح کے بهتر هے اسي اصول پر عدالت حکم امتناعي

اسغرض سے صادر کرتي ھے کہ مدعاعليہ جايداد متنازعہ فيہ کي بربادي يا نقصان وغيرہ سے باز رھے)

Præsumitur pro legitimatione. صحيح النسبي قياس کي جاتي ھے

Præsumptio ex visu scriptionis. قياس نسبت شان خط کسي شخص کے جو ايسا شخص ثابت کرسکے جسنے اوسے ديگر دستاويزات لکھتے ديکھا ھو

Presumptio ex scriptis olim visis قياس نسبت شان خط کے جو ايسا شخص ثابت کرے جو کاتب کے خط کو بوجھہ مراسلات کے جانتا ھو

Præsumptio ex scripto nunc viso قياس نسبت کسي شخص کے جو ماھر رے

Præumptio juris. قياس قانوني

Præsumptiones hominis. قياس واقعاتي

(See Presumption in the Vocabulary)......

Præsumptiones juris et de jure. از روے قياس قانوني و اصول قانوني - قياس ناقابل ترديد - قياس قطعي

Præsumptio violenta, plena probatio. (Strong presumption is full proof). قياس قوي ثبوت کامل ھے

Præsumuntur posteriora a prioribus (From prior acts we presume posterior acts.) افعال قبل سے افعال مابعد قياس ھوتے ھيں (يھہ قياس عموماً نہايت ضعيف ھوتا ھے)

Præteritio. وصيت نامہ پدر ميں ل کا نام کليتا متروک ھونا (اس سے وصيت نامہ کالعدم ھو جاتا ھے - گو وصيت سے محروم کرنا جايز ھے

Precarium (Rom. Law.) حقيت تا مرضي مالک

Prece partium. باستدعاے فريقين

Prendre. See Profits *à prendre* in the Vocabulary.

Pretium affectionis. قيمت فرضي بوجھہ پسند خاص مالک شے کے

Pretium periculii. قيمت خطرہ کي (مثلاً بصورت باٹمري بانڈ کے سود بطور بدل خطرہ کے ليا جاتا ھو)

Pretium succedit in loco rei (The price succeeds in the place of the thing). شے (مبيعہ) کي جگھہ قيمت ھے

Primæ impressionis. خيال اول

A case primæ impressionis. مقدمہ جديد جسپر کوئي نظير نہوئي ھو

Prima facie. بادي النظري

*Prima facie case.* مقدمہ بادي النظري — (مقدمہ بادي النظري اوس صورت ميں ھوتا ھے جب کہ شہادت ايسي ھو کہ اوسکے ترديد کے لئے فريق مخالف کو جوابدھي کرنا لازمي ھو)

Prima tonsura. اول فصل

Primum decretum. ڈگري شرطيہ

Princesps et republica ex justa causa possunt rem meam auferre (The prince and the republic can take away my property for a just cause). بادشاہ يا سلطنت ھماري جايداد ضرورت جايز کے لئے لے سکتے ھيں — (يھہ مسلہ حصول آراضي واسطے اغراض عام حسب

ایکٹ حصول آراضي وغیرہ سے متعلق ھے) نیز ملاحظہ طلب قوانین متعلق جنگ

Principalis debet semper excuti antequam perveniatur ad fidei jussores (The principal should always be exhausted before coming upon the sureties). قبل اِسکے کہ ضامنان کي نوبت آوے همیشہ اصل (مدیون) کو خالي کرنا چاهئے — بموجب قانون معاهدہ مجریہ هند کے ذمہ داري اصل مدیون اور ضامن کي یکساں ھے اور یہہ مسلہ هر صورت میں صحیح نہیں ھے کہ داین کو قبل ضامن سے روپیہ طلب کرنے کے اصل مدیون کو خالي کرنا چاهئے - کیونکہ محض داین کے اصل مدیون پر نالش کرنے سے باز رهنے سے یا بمقابلہ اوسکے کوئي دیگر چارہ جوئي نکرنے سے بعدم موجودگي کسي شرط خلاف مندرجہ ضمانت نامہ کے ضامن بري نہیں هو جاتا - لیکن ایسے معاهدہ سے جو باهم داین اور اصل مدیون کے هو اور اوسي کي رو سے داین اصل مدیون کے ساتهہ مصالحات کرے یا اوسکو مزید مهلت دینے کا وعدہ کرے یا اوسپر نالش نہ کرنے کا عهد کرے تو ضامن بري هو جاتا ھے بجز اسکے کہ ضامن معاهدہ مذکور کي نسبت رضامندي ظاهر کرے

Principia probant, non probantur (Principles prove, they are not proved). اصول سے ثابت کیا جاتا ھے نہ یہہ کہ اصول ثابت کیا جاتا ھے - (یعني اصول وهي هیں جو بلا ثبوت تسلیم کئے جائیں)

Principium et potissima pars cu jusque rei (The principle of anything is its most powerful part). اصل یا جز کسي چیز کي اوسکا نہایت اهم جزو ھے

Prior patens. سایل اول (مقدمات دروبیت)

Privatio præsupponit habitum (A deprivation presupposes a possession). بیدخلي سے پیشتر قبضہ کا هونا ضرور ھے

Privatorum conventio juri publico non derogat (A private agreement does not derogate from the public right). اِقرار خانگي سے حق عام خارج نہیں هوتا ھے

Privatum commodum publico cedit (Private advantage must give way to public good) ذاتي فایدہ رفاہ عام کے سامنے قایم نہ رهنا چاهئے

Privilegium est quasi privata lex (Privilege is, as it were, a private law, in allusion to its derivation *priva lege* from " private law.") رعایت گویا قانون ذاتي ھے

Privilegium piscandi. حق شکار ماهي

Pro. واسطے - منجانب - از طرف

Proavia. پرناني - پردادي

Probatio mortua. ثبوت قطعي - ثبوت دستاویزي

Probandi necessitas incumbit illi qui agit (The necessity of proving lies on him who brings a charge.) ضرورت ثبوت کي اوسکو جو الزام لگائے

Pro bono et malo. اچھے یا برے کے لئے - نفع یا نقصان کے لئے

Pro bono publico. واسطے رفاہ عام کے

Pro confesso. حسب اقبال

Pro dignitate regali. مرتبہ شاھي کے لئے

Prodigus. فضول خرچ جو بوجھہ فضول خرچي کے اپني جايداد کا انتظام کرنے کے قابل نہو اور جسکي جايداد کي معاملات کے لئے ولي مقرر کرنے کي ضرورت ھو

Proditorie. بغاوتاً - (يہہ خاص لفظ زبان لاطن ميں واسطے الزام جرم بغاوت کے تھا)

Pro et con. دونوں طرف کي - ھر دو جانب

(Pro et con of the argument. بحث کي دونوں صورتيں - ھر دو پہلو)

Pro forma. ترتيبي

*Proforma* defendant. مدعاعليہ ترتيبي

Pro hac vice. اِس موقع کے لئے

Appointment *pro hac vice.* تقرر خاص موقع کے لئے (بمقابلہ تقرر مستقل کے)

Prohibetur ne quis faciat in suo quod nocere possit alieno (It is unlawful for any man to do that on his own property which may injure another). يہہ منع ھے کہ کوئي شخص اپني جايداد پر کوئي ايسا کام کرے کہ جس سے دوسرے کي جايداد کو نقصان يا مضرت پہونچے

See *Sic uteri tuo*......

Pro hibenda est ira in puniends. (Anger is to be avoided in inflicting punishment) سزا دينے ميں غصہ کو دور رکھنا چاھئے)

Proindiviso. بحالت نہ علحدہ ھونے کے (يعني شرکا خاندان غير منقسمہ قبل بٹوارہ کے)

Pro interesse suo. اپنے حق کے محفوظي کے غرض سے

Pro majori cautela. بغرض احتياط مزيد

Pro misis et custagiis. بابت خرچہ و ديگر اخراجات

Pron epos پر پوتا

Pro non scripto. گويا کہ تحرير نہيں ھے

Propositus.—*See* in the Vocabulary.

Propria manu. اپنے ھي ھاتھہ سے بقلم خود

Proprio motu. اپني ھي تحريک سے

Proprio vigore. قوت ذاتي سے - اپنے ھي طاقت سے

Propter defectum sanguinis. بوجہ نہونے اولاد يا وارث کے

Propter hoc. بہ سبب اِسکے - بوجہہ اِس امر يا معاملہ کے

Propter privilegium. بوجہہ رعايت

Property *propter privilegium.* ملکيت بوجہہ رعايت - جنگلي جانوروں ميں (يعني اختيار خاص شکار وغيرہ جنگلي جانوروں کا)

Propter sævitiam. بوجہہ بيرحمي (يہہ ايک وجہہ علحدگي اور نفقہ طلب کرنے کي ھے)

Pro querente. منجانب مدعي

Pro quodam valorio. بعوض بدل قيمتي کے

Pro rata. بحساب حصه رسدي

Pro re nata. واسطے ضرورت خاص کے
خاص موقع کے لئے-خاص ضرورت کے لئے

Pro tanto. جہاں تک کہ متعلق هو

Protectio trahit subjectionem, et subjectio protectionem (Protection implies allegiance, and allegiance protection) حفاظت لازمه اطاعت هے - اور اطاعت لازمه حفاظت هے

Pro tempore. چند روز کے لئے

Pro turpi causa. بغرض فریبي

Prout lex postulat. حسب شرايط قانون

Prout occasio postulat.
حسب الضرورت - مطابق حالات کے

Proviso. شرط

Pubertas. سن بلوغ - يعني مردوں کے لئے ۱۴ سال يا زيادة اور عورات کے لئے ۱۲ سال يا زيادة

Publici juris. باستحقاق عام ملكيت سرکاري

Pueri sunt de sanguine parentum sed pater et mater non sunt de sanguine puerorum (Children are the blood of their parents, but the father and mother are not of the blood of the children). اطفال والدين کا خون هوتے هيں ليکن ماں باپ ميں خون اطفال کا نهيں هوتا

Puerita. بال پن - طفلي - يعني ۷ سال سے ۱۴ سال تک

Puisne. ماتحت - صغير

As puisne in cumbraneer مرتهن ما بعد

Punctum comparitionis. - ميعاد مقرر پيمانه يا ناپ

Pur (pour) autre vie تاحيات دوسرے شخص کے - (مثلاً حق اوس خريدار کا جسنے بيوه کا حق خريدا هوتا حيات بيوه هوتا هے)

Pur cause de vicinage. بوجه همسايگي يا قريب سکونت کے - مثلاً حق شفع

Pur le pais. موقع پر - مقام پر

## Q

Qua. جس ميں - بحيثيت - جهانتک که

Quæ ab initio inutilis fuit institutio ex post, facto convalescere non potest (That which was a useless institution at the commencement cannot grow strong by an after fact). جو کارخانه يا کام بوقت آغاز کے بيکار تها بوجه کسي فعل مابعد کے درست نهيں هو جاتا

Quæ accessionum locum obtinent extinguuntur cum principales res peremptæ fuerint (That which is only an accessory is rendered null when the principals are extinguished). جو اشيا کے محض لوازم هوتي هيں بعد اسکے باطل يا کالعدم هو جاتي هيں جبکه اصل شے ( جنکا که وه لازمه تهيں ) مفقود يا منسوخ هو جاے - (مثلاً اصل مديوں کے بري هونے سے ذمه داري ضامن بهي جاتي رهتي هے ) - ملاحظه طلب Principal debet...... زير مسله

Quæ cohærent personæ a persona separai nequeunt (Things which belong to the person ought not to be separated from

the person). جو چیزیں که ذات سے متعلق هیں وہ علحدہ ذات سے نه کرني چاهئیں

Quæ communi legi derogant stricte interpretentur (Things which derogate from the common law are to be strictly interpreted) جو کچهه که متخالف قانون عام هو اوس کي تعبیر به سختي کرني چاهئے

Quæ dubitationis tollendæ causa contractibus inseruntur, jus commune non lædunt (Clauses inserted into a contract or removing a doubt, are not adverse to a common-law right) وہ الفاظ توضیح جو کسي معاهدہ میں بغرض رفع کرنے شبهه کے داخل کئے جائیں نقصان قانون عام کے خارج نهیں هیں

Quæ est eadem. جو که ایک هي چیز هے

Quæ in curia regis acta sunt rite agi præsumuntur (What is done in the king's court is presumed to be rightly done). جو امور که عدالت شاهي میں کئے جاتے هیں اونکي نسبت یهه قیاس کیا جاتا هے که صحیح طور پر کئے گئے (ملاحظه طلب تمثیل (٥) دفعه ۱۱۴ ایکٹ شهادت سنه ۱۸۷۲ع)

Quæ inter alios acta sunt nemini nocere debent (Transactions among strangers ought to hurt no man). معاملات مابین اشخاص غیر سے کسي شخص کو نقصان نهونا چاهئے

Quæ in testamento ita sunt scripta ut intellige non possint, perinde sunt ac si scripta non essent (What has been so written in a will as to be unintelligible, is to be regarded as not written). جو عبارت وصیت نامه میں اسطرح لکهي گئي هو جو قابل سمجهه میں آنے کے نهو اوسکي نسبت یهه سمجهنا چاهئے که گویا نهیں لکهي گئي تهي

Quælibet concessio fortissime contra donatorem interpretanda est (Every grant is to be most strongly interpreted against the grantor). هر عطیه کي تعبیر خلاف عطیه کننده کے نهایت سختي سے کرني چاهئے — (یهه مسئله تعبیر اب غیر درست ثابت هو گیا هے) *Verba chartarum*... ملاحظه طلب

Quælibet pardonatio debet capi secundum intentionem regis, et non ad deceptionem regis (Every pardon ought to be taken according to the intention of the king, and not to the deception of the king). هر حکم معافي مطابق منشا بادشاه کے هونا چاهئے اور نه به فریب دهي بادشاه کے

Quæm dio si bene gesseril. نیک چلني دوران زمانه

Quæ mala sunt inchoata in principio vix bona peraguntur exitu (Things bad in principle at the commencement seldom achieve a good end). جو باتیں کي شروع

میں اصولاً خراب ھوتي ھیں اونکا شاذ نتیجه اچھا ھوتا ھے

Quæ non valeant singula, juncta juvant (Things of little consequence individually are weighty when united). وہ چیزیں جو علحدہ علحدہ بے وقعت ھوتي ھیں شامل ھونے سے پر مطالب اور با وقعت ھو جاتي ھیں - (مثلاً الفاظ یا شرایط کے معني علحدہ علحدہ خواہ کچھ ھوں لیکن اونپر مجموعاً لحاظ کرنے سے مطالب معلوم ھوتا ھے یعني چند خفیف امور ملکر ایسے ھو جاتے ھیں کہ اون سے نتایج نکل سکیں)

Quæ prætur consuetudinem et morem majorum fiunt, neque placent, neque recta videntur (Things which are done contrary to the custom and usage of our ancestors, neither please nor appear right). وہ باتیں جو خلاف رواج و دستور مورثان کے کي جاتي ھیں نہ تو پسندیدہ معلوم ھوتي ھیں اور نہ مناسب یا صحیح معلوم ھوتي ھیں

Quæ rerum natura prohibentur, nulla lege confirmata sunt (Things which are prohibited by their very nature are confirmed by no law). وہ باتیں جو بہ نفسہ ممنوع ھیں کسي قانون سے مقبول نہیں کي گئي ھیں

Quæcunque via data خواہ کوئي طریقہ اختیار کیجئے خواہ کسي طرحپر خیال کیجئے

Quæ frerunt vitia mores sunt. وہ باتیں جو ایک مرتبہ معیوب ھیں اب مروج ھیں

Quæritur. سوال پیدا ھوتا ھے

Quære. سوال (جب کسي بحث کي نسبت شبہ باقي رھتا ھے تو لفظ سوال یا کویري کا پیشتر بغرض مایل کرنے توجہہ ناظرین کي تحریر کیا جاتا ھے)

Quæstio. کمیشن بغرض تحقیقات کسي معاملہ فوجداري سے

Quæstio fit de legibus non de personis (The question is what is the law not, who is the offender or the question must refer to the laws and not to the persons). سوال یہہ ھونا چاھئے کہ قانون کیا ھے اور نہ یہہ کہ مجرم کون ھیں - (یعني تعبیر قانون کي بلا جانبداري کے یا بلا لحاظ غریب یا امیر ھونے کے کرني چاھئے

Quæstus. جایداد جو خرید سے حاصل کي گئي ھو (بخلاف جایداد موروثي کے)

Quæ tangi possunt. اشیاے قابل حس - جایداد (خلاف حقوق کے جو جایداد ناقابل حس ھے) - مادي

Quales sunt summi cinitatis viri talis est civitas (The character of a community depends upon that of its rulers). کسي جماعت کي حیثیت اوسکے حاکمان کي حیثیت پر منحصر ھے - الناس علي دین ملوکہم

Qualis at incept to. جیسا کہ ابتدا سے - مسل سابق

Quam. As ; which. جیسا کہ

Quamdiu bene se gesserit. جب تک کہ اوسکا طریق عمل درست رہے

Quam legem exteri nobis posuere, eandem illis ponemus (The law which foreign powers have observed towards us, the same shall we observe towards them). وہ قانون یا برتاؤ جو ممالک غیر ہمارے ساتھہ عمل میں لائینگے وہ ہي ہم اونکے ساتھہ بہي عمل میں لائینگے - ( یہہ مسلہ قانون والیان ملک کا ہے )

Quando aliquid conceditur, id quoque concedi videtur, sine quod res ipsa percipinon debeat (When anything is granted, that also is deemed to be impliedly granted with it, without which the principal subject-matter of the grant could not be enjoyed). جب کوئي چیز ہبہ یا عطا کي جاتي ہے تو اوسکے ساتھہ اوس چیز کا عطا ہونا اور سمجھا جاتا ہے کہ جسکے بغیر اصل عطیہ اِستعمال نہوسکے —(مثلاً اگر کوئي آراضي عطا کیجاے لیکن اوس میں جانے کے لئے راستہ عطا کنندہ یا واہب کے قبضہ میں ہو تو یہہ سمجھا جائیگا کہ آراضي کے ساتھہ حق گذر بہي عطا کیا گیا - نیز ملاحظہ *Cuicunque aliquis quid ...* طلب

Quando aliquid mandatur, mandatur et omne per quod pervenitur ad illud. (When anything is commanded, everything by which it can be accomplished is also commanded. جب کسي چیز کا حکم دیا جاے تو ہر امر کا حکم دیا جاتا ہے کہ جس سے اس حکم کي تعمیل ہوسکے - مثلاً جب کہ بموجب قانون کسي امر کا حکم دیا جاتا ہے تو قانون مذکور کي رو سے اون کل امور کے انجام دینے کا حکم دیا جاتا ہے جو تعمیل حکم مذکور کے لئے ضروري ہوں

Quando aliquid prohibetur, prohibetur omne per qnod devenitur ad illud (When anything is prohibited, everything which tends towards it is also prohibited). جب کوئي امر ممنوع ہو تو وہ امر بھي جو اوسکي تائید میں کیا جاے ممنوع ہے - یعني کوئي معاملہ جو اوس امر کے عمل میں لانے کي ترکیب ہو جو قانوناً ممنوع ہے قایم نہیں رہ سکتا

Quando de una et eadem re duo onerabiles existunt, unus pro insufficientia alterius, de integro onerabitur (When there are two persons liable for one and the same thing, one for the other's default will be charged for the whole). جب دو اشخاص ایک ہي چیز کي بابت ذمہدار ہوں تو بصورت قصور ایک کے دوسرا کل کا ذمہدار ہوگا

Quando dispositio referri potest ad duas res ita quad secundum relationem unam vitietur, est secundum alteram utilis sit, tum facienda est relatio ad

illam ut valeat dispositio (When a disposition may refer to two things, so that by the former it would be vitiated and by the latter it would be preserved, then the relation is to be made to the latter, so that the disposition may be valid). جب کوئي اِنتقال دو امور سے متعلق ہو - جنمیں سے ایک ایسا ھے کہ جس سے انتقال ناجایز ھو جاتا ھے اور دوسرے سے قایم رھتا ھے تو اِنتقال مذکور دوسرے امر سے متعلق ھوگا تاکہ اِنتقال مذکور جایز رھے

Quando jus dommi regis et subditi concurrunt, jus regis præferri debet (When the right of a king and the right of a subject concur, the king's right shall be preferred). جب کہ اِستحقاق بادشاہ و اِستحقاق رعایا نسبت ایک شے کے یکساں ھو تو بادشاہ کا حق مرجح ھوگا - قاعدہ یہہ ھے کہ جب کوئي شے بحق بادشاہ و رعایا مشترکاً ھبہ کي گئي ھو تو بادشاہ اوس کل شے کو لیگا - کیونکہ یہہ خلاف شان سمجھا جاتا ھے کہ بادشاہ رعایا کے ساتھہ شرکت کرے - اِسي طرح صیغہ اجرا میں دین ڈگري جو سرکار کو یا سکریٹري آف اِسٹیٹ ھند باجلاس کونسل کو واجب ھو بہ نسبت دیگر دیون کے اگر کوئي خاص حکم واضعان قانون کا اس بارہ میں نہو مرجح ھے - اِسي اصول پر سرکار نالش صیغہ مفلسي میں وہ کل رسوم جو بوقت ارجاع نالش قابل ادا ھو تیں وصول کر لیتي ھے جو مدعي کو بصورت نہونے مفلس کے دیني واجب ھوتي - اسي طرح مالگذاري کے قوانین میں حکم ھے کہ زر رھن جو مالگذاري کے باقي پڑنے سے بیشتر کا ھو مانع اِسکا نہیں ھے کہ اول نیلام جایداد سے زر مالگذاري وصول کر لیا جاے - سرکاري مال اگر کھلے ھوے بازار میں بھي فروخت کیا گیا تو خریدار نیک نیت سے بھي جسنے قیمت ادا کي ھو مال لے لیا جاسکتا ھے - دھرم شاستر میں بھي یہہ اصول تسلیم کیا گیا ھے

Quando lex aliquid alicui concedit, concedere videtur id sine quo res ipsa esse non potest (When the law gives a man anything, it gives him that without which it cannot exist). جب قانون کي رو سے کوئي چیز کسي شخص کو دي جاے تو وہ چیز بھي اوسکے ساتھہ دي جاتي ھے جسکے بغیر وہ قایم نہیں رہ سکتي

*Cuicunque aliquis* ... ملاحظہ طلب

Quando lex est specialis, ratio autem generalis, generaliter lex est intelligenda (When the law is special, but its reason general, the law is to be understood generally). جب قانون مختص الامر ھو لیکن وجوہ وضع قانون عام ھوں تو قانون کو عام تصور کرنا چاھئیے

Quando plus fit quam fieri debet, videtur etiam illud fire quod faciendum est (When more

is done than ought to be done, that too seems to be done which still remains to be done). جب کوئي شخص کوئي کام اوس سے زیادہ کرے جتنا اوسکو اختیار ہے - تو باوجود اِسکے یہہ قیاس کیا جاتا ھے کہ وہ بھي کیا گیا جو اوسکو کرنا چاھئے - (مثلاً جب کوئي شخص اپنے اِختیار سے زیادہ انجام دے تو یہہ سمجھا جائیگا کہ اوسنے وہ امر کیا جو نکرنا چاھیے تھا اور فعل محض اوسقدر کي بابت جو متجاوز اِختیار کے ھو کالعدم ھوگا - مثلا اگر کسي شخص کو ۱۲ سال کے پٹہ عطا کرنے کا اِختیار ھو اور وہ ۱۵ سال کا پٹہ دے تو پٹہ ۱۲ سال کي بابت جایز ھوگا - اور باقي کي بابت کالعدم ھوگا

Quando res non valet ut ago, valeat quantum valere potest (When anything does not operate in the way I intend, let it operate as far as it can). جب کوئي چیز اوس طرح پر اثر پذیر نہو سکے جس طرحپر کہ میري منشا ھے تو اوسکو جہاں تک ھوسکے اثر پذیر ھونا چاھئے - (اِس مسلہ کا منشا یہہ ھے کہ جہاں تک ھوسکے منشا کو نافذ کرنا چاھئے - یہہ ضروري نہیں ھے کہ کوئي دستاویز اِس وجہہ سے کہ مقر کي منشا کا نفاذ پوري طور پر نہیں ھوسکتا کالعدم کي جاے وہ اوسیقدر نافذ کي جائیگي کہ جہاں تک وہ قانوناً بلحاظ منشا فریق مذکور نافذ ھوسکتي ھے - ملاحظہ طلب دفعہ ۷۴ - ایکٹ وراثت ھند سنہ ۱۸۶۹ع)

Quanta legitima. (Rom. Law). جایز چہارم - بموجب قانون روم کے ایک چہارم ترکہ کے ورثا ھر صورت میں مستحق ھوتے تھے

Quantum. کسقدر - متناسب

Quantum libet. جسقدر تمہاري خواھش ھو

Quantum sufficit. جسقدر کہ کافي ھو

Quantum valebat, جسقدر کہ اوسکي قیمت ھو (یہہ نام ایک نالش کا تھا جو بناے اِس معاھدہ معنوي کے دایر کي جاتي تھي کہ اوس قدر قیمت مال مبیعہ کي دیجائیگي جتني کہ اوسکي مالیت یا قیمت ھو)

Quasi. از قسم

*Quasi*—contract. معاملہ از قسم معاھدہ - معاھدہ معنوي - یعني وہ معاملہ جو ٹھیک ٹھیک داخل تعریف معاھدہ نہو لیکن اثر معاھدہ کا رکھتا ھو

*Quasi*—public appropriation. (M. Law.) ھبہ از قسم عام—یعني ایسا ھبہ جو واسطے اغراض عام خیراتي کے اور نیز واسطے خاص اشخاص شریک خاندان واھب کے ھو

Quasi trustee. امین معنوي — یعني وہ شخص جو خلاف ورزي امانت سے مستفید ھوکر اپنے آپکو بطور امین کے ذمہ دار کرے

Quasi tort. فعل از قسم فعل بیجا قابل نالش یعني - ایسا فعل جسکي بابت کوئي شخص باوجود اِسکے ذمہ دار ھو کہ اوسنے اوسکا اِرتکاب نکیا ھو -

مثلاً مالک اوس فعل کا ذمہ دار ھے جو ملازم نے اثناے ملازمت میں کیا ھو

Quasi ex contractu. ایک قسم کے معاہدہ سے پیدا ھوا ھو

Quatenus. جہاں تک ھو

Que estate. جایداد جو بجز وراثت دیگر نہج پر حاصل کي گئي ھو

Quendam. کوئي شخص

Querela. اِستغاثہ

Querela inofficiosi testamenti. (Rom. Law.) اِستغاثہ نسبت وصیت نامہ خلاف مصلحت کے — ( وصیت خلاف مصلحت وہ سمجھي جاتي تھي جو بلا لحاظ حقوق رشتہداران کے کي گئي ھو - ایسي وصیت کي نسبت اولاد یا اِطفال اِس بنا پر اعتراض کرسکتي تھیں کہ موصي کي بوقت وصیت ضرور عقل خراب ھوگئي تھي)

Querens. مدعي یا مستغیث

Queritur. وہ شاکي ھے

Quia caret forma. کیونکہ اوسکے ضابطہ میں سقم ھے

Qui accusat integræ famæ sit et non criminosus (Let him who accuses be of clear fame, and not criminal) اوس شخص کو جو کسي پر اِلزام عاید کرے بے داغ ھونا چاھئے اور نہ مجرم (عام قاعدہ یہہ ھے کہ عدالت میں ھر شخص کو بلا داغ آنا چاھئے)

Qui adimit medium, dirimit finem (He who takes away the middle destroys the end). جو درمیاني اشیا کو ناقص کرتا ھے آخر کو بھي خراب کرتا ھے

Quia improvide emanavit. کیونکہ وہ غلطي سے جاري کیا گیا - ایک حکم مشعر انفساخ حکمنامہ یا سفینہ کے ھے جو غلطي سے جاري کیا گیا

Quia interest republicæ, ut sit finis litium (Because it is in the interest of the State that there be an end of law suits). کیونکہ اِسمیں سلطنت کا فایدہ ھے کہ تنازعات قانوني ختم ھوں

Qui alienum fundum ingreditur venandi aut aucupandi gratia potest a domino prohibere ne ingrediatur (He who enters upon another man's land, for the purpose of hunting or fowling, may be prohibited from entering by the owner). جو کوئي کسي شخص کي آراضي پر بغرض شکار داخل ھو اوسکو مالک آراضي (جوازاً) داخل ھونے سے منع کرسکتا ھے

Qui aliquid statuerit parte inaudita altera, æquum licet dexerit, haud æquum facerit (He who decides anything, without one party being heard, does wrong, though he should decide right). جو شخص کوئي فیصلہ بلا سماعت دوسرے فریق کے صادر کرے بیجا کرتا ھے گو اوسنے فیصلہ صحیح صادر کیا ھو

Qui alterius jure utitur eodem jure uti debet. (He who is

clothed with the right of another ought to be clothed with the very same right). جس شخص کو کسي دوسرے کا حق حاصل هو اوسکو وهي حق حاصل هونا چاهئے جو اصل شخص کو حاصل تها - (مثلاً اگر هندو بيوه کوئي جايداد بيع کرے تو اوسکے خريدار کو محض حق حين حياتي حاصل هوگا

Quia timet. اسوجهه سے که وه ڈرتا هے اس اصول کي بنا پر که مدعي کو انديشه هے - عدالتهاے عدل اکثر صورتوں ميں دادرسي عطا کرتي هيں - مثلاً جب يهه انديشه هو که جايداد متنازعه خراب کي جائيگي تو برطبق درخواست کسي فريق کے رسيور واسطے انتظام و نگراني جايداد متنازعه نالش کے مقرر کيا جاسکتا هے - بموجب ايکٹ دادرسي خاص کے اس اصول پر عمل کيا جاتا هے - اول جب که کوئي شخص جس کے مقابله ميں کوئي دستاويز تحريري باطل يا قابل ابطال هے بوجهه معقول يهه انديشه رکهتا هو که اگر ايسي دستاويز دوسرے کے هاتهه ميں قايم رهيگي تو ضرر عظيم پهونچائيگي تو اوسے جايز هے که اوسکو باطل يا لايق ابطال تجويز کرنے کے لئے نالش کرے اور عدالت کو حسب اقتضائے راے اپنے اختيار هے که اوسکي نسبت ايسي تجويز کرے اور حکم دے که وه دستاويز حواله کي جاے اور باطل کي جاے

Quibus auxiliis. جسکي مدد سے

Qui concedit aliquid, concedere videtur et id sine quo concessio est irrita, sine quo res ipsa esse non potuit (He who concedes anything is considered as conceding that without which his concession would be void, without which the thing itself could not exist).
وه شخص جو کوئي چيز ديتا هے اوسکي نسبت يهه سمجها جائيگا که اوسنے وه چيز بهي دي جسکے بغير اوسکا دينا بے سود هوتا اور جسکے بغير وه چيز قايم نهيں رهسکتي

Qui contemnit præceptum contemnit præcipientem (He who disregards the precept disregards the person giving it).
وه شخص جو تحقير کسي حکم يا نصيحت کي کرتا هے وه شخص تحقير اوس شخص کي کرتا هے جسنے نصيحت کي يا حکم ديا

Quicquid est contra norman resti, est injuria (Whatever is against the rule of right, is an injury).
جو کچهه که خلاف قاعده حق کے هے وه ضرر هے

Quicquid in calore iracundiæ vel fit vel dicitur non prius ratum quam si perseverentia appareat animi judicium fuist (Nothing said or done in the heat of passion is irrevocable until perseverance shows that it was the deliberate purpose of the mind). کوئي بات جو غصه ميں کي جاے يا کهي جاے ايسي نهيں هے جسکا ارتداد نهو سکے بجز اسکے که اوسپر اصرار کرنے سے يهه معلوم هو که ديده دانسته وه کهي گئي يا کي گئي

**Quicquid in excessu actum est lege prohibetur** (Whatever is done in excess is prohibited in law). جس چیز میں زیادتی کی جاے وہ قانون میں ممنوع ھے

**Quicquid plantatur solo, solo cedit** (Whatever is fixed to the soil, goes with the soil) جو چیز کہ ملحق آراضي ھے آراضي کے ساتھہ منتقل ھوتی ھے

اسي اصول پر یہہ تجویز ھوئي ھے کہ درختاں جو کسي اسامي نے خواہ وہ دخیلکار یا غیر دخیلکار ھو اپني جوت پر لگاے وہ بعدم موجودگي کسي رواج یا معاھدہ خلاف کے متعلق آراضي تصور ھوتے ھیں اور اسامي کو کوئي اختیار درختان مذکور کے فروخت یا دیگر نہج پر منتقل کرنیکا نہیں ھے - لیکن بصورت درختان باغ کے جو زمیندار کي صریحي یا ضمني رضامندي سے لگاے گئے ھوں یہہ قاعدہ متعلق نہیں ھے اونکے منتقل کرنے کا اسامي کو اختیار ھوتا ھے - بموجب ایکٹ انتقال جایداد کے پٹہ دار کو اختیار ھے کہ دوران میعاد پٹہ میں جسوقت چاھے وہ تمام اشیا دور کرے جو اوسنے زمین سے ملصق کي ھوں بشرطیکہ وہ جایداد کو اوسي حالت میں چھوڑ دے جس حالت میں وہ جایداد اوسکو ملي تھي (دفعہ ۱۰۸) بادي النظر میں آراضي پٹہ میں کسي شے کے ملصق کرنے سے یہہ قیاس ھوتا ھے کہ ملکیت شے مذکور کي قابض آراضي کو حاصل ھوگي بجز اسکے کہ وہ شے محض آسایش یا نمایش کے غرض سے تھوڑے عرصہ کے لئے نصب کي گئي ھو اور بلا مضرت آراضي کے علحدہ ھو سکتي ھو - اسي اصول پر واضعان قانون نے یہہ شرط بھي قایم رکھي ھے کہ اگر دوران میعاد پٹہ میں جایداد میں کچھہ اضافہ ھو جاے تو وہ اضافہ (بہ پابندي قوانین متعلقہ آراضي دریا برآمد کے جو اسوقت نافذ ھوں) پٹہ کے اندر شامل سمجھا جائیگا - یہہ مسئلہ اون اشیا سے جو بہ آساني اور بلا مضرت آراضي کے علحدہ ھو سکیں متعلق نہیں ھے لہذا پٹہ دار یا اوسکے قایم مقام قانوني کو اختیار ھے کہ تمام فصل جو پٹہ دار نے بوئي یا نصب کي ھو اور جو آراضي پر بوقت ختم ھونے پٹہ کے استادہ ھو حاصل کرے

**Quicquid solvitur, solvitur secundum modum solventis** (Money paid is to be applied according to the intention of the party paying it). جو روپیہ ادا کیا جاے وہ مطابق نیت ادا کرنے والے کے جمع کرنا چاھئے

ایکٹ معاھدہ میں اس بارہ میں یہہ حکم ھے — جب کوئي مدیون ایک ھي شخص کے پاس چند دین کا مدیون ھو اور اوس شخص کو کچھہ روپیہ ادا کرے اور بصراحت کہدے یا حالات سے یہہ مفہوم ھو کہ وہ روپیہ بہ ادا کسي خاص قرضہ کے دیا گیا ھو تو وہ رقوم اگر لئے جائیں اوسي کے مطابق محسوب ھونگے — (دفعہ ٥٩) لیکن مدیون بعد اسکے کہ روپیہ ایک خاص حساب میں جمع ھو جاے یہہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ روپیہ دوسرے حساب میں جمع کیا جائے

**Quicquid recipitur, recipitur secundum modum recipientis** (Money received is to be applied

according to the intention of the recipient). روپیه وصول شده مطابق منشا وصول کننده کے جمع هونا چاهئے—

یهه مسله اوس صورت سے متعلق هے که جب مدیون نے زر مودي کي نسبت کوئي منشا ظاهر نه کیا هو — ایکت معاهده میں اِس بارہ میں قانون یهه هے — " جب مدیون کوئي تصریح نه کرے اور ایسے حالات نهوں جنسے یهه بات ظاهر هوسکے که ادا کئے هوے روپیه کس قرضه کے ادا کرنے میں لگاے جانے کو هیں — تو داین کو اختیار هے که جو قرضه جایز اوسکا مدیون سے پاوتني اور واجب الوصول هو اوسکے ادا کرنے میں اپني مرضي کے موافق لگاے — عام اِس سے که اوسکي وصول یابي کي نالش از روے قانون تمادي نادادِرقت ممنوع هو یا نهو — ( لیکن موجب ایکت قبضه آراضي کے اسامیاں کے ساتهه یهه رعایت ملحوظ رکهي گئي هے که زر مودي جس صورت میں که کوئي ایما اسامي کي طرف سے نهو اوس باقي کي بابت نهیں لیا جاسکتا جسکے وصول یابي کي نالش از روے قانون تمادي ممنوع هو ) جب نه داین اور نه مدیون زر ادا شده کو کسي خاص حساب میں لگاے تو وہ دیون کے ادا کرنے میں بلحاظ تقدم لگایا جائیگا — عام اِس سے که اونکي نالش از روے قانون تمادي ممنوع هو یا نهو — اور جب قرضے ایک وقت کے هوں تو وہ روپیه بحساب حصه رسدي هو ایک کے ادا کرنے میں لگایا جائگا — (دفعه ٦١ ) لیکن یهه ملحوظ رهنا چاهئے که داین زر ادا شده کو جزو دین تمادي پذیر میں لگانے سے زر قرضه کو تازه نهیں کرسکتا یعني وہ اِس طریقه سے مستحق اِسکا نهیں هوسکتا که بقیه زر دین تمادي پذیر کو بذریعه نالش وصول کرے

Qui cum alio contrahit, vel est, vel esse debet, non ignarus condition is ejus (He who contracts with another, either is, or ought to be, acquainted with the contract). جو کوئي شخص دوسرے کے ساتهه معاهده کرتا هے — ( اوسکي نسبت یهه سمجها جاتا هے که) وہ شرط معاهده سے واقف اور اوسکو شرایط معاهده سے واقف هونا چاهئے —

دو یا زیاده اشخاص کا راضي هونا اوسوقت کہا جاتا هے جب که وہ ایک هي امر پر ایک هي معني میں باهم راضي هوں لهذا معاهدین کے راضي هونے کے لئے یهه ضروري هے که هر ایک شرایط معاهده سے جو دوسرا کرنا چاهتا هے واقف هو)

Quicunque jussu judicis aliquid fecerit non videtur dolo malo fecisse, quia parere necesse est (Whoever does anything by the command of a judge, is not considered to have done it with an evil intent, because it is necessary to obey). جو کوئي شخص کوئي کام جج کے حکم سے کرے اوسکي نسبت یهه سمجها جاتا هے که اوسنے بدنیتي سے نهیں کیا کیونکه حکم ماننا ضروري هے—

بموجب قانون هند کے یهه قاعده هے

کہ جب کسی جج یا مجسٹریت یا کلکٹر وغیرہ نے کوئي فعل یہہ باور کرکے کیا ہوکہ اوسکو اختیار عمل میں لانے یا حکم دینے اوس فعل کا تھا تو کوئي اہلکار کسی عدالت کا یا اور شخص جسپر جج یا مجسٹریت یا کلکٹر یا دیگر حاکم مذکور کے وارنت کا اجرا واجب ہو واسطے اجرا اوس وارنت کے جسکا اجرا اوسپر واجب ہوتا در صورتیکہ اندر علاقہ شخص صادر کنندہ وارنت مذکور کے اوسکا اجرا عمل میں آتا مستوجب اسکا نہ ہوگا کہ کسی عدالت میں اوسپر نالش ہوسکے — (دفعہ ۱ ایکٹ ۱۸ سنہ ۱۸۵۰ع)

قانون فوجداري اِس بارہ میں یہہ ہے کوئي امر جرم نہیں ہے جو کسي کورت آف جسٹس کي کسي تجویز یا حکم کے مطابق کیا جاے یا جسکے کرنے کي اِجازت اوس تجویز یا حکم سے مستنبط ہوتي ہو بشرطیکہ امر مذکور اوس عرصہ کے اندر کیا جاے جبکہ وہ تجویز یا حکم نافذ رہے گو اوس کورت آف جسٹس کو ایسي تجویز یا حکم صادر کرنے کا اختیار نہو مگر شرط یہہ ہے کہ فاعل نیک نیتي سے باور کرتا ہو کہ کورت آف جسٹس اوس قسم کا اختیار حاصل ہے — (دفعہ ۷۷ ایکٹ ۴۵ سنہ ۱۸۶۰ع)

یہہ مسئلہ اون اعمال بیجا سے متعلق نہیں ہے جو عہدہ داران بلا کي دھمکي سے کئے جائیں جبکہ احکام عہدہ‌داران مذکور کے بنفسہ ناجایز ہوں — ایسي صورتوں سے دفعہ ۹۴ مجموعہ تعزیرات ہند متعلق ہے یعني ملزم پر یہہ ثابت کرنا فرض ہے کہ فعل مابہ‌البحث کا ارتکاب بخوف ہلاکت في‌الفور کیا گیا تھا

Quidem. في‌الحقيقت - در اصل

Qui doit inheriter al pere doit inheriter al fitz. (He, who would have been heir to the father, shall be heir to the son ) جو باپ کا وارث ہوتا وہ پسر کا بھي وارث ہوگا

Quid pro quo. تبادلہ باھمي - بدل جو فریقین معاهدہ کي طرف سے ہوتا ہے

Quid sit jus, et in quo consistit injuria, legis est definire (What right is ; and what injury is, it is the business of the law to declare). کیا حق اور کیا ضرر ہے یہہ ظاہر کرنا کام قانون کا ہے — (قانون کا اصل منشا یہہ ہے کہ حقوق اشخاص کے قایم کرے)

Quieti redditus. لگان جو آسامیان بعوض خدمت کے ادا کریں - زمانہ سابق میں اکثر آراضیات محض بہ شرط بجاآوري خدمت کے عطا کي جاتي تھیں لیکن جب وہ غرض جنکے لئے وہ عطا کي گئیں تھیں قایم نہیں رہي تو وہ آراضیات عطیہ‌داران کے پاس محض خفیف لگان پر بغرض خدمت کے قایم رہنے دي گئیں

Qui ex damntio coitu nascuntur inter liberos non computentur (Those that are born of an unlawful intercourse, are not esteemed among the children or legal heirs). وہ اشخاص جو مجامعت ناجایز سے پیدا ہوں داخل ورثا قانوني خیال نہیں کئے جاتے—

(عام قاعدہ یہہ ہے کہ پسر جو مجہول النسب ہو یا جو ایسے والدین سے

ہو جنکا ازدواج جایز نہ ہوا ہو مستحق وراثت نہیں ہے - لیکن بموجب شرع محمدي کے جب صحیح نکاح کے ثبوت کے ذریعہ سے صحیح النسبي کا ثابت کرنا دشوار ہو تو اوس صورت میں إقرار ایسا ذریعہ ہے جس سے طفل کا نسب قانوناً تصور کیا جائیگا - إقرار کي وجہہ سے وہ شخص جسکي نسبت اقرار کیا گیا ہے بحالت نہ ہونے کسي شرعي موانع کے مثل صحیح النسب لڑکے کے وراثت کا مستحق ہو جاتا ہے - بموجب شرع کے إقرار کے جایز اور قانوناً موثر ہونے کے لئے تین شرطوں کا ہونا ضروري ہے - اول یہہ کہ إقرار کرنے والے کي عمر اور اوس شخص کي عمر میں جس کي نسبت إقرار کیا جاے إتنا فرق ہو کہ جس سے یہہ بات قرین قیاس ہو کہ إقرار کرنے والا اوس شخص کا باپ ہو سکتا ہے — دویم - جس شخص کے نسبت إقرار کیا جاے وہ مجہول النسب ہو اگر اوسکا نسب معلوم ہو تو إقرار کرنے والے سے اوسکا نسب ثابت نہوگا — سویم - جس شخص کے نسب کا إقرار کیا جاے اسکو یہہ یقین ہونا چاہئے کہ وہ إقرار کرنے والے کا لڑکا ہے یا دم سے کم اوسکے لڑکے ہونے پر رضامند ہے )

Qui facit per alium, facit (*or* est perinde ac si faciat) per se. [He who acts through another (is in the same position as if he) acts through himself] جو شخص دوسرے کے ذریعہ سے عمل کرتا ہے اوس کي وہي حیثیت ہے گویا کہ وہ خود عمل کرتا ہے—

اس مسئلہ میں قانون متعلقہ مالک و ایجنٹ و ملازم و شریک منتظم و دیگر اہالي شراکت کا اصل اصول ظاہر کیا گیا ہے - وہ یہہ ہے کہ جب کوئي شخص اپنے ایجنٹ سے یا ملازم سے کام لیتا ہے تو وہ ضمناً یہہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ کل معاہدات اور ذمہ داریوں کا پابند ہوگا جو بذریعہ افعال ایجنٹ کے اوسپر عاید ہوں - بموجب قانون کے شریک جو دیگر شرکا کے لئے کوئي کام کرے حیثیت ایجنٹ کي رکھتا ہے - ہر ایک شریک جو ایسا کوئي کام کرے جو اوس قسم کي شراکت کاروبار کے لئے ضرور ہے یا معمولاً وقوع میں آتا ہے وہ اپنے شرکا کو اوسي حد تک پابند کرتا ہے کہ گویا وہ اوس غرض کے لئے اونکا مختار حسب ضابطہ مقرر ہوا ہے - ( دفعہ ۲۵۱ ایکٹ معاہدہ ) لیکن جب ایجنٹ اپنے اختیار سے بڑھکر کوئي کام کرے اور اوس میں سے وہ کام جو اوسکے اختیار میں تھا اور وہ کام جو خارج از اختیار تھا علحدہ ہوسکے تو مالک پر مختار کے کام کي صرف اوس قدر پابندي لازم ہوگي جو ایجنٹ مذکور کے اختیار کے اندر تھا — (دفعہ ۲۲۷ ایکٹ معاہدہ ) علاوہ اسکے جو إطلاعات مختار کو اثناے اوس معاملہ میں دي جائیں جو وہ مالک کي طرف سے کرتا ہو یہہ سمجھا جائیگا کہ گویا وہ مالک کو دي گئیں

Qui habet jurisdictionem absolvendi, habet jurisdictionem ligandi (He who has the jurisdiction of absolving has the jurisdiction of binding). جسکو

اختیار بری الذمہ کرنیکا ہے — اوسکو اختیار پابند کرنیکا بھي ہے

Qui hæret in litera, hæret in cortice (He who considers merely the letter of an instrument, goes but skin-deep into its meaning). جو شخص محض الفاظ پر خیال کرتا ہے وہ دستاویز کے منشاے اصلي کو نہیں سمجھہ سکتا —

(مقصد یہہ ہے کہ دستاویزات کے معني سمجھنے میں محض تعبیر لفظي نکرني چاهئے)

Qui in jus dominiumve alteri succedit jure ejus uti debet (He who succeeds to the right of property of another is clothed with the same rights as those attached to the assignor) جو کوئي کسي شخص کي حقیت پر قابض هوتا ہے اوسکو وهي حقوق حاصل هوتے هیں جو انتقال کنندہ کو حاصل هوں

Qui in utero est, pro jam nato habettur, quoties de ejus commodo quæritur (He who is in the womb is held as already born, whenever a question arises for his benefit). وہ طفل جو رحم میں هو پیدا قرار دیا جاتا ہے جبکہ کوئي بحث اوسکے فایدہ کي نسبت پیش هو

بموجب قانون انگلستان و قانون روم کے وہ طفل جو رحم میں بوقت وفات پدر کے هو ایسا طفل سمجھا جاتا ہے جو پدر کي حیات میں پیدا هو - بموجب شرع محمدي کے جو بچّہ پیٹ میں ہے وہ وارث هوتا ہے اور اوسکا حصہ رکھہ چھوڑا جائیگا - اگر بچہ جو رحم میں هو بہ حجب حرمان محروم کرے یعني ورثا موجودہ اگر بھائي بہن و چچا و اولاد چچا هوں تو تمام ترکہ وضع حمل تک موقوف رهیگا کیونکہ اگر لڑکا پیدا هو تو وہ سب ورثا موجودہ کو وراثت سے محروم کریگا اگر فقط بعض کو محروم کرتا هو — مثلاً اگر وارثان موجودہ بھائي و دادي هوں تو دادي کو چھٹا حصہ دیگر باقي تقسیم موقوف رکھینگے اگر وارث شوهر یا زوجہ هو تو اوس وارث شوهر یا زوجہ کو سب سے کمتر حصہ جسکا وہ مستحق ہے دیگر تقسیم موقوف رکھینگے - اگر حمل سے کوئي وارث موجودہ میں سے محروم نہوتا هو جیسے اگر وارث دادا و دادي هیں تو اونکا حصہ دیدیا جائیگا اور باقي کو رکھہ چھوڑینگے اور اگر وارثان موجودہ کے ساتھہ شریک هوتا هو تو جنیں کے واسطے ایک لڑکے یا ایک لڑکي کا حصہ جو دونوں میں زیادہ هو محفوظ رکھا جائیگا اگر بچّہ مردہ پیدا هو تو وہ وارث نہوگا —

بموجب دهرم شاستر کے جنین مثل طفل کے تصور کیا جاتا ہے چنانچہ حق اوس پسر کا جو بعد وفات پدر کے پیدا هو بحیثیت شریک خاندان کے جایداد منقسمہ میں حصہ پانے کا اس امر پر منحصر ہے کہ وہ بوقت تقسیم کے اپنے ماں کے رحم میں هو - اسي طرحپر وہ پسر جو بوقت انتقال جایداد کے اپنے ماں کے پیٹ میں هو اوس انتقال کو جو اوسکے پدر نے کیا هو بقدر اپنے حصہ کے منسوخ کرا سکتا ہے گو خریدار نے جایداد بعوض بدل مالیتي کے اور نیک نیتي سے هي خرید کي هو

Qui jure suo utitur, neminem lædit (He who exercises a right does injustice to nobody). وہ شخص جو استحقاق استعمال کرتا ہے کسي کو مضرت نہیں پہونچاتا — (یعني یہہ تسلیم کیا گیا ہے کہ کسي شخص کے مناسب استعمال استحقاق سے کسي دوسرے کو مضرت نہیں پہونچ سکتي)

Qui jussu judicis aliquod fecerit non videtur dolo malo facisse, quia parere necesse est (Where a person does an act by command of one exercising judicial authority, the law will not suppose that he acted from any wrongful motive, because it was his bounden duty to obey). جب کوئي شخص کوئي فعل کسي ایسے شخص کے حکم سے کرے جو اختیار عدالتي استعمال کر رہا ہو تو قانوناً یہہ قیاس نکیا جائیگا کہ اوسنے کسي ناجایز غرض سے کیا کیونکہ یہہ اوسکا فرض لازمي تھا کہ حکم بجا لاوے — (لیکن یہہ ملحوظ رہنا چاہئے کہ کوئي ماتحت فعل ناجایز کرنے پر مجبور نہیں ہے - ایسي صورت میں ماتحت اور حاکم جو حکم ناجایز دے دونوں مستوجب سزا ہیں - بجز خوف فوراً ہلاکت کے عذر جایز اوس عہدہدار پولیس کے لئے نہیں ہے جو اپنے عہدہ دار بالا دست کے حکم سے تشدد کرے)

Quicunque jussu... ملاحظہ طلب

Quilibet potest renunciare jure pro se introducto (Any one can renounce a right introduced for himself). ہر شخص مجاز ہے کہ اوس حق کو جو اوسکے فایدہ کے لئے داخل کیا گیا ہو ترک کرے — (مثلاً مدعاعلیہ کو اختیار ہے کہ گو اوسکي جوابدہي نسبت مطالبہ مدعي کے کافي ہو الاّ اوسکے پیش کرنے سے باز رہے - ہر شخص کو اختیار ہے کہ اپنے دعوی یا مطالبہ کو چھوڑ دے - بموجب مجموعہ ضابطہ دیواني کے مدعي کو اختیار ہے کہ کوئي جزو اپنے دعوی کا اِس غرض سے ترک کرے کہ دعوی مذکور کسي عدالت کے اختیار سماعت کے اندر ہوجاے —

الفاظ Pro se introducto خاصکر اِس مسئلہ میں قابل لحاظ ہیں یعني وہ چیز ترک کي جاسکتي ہے جو خاص اوسکے فایدہ کے لئے داخل کي گئي ہو - مثلاً یہہ قاعدہ قانوني کہ طفل شیر خوار اپني ماں سے علحدہ نہیں کیا جاسکتا واسطے فایدہ و حفاظت طفل کے ہے وہ ماں کي رضامندي سے علحدہ نہیں کیا جاسکتا اِسي طرح پر چند مدیونان جو مشترکاً اور منفرداً ذمہدار ہوں ایک داین کي برات سے بلا رضامندي دیگر داینان شریک کے بري نہیں ہوسکتے - اِسي طرح الفاظ pro se سے عیاں ہے کہ اگر کوئي کام ایسا ہو کہ جس سے عوام کو تعلق ہو تو کسي شخص کے حق ترک کرنے سے نتایج قانون رفع نہیں ہو سکتے - مثلاً مدعاعلیہ کو کسي ثالس معاہدہ میں عذر خلاف قانون ہونے معاہدہ کا ہو اور وہ چاہے کہ اِس عذر سے دستبرداري کرے تو اوس صورت میں دعوی ڈگري نہیں کیا جائیگا - اِسي طرح سے اگر دعوی میں تمادي عارض ہو تو چونکہ قانون میں حکم ہے کہ ایسے دعوی

کي سماعت نه ي جائيگي لهذا مدعاعليه کے عذر تمادي نه پيش کرنے سے دعوي قابل سماعت نه هو جائيگا - پس نتيجه اصول يهه هے که کوئي شخص اپنے فايده اور اپنے حقوق سے دستبرداري کرسکتا هے اور اوسکي دستبرداري کا اثر کسي ديگر شخص يا عوام پر نهيں پهونچ سکتا هے

Qui mandat ipse fecisse videtur (He who gives the order is taken to be himself the doer). وه شخص جو حکم دے وه خود فاعل اوس فعل کا تصور کيا جاتا هے جسکا حکم ديا جاے

Qui non habet in ære, luat in corpore, ne quid peccetur impune (What a man cannot pay with his purse, he must suffer in person, lest anyone should sin with impunity). اگر کوئي شخص روپيه نهيں ادا کرسکتا تو وه متحمل سزا جسماني ( مثلاً قيد ) کا هوگا کوئي شخص جرم سے بلا سزا بچ نهيں سکتا

Qui non habet potestatem alienandi habet necessitatem retinendi (He who has not the power of alienating is obliged to retain). وه شخص جسکو اختيار انتقال نهيں هے وه مجبوراً قابض رهيگا

Qui non prohibet quod prohibere potest, assentire videtur (He who does not forbid what he can forbid appears to assent).

Qui numum probat nihil probat. جو بهت زياده ثابت کرتا هے - وه کيا نهيں ثابت کرتا هے

وه شخص جو منع کرسکتا تها اور جسنے منع نهيں کيا اوسکي رضامندي تصور کي جائيگي (اگر کوئي شخص دوسرے شخص کي آراضي پر مکان بناے اور وه ديکهتا رهے جب تک که مکان تکميل کو نه پهونچ جاے تو يهه تصور کيا جائيگا که به رضامندي مالک آراضي کے مکان تعمير کي گئي - اور اگر نالش اوس تعمير کے انهدام کے لئے دائر کي جاے تو انصافاً اوس شخص کو معاوضه دلايا جاويگا جسنے تعمير کي

Qui obstruit aditum, destruit commodum (He who obstructs an entrance, destroys the enjoyment). جو شخص راسته بند کرتا هے وه هارج تمتع هے - (اگر زيد بکر کے مکان ميں قفل لگاوے تو تصور کيا جائيگا که اوسنے بکر کو بيدخل کيا)

Qui parcit nocentibus, innocentibus punit (He who spares the guilty punishes the innocent). جو شخص که مجرم کے جرم سے در گذر کرتا هے وه بيجرموں کو ايذا پهونچاتا هے - مجرم کا سزاے واجب سے بچنا اوسي قدر خلاف مصلحت عام هے که جسقدر بيگناه کا سزاياب هونا

Qui peccat ebrius luat sobrius, (He who errs when drunk, will have to pay when sober). جو شخص نشه ميں فعل بيجا کرتا هے اوسکو هوس ميں معاوضه نقصان کا دينا هوگا

Qui der alium facit per seipsum facere videur (He who does anything through the instrumentality of another, is considered as doing it himself).

جو شخص بتوسط دوسرے کے کوئي
فعل کرتا ہے اوسکي نسبت يہہ سمجھا
جاتا ہے کہ خود اوسنے کيا

Qui plurimum augerit, جسنے نيلام
ميں بولي سب سے زيادہ بولي ہو

Qui potest et debet vetare, jubet (He who is able and ought to forbid, commands) جو شخص کہ
منع کرسکتا ہے اور جسکو منع کرنا
چاہئے اور نہ کرے تو يہہ تصور کيا
جائيگا کہ وہ حکم ديتا ہے

Qui prior est tempore, potior est jure (He who is first in point of time is more powerful in law).
جو شخص کہ باعتبار وقت اول ہے
اوسکا قانوناً دعوي قوي تر ہے (يہہ
مسئلہ دو قسم کے تقدم سے متعلق ہے
اول جب کہ ايک ہي جايداد کي بابت
چند دستاويزات انتقال تحرير کي گئي
ہوں تو قابض دستاويز اول کو بصورت
مساوي ہونے ديگر امور کے ترجيح
ہوگي - دوسري اقسام کي اشياے ايسي
ہيں کہ جنکي نسبت عوام‌الناس کو
حق حاصل ہے مثلاً اگر کسي شخص
نے کسي کبوتر يا ہرن کو پہلے زخمي کيا
ہو تو اوسکو تقدم نسبت شکار کے بمقابلہ
اوسکے حاصل ہے جو بعدہ آيا ہو -
اسيطرح پر جو شخص کہ سراے کے
مکانات پر پہلے آکر قابض ہو گيا ہو
اوسکو اختيار ہے کہ اوس مکان پر
قابض رہے - ريل کي سواري ميں بھي
ايسي صورت ہوسکتي ہے

Qui rationem in omnibus quærunt rationem subvertunt (They who seek a reason for everything subvert reason ) جو شخص کہ ہر
چيز کي وجہہ دريافت کرے وہ عقل کے
خلاف کرتا ہے

Qui regulam pro se habet transfert onus probandi in adversarium (He who has a rule on his side shifts the burden of proof on his adversary ) جس شخص کي جانب
قاعدہ يا دستور ہو اوسکے مخالف پر
بار ثبوت عايد ہوجاتا ہے ( عام طور
پر بار ثبوت دعوي مدعي پر ہوا ہے
ليکن اگر مدعي بموجب کسي قانون يا
رواج يا دستور کے مستحق کسي شے
ہونے کا دعوي کرے تو بار ثبوت اِس
امر کا مدعاعليہ پر ہے کہ وہ اُوس
قانون يا رواج سے مستثني ہے مثلاً اگر
زميندار دعوي آراضي مکان مقبوضہ
مدعاعليہ کا کرے تو بار ثبوت اس
امر کا کہ اوس آراضي کا لگان معاف
ہے اوس شخص پر ہے جو خلاف اِس
قاعدہ کے بيان کرے کہ ہر آراضي
مستوجب اداے لگان ہے)

Quis. کون

Quis custodiet ipsos custodes? محافظان کي کون حفاظت کرے گا -
چوکيداران کي کون چوکيداري کريگا

Qui scit se decipi non decipiatur (He who knows that he is deceived is not deceived). جو
شخص کہ جانتا ہے کہ اوسکو دھوکا
ہوا اوسکو دھوکہ نہيں ہوا
(مثلاً اگر زيد کوئي زيور کو خريد کرے
اور اوسکے وزن کے لحاظ سے يہہ سمجھے
کہ سونے کا نہيں ہے اور فروشندہ نے
اوسکو سونے کا بيان کيا تھا اور بعد
خريداري زيور مذکور کے کم قيمت پر
فروشندہ زيور پر استغاثہ دغا کرے تو وہ

کامیاب نهیں هوسکتا کیونکه اوسکے کم قیمت دینے سے یهه عیاں هے که اوسکو دهوکا نهین هوا گو فروشنده نے زیور کو سونے کا ظاهر کرکے دغا کرنا چاها تها

Qui semel actionem renunciaverit, amplius r-petere non potest (He who renounces an action once, cannot any more repeat it). جو شخص ایک مرتبه نالش سے دست بردار کرے وه پهر اوسکو دایر نهیں کرسکتا - (اس مسله کا ایک مستثنی یهه هے که اگر وه اجازت عدالت دست برداري کي گئي هو تو بپابندي دیگر قواعد قانوني نالش پهر دایر هوسکتي هے

Qui sentit commodum, sentire debet et onus; et e contra (He who receives the advantage, ought to suffer the burden; and on the contrary). جو شخص کوئي فایده اُتهاے اوسکو نقصان کا بهي متحمل هونا چاهئے - اور برخلاف اسکے

(اسي مسله پر قاعده اِنتخاب مبني هے — یعني یهه که جب کوئي هبه یا هبه بالوصیت ایک هي شخص کے حق میں مختلف اشیا کي بابت هو جنمیں سے ایک شے پر مواخذه کا بار هو اور دوسري اشیا اوس سے بري هو تو موهوب له ایسے هبه سے فایده نه اوتها سکیگا بجز اِسکے که وه کل هبه کو قبول کرے — (ملاحظه طلب دفعه ۱۲۷ ایکٹ انتقال جایداد دفعه ۱۰۹ ایکٹ وراثت هند سنه ۱۸۶۵ع) لیکن جب کوئي هبه یا هبه بالوصیت شکل علحده اور جداگانه ایک هي شخص کے حق میں بابت اشیاے جداگانه کے هو تو موهوب له کو اختیار هے که ایک شے موهوبه کو قبول اور دیگر اشیا سے انکار کرے گوشے اول الذکر اوسکے حق میں فایده بخش اور شے ثاني الذکر اوسکے لئے موجب زیر باري هو)

بموجب قانون معاهده کے بهي جب کوئي معاهده ایک شخص کي جانب سے کیا گیا هو تو وه شخص جسکي طرف سے معاهده مذکور کیا گیا هو بلا اوٹهانے زیرباري کے اوسکے فایده سے مستفید نهیں هوسکتا ملاحظه طلب دفعه ۱۹۹ — ایکٹ معاهده )

Qui sentit onus sentire debet et commodum (He who suffers the burden ought to receive the advantage) جو متحمل زیرباري هو اوسکو فایده بهي حاصل هونا چاهئے —

(مثلاً جب کوئي شخص کسي اور شخص کے لئے چوارا کوئي کام کرے اور اوسکي یهه نیت نهو که مفت کرے اور شخص دیگر مذکور اوس سے متمتع هو تو شخص آخرالذکر پر لازم هوگا که بابت اوس فعل کے اوس شخص کو جسنے اوسکو کیا زر معاوضه ادا کرے (دفعه ۷۰ ایکٹ معاهده)

Quisquis præsumitur bonus; et semper in dubis pro reo respondendum (Every one is presumed good; and in doubtful cases the presumption shall be ever in favour of the defendant or the accused). هر شخص کے نسبت نیک هونا قیاس کیا جاتا هے اور مشتبه

صورتوں میں قیاس مفید ملزم یا
مدعاعلیه کے هوگا

Qui suum recepit, licet a non suo debitore, non tenetur restituere (He who has recoverd his property, even from one who is not under obligation to give it to him, cannot be forced to restore it). وہ شخص جسنے اپنا
مال ایسے شخص سے بھي واپس پایا
هو جس پر اوسکے دینے کي ذمهداري
نه تھي - اوس مال کے واپس کرنے
پر مجبور نہیں کیا جاسکتا

Qui tacet, consentire videntur (He who is silent appears to consent). جو خاموش رہے وہ ظاهرا
رضامند هے —
(یہه مسله مطابق فارسي کے مسله
الخاموشي نیم رضا کے هے - لیکن
یہه مسله درست نہیں هے کیونکه اکثر
صورتوں میں خاموشي اور وجوہ سے
هو سکتي هے -

یہه مسله صرف اوس صورت میں صادق
آتا هے جبکه ایسے حالات هوں جنمیں
بولنا لازمي هو — که ایسي صورت
میں سکوت خود بمنزله بولنے کے هے

Qui tardius solvit, minus solvit (He who pays slowly, pays too little). جو دیر سے دیتا هے کم ادا کرتا
هے (یہه اصل جز سود کي هے - سود
معاوضه استعمال روپیه خیال کیا جاتا
هے اور اسوجهه سے وہ شخص جو بعد
ایک مدت کے دیتا هے گویا معاوضه
کو روک رکھتا هے اور اس طرحپر کم ادا
کرتا هے)

Qui vult decipi, decipiatur (Let him be deceived who wishes to be deceived). جو شخص دهوکا
کھانا چاهتا هے اوسکو دهوکا کھانے
دینا چاهئے یعني عدالت ایسے شخص
کي مدد نہیں کریگي جو ایسي غفلت
شدید کا مرتکب هو جس سے دهوکا
آسان هو

Quoad. نسبت - به تعلق اوسکے

Quoad hoc نسبت اسکے - جہانتک
که اوسکو تعلق هے

Quoad ultra نسبت باقي کے

Quo animo. کس نیت سے

Quod ab initio non valet, in tractu temporis non convalescit (That which is invalid at its commencement, improves not by lapse of time). جو چیز ابتدا سے
ناجیز هو بوجهه امتداد زمانه کے
درست نہیں هو جاتي (مثلاً اگر کسي
شخص نے ۲۰ سال کا پٹه ایک شخص
کو دیا هو اور بعده ایک دوسرے شخص
کو اوسي آراضي کا پٹه اوسي وقت سے
۲۰ سال کا دے تو پٹه ثاني کالعدم هے
گو پٹهدار اول بعده اپنے پٹه سے دست
بردار بھي کرے - لیکن جب کوئي
شخص کسي کو علاوہ اوس آراضي کے
جو در اصل اوسکي ملکیت هے ایک
اور قطعه بیع کرے جو اوسکا نهو تو اگر
بعد اوسکے قطعه مذکور میں وہ ملکیت
حاصل کرے تو بیع قطعه مذکور جو
پیشتر کالعدم تھا اب بیع جایز هو
جائیگا - سوائے اسکے جو چیز که
ابتدا سے ناجایز هے وہ اس وجهه سے
که عرصه دراز تک اوسپر عمل هوتا
رها جایز نہیں هو جاسکتي

Quod ædificatur in area legata cedit legato (That which is built on the ground devised passes to the devisee) جو کچھہ آراضي موهوبہ پر تعمیر موجودہ هو وہ موهوب لہ کو منتقل هوتا هے

Quod alias bonum et justum est, si per vim, vel fraudum petatur, malum et injustum efficitur (What otherwise is good and just, if it be sought by force and fraud, becomes bad and unjust). جو دیگر نہج پر درست اور جایز هے وہ اگر جبر یا فریب سے حاصل کیا جاے ناقص اور خلاف قانون هو جاتا هے — یعني کسي شخص کو یہہ اختیار نہیں هے کہ قانون کو اپنے هاتھہ میں لے —

مثلاً هر شخص کو اختیار هے کہ اپني آراضي پر دخل کرے لیکن کسي کو یہہ روا نہیں هے کہ دخل حاصل کرنے میں جبر استعمال کرے - اسي طرح هر شخص قابض کو یہہ استحقاق حاصل هے کہ اپني اراضي پر مداخلت بیجا نکرنے دے لیکن کسي شخص کو یہہ مناسب نہیں هے کہ قانون اپنے هاتھہ میں لیکر کوئي کار روائي خلاف قانون کرے

Quod approbo non reprobo (That which) I approve I do not reject). جو کہ میں پسند کرتا هوں میں نامنظور نہیں کر سکتا

(جبکہ کسي دستاویز یا وصیت نامہ میں جایداد هبہ بحق کسي شخص کے هو تو شخص مذکور فایدہ بخش جزو هبہ کو بلا اسکے قبول نہیں کرسکتا کہ کل شرایط دستاویز کي پابندي کرے اور وہ هر حق کو جو خلاف قاعدہ هو ترک نہیں کرسکتا — کیونکہ یہہ بموجب اصول کے هے کہ کوئي شخص ایک هي وقت میں ایک چیز کو منظور اور نامنظور نہیں کرسکتا

Quod avertat Deus. خدا نکرے

*Qui sentit commodum...* ملاحظہ طالب

Quod a quoque pœnæ nomine exactum est id eidem restituere nemo cogitur (No one is obliged to pay back what any one has been made to pay by way of penalty). کوئي شخص اوس رقم کے واپس کرنے پر مجبور نہیں هے جسکے ادا کرنے کا بطور تاوان حکم دیا گیا هو - مثلاً اگر کسي مقدمہ میں گواہ کو بوجہہ غیر حاضري بوقت معینہ کچھہ جرمانہ دینا پڑے تو وہ اوسکو بذریعہ نالش طلب کرنے والے سے وصول نہیں کرسکتا

Quod capiatur. وہ گرفتار کیا جاے

Quod computet. وہ حساب دے

(حکم نالش تصفیہ حساب میں)

Quod constat clare, non debet verificari (That which is clearly apparent, needs not to be verified). جو کچھہ کہ صریح ظاهر هو اوسکے تصدیق کي ضرورت نہیں هے

Quod contra legem fit, pro infecto habetur (What is done contrary to law, is considered as not done). جو کچھہ کہ خلاف قانون

کیا گیا هو اوسکي نسبت یهه خیال کیا جانا چاهئے کہ نہیں کیا گیا — یعني وہ فعل اِبتدا سے کالعدم ھے

Quod contra rationem juris receptum est non est producendum ad consequentias (That which has been received against the reason of the law is not to be drawn into a precedent). جوکہ خلاف اصول قانون کے قبول کیا هو وہ سند تصور نکرنا چاهئے

Quod cum. هرگاہ کہ - چونکہ

Quodcunque aliquis ob tutelam corporis sui fecerit, juri id fecisse videtur (Whatever any one does in defence of his person, that he is considered to have done legally). جو کچهه کہ کوئي شخص اپني جسم کي حفاظت کے لئے کرے اوسکي نسبت یہ خیال کیا جاتا ھے کہ وہ قانوناً کیا گیا

اس مسئلہ میں اصول استحقاق حفاظت خود اختیاري جسم محض اپنے هي جسم پر محدود کیا گیا ھے - بموجب قانون تعزیرات هند کے استحقاق حفاظت خود اختیاري جسم حملہ کرنے والے کو بالارادہ هلاک کرنے یا کوئي اور نقصان پهونچانے پر بهي حاوي ھے اگر وہ جرم جو اوس استحقاق کے نفاذ کے باعث هو (۱) ایسا حملہ هو کہ اوسمیں اس بات کا اندیشہ معقول هو کہ اگر اوس حملہ سے حفاظت نکي جاے تو هلاکت اوسکا نتیجہ هوگا (۲) ایسا حملہ هو کہ اوسمیں اسبات کا اندیشہ معقول هو کہ اگر اوس حملہ سے حفاظت نکي جاوے تو ضرر شدید اوسکا نتیجہ هوگا (۳) حملہ جب زنا بالجبر کے قصد سے کیا جاے (۴) حملہ استحصال حظ خلاف وضع فطري کے قصد سے کیا جاے (۵) حملہ انسان کے لے بهاگنے یا بهگا لیجانے کے قصد سے کیاجاے (۶) حملہ کسي شخص کو بیجا طور پر حبس کرنے کے قصد سے ایسي حالتوں میں کیا جاے جنمیں شخص مذکور کو اس بات کا اندیشہ معقول هو کہ اوسکو اپني رهائي کے باب میں حکام سے استمداد کرنا غیر ممکن ھے

Quod dubitas, ne feceris (Where you doubt, do nothing). جس امر میں شبهہ هو کچهه مت کرو - (مثلاً جس صورت میں باهم دو صاحبان جج عدالت اپیل کے اختلاف هوتا ھے تو تجویز عدالت ماتحت قایم رکهي جاتي ھے)

Quod errat demonstrandum. جو ثابت کرتا تها

Quod est inconveniens, aut contra rationem, non permissum est in lege (What is convenient or contrary to reason, is not permitted in law). جو کہ خلاف آسایش یا سہولت یا عقل هو وہ قانوناً روا نہ رکهنا چاهئے

Quod ex facto oritur ambiguum verificatione facti tollitur (Any ambiguity which arises from fact may be explained by a verification of fact). کوئي ابهام جو امر واقعہ سے پیدا هو اوسکي توضیح و تصدیق واقعہ سے هوسکتي ھے - مثلاً اگر زید نے اپنے وصیت نامہ میں یهہ لکها کہ میري جایداد موسومہ سلطان پور بکر کو پهونچے اور حال یهہ ھے کہ زید کے پاس دو جایداد ایک

موسومه سلطان پور حود اور دوسري موسومه سلطان پور کلاں هيں تو اس کي توضيع که کونسي جايداد مراد هے تصديق ديگر واقعات يعني ثبوت خارجي سے هوسکتي هے ( ملاحظه طلب دفعه ۶۷ ايکٹ وراثت هند سنه ۱۸۲۵)

Quod fieri debet facile præsumitur (That which is to be done is easily presumed). جو کچهه که کيا جانا چاهئے آساني سے قياس کيا جاسکتا هے— مثلاً عدالت يهه قياس کريگي که دستاويز جو طلب کي گئي اور جو بعد اطلاع کے پيش نهيں کي گئي وه مطابق قانون کے تحرير کي گئي اور مصدقه اور استامپ شده تهي

Quod fieri non debet, factum valet (What should not be done, yet being done shall be valid). جو کچهه نهيں هونا چاهئے تها ليکن جب هوگيا جايز هوگا

يهه مسله جو از امر موقوعه کے نام سے موسوم هے - اسکي منشا يهه هے که جب کوئي امر جس طريق سے هونا چاهئے تها نهيں هوا تو وه اگر وقوع ميں آيا محض سقم ضابطه سے کالعدم نهو جائيگا يهه مسله قديم شاستر داے بهاگ ميں بهي پايا جاتاهے اوسميں وه اس طرح سے بيان کيا گيا هے — " کوئي واقعه هزار قولوں سے بهي بدل نهيں سکتا ، ليکن يهه مسله اوسي صورت ميں متعلق هوگا جبکه فعل خلاف حکم صريح کے نه هو - حکم صريح اور نصيحت اخلاقي ميں تميز هونا چاهئے - پس جبکه اصل فعل ميں کوئي نقص نهو بلکه خفيف مراتب خلاف نصايح هون تو مسله جو از امر موقوعه متعلق هوتا هے اور نه خلاف اسکے - يهه مسله دهرم شاستر ميں صرف تنبيت سے متعلق کيا جاتا هے اسکا اطلاق ايسي صورتوں پر محدود هونا چاهئے جنميں نه عدم موجودگي اختيار دينے يا لينے کي هو مگر تاکيداً ممانعت تنبيت کي نهو - برخلاف اسکے اون صورتوں ميں جنميں شاستر کي محض هدايت هے يا شاستر کي رو سے محض يهه ظاهر هوتا هو که خاص اشخاص به نسبت اور لوگوں کے زياده تر لايق تنبيت کے هيں تو يهه مسله مفيد اور مناسب طور پر متعلق کيا جا سکتا هے

احکام دفعه ۸۷ ايکٹ رجسٹري سنه ۱۹۰۸ بهي ظاهرا اسي اصول پر مبني هيں اوسميں يهه حکم هے که کوئي کام جو عهدهدار رجسٹري کننده نے نيک نيتي سے مطابق ايکٹ مذکور کے کيا هو محض اسوجهه سے ناجايز نهو جايگا که عهده دار مذکور کے تقرر يا ضابطه ميں سقم تها

Quod fuit concessum. جو که قرار پايا تها

Quod initio vitiosum est non potest tractu temporis convalescere (That which is void from the beginning cannot become valid by lapse of time). جو که ابتدا سے کالعدم هے وه انقضاے زمانه سے جاير نهيں هوجاتا

Quod in uno similium valet, valebit in altero (What avails in one of two similar things, will avail in the other). جو بات که دو يکساں چيزوں ميں سے نسبت ايک کے درست هو وه دوسرے کے باره

میں بھي درست هوگي

Quod meum est sine me auferri non potest (What is mine, cannot be taken away without me). جو کچھھ کہ میرا هے وہ بلا میرے مجھھ سے نہیں لیا جاسکتا

Quod naturalis ratio inter omnes homines constituit, vocatur jus gentium (That which natural reason has established among all men, is called the law of nation). جو کہ عقل فطرتي نے سب اوگوں میں قایم کردیا هے وہ هي قانون ملک هے

Quod naturaliter inesse debet præsumtiur (That which naturally accompanies another thing is assumed to do so). جو چیز کہ قدرتي طور پر دوسري چیز کے ساتھھ رهتي هے اوسکي نسبت اسکا ساتھھ هونا قیاس کیا جاتا هے

Quod necessitas cogit, defendit (What necessity forces, it justifies). جس بات پر ضرورت مجبور کرتي هے وہ جایز هو جاتي هے

*See* Necessitas inducit......

Quod noc Sibi vult ? اسکے کیا معني هیں

Quod non eta est. یهه ایسا نہیں هے

Quod non habet principium non habet finem (That which has no beginning has no end). جسکي کوئي اِبتدا نہیں اوسکي انتہا نہیں هے — (جسکي اِبتدا اچھي نہیں هے اوسکا آخر بھي اچھا نہیں هے)

Quod non legitur, non creditur (What is not read, is not believed). جو پڑھا نہ گیا هو اوسپر یقین نہیں آتا — جبکہ کوئي دستاویز پیش نہ کي جاے یهه معلوم نہیں هو سکتا کہ اوس میں کیا درج هے

Quod non valet in principali, in accessorio seu consequenti, non valebit ; et quod non valet in magis propinquo, non valebit in magis rem oto (That which is not good against the principal, will not be good as to accessories ; and that which is not of force in regard to things near it, will not be of force in regard to things remote from it). جس چیز کي اصل صحیح نہیں هے اوسکے متعلقات بھي صحیح نہیں هو سکتے — جب کوئي چیز بہ تعلق اشیاے قریب کے صحیح نہیں هے تو وہ نسبت اشیاے بعید کے صحیح نہیں هو سکتي

Quod nostrum est, sine facto sine defectu nostro, amitt seu in alium transferri non potest (That which is ours cannot be lost or transferred to another without our own act or our own fault). جو شے کہ هماري هے وہ بلا همارے قصور کے ضایع نہیں هوسکتي اور نہ بدست دیگر بلا همارے فعل کے منتقل هو سکتي

Quod nullius est, est domini regis (That which belongs to no one, belongs to the king). جو شے کسي کي نہیں هے وہ بادشاہ کي ملکیت هوتي هے —

(بموجب قانون کے لاوارثي مال خزانه سرکاري ميں جسکو بيت المال کہتے هيں ضبط هو جاتي هے) - بموجب دهرم شاستر اور شرح مهمھ٘ي کے بهي يهي قاعده هے که لاوارث کا آخري وارث بادشاه هے - کل آراضي جسپر کوئي قابض نهيں هے اور دريا قابل کشتي راني ملکيت سرکار هيں

Quod nullius est, id retione naturali occupanti conceditur (What belongs to nobody is given to the occupant by natural right). جو شے کسي کي نهيں هے وه بموجب حق قدرتي کے قابض کو دي جاتي هے (القبض دليل الملک)

Quod par recordum probatum, non debet esse negatum (What is proved by record ought not to be denied). جو بات که مسل يا دستاويز يا تحرير سے ثابت هو اوس سے منکر نه هونا چاهئے

Quod per alluvionem agro tuo flumen adjecitjure gentiûm tibi adquiritur (Whatever the river adds on to your land by process of alluvion becomes yours by the law of nations). جو کچهه دريا سے تمهاري آراضي ميں بذريعه دريا برآمد کے اضافه هو وه بموجب قانون ملک کے تمهارا هو جاتا هے —

(آراضي جو بذريعه دريا بر آمد کے رفته رفته اضافه هوئي هو وه ملکيت مالک آراضي متصله کي هو جاتي هے وه شخص جو مالک آراضي قبل اسکے تها که وه غرقاب هوئي اوس اثنا ميں بهي مالک رهتا هے جب که آراضي مذکور ته آب هو اور بعد برآمد هونے کے بهي وهي مالک رهتا هے - ليکن بصورت ايک ساتهه کسي آراضي کے دوسري جانب دريا کے جانے سے جب اوسکي شناخت هو سکتي هو وه ملکيت دوسرے کناره کے مالک کي نهيں هو جاتي

Quod per me non possum, nec per alium (What I cannot do myself, I cannot do by another). جو که ميں خود نهيں کرسکتا وه ميں دوسرے کے ذريعه سے نهيں کر سکتا

Quod prægnantis mulieris damnatæ pœna differatur, quod ad pariat (That the punishment of a pregnant woman codemned, be deferred until she be delivered). عورت حامله کي سزا اوس وقت تک ملتوي رکهنا چاهئے که اوسکے بچه پيدا هو جاے — (ملاحظه طلب دفعه ۳۸۲ - مجموعه ضابطه فوجداري سنه ۱۸۸۲ع)

Quod principi placuit legis habet vigorem et potestatem conferat (That which has received the assent of the sovereign, posses-ses the force of law). جس امر کي نسبت بادشاه کي منظوري حاصل هو گئي هو وه اثر قانون کا رکهتا هے

Quod prius est tempore potius est jure (What is first in time is better or stronger in law). جو که بلحاظ وقت کے اول هے وه قانوناً زياده قوي هے

Quod pure debetur, præsenti die debetur (That which is due unconditionally, is due at once).

جو کہ بلا شرط واجب‌الادا ھے فوراً واجب‌الادا ھے

Quod quis ex culpa sua damum sentit non intelligitur dumnum sentire (No man is injured by what he suffers through his own fault). کسي شخص کو اوس سے نقصان نہیں پہونچتا جو خود اوسنے اپنے ھي قصور سے کیا ھو — ( یعني اوس نقصان کي بابت نالش ھرجہ نہیں ھوسکتي جو اپنے قصور سے ھوا ھو

Quod remedio destituitur ipsa re valet si culpa absit (That which is without remedy avails of itself if there be no fault in the party seeking to enforce it). جس چیز کا کہ چارہ کار نرھا ھو چارہ کار حاصل ھوسکتا ھے بشرطیکہ اوس شخص کا کچھہ قصور نہو جو اوس چارہ کار کي اِستدعا کرے— (یہہ مسلہ واپس ملنے کا ھے — اگر کسي شخص کو اِستحقاق آراضي ھو مگر وہ بیدخل ھو اور بعدہ کسي طرح پر آراضي پر قبضہ بوجہہ کسي حق نامکمل کے حاصل ھوجاے تو اوسکا حق قدیم عود کرتا ھے — یہہ مسلہ اوس صورت میں بھي متعلق ھوتا ھے کہ جب کوئي داین از روے وصیت نامہ وصي یا مہتمم اپنے مدیون کے ترکہ کا بنایا جاے — ایسي صورت میں داین کو اختیار ھوتا ھے کہ بقدر اپنے یافتني کے ترکہ موصي میں سے پیشتر لے لے تو دیگر قرضداران ھم درجہ ھوں— لیکن وصي کا اپنا قرضہ لے لینا اِس ملک میں جایز نہیں (دیکھو ایکٹ وراثت ھند سنہ ۱۸۶۵ع دفعہ ۲۸۲ و ایکٹ پروبیٹ و اِھتمام سنہ ۱۸۸۱ع دفعہ ۱۰۴)

Quod semel aut bis existit praetereunt legislatores (The legislature takes no notice of that which is only of occasional occurrence). واضعان قانون اوس امر کا لحاظ نہیں کرتے جو محض شاذ واقع ھوتا ھے

Quod semel meum est amplius meum esse non potest (That which is once mine, cannot be more fully mine). جو چیز کہ ایک مرتبہ ھماري ھے وہ ھماري اور زیادہ نہیں ھوسکتي

Quod semel placuit in electionibus amplius displicere non potest (When an election is once made, it cannot be disapproved or revoked any longer). جب کہ ایک مرتبہ اِنتخاب ھوگیا ھو تو وہ بعدہ ناپسند یا منسوخ نہیں کیا جاسکتا (جب کسي شخص کو دو چیزوں میں خواہ وہ از قسم جایداد ھوں خواہ حق نالش ایک مرتبہ بعلم جملہ حالات موقع اِنتخاب دیا گیا ھو اور اوسنے اوسپر عمل کیا ھو تو وہ بدل نہیں سکتا - مثلاً جب کوئي دستاویز ایسي ھو جسکو وہ حسب مرضي اپنے منسوخ کرا سکتا ھو خواہ اوسکو اثر پذیر کرا سکتا ھو تو وہ اوس اِنتخاب سے تجاوز نہیں کرسکتا جو ایک مرتبہ اوسنے کیا ھو

Quod subintelligitur non deest (What is understood is not wanting). جو کہ مفہوم ھے وہ غیر موجود نہیں

Quod terrorem populi. بغرض تنبیہہ عوام

Quod turpi ex causa promissum est non valet (A promise made for an immoral purpose is not valid). معاهدہ جو غرض خلاف تہذیب کے لئے کیا جاے ناجایز ھے

Quod vanum et inutile est, lex non requirit (The law requires not what is vain and useless). جو چیز کہ فضول اور بے کار ھے اوسکا کرنا اروے قانون لازم نہیں ھے

Quod vide, (Abbr. *q v.*) جو دیکھئے ملاحظہ طلب—

Quod voluit, non dixit (What he wished he has not spoken). جو وہ چاھتا تھا وہ ارسنے نہیں بیان کیا (یعنی اوسکے معنی اوسکے الفاظ سے ظاھر نہیں ھوتے )

Quo jure. کسکے حق سے

Quo ligatur, eo dissolvitur (By the same power by which a man is bound, by that he is released). جس طریق سے کوئی شخص پابند کیا جاتا ھے اوسی طریق سے وہ بری کیا جاتا ھے

Quomodo quid constituitur eodem modo dissolvitur (In the same manner by which anything is constituted by that it is dissolved). جس طرح کوئی چیز قایم کی جاتی ھے اوسی طرح وہ چیز موقوف کی جاتی ھے

Quorum. See *Vocabulary*.

Quota. حصہ

Quotiens idem sermo duas sententias exprimit ea potissimum accipiatur, quæ rei generendæ aptior est (Whenever the same language expresses two meanings, that should be adopted which is more suited for effecting the object in view). جب کہ ایک ھي عبارت سے دو معني ظاھر ھوں تو وہ معني إختيار کرنے چاھئے جو غرض مدنظر کے لئے نہایت مناسب ھوں

Quoties in materia erratur nulla est venditio (An error in the substance of the thing sold, renders the sale void). غلطي شے مبیعہ سے بیع کالعدم ھو جاتا ھے

Quoties in stipulationibus ambigua oratio est, commodissimum est id accipi quo res de qua agitur in tuto sit (Whenever there is ambiguity in the words of a stipulation, is best to adopt the sense which places the thing in question out of danger). جب کہ الفاظ معاھدہ میں إبہام ھو تو اوس صورت میں وہ منشا اختیار کرنا بہتر ھے جس سے شے مابہ‌البحث خطرہ سے بري ھو جاے

Quoties in verbis nulla est ambiguitas, ibi nulla exqositio contra verba fienda est (When in the words there is no ambiguity, no exposition shall be made which is opposed to the express words of the instrument). جبکہ دستاویز کے الفاظ میں إبہام نہ ھو تو کوئي توضیح اوسکي ایسے نہ کي جائیگي جو الفاظ صریح کے خلاف ھو (یعني کوئي ثبوت بیروني

بغرض توضیح الفاظ دستاویز نه لیا جاونگا

Quot pomines tot setentio. جتنے آدمي اوتني باتیں

Quousque. جهانتک هو - جب تک

Quum principalis causa non consistit ne ea quidem quæ sequuntur locum habent (When the principal does not hold, the incidents thereof ought not to obtain). جبکه اصل مقدمه قایم نه ره سکتا هو تو اوسکے لوازم بهي قایم نهرني چاهئیں جبکه بنا صحیح نه هو تو درو پر اعتبار نه هونا چاهئے جب که اصل مدیوں پر دعوی ثابت نه هو ضامن سے مواخذه نه کرنا چاهئے

Quum sunt partium jura obscura, reo potius favendum est, quam auctori (When the rights of the parties are doubtful, favour must be shown to the defendant rather than the complainant) جبکه حقوق فریقین مشتبه هوں تو مدعاعلیه کے حق میں اور نه مستغیث کے حق میں رعایت کرني چاهئے

## R

Raison d'etre. (*Fr.*) - منشا اصلي سبب اصلي

Ratihabitio. منظوري - إقرار - رضامندي

Ratihabitio mandato comapiatur (Ratification is equal to a command). منظوري مساوي حکم کے هے See *Omnis ratihabatio......*

Ratio. وجهه - سبب - عقل

Ratio decidendi. وه امر جسپر فیصله دسي مقدمه کا مبني هو — بنا تجویز یا فیصله کي

Ratio est legis anima ; mutata legis ratione, mutatur et lex (Reason is the soul of law ; the reason of the law being changed, the law is also changed). قانون کي روح عقل هے — جب اوس میں تبدیل هوجاتا هے قانون بهي بدل جاتا هے (یعني جب ضرورت قانون قایم نهیں رهتي تو قانون بهي قایم نهیں رهتا — مثلاً بعض قوانین واسطے خاص اغراض کے (جیسے ایکٹ اِنکم ٹکس ) وضع کئے جاتے هیں اور جب وه غرض قایم نهیں رهتي یعني بالغرض اِنکم ٹکس کي ضرورت نه هے تو وه قانون مفقود هو جاویگا )

Ratio justifica. وجهه جواز

Rationabilis dos. مهر معقول

Ratione domicilli. بوجهه سکونت مستقل

Ratione impotentiæ. بوجهه نا قابلیت

Rationablet tempus. - زمانه معقول میعاد معقول - زمانه معقول کیا هے

Ratione privilegii. بوجهه اِستحقاق

Ratione soli. بوجهه حق واقع آراضي بلحاظ نوعیت هر خاص مقدمه کے دیکهنا چاهئے)

Ratio potest allegari deficiente legis (Reason may be alleged where law is defective). جب قانون میں سقم هو تو منشا یا وجوه کي بحث کي جاسکتي هے

Ratio quasi quædam lux lumenque vitæ (Reason is, as it were, the guide and light of life). عقل گویا که روشني و هادي زندگي هے

Ratio ultima legum. قانون کا وسیله آخري—یعني—فوج جنگي

بموجب ضابطه فوجداري کے يهه حکم هے کہ جب کوئي مجمع خلاف قانون باوجود حکم منتشر نهو تو وه بذريعه فوج کے منتشر کيا جا سکتا هے)

Re. بمعامله - شے

Receditur a placitis juris potius quam injuriæ et delicta maneant impunita (We surrender the terms of law rather than allow injuries to remain unpunished). هم الفاظ قانون کو نظرانداز کرتے هيں تاکہ نقصانات يا ضرر پهونچانے والے بلا سزا نہ جائيں—

اِس مسله کي منشا يهه هے کہ محض اِسوجهه سے کہ الفاظ قانون کي پوري تعميل نهيں هوئي کارروائيات قانوني ناجايز نهيں قرار دي جائيگي - ليکن اون بيضابطگيوں ميں جنکي اصلاح هوسکے اور اون ميں جنسے اِنصاف ميں خلل واقع هو امتياز کرنا چاهئے

Recipitur in modo recipientis, (Money received is to be applied according to the intention of the recipient) روپيه وصول شده مطابق منشا پانے والے کے لگانا چاهئے

يهه مسلہ محض اوس صورت سے متعلق هے جب ادا کرنے والے نے نسبت روپيه کے کوئي هدايت نہ کي هو—

ملاحظه طلب — مسله

*Quicquid reciptiur......*

Recitatio. بيان - تذکره

Recognitione adnullanda per vim et duritiem facta. منسوخي اقرار يا مچلکه جسکي نسبت يهه بيان هو کہ بوجه جبر يا تشدد کے ليا گيا

Reconventio. دعوی متخالف

Rectatus. ملزم

Rectitudo. حق - واجب - زر واجب خراج

Rectus in curia. (عدالت ميں راست کهڑا هونا) يعني وه شخص جو عدالت ميں بلا داغ و فريب يا کسي الزام کے آوے

Recurrendum estad extraordinarium quando non valet ordinarium (We must have recourse to what is extraordinary when what is ordinary fails). جب معمولي طريقه سے کام نہ نکلے تو همکو غير معمولي طريقه سے کام لينا چاهئے

Recusatio judicis. (Rom. Law). جج کي نسبت بوجهه کسي شبهه کے اعتراض

Reddendo singula singulis (Giving to each that which peculiarly belongs to each). هر ايک سے وهي چيز متعلق کرنا جو بالخصوص اوس سے متعلق هوسکتي هے - اس فقره کي بالحاظ تعبير دستاويز يهه مراد هے کہ هر لفظ کے معني بہ لحاظ اوس لفظ سے ديکهنا چاهئے جو اوسکے لئے مخصوص کيا گيا هے

مثلاً اگر کسي وقف نامہ ميں يهه تحرير هو کہ ميںنے اپنے لڑکے اور لڑکي کو سجاده نشين اور متولي بنايا تو اس صورت ميں لڑکي سے لفظ متولي کا اور نہ سجاده نشين کا متعلق کيا جائيگا کيونکہ بموجب سرع محمدي کے عورت سجاده‌نشين نهيں هوسکتي

Reddendum. وه جزو پٹه کا جسميں دهنده نے اپنے سے کسي خاص شے کے محفوظ رکهنے کي شرط درج کي هو

Reddidit se. وه خود حاضر هوگيا

Redemptio. انفکاک

Redhibitio. (Rom. Law.) نالش منجانب مشتري بنام بائع بغرض واپسي مال (منقوله) کے دو فریبا فروخت کیا گیا هو

Reductio ad absurdum. طریقه ثابت کرنے بحث کا بذریعه یهه ثابت کرنے کے که اوس دلیل کا نتیجه بیهوده اور خلاف عقل هوگا
مثلاً یهه بحث هو که آیا ملزم موقع واردات پر موجود تها یا نهیں اور یهه مسلمه هو که ملزم بوقت وقوع واردات دوسري جگهه تها تو یهه کہا جاسکتا ہے که چونکه یهه نا ممکن ہے که ملزم بوقت وقوع واردات دوسري جگهه اور اسي وقت میں موقع واردات پر بهي تها لهذا یهه نتیجه نکلتا ہے که ایک شخص ایک هي وقت پر دو جگهه موجود تها جو که صریحاً خلاف عقل اور بیهوده ہے لهذا ملزم کا موقع واردات پر هونا ثابت نهیں ہے

Refertur ad universos quod publice fit per majorem partem (The public act of the majority is considered the act of all). کروئي فعل متعلق عوام جو اکثر اشخاص نے کیا هو کل اشخاص کا فعل تصور کیا جاتا ہے

Regalia. زیورات شاهي و دیگر اشیا وغیره

Regium donum. عطیه شاهي

Regnum non est divisible (A kingdom is not divisible). بادشاهت قابل تقسیم ہے (دو شاهنشاه در اقلیمے نگنجند)

Regulæ generales. عام قواعد

Regulæ juris. قواعد قانون

Regula est, juris quidem ignorantiam cuique nocere, facti vero ignorantiam non nocere (It is a rule of law that every one is prejudiced by his ignorance of law but not by ignorance of fact). یهه قاعده قانون کا ہے که هر شخص کو ناواقفیت قانون سے مضرت پهونچتي ہے لیکن ناواقفیت واقعات سے نهیں پهونچتي

Regula est quæ rem quæ brevitur enarrat. قاعده یهه ہے که اصل اصول مقدمه مختصراً درج کیا جاے

Regula ex jure, non jus ex regula sumitur (The practice is taken from the law, not the law from the practice). عملدر آمد قانون سے اخذ کیا گیا ہے اور نه قانون عملدر آمد سے

Regulariter non valet pactum de re mea nor alienanda (It is a rule that a compact not to alienate my property is not binding). یهه قاعده ہے که یهه معاهده که میں اپني جائداد منتقل نهیں کرونگا قابل پابندي نهیں ہے (بموجب قانون انتقال جائداد کے اگر کوئي عیسائي عورت منکوحه یهه شرط کرے تو وه اوس پر قابل پابندي هوگي - ملاحظه طلب دفعه ۱۰)

Re infecta. هنوز کام ختم نهیں هوا

Rei solvendæ. بري الذمه هونا

**Relaxatio.** دست برداري

**Relegare bona religionibus.**
وقف جائداد واسطے اغراض مذهبي كے - جائداد كا دهرم كے لئے ارپن كرنا - يهه تجويز هوئي هے كه هبه واسطے اغراض دهرم كے بوجهه غير معين هونے كے كالعدم هے

**Rem in bonis nostris habere intelligimur, quoties ad recuperandum eam actionem habeamus** (We are understood to have an interest in our goods, as often as we bring an action to recover that thing). جب تك هم كسي چيز كے دلا پانے كي نالش كريں يهه سمجها جاتا هے كه همارا كچهه حق اوسميں هے

**Replegiare.** كسي شے مفروقه يا مرهونه كا بذريعه اپنے ضامنان كے چهڑانا

**Reprisalia.** كسي چيز كا معاوضه دوسري چيز كے لينا مثلاً جب دشمنان نے كوئي چيز لے لي هو تو بوقت انكار واپسي شے مذكور بدلے اوسكے چيز لے لينا

**Reprobata pecunia liberat solventum** (Money refused, frees the debtor). روپيه كے واپس كرنے سے مديون كي ذمه‌داري جاتي رهتي هے ليكن يهه مسله صرف اوس صورت سے متعلق هے جب كل زر واجب بلا شرط ايسے جگهه پر ديا جاے كه داين يهه تحقيق كرلے كه آيا در حقيقت زر واجب وهي هے جو مديون پيش كرتا هے مثلاً اگر مديون ايك نوٹ اپنے قرضه سے زيادہ ماليت كا داين كے دينے كے لئے پيش كرے اور داين اسوقت يا اوس جگهه باقي روپيه واپس نكر سكے تو يهه كها جائيگا كه مديون نے مناسب طور پر روپيه پيش نهيں كيا اور ايسي صورت ميں داين كے روپيه واپس كرنے سے مديون بري الذمه نهيں هو جاتا

**Rerum progressus ostendunt multa quæ in initio præcaveri seu prævideri non possunt** (The progress of events show many things which at the beginning could not be guarded against or foreseen). امتداد زمانه سے بهت سي باتيں ظاهر هوتي هيں جنكا شروع ميں نه خيال هوسكتا تها اور نه انتظام

يهه مسله تبديلي قانون سے متعلق هے - جس وقت قانون تبديل كيا جاتا هے واضعان قانون اون خرابيوں كو خيال نهيں كرسكتے جو بعده بوجهه تبديل قانون كے ظهور ميں آتي هيں

**Res.** شے - معامله - امر - واقعه - حالت - مقدمه

**Res commuinis.** اشياے معمولي يا مشترك

**Res extra patrimonium.** وه اشيا جنكا قبضه قطعي نهيں هوسكتا

**Res gestæ.** اصليت معامله - حقيقت اهم واقعات مقدمه - اصل وقوعات بخلاف بيانات سماعي كے - يهه اصول هے كه شهادت اون امور يا افعال يا معاملات كي دي جاسكتي هے جو دوران كسي معامله كے وقوع ميں آئے هوں - مثلاً

بصورت انجمن ہاے بغاوتي کے شہادت
تقريرات کي جو ہوئيں اور اوس حالت
جوس کي جو تقريرات سے پايا جاے
دي جاسکتي ہے
علاوہ بريں بموجب قانون شہادت کے جب
واقعات نسبت کسي امر تنقيح طلب
کے داخل شہادت ہوں تو تمام زباني يا
تحريري بيانات جنسے ايسے واقعات کي
توضيح ہوسکے شہادت ميں قابل
پذيرائي ہيں

Res inter alios acta alteri nocere non debet (Things done between strangers ought not to injure a party). جو امور سے اون
باہم اشخاص غير کئے گئے ہوں کسي
فريق کو مضرت نہ پہونچانا چاہئے -
کسي معاہدہ سے جو مابين دو اشخاص
کے ہوا ہو فريق ثالث کو مضرت نہ
پہونچنا چاہئے - يہہ مسئلہ اوس عام
اصول کو ظاہر کرتا ہے کہ يہہ نہايت
خلاف انصاف ہے کہ کسي شخص کو
غير اشخاص بلا اختيار کے افعال کا
پابند ہونا لازم آوے - چنانچہ کوئي
بيان يا اقرار صالح جو کسي غير
شخص نے کيا ہو کسي فريق پر قابل
پابندي نہيں ہے اور نہ کسي شخص
پر کوئي اثر کسي ڈگري يا تجويز کا
ہوسکتا ہے جسکا وہ واقعي يا حسب
مفہوم قانون شريک نہو (گو ايسي
تجاويز جو عدالت مجاز سے بہ استعمال
اختيار سماعت پروبيٹ يا ازدواج يا
ديوالية يا بحري صادر ہوں بمقابلہ
جملہ اشخاص قابل پابندي ہوتي ہيں
بيان مندرجہ دستاويز معمولي طور
پر شہادت قطعي بمقابلہ اوس شخص
کے ہے جسنے دستاويز تحرير کي ليکن
بيان مذکور بمقابلہ اشخاص ثالث

کسي قسم کي شہادت نہيں ہے - مثلاً
بيان ہندو پدر کا کسي دستاويز ميں
( جسميں اوسکے پسر شريک نہيں )
کہ وہ اور اوسکے پسران شامل تھے
بمقابلہ پسران کے ايسي نالش ميں
شہادت نہيں ہے جسميں تنقيح طلب
يہہ امر ہو کہ آيا پدر اور پسر عليحدہ
تھے يا نہيں

Res inter alios judicata. معاملہ
جسکي تجويز مابين اشخاص غير
ہوئي ہو

Res ipsa loquitur (The thing speaks for itself). وہ خود بولتا ہے
کسي واقعہ سے بہ نفسہ کسي بات کا
ظاہر ہونا بعض صورتوں ميں محض
وقوع کسي حادثہ سے بادي النظري
شہادت اس امر کي پائي جاتي ہے کہ
وہ نتيجہ عدم احتياط مناسب کا ہے -
مثلاً جبکہ کوئي شے جس سے نقصان
پہونچا قطعي مدعاعليہ يا اوسکے ملازم
کي نگراني ميں ہو تو يہہ باور کرنا
بہت مشکل ہے کہ اگر مناسب احتياط
کي جاتي تو نقصان نہ پہونچتا

Res judicata. امر تجويز شدہ

See *Nemo debet*...

Res judicata pro veritate accipitur (A thing adjudicated is received as true). فيصلہ جو کسي امر
کي نسبت صادر ہو صحيح تصور کيا
جاتا ہے (يعني امر تجويز شدہ اوس
وقت تک صحيح منظور ہوتا ہے جب
تک کي اوسکو عدالت اعلی منسوخ نکرے
اور فريقين فيصلہ مذکور کے پابند ہوتے
ہيں اور دوبارہ اوس امر کو پھر
تجويز کرانے سے ممنوع ہو جاتے
ہيں

**Res nova.** معاملہ جدید

**Res novitur.** امر جدید - شہادت جدید

**Res nullius.** جایداد جو کسي کي ملکیت نہو - لاوارثي مال

**Res nullius fit primi occupantis** (A thing abandoned becomes the property of one who gets first possession of it). لاوارثي مال اوس شخص کا هوتا هے جو اوسپر پیشتر قبضہ کرے اسي مسئلہ پر قانون دفینہ مبني هے - یعني دفینہ اوس شخص کو ملتا هے جس نے اوسے پایا هو بشرطیکہ کوئي مالک اوسکا نہ معلوم هو (ملاحظہ طلب دفعہ ۹ و ۱۰ ایکٹ دفینہ سنہ ۱۸۷۸ع

**Res per pecuniam æstimatur et non pecunia per res** (The value of a thing is estimated according to its worth in money, but the value of money is not estimated by reference to the thing). کسي شے کي مالیت کا تخمینہ بلحاظ اوسکي قیمت زر نقد کے کیا جاتا هے لیکن زر نقد کي مالیت کا اندازہ بلحاظ اوس شے کے نہیں هو سکتا جسکے عوض وہ لي یا دي گئي هو

**Respice finem.** نتیجہ کو دیکھو

See *Res integra*.........

**Respiciendum est judicanti, ne quid aut durius aut remissius constituatur quam causa deposcit** (It is of importance to the judge that nothing more severe or more lenient than the cause itself warrants should be done). فیصلہ کرنے والے کے لئے نہایت اهم هے کہ اوس سے زیادہ سختي یا نرمي نہ کیجائے جتني کہ حالت مقدمہ سے ضروري معلوم هو

**Respondeat superior** (Let the principal answer). مالک جوابدہ هوگا - یہہ مسئلہ کہ مالک اپنے ملازموں کے افعال کا جوابدہ هوگا عموماً افعال بیجا سے اور نہ معاهدات سے متعلق هے

جب کوئي کارندہ اپنے مالک کي هدایت سے یا مطابق اوسکے مرضي کے کوئي فعل بیجا کرے تو اوس فریق کي نالش میں جسکو مضرت پہونچے مالک و کارندہ دونوں جوابدہ هیں - مالک بموجب اس مسئلہ کے ذمہ دار هے اور ملازم اسوجہہ سے کہ مالک کے حکم سے کوئي فعل بیجا جائز نہیں هوجاتا - کوئي ماتحت یا ملازم یا جب کوئي فعل بیجا کرے تو اوسکا یہہ عذر بالکل بے وقعت هے کہ وہ بحکم عہدہدار اعلی یا اپنے مالک کے اوسنے وہ فعل کیا تھا - بموجب تعزیرات هند کے یہہ تجویز هوئي هے کہ بجز بصورت خوف فوراً هلاک هونے کے کسي امر سے یہہ جایز نہیں هے کہ کوئي شخص کسي پر حملہ کرے اور اپني جوابدهي میں یہہ مسئلہ پیش کرے

یہہ بھي تجویز هوئي هے کہ مالک اوس صورت میں بھي افعال اپنے ملازم کا ذمہدار هے کہ جب ملازم اپنا خانگي کام کرتا هو لیکن وہ عام طور پر مالک کے کام پر مامور هو معیار یہہ دریافت کرنے کا کہ مالک ذمہدار هے یا نہیں یہہ هے - اول یہہ کہ آیا

ملازم بوقت ارتکاب اوس فعل بیجا کے جسکي شکایت هے مالک کي ملازمت میں تها یا نهیں اور دوییم آیا اوسنے جب فعل بناے نالش کیا اپنے کار منصبي کے حیطه کے اندر کام کر رها تها - جب کوئي شخص ملازم هو اور اپنے کار ملازمت کے انجام دهي میں کوئي فعل بیجا یا غفلت شدید کرے تو باوجود اسکے که اوسکا فعل بالکل خلاف اوسکے هو جسکي هدایت صریح هو تاهم مالک ذمهدار هے - لیکن اِس ذمهداري پر یهه قید لگائي گئي هے که اگر ملازم ارادتاً اور اپنے فایده کي غرض سے اور نه مالک کے فایده کي غرض سے کوئي فعل بیجا کرے تو ایسي صورت میں مالک ذمهدار نه هوگا

یهه بهي ملحوظ رهنا چاهئے که لفظ ملازم میں نه صرف ملازم خانگي داخل هے بلکه مزدور اور وه شخص بهي داخل هے جو تهوڑا تهوڑا کام بطور ٹهیکه کے کرے بشرطیکه کاریگر یا ملازم مالک کي زیر نگراني کام کرتا هو اور مگر ٹهیکهدار کے بطور خود ذمهدار نه هو

جبکه مابین مالک گاڑي اور ایک دیگر شخص کے یهه معاهده تها که شخص دیگر مطابق اپني مرضي کے دن بهر گاڑي چلایا کریگا اور مالک گاڑي کو بطور معاوضه استعمال گاڑي کے تین روپیه روزانه دیا کریگا اور جو کچهه علاوه اس قسم کے وصول هوگا وه اسکا هوگا تجویز هوئي که مابین مالک گاڑي اور گاڑیبان تعلق مالک و ملازم تها اور مالک گاڑي کا گاڑیبان کي غفلت کا ذمهدار هے

یهه مسله نه صرف اشخاص سے بلکه جماعتوں سے بهي متعلق هے چنانچه سکریٹري آف اِستیٹ هند بهي بابت اون نقصانات کے ذمهدار هے جو بوجهه غفلت ملازمین کے جو ملازمت سرکاري میں هوں هوا هو

Rex nunquam moritur (The king never dies). بادشاه کبهي نهیں فوت هوتا

بموجب قانون کے یهه تصور کیا جاتا هے که بادشاه کبهي فوت نهیں هوتا - جسوقت وه شخص جو لباس شاهي سے ممتاز تها فوت هو اوسي وقت اوسکا وارث بادشاه هوگیا - اِسطرح پر بادشاه همیشه قائم رهتا هے گو شخص بدل جاتا هے - اگر ایسا نهو تو امور سلطنت میں بڑي دقت واقع هو جاے

اِسي اصول پر یهه بهي تسلیم کیا گیا هے که بادشاه کبهي نابالغ نهیں رهتا گو ذات بادشاه نابالغ هو تاهم وه بحیثیت بادشاه کے جو کوئي قانون بناوے یا عطیات کرے اوسپر اور نیز جانشینان پر قابل پابندي هونگے - اِسطرح پر بادشاه معمولي قواعد سے جو عام اشخاص پر صادق آتے هیں بري هے

Rex prosequi in judicio potest in qua curia sibi visum fuerit (The king can proceed to judgment in whatever court he pleases). بادشاه جس عدالت میں چاهے عدل کرسکتا هے

اِس مسله کا منشا یهه هے که هر عدالت میں بادشاه کي موجودگي قیاس کیجاتي هے

Roy n'est lie per ascun statute, si il ne soit expressment nosme (The king is not bound by any statute unless expressly named). بادشاہ کسي آئين کا پابند نہيں ہے بجز اسکے کہ اوسميں بصراحت اوسکا نام ہو يہہ تجويز ہوئي ہے کہ سکريٹري آف اسٹيٹ پر پابندي قوانين ميونسپلٹي کي ہے بجز اسکے کہ وہ ٹيکس سے مستثنىٰ کيا گيا ہو

عام قاعدہ ہے کہ بادشاہ احکام قانون کا پابندي نہيں ہے بجز اسکے کہ منشا واضعان قانون پابند کرنے کا صاف اور غير مشتبہہ ہو کيونکہ بادي النظر ميں يہہ نتيجہ نکالا جاتا ہے کہ قانون جو بادشاہ بمشورہ امرا و رعايا يعني پارليمنٹ کے بناتا ہے وہ رعايا کے لئے بناتا ہے اور نہ خود اپنے لئے - گو بادشاہ اگر اوسکو کوئي حقوق و مراعات وغيرہ حاصل ہوں عام الفاظ ايکٹ کي رو سے محروم نہيں ہو سکتا ليکن اگر از روے قانون اگر کوئي چارہ کار بابت کسي فعل بيجا کے عطا کيا گيا ہو تو بادشاہ گو اوسکا نام نہ درج ہو پابند ہوگا اور بادشاہ استنباطاً پابند ايسے قوانين کا ہے جو واسطے فايدہ عوام اور قائم رکھنے حقوق عوام اور دفع کرنے افعال بيجا سرکاري کے صادر کئے گئے ہوں اور بادشاہ فايدہ بھي کسي خاص ايکٹ سے اوٹھا سکتا ہے گو اوسکا ذکر صريح اوسميں نہو

Ruat cœlum. آسمان کو گرنے دو

## S

Sacramentum decisionis. حلف قطعي بموجب قانون روم کے جب کوئي فريق الزام ثابت نہيں کر سکتا تھا تو وہ فريق مخالف کے حلفي بيان پر اپنے مقدمہ کے تصفيہ کو منظور کرتا تھا

اِس قسم کا قاعدہ ہندوستان ميں اب بھي جاري ہے — گو عدالتوں نے اس طور پر تسليم نہيں کيا ہے — قانون حلف ۵ سنہ ۱۸۷۳ع ملاحظہ طلب

Sacramentum si fatuum fuerit, licet falsum, tamen non committit perjurium (A foolish oath, though false, makes not perjury) بيہودہ حلف سے گو وہ جھوٹا بھي ہو حلف دروغي نہيں ہو جاتي (مراد اسکي يہہ ہے کہ حلف دروغي کے ثابت ہونے کے لئے وہ سب حالات اور مراتب ہونے چاہئيں جو قانون ميں مندرج ہيں)

Sæpenumero ubi proprietas verborum attenditur sensus veritatis amittitur (Many a time where the propriety of words is attended to, the meaning of truth is lost). اکثر صورتوں ميں جب موزونيت الفاظ پر لحاظ کيا جاتا ہے تو اصل مطلب مفقود ہو جاتا ہے

Salus populi est suprema lex (The safety of the people is the supreme law). حفاظت رعايا سب سے اعلىٰ قانون ہے

سب سے اعلىٰ مقصد قانون حفاظت رعايا ہے — ہر سلطنت کو سب سے اول لحاظ امن و آسايش رعايا کا ہونا چاہئے

Salus ubi multi consiliarii (There is safety among many counsellors). مشیران کثیر ہونے سے امن رهتا هے

(هندي مسله هے پانچ پنچ مل کیجے کاج— هارے جیتے نه آوے لاج)

Salvo jure. بلا مضرت کسي حق

Salvo jure regis. بلا مضرت حق شاهي کے

Salvus conductus. — پاس پورٹ — نامه رهبري

Samper fidelis. همیشه خیر خواه

Samper idem همیشه یکساں - یکرنگ

Samper paratus. هر وقت تیار

Sans doute. بلا شبهه

Sans frais. (*Fr.*) بلا خرچ

Sans nombre (*Fr.*) بلا تعداد

Sans peur et sans reproche. (*Fr.*) بلا خوف اور بلا اندیشه بدنامي

Sans recours. (*Fr.*) بلا مجبوسے چاره جوئي کے

جب کوئي ایجنٹ بل آف ایکسچینج رقعه پر عبارت طهري لکهتا هے تو اندر یهه عبارت لکهدیتا هے که جس سے اوسکي ذمهداري جاتي رهتي هے (ملاحظه طلب دفعه ۵۲ ایکٹ دستاویزات خرید و فروخت سنه ۱۸۸۱ع)

Sans souri. بلا پرواه کے

Sapiens omni agit cum concilio (A wise man does everything advisedly) عقل مند آدمي هر بات سمجهه بوجهه کر کرتا هے

Sapientia legis nummario pretip non est æstimanda (The wisdom of the law cannot be valued by money). مصلحت قانون کا تخمینه زر نقد میں نهیں کیا جا سکتا

Sapientia supplet ætatem (Wisdom supplies the want of age). عقل عمر کا معاوضه کردیتي هے — (شیخ سعدي نے کہا هے — بزرگي به عقل است نه به سال)

یهه مسله شهادت اطفال سے متعلق هے شهادت اطفال قابل پذیرائي نهیں خیال کي جاتي که وه حلف کے اثر کو سمجهه نهیں سکتے—

لیکن بموجب اس مسله کے طفل سے سوالات اسغرض سے کئے جاسکتے هیں که اوسکي عقل کا تخمینه اور اوسکے مذهبي خیالات کي پختگي کا حال معلوم هو — اور اگر وه حلف کے اثر کو سمجهه سکے تو اوسکي شهادت قابل پذیرائي هے — بموجب ایکٹ شهادت مجریه هند کے حمله اشخاص شهادت دینے کے مجاز نهیں هیں بجز اسکے که عدالت یهه خیال کرے که وه بوجهه کم عمري کے اون سوالات کو جو اونسے کئے جائینگے سمجهنے سے یا اوسکے معقول جواب دینے سے معذور هیں— (دفعه ۱۱۸)

Sapientis judicis est cogitare tantum sibi esse permissum, quantum commissum et creditum (It is the part of a wise judge to consider that so much only is permitted to him as is committed and entrusted to him). عقلمند جج پر یهه فرض هے که یهه تصور کرے که محض اوسقدر اختیار استعمال

کرنے کي اوسکو اجازت هے که جتنا اوسکو سپرد کيا گيا

Satius est petere fontes quam sectari rivulos (It is better to seek the sources than to follow the rivulets). اصل مخرج تلاش کرنا بہتر هے بہ نسبت اِسکے که صرتوں کو - اِس مسله کا منشا يهه هے که يهه بهتر هے که اصل کتاب يا سند ديکهي جاے اور نه يهه که مختصرات يا حوالهٔ جات پر اِنحصار کيا جاے

Scandalum. magnatum ازالهٔ حيثيت امرا کي — يهه پيشتر ايک خاص جرم تها

Sciendum معلوم هو

Scienter. جان بوجهکر - اِرادتاً

Scientia utrinqu par, pares facit contrahentes (Equal knowledge on the part of both renders the contracting parties equal). دونوں کو يکساں علم هونے سے فريقين معاهده کي حيثيت يکساں هو جاتي هے

Scire debes cum quo contrahis (You ought to know with whom you bargain). تمکو معلوم هونا چاهئے که کسکے ساتهه تم معامله کر رهے هو

هر شخص کو اون اشخاص کے ساتهه معامله کرنے ميں اِحتياط رکهني چاهئے جو قدرتي طور پر ناقابل معاهده کے هيں مثلاً نابالغان اشخاص فاترالعقل وغيره اور نيز وه اشخاص جو بوجهه قانون کے ناقابل هيں مثلاً وه اشخاص جنکے ساتهه تعلق اماتني هو — اور اون اشخاص سے معاهده کرنے کے وقت خيال رکهنا چاهئے جنکو محض جايداد ميں حق محدود حاصل هے مثلاً هنود بيوه - منتظم هندو خاندان مشترک و سجاده نشينان و متوليان وغيره

Scire et scire debere æquiparantur in lege (The law considers a man cognisant of that which he ought to know). قانوناً هر شخص کي نسبت يهه خيال کيا جاتا هے که وه امر جانتا هے جو اوسکو جاننا چاهئے—

اِسي اصول پر يهه مسله مبني هے - ناواقفيت قانون کوئي عذر نهيں هے - کيونکه يهه تصور کيا جاتا هے که هر شخص اپنے ملک کا قانون جانتا هے

Scire facias. حکم — اطلاع دو يهه اِظهار وجهه که کيوں ڈگري کا اجرا نکيا جاے

Scire facias quære restitutionem non. حکم اِظهار وجهه که کيوں قبضه واپس نددلايا جاے

Scire firei. مطلع هو جانا

Scribere est agere (To write is to perform or act ) تحرير کرنا گويا عمل کرنا هے

يهه مسله شايد استغاثات بغاوت سے متعلق هے — ليکن قاعده يهه هے که جب تک که تحرير مشتهر نکي جاے کوئي ظاهر فعل عمل ميں نهيں آتا

Scriptæ obligationes scriptis tolluntur, et nudi consensu obligatio contrario consensus dissolvitur (Written obligations

are superseded by writing, and an obligation of naked assent is dissolved by assent to the contrary). ذمہداري تحريري تحرير سے مسترد هوتي هے بخلاف اِسکے ذمہداري جو محض منظوري زباني سے عايد هوئي هو زباني زايل هو جاتي هے —يهه قاعدہ هندوستان سے متعلق نهيں هے کيونکہ بموجب قانون هند کے معاهدہ تحريري زباني اِقرار سے منسوخ هوسکتا هے

Secta quæ scripto nititur a scripto variari non debet (A suit which is based upon the writing ought not to vary from the writing) نالش ميں جو دستاويز پر مبني هو اوس دستاويز سے تجاوز نهونا چاهئے

Secundum æquum et bonum. مطابق اِنصاف اور ايمانداري کے

Secundum allegata et probata. مطابق امور مبينہ اور مثبتہ کے

Secundum conditionem personarum. مطابق حيثيت اون اشخاص کے جنکي نسبت الفاظ استعمال کئے گئے

Secundum consuetudinem مطابق رواج کے

Secundum formam doni. مطابق طريقہ وقف يا هبہ کے

Secundum naturam est, commoda cujusque rei eum sequi, quem sequuntur incommoda (It is natural that the advantages of anything should follow him whom the disadvantages follow). يهہ مناسب هے کہ فايدہ اوس شخص کو پهونچے جسنے نقصان برداشت کيا هو

Secundum regulas. مطابق قاعدہ کے

Secundum subjectum materiam. مطابق شے مدعا بها کے

Secus. ديگر نهج پر

Se defendo. بحفاظت ذاتي

Sed per curiam. ايکن عدالت کي يهہ راے تهي (يهہ فقرہ اکثر ربورٹوں ميں استعمال هوتا هے)

Sed quære. ليکن دريافت کيجئے

Sed vide. ليکن ديکهو

Semble. تجويز ضمني

Semel malus semper malus. (Once bad always bad) جو امر ايک مرتبہ ناجاير هے هميشہ ناجاير رهيگا

Semi plena probatio. - نصف ثبوت شهادت ايک گواہ کي — بموجب قانون روم کے بعض جرايم کے لئے کم سے کم دو گواهوں کي شهادت ضروري تهي

Semper in dubiis benigniora præferenda (In doubtful matters the more liberal construction is to be preferred). مشتبہ معاملات ميں تعبير وسيع قابل پسند هے

Semper in obscuris quod minimum est sequimur (In obscure constructions we always apply that which is the least obscure). عبارت دقيق کي ايسي تعبير کرني چاهئے جو سب سے کم دقيق هو

Semper ita fiat relatio ut valeat dispositio (Let the reference always be so made that the

disposition may avail). ہمیشہ تعبیر ایسی کرنی چاہئے جو انتقال کیا گیا ہو وہی انتقال رہے

Semper præsumitur pro legimatione puerorum ; et filiatio non potest probari (The presumption is always in favour of the legitimacy of children and filiation cannot be proved). ہمیشہ قیاس نسبت صحیح‌النسب ہونے اطفال کے ہوتا ہے اور طفل بنانا ثابت نہیں کیا جاسکتا (بموجب شرع محمدی کے طفل جو بعد ازدواج کے ۶ ماہ کے اندر پیدا ہو صحیح‌النسب نہیں خیال کیا جاتا — علاوہ اسکے بموجب قانون مذکور پدر کے اقرار سے طفل کو درجہ پسر صحیح‌النسب کا حاصل ہوتا ہے

Semper præsumitur pro matrimonio (The presumption is always in favour of the validity of a marriage). قیاس ہمیشہ نسبت جواز ازدواج کے ہوتا ہے

Semper quie on prohibet prose semper qui non prahbet pro se intervenire mandare creditur ; sed et si quis ratum habuerit quod gestum est, obstringitur mandati actione (He who knows and does not prohibit what is done on his behalf, is taken to command it ; and, moreover, if he ratifies what has been done, he is liable to an action, such as would for an agent against his principal). وہ شخص جو جانتا ہے اور اوسکی ممانعت نہیں کرتا جو اوسکی طرف سے کیا جاتا ہے تو یہہ تصور کیا جاتا ہے کہ اوسنے حکم دیا - علاوہ بریں کو اوسنے جو کچھہ کہ کیا گیا تسلیم کیا تو وہ اوس فعل کی بابت مستوجب نالش ہے

Sensu honesto. نیک تعبیر

Sensus verborum est anima legis (The meaning of the words is the spirit of the law). معنی الفاظ روح قانون ہے یعنی قانون کا اثر و منشا زیادہ تر تعبیر الفاظ و احکام پر منحصر ہے

Sensus verborum est duplex, mitis et asper ; et verba semper accipienda sunt in mitiore sensu (The meaning of words is twofold, mild and harsh ; and words are aways to be received in their milder sense). معنی الفاظ دو قسم کے ہوتے ہیں - ایک سخت اور ایک نرم چنانچہ الفاظ کی تعبیر نرم یعنی وسیع کرنا چاہئے

Sententia facit jus, et legis interpretatio legis vim obtinet (Judgment creates the right, and the interpretation of the law has the force of law). تجویز یا ڈگری سے حق پیدا ہوتا ہے اور تعبیر قانون اثر قانون کا رکھتی ہے

Sententia interlocutoria revocari potest, definitiva non potest (An interlocutory judgment may be recalled but not a final one). تجویز یا حکم درمیانی واپس ہوسکتا ہے لیکن نہ حکم آخر

Sententia non fertur de rebus non liquidis (Judgment is

not given on things not clear, or certain). فیصلہ اون امور کي نسبت صادر نہیں کیا جاتا جو یقیني اور صریح نہ هوں

Sequamur vestigia patrum nostrorum (Let us follow the footsteps of our fathers). هم کو اپنے اجداد کي تقلید کرنا چاهئے

Sequestratio. (Rom. Law) مال متنازعہ کو فریقین سے علحدہ کرنا

Sequi debet potentia justitiam non præcedere (Power should follow justice, not precede it). زور انصاف سے هونا چاهئے اور نہ انصاف سے قبل •

Seriatim. (One by one). - سلسلہ وار نمبر وار - علحدہ علحدہ

Sermo est index animi (Speech is the index of the mind). نطق مظهر دل هے

Sermones semper accipiendi sunt secundum subjectam materiam, et conditionem personarum (Language is always to be understood according to its subject-matter and the condition of the persons). عبارت همیشہ بلحاظ اوس امر کے جسکا تذکرہ هو اور اون اشخاص کي حالت کے جو اوسکو استعمال کریں سمجھنا چاهئے

Servi ant fiunt, aut nascuntur (Slaves are made so or born so). غلام حواه بنائے جاتے هیں خواہ قدرتي هوتے هیں غلام بنانا اب قانوناً ممنوع هے لیکن (غلام قدرتي اب بهي هوتے هیں- انکو هندي میں داسي پتر کهتے هیں -

دهرم شاستر سابق کے بموجب نئي قسم کے غلام هوتے تھے)

Sic interpretandum est ut verba accipiuntur cum effectu (Such an interpretation is to be made that the words may be received with effect). اس قسم کي تعبیر هوني چاهئے کہ الفاظ کا اثر قایم رهے

Si constare poterit (If it shall be made to appear). اگر یهہ ظاهر کیا جاے

Si curia cognoscere velit (If the Court wish to certify). اگر عدالت تصدیق کرنا چاهے

Sic uteri tuo ut alienum non lædas (Use your own property in such a manner as not to injure that of another). اپني جایداد اسطرح استعمال کرو کہ دوسرے کي جایداد کو نقصان نہ پهونچے آدمي کو اختیار هے کہ اپني جایداد کو جسطرح چاهے استعمال کرے مگر یهہ احتیاط رکھني چاهئے کہ اوسکے استعمال سے دوسرے کو یا دوسرے کي جایداد کو نقصان نہ پهونچے - روشني کا روکنا جب کہ اوس سے استفادہ مدت تک حاصل کیا گیا هو بذریعہ بنانے اسي عمارت کے دوسرے مکان کي قریب میں جو مانع روشني هو ایک فعل بیجا هے - اسي طرح پر اگر کوئي اپنا مکان اس طور پر گراوے کہ همسایہ کے مکان کو ضرر پهونچے تو وہ مستوجب اداے هرجہ هوگا بشرطیکہ مکان بے احتیاطي سے گرایا گیا هو

حق پردہ بموجب رواج مقامي کے هندوستان میں تسلیم دیا کیا هے اور

مدعا علیه اس امر پر مجبور کیا جاسکتا ہے کہ دروازہ یا دریچہ ہمیشہ کے لئے بند کرے ملاحظہ طالب دفعہ ۱۸ (تشریح ب) ایکٹ حق آسایش سنہ ۱۸۸۲

Sigillum. مہر - دستخط

Silent leges inter armæ (The laws are silent during wars). جنگ کے زمانہ میں قانون ساکت ہوجاتا ہے (یعنی زمانہ جنگ میں اختیار سماعت معمولی عدالت ہاے انصاف معرض معطلی میں آجاتا ہے)

Similitudo legis est, casuum diversorum inter se collatorum similis ratio; quod in uno similium valet, valebit in altero. (Legal similarity is a similar reason which governs various cases when compared with each other; for what avails in one of similar cases will avail in the other). یکسانیت قانونی دلیل میں یکسانیت ہے جو ہر قسم کے مقدمات سے متعلق ہوتی ہے کیونکہ جو یکساں صورتوں میں سے ایک میں درست ہے وہ دوسری صورت میں بھی درست ہے

Simplex commendatio non obligat (A simple recommendation does not imply a warranty). محض تعریف سے ذمہ داری نہیں پیدا ہوتی ہے

See *Ea quæ commendandi...*

Simplex obligatio. تمسک سادہ
تمسک بلا شرط کے

Sine die. بلا روز مقررہ کے — غیر معین زمانہ کے لئے

Adjournment *Sine die.* التوا زمانہ غیر محدود کے لئے - بلا مقرر کرنے روز جلسہ آیندہ کے

Sine facto ejus. بلا کسی فعل کے اوسکی جانب سے

Sine odio. بلا عداوت کے

Sine pretio nulla venditio est (There can be no sale if there be no price). بلا قیمت کے بیع نہیں ہوسکتا
معاہدہ کے لئے بدل قیمتی ہونا ضروری ہے

Sine prole. بلا نتیجہ

Sine qua non. شرط لازمی

Sine scriptis. غیر تحریری

Si quidem in nomine, cognomine prænomine legatarii testator erraverit, cum de persona constat nihil ominus valet legatum (Although a testator may have mistaken the name, surname or prænomen of a legatee, yet if it be certain who is the person meant, the legacy is valid) اگرچہ موصی نے موہوب لہ کے نام میں یا خطاب میں غلطی کی ہو تاہم اگر یہہ متیقن ہو کہ وہ شخص جس سے مراد ہے کون ہے تو ہبہ بالوصیت جایز ہے

Si quid universitati debetur, singulis non debetur; nec quod debet universitas singuli debent (If any sum of money be due to an entire body or partnership, it is not due to the individual members; nor do those individuals owe that which is due by the entire body). اگر کوئی رقم کسی

جماعت کو واجب هو تو وه اوسکے شرکاے واحد کو واجب نہیں هے اسیطرح سے جو رقم جماعت سے واجب هو وه شرکاے واحد سے واجب نہیں هے

Si quis custos fraudem purpillo fecerit, a tutela removendus est (If a guardian defraud his ward he shall be removed from his guardianship). اگر کوئي ولي نابالغ زیر ولایت کو فریب دے تو وه ولایت سے برخاست کیا جائیگا

Si quis prægnantem uxorem reliquit, non videtur sin liberis decessisse (If a man dies leaving his wife pregnant, he shall not be considered to have died without children). اگر کوئي شخص زوجه حامله چهوڑ کر فوت هو تو اوسکي نسبت یهه نہیں تصور کیا جائیگا که بلا اولاد کے فوت هوا —

بموجب شرع محمدي کے جنین کے لئے حصه وراثت باقي رکهنا چاهئے دیکهئے نوت زیر مسله See *Qui in utero.*

Si quis unum percusserit, cum alium percutere vellet, in felonia tenetur (If a man kill one, meaning to kill another, he is held guilty of felony) اگر کوئي شخص ایک شخص کو هلاک کرے جب که اوسکي مراد دوسرے کے هلاک کرنے کي هو تو وه مجرم جرم کبیره کا هے بموجب تعزیرات هند کے بهي وه مستوجب سزاے قتل عمد هے

Si suggestio non sit vira, literæ patentes vacuæ sunt (If the suggestion be not true the letters patent are void) اگر بیان غلط هے تو فرمان شاهي جو حاصل کیا گیا هو وه بهي کالعدم هے

Situs. حالت - موقع

Sive et masculus sive fœmina. خواه وه ذکور هوں یا اناث

Sive plus sive minus کم و بیش

Si vis pocem para bellum. اگر امن چاهتے هو تو لڑائي کے لئے تیار هو

Societas. شراکت

Socii mei socius, meus socius non est (The partner of my partner is not my partner). شریک میرے شریک کا شریک نہیں هے —

اِسکي مراد یهه هے که اگر ایک شخص دوکان میں شریک هو اور دوسرا دوسري دوکان میں بهي شریک هو تو دوجهه شرکت اول دوکان کے دوسري دوکان کي شراکت سے اوسکو کوئي تعلق نہیں هوتا

Soit droit fait al partie (Let right be done to the party). بحق فریقین اِنصاف کرو

Soit droit fait comme est desire (Let right be done as it is desired). حق حسب اِستدعا کیا جاے

Soit fait commeil est desire (Let it be done as it is desired). حسب اِستدعا عمل کرو

Solemnitates juris sunt observandæ (The solemnities of law are to be observed). کار عدالتي ميں ضابطه ملحوظ رکهنا چاهئے

Solidatum. حق يا ملکيت کامل

Solo cedit, quicquid solo plantatur (Whatever is planted in the soil goes with the soil). جو چيز زمين ميں نصب کي گئي هو وه زمين کے ساتهه منتقل هوتي هے

Solutio. سبکدوشي — ادا — بيباقي

Solutio prelii emptionis loco habetur (The payment of the price stands in the place of the sale). ادا کرنا قيمت کا بمنزله خريداري کے هے اگر کسي شے کي قيمت ادا کي جاے تو اس سے بيع کي تکميل هوجاتي هے — ايسي صورت ميں معاهده فروخت کا ثابت کرنا ضروري نهيں هے — ايسي صورت ميں خريدار مستحق اوس شے کا هو جاتا هے جسکي بابت اوسنے قيمت ادا کي اور بايع کو کوئي اختيار نسبت اوس شے کے باقي نهيں رهتا — اگر بموجب قانون کے ضروري هو که ايسا معاهده تحريري هو يا اوسپر رجسٹري کرائي جاے تو يهه محض تکميل ضابطه هے جو حسب قاعده عمل ميں آسکتي هے

Solvendo esse. شخص ذي استطاعت (خلاف مفلس کے)

Solvendo in futuro. قابل ادا آينده

Solvitur in modo solventis, accipitur autem in modum accipientis (It is paid or discharged in the mode of discharging, on the other hand, it is received after the mode of receiving). روپيه اوس طريقه سے ادا هوتا هے جس طرحپر ادا کيا جاے بخلاف اسکے روپيه اوس طرح سے قبول هوتا هے جسطرح سے وه قبول کيا جاے

*Quicquid solvitur*... طلب ملاحظه مساله

Spado. نامرد - غني

Specificatio. (Rom. Law). استحقاق بذريعه تبديل کرنے نوعيت کسي شے کے (اگر کوئي شخص کسي شے کو جو ملکيت دوسرے کي هے محنت کرکے اوسکي نوعيت کو ايسا تبديل کرے که وه زياده کار آمد يا قيمتي هو جاے تو وه مستحق اوس شے کا بعد دينے معاوضه کے مالک اوس شے کا هوگا — مثلاً اگر کوئي شخص زمين سے بيد کاٹے اور اوس سے عمده ٹوکرياں بناوے جو قيمتي هوں تو اسکو يهه استحقاق هوگا که بيد کي قيمت دو ادا کرکے مالک اوس شے کا هو جاے جو اوسنے بنائي)

Spes impunitatis continuum affectum tribuit delinquendi (The hope of impunity holds out a continual temptation to crime). اس اُميد سے که سزا نديجائيگي هميشه ترغيب ارتکاب جرم کي هوتي هے

Spes successeones (Chance of succession). اميد وراثت يهه حق قابل انتقال نهيں هے

Sponsio judicialis (Rom. Law). عدالتي إقرار يا قرارداد —

يهه ايک طريقه تصفيه نزاع هے جو مجموعه ضابطه ديواني ميں بهي تسليم کيا گيا هے — دفعه ٥٢٧ مجموعه ضابطه ديواني سنه ١٨٨٢ع ميں يهه حکم هے که جن اشخاص کو کسي امر واقعه يا بحث قانوني کے انفصال ميں غرض رکهنے کا دعوی هو وه مختار هونگے که باهم إقرار نامه تحرير کرکے اوس ميں امر مذکور کو بطور ايک مقدمه کے واسطے راے عدالت کے لکهيں اور يهه شرط کريں که جب تجويز عدالت نسبت اوس امر کے صادر هو تو ( الف ) وه تعداد جو باهم فريقين مقرر کريں يا جسے عدالت تجويز کرے اونميں سے ايک فريق دوسرے فريق کو ادا کريگا — ( ب ) ايک فريق دوسرے فريق کو کچهه جايداد منقوله يا غير منقوله مصرحه إقرارنامه حواله کريگا ( ج ) منجمله فريقين کے ايک يا کئي شخص کسي خاص امر معصله إقرار نامه کي تعميل کرينگے يا اوسکے کرنے سے باز رهيں گے

Sponte sua. اپني مرضي سے

Stabit praesumptio donec probetur in contrarium (A presumption will stand good until the contrary is proved). قياس اوس وقت تک قايم هيگا جبتک که خلاف اسکے ثابت نه کيا جاے — (ملاحظه طالب تعريف قياس کريگي مندرجه دفعه ۴ ايکٹ شهادت سنه ١٨٧٢ع)

Stare ad rectum. عدالت کے حکم پر قايم رهنا

Status. حيثيت قانوني حيثيت کسي شخص کي به تعلق اوسکي جايداد کے

Status quo. اوسي حالت ميں جس ميں وه پيشتر تها

Status quo ante bellum حالت قبل آغاز جنگ

Statuta pro publico commodo late interpretantur (Statutes made for the public good ought to be liberally construed) اُن قوانين کي جو واسطے رفاه عام کے موضوع کئے گئے هوں تعبير وسيع کي جاني چاهئے (قوانين کي تعبير ميں يهه ملحوظ رکهنا چاهئے که وسيع تر تعبير کو اوس صورت ميں ترجيح ديني چاهئے جب وه خلاف منشا واضعان قانون کے هو اور الفاظ کي ايسي تعبير بهي هوسکتي هو جس سے منشا مذکور بهتر حاصل هوسکے - عام قاعده يهه هے که الفاظ کے وهي معني مراد کرنا چاهئيں جو معمولي اور عام هيں اور الفاظ کے معني پورے لگانا چاهئے بجز اسکے که بادي النظر ميں يهه معلوم هو که الفاظ معني محدود ميں استعمال کئے گئے جبکه منشاء واضعان قانون مشتبه هو تو عدالت کو ايسي تعبير کي جانب مايل نه هونا چاهئے جس سے کوئي بار يا محصول يا رسوم رعايا پر عايد هو قوانين تعزيري کي تعبير مفيد اوس شخص کے کرني چاهئے جسپر تاوان يا سزا عايد کي جاے اور عبارت قانون پر اس نگاه سے به سختي لحاظ کرنا چاهئے که آيا اوس شخص نے جسپر تاوان يا سزا عايد کرنا مقصود هے حسب منشاے قانون مذکور جرم کيا هے يا نهيں

Statuta suo clauduntur territorio, nec ultra territorium disponunt (The laws of every state are binding in its own territory and not in a foreign country). قانون هر مملکت کا اوسي ملک ميں قابل پابند هے اور نه ملک غير ميں

Statutum generaliter est intelligendum quando verba statuti sunt specialia, ratio autem generalis (When the words of a statute are special, but the reason of it general, it is to be understood generally). جب که الفاظ کسي قانون کے خاص شے سے متعلق هوں ليکن منشا عام هو تو الفاظ کي تعبير تعميل کے ساتهه کرني چاهئے

Statutum speciale statuo speciali non derogat (One special statute does not derogate from another special statute). ايک قانون مختص الامر سے دوسرا قانون مختص الامر منسوخ نهيں هوتا

Stet processus. ( حکم ) التواے کار روائي

Stipulatio. (Rom. Law.) معاهده معامله

Stirpes. جز - نسب
See *Per stirpes*.

Stramineus homo. شخص بے استطاعت (جو ضامني کے لئے پيش کيا جاے

Strictissimi juris. نهايت سختي سے متعلق کيا جاے

Strictum jus. قانون (بخلاف عدل)

Stuprum. (Rom. Law). بے عزتي کرنا

Sub judice زير تجويز - زير غور

Sublata causa tollitur effectus (Remove the cause, the effect ceases). سبب رفع هونے سے اثر يا نتيجه رفع هوجاتا هے

Sub colore juris. قانون کے بهانه ميں

Sublato principali tollitur adjunctum. (The principal being taken away its adjunct is also taken away). جب اصل شے خارج کي جاے تو اوسکے ساتهه لازمه بهي خارج هو جاتا هے

Sub pade sigilli. زير مهر

Sub periculo falsi بخطره ثبوت جعلسازي ( مثلاً جب کسي دستاويز کي نسبت جعلي هونا بيان کيا جاتا هے تو وه شخص جو اپنا استحقاق دستاويز مذکور پر مبني کرتا هے خطره ثبوت جعلي ثابت هونے دستاويز کا برداشت کرتا هے

Subpœna. سفينه

Subpœna ad testificandum. سفينه بغرض اداے شهادت

Subpœna duces tecum سفينه واسطے پيش کرنے دستاويزات کے

Sub potestate parentis. زير نگراني والدين

Sub speci. بمشکل

Sub prætexto juris. انصاف کے بهانه سے

Sub pœna. معه تاوان

Subsequens matrimonium tollit peccatum præcedens (A subsequent marriage removes a previous criminality). ازدواج مابعد سے سابق کي مجامعت مجرمانه کا نقص رفع هوجاتا هے

اس مسئلہ کا منشا یہہ ھے کہ اگر بعد
مجامعت ناجایز کے باھم اون اشخاص
کے ازدواج ھوجاے تو وہ نقص قانوني
جو اون اطفال کي حیثیت میں ھو
جو ایسے تعلق ناجایز قبل ازدواج سے
پیدا ھوں ایسے ازدواج مابعد سے رفع
ھو جاتا ھے —
یہہ مسئلہ قانون انگلستان میں تسلیم
نہیں کیا گیا ھے

Sub silentio. بخاموشي

Sub voce. زیر لفظ - یہ لفظ لغات میں
استعمال کیا جاتا ھے

Suggestio falsi et suppressio veri (A false suggestion and suppression of truth.)
ایما دروغ و اخفا راستي

Sui generis. اپنے ھي قسم میں -
اپنے ھي نوعیت میں ایک ھي جنس

Sui juris. شخص قابل - بالغ -
جو شخص نا بالغ یا فاترالعقل یا کسي
اور وجہہ سے نا قابل نہ ھو وہ ھي شخص
قابل (نالش کرنے کے) کہلاتا ھے

Summa charitas est facere justitiam singulis et omni tempore quando necesse fuerit (The greatest charity is to do justice to every person, and at any time whenever it might be necessary). سب سے زیادہ سخاوت
یہہ ھے کہ ھر شخص کے ساتھہ ھر وقت
پر کہ جب ضرورت ھو انصاف کیا جاے

Summa lex, summa crux (Extreme law is extreme punishment). قانون کا حد مناسب سے زیادہ
سخت ھونا سزا کے بے حد ھونے کے
مساوي ھے - (اس مسئلہ سے مراد یہہ
ھے کہ سخت قانون لي بہ سختي تعمیل
کرنا گویا سزا سخت دینا ھے

Summa providentia. سخت احتیاط

Summa ratio (lex) est quæ pro religione facit (The highest law is that which supports religion). سب سے اعلی قانون وہ ھے
جس سے مذھب کي تائید ھو (اس
مسئلہ کي نسبت ایک اعلی قانون دان
یہہ لکھتا ھے کہ اگر کوئي رواج عام صریح
خلاف قانون کے بھي ھو یا اگر کوئي
ایکٹ خلاف رواج کے موضوع کیا
جاے (مثلاً کسي قانون میں حکم ھو
کہ کوئي شخص کسي کو کو ئیسي
ضرورت ھو خیرات ندے) تو اس قسم
کا رواج یا قانون کالعدم ھے - بموجب
سٹیٹیوٹ جارج سویم سنہ ۲۱ باب ۸۰
کے اھل اسلام و اھل ھنود کو اپنے
مذھبي رسوم کے عمل میں لانے کا
اختیار دیا گیا تھا اور یہہ حکم تھا کہ
معاھدات اور معاملات کا فیصلہ
مطابق انکے قانون اور رواجات کے
کیا جاے

Summonitiones aut citationes nullæ liceant fieri infra palatium regis (No summons or citations are permitted to be served within the king's place). کسي سمن یا حکمنامہ کي تعمیل کرنے
کي اجازت محل شاھي میں نہیں ھے

Summum bonum. سب سے بڑھکر
بھلائي

Summum jus summa infuria.
سختي قانون شدت ظلم

Sumus agere posse quemlibet hominem aut suo nomine, aut alieno (A person may conduct an action either in his own name or in that of another). هر شخص خواہ اپنے نام سے یا کسي دوسرے کے نام سے بطور کارندہ وغیرہ (مثلاً بحیثیت ولي یا ایجنت کے) پیروي نالس کي کرسکتا ھے

Super fidem chartarum mortuis testibus, erit ad patriam de necessitate recurrendum (The truth of documents is necessarily to be referred to a jury, when the witnesses are dead). نسبت صداقت کسي دستاویز کے جبکہ گواھان فوت ھوگئے ھوں ضرورتاً جوري سے راے طلب کي جاتي ھے

Superflua non nocent (Superfluities do not injure) کسي امر فضول کے کرنے سے نقصان نہیں پہونچتا

Super quo. برطبق جسکے

Super subjectam materiam. نسبت اوس معاملہ کے جسمیں راے طلب کي گئي (مثلاً وکیل اُس راے کا ذمہدار نہیں ھے جو مطابق اون حالات کے جو موکل نے بیان کي دي ھو

Super visum corporis. برطبق ملاحظہ نعش

Super visum vulneris. برطبق ملاحظہ زخم

Supra. مذکورہ بالا

Supra protest. بعد پروتست کے (منظوري بل آف ایکسچینج کے بعد پروتست کے)

Suprema potestas seipsam dissolve re potest (Supreme power can dissolve itself). حاکم اعلی ترین کو اختیار ھے کہ اپنے اختیارات کو ترک کرے

Suppressio veri. اخفاء اصلیت

Suspendator per collum. گلوبستہ لٹکایا جاے

Suum cuique (Let every one have his own). هر شخص کو اپنا ملنا چاھئے

Suum cuique incommodum ferendum est, potius quam de alterius commodis detrahendum (Every man should bear his own loss rather than take away from the benefits of another). هر شخص کو اپنا نقصان برداشت کرنا چاھئے اور نہیں یہ کہ دوسروں کو اونکے فایدوں سے محروم کرے

Suus cuique mos. هرشخص کو اپني خاص عادت هوتي هے

## T

Tabula in naufragio. ایک تختہ جہاز شکستہ سے مطابق قاعدہ مشروطالدین (Tacking) کے اگر مرتہن سویم جسکو اطلاع رھن دویم کي نہ تھي رھن اول کو خرید کرے تو اول اور سویم رھن روپیہ جایداد سے پیشتر ادا کیا جائیگا کیونکہ مرتہن سویم کو حقیت

قانون اور حقیقت عدل دونوں حاصل هو جاتي هیں اور مرتهن دویم کو محض حق عدل حاصل هوتا هے پس مرتهن دویم کو بجز اسکے که زر فاضل بچے کچهه نهیں ملسکتا - لهذا مرتهن دویم کا حق گویا ایک تخته جهاز شکسته کا هے

Tacita hypotheca. (Rom. Law). کفالت خاموش کفالت بذریعه سپردگي دستاویز

Tacita quædam habentur pro expressis (Things unexpressed are sometimes considered as expressed). وه امور (یا اشیا) جو ظاهر نهیں کي گئیں بعض مرتبه مظهره خیال کیجاتي هیں

Tædium vitæ. زندگي سے تنگ هونا

Tagni immittendi. (Rom. Law). حق پشته

Tales de circumstantibus. وه اشخاص جو عدالت کے قرب میں یا عدالت میں هوں

جب کسي وجهه سے اهالي جوري میں کمي واقع هو تو جج یهه حکم دے سکتا هے که ایک کافي تعداد اشخاص کے نام جو عدالت کے گرد موجود هوں بطور اهل جوري اضافه کئے جائیں

Talis interpretatio semper fienda est, ut evitetur absurdum et inconveniens, et ne judicium sit illusorium (Interpretation is always to be made in such a manner, that what is absurd and inconvenient may be avoided and the judgment be not illusory). همیشه تعبیر اس طرح کرني چاهئے که جس سے کوئي دقت اور نتیجه مهمل پیدا نهو اور تجویز محض نمایشي نهو

Talis non est eadem (What is like is not the same). جو چیز اوسي قسم کي هے وه وهي نهیں هیں

Tallagium facere حساب دینا

Tamen quære لیکن تحقیقات کي جاے

Tantum bona valent, quantum vendi possunt (Things are worth what they will sell for). اشیا کي قیمت وهي هے جتنے کو وه فروخت هوں

Tarde venit. بعد از وقت

Templatio. تحریر یا ثبوت

Tempora mutantur, nos et mutamur in illis. زمانه بدلتا هے اور هم اوسکے ساتهه بدلتے هیں

Tempori parendum. زمانه کے مطابق چلنا هوتا هے

Tenementum. حقیقت مادي مثل مکان وغیره

Tenendum. وه جزو دستاویز انتقال کا جس میں حدود آراضي منتقله اور حقوق منتقل الیه بیان کئے جائیں

Tenens ex termino r. اسامي جو آراضي پر ایک خاص میعاد کے لئے قابض هو - اسامي میعادي

Tenet. جسپر وه قابض هے

Tenore præsentium. مطابق تحریر دستاویز هذا کے

Termini. حدود

Terminium. مهلت ایک یوم کي مدعاعلیه کو

Terminus ad quem. - آخير تاريخ آخير تاريخ ميعاد - اخير نتيجه

Terminus a quo. — آغاز ميعاد — تاريخ آغاز ميعاد

Terra affirmat· آراضي جو پٹه پر دي گئي هو - اجاره

Terra censuilis. آراضي لگاني

Terra culta. آراضي مزروعه

Terra debilis. آراضي بنجر

Terræ transit cum onere (Land passes with its incumbrances). آراضي معه اوسکے بار کے منتقل هوتي هے (ليکن يهه مسلة اوس صورت ميں متعلق نهيں هوتا جب که آراضي بعلت مالگذاري سرکاري نيلام هو)

Terra frisca. کاشت حديد

Terragium. لگان

Terra manens vacua occupanti conceditur (Land lying unoccupiod is given to the occupant). آراضي جسپر کسي کا دخل نهو قابض کي هوتي هے

Tertius interveniens. - شخص ثالث شخص عذادار

Testamenta cum duo inter se pugnantia reperiuntur, ultimum ratum set ; sic set cum duo inter se pugantia reperiuntur in codem testamento (When two conflicting wills are found, the last prevails ; so it is when two conflicting clauses occur in the same will). جب دو متناقض وصيت نامے پاے جائيں تو آخر کو ترجيح دي جائيگي اسي طرح جب ايک وصيت نامه ميں دو متناقض نقرے هوں تو اخير نقره زيادہ قابل ترجيح هوگا

Testamenta latissimam interpretationem habere debent. (Wills ought to have the broadest interpetation). وصيت نامجات کي نهايت وسيع تعبير هوني چاهئے

Testamentum inofficiosum. بيجا وصيت نامه - يعني وصيت نامه جو گو باضابطه تيار کيا گيا هو ليکن اوس سے کسي کا حق زايل هوتا هے

Testamentum irritum. وصيت نامه بے اثر

Testameatum omne morte consummatur (Every will is perfected bo death). هر وصيت نامه وفات سے مکمل هو جاتا هے

Testatotis ultima voluntar est perimplenda secundum veram intentionem suam (The last will of a testator is to be thoroughly fulfilled according to his real intention). اخير وصيت نامه موصي کي تعميل پورے طور پر مطابق اصل منشا موصي کے هوني چاهئے (بموجب شرح محمدي کے عموماً اغراض وصيت حسب ذيل هوتي هيں (۱) غربا کے لئے يا اونکے کسي خاص جماعت کے لئے (۲) واسطے اطفال اپنے کسي وارث کے يا واسطے کي رشتهدار يا پڑوسي يا کسي اهل فرقه وغيره کے (۳) خدا کي راه ميں (۴) مسجد يا کسي متبرک مقام کے

لیے ( ۵ ) واسطے کسي کار خیرات کے ( ۶ ) واسطے جہاد کے (۷) بغرض آزادي غلاموں کے ( ۸ ) بغرض اداے اپنے قرضہ کے ( ۹ ) یا واسطے دہلانے مویشي کے )

**Testes ponderantur, non numerantur** (Witnesses are to be weighed, not to be numbered).
گواهان کي وقعت دیکهنا چاهئے اور نہ اونکي تعداد—

بموجب قانون هند کے کوئي خاص تعداد واسطے ثبوت کسي واقعہ کے ضروري نہیں هے — ( دفعہ ۱۳۴— ایکٹ سنہ ۱۸۷۲ع ) لیکن بموجب قانون إنگلستان کے بعض صورتوں میں — (مثلاً مقدمات بغاوت و حلف دروغي وغیرہ میں ) شہادت بلا تائیدي کافي خیال نہیں کیجاتي تهي—

اگرچہ بموجب ایکٹ شہادت هند کے بغرض ثبوت کے ایک گواہ بهي اکتفا کرسکتا هے لیکن بغرض تصدیق اهم دستاویزات — مثلاً رهن نامجات و وصیت نامجات کم سے کم دو اشخاص کي گواهي ضروري هے

**Testes qui postulat debet dare eis sumptus competentes** (Whosoever demands witnesses must find them in competent provision). هر کوئي گواہ طلب کرایا چاهے اوسکو لازم هے کہ اوسکي خوراک کا إنتظام مناسب کرے

**Testibus deponentibus in pari numero dignioribus est credendum** (Where the number of witnesses is equal on both sides, the more worthy are to be believed). جب کہ تعداد گواهان کي هر دو جانب برابر هو تو اون گواهوں پر یقین هونا چاهئے جو زیادہ قابل إعتبار هوں

**Testimonia ponderanda sunt, non enumeranda** (Evidence is to be weighed, not enumerated).
شہادت وزن کیجاتي هے اور نہ شمار کیجاتي هے

قانون هند میں یہہ مسئلہ یہانتک تسلیم کیا گیا هے کہ تجویز ثبوت جرم محض اسوجہ سے ناجایز نہوگي کہ وہ شریک جرم کے ایسي گواهي کے اعتبار پر صادر هوئي جسکي تائید کسي اور شہادت سے نہیں هوتي ( ملاحظہ طلب دفعہ ۱۳۳ ) لیکن عملاً واسطے ثبت جرم کے شریک جرم کي تائید گواہ بے غرض سے هوني چاهئے

واسطے دستاویزات کے یہہ قاعدہ هے کہ اگر کسي دستاویز کے واسطے قانوناً گواهوں کي گواهي سے مصدق هونا ضرور هو تو وہ شہادت میں اوسوقت تک مستعمل نہوگي کہ اوسکي تکمیل پانا یا اقل درجہ ایک گواہ تصدیق کنندہ کي گواهي سے ثابت کیا جاے (دفعہ ۶۸ - ایکٹ شہادت) اگر کوئي ایسا گواہ تصدیق کنندہ نہ پایا جاے تو اوسکي نسبت یہہ ثابت هونا چاهئے کہ ایک گواہ کي گواهي خود بعلم اوسکے تصدیق کي گئي هے اور دستخط تکمیل کنندہ دستاویز کے خود بقلم اوس شخص کے هیں (دفعہ ۶۹

See *Testes ponderantur.........*

**Testamonium testis quando in una parte falsum præsumitur esse et in cæteris partibus falsum**

(When the testimony of a witness is false in one part, it is presumed to be false in all other parts). حسب شہادت کا کوئي ایک جز جھوٹا هو تو یهه قیاس کیا جاتا هے که باقي دیگر اجزا اوسکے بهي جهوٹے هیں

Testis de auditunon probat nisi in antiquis (A witness cannot depose as to hearsay except in ancient matters). گواہ شہادت سماعي بجز نسبت معاملات زمانه قدیم کے نہیں دیسکتا

(بموجب ایکٹ شہادت کے شہادت سماعي صورت هاے ذیل میں قابل پذیرائي هے (۱) جبکه متعلق وجهه وفات کے هو (۲) جبکه وه متعلق ایسے امر کےهو جو اثناے کار روبار میں کیا گیا هو (۳) جبکه وه مضر حق بیان کننده کے هو (۴) جب که بیان نسبت استحقاق عام یا رسم کے هو (۵) جب که، وه بیان چند اشخاص نے کیا هو اور ایسے خیالات اوس سے ظاهر هوتے هوں جو معامله متنازعه سے متعلق هوں

Testis debet attestari de his vel quæ vidit vel quæ sensu corporis certa esse percepit, alias dolas præsumitur, nec ignorantiæ vel erroris excusatio prodest (A witness ought to depose to those things which he has either seen or ascertained to be true by his bodily senses; otherwise deceit is presumed, and neither excuse of ignorance nor error is of use) گواہ کو اظہار اون امور کا دینا چاهئے جو اسنے دیکھے هوں یا اپنے حس جسماني سے دریافت کئے هوں - ورنه اراده دهوکه دینے کا قیاس کیا جائیگا اور عذر ناواقفیت یا غلطي کا بیکار هوگا

Testis de visu præponderat aliis (An eye witness is preferred to others). اوس گواہ کو جو چشمدید بیان کرے دیگر گواهان پر ترجیح هوتي هے

Testis lupanaris sufficit ad factum in lupanari (A lewd person is a sufficient witness of a fact committed in a brothel). شخص عیاش گواہ معقول اون امور کا هے جو چکله خانه میں واقع هوں (اس مسله کا منشا یهه هے که کسي گواہ بد وضع کا بیان بوجهه اوسکي بدوضعي کے ایسي صورت میں خارج نهیں کیا جائیگا)

Testis nemo in sua causa esse potest (No one can be a witness in his own cause). کوئي شخص اپنے هي معامله میں گواہ نهیں هوسکتا

See *Nemo in propria*.........

Testis occulatus unus plus valet quam auriti decem (One eye witness is worth more than ten ear witnesses). ایک گواہ جو چشمدید بیان کرے بہ نسبت دس گواہ کے جو شہادت سماعي دیں زیاده وقعت رکھتا هے

Thesaurus non competit regi, nisi quando nemo scit quit abscondit thesaurum (Trea-

sure trove does not belong to the king, unless no one knows who did it). دفینہ ملکیت بادشاہ کی نہیں ہوتا بجز اسکے کہ یہہ معلوم نہو کہ کس نے چھپایا ہے — (ملاحظہ طلب ایکٹ دفینہ مصدرہ سنہ ۱۸۷۸ع)

Titulus est justa causa possidendi id quod nostrum est (A title is the just cause of possessing that which is our own) حق مناسب سبب اوس شے پر قبضہ کا ہے جو ہماری ملکیت ہے

Titulus justus. استحقاق کامل - جایز

Tota sua vita durante حین حیات ورد

Totidem verbis. بالفاظ صریح انہیں الفاظ میں

Tort. دخل بیجا

*See* in the vocabulary.

Toties quoties. جتنی مرتبہ ضرورت ہو بقدر ضرورت

Totis veribus اپنی پوری طاقت سے

Totum جملہ - کل - کامل

Totum conjunctim et nihil per se seperatim کل بحیثیت مجموعی اور نہ علحدہ

Tout ensemble اختلاط جملہ امور

Totum præfertur unicuque parti (The whole is preferable to any single part). کل کو بمقابلہ کسی خاص ایک جزو کے ترجیح ہے

Tout jours. ہمیشہ کے لئے

Tractent fabrilia fabri (The smiths should perform the work of smiths). لوہار کو لوہاری کا کام کرنا چاہئے

Traditio loqui facit chartam (Delivery makes the deed speak). حوالگی سے دستاویز (انتقال) اثر پذیر ہوجاتی ہے - تاریخ حوالگی سے قبضہ شمار کیا جاتا ہے

Traditio nihil aliud est quam rei corporalis de persona in personam, de manu in manum, translatio aut in possessionem inductio, sed res incorporales, quæ sunt ipsum jus rei vel corpori inhærens, traditionem non-patiuntur (A delivery is no other than a transfer or induction into possession of a corporeal property from person to person, from hand to hand; but incorporeal properties which are the inherent right itself to the property or body, do not suffer livery). حوالگی بجز انتقال یا دینے قبضہ جایداد مادی کے منجانب ایک شخص سے دوسرے شخص کو اور کچھہ نہیں ہے لیکن ملکیت غیر مادی جو مشتمل حق پر نسبت جایداد یا شے کے ہے اوسکی حوالگی ممکن نہیں ہے

Transgressione multiplicata crescat pœnæ inflicto (Where transgression is multipled, the infliction of punishment should be increased). جب کہ خلاف ورزی متعدد مرتبہ کی جاے تو سزا زیادہ ہونی چاہئے

Transit in rem judicatum. معاملہ داخل تجویز ہونا معاملہ تجویز شدہ

Transit terra cum (onere The land passes with its incumbrances). آراضي مع اپنے کفالتوں کے منتقل هوتي هے

See *Qui sentit commodum...*

Triatio ibi semper debet fieri, ubi juratores meliorem possunt habere notitiam (Trial ought always to be held where the jury can have the best knowledge) تجويز اوسي جگهه هوني چاهئے جهاں جوري کو معامله ميں واقفيت حاصل هوسکے

Turpis causa. بدل ناجايز

Turpis est pars quœ non conven it cum suos toto (That part is bad which accord not with its whole). وه جزو ناقص هے جو مطابق کل کے نهو

Tutius erratur expurte mitiore (It is safer to err on the milder side). بجانب نرمي غلطي کرنا بے خطر هے

Tutius semper est errare acquit ando quam in puniendo; exparte mesericordiæ quam exparte justitiæ (It is always safer to err in acquitting than in punishing; on the side of mercy than of strict justice).

اکثر بري کرنا به نسبت سزا دينے کے بے خطر هے — رحم کي طرف غلطي به نسبت سختي سے انصاف کرنے ميں بهتر هے

## U

Ubi. جبکه

Ubi aliquid conceditur, conceditur et id sine quo res ipsa esse non poest. (When a thing is granted that also is granted without which the grant itself would not exist). جب کوئي چيز عطا کي جاتي هے تو اوسکے ساتهه اوس شے کا عطا کيا جانا بهي قياس کيا جاتا هے جسکے بغير عطيه اثر پذير نهو سکتا هو

Ubi cessat remedium ordinarium, ibi decurritur ad extraordinarium, et nunquam decurritur ad extraordinariam ubi valet ordinariam (Where the ordinary remedy fails then recourse must be had to an extraordinary one but recourse is never had to the extraordinary where the ordinary is sufficient).

جب که چاره کار معمولي کارآمد نهو تو غير معمولي چاره کار پر عمل کيا جاسکتا هے ليکن جس صورت ميں که چاره کار معمولي کافي هو تو ايسا نهيں کيا جا سکتا

Ubi culpa est ibi pœna subesse debeto (Where there is culpability, the punishment ought to be submitted to). جب که جرم هوا تو سزا کا متحمل هونا چاهئے

Ubi cunque est injuria ibi damnum sequitur (Where there is injury, there damage follows). جب کوئي فعل بيجا هوتا هے تو هرجه

لازم آتا هے (يهه مسله هر صورت ميں صحيح نهيں هے)

*Injuria cum damno* ملاحظه طلب

Ubi damna dantur, victus victori in expensis condemnari debet (Where damages are given, the losing party should be condemned in costs to the victor).

جبكه هرجه دلايا جاے تو فريق ناكامياب سے فريق كامياب كو خرچه دلايا جانا چاهئے

Ubi de obligando quritur pro pensiores esse debemus si occasionem habeamus ad negandum, ubi de liberando ex diverso ut facilior sic ad liberationem (Where there is a question of obligation, we ought to lean to a negative but where it is a question whether a debtor shall be liberated, to an affirmative decision). جب كه بحث نسبت موجودگي كسي ذمهداري (قرضه) كي هو تو هم كو نفي كي طرف مايل هونا چاهئے ليكن جب يهه بحث هو كه آيا مديون رها كيا جانا چاهئے يا نهيں تو فيصله اثبات ميں هونا مناسب هے

Ubi eadem ratio ibi idem jus (Where the same reason exists, there the same law prevails).

جهاں كه وجهه يكساں هے تو وهي قانون رهتا هے

Ubi est verborum ambiguitas valet quod acte est (Where words are ambiguous, that interpretation ought to prevail which is most in conformity with the purpose of the parties). جبكه الفاظ مشتبه هوں تو ايسي تعبير كرني چاهئے جو منشا سے فريقين سے مطابقت ركهتي هو

Ubi factum nullum ibi sortia nulla (Where there is no deed, there is no consequence). جب كوئي فعل نهو تو اُسكا كوئي نتيجه نهيں هوتا —

(يعني محض خيال يا نيت كي نسبت جبكه كوئي فعل ظهور ميں نه آيا هو سزا نهيں دي جا سكتي)

Ubi jus, ibi remedium (Where there is a right, there is a remedy). جهانكه حق هے وهاں چارۂ كار هے

اِس مسله ميں چند قيود هيں — بهت سي صورتوں ميں يهه مسله متعلق نهيں كيا جا سكتا — يعني هرجه هر فعل بيجا كا بذريعه نالش ديواني كے حاصل نهيں هو سكتا — مثلاً جبكه كوئي فعل ايسا هو جس سے كسي جماعت يا عوام كو نقصان پهونچنا تو اسكي بابت نالش هر شخص نهيں كرسكتا — بلكه مقدمه فوجداري قائم هوسكتا هے هر آينه بصورت نقصان خاص كے جس شخص كو نقصان پهونچا هو نالش كرسكتا هے اكثر صورتوں ميں فعل بيجا كا تعلق هرجه ايسا بعيد هوتا هے كه هرجه دلايا نهيں جاسكتا — مثلاً اگر كوئي شخص ريل كے ٹائم ٹيبل پر اعتماد كركے ايسے وقت روانه هو كه واسطے پيروي اپنے مقدمه كے اوس مقام پر كه جهاں مقدمه هو باساني پهونچ سكتا هو مگر راسته ميں توقف هونے كي وجهه سے ريل كے وقت معينه سے ۲ گهنٹه بعد

پہونچے اور اِس اثنا میں اوسکا مقدمہ عدم پیروي میں خارج هو جاے تو ایسي صورت میں نالش بابت اخراج مقدمہ کے ریلوے پر نہیں هوسکتي — جس صورت میں کہ کسي شخص کے حق کو مضرت پہونچائي جاے چارہ کار حاصل هوتا هے خواہ اوس فعل سے اوسکا واقعي هرجہ هوا هو یا نہوا هو — علاوہ اِسکے یہہ تجویز هوئي هے کہ کسي نالش کا نئي قسم هونا کوئي وجہہ اوسکے نہ سماعت کرنے کي نہیں هے —

بعض مقدمات ایسے هوتے هیں کہ جنمیں فعل بیجا کا ارتکاب کیا گیا مگر بوجہہ مصلحت عام کے نالش نہیں هو سکتي — مثلاً بصورت هتک زباني کے جو کسي شخص نے جسکو اِستحقاق رعایتي حاصل هے کیا هو — نالش اوس صورت میں بهي نہیں هوسکتي جبکہ نقصان بوجہہ کسي فعل جایز کرنے کے هوا — مثلاً جب کہ زید نے دوکان ریشم اوسي جگہہ جہاں بکر کي ریشم کي دوکان موجود تهي کهولي هو تو گو بکر کو اِس فعل سے نقصان هوا هو وہ زید پر نالش هرجہہ نہیں کر سکتا — بعضے نقصانات ایسے هوتے هیں کہ وہ اوس شخص کو جسکو پہونچے هوں بہت بڑے معلوم هوتے هیں لیکن انکو عدالت عدل و نیز عدالت قانوني خفیف تصور کرتي هے مثلاً اگر کوئي شخص جسکو نیند کم آتي هو ایک مکان میں رهتا هو اور متصل کے مکان کا رهنے والا گانے اور ستار بجانے کا شایق هو تو واقعي اوس شخص کي خواب میں خلل باعث سخت تکلیف کا هے لیکن قانون ایسي تکلیف کو خفیف تصور کرکے چارہ کار عطا نہیں کرتا

Ubi jus incertum ibi jus nullum, (Where the law is uncertain, there is no law). جبکہ قانون غیر معین هو تو کوئي قانون نہیں هے — (یعني قانون غیر معین کي بنا پر کوئي فیصلہ نہیں صادر هو سکتا)

Ubi lex aliquem cogit ostendere causam, necesse est quod causa set justa et legitima (Where the law compels a man to show cause, it is incumbent that the cause be just and legal). جبکہ قانوناً کوئي شخص وجہہ ظاهر کرنے پر مجبور کیا جاے تو یہہ لازمي هے کہ مناسب اور قانوني وجہہ هو

Ubi lex est specialis, et ratio ejus generalis generaliter accipienda est (Where the law is special, and the reason of it general, it ought to be taken as general). جبکہ قانون متعلق کسي خاص شے کے هو لیکن منشاے قانون عام طور پر متعلق هو تو وہ قانون عام طور پر متعلق قرار دیا جائیگا

Ubi lex non distinguit nec nos distinguere debemus (Where the law distinguishes not, we ought not to distinguish). جب قانون میں اِمتیاز نہ کیا گیا هو تو همکو بهي اِمتیاز نہ کرنا چاهئے

Ubi major pars est ibi est totum (Where the greater part is, there the whole is). جہاں اکثر هیں وهاں دل هیں - (یعني بصورت راے اکثر اشخاص کے وہ راے مساوي

کل اشخاص کي راے کے تصور کي جاتي هے)

Ubi non est cogendi anctoritas, ibi non est parendi necessitas (Where there is no authority to compel, there is no necessity to obey). جبکه کوئي اختيار تعميل کرانے کا نه هو تو کوئي ضرورت تعميل کي نهيں هے

Ubi non est directa lex, standum est arbitrio judicis, vel procedendum ad similia (Where there is no direct law, the opinion of the judge is to be taken, or references to be made to similar cases). جب کوئي صريح قانون نهو تو جج کي راے تسليم کرني چاهئے يا اوسي قسم کے مقدمات کا حواله دينا چاهئے

Ubi non est principalis non potest esse accessorius (Where there is no principal there is no accessory). جبکه اصل مجرم نهو تو کوئي معين نهيں هوسکتا

Ubi quid generaliter conceditur inest hœc exceptio, si non aliquid sit contra jus fasque (Where a thing is conceded generally, this exception arises that there shall be nothing contrary to law and right).
جب که کوئي امر عام طور پر تسليم کيا گيا هو تو يهه خيال پيدا هوتا هے که اوس ميں خلاف حق يا قانون کے کچهه نهيں هے

Ubi quis delinquit ubi punietur (Let a person be punished where he commits a sin).
اس شخص کو سزا ديني چاهئے جس نے جرم کيا هو

Ubi supra. مذکورة باله — مذکورة

Ubi verba conjuncta non sunt sufficit alterutrum esse factum (Where words are not conjoined, it is enough if one or other be complied with). جس صورت ميں الفاظ حرف عطف سے جڑے نهوں تو اوس صورت ميں ان ميں سے ايک پر عمل کرنا کافي هے

Ultimum remedium. چارة کار آخري

Ultima ratio regum. آخير دليل بادشاهان — يعني جنگ

Ultimatum. تجويز آخر - اگر اوس پر عمل نه کياے جاے تو معاملے کے گفتگو ختم هوجاتي هے

Ultima voluntas testatoris est perimplenda secundum veram intentionem suam (The last will of a testator is to be thoroughly fulfilled according to his real intention). اخير وصيت موصي کي تعميل پورے طور پر مطابق اوسکے اصل منشا کے هوني چاهئے

Ultimum supplicium سزاے انتهائي يعني سزاے موت

Ultimus hæres. (Sc. Law) وارث آخري - يعني وة شخص جسکو حقيت بوجهه نهونے وارث قانوني کے پهونچے مثلاً مالک اعلی يا بادشاة

Ultra mare. سمندر کے پار

Ultra vires. خارج از اختيار

Ultra posse non est esse (What is beyond possibility cannot

exist). جو کہ اِمکان کے باھر ھے وہ نہیں ھوسکتا

Una persona vix postes supplere vices duarum (One person can scarcely supply the place of two) ایک شخص بمشکل دو شخصوں کي جگھہ کام کرسکتا ھے

Una voce. باتفاق راے

Unde petit judicium. چونکہ وہ مستدعي (ڈگري) تجويز ھے

Une fois n'est pas coutume (F.) (One act does not make a habit) ایک فعل سے عادت نہیں ھوجاتي

Unicuique mora sua nocet. (Every one must bear the consequences of his own delay). ھر شخص کو اپنے تساھل کے نتايج برداشت کرنا چاھيئں

Unigenitus. اکلوتا بیٹا

Unitas personarum. ایک ذات ھونا مثلاً شوھر اور زوجہ کا

Unius cujusque enim contractus initium spectandum est et causa (The beginning and end of every contract are to be considered). ھر معاھدہ کے اِبتدا اور آخرش پر لحاظ کرنا چاھئے

Unius responsio testis omnino non auditur (That the testimony of one witness be not heard). شہادت ایک گواہ کي نہ سماعت کیجاے — (یہہ مسلہ اصول شہادت اب مسترد ھے — بموجب قانون موجودہ کے محض ایک گواہ یا وقعت کي شہادت بھي کافي ھے)

Univarsalia sunt notoria singularibus (Things universal are better known than things perticular). عام باتیں بہ نسبت خاص باتوں کے زیادہ معلوم ھوتي ھیں

Universitates. جماعت — یونیورسٹي

Uno absurdo dato, infinita sequuntur (One absurdity being allowed an infinity follows). جہاں ایک بیہودگي روا رکھي گئي ھزاروں بیہودگي اور ھوتي ھیں

Uno flatu. ایک سانس میں — ارسي وقت اور اسي نیت سے

Unum es tacere, aliud celare (It is one thing to be silent, another to conceal). خاموش رھنا اور ھے اور اخفا کرنا اور ھے — (مثلاً اگر کوئي بایع اون نقایص کو جو ظاھرا عیاں ھوں مشتري کو نہ بتائے تو اوس سے کوئي اثر معاملہ پر نہیں ھوتا لیکن اگر وہ دریداً کسي ترکیب سے اوس نقص کو جو دیگر بیع پر نمایاں ھونا چاھئے پوشیدہ کرے تو ایسي صورت میں معاھدہ مشتري کي مرضي پر قابل ابطال ھے

Unum et idem. وھي

Unum qui consilium daret, alterum qui contractaret, tertium qui receptaret et occuleret, pari pœnæ singulos asse abnoxios (That one who advises, another who aids, and a third who harbours and conceals, each of them is subject to like punishment). ایک وہ جو مشورہ دے دوسرا وہ جو اعانت کرے اور تیسرا وہ جو پناہ دے ھر ایک یکساں سزا کے مستوجب ھیں

Unumquodque eodem modo quo colligatum est disobvitur, quo constitutur dessolruitur (In the same manner in which a thing is bound, it is loosened ; in the same manner in which it is constituted it is destroyed). جس طرحپر کوئي شے باندھي جاتي هے اوسي طرح وہ کھولي جاتي هے اور جس طرح کوئي شے بنائي جاتي هے اوسي طرح بگاڑي جاتي هے

Unumquodque ligamen dissolvitur eodem ligamine quo ligatur (Every contract ought to be dissolved by the same means as rendered it binding). هر معاهدہ اوسي طريقہ سے فسخ هونا چاهئے جس طرح وہ قابل پابندي کيا گيا

Unus nullus. شہادت ايک گواہ کي مساوي شہادت کسي گواہ کے نہيں هے (يہہ قاعدہ قانون روم کا تھا ليکن اب غير مروج هے)

Unsance. سود—ربا

Usque ad filum aquæ or viæ. وسط سڑک يا دھار تک

Usque ad inferos. تحت السرا تک

Usque ad medium filium aquæ وسط دھار تک

See *Aqua cedit solo......*

Usucapio. (Rom. Law). حق بوجہہ قدامت

Usucapio constituta est ut aliquis litium finis esset (The object of prescription is to put an end to litigation) غرض قاعدہ حصول حق بوجہہ قدامت يہہ هے کہ تنازعات ختم هوں — (يعني جو اشخاص اپني حقيت کو ايک عرصہ دراز تک فراموش رکھيں اور کوئي اور شخص اوسپر قابض رهے يا اوس سے مستفيد هوتا رهے تو بغرض کمي تنازعات يہہ قاعدہ قائم کيا گيا هے کہ بعد ايک ميعاد معين (مثلاً ۲۰ سال کے) وے اوسکي بابت چارہ جوئي نکرسکيں

Usufructarius. انتفاع دار—جسکو حق نسبت پيداوار کے هو

Usura contra naturam est, quia usura sua natura est sterilis nec fructum habet (Usury is hostile to nature, because usury in itself is unfruitful and barren). سود خلاف اصول نطرتي کے هے کيونکہ سود لينے سے پيدا وار نہيں هوتي هے — (يہہ مسئلہ اب صحيح نہيں هے)

Usura centesimæ. سود بحساب ايک روپيہ في صد

Usura maritima. سود جہازي

Usurpatio. مداخلت

Usus. (Rom. Law). See *Use* in the vocabulary.

Usus et status sine possessio potius defferunt secundum rationem fori, quam secundum rationem rei (Use and estate or possession, differ more in the rule of the Court than in the rule of the matter). حقيت عدل اور حقيت قانوني يا قبضہ ميں زيادہ تر عدالت ميں اور نہ اصل ميں اختلاف هے

Usufructus. حق انتفاع

Ut antiquam. حسب سابق

Uterinus frater. برادر اخيافي

Utile per inutile non vitiatur (Useful is not vitiated by useless). جو چيز که کار آمد هے وہ بے کار آمد سے بيکار نهيں هو جاتي— تعبير دستاويزات ميں يهه قاعدہ هے که صريح اور قابل نفاذ شرايط پر چند مبهم يا ريد الفاظ سے کچهه اثر نهيں پهونچتا اور نه اونکي وجهه سے کل دستاويزات باطل هوتي هيں)

Ut infra. حسب ذيل - مندرجه ذيل

Uti possidetis. (Rom. Law). قابض رهو جيسے که قابض رهتے چلے آتے هو يهه الفاظ واسطے استقرار اس امر کے استعمال کئے جاتے هيں که ملکيت حقيت اصلي شخص کي هے

Ut lex moneat oportet priusquam foreat (It is right that law should admonish before it strikes). يهه مناسب هے که قانون پهلے متنبه کرے قبل اسکے که سزا دے

Ut pœna ad paucos metus ad omnes perveniat (That the punishment may come to few that the dread of it may reach to all). سزا چند کو دي جاے تا که خوف اشخاص کو هو—
(يهه مسله زمانه سابق کا هے که سزا بغرض تنبيه دوسروں کے دي جاني چاهئے)

Ut res magis valeat quam, pereat اس طرحپر که فعل قائم رهے اور نه ضايع هو جاے
(يهه قاعدہ تعبير دستاويز کا هے که الفاظ دستاويز کي اس طرح تعبير کي جاے که دستاويز قايم رهے اور نه باطل هو جاے)

Ut summæ potestais regis est posse quantum velit, sic magnitudinis est vellet quantum possit (As the highest power of a king is to be able to do all he wishes, so the highest greatness of him is to wish all he is able to do) چونکه اعلی ترين اختيار بادشاه سے هو امر کيا جاسکتا هے که جو بادشاہ کرنا چاهے لهذا اوسکي بزرگي اعلی ترين مقتضي اسکي هے که وہ وهي کام کرنا چاهے که جو وہ کرسکتا هے—
اس مسله کي مراد يهه هے که بادشاہ کو کوئي ايسا حکم صادر کرنا نه چاهئے که جسکي تعميل نهو سکتي هو—مثلاً کوئي ڈگري بابت جايداد ملک غير صادر نکرنا چاهئے اور يهه امر هميشه قانون ميں ملحوظ رهتا هے

Uxoi non est sui juris, sed sub potestate viri, cui in vita contradicere non postest (A married woman has no power of her own, but is under the subjection of her husband, whom in his life-time she cannot contradict). زوجه کو کوئي اختيار حاصل نهيں هے بلکه وہ تابع اپنے شوهر کے هے جسکے حيات ميں وہ کچهه نهيں کرسکتي—
(بموجب قانون انگلستان سابق کے اگر زوجه ارتکاب کسي جرم کبيرہ کا بجز بغاوت يا قتل يا هلاکت کے بمواجهه اپنے شوهر کے کرتي تهي تو قانوناً يهه قياس کيا جاتا تها که اوسنے ايسا شوهر کے دباؤ سے کيا گو قياس کي ترديد شهادت سے هوسکتي تهي)

## V

Vacantia bona (Rom. Law). مال لا وارثي—مال ايسے شخص کا جو بلا چھوڑنے ورثا کے فوت ھوا ھو

Vacua possessio. قبضہ بلا بار

Vadiatio duelli. تصفیہ معاملہ بذریعہ جنگ

Vadiatio legis. بازي قانوني ایک کارروائي جسمیں مدعاعلیہ اپنے ھي حلف سے دعوی سے برات چاھتا تھا اور اپنے ساتھہ گیارہ بڑوسي یہہ حلف اوٹھانے کے لئے لایا تھا کہ وے اوسکے اِنکار دعوی کو صحیح تصور کرتے ھیں

Vadimonium (Rom Law). ضمانت ذاتي

Vadium (Rom. Law). گرو—رھن

Vadium mortuum. رھن

Vadium vivum. گروي کرنا - رھن سادہ

Valeat quantum مطابق اوسکے وقعت کے (خواہ زیادہ ھو یا کم) لحاظ ھونا چاھئے

Valentia. قیمت — مالیت

Validiora sunt exempla quam verba ; et plenius opere docetur quam voce (Precedants are more efficacious than arguments ; and instructiou is conveyed more fully by work than by words). نظایر بہ نسبت دلایل کے زیادہ موثر ھوتے ھیں اور ھدایت پورے طور پر کرکے دکھلانے سے ھوتي ھے نہ کہ الفاظ سے

Vana est illa potentia quæ nunquam venit in actum (Vain is that power which never comes into play). بے سود وہ قوت یا اِختیار ھے جو کبھي کام میں نہ آوے

Vana voces populi non sum audiendæ, nec enim vocebus eorum credi opertet, quando aut noxium crimine absolvi aut innocentem condemnari desideraut (Idle popular rumour is not to be listened to nor ought popular clamour to be trusted, either when it desires to acquit the guilty or condemn the innocent). عام مشہور افواہ کو سماعت کرنا نہ چاھئے اور نہ عام فریاد پر اعتبار کرنا چاھئے خواہ وہ مجرم کے چھوڑانے کے لئے ھو خواہ بے گناہ کے پھسانے کے لیئے

Vani timoris justa excusatio non est (A vain fear is not a good excuse). خوف بیوجہہ عذر معقول نہیں ھے

Vassalus qui abnegavit fendum ejuseve conditionem expoliabitur (A vassal who has disowned his feud or his covenant shall be deprived of his holding). جو رعیت کہ اپنے مالک یا اپنے عہد سے انکار کرے اپني حقیت سے محروم کیا جائیگا

Vel causam nobis signifies. حکم اظہار وجہہ

Vendens eandem rem duobus, falsariue est (He is a fraudulent man who sells the same thing to two persons). وہ شخص کہ ایک ھي چیز دو شخصوں کے ھاتھہ فروخت کرے مرتکب فریب ھے

Venditioni exponas حکمنامه بنام شیرف بغرض نیلام شے مقروقه

Venia ætatis. استحقاق جو کسي نابالغ کو بطور بالغ عمل کرنے کا حضور شاهنشاه سے عطا کیا گیا هو

Veniæ facilitas incentivum est delinquendi (Facility of pardon is an incentive to crime) آساني سے معافي عطا کرنا جرم کے لئے ترغیب هے

Venire facias tot matronas. حکمنامه بغرض طلبي جوري زنان منکوحه کے اغرض کے لئے که مجرم کي نسبت دریافت کیا جاے که وه حامله هے یا نهیں

Ventre / Venter } رحم — یهه لفظ جنیر زوجگان کي اولاد هو اِس طور پر اِستعمال کیا جاتا هے که اول یا دویم رحم سے

Ventre inspiciendo. حکمنامه عدالت چانسري بر طبق درخواست وارث عین مابعد مستحق آراضي کے واسطے ملاحظه اوس عورت کے که جس کے ایسا وارث پیدا هو سکتا هو، جو سایل کو محروم کرسکے که آیا زن مذکور واقعي حامله هے یا نهیں تا نه جهوٹا دعوي پیدا هونے طفل کا پیچهے سے نه کیا جاے

Verba accipienda sunt secundum subjectam materiem (Words are to be understood with reference to the subject-matter). الفاظ کي تعبیر بلحاظ شے منشاے تحریر کے کرني چاهئے

Vebra æquivoca ac in dubio sensu posita intelliguntur dignior, et potentetiore sensu (Words equivocal and placed in a doubtful sense, are to be taken in their more worthy and effective sense). الفاظ دو معني کے جنکا مطلب مشتبه هو اوسکے معني جو زیاده عمده هوں اور اثر پذیر هوسکتے هوں قایم کرنے چاهیئں

Verba aliquid operari debeot (Words ought to be interpreted in such a way as to have some operation). الفاظ کي ایسي تعبیر کرني چاهئے که وه اثر پدیر هوں

Verba chartarum fortius accipiuntur contra proferentem (The words of a grant are to be interpreted adversely to the grantor) الفاظ عطیه کي تعبیر خلاف عطیه کننده کے کرني چاهئے — (یهه مسله اگرچه سواے خاص صورتوں کے که جب کوئي معمولي قراعد تعبیر کار آمد نه هوں مستعمل نهیں هوتا هے مثلاً اگر کوئي دستاویز هندو بیوه نے تحریر کي هو اور اوسمیں یهه لکها هو که وه جایداد زید کو تا حیات دیتي هے تو اوسکي تعبیر یهه کي جائیگي که بیوه نے تا حیات اپنے جایداد عطا کي کیونکه وه اوس سے زیاده حق عطا نهیں کرسکتي تهي لیکن اگر کسي برنده مال نے دو اشتهار جاري کئے هوں جنکے رو سے اوسنے اپني ذمه داري کو محدود کیا هو تو بصورت واقع هونے نقصان کے اوس اشتهار پر عمل کیا جائیگا جس سے سب سے کم فائده برنده مال کا هوتا هو — لیکن بصورت عطیه سرکاري کے قاعده تعبیر خلاف اسکے هے

Verba cum effectu accipienda sunt (Words ought to be used so as to give them their effect) الفاظ اِس طرح پر استعمال کرني چاهيئں کہ وہ اثر پذير هوسکيں

Verba currentis monetæ, tempus solutionis designat (The words, current money designate money current at the time of payment). الفاظ سکہ رايج سے مراد اوس سکہ سے هے جو بوقت ادا جاري هو

Verba dicta de persona inteligi debent de conditione personæ (Words spoken of the person are to be understood of the condition of the person). جو الفاظ کہ کسي شخص کي نسبت کہے جائيں وہ بلحاظ اوسکي حالت کے سمجھے جاوينگے

Verba generalia generaliter sunt inteligenda (General words are to be understood generally.) الفاظ عام بمعني عام متصور هونے چاهيئں

Verba generalia restringuntur ad habilitatem rei vel aptitudinem personæ (General words must be narrowed to the nature of the subject or the aptitude of the person). الفاظ عام بلحاظ نوعيت اوس امر کے يا بلحاظ اوس شخص کے محدود کرنے چاهئيں جو بيان کيا گيا هو يا جس نے بيان کئے هوں —

( عام الفاظ کي تعبير هميشہ بلحاظ اوس مضمون کے کي جاتي هے جسميں وہ واقع هوں — مثلاً اگر طبيب يہہ بيان کرے کہ فلاں دوا کار آمد هے تو کار آمد کے معني يہہ سمجھے جاوينگے کہ اوس سے اوس مرض کو جسکے علاج کے لئے وہ آيا هے فايدہ هوگا اگر يہہ الفاظ کوئي قانون پیشہ کہے تو يہہ تصور کيا جائيگا کہ اوس امر کے کرنے سے نتايج قانوني عمدہ پيدا هوں و علي هذالقياس۔ اگر کسي وصيت نامہ ميں تحرير هو کہ يہہ جايداد زيد اور اوسکي اولاد کو مليگي تو اِسکے معني يہہ تصور کئے جاوينگے کہ زيد اور اوسکے خاص اصلاب کو هبہ کيا گيا

مختار نامہ کے تعبير کرنے ميں اوس خاص غرض کو ملحوظ رکھنا چاهئے کہ جو عطا کرنے اختيار کي تهي مثلاً اگر کسي مختارنامہ پیروي مقدمہ ميں يہہ تحرير هو کہ مختار کو هر امر کا اختيار ديا گيا هے تو يہہ متصور نہيں هوسکتا کہ اوسکو دست برداري کرنے د مقدمہ سے اختيار ديا گيا هے اور نہ اگر کسي مختار نامہ عام ميں يہہ الفاظ تحرير هوں کہ هر قسم کے سياہ سفيد کرنے کا اختيار هے يہہ سمجھا جائيگا کہ وہ جايداد کو فروخت کرسکتا هے بجز اِسکے کہ مختار نامہ بغرض فروخت کے تحرير کيا گيا هو

Verba intentioni, non e contra, debent inservire (Words ought to be made subject to the intent, not contrary to it). الفاظ تابع منشا کے هوني چاهئيں اور نہ خلاف اوسکے يعني تعبير الفاظ بلحاظ منشا تحرير يا متعاقدين کے کرني چاهئے

Verbe ita sunt inteligenda, ut res magis valeat quam pereat

(Words are to be so understood so that the object may be carried out rather than fail). الفاظ کے ایسے معني قايم کرنے چاهيئں که جنسے منشا معامله قايم رهے نه که مفقود هو جاوے

Verba posteriora propter certitudinem addita, ad priora quæ certitudine indigent, sunt referenda (Subsequent words, added for the purpose of certainty, are to be referred to preceding words which need certainty. الفاظ مابعد جو بغرض توضيح يا معين کرنے کے استعمال کئے گئے هوں الفاظ ماقبل سے متعلق سمجهے جائينگے جنکي توضيح کي ضرورت هو — (مثلاً اگر يهه لکها هو که ايک مکان مقرنے بدست زيد کے فروخت کيا اور بعد اوس يهه لکها هو که واقع شهر پٽنه هے تو يهه سمجها جائيگا که مکان واقع شهر پٽنه فروخت کيا گيا)

Verba relata hoc maxime operantur per referentiam ut in eis inesse videntur (Words referred to in an instrument have this special operation that they are regarded as inserted in the clause referring to them), الفاظ جنکا حواله کسي دستاويز ميں ديا گيا يهه اثر خاص رکهتے هيں که الفاظ مذکور اوس فقره ميں داخل هو جاتے هيں جسميں اونکا حواله ديا گيا هو

اس مسله کے بموجب جو تفصيل يا حدود جو تهے دستاويز ميں درج هوتے هيں وه جزو اوس فقره کا سمجهے جاتے هيں که جسکي رو سے جايداد منتقل کي گئي — اگر کوئي آراضي حسب حکم مندرجه قانون منتقل کي جاے تو وه دفعه قانون جزو دستاويز انتقال متصور هوگا — اگر ڈگري ميں يهه حکم هو که بموجب فيصله ثالثان بحق فلاں ڈگري هو تو فيصله ثالثي جزو ڈگري هو جاتا هے

Verba semper accifienda sunt in mitiori senu (Words are always to be taken in their milder sense). الفاظ کي هميشه تعبير ملايم کرني چاهئے

Verbatim لفظاً به لفظ

Verbatim et literatim. لفظاً به لفظ و حرف به حرف

Verba utilia. الفاظ اثر پذير

Verba volant, scripta manent (Words fly, writings remain ) الفاظ اوڑ جاتے هيں ليکن تحرير باقي رهتي هے

Verbi gratia (Abbrev. *v. g.*) تمثيلاً

Verbis obligatio. معاهده زباني

Verborum obligatio verbis tollitur (An obligation made by words is put an end to by words). جو ذمه داري الفاظ زباني سے عايد هو وه زباني الفاظ سے باطل هو سکتي هے

Verbum sat sapienti عاقلاں را اشاره کافي است

Veri dictum. صحيح بيان - اظهار راے

Vergens ad inopiam. کناره پر مفلسي کے يا ديواليه

Veritas convicii non excusat a calumnia (The truth of the abuse does not excuse from libel. The greater the truth the greater the libel). صحیح ہونا
الفاظ مزید حیثیت عرفی کا کوئی عذر
توہین کا نہیں ہے—
اِس مسئلہ کا منشا یہہ ہے کہ بلا
منصب یا ضرورت کے الفاظ توہین کا
اِستعمال کرنا گو وہ صحیح بھی ہوں
جایز نہیں ہے یہہ مسئلہ نالش دیوانی
میں متعلق نہیں ہوتا—
نالشات دیوانی میں خواہ وہ توہین
تحریری یا زبانی کی بابت ہوں دو
امور ثابت کرنے لازم ہیں اول یہہ کہ
توہین جھوٹی ہے اور ازالہ حیثیت ہوا
صحیح ہونا توہین کا جواب نالش
اِسوجہہ سے نہیں ہے کہ اوس سے الزام
کینہ کا رفع ہوجاتا ہے بلکہ اِس وجہہ
سے ہے کہ عزت عرفی مدعاعلیہ کی کبہہ
نہ تھی یا حاصل نہونی چاہئے تھی
لیکن قانون فوجداری میں اِس مسئلہ پر
بخوبی عمل ہوتا ہے—بموجب اوسکے
جو شخص کسی اور شخص کی حیثیت
یا چال و چلن خانگی کی نسبت اِتہام
لگائے تو اوس صورت میں مستوجب
سزا ہے کہ جب اوسکے مشتہر کرنے سے
عوام کا فائدہ نہ ہو گو وہ اون عیب کا
واقعی مرتکب ہو—(ملاحظہ طلب
دفعہ ۴۹۹—مجموعہ تعزیرات ہند)

Veritas est justitiæ, mater (Truth is the mother of justice). راستی
مادر اِنصاف است

Veritas nihil veretur nise abscondi (The truth fears nothing but concealment). راستی کو اخفاکے
سوا کسی سے اندیشہ نہیں ہے

Veritas nimium altercando amittitur (By too much alteration truth is lost). بہت زیادہ بحث سے
سچ میں فرق آجاتا ہے

Veritas nominis tollit errorem demonstrationis (Correct designation removes all error of description) صحیح نام سے دل
غلطی بیان کی رفع ہوجاتی ہے

Veritas vinci راستی کی فتح ہوتی ہے

Veritatem dicere و الحقیقت
حق تو یہہ ہے

Versus. (Abb: V) بنام

Verum est neque pacta neque stipulationes factum posse tollere, quod enim impossibile est neque pacto neque stipulatione potest comprehendi, ut utilem actionem aut factum facere possit (No compact or stipulation can displace a fact, for what is impossible cannot be the subject of any compact or stipulation, so as to give rise to any action or result) کسی معاہدہ یا
اِقرار سے واقعہ تبدیل نہیں ہوسکتا
کیونکہ جو امر کہ ناممکن ہے وہ کبہی
منشا کسی ایسے معاہدہ یا اِقرار کا نہیں
ہوسکتا کہ جسکی بابت کوئی نالش ہو
جس سے کوئی نتیجہ ہو

Vestitæa pacta. معاہدہ معہ بدل

Vestura terræ فصل یا منافع آراضی

Veto. حق ممانعت - اختیار نامنظوری
کسی ایکٹ کی نسبت منظوری کرنے سے
انکار کرنے کا

Vetustas pro lege semper habetur (Ancient custom is always regarded as law). رسم قديم هميشه قانون تصور كيا جاتا هے

Vexta quæstio امر غير طے شده — وه امر جسپر بهت بحث هوئي هو ليكن هنوز طے نه هوا هو

Viæ servitus. حق گذر

Via media. راسته وسط - بيچ كي راه

Via trita est tutissima (The customary path is the safest) پراني راه سب سے بے خطر هے

Vicarius non habet vicarium (An agent cannot have an agent). ايک ايجنٹ (كارنده) اپنا كام دوسرے ايجنٹ كو سپرد نهيں كرسكتا

See *Delegatus.*

Vice. بجاے - بقايم مقامي

Vice versa بر عكس اوسكے

Vicini. قربت

Vicini viciniora præsumuntur scire (Persons living in the neighbourhood are presumed to know the neighbourhood). اون اشخاص كي نسبت جو پڑوس ميں رهتے هيں يهه قياس كيا جاتا هے كه وه پڑوس سے واقف هيں

Victus victori expensis condemmandus est (The defeated party should be condemned in costs to the winner). فريق كامياب شده كو فريق ناكامياب سے خرچه دلانا چاهئے

Vide. ملاحظه طلب — ديكهو

Vide ante. ملاحظه طلب (صفحه يا فقره) ماقبل

Vide infra (post). ملاحظه طلب (صفحه) ما بعد

Vide ut supra. ملاحظه طلب بيان ماسابق

Viduitatis professio. عورت كا اقرار يا وعده صالح كرنا كه وه تنها اور عفت كے ساتهه زندگي بسر كريگي

Vi et armis. زور اور هتهيار سے

Vigilantibus, non dormientibus æquitas subvenit (Equity assists those who are vigilant and not those who are sleeping). عدالت عدل اون اشخاص كي مدد كرتي هے جو بيدار هيں اور نه اونكے جو خوابيده هيں

Vigilantibus non dormientibus jura subveniunt (Laws come to the assistance of the vigilant, not of the sleepy), قانون بيداري كي مدد كرتا هے اور نه خوابيده كي —

اسي مسئله پر كل قانون ميعاد سماعت مبني هے — اگر يهه اصول نهوتا تو تنازعات كا خاتمه نه هوتا — هر شخص اپنے پرانے دعوي كو جنكي كه شهادت بهي باقي نه رهي نافذ كرانے كي كوشش كرتا اور نتيجه يهه هوتا كه عدالت پورے طور پر انصاف نه كرسكتي چنانچه بموجب ايكٹ ميعاد سماعت كے هر قسم كے دعوي كے لئے ميعادين مقرر كي گئي هيں اور اگر اس ميعاد كے اندر دعوي نه كيا جاے تو حق زايل هو جائيگا ليكن يهه قاعده اوس صورت سے متعلق نهيں هے كه جب فريق اپنے دعوي پيش كرنے كے استحقاق كے علم سے يا اوس حق كے علم سے جسپر وه استحقاق مبني هے محروم

رہا کیا ہو یا جبکہ کوئی دستاویز جو واسطے ثابت کرنے استحقاق مذکور کے ضروری ہو فریباً اوس سے چھپائی گئی ہو — (ملاحظہ طالب دفعہ ۱۸ ایکٹ ۱۵ سنہ ۱۸۷۷ع) لیکن توقف جو اوس مدت سے کم ہو جو ایکٹ میعاد سماعت کا مقرر ہے مانع نفاذ اوس حق کا نہیں ہے جو مدعی کو بوقت نالش حاصل ہو —

بصورت معاہدات تاوانی کے جب بحث یہہ پیدا ہو کہ مدعی کو کسقدر ہرجہ دیا جاے تو یہہ امر ملحوظ رہنا چاہئے کہ مدعی نے اپنے دعوی میں بلا ضرورت اِس غرض سے توقف کیا یا نہیں کہ اوسکا دعوی در اصل سے بھی زیادہ ہوجاے

Vi metuque (Force and Fear). بذریعہ تشدد یا تخویف کے

Vim vi repellere licet, modo fiat moderamine inculpatæ tutelæ, non ad sumendam vindictam sed ad propulsandam injuriam (It is lawful to repel force by force, so as it be done with the moderation of blameless defence, not to take revenge, but to repel injury) یہہ جایز ہے جبر کے دفعیہ کے لئے جبر اِس اعتدال کے ساتھ استعمال کیا جاے کہ اوس سے محض حفاظت ذاتی ہو نہ اِس غرض سے کہ انتقام لیا جاے بلکہ اِس غرض سے کہ ضرور روکی جاے

Vim vi repellere omnia jura clemant (All laws declare that we may repel force by force) کل قوانین میں یہہ قرار دیا گیا ہے کہ ہم جبر کو جبر سے روک سکتے ہیں (ملاحظہ طالب دفعہ ۹۹ — ایکٹ ۴۵ سنہ ۱۸۶۰ع)

Vinculum jurs. (Rom. Law). تمسک - مچلکہ

Vinculum matrimonii. (The bond of marriage) اقرار نامہ ازدواج

Violatio fidei خلاف ورزی معاہدہ

Violenta præsumptio aliquando est plena probatio (Violent presumption is sometimes full proof) سخت قیاس بعض مرتبہ کامل ثبوت کی حد تک پہونچ جاتا ہے

Viperina est expositio quæ corrodit viscera textus (It is a poisonous exposition that corrodes the vitals or substance of the text). وہ تشریح مانند زہر کے ہے جو اصل کو خراب کرے

Virtute officii. باعتبار عہدہ

Vir et uxor censentur in lege una persona (Husband and wife are considered one person in law) مطابق قانون کے زوجہ و شوہر شخص واحد خیال کئے جاتے ہیں (بموجب قانون انگلستان سابق کے ازدواج سے زوجہ اور شوہر ایک ہوجاتے تھے یہہ تھا - انتہاے ازدواج میں قانوناً زوجہ بوجہہ شوہر کی حفاظت میں رہنے کے اوس سے علحدہ نہیں خیال کی جاتی تہی — پیشتر زوجہ کی جایداد بھی شوہر کی ہوجاتی تہی لیکن بموجب ایکٹ جایداد عورات منکوحہ کے ازدواج سے کوئی فرق ملکیت

جایداد زوجه میں نهیں هوتا — (ملاحظه طلب اِستیتیوت سنه ۴۶ و ۴۵ ملوس وکتوریه باب ۷۵ — و ایکت ۳ سنه ۱۸۷۴ع - یهه قاعده هندو — مسلمان — بده — سکهه یا جین سے متعلق نهیں هے چنانچه اب چونکه شوهر و زوجه علحده علحده اپني اپني ملکیت پر قابض هوتے هیں لازم آتا هے که زوجه پر جرم سرقه جایداد شوهر کا ثابت قرار دیا جاسکتا هے اور اِسي طرح شوهر بهي اگر وه ذاتي جایداد زوجه کي حوالے مستوجب سزا هے — هندو عورت کي ملکیت خاص محض اوسکا اِستري دهن هے اور اوسکو وه تصرف کرسکتي هے لیکن شوهر کي راے سے — بموجب شرح محمدي کے عورت کو قطعي اختیار اپني جایداد پر هوتا هے—

بموجب قانون اِنگلستان سابق کے شوهر و زوجه بمقابله ایک دوسرے کے شهادت بهي نهیں دے سکتے تهے لیکن اب اِنگلستان میں اور نیز هندوستان میں شوهر و زوجه گواهان معتبر هیں — ملاحظه طلب دفعه ۱۲۰ — ایکت شهادت)

Vis. جبر — طاقت — تشدد

Vis legibus est inimica (Violence is inimical to law.) جبر یا تشدد قانون کا دشمن هے

Vis major (Inevitable accident). حادثه ناگهاني — آفت رباني —

اِس مسئله کا عموماً یهه منشا خیال دیا گیا هے که جس امر سے نقصان پهونچا هو وه ایک ایسا حادثه هو جسکو حکم رباني کهه سکتے هیں جس میں توسط اِنساني نهو — دوسرا امر یهه هے که اگر قدرتي واقعات مثلاً طوفان یا زلزله یا طغیاني دریا سے نقصان پهونچا هو تو اون حادثات کا غیر معمولي قسم کا هونا ضروري هے جسکے نتایج کے اِنسداد کا کوئي طریقه نهو — ثالثاً اگر حادثه کے انسداد کے وسایل ضروري بهم پهونچ سکتے هوں اور باوجود اِسکے اوسکا وقوع کا عقلاً قرینه نهو تو بهي وه اِس زمره میں داخل هے — حکم رباني کا عذر مقبول نهوگا بجز اِسکے که مدعاعلیه یهه ثابت کرسکے که اگر وه اپنے فرایض پورے طور پر بهي انجام دیتا تاهم نقصان واقع هوتا

Vitiis nemo sine nascitur. کوئي شخص بلا قصور پیدا نهیں هوا هر انسان مرتکب الخطا

Vitium clerici nocere non debet (A clerical error ought not to hurt). غلطي کتابت سے کسي کو نقصان نهیں پهونچنا چاهئے

Viva voce. (Orally) زباني

Vix ulla lex fieri potest quæ omnibus commoda sit, sed si majori parti prospiciat utilis est (Scarcely any law can be made which is beneficial or applicable to all; but it is useful if it benefits the greater majority). مشکل سے کوئي ایسا قانون وضع کیا جاسکتا هے جو سب کے مفید هو لیکن اگر اوس سے اکثر اشخاص کو فایده پهونچتا هے تو وه کارآمد هے

Voila une autre chose (*Fr.*) یهه بالکل مختلف هے

Voiri dire. سچ بیان کرنا - گواہ سے قبل شہادت کے اِسغرض سے سوالات کرنا کہ اوسکي صداقت معلوم ہو جاے

